نصر الباری

شرح اردو

صحیح البخاری

مولفہ

حضرت العلامہ مولانا محمد عثمان غنی دامت برکاتہم

شیخ الحدیث مظاہر العلوم وقف سہارنپور

شاگرد رشید شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

جلد: دوم | پارہ: ۱-۲ | باب: ۹۶ - ۲۸۸ | حدیث: ۱۳۵ - ۴۱۵

کتاب الوضوء، کتاب الغسل،
کتاب الحیض، کتاب التیمّم، کتاب الصلوٰۃ

ناشر مکتبۃ الشیخ

۳/۴۴۵، بہادر آباد، کراچی نمبر ۵۔ فون: 021-34935493

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَّبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

نصر الباری

شرح اردو

صحیح البخاری

مولفہ

حضرت العلامہ مولانا محمد عثمان غنی دامت برکاتہم

شیخ الحدیث مظاہر العلوم وقف سہارنپور

شاگرد رشید شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

جلد: دوم | پارہ: ۱-۲ | باب: ۹۶-۲۸۸ | حدیث: ۱۳۵-۴۱۵

کتاب الوضوء، کتاب الغسل،
کتاب الحیض، کتاب التیمّم، کتاب الصلوٰۃ

ناشر مکتبۃ الشیخ

۳/۴۴۵، بہادر آباد، کراچی نمبر ۵۔ فون: 021-34935493

پاکستان بھر میں جملہ حقوق ملکیت بحق مکتبۃ الشیخ کراچی محفوظ (C)

نام .... نصر الباری شرح اردو صحیح البخاری ﴿جلد دوم﴾

مؤلف .... حضرت العلامہ مولانا محمد عثمان غنی دامت برکاتہم

ناشر .... مکتبۃ الشیخ ۳/۴۴۵، بہادر آباد، کراچی نمبر ۵۔

﴿انتباہ﴾

پاکستان میں نصر الباری مکمل ۱۲ جلدوں کی طباعت کے جملہ حقوق مؤلف سے باہمی معاہدہ کے تحت بحق مکتبۃ الشیخ کراچی محفوظ ہیں۔ کاپی رائٹس آف پاکستان سے رجسٹرڈ ہے اس کتاب کا کوئی حصہ، صفحہ، پیرا ادارہ کی مصدقہ تحریری اجازت کے بغیر پاکستان بھر میں ''طبع'' نہیں کیا جاسکتا۔ کوئی فرد یا ادارہ اس کی غیر قانونی طباعت و فروخت میں ملوث پایا گیا تو بغیر ''پیشگی اطلاع'' کے ''قانونی کارروائی'' کی جائے گی۔

اسٹاکسٹ: **مکتبہ خلیلیہ**

دوکان ۱۹، سلام کتب مارکیٹ، بنوری ٹاؤن، کراچی۔ 0321-2098691

قدیمی کتب خانہ، کراچی
کتب خانہ اشرفیہ، اُردو بازار، کراچی
اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن، کراچی
مکتبۃ العلوم، بنوری ٹاؤن، کراچی
مکتبہ قاسمیہ، لاہور
مکتبہ حقانیہ، ملتان
مکتبۃ العارفی، فیصل آباد

دارالاشاعت، اُردو بازار، کراچی
کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، کراچی
مکتبہ ندوہ، اُردو بازار، کراچی
مکتبہ رحمانیہ، لاہور
مکتبہ حرمین، لاہور
ادارہ تالیفات، ملتان
مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ

زم زم پبلشرز، اُردو بازار، کراچی
مکتبہ انعامیہ، اُردو بازار، کراچی
مکتبہ عمر فاروق، شاہ فیصل کالونی، کراچی
ادارہ اسلامیات، لاہور
المیزان، لاہور
مکتبہ امدادیہ، ملتان
مکتبہ عثمانیہ، راولپنڈی

﴿ہر دینی کتب خانہ پر دستیاب ہے﴾

کِتَابُ الوُضُوءِ ۲۵

وضو کا بیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بابٌ۹۶ ماجاءَ فی الوضوءِ وقولِ اللہِ تعالےٰ اِذا قمتُم الی الصلوٰۃ فاغسلوا وُجوھکمُ وَاَیدِیَکُم الی المرافق وامسَحوا برءُوسِکم وَارجُلکُم الی الکعبَین" قال ابوعبدِ اللہ وبیَّنَ النبیُّ صلے اللہ علیہ وسلم انّ فرضَ الوضوءِ مرّۃً مرّۃً وتوضأ ایضا مرّتین مرّتین وثلثًا ثلثًا ولم یزِدُ علیٰ ثلاثٍ وکرِہَ اَھلُ العِلمِ الاِسرافَ فیہ وَاَن یجاوزُوا فعلَ النبیِّ صلی اللہ علیہِ وَسَلَّمُ:

ترجمہ باب وضو کے بیان میں اور اللہ تعالےٰ کے ارشاد کے بیان میں (جو سورۂ مائدہ میں ہے) اذا قمتم الی الصلوٰۃ الایۃ جب تم نماز پڑھنے کیلئے اٹھنے لگو (یعنی نماز پڑھنے کا ارادہ کرو) تو اپنے چہروں کو دھولو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک اور اپنے سروں پر مسح کرلو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک (دھوؤ) امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ نبیٔ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے (حدیث شریف) میں بیان کردیا کہ وضوء میں ایک ایک بار (اعضاء کا دھونا) فرض ہے اور آپؐ نے دو دو بار بھی وضوء میں دھویا ہے، اور تین تین بار بھی، اور تین بار سے زیادہ نہیں کیا۔ اور علماء نے وضوء میں اسراف (ناحق پانی بہانے) کو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے تجاوز کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

ماقبل سے ربط امام بخاریؒ نے صحیح بخاری کا آغاز بطور مقدمہ "باب الوحی" سے فرمایا پھر کتاب الایمان اور کتاب الایمان کے بعد کتاب العلم لائے۔ ان تینوں کے باہمی ربط و مناسبت کو کتاب العلم کے شروع میں بیان کیا جاچکا ہے جس سے امام بخاریؒ کی دقت نظر اور حسن ترتیب کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

بظاہر تو یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب الایمان کے بعد امام بخاریؒ کتاب الصلوٰۃ بیان فرماتے اس لئے

کہ ایمان لانے کے معنی ہی یہ ہیں کہ بندے نے اپنے اوپر اللہ تعالے کی اطاعت وعبادت لازم کرلی اور تمام عبادتوں میں اہم العبادات نماز ہی ہے۔

اب کتاب العلم کے بعد کتاب الصلوٰۃ کو بیان کرنا چاہیئے تھا کیوں کہ نماز اہم العبادات ہے اور عام ہے اس کے مکلف امیر، غریب، آزاد، غلام، بیمار وتندرست، مقیم ومسافر سب ہی ہیں۔ نیز اسکی ادائے گی بھی دیگر عبادات (مثلاً روزہ وحج وغیرہ) سب سے زیادہ ہے کہ ہر روز پانچ مرتبہ فرض ہے۔

قرآن وحدیث میں ایمان کے بعد متصلاً نماز کا حکم مذکور ہے جیساکہ ارشادِ خداوندی ہے: الذین یومنون بالغیب ویقیمون الصلوٰۃ (بقرہ ۱۶) اور ارشادِ نبوی ہے:

بنی الاسلام علی خمس شھادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ الخ (بخاری ج ۱ ص ۶)

اسلئے کتاب العلم کے بعد کتاب الصلوٰۃ کو بیان کرنا چاہیئے تھا لیکن نماز کے لئے طہارت شرط ہے اور شرط مقدم ہوتی ہے مشروط پر، اسلئے سارے فقہاء ومحدثین کتاب الصلوٰۃ سے قبل کتاب الطہارت ذکر فرماتے ہیں۔

ووقع فی بعض النسخ کتاب الطھارت وبعدہ باب ماجاء فی الوضوء وھذا النسب (عمدہ)

یعنی بعض نسخوں میں کتاب الوضوء کے بجائے کتاب الطہارت ہے اس کے بعد باب ماجاء فی الوضوء ہے اور یہی انسب ہے اسلئے کہ امام بخاریؒ نے اس کے تحت طہارت کے جملہ انواع کو ذکر فرمایا ہے ہمارے ہندی نسخوں میں کتاب الوضوء ہے اس صورت میں وضوء کی اہمیت کے پیشِ نظر ذکر کردیا اور بقیہ استنجاء وغیرہ اطلاق بعض الافراد وارادۃ الکل کے طور پر داخل ہوگئے۔

الوضوء المراد بالوضوء ذکر احکامہ وشرائطہ وصفتہ ومقدماتہ (فتح)

والوضوء بالضم ھو الفعل وبالفتح الماء الذی یتوضاء بہ علی المشھور فیھما (فتح)

خلاصہ یہ ہوا کہ وُضو بضم الواؤ فعل وضو اور بفتح الواؤ اس پانی کو کہتے ہیں جس سے وضو کیا جائے یہی اشہر ہے نیز یہی اکثر علماء لغت کا قول ہے باب کرم وضوءً اور وضاءۃً سے مشتق ہے یعنی پاکیزہ وخوبصورت ہونا۔ شریعت میں اعضاء ثلثہ (چہرہ، دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں) کے دھونے اور سر کے مسح کو وضو کہتے ہیں۔

آیت کریمہ سے افتتاح

امام بخاریؒ نے حسبِ عادت کتاب الوضوء کا افتتاح بھی قرآن حکیم کی ایک آیت سے کیا ہے اس سے مقصد تبرک فی الافتتاح کے علاوہ اسکی طرف اشارہ کرنا ہے کہ اس باب میں یہی استنباط مسائل کی اصل یہی آیت قرآنی ہے، علامہ قسطلانی فرماتے ہیں کہ افتتح المؤلف رحمہ اللہ الباب بھذہ الآیۃ للتبرک او لاصالتھا فی استنباط مسائلہ (قس ص ۴۰۱)

کتاب الوضوء کے اکتیس ابواب میں وضوء کے متعلق جتنے احکام و مسائل بیان کئے جائیں گے وہ سب کے سب اسی آیت کریمہ کی تفسیر و تشریح ہیں چنانچہ آیت کریمہ سے معلوم ہوگیا کہ وضوء کے ارکان (فرائض) چار ہیں: چہرہ دھونا، دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھونا اور دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا اور سر کا مسح کرنا یہ آیت آیت وضو کہلاتی ہے۔

وضو کی مشروعیت

اس میں اختلاف ہے کہ وضو کی فرضیت کب ہوئی؟ بعض کے نزدیک ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں سورۂ مائدہ کی آیت وضو سے شروع ہوا کیونکہ بالاتفاق آیت مذکورہ مدنی ہے اور شریعت میں فرض کی تعریف ہی یہ ہے کہ جس کا لزوم دلیل قطعی سے ثابت ہو مایثاب علی فعلہ ویعاقب علی ترکہ۔

محققین کی رائے یہ ہے کہ وضو کی مشروعیت و فرضیت تو ہجرت سے قبل مکہ مکرمہ میں نماز کے ساتھ ہی ہو چکی تھی اور آیت بعد میں نازل ہوئی اور اس میں کوئی استبعاد نہیں کیوں کہ بہت سے احکام ایسے ہیں جو فرض پہلے ہوئے اور آیت بعد میں نازل ہوئی وضو بھی اسی قبیل سے ہوگی واللہ اعلم

وضو میں چار اعضاء کی خصوصیت

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ وضو میں ان ہی چار اعضاء کی وجہ خصوصیت کیا ہے؟ حکمت کیا ہے؟ جبکہ وضو سے ظاہر و باطن دونوں کی طہارت مقصود ہے۔

جواب:- یہ ہے کہ ان چاروں اعضاء کو قلب کے بناؤ بگاڑ سے بہت گہرا تعلق ہے اور قلب کے ہی بگاڑ سے گناہوں (یعنی باطنی نجاستوں) کا صدور رہوتا ہے اس سے صاف معلوم ہوا کہ گناہوں کا تعلق عام طور پر انہی اعضاء اربعہ سے ہے دیکھئے جب انسان کے سامنے کوئی چیز آتی ہے تو پسندیدگی یا ناپسندیدگی ظاہر کرتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ رغبت و ناپسندیدگی کا دار و مدار مواجہت پر ہے پھر جو چیز پسند آگئی تو ہاتھوں سے اس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے اب اگر وہ اس طرح نہ ملنے والی ہو تو دماغ سے اس کے حصول کی تدابیر سوچتا ہے پھر اس کے موافق چل پھر کر کوشش کرتا ہے۔ اس لئے اگر ممنوعات و محرمات کی طرف رغبت ہوئی تو قلب کو نقصان پہنچا، اور اگر مامورات و مستحبات شرعیہ کی طرف رغبت و کوشش کی تو اس سے قلب میں نور ایمان بڑھتا ہے۔ بہر حال جو راستے نجاست و گندگی کے قلب تک پہونچنے کے تھے شریعت نے ان ہی راستوں کو طہارت کیلئے استعمال کیا ہے۔

غرض وضو سے ظاہر طہارت کے ساتھ ساتھ اعمال، اخلاق، قلب اور روح کی طہارت کا بھی راستہ کھلتا ہے، ظاہر کا اثر باطن پر ضرور پڑتا ہے ؎

صحبتِ صالح ترا صالح کند　　　　صحبتِ طالح ترا طالح کند

وضو کے اثرات دیکھنے کیلئے شرط یہ ہے کہ وضو کرتے وقت بازاری ولایعنی چیزوں سے پرہیز کرے۔

حضرت زین العابدینؒ کا واقعہ

حضرت زین العابدین بن حضرت حسین رضی اللہ عنہما جب وضو کیلئے بیٹھتے تو چہرہ زرد ہو جاتا تھا کسی نے پوچھا کیا بات ہے جب آپ وضو کیلئے بیٹھتے ہیں تو ایسی کیفیت کیوں ہو جاتی ہے؟
فرمایا مجھے یہ تصور ہوتا ہے کہ اب اس احکم الحاکمین کی بارگاہ میں حاضری ہونے والی ہے جس کی عظمت وجلال کی کوئی انتہا نہیں ہے اس کے رعب وہیبت کی وجہ سے میری یہ کیفیت ہو جاتی ہے۔
(معارف مدنیہ بحوالہ احیاء العلوم)

موجب وضو کیا ہے؟

موجب وضو یعنی وضو کا سبب کیا ہے؟ وضو کس وقت واجب ہوتا ہے؟ آیت کریمہ إذا قمتم الى الصلوٰة فاغسلوا الآیۃ کے عموم کا ظاہر تو یہی ہے کہ جب نماز کیلئے اٹھو تو وضو کرو خواہ باوضو ہو یا محدث (بے وضو) ہر نماز کے وقت وضو ضروری ہے والی هذا ذهب اهل الظاهر فقالوا الوضوء سببه القيام الى الصلوٰة فكل من قام اليها فعليه ان يتوضأ الخ (عمدہ) یعنی بعض اہل ظاہر کہتے ہیں کہ ہر نماز کے وقت وضو ضروری ہے لیکن یہ شاذ ہے اس کا اعتبار نہیں چنانچہ امام نوویؒ فرماتے ہیں "وما اظن هذا المذهب يصح عن احد (شرح مسلم ص۱۳۵)
اس لئے کہ اس پر اجماع ہے کہ ایک وضو سے متعدد نمازیں پڑھ سکتے ہیں اسی لئے شراح حدیث کوئی لفظ یہاں مقدر مانتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے اذا قمتم الى الصلوٰة وانتم محدثون یعنی اس حالت میں کہ تم بے وضو ہو، پس معلوم ہوا کہ موجب وضو قیام الی الصلوٰۃ بشرط الحدث ہے۔
نیز احکام وضوء بیان کرنے کے بعد اسکی غرض وغایت ولكن يريد ليطهركم بیان کرنا بھی اسی پر دلالت کرتا ہے کیوں کہ جو پہلے سے پاک ہے اس کو پاکی کا حکم بطور وجوب ہو تو حرج میں ڈالنا ہوگا جس کی نفی آیت کے آخر میں موجود ہے:

مَا يُرِيدُ اللهُ لِيَجعل عليكم من حرج ولكن يريدُ لِيُطهِّركم (مائدہ آیت ۶)
اللہ کو یہ منظور نہیں کہ تم پر کوئی تنگی ڈالیں لیکن اس کو منظور ہے کہ تم کو پاک صاف رکھے۔

مسلم شریف میں حضرت بریدہؓ سے روایت ہے ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى الصلوات يوم الفتح بوضوء واحد (مسلم ص۱۳۵) حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ آج آپ نے وہ کام کیا ہے جو اس سے پہلے نہیں کرتے تھے ارشاد فرمایا عمدا صنعته يا عمر" میں نے قصداً ایسا کیا ہے۔
اس سے صاف معلوم ہوا کہ ہر نماز کیلئے وضو ضروری نہیں ہے پس اس بات کی وضاحت ہو گئی کہ موجب وضو (وضو واجب ہونے کا سبب) دو ہے ایک محدث (بے وضو آدمی) جب نماز کا ارادہ کرے یا ایسے کام کا ارادہ کرے جو بلا طہارت جائز نہ ہو جیسے قرآن مجید کا چھونا، یا نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت تو وضو لازم ہے

بلا وضو یہ افعال جائز نہیں. البتہ وضو علی الوضوء یعنی ہر نماز کیلئے جدید وضو باعث ثواب مستحب بلا شبہ ہے۔

قال ابو عبد الله الخ ابو عبد اللہ یعنی امام بخاری رح کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے (حدیث شریف میں) بیان کر دیا کہ (اعضاء وضو کا) ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے الخ یہاں امام بخاری رح نے تعلیق کے طور پر آیت وضو کی اجمالی تشریح فرمادی آگے ص۲۷ پر مستقل باب "باب الوضوء مرۃ مرۃ اور دوسرا باب "باب الوضوء مرتین مرتین" اور تیسرا باب باب الوضوء ثلثا ثلثا نقل کرکے احادیث لائیں گے.

قرآن حکیم میں غسل اور مسح کو صیغہ امر سے بیان کیا گیا ہے اور امر من حیث ہو تکرار کا مقتضی و محتمل نہیں ہوتا ہے مگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عمل سے بیان فرمادیا کہ اعضاء وضو کو صرف ایک مرتبہ دھونے سے فرض ادا ہو جائے گا البتہ سنت کا اعلیٰ درجہ تین تین مرتبہ دھونے سے حاصل ہوگا۔

وکرہ اہل العلم الاسراف فیہ الخ چونکہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے تین بار سے زائد ثابت نہیں اسلئے تین بار سے زائد کو علماء نے مکروہ (تنزیہی) سمجھا ہے، بعض روایت میں ہے فمن زاد علی ھذا او نقص فقد اساء وظلم (ابوداؤد فی باب الوضوء ثلثا ص۱۸) یعنی بلا ضرورت ۳ بار سے زائد کیا تو اس نے برا کیا اور ظلم کیا' اونقص بظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ تین بار سے کم کیا اس نے برا کیا اور ظلم کیا، اور یہ مطلب بہت مشکل ہے اسلئے کہ نقص عن الثلاث تو احادیث صحیحہ بالخصوص حدیث بخاری شریف میں حضور اقدس ؐ سے ثابت ہے البتہ زیادہ علی الثلاث ثابت نہیں تو جو عمل خود حضور اقدس ؐ سے ثابت ہے ان کو اسارۃ اور ظلم کہنا کس طرح صحیح ہوگا؟

علامہ عینی فرماتے ہیں: (اجیب عنه باجوبة الاول حذف تقدیرہ او نقص من واحدۃ الخ (عمدہ ص۲۴۲)

یعنی اس کا ایک جواب یہ ہے کہ حدیث میں عبارت محذوف ہے تقدیر کلام یہ ہے اونقص من واحدۃ (مطلب یہ ہے کہ اداء فرض کا درجہ جو ایک ایک بار دھونا ہے اس میں کمی کی مثلاً ناخن کے برابر جگہ وضو میں چھوڑ دی اس پر الفاظ وعید وارد ہوئے ہیں) اس کی تائید نعیم بن حماد کی اس روایت سے ہو رہی ہے جس کو انہوں نے مطلب بن حنطب کے واسطہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے الوضوء مرۃ ومرتین وثلاثا فان نقص من واحدۃ او زاد علی ثلاث فقد اخطاء " وہو مرسل ورجالہ ثقات (عمدہ، فتح) یہ حدیث مرسل ہے کیوں کہ مطلب بن حنطب تابعی صغیر ہیں اور اس کے سب رجال ثقہ ہیں) اب اس سے ابوداؤد کی روایت عن عمرو بن شعیب الخ کی مراد واضح ہوگئی کہ ایک سے کم کرنا (پورے طور پر اچھی طرح سے نہ دھونا) بھی ظلم اور اسارت ہے اور تین بار سے زیادہ کرنا بھی ظلم اور اسارت ہے۔

الثانی ان الرواۃ لم یتفقوا علی ذکر النقص فیہ بل اکثرھم اقتصروا علی قولہ فمن زاد فقط الخ (عمدہ) دوسرا جواب یہ ہے کہ ابو داؤد کی مذکورہ روایت میں لفظ نقص " وہم راوی ہے اکثر راویوں نے صرف فمن زاد پر اقتصار کیا ہے چنانچہ یہ حدیث نسائی، ابن ماجہ اور مسند احمد میں ہے ان تمام کتابوں میں فقط فمن زاد ہے اور نقص کا لفظ نہیں ہے۔

الثالث ان یکون ظالما لنفسہ فی ترک الفضیلۃ والکمال وان کان یجوز مرۃ مرۃ اور مرتین مرتین۔ خلاصہ یہ کہ لفظ ظلم کلی مشکک ہے حرام سے لے کر خلاف اولیٰ تک سب پر صادق آتا ہے تو ظاہر ہے کہ اس نے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ پر اکتفا کر کے درجہ کمال وفضیلت چھوڑ کر اپنے اوپر ظلم کیا، مزید جوابات کیلئے عمدۃ القاری دیکھئے۔

بَابُ[۹۷] لَاتُقْبَلُ صَلٰوۃٌ بِغَیْرِ طُھُوْرٍ ص[۲۵]

بغیر وضو کے نماز قبول نہیں ہوتی

ترجمۃ الباب یہ ترجمہ بعینہٖ ایک حدیث کے الفاظ ہیں جو ترمذی شریف کی پہلی حدیث ہے نیز مسلم شریف ص[۱۱۹] وغیرہ۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں " وھذہ الترجمۃ لفظ حدیث رواہ مسلم وغیرہ من حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما بزیادۃ (عمدہ ج۲ ص۲۴۳)

حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں " وھذہ الترجمۃ لفظ حدیث رواہ مسلم وغیرہ من حدیث ابن عمر وابو داؤد وغیرہ من طریق ابی الملیح بن اسامۃ عن ابیہ ولہ طرق کثیرۃ لکن لیس فیھا شیٔ علی شرط البخاری فلھذا اقتصر علی ذکرہ فی الترجمۃ واورد فی الباب مایقوم مقامہ (فتح الباری)

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے بغیر طہارت کے کوئی نماز درست نہ ہوگی خواہ فرض ہو یا نفل، موقت ہو یا غیر موقت، اور نماز مقیم کی ہو یا مسافر کی بغیر طہارت کے کوئی نماز صحیح نہیں ہوگی کیوں کہ نماز کے لئے طہارت کے شرط ہونے پر اجماع ہے نیز اگر کسی نے نماز باوضو شروع کی اور نماز کے درمیان حدث لاحق ہو گیا تو فوراً سلام پھیر کر دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھنی ضروری ہے۔ البتہ نماز جنازہ، سجدۂ تلاوۃ کے بارے میں کچھ اختلاف ہے جو اپنی جگہ بحث آئیگی۔

غرض ائمہ اربعہ اور جمہور امت کے نزدیک ہر نماز اور سجدۂ تلاوت کیلئے طہارت شرط ہے اور امام نوویؒ فرماتے ہیں "اجمعت الامة علی تحریم الصلوٰة بغیر طهارة من ماء او تراب ولا فرق بین الصلوٰة المفروضة والنافلة وسجود التلاوة والشکر وصلوٰة الجنازة الا ما حکی عن الشعبی ومحمد بن جریر الطبری من قولهما تجوز صلوٰة الجنازة بغیر طهارة وهذا مذهب باطل الخ (شرح نووی ص۱۱۹)

۱۳۵ "حدثنا اسحٰق بن ابراهیم الحنظلی قال انا عبد الرزاق قال انا معمر عن همام بن منبه انه سمع اباهریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تقبل صلوٰة من احدث حتی یتوضأ قال رجل من حضرموت ما الحدث یا اباهریرة قال فساء او ضراط"۔

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جو شخص بے وضو ہوا اس کی نماز قبول نہیں ہوتی جب تک وہ وضو نہ کرلے، حضرت موت کے ایک شخص نے پوچھا" ابوہریرہ! حدث کسے کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا پھسکی یا پاد۔

مطابقة للترجمة مطابقت الحدیث للترجمة ظاهرة۔

تعدد موضعه والحدیث هنا ص۲۵ ویاتی ص۱۰۲۸ واخرجه مسلم فی الطهارة ص۱۱۹ والترمذی ایضا فی الطهارة۔

تشریح لا تقبل بضم المثناة الفوقیة بمعنی لا تصح. وصلوٰة بالرفع مفعول مالم یسم فاعله من بمعنی الذی ای صلوٰة الذی احدث (قس) حتی یتوضأ ای الی ان یتوضأ خواہ پانی سے، اور پانی پر قدرت نہ ہونے کیصورت میں پانی کے قائم مقام مٹی سے جیساکہ ارشاد نبوی ہے الصعید الطیب وضوء المسلم ان لم یجد الماء عشر سنین (عمدہ) فساء مرفوع علی انه خبر مبتدا المحذوف ای هو فساء، فساء کہتے ہیں الریح الخارجة من الدبر من غیر صوت. ضراط ما خرجت بالصوت یعنی دبر سے خارج ہونے والی ریح (گوز) بلا آواز ہو یعنی پھسکی تو فساء ہے اور اگر آواز سے ہو تو ضراط۔

اشکال حدث کی دو قسمیں ہیں ۱ حدث اکبر جس سے غسل واجب ہوتا ہے جیسے حیض، نفاس اور جنابت ۲ حدث اصغر یعنی نواقض وضو جس سے صرف وضو واجب ہوتا ہے۔

اب اشکال یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضؓ نے حدث کو فساء اور ضراط کے ساتھ خاص کیوں کیا؟

جواب ۱ حضرت ابوہریرہ رضؓ کا جواب اثنائے صلوٰة کے حدث سے متعلق ہے اور ظاہر ہے کہ نماز

میں خروج ریح ہی کی صورت پیش آتی ہے۔
۲ حضرت ابوہریرہ رضؓ نے اخف اور اضعف نواقض کو ذکر کر دیا چوں کہ یہ اغلب ہے، اکثر پیش آتا ہے اس سے مخاطب خود سمجھ لیگا کہ جو اغلظ ہے جیسے بول و براز اس سے بطریق اولیٰ وضو واجب ہوگا۔
۳ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحؒ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہ رضؓ نے فساء اوضراط کے اعم اور اغلب ہونے کے سبب سے ذکر فرما دیا یہ نہیں کہ نقض وضو ان ہی دونوں کے اندر منحصر ہے لہٰذا اگر پیشاب و پاخانہ کرے تب بھی وضو واجب ہوگا مگر چوں کہ کثیر الوقوع یہی دو چیزیں تھیں اسلئے ان ہی کو ذکر کر دیا (تقریر بخاری جلد دوم)

مسئلہ فاقد الطہورین اگر کوئی شخص ایسے ناپاک مکان میں محبوس ہو جہاں پانی نہیں ہے اور نہ پاک مٹی یعنی دونوں میں سے کسی پر بھی قدرت نہیں تو ایسے شخص کو فاقد الطہورین کہا جاتا ہے، اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا شخص کیا کرے؟ جب نماز کا وقت آجائے تو نماز پڑھے یا نہیں؟ اس میں ائمہ کرام کا اختلاف ہے۔
(۱) حنفیہ کا مفتی بہ قول (مذہب) یہ ہے کہ اس وقت تشبہ بالمصلین کرے حقیقۃً نماز نہ پڑھے صرف صورۃً نماز ادا کرے یعنی بغیر نیت و بغیر قرأت کے نماز کے تمام افعال (قیام و رکوع، سجدہ وغیرہ) نمازیوں کی طرح بجالائے پھر جب پانی پر قدرت ہو تو حصول طہارت پر قضا لازم و ضروری ہے۔
(۲) شافعیہ کے اقوال مختلف ہیں امام نووی شافعیؒ فرماتے ہیں فقیہ اربعۃ اقوال للشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ وہی مذاھب للعلماء قال بکل واحد منھا قائلون اصحھا عند اصحابنا یجب علیہ ان یصلی علی حالہ ویجب ان یعید اذا تمکن من الطہارۃ الخ (شرح نووی ص۱۱۹)
یعنی امام شافعیؒ سے چار اقوال منقول ہیں اصح ترین قول یہ ہے کہ اس وقت اسی حال میں پڑھ لے اور بعد میں حصول طہارت پر وجوباً قضاء بھی کرے۔
دوسرا قول:- اس وقت ادا حرام ہے بعد میں قضا واجب ہے۔
تیسرا قول:- اسوقت نماز پڑھنا مستحب ہے اور اعادہ واجب ہے۔
چوتھا قول:- اس وقت نماز پڑھنا واجب ہے اور قضاء واجب نہیں، امام مزنیؒ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے اور اسی کو امام نوویؒ نے از روئے دلیل قوی قرار دیا ہے۔ امام احمدؒ کے نزدیک ادا واجب ہے قضاء واجب نہیں۔
مالکیہ کے اقوال بھی مختلف ہیں لیکن مشہور و معتمد قول یہ ہے کہ نماز ساقط ہے نہ ادا ہے نہ قضاء یہ حیض والی عورت پر قیاس کرتے ہیں۔ (المنھل ج۲ ص۲۰۹)

حنفیہ کی دلیل یہ معلوم ہو چکا کہ حنفیہ کے یہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ فاقد طہورین اس وقت صرف

تشبہ کرے گا نہ نماز کی نیت کرے گا۔ اور نہ قرأت کریگا۔ البتہ حصول طہارت کے بعد وجوباً قضا کریگا۔
(۱) صوم حائض پر قیاس ہے، حائضہ عورت رمضان المبارک کے اندر دوپہر دن میں یا دن کے کسی حصہ میں پاک ہوجائے تو فقہاء کا اتفاق ہے کہ حرمت رمضان کیلئے باقی دن روزہ داروں کی طرح گذارے گی۔ یعنی تشبہ بالصائمین کرے گی تو چوں کہ دن کے اوّل حصہ میں حائضہ تھی اسلئے اس دن کا امساک حقیقۃً روزہ نہیں بن سکتا صرف تشبہ بالصائمین ہے اسلئے بعد میں قضاء کرے گی۔
(۲) اگر کسی کا حج فاسد ہوجائے تو سارے فقہاء کا اجماع ہے کہ ایسا شخص حج کے تمام افعال دوسرے تمام حاجیوں کی طرح کرتا رہے آئندہ قضاء کرنی پڑے گی۔
ظاہر ہے کہ یہ ادائے گی افعال حج تو ہے نہیں صرف تشبہ بالحاجین ہے۔
اور وقت نماز کی اہمیت روزہ اور حج کے وقت سے بلا شبہ کسی طرح کم نہیں ہے اسلئے ان دو اجماعی مسئلوں پر قیاس کر کے حنفیہ کہتے ہیں کہ لاتقبل صلوۃ بغیر طہور کی وجہ سے حقیقۃً نماز ادا کرنا ممکن نہیں صرف وقت نماز کا حق ادا کرنے کیلئے کم از کم نمازیوں سے تشبہ کرلے۔

باب ۹۸

”فضل الوضوء والغرّ المحجّلون من آثار الوضوء ۲۵“

وضو کی فضیلت اور ان لوگوں کی فضیلت کا بیان جو (قیامت کے روز) وضو کی نشانیوں سے سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں ہونگے (یعنی اعضاء وضو روشن و چمکدار ہونگے)

ربط ما قبل اور مقصد ترجمہ باب سابق میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ وضو کے بغیر کوئی نماز درست و مقبول نہیں ہوگی اب اس باب میں اس وضو کی فضیلت بیان کیجا رہی ہے جس سے مقبولیت حاصل ہوگی اور نیز وضو کی برکت سے اس امت کو خصوصی فضیلت و نورانیت حاصل ہوگی۔

۱۳۶۔ حدثنا یحیی بن بکیر قال ثنا اللیث عن خالد عن سعید بن ابی ہلال عن نعیم المجمر قال رقیت مع ابی ہریرۃ علی ظہر المسجد فتوضا فقال انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان امتی یدعون یوم القیامۃ غرًّا محجلین من آثار الوضوء فمن

استطاعَ منكم اَن يُّطِيلَ غُرَّتَه فليفعَلْ.

ترجمہ نعیم مجمر کا بیان ہے کہ میں (ایک مرتبہ) ابوہریرہ رضؓ کے ساتھ مسجد نبوی کی چھت پر چڑھا تو انھوں نے وضوء کیا اور کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپؐ فرمارہے تھے کہ میری امت کے لوگ قیامت کے روز بلائے جائیں گے. وضو کے نشانوں سے ان کی پیشانیاں ہاتھ پاؤں سفید (نورانی چمکدار) ہوں گے اب جو کوئی تم میں سے اپنی سفیدی بڑھانا چاہے بڑھالے۔

مُطابقۃ للترجمۃ مُطابقة الحديث للترجمة ظاهرة اما مطابقة للاولى وهي قوله "فضل الوضوء" فبطريق سوق الكلام له واما مطابقة للثانية وهي قوله "غرا محجلين من آثار الوضوء" فبطريق التصريح (عمدہ)

تعدد موضعه والحديث ههنا في الوضوء ص۲۵ ويأتي في اللباس في باب نقض الصور ص۸۸۰ من وجه آخر عن ابي هريرة رضؓ انه غسل يديه حتى بلغ ابطه فقلت يا ابا هريرة اشئ سمعت من رسول الله صلے الله عليه وسلم قال منتهى الحلية.

الفاظ کی تحقیق المجمر اسم فاعل من الاجمار على الاشهر ويقال المجمر من التجمير وهو التبخير الخ (عمدہ) نعیم بن عبداللہ مدنی تابعی ہیں یہ اور ان کے والد دونوں مسجد نبوی میں خوشبو کی دھونی دیتے تھے اسلئے ان کو اور ان کے والد کو مجمر یا مجمّر کہا جاتا ہے خود ان کا بیان ہے جالست ابا هريرة عشرين سنة وعاش الى قريب سنة عشرين ومئة (سير اعلام النبلاء ج۵ ص۲۲)

غرّ بضم الغين المعجمة وتشديد الراء وهو جمع اغرّ اى ذو غرّة (عمدہ) یعنی اغر کے معنی ہیں سفید پیشانی خوبصورت والمراد به النور۔

• حافظ عسقلانی رح فرماتے ہیں "اصل الغرة لمعة بيضاء تكون في جبهة الفرس الخ (فتح) یعنی لغت میں غرہ اس سفید چمک (سفیدی) کو کہتے ہیں جو گھوڑے کی پیشانی پر ہو. پھر اس کا استعمال خوبصورتی نیک شہرت کیلئے بھی ہونے لگا۔

محجلين من التحجيل وهو بياض في اليدين والرجلين والمراد به النور ايضا اى يدعون الى يوم القيامة وهم بهذا الصفة الخ (قس) یعنی محجل بتشديد الجيم المفتوحة تحجیل سے مشتق ہے جس کے معنی گھوڑے کے پیروں کی سفیدی کے تھے تو چونکہ مسلمانوں کے اعضاء وضو بھی وضو کی برکت سے منور وچمکدار ہوں گے اسلئے غرّ محجلين کے نام سے پکارے جائیں گے۔ المسجد الف لام عہدی کا ہے مراد مسجد نبوی ہے۔ امتی امتی سے مراد یہاں امت اجابت یعنی مسلمان ہیں۔

تشریح بخاری شریف کے اکثر نسخوں میں الغر المحجلون. رفع کے ساتھ مذکور ہے۔

اطالۂ غرہ مستحب ہے

جمہور احناف وشوافع ؒ کے نزدیک وضوء میں اطالہ مستحب ہے، علامہ حصکفیؒ فرماتے ہیں کہ " ومن الآداب اطالة غرّته وتحجيله (درمختار ۱۲۴)
یعنی وضوء میں اعضاء مغسولہ کے حدود متعینہ سے زیادہ دھونا مستحب ہے۔ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں
وفی البحر واطالة الغرة تكون بالزيادة على الحد المحدود وفی الحلية والتحجيل يكون فی اليدين والرجلين وهل له حد لم اقف فيه على شئ لاصحابنا (شامی ج ۱ ص ۸۸)
مطلب یہ ہے کہ کتب احناف میں کوئی متعین حد مجھے نہیں ملی لیکن حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں " ثم فی الفقه ان اطالة التحجيل الى نصف الساق ونصف الساعد (فیض)
یعنی ہاتھ دھونے میں نصف بازو اور پاؤں دھونے میں نصف پنڈلی تک دھونا اطالۂ تحجیل ہے
امام نوی شافعیؒ فرماتے ہیں " واما تطويل التحجيل فهو غسل ما فوق المرفقين والكعبين وهذا مستحب بلا خلاف بين اصحابنا واختلفوا فی قدر المستحب على اوجه
احدها انه يستحب الزيادة فوق المرفقين والكعبين من غير توقيت.
والثانی يستحب الى نصف العضد والساق.
والثالث يستحب الى المنكبين والركبتين (مسلم ص ۱۲۶)
مالکیہ انکار کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اطالۂ غرہ کوئی چیز نہیں۔
حضرات حنابلہؒ کا مذہب بھی مالکیہ کے مطابق ہی معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم.

قائلین اطالہ کی دلیل

ایک تو یہی حدیث باب ہے دوسری دلیل مسلم شریف کی ایک مرفوع فعلی حدیث ہے جس میں یہ الفاظ ہیں. ثم غسل يده اليمنى حتى اشرع فی العضد ثم يده اليسرى حتى اشرع فی العضد ثم مسح برأسه ثم غسل رجله اليمنى حتى اشرع فی الساق ثم غسل رجله اليسرى حتى اشرع فی الساق ثم قال هكذا رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ
(مسلم ص ۱۲۶)
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی ہاتھ کے دھونے میں بازو اور پاؤں دھونے میں پنڈلی کو شامل فرمایا اور یہی اطالۂ تحجیل ہے۔

سوال

وضو اس امت کی خصوصیت نہیں بلکہ وضوء کا ثبوت تو پہلی امتوں میں بھی ہے جیساکہ خود بخاری شریف میں جریج راہب کے بارے میں ہے فتوضا وصلی۔
(بخاری ص ۳۲۳ و ص ۴۸۹)
نیز حضرت سارہ کے متعلق روایت میں ہے کہ وضو کرکے نماز پڑھی (بخاری ص ۲۹۵)

وعند الترمذی ھذا وضوئی و وضوء الانبیاء من قبلی.
جواب :- بنی اسرائیل پر دو نمازیں تھیں تو دو مرتبہ وضو تھا ہم پر پانچ نمازیں ہیں اور پانچ وضو ہوئے اسلئے ہمارے وضوء زیادہ ہوئے جن کیوجہ سے قیامت کے دن وضو کا یہ مخصوص اثر غرہ و تحجیل اس امت کے ساتھ خاص ہے وذالک فضل اللہ یوتی من یشا،

باب ۹۹

لا یتوضأ من الشك حتی یستیقن ص ۲۵

جبتک بے وضو ہونیکا یقین نہ ہو محض شک کی بناء پر وضو کرنا ضروری نہیں یعنی صرف شک سے وضو نہیں ٹوٹتا

ماقبل سے ربط علامہ عینی فرماتے ہیں کہ دونوں باب احکام وضوء پر مشتمل ہیں صرف جہت کا فرق ہے باب سابق میں وضو کی فضیلت کا بیان تھا جو احکام وضو میں سے ایک حکم ہے اور اس باب میں اس وضو کا حکم بیان ہو رہا ہے جس میں شک واقع ہو جائے فتناسبا من حیث ان کلا منهما حکم من احکام الوضوء (عمدہ)
من الشك میں من تعلیل کیلئے ہے ای لاجل الشك.

۱۳۷ "حدثنا علی قال ثنا سفیان قال ثنا الزهری عن سعید بن .... المسیب وعن عباد بن تمیم عن عمه انه شکی الی رسول الله صلی الله علیه وسلم الرجل الذی یخیل الیه انه یجد الشئ فی الصلوٰة فقال لا ینفتل او لا ینصرف حتی یسمع صوتا او یجد ریحا.

ترجمہ عباد بن تمیم اپنے چچا (حضرت عبد اللہ بن زید رض) سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ ایک شخص ہے جیسے یہ خیال ہوتا ہے (یعنی یہ شبہ ہوتا ہو) کہ نماز میں کوئی چیز (یعنی ہوا نکلتی) محسوس ہوتی ہے (یعنی نماز کی حالت میں دُبر سے ریح خارج ہونے کا شک ہوتا ہے) آپ نے فرمایا وہ (نماز چھوڑ کر) نہ پھرے یا نہ مڑے جب تک کہ (حدث کی) آواز نہ سنے یا بو نہ پائے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھنا صـ۲۵ ویاتی صـ۳۰ وفی البیوع صـ۲۷۶ واخرجہ مسلم فی الطہارۃ وابوداؤد والترمذی وابن ماجہ ایضا۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ لاینفتل الیٰ اخرہ لانہ یفہم منہ ترک الوضوء من الشک حتی یستیقن وھو معنی قولہ "حتی یسمع صوتا اوریجد ریحًا"۔

تشریح اولاینصرف او للشک من الراوی۔ اویجد ریحا ای من الدبرایضا وکلمۃ او للتنویع۔

علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ حدیث الباب سے ایک اصل وقاعدہ کلیہ استنباط کیا گیا ہے کہ تمام چیزوں کو اپنے اصل پر باقی رکھیں گے۔ جب تک کہ ان کے خلاف کا یقین نہ ہو جائے یعنی کوئی شک سابق یقین کو ختم نہ کرسکے گا (عمدہ) مطلب یہ ہے کہ الیقین لایزول بالشک والعلماء متفقون علی ھٰذہ القاعدہ۔

بَابُ ۱۰

التخفیف فی الوضوء

وضو میں تخفیف کا بیان۔ یعنی مختصر اور معمولی طور پر وضو کرنا

ربط ما قبل والمناسبۃ بین البابین من حیث اشتمال کل منہما علی حکم من احکام الوضوء۔

۱۳۸۔ حدثنا علیُّ بنُ عبدِ اللہ قال ثنا سُفینُ عن عمرٍو قال اخبرنی کُرَیبٌ عن ابن عبّاسٍ اَنّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم نامَ حتی نفخَ ثمّ صلّی ورُبّما قال اِضطجَعَ حتی نفخَ ثمّ قامَ فصلّی ح ثمّ حدثنا بہ سُفینُ مرّۃً بعدَ مرّۃٍ عن عمرٍو عن کُریبٍ عن ابنِ عبّاسٍ قال بِتُّ عندَ خالتی میمونۃَ لیلۃً فقامَ النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل فلمّا کان فی بعضِ اللیلِ قامَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتوضأ مِن شنٍّ مُعلّقٍ وُضوءً

خفیفاً یُخفِّفُہٗ عمرٌو ویُقلِّلُہٗ وقامَ یُصلی فتوضأتُ نحواً ممّا توضأ
ثمّ جئتُ فقمتُ عن یسارہ وربّما قال سفیان عن شمالہ فحوّلنی
... فجعلنی عن یمینہ ثمّ صلّی ما شاءَ اللہ ثمّ اضطجعَ فنامَ
حتی نفخ ثمّ اتاہُ المنادی فاذنہ بالصلوٰۃ فقامَ معہ الی
الصلوٰۃ فصلّی ولمْ یتوضأ قلنا لعمرٍو انّ ناساً یقولون انّ رسولَ
اللہ صلی اللہ وسلم تنامُ عینُہ ولا ینامُ قلبُہ قال عمرٌو سمعتُ عُبیدَ بنَ عُمیرٍ
یقول رُؤیا الانبیاءِ وحیٌ ثمّ قرأ اِنّی اریٰ فی المنامِ اَنّی اَذبحُکَ)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سوئے یہانتک کہ خرّاٹے لینے لگے. پھر آپؐ نے نماز پڑھی اور کبھی سُفیان نے (یوں) کہا کہ آپؐ لیٹ گئے. یہاں تک کہ خرّاٹے لینے لگے پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی (امام بخاریؒ کے شیخ علی بن عبد اللہ کہتے ہیں) پھر ہم سے سفیان نے دوسری مرتبہ (مفصل لمبی) حدیث بیان کی عمرو بن دینار سے انھوں نے کہا کریب سے انہوں نے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ (ایک مرتبہ) میں نے اپنی خالہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضؓ کے پاس رات گذاری تو (میں نے دیکھا کہ) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رات کو اٹھے جہاں رات کا کچھ حصّہ گذر گیا تو آپؐ نے اٹھکر ایک لٹکے ہوئے مشکیزے سے معمولی طور پر وضو کیا. عمرو اس کا ہلکاپن اور معمولی ہونا بیان کرتے تھے، اور آپؐ کھڑے ہوکر نماز پڑھنے لگے تو میں نے بھی اسی طرح وضو کیا پھر آکر آپؐ کے بائیں کھڑے ہوگیا اور کبھی سُفیان نے بجائے یسارہ کے شمالہ کہا (مطلب دونوں کا ایک ہے) پھر آپؐ نے مجھے پھیر لیا اور اپنی داھنی جانب کرلیا پھر نماز پڑھی جتنی اللہ تعالےٰ نے چاہی پھر لیٹ گئے اور سو گئے یہاں تک کہ خراٹے لینے لگے، پھر آپؐ کی خدمت میں مؤذن آیا. اور اس نے آپؐ کو نماز کی اطلاع دی تو آپؐ اس کے ساتھ نماز کے لئے تشریف لے گئے پھر نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا.

سفیان کہتے ہیں کہ ہم نے عمرو سے کہا کچھ لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں (ظاہر میں) سوتی تھیں اور آپؐ کا دل نہیں سوتا تھا. عمرو نے کہا کہ میں نے عبید بن عمیر سے سنا وہ کہتے تھے کہ انبیاء علیہم السلام کے خواب وحی ہوتے تھے پھر (سورہ والصافات کی) یہ آیت پڑھی انی اریٰ فی المنام انّی اذبحک (حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ تمہیں ذبح کر رہا ہوں.

مُطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "وضوءً حفیفاً"

تعدد موضعہ مرّ الحدیث صـ٢٢ دیاتی صـ٢٥ صـ٣٠ صـ٩٧ صـ١٠٠ صـ١٠١ صـ١١٨ تا صـ١١٩ صـ١٣٥، صـ١٥٩

صـ۲۵ صـ۲۶ صـ۸۷ صـ۹۱۸ صـ۹۳۴ تا صـ۹۳۵ و صـ۱۱۱۰

تشریح ایک ہی روایت کو امام بخاری رحؒ نے ابن عباس رضؓ سے دو طرح نقل کیا ہے۔
امام بخاری رحؒ کے شیخ علی بن عبد اللہ مدینی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سفیان (ابن عیینہ) نے مختصراً بیان کیا اور دوسری مرتبہ مفصل۔

مختصر روایت میں صرف اتنا مذکور ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سو گئے یہانتک کہ خراٹے لینے لگے پھر آپ صلعم نے (بغیر تجدید وضو کے) نماز ادا فرمائی۔

اس مختصر روایت میں تخفیف وضو کیلئے کوئی اشارہ بھی نہیں ہے اسلئے ترجمۃ الباب کا اس سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ترجمہ دوسری مفصل روایت سے متعلق ہے لیکن اس صورت میں اس کے ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟

اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ چونکہ بخاریؒ کے استاذ علی بن عبد اللہ نے یہ حدیث ایک مجلس میں اسی طریقے سے سنائی تھی کہ پہلے اس کا ایک ٹکڑا نقل کیا اور پھر تحویل کے بعد پورا واقعہ بیان کر دیا اس لئے امام بخاری رحؒ بھی اس میں اپنی جانب سے کوئی تغیر یا تصرف نہیں فرمایا بلکہ پوری حدیث نقل فرمادی ورنہ یہ بھی ممکن تھا کہ مقصد کے مطابق اس میں سے الفاظ لے لیتے اور باقی چھوڑ دیتے۔

ثم حدثنا به (یہاں سے مفصل روایت ہے) یعنی بخاری رحؒ کے شیخ علی بن عبد اللہ رضؓ مدینی بسندہ المتصل حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں الخ ترجمہ گذر چکا۔

من شن معلق سے مراد یہ ہے کہ ایک پرانا مشکیزہ لٹکا دیا گیا تھا تاکہ ہوا سے پانی ٹھنڈا رہے۔

یخففه عمرو ویقلله تخفیف کیفاً ہے یعنی آپ صلعم نے پانی کم بہایا، اعضاء وضو کو خوب مل کر نہیں دھویا معمولی طور پر پانی خرچ کیا۔

اور تقلیل کماً ہے یعنی اعضاء وضو تین تین بار نہیں دھوئے، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ صلعم نے صرف فرائض پر اکتفا فرمایا۔

فحولنی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس رضؓ کو بائیں جانب سے داھنی طرف کس طرح پھیرا؟ عنقریب بخاری صـ۳ پر اسکی تفصیل آرہی ہے۔ **ثم اضطجع** یہ لیٹنا بعد نماز تہجد بھی ہو سکتا ہے اور سنت فجر کے بعد بھی۔

رؤیا الانبیاء الخ پیغمبروں کا خواب وحی ہوتا ہے جیساکہ عمرو بن دینار نے آیت کریمہ سے استدلال کیا نبی کا خواب اگر وحی نہ ہوتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کیلئے اسماعیل علیہم السلام کا ارادہ ذبح جائز نہ ہوتا کیونکہ اس میں قطع رحم بھی ہے اور قتل نفس بھی۔

اور یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی نیند ناقض وضو نہیں چونکہ قلب بیدار رہتا ہے اور ظاہر ہے کہ

جب قلب بیدار رہے گا تو خروج ریح کا احساس یقینا رہے گا، پس خروج ریح کے اندیشہ سے جو وضو ٹوٹ جانے کا حکم لگتا تھا وہ نہیں لگیگا۔

باب ۱۰۱

اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ وَقَدْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ اَلْاِنْقَاءُ ۲۵

پورا وضو کرنے کا بیان، حضرت ابن عمرؓ نے کہا وضو کا پورا کرنا (اعضاء کا) صاف کرنا ہے

ربط ما قبل سابق باب میں ہلکے (مختصر) وضو کا بیان تھا اب اس باب میں پورے وضوء کا بیان ہو رہا ہے۔

۱۳۹ (حدثنا عبد اللہ بن مسلمۃ عن مالک عن موسیٰ بن عقبۃ عن کریب مولی ابن عباس عن اسامۃ بن زید انہ سمعہ یقول دفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من عرفۃ حتی اذا کان بالشعب نزل فبال ثم توضا ولم یسبغ الوضوء فقلت الصلوٰۃ یا رسول اللہ قال الصلوٰۃ امامک فرکب فلما جاء المزدلفۃ نزل فتوضا فاسبغ الوضوء ثم اقیمت الصلوٰۃ فصلی المغرب ثم اناخ کل انسان بعیرہ فی منزلہ ثم اقیمت العشاء فصلی ولم یصل بینہما۔

ترجمہ حضرت ابن عباسؓ کے مولیٰ (غلام) کریب سے روایت ہے انہوں نے حضرت اسامہ بن زیدؓ سے سنا حضرت اسامہ بن زیدؓ فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عرفہ (عرفات) سے چلے جب گھاٹی میں پہونچے تو آپؐ اترے اور پیشاب کیا پھر وضو کیا لیکن پورا وضو نہیں کیا (مثلاً اعضاء وضو ایک ایک مرتبہ دھویا) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ نماز پڑھیے گا؟ آپؐ نے فرمایا "نماز تمہارے آگے ہے (یعنی مزدلفہ چل کر پڑھینگے) پھر آپؐ سوار ہوئے تو جب مزدلفہ پہنچے تو اترے اور وضو کیا اور خوب اچھی طرح

پورا وضو کیا پھر نماز کی تکبیر کہی گئی آپ نے مغرب کی نماز پڑھی اس کے بعد ہر شخص نے اپنے اونٹ کو اپنی منزل میں (جہاں وہ اترنا چاہتا تھا) بٹھلایا پھر عشاء کی تکبیر ہوئی اور آپ نے عشاء کی نماز پڑھی اور ان دونوں نمازوں کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھی۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "فتوضأ فاسبغ الوضوء"

تعدد موضعہ | والحدیث ھنا صفحہ ۲۵ تا صفحہ ۲۶ ویاتی ص۳۰ وفی المناسک صفحہ ۲۲۶ ایضا صفحہ ۲۲۷

تشریح | امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ وضو کے دو درجے ہیں ایک ادنیٰ درجہ ہے جس کو باب سابق میں تخفیف وضو کی صورت میں بیان کیا۔

اور دوسرا درجہ اعلیٰ اور اکمل ہے جس کو اس باب میں یعنی اسباغ الوضوء میں ذکر فرما رہے ہیں تاکہ ادنیٰ و اعلیٰ، اقل و اکمل دونوں درجے معلوم ہو جائیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ کا صحیح بخاری شریف میں قاعدہ یہ ہے کہ مقصود کو کسی آیت یا روایت یا اثر سے واضح فرماتے ہیں۔ اسی قاعدہ کے مطابق یہاں ترجمہ میں اسباغ کا لفظ آیا تھا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا اثر نقل کرکے اس کے معنی متعین فرما دیئے کہ یہاں اسباغ سے مراد انقاء ہے یعنی اعضاء وضوء کو خوب اچھی طرح دلک کے ساتھ تین تین بار دھونا، یہ مراد نہیں ہے کہ شرعی حدود (تین بار) سے زیادہ مرتبہ پانی بہایا جائے کیوں کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ بلاوجہ تین بار سے زیادہ دھونا ممنوع ہے۔

جمع بین الصلوٰتین اور مسئلہ اقامت | یہ مسئلہ پوری تفصیل سے کتاب المناسک (کتاب الحج) میں آئے گا انشاء اللہ مختصراً عرض ہے کہ حج کے موقع پر دو مرتبہ جمع بین الصلوٰتین مشروع ہے ایک تو عرفات میں جمع بین الظہر والعصر (جمع تقدیم) اور دوسرے مزدلفہ میں جمع بین المغرب والعشاء (جمع تاخیر)

اس حدیث میں مزدلفہ میں جمع بین المغرب والعشاء کا ذکر ہے اس سلسلے میں احناف رحمہم اللہ کا مسلک یہ ہے کہ ان دونوں نمازوں کیلئے ایک اذان اور ایک اقامت ہوگی لیکن یہاں اقامتیں دو آگئی ہیں۔

جواب یہ دیا گیا ہے کہ دونوں نمازوں کے درمیان اونٹوں کے بٹھانے اور کجاوہ وغیرہ کھولنے کی مشغولیت سے فصل ہونے کی صورت میں عند الاحناف بھی دو اقامت ہوگی۔

والتفصیل فی الحج انشاء اللہ تعالیٰ

❁

باب ۱۰۲

غسل الوجہ بالیدین من غرفۃ واحدۃ ص۲۶

ایک چلو پانی لیکر دونوں ہاتھوں سے چہرہ دھونا

۱۴۰ (حدثنا محمد بن عبد الرحیم قال انا ابو سلمۃ الخزاعی منصور بن سلمۃ قال انا ابن بلال یعنی سلیمان عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن ابن عباس انہ توضا فغسل وجھہ اخذ غرفۃ من ماء فتمضمض بھا واستنشق ثم اخذ غرفۃ من ماء فجعل بھا ھکذا اضافھا الی یدہ الاخری فغسل بھا وجھہ ثم اخذ غرفۃ من ماء فغسل بھا یدہ الیمنی ثم اخذ غرفۃ من ماء فغسل بھا یدہ الیسری ثم مسح براسہ ثم اخذ غرفۃ من ماء فرش علی رجلہ الیمنی حتی غسلھا ثم اخذ غرفۃ اخری فغسل بھا یعنی رجلہ الیسری ثم قال ھکذا رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضاء)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ انہوں نے (یعنی ابن عباس رضہ نے) وضو کیا تو اپنا چہرہ دھویا (اس طرح کہ) ایک چلو پانی لیا پھر اس سے کلّی کی اور ناک میں ڈالا پھر ایک چلو پانی لیا اور اس کو اس طرح کیا یعنی اپنے دوسرے ہاتھ کو ملایا پھر اس سے (یعنی دونوں ہاتھوں سے) اپنا چہرہ دھویا پھر ایک اور چلو پانی لیا اور اس سے اپنا داہنا ہاتھ دھویا پھر ایک اور چلو پانی لیا اور اس سے اپنا بایاں ہاتھ دھویا اس کے بعد سر کا مسح کیا پھر ایک اور چلو پانی لیا اور اپنے داہنے پاؤں پر چھڑکا اور اس کو دھوڈالا پھر دوسرے چلو سے بایاں پاؤں کو دھویا اس کے بعد کہنے لگے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے دیکھا ہے۔

ربط ما قبل علامہ عینی رحہ فرماتے ہیں "فان قلت ماوجہ المناسبۃ بین البابین قلت المناسبۃ بین المذکورین وبین اکثر ابواب کتاب الوضوء غیر ظاھرۃ الخ"

مطلب یہ ہے کہ یہاں تک تو امام بخاری رحہ کے ابواب منعقدہ کی ترتیب بالکل واضح تھی۔ لیکن آئندہ باب سے ایسی جدت اور باریک بینی سے ابواب ذکر فرمائے ہیں کہ بظاہر کوئی ترتیب معلوم نہیں ہوتی۔

اب غسل الوجہ کے بعد باب التسمیۃ الخ لا رہے ہیں حالاں کہ تسمیہ تو چہرہ دھونے سے پہلے ہونا چاہیئے نہ کہ بعد، پھر فوراً خلاء کا بیان شروع کر دیا اور تقریباً ڈیڑھ صفحہ ترتیب سے خلاء کے ابواب ذکر فرما کر باب الوضوء مرۃ مرۃ ذکر فرمایا، اسی وجہ سے علامہ کرمانی رح جو بخاری شریف کے قدیم شارح ہیں۔ نے کہدیا کہ امام بخاری کتاب الوضوء میں حسن ترتیب کی رعایت نہیں کرتے ھیں ان کی تمام توجہ نقل حدیث اور صحت سے متعلق باتوں پر ہے اور بلاشبہ اپنی جگہ پر یہ اعلیٰ مقصد ہے، کرمانی کا قول نقل کرنے کے بعد علامہ عینی فرماتے ہیں ابواب کے درمیان مناسبت کا بالکلیہ انکار درست نہیں ہے البتہ کہیں قلیل اور باریک مناسبت کیوجہ سے بہت غور و فکر کرنی پڑے گی چنانچہ دیکھیے علامہ عینی فرماتے ہیں کہ سابق باب میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کا ایک وصف مذکور تھا اب اس باب میں بھی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کا وصف بیان کیا جا رہا ہے اس لئے کہ حضرت ابن عباس رضؓ نے جب حدیث الباب کے مطابق وضو کیا تو فرمایا کہ میں نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے دیکھا ہے (عمدہ)

(۲) بالفاظ دیگر:- ماقبل اسباغ الوضوء کا باب ذکر کیا گیا تھا اب باب غسل الوجہ بالیدین ذکر کر کے اشارہ کر رہے ہیں کہ اگر اسباغ وضوء میں دو ہاتھوں سے کام لینے کی ضرورت ہو تو وہاں دونوں ہاتھوں سے کام لیا جا سکتا ہے مثلاً چہرہ ہے کہ یہاں ایک ہاتھ سے اسباغ مشکل ہے اور دونوں ہاتھوں سے بہ نسبت ایک ہاتھ کے اسباغ آسان ہے اور اچھی طرح سے دھل سکتا ہے۔

مقصد علامہ عینی رح فرماتے ہیں "فان قلت ما المراد من هذه الترجمه؟ قلت التنبيه الخ (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ وضو میں ابتدا سے آخر تک دونوں ہاتھوں کا استعمال شرط نہیں ہے جیسے کلی کرنا، ناک میں پانی ڈالنا صرف ایک ہاتھ کا استعمال کافی ہے جیسا کہ حضرت ابن عباس رضؓ کے وضو سے واضح ہے مثلاً کسی لوٹے سے پانی داہنے ہاتھ میں لیا۔ پھر دونوں ہاتھوں سے چہرہ دھویا تاکہ پانی بھی محفوظ رہے اور عضو بھی پوری طرح سے دھل جائے۔

مطابقۃ للترجمہ مطابقة الحديث للترجمة في قوله ثم اخذ غرفة من ماء فجعل بها هكذا اضافها الى يده الاخرىٰ فغسل بها وجهه"

تعدد موضعہ والحديث هنا ص۲۶ وسياتي ص۲۷ وفيه اجمال۔

تشریح غرفۃ مثل لقمۃ اسم مصدر بمعنی مفعول ہے یعنی چلو اور بفتح الغین غرفۃ ایک مرتبہ چلو لینا۔

باب ۱۰۳

التسمیۃ علی کل حال وعند الوقاع ۲۶

ہر حال میں بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے، یہاں تک کہ جماع کے وقت بھی

۱۴۱:- حدثنا علی بن عبد اللہ قال ثنا جریرٌ عن منصورٍ عن سالم بن ابی الجعد عن کریبٍ عن ابن عباسٍ یبلغ بہ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال لو انَّ احدکم اذا اتی اھلہ قال بسم اللہ اللّٰھمّ جنّبنا الشیطٰنَ وجنّبِ الشیطانَ ما رزقتنا فقضی بینھما ولدٌ لم یضرُّہٗ۔

ترجمہ حضرت ابن عباسؓ اس حدیث کو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے تھے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر تم میں سے کوئی جب اپنی بیوی سے صحبت کرنا چاہے تو کہے بسم اللہ الخ (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں یا اللہ، ہمیں شیطان سے بچا اور جو اولاد ہمیں عطا فرمائے شیطان کو اس سے دور رکھ (یہ دعا پڑھ کر جماع کرنے سے) میاں بیوی کو جو اولاد ملے گی، شیطان اس کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

مطابقۃ للترجمۃ ترجمۃ الباب کے دو اجزاء ہیں پہلا جزء عام یعنی علی کل حال، اور دوسرا جزء خاص یعنی عند الوقاع ہے، تو ترجمہ کے جزء ثانی کی مطابقت حدیث کے الفاظ اذا اتی اھلہ الخ (والمراد زوجتہ) سے واضح ہوگا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھنا صـ۲۶ ویأتی صـ۴۶۳ ایضا صـ۷۶۴ وصـ۷۷۶ وصـ۹۴۵ وصـ۱۱۰۰۔

ربط و مقصد ترجمہ بعض شراح نے چونکہ یہ سمجھا کہ باب غسل الوجہ سے وضو کا بیان شروع ہوگیا اور اسی وجہ سے عدم مناسبت کا خلجان ہوا حالانکہ یہ صحیح نہیں، امام بخاریؒ نے ابھی ابواب الوضوء شروع نہیں فرمایا بلکہ اجمالی طور سے پورے وضو کو بیان کرکے استنجاء کو ذکر فرما رہے ہیں لہٰذا باب التسمیۃ علی کل حال " ذکر فرمایا۔

امام کا اصل مقصد اس ترجمہ سے یہی ہے کہ وضو کے وقت بسم اللہ ہونی چاہیے اس لئے کہ

جب عند الجماع تسمیہ مشروع ہے جو ذکر اللہ سے بعید تر اور قضاء شہوت کا موقع ہے تو وضو کیحالت جو
ایک طرح کی عبادت ہے بدرجہ اولی بسم اللہ مشروع و مستحب ہونا چاہیئے۔
رہا یہ اشکال کہ تسمیہ کے متعلق صریح حدیث بھی جسکی تخریج ترمذی شریف نے کی ہے اسے ذکر
کرنا چاہیئے حدیث یہ ہے: لاوضوء لمن لم یذکر اسم اللہ علیہ (جو بسم اللہ پڑھے بغیر وضو
کرے اس کا وضو نہیں ہوتا)

جواب:- چوں کہ ترمذی کی یہ حدیث پر حسن کا حکم لگایا ہے۔
اس حدیث کے درجۂ صحت میں نہ ہونے کی وجہ سے امام احمدؒ کا ارشاد ہے جسے ترمذی نے بھی نقل کیا ہے
کہ لا اعلم فی التسمیۃ حدیثا له اسناد جیّد " یعنی اس باب میں میرے علم کے اندر کوئی ایسی
حدیث نہیں جس کی اسناد جید ہو۔

اقوالِ ائمہؒ | امام احمدؒ اور اسحاق بن راہویہؒ اور حنفیہ میں سے علامہ ابن ہمامؒ وجوب تسمیہ کے
قائل ہیں لیکن ائمہ ثلاثہ اور جمہور فقہاء رحمہم اللہ کے نزدیک تسمیہ عند الوضوء مستحب ہے
امام احمدؒ سے بھی راجح قول استحباب ہی کا ہے۔
اذا اتی اھلہ الخ: جمہور علماء کے نزدیک اس کا مطلب ہے اذا اراد الجماع۔

بَابُ ۱۰۴

مَا یَقُولُ عِنْدَ الخَلَاءِ

بیت الخلاء جانیکے وقت کیا کہے (یعنی جب بیت الخلاء میں جانیکا ارادہ کرے تو کیا پڑھے؟

۱۴۲:- حدثنا ادم قال ثنا شعبۃ عن عبد العزیز بن صُهَیب۔
قال سمعتُ انسا یقول کان النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دخل
الخلاءَ قال اللّٰھمّ انی اعوذ بکَ من الخُبُثِ وَالخبائث تابعہٗ
ابنُ عَرعَرَۃ عن شعبۃ وقال غندرٌ عن شعبۃ اذا اتی الخلاءَ
وقال موسیٰ عن حمّادٍ اذا دخل وقال سعیدُ بنُ زیدٍ حدثنا
عبدُ العزیز اذا اراد اَن یَدخُلَ۔"

ترجمہ | عبد العزیز بن صہیب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انسؓ سے سنا وہ کہتے تھے کہ نبی
کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو فرماتے: اللّٰھمّ انی اعوذ

بك من الخبث والخبائث (یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں بھوتوں اور بھتنیوں سے) اس حدیث کو محمد بن عرعرہ نے بھی شعبہ سے روایت کیا (یعنی امام بخاری رحمہ کہتے ہیں کہ محمد بن عرعرہ نے متابعت کی ہے آدم بن ابی ایاس کی، پوری سند دیکھئے ص۹۳۶)

اور غندر نے جو شعبہ سے روایت کی اس میں اذا دخل الخلاء ہے۔

اور سعید بن زید نے عبدالعزیز بن صہیب سے روایت کی (اس کے الفاظ ہیں) اذا اراد ان یدخل (جب آپ ﷺ بیت الخلاء میں داخل ہونے کا ارادہ فرماتے (تو یہ دعا پڑھتے)

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاهرة فی قولہ " اذا دخل الخلاء الخ "

تعدد موضعہ والحدیث ھنا ص۲۶ ویاتی الحدیث ص۹۳۶۔

باب سابق سے ربط اور مقصد ترجمہ باب سابق میں ذکر ہو چکا ہے کہ تسمیہ ہر حال میں مطلوب ہے۔ حتی کہ عند الجماع بھی تو تسمیہ عند الوقاع سے اشارہ علی الوضوء کی طرف ہوا اب تسمیہ عند الجماع کے ذکر سے طبعی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ بیت الخلاء کی ضرورت بھی انسان کے ضروری احوال میں شامل ہے تو اس کا تسمیہ کیا ہے؟

اسی سوال کے جواب کیلئے امام بخاری رحمہ نے یہ ترجمۃ الباب قائم کرکے بتلادیا کہ بیت الخلاء کا تسمیہ یہ ہے "اللھم انی اعوذ بك من الخبث والخبائث" نیز اس سے یہ بھی اشارہ ہوجائے گا کہ جب ان مواقع میں (یعنی عند الجماع وعند الخلاء) تسمیہ مشروع ومطلوب ہے تو عند الوضوء بطریق اولی مطلوب ومندوب ہوگا۔

اذا دخل الخلاء ای اراد دخولہ یعنی دخل الخلاء سے مراد ارادۂ دخول ہے جس طرح آیت کریمہ اذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ میں مراد ارادۂ قرأت ہی ہے ای اذا اردت قراءت القرآن اور اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا میں مراد ارادۂ قیام ہے۔ اسی کی تائید کیلئے امام بخاری رحمہ نے عبدالعزیز بن صہیب کے دوسرے شاگرد سعید بن زید کی روایت اذا اراد الدخول صراحۃ نقل فرمایا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ قضاء حاجت کیلئے اگر گھر میں بنا ہوا بیت الخلاء ہے تو داخل ہونے سے پہلے پڑھنا چاہیئے اگر کھلے میدان یا جنگل میں قضاء حاجت کی نوبت آئے تو بیٹھتے وقت کپڑے اٹھانے سے قبل تعوذ کے یہ کلمات پڑھ لینا چاہیئے۔ اور اگر کوئی شخص بیت الخلاء میں داخل ہوگیا اور یہ دعاء نہیں پڑھی تو اب زبان سے نہ پڑھے بلکہ دل میں استحضار کرے یہی جمہور کا قول ہے صرف بعض مالکیہ اور ابراہیم نخعی رحمہ سے منقول ہے کہ

داخل ہونے کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں اسلئے کہ نجاست نیچے کی طرف گر جاتی ہے اور دعا آسمان کی طرف۔

خلا بفتح الخاء وبالمد موضع قضاء الحاجة سمی بذالک لخلا ئه فی غیر اوقات قضاء الحاجة وهو الکنیف والحش والمرحاض ایضا واصله المکان الخالی (عمدہ)

یعنی خلاء کے لفظی معنی ہیں خالی جگہ، تنہائی کی جگہ تو چونکہ قضاء حاجت کیلئے ایسے ہی مقامات مستعمل ہوتے تھے۔ اس لئے اس لفظ کے معنی ہو گئے قضاء حاجت کی جگہ۔

من الخبث والخبائث. خبث بضم الخاء والباء، نیز بسکون الباء خبیث کی جمع ہے اور خبائث خبیثة کی جمع مراد شیاطین ذکور واناث یعنی مذکر و مؤنث مراد ہیں واستعاذته صلی الله علیه وسلم اظهار العبودية وتعليم الامة والا فهو معصوم من الجن والانس۔

ابوابُ الوضوکی ترتیب پر اعتراض وجواب

حافظ عسقلانی رح نے لکھا ہے کہ اس باب اور اس کے بعد آنے والے ابواب جو باب الوضوء مرۃ مرۃ تک ذکر ہوئے ہیں اشکال ہوا ہے۔ کیونکہ امام بخاری ابواب وضو ذکر کر رہے تھے، یہاں سے چند ابواب ایسے شروع کر دیئے جن کا تعلق وضو سے نہیں ہے اور ان کے بعد پھر وضو کے ابواب لائے ہیں۔ درمیان میں استنجاء کے متعلقات کا ذکر باعث اشکال ہے۔

چنانچہ علامہ کرمانی رح نے اس طرح اعتراض ذکر کیا کہ بسم اللہ منہ دھونے سے پہلے ہوتی ہے بعد میں نہیں پھر ابواب وضو کے درمیان بیت الخلاء اور مسائل استنجاء کا ذکر مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ پھر علامہ کرمانی رح نے خود ہی جواب دیا کہ امام بخاری رح ابواب میں حسن ترتیب کی رعایت نہیں فرماتے امام بخاری رح کی تمام تر توجہ نقل حدیث اور صحت سے متعلق باتوں پر ہے۔ حافظ عسقلانی رح نے علامہ کرمانی کے اس دعوے پر حیرت کا اظہار کیا ہے کیوں کہ امام بخاری رح کا اہتمام و حسن ترتیب ضرب المثل ہے اور تمام مصنفین سے زیادہ حسن ترتیب پر توجہ دی ہے چنانچہ بہت سے علماء نے کہا ہے "فقه البخاری فی تراجمه" امام بخاری رح کی فقہی عظمت ان کے تراجم ابواب سے معلوم ہوتی ہے گو بعض ابواب کی ترتیب بادی النظر میں باعث اشکال معلوم ہوتی ہے مگر دقت نظر سے یہ بات ظاہر ہے کہ پہلے تو امام بخاری نے وضو کا فرض بیان کیا اور بتلایا کہ وہ صحت صلوٰۃ کیلئے شرط ہے پھر اسکی فضیلت ذکر کی اور بتلایا کہ وضو کا وجوب بغیر تیقن حدث نہیں ہے اور عضو کو پورا دھو لینے سے زیادہ (یعنی دو مرتبہ یا تین مرتبہ دھونا) فرض نہیں ہے اس پر جو کچھ زیادتی ہو گی وہ از قبیل اسباغ و فضل ہے۔

اور اسی وضوء سے متعلق یہ صورت بھی ہے کہ بعض اعضاء دھونے میں ایک چلو پانی پر اکتفا ہو سکتی ہے، پھر بتلایا کہ تسمیہ وضو کے شروع میں اسی طرح مشروع ہے جس طرح دخول خلاء کے وقت شروع

ہے اور یہیں سے استنجار کے آداب و شرائط اور اس کے مسائل و متعلقات شروع ہو گئے گویا اس جگہ ترتیب ابواب الشئ بالشئ کی بنار پر ہے اور اسلئے یہ مناسبت دقت نظر و فکر کا محتاج ہے۔

باب ۱۰۵

وَضعِ المَاءِ عِندَ الخَلاءِ

پاخانے کے پاس پانی رکھنا

۱۴۳۔ حدثنا عبدُ اللهِ بنُ محمدٍ قال ثنا هاشمُ بنُ القاسمِ قال ثنا ورقاءُ عن عُبَيدِ اللهِ بنِ ابی یزیدَ عن ابنِ عباسٍ انّ النبیّ صلی اللهُ علیہ وسلم دخلَ الخلاءَ فوضعتُ له وَضوءً قال مَن وَضعَ هٰذا فاُخبِرَ فقالَ اللّٰهُمَّ فقِّهہُ فی الدّینِ۔

ترجمہ حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم بیت الخلار میں تشریف لے گئے تو میں نے آپؐ کیلئے وضو کا پانی رکھدیا۔ آپؐ نے (باہر نکل کر) پوچھا "یہ پانی کس نے رکھا؟ (حضرت میمونہ رضؓ نے بتادیا) جب آپؐ کو بتلایا گیا تو آپ نے (میرے لئے) دعا فرمائی کہ اے اللہ اس کو دین کی سمجھ عطا فرما۔

ربط ماقبل ومقصد ترجمہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں "وجه المناسبة بين البابين ظاهر لان حل ما فيها مما يستعمل عند الخلاء"۔

امام بخاریؒ کا مقصد اس ترجمہ سے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی بزرگ کی خدمت بغیر حکم کے بھی درست ہے۔ نیز کوئی بزرگ، استاذ غسل خانے یا بیت الخلار جانے لگے تو شاگرد، خادم کو چاہیئے کہ پانی رکھدے اور مخدوم اور استاد کو چاہیئے کہ اس کے عوض خادم کو دعار خیر دے۔

۲۔ ان حضرات کی تردید مقصود ہو جو لوگ کہتے ہیں کہ پانی پینے کی چیز ہے اس لئے پانی سے استنجار مکروہ ہے، امام بخاری رحؒ نے یہ باب قائم کر کے استنجار بالمار ثابت کردیا۔

تعدد موضعہ والحدیث هنا ص۲۶ ومر فی ص۱۷ ویاتی ص۱۳۵ و ص۱۰۸۱ واخرجه مسلم ص۲۹۸۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة فی قوله ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل

الخلاء فوضعت له وَضوءً "

تشریح حافظ عسقلانی فرماتے ہیں کہ حدیث پاک کے الفاظ فوضعت له وضوءً میں وضو بفتح الواو ہے ای ماء لیتوضاء به وقیل یحتمل ان یکون تارله ایاه لیستنجی به وفیه نظر (فتح) یعنی بعض حضرات نے یہ خیال کیا ہے کہ یہ پانی جو ابن عباس رض نے رکھا تھا وہ استنجاء کیلئے تھا حافظ عسقلانی کہتے ہیں کہ بات محل نظر ہے یعنی صحیح نہیں۔

مگر امام بخاری رح کا ترجمۃ الباب وضع الماء عند الخلاء، سے معلوم ہوتا ہے کہ عند البخاری یہ پانی استنجاء کیلئے تھا جیسا کہ عند الخلاء سے اشارہ ملتا ہے چنانچہ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رح فرماتے ہیں " فوضعت له وضوء سے شبہ ہوتا ہے کہ یہ وضو کا پانی تھا یہ غلط ہے بلکہ اس سے ماء الاستنجاء مراد ہے " (تقریر بخاری ج۲ ص۱۴۰) واللہ اعلم بالصواب۔

علامہ نووی رح فرماتے ہیں کہ وفیه اجابة دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم له فکان من الفقه بالمحل الاعلیٰ (شرح نووی ص۲۹۵) حضرت ابن عباس رض اس دعا کی برکت سے حبر الامت راس المفسرین اور اعلیٰ درجہ کے فقیہ ہوئے کہ فقہ شافعی کا تمام تر مدار ان ہی پر ہے جیسے فقہ حنفی کا مدار حضرت عبد اللہ بن مسعود رض پر ہے، اس حدیث کی مزید تشریح حدیث ۷۴، کی تشریح دیکھیے۔ (محمد عثمان غنی چیلی)

بَابُ ۱۰۶

لَا تُسْتَقْبَلُ الْقِبْلَةُ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ اِلَّا عِنْدَ الْبِنَاءِ جِدَارٍ اَوْ نَحْوِهٖ

پاخانہ پیشاب کیوقت قبلہ کیطرف رخ نہ کیا جائے مگر جب کوئی عمارت آڑ ہو جیسے دیوار وغیرہ

۱۴۴ ا حدثنا آدم قال ثنا ابن ابی ذئب قال ثنا الزهریُّ عن عطاء بن یزید اللیثی عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی احدکم الغائط فلا یستقبل القبلة ولا یولها ظهره شرقوا او غربوا۔)

ترجمہ حضرت ابو ایوب انصاری رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم میں سے کوئی پاخانہ میں جائے تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرے اور نہ اسکی طرف پیٹھ کرے (بلکہ) پورب

یا پچھم کی طرف منہ کرو۔

مطابقتہ للترجمہ مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة في قوله اذا اتى احدكم الغائط فلا يستقبل القبلة الخ

تعدد موضعه والحديث هنا ملا وياتي في الصلوٰة ص۵۷ ص۵۷۔

ربط ما قبل ومقصد ترجمہ باب سابق میں دخول خلاء کا ذکر تھا اس باب میں عند الخلاء نشست کی تعلیم وطریقہ ادب کا بیان ہے فالمناسبة واضحة۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ آپ کا اسم گرامی خالد بن زید بخاری خزرجی انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے اور کنیت ابوایوب ہے آپ بیعت عقبہ ثانیہ میں حاضر ہوئے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر بیعت کی آپ کا مسکن مدینہ منورہ تھا۔ آپ ہی وہ صحابی ہیں جنھیں ابتداء ہجرت میں ایک ماہ تک حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی میزبانی کی سعادت حاصل ہوئی۔

حضرت ابوایوب انصاری رضؓ کو غزوۂ بدر اور تمام غزوات میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ شرکت کا شرف حاصل رہا، اور حضور ﷺ کے بعد بھی جہاد کا عمل جاری رکھا، آپ ایسی محاربات میں ہمیشہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے، آپؓ کا انتقال حضرت معاویہ رضؓ کے دور خلافت میں ۵۰ھ (قیل ۵۲ھ وقیل ۵۵ھ) میں قسطنطنیہ میں ہوا اور وہاں قلعہ کے نشیبی حصہ میں دفن ہوئے۔ اب تک آپ کا مزار پرانوار قسطنطنیہ میں موجود ہے۔ اگر بارش نہیں ہوتی ہے تو ان کے مزار پر حاضر ہو کر دعا کرنے سے بارش ہوتی ہے (عمدہ)

آپؓ سے ایک سو پچاس حدیثیں مروی ہیں ان میں سات متفق علیہ اور تنہا بخاری نے صرف ایک روایت کی ہے (عمدہ) تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۹۰

تشریح الغائط لغۃً غائط نشیبی (پست) زمین کو کہتے ہیں، چونکہ اہل عرب قضاء حاجت کیلئے عموماً نشیبی زمین کو استعمال کرتے تھے جس کے اطراف اٹھے ہوئے ہوں اس لئے اس کا اطلاق بیت الخلاء پر ہونے لگا، عام طور پر ہند وپاک کے دیہات والے بھی جہاں گھروں میں بیت الخلاء نہیں ہیں۔ پاخانہ کی ضرورت پیش آجائے تو وہ بھی ایسی ہی جنگلوں اور کھیتوں میں پست زمین تلاش کرتے ہیں۔ جو گڑھا ہو اور ادھر ادھر سے اونچا ہو تاکہ پردہ ہو سکے۔

اور بعض اوقات لفظ غائط کا اطلاق نجاست خارجہ یعنی پاخانہ کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

شرقوا او غربوا یعنی مشرق کا رخ کرو یا مغرب کا۔ یہ حکم مدینہ طیبہ کے اعتبار سے ہے کیوں کہ مدینہ طیبہ

سے قبلہ جانب جنوب میں واقع ہے اسلئے جن مقامات پر قبلہ جانب جنوب یا شمال میں ہے جیسے مدینہ طیبہ شام اور یمن وغیرہ، صرف ان ہی مقامات والوں کیلئے شرقوا او غربوا کا حکم ہے لیکن جن مقامات پر قبلہ مشرق یا مغرب میں ہے جیسے بنگلہ دیش، ہندوستان اور پاکستان وغیرہ وہاں جنبوا او شملوا ہوگا اسلئے کہ اصل علت احترام قبلہ ہے۔

اقوال الفقہاء فی مسئلۃ الباب

قبلہ کیطرف منہ کر کے یا پیٹھ کر کے قضائے حاجت کے سلسلے میں ائمہ کرام وفقہاء عظام کے آٹھ اقوال ہیں۔

(۱) استقبال اور استدبار دونوں علی الاطلاق مکروہ تحریمی ناجائز ہیں خواہ صحراء (جنگل، میدان) ہو یا بنیان (آبادی) علی الاطلاق ممنوع ہے۔ والیہ ذہب ابو ایوب الانصاریؓ ابن مسعودؓ ابو ہریرہؓ، ومجاہدؒ ابراہیم نخعیؒ امام اعظم ابو حنیفہؒ، سفیان ثوری، احمد بن حنبل فی روایۃ ابن حزم ظاہری، ابن عربی، ابن قیم رحمہم اللہ تعالیٰ یعنی جمہور فقہاء کا یہی مذہب ہے اور حنفیہ کے نزدیک اسی پر فتویٰ ہے۔

(۲) استقبال واستدبار دونوں مطلقا جائز ہیں خواہ آبادی میں ہو یا صحراء (کھلی فضاء) میں ہو یہ مسلک عروہ بن زبیر، امام مالک کے استاد ربیعۃ الرائی اور داؤد ظاہری رحمہم اللہ سے منقول ہے یہ حضرات مذکورہ بالا احادیث کو منسوخ کہتے ہیں (عمدہ)

(۳) استقبال قبلہ (یعنی قضائے حاجت کیوقت قبلہ کیطرف منہ کرنا) کہیں بھی جائز نہیں نہ عمارت (بیت الخلاء) میں نہ میدان میں، اور استدبار (یعنی قبلہ کی طرف پیٹھ کرنا) ہر جگہ جائز ہے۔ وھو احدی الروایتین عن ابی حنیفۃؒ (عمدہ)

(۴) استقبال اور استدبار دونوں صحراء میں ناجائز اور بنیان یعنی آبادی میں دونوں جائز و بہ قال مالک والشافعی واسحاق واحمد فی روایۃ رحمہم اللہ تعالیٰ وھو مروی عن ابن عباس وابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم واستدلوا بحدیث ابن عمرؓ الاتی ذکرہ عن قریب انشاء اللہ وھذہ المذاھب الاربعۃ مشھورۃ عن العلماء ولم یذکر النووی فی شرح المھذب غیرھا وکذالک عامۃ شراح البخاری (عمدہ)

(۵) استقبال بہر صورت ناجائز اور استدبار آبادی میں جائز اور صحراء میں ناجائز تمسکا بظاہر حدیث ابن عمر وھو مروی عن ابی یوسف (عمدہ) (۶) استقبال واستدبار کعبہ کے ساتھ بیت المقدس کا استقبال واستدبار بھی مطلقا ناجائز ہے یہ قول منقول ہے ابراہیم نخعی اور محمد بن سیرین رحمہم اللہ سے۔ (۷) استقبال اور استدبار دونوں کی ممانعت اہل مدینہ اور اس سمت میں رہنے والوں کیلئے مخصوص ہے یہ قول ابو عوانہ کا ہے جو مزنیؒ کے شاگرد ہیں۔ (۸) استقبال واستدبار مطلقاً مکروہ تنزیہی ہیں یہ امام اعظم ابو حنیفہؒ سے ایک روایت ہے۔

امام بخاریؒ کا رجحان مذکورہ بالا مذاہب و اقوال میں امام بخاریؒ نے چوتھا قول یعنی ائمہ ثلاثہؒ کا مذہب اختیار فرمایا ہے جیسا کہ امام بخاری ترجمۃ الباب الاعند البناء جدار اونحوہ کی قید لگا کر اشارہ کر رہے ہیں. حالانکہ حدیث الباب حضرت ابوایوب انصاریؓ کی حدیث میں کوئی قید واستثنار نہیں ہے بلکہ حدیث الباب میں استقبال واستدبار قبلہ کی مطلقا ممانعت ہے خواہ صحرا میں ہو یا بنیان میں.

لیکن امام بخاریؒ اپنے ترجیحی مسلک کو جب بیان کرتے ہیں تو عام کو خاص اور مطلق کو مقید کر دیتے ہیں جیسا کہ یہاں بھی کیا ہے، حدیث ابی ایوب مطلق اور عام ہے مگر ترجمہ کو مقید کر دیا.

سوال اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حدیث الباب میں صحرا اور بنیان کی کوئی تفریق نہیں ہے، مطلقا ممانعت ہے تو حدیث مطلق سے مقید ترجمہ کیسے ثابت ہوگا؟

جواب: حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں: اجیب بثلاثۃ اجوبۃ (فتح) اور حافظ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک سب سے زیادہ قوی جواب یہ ہے کہ امام بخاریؒ نے لفظ غائط کے لغوی معنی مراد لیا ہے. غائط کے لغوی معنی ہیں نشیبی وسیع میدان، یعنی ایسا وسیع میدان جسکے اطراف اٹھے ہوئے ہوں تو جب غائط کے لغوی معنی حقیقی معنی وسیع میدان کے ہوئے تو اس لفظ سے خود معلوم ہوگیا کہ یہ حکم صحرا کا ہے.

علامہ عینیؒ کا اعتراض فرماتے ہیں کہ یہ استدلال درست نہیں کیوں کہ قاعدہ ہے کہ جب کسی لفظ کو لغوی معنی کے علاوہ دوسرے معنی استعمال کرنے لگتے ہیں اور وہ استعمال اصلی معنی پر غالب ہوجاتا ہے تو وہ حقیقت عرفیہ کہلاتی ہے جس کے مقابلے میں حقیقت لغویہ مغلوب ومتروک ہوجاتی ہے. اہل عرب لفظ غائط کا استعمال جسم انسانی سے نکلنے والی نجاست پر کرتے ہیں تو اب یہ حقیقت عرفیہ کہلاتی ہے تو جب حقیقت لغویہ متروک ہوگئی تو معنی عرفی ہی مراد ہوں گے.

جواب ۲:۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ آبادی میں پیشاب، پاخانہ کرنے والوں کے سامنے دیوار وغیرہ کی آڑ ہوتی ہے اسلئے استقبال کی نسبت دیوار وغیرہ کی طرف ہوگی یعنی آبادی (بیت الخلاء) میں استقبال واستدبار دیوار و بنیان کا ہوگا. کعبہ کا نہ ہوگا.

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ جب بھی کوئی شخص کعبہ کی سمت توجہ کرتا ہے تو اس پر استقبال کعبہ کا ہی اطلاق ہوتا ہے چاہے وہ صحرا میں ہو یا آبادی میں ہو، آبادی میں اگر دیوار وغیرہ کی آڑ حاصل ہوسکتی ہے تو کیا صحرا اور جنگل میں پہاڑوں اور درختوں کی آڑ حائل نہیں ہوسکتی.

جواب ۳: ۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے الا عند البناء جد ۱/۱ کا استثناء حدیث ابن عمرؓ سے نکالا ہے جو متصلاً آئندہ باب میں آئے گی، تفصیل تو آئندہ باب میں اپنی جگہ آئے گی خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک روز دیکھا کہ کوٹھے پر بیت الخلاء کے اندر بیت المقدس کیطرف رُخ کئے ہوئے قضاء حاجت کر رہے ہیں۔

جواب: ۔ یہ جواب توجیہ القائل بمالا یرضیٰ بہ کے قبیل سے ہے اسلئے کہ اگر امام بخاریؒ ابن عمرؓ کی اس حدیث کے پیش نظر ترجمۃ الباب کو مقید کرتے تو ظاہر ہے کہ اس کو اسی باب کے تحت نقل کرتے۔

حضرت ابن عمرؓ کی پوری حدیث پر نظر کرنے سے معلوم ہوگا کہ ابن عمرؓ کی حدیث کو قبلہ کے استقبال واستدبار سے تعلق نہیں ہے بلکہ حضرت ابن عمرؓ نے ان لوگوں کی تردید فرمائی ہے۔ جو لوگ خانہ کعبہ کے ساتھ بیت المقدس کو بھی برابری کا درجہ دے رہے تھے جیساکہ عنقریب معلوم ہوگا۔

حنفیہ کی وجوہ ترجیح حنفیہ نے اس سلسلے کی تمام روایات میں حضرت ابوایوب انصاریؓ کی روایت کو بچند وجوہ ترجیح دے کر اپنے مذہب کی بنیاد رکھی ہے۔

۱۔ یہ حدیث باتفاق محدثین اصح رأفی الباب ہے۔

۲۔ حضرت ابوایوبؓ کی حدیث قولی ہے باقی روایات فعلی ہیں اور قاعدہ مسلمہ ہے کہ قولی حدیث کو فعلی پر ترجیح ہوگی۔

۳۔ محرّم راجح ہے مبیح پر۔

۴۔ اگر ایک حدیث میں امت کو عام خطاب ہو اور دوسرے میں نبی کا کوئی اپنا عمل بیان ہو تو اول کو ترجیح ہوگی ثانی پر کیوں کہ ثانی میں خصوصیت نبیؐ کا احتمال ہے کیوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک بیت اللہ شریف سے افضل تھی لہذا آپؐ کیلئے استقبال واستدبار جائز تھے باقی امت کیلئے ممنوع۔

۵۔ اگر ایک میں ضابطۂ کلیہ اور عام تشریعی قانون کا بیان ہے اور دوسری میں کسی جزئی واقعہ کا ذکر ہے تو اول کو ترجیح ہوگی ثانی پر کیوں کہ کلیات کی حفاظت جزئیات سے مقدم ہے۔

۶۔ حضرت ابوایوبؓ کی روایت معلوم العلۃ والسبب ہے جو جہت قبلہ کی تعظیم و تکریم ہے۔

۷۔ حضرت ابوایوبؓ کی حدیث مؤید بالقیاس ہے کیونکہ ایک حدیث میں آیا ہے من تفل تجاہ القبلۃ جاء یوم القیامۃ وتفلہ بین عینیہ (معارف السنن ج ۱ ص ۹۵)

تو جب قبلہ کی طرف تھوکنے کی ممانعت ہے تو قضائے حاجت میں استقبال قبلہ کی ممانعت بطریق اولیٰ ہوگی خواہ صحرا ہو یا بنیان۔

باب ۱۰۷

من تبرز على لبنتين ص۲۶

جو شخص کچی دو اینٹوں پر بیٹھکر پاخانہ کرے

۱۴۵: حدثنا عبد الله بن يوسف قال اخبرنا مالك عن يحيى بن سعيد عن محمد بن يحيى بن حبان عن عمه واسع بن حبان عن عبد الله بن عمر انه كان يقول ان ناسا يقولون اذا قعدت على حاجتك فلا تستقبل القبلة ولا بيت المقدس فقال عبد الله بن عمر لقد ارتقيت يوما على ظهر بيت لنا فرايت رسول الله صلى الله عليه وسلم على لبنتين مستقبلا بيت المقدس لحاجته وقال لعلك من الذين يصلون على اوراكهم فقلت لا ادري والله قال مالك يعني الذي يصلي ولا يرتفع عن الارض يسجد وهو لاصق بالارض۔

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے وہ فرماتے تھے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جب قضاء حاجت کیلئے بیٹھو تو نہ قبلہ کی طرف منہ کرو نہ بیت المقدس کیطرف، پھر عبد اللہ بن عمر رضؓ نے فرمایا کہ ایک دن میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ بیت المقدس کیطرف منہ کرکے قضاء حاجت کیلئے بیٹھے ہیں، پھر ابن عمر رضؓ نے (واسع سے) کہا شاید تو ان لوگوں میں سے ہے جو چوتڑوں کے بل نماز پڑھتے ہیں، میں نے کہا خدا کی قسم میں نہیں جانتا (کہ آپ کا کیا مطلب ہے؟) امام مالک رحؒ نے کہا ابن عمر رضؓ کی مراد (اس چوتڑوں کے بل نماز پڑھنے سے) وہ شخص ہے جو نماز میں زمین سے اونچا نہ ہو، سجدہ کرتے ہوئے زمین سے ملا رہے (جس طرح عورتیں سجدہ کرتی ہیں مردوں کے لئے ایسا کرنا خلاف سنت ہے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة "فرايت رسول الله صلى الله عليه وسلم على لبنتين مستقبلا بيت المقدس لحاجته"

تعدد موضعه والحديث هنا ص۲۶ وسياتي ص۲۷ ايضا ص۲۷ وفي الخمس ص۴۳۷

ماقبل سے ربط اور امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد ماقبل کے باب سے ربط کے سلسلے میں علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:۔
وجه المناسبة بين البابين ظاهر وهو ان حديث هذا الباب مخصص لحديث الباب الاول على راى البخاري ومن ذهب الى مذهبه فى ذالك۔

مقصد امام بخاری رحمہ اللہ کا اس باب سے یہ بتانا ہے کہ آبادی بنائے گئے بیت الخلاء کے قدمچوں پر بیٹھکر رفع حاجت کرنا جائز ہے اس میں تستر کے علاوہ اونچائی کیوجہ سے نجاست سے حفاظت بھی ہے اگر قدمچے نہ ہوں اور ہموار زمین سے متصل نشست ہو تو پیشاب کے چھینٹوں اور نجاست سے بدن اور کپڑے کی حفاظت مشکل ہے۔

تشریح حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان لوگوں کے خیال کی تردید فرماتے ہیں جو قضاء حاجت کے وقت اور بیت المقدس دونوں کا استقبال ممنوع سمجھتے ہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا مقصد صرف یہ ہے کہ استقبال بیت المقدس کو جو لوگ ناجائز کہتے ہیں اس پر رد کرنا ہے یہ غرض نہیں ہے کہ استدبار فی البیوت جائز ہے بلکہ صرف قبلہ اور بیت المقدس میں فرق بتانا مقصود ہے۔

باب ۱۰۸

خروج النساء الى البراز ص۲۶

عورتوں کا قضاء حاجت کیلئے باہر نکلنا

۱۴۶ (حدثنا يحيى بن بكير قال ثنا الليث قال حدثني عقيل عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة ان ازواج النبي صلى الله عليه وسلم كن يخرجن بالليل اذا تبرزن الى المناصع وهي صعيد افيح وكان عمر يقول للنبي صلى الله عليه وسلم احجب نساءك فلم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل فخرجت سودة بنت زمعة زوج النبي صلى الله عليه وسلم ليلة من الليالى

عِشاءً وکانت امرءۃً طویلۃً فناداھا عمرُ الا قد عرفناكِ یا سودۃُ
حِرصًا علی ان یُنزل الحجابُ فانزل اللہ الحجابَ)

ترجمہ ۱۴۶ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں رات میں مناصع کی طرف قضاء حاجت کیلئے جایا کرتی تھیں۔ اور مناصع (مدینہ سے باہر) کھلا میدان ہے اور حضرت عمرؓ (کئی دن سے) نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کرتے تھے کہ اپنی عورتوں کو پردے کا حکم دیجئے لیکن حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ایسا حکم نہیں دیتے تھے ایک بار ایسا ہوا کہ آپؐ کی بیوی سودہ بنت زمعہؓ رات کو عشاء کے وقت (قضاء حاجت کیلئے) نکلیں اور یہ لمبے قد کی عورت تھیں، حضرت عمرؓ نے ان کو آواز دی سن لو اے سودہؓ ہم نے تمہیں پہچان لیا، حضرت عمرؓ کو حرص تھی کہ پردے کا حکم نازل ہو جائے چنانچہ اللہ تعالے نے پردہ کا حکم) نازل فرما دیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ اذا تبرزن الی المناصع"

تعدد موضعہ والحدیث ھنا ص۲۶ ایضا متصلا ص۲۶ ویاتی فی التفسیر ص۷۰۷ وفی النکاح ص۷۸۸ وفی الاستیذان ص۹۲۲۔

۱۴۷: حدثنا زکریاءُ قال حدثنا ابو اُسامۃَ عن ھشامِ بن عروۃَ عن ابیہ عن عائشۃَ عن النبی النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال قد اُذِنَ لکُنَّ اَن تخرُجنَ فی حاجتِکُنَّ قال ھشام یعنی البَرازَ)

ترجمہ حضرت عائشہؓ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپؐ نے (اپنی بیویوں سے) فرمایا کہ تمہیں قضاء حاجت کیلئے باہر نکلنے کی اجازت ہے، ہشام کہتے ہیں حاجت سے مراد پاخانہ ہے (یعنی پاخانہ کی حاجت کیلئے گھروں سے نکلنے کی اللہ تعالے نے اجازت دیدی ہے)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ لان الباب مقصود فی خروجھن الی البراز وفی ھذا الحدیث بیان ان اللہ تعالیٰ قد اذن لھن بالخروج عن بیوتھن الی البراز (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھنا ص۲۶ مرّ ایضا ص۲۶ ویاتی ص۷۰۷ و ص۷۸۸ و ص۹۲۲

روایات حجاب میں بظاہر تعارض ہے امام بخاریؒ نے اس باب میں ۲ دو حدیث نقل فرمائی ہیں اور دونوں میں بظاہر تعارض ہے۔

حدیث الباب کی پہلی حدیث (حدیث ۱۴۶) کے الفاظ حرصا علی ان ینزل الحجاب فانزل اللہ

الحجاب سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین حضرت سودہ رضہ کا نکلنا حکم حجاب سے قبل کا ہے نیز اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عمر فاروق رضہ کا منشاء پورا ہو گیا اور وحی الٰہی نے ان کی موافقت کی۔

اور دوسری حدیث (حدیث ۱۴۷) نیز کتاب التفسیر کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین حضرت سودہ رضہ کا واقعہ حجاب کا حکم آجانے کے بعد پیش آیا۔ جس کے الفاظ ہیں "عن عائشۃ قالت خرجت سودۃ بعد ما ضرب الحجاب الخ" نیز اس روایت سے اور کتاب التفسیر کی روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضہ کا منشاء پورا نہ ہو سکا بلکہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:-

تطبیق شارح بخاری حافظ عسقلانی رح فرماتے ہیں:-

"یحتمل ان یکون اراد (عمر رضہ) کا ستر اولاً الابستر وجوھھن فلما وقع الامر بما اراد احب ایضاً ان یحجب اشخاصھن مبالغۃ فی التفسیر فلم یجب الاجل الضرورۃ (فتح الباری ص۲۰۱)" ممکن ہے کہ حضرت عمر رضہ نے اولاد ازواج مطہرات کے چہروں کا پردہ چاہا ہو، جب اللہ تعالیٰ کا حکم عمر رضہ کی خواہش کے مطابق بوقت نازل ہو گیا (اور اسی ایک حصہ میں موافقت کی وجہ سے حضرت عمر رضہ نے وافقت ربی فی ثلاث فرمادیا) پھر اس کے بعد حضرت عمر رضہ نے یہ چاہا کہ اشخاص کے پردہ کا حکم ہو جائے یعنی پورا جسم چھپ جائے، تو اللہ تعالیٰ نے ضروریات کی وجہ سے یہ حکم نازل نہیں فرمایا۔ خلاصہ یہ ہے کہ حجاب کے دو درجے ہیں ایک حجاب وجوہ اور دوسرا حجاب اشخاص۔

حجاب وجوہ یعنی چہرے کا پردہ، مطلب یہ ہے کہ عورت خواہ گھر میں رہے یا کسی ضرورت سے گھر سے باہر نکلے لیکن کسی غیر مرد کے سامنے اپنا چہرہ بے نقاب نہ کرے۔

اور حجاب اشخاص یہ ہے کہ عورتیں اپنے ذوات واشخاص ہی کو مستور رکھیں یعنی پورا جسم اس طرح چھپا رہے کہ شناخت نہ ہو سکے یہ دو چیزیں الگ الگ ہیں۔

احکام حجاب کی تشریح حضرت عمر رضہ نے پہلے حجاب وجوہ کی خواہش ظاہر کی اور عرض کیا۔

یا رسول اللہ یدخل علیک البر والفاجر فلو امرت امہات المؤمنین بالحجاب فانزل اللہ آیۃ الحجاب (بخاری ثانی ص۷۰۶)	یا رسول اللہ آپ کے پاس اچھے اور برے ہر طرح کے لوگ آتے ہیں کاش آپ امہات المؤمنین (اپنی بیویوں) کو پردے کا حکم فرمادیں چنانچہ آیت حجاب نازل ہو گئی (یعنی حضرت عمر رضہ کی رائے کے موافق اللہ تعالیٰ نے پردے کا حکم نازل فرمادیا)

اس آیت حجاب سے سورہ احزاب کی آیت یایہا الذین امنوا لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یؤذن لکم الآیۃ (پارہ ۲۲ رکوع ۴) مراد ہے۔

جیسا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے :-

قال انس بن مالك انا اعلم الناس بهذه الاية اية الحجاب لما أُهديت زينب بنت جحش رضی اللہ عنہا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم كانت معه فى البيت صنع طعاما ودعا القوم فقعدوا يتحدثون فجعل النبى صلى الله عليه وسلم يخرج ثم يرجع وهم قعود يتحدثون فانزل الله تعالى "يايها الذين امنوا لا تدخلوا بيوت النبى الا ان يؤذن لكم الى طعام غير ناظرين اناه الى قوله من وراء حجاب فضرب الحجاب وقام القوم (بخاری ۲ صفحہ ۷۰۶)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اس آیت یعنی آیت حجاب (کے شان نزول) کے متعلق سب سے زیادہ جانتا ہوں جب حضرت زینب دلہن بنا کر رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجی گئیں اور وہ آپ کے ساتھ آپ کے گھر ہی میں تھیں تو آپ نے کھانا تیار کروایا اور قوم کو دعوت دی پھر (کھانے سے فارغ ہونے کے بعد) لوگ بیٹھے باتیں کر رہے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باہر جاتے پھر اندر آتے (تاکہ لوگ اٹھ جائیں) لیکن لوگ بیٹھے باتیں کرتے رہے اس پر اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی "اے ایمان والو نبی کے گھروں میں بے اجازت مت جایا کرو مگر جس وقت تم کو کھانے کے لئے (آنے کی) اجازت دی جائے ایسے طور پر کہ اس (کھانے) کی تیاری کے منتظر نہ رہو (یعنی بے دعوت تو جاؤ مت اور اگر دعوت ہو تب بھی بہت پہلے سے مت جا بیٹھو) لیکن جب تم کو بلایا جائے (کہ اب چلو کھانا تیار ہے) تب جایا کرو پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھا کرو (کیونکہ) اس بات سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگواری ہوتی ہے سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں (اور زبان سے نہیں فرماتے کہ اٹھ کر چلے جاؤ) اور اللہ تعالے صاف بات کہنے سے (کسی کا لحاظ نہیں کرتا اسلئے صاف صاف کہدیا گیا) اور (اب سے یہ حکم کیا جاتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں تم سے پردہ کیا کریں گی تو اب سے) جب تم ان سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے باہر (کھڑے ہو کر وہاں) سے مانگو ، اسی وقت پردہ ڈالدیا گیا اور لوگ اٹھ گئے۔

احکام حجاب کی ترتیب

سب سے پہلے آیت حجاب یعنی لا تدخلوا بیوت النبی (سورۂ احزاب آیت ۵۳) کس سن میں نازل ہوئی ؟ یعنی پردے کا حکم کب ہوا ؟ اقوال مختلف ہیں ۳ھ ۴ھ لیکن سب سے راجح قول یہ ہے کہ ۵ھ میں ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے طعام ولیمہ کے روز نازل ہوئی جیسا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا روایت میں تصریح ہے اور یہی آیت احزاب آیت حجاب سے مشہور ہے اور یہ آیت حجاب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی درخواست کے بعد نازل ہوئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خواہش و درخواست کے مطابق نازل ہوئی ، اس آیت میں گھر کی حالت کا بیان ہے کہ دوسروں کے گھروں میں داخل مت ہو اور اگر کوئی چیز عورتوں سے مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو۔

اس حجاب کا حاصل دوسروں کو اجنبی عورتوں سے روکنا تھا، عورتوں کو باہر نکلنے سے بالکلیہ روکنا نہ تھا، اس آیت حجاب کے نازل ہونے کے بعد بھی عورتیں حسب ضرورت تستر کے ساتھ باہر نکلتی تھیں مگر نزول حجاب کے بعد بھی حضرت عمرؓ حکم حجاب میں سختی و تنگی چاہتے تھے حضرت عمرؓ کی خواہش تھی کہ عورتوں کا گھروں سے باہر نکلنا ممنوع ہو جائے۔

اسی دوران ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ رات کے وقت ام المؤمنین حضرت سودہؓ قضائے حاجت کیلئے آبادی سے باہر جا رہی تھیں، حضرت سودہؓ لمبے قد کی عورت تھیں (اسلئے ان کو جاننے والا دور ہی سے پہچان لیتا تھا حضرت عمرؓ نے ان کو دیکھا تو پہچان گئے) فناداها عمر الا قد عرفناك ياسودة حرصا على ان ينزل الحجاب الخ حدیث الباب کی پہلی حدیث ۱۴۶ دیکھئے اور ترجمہ بھی ملاحظہ فرمایئے۔

اس کے آخر میں ہے فانزل الله الحجاب، اس سے یا تو مراد وہی آیت حجاب ہے جیسا کہ ابو عوانہ نے اپنے صحیح میں طریق زبیدی عن ابن شہاب سے یہ عبارت زیادہ کی ہے: فانزل الله الحجاب، یاایها الذین آمنوا لاتدخلوا بیوت النبی الآیة گویا یہاں صراحت ہوگئی کہ حضرت سودہؓ کے واقعہ میں بھی وہی آیت حجاب نازل ہوئی جو حضرت زینب کے ولیمہ کے دن نازل ہو چکی تھی۔

(فتح الباری، ایضا عمدۃ القاری ص۲۸۴)

۲: نیز یہ بھی احتمال ہے کہ فانزل الله الحجاب سے مراد آیت جلباب ہو یعنی:-

یاایها النبی قل لازواجك وبناتك ونساء المؤمنین یدنین علیهن من جلابیبهن (عمدہ ۲ ص۲۸۴)	اے نبی آپ اپنی ازواج مطہرات اور بنات طاہرات کو اور عام مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیں کہ اپنی جلباب (لمبی چادر) استعمال کریں۔

مطلب یہ ہے کہ کسی سخت ضرورت سے باہر نکلنا پڑے تو دوپٹہ کافی نہیں بلکہ اتنی لمبی چادر استعمال کیجائے کہ عورت سر سے پیر تک مستور ہو جائے صرف راستہ دیکھنے کیلئے آنکھ کھلی رہے یا ایسا برقعہ استعمال کرے کہ چہرہ پر جالی دار کپڑا ہو کہ راستہ نظر آجائے۔

حاصل یہ کہ حضرت سودہؓ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے بطور شکوہ حضرت عمرؓ کا قصہ بیان کیا تو وحی نازل ہوئی جس میں ضرورت کیوقت پورے تستر کے ساتھ باہر نکلنے کی گنجائش رکھی گئی جیسا کہ حدیث الباب کی دوسری حدیث (حدیث ۱۴۷) میں ہے: قد اذن لکن ان تخرجن فی حاجتکن"

بہر حال حضرت عمرؓ جتنی تنگی چاہتے تھے کہ کسی حالت میں باہر نہ نکلا جائے اتنی تنگی نہیں کی گئی مگر پھر بھی حضرت عمرؓ کی خواہش پوری ہوگئی کہ باہر نکلنے کیلئے مزید تستر کا حکم ہوا کہ لمبی چادر یا برقع

اوڑھ کر ضرورت کے وقت نکلنے کی اجازت ہے۔
مزید تفصیل اگر مطلوب ہو تو معارف القرآن جلد ہفتم سورہ احزاب کی تفسیر ملاحظہ فرمالیں۔

باب ۱۰۹

التبرز فی البیوت ص ۲۶ تا ص ۲۷

گھروں میں قضائے حاجت کرنیکا بیان

۱۴۸ (حدثنا ابراھیم بن المنذر قال ثنا انس بن عیاض عن عبید اللہ بن عمر عن محمد بن یحیی بن حبان عن واسع بن حبان عن عبد اللہ بن عمر قال ارتقیت علی ظہر بیت حفصۃ لبعض حاجتی فرایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقضی حاجتہ مستدبر القبلۃ مستقبل الشام)

۱۴۹ (حدثنا یعقوب بن ابراھیم قال ثنا یزید بن ھارون قال انا یحیی عن محمد بن یحیی بن حبان ان عمہ واسع بن حبان اخبرہ ان عبد اللہ بن عمر اخبرہ قال لقد ظہرت ذات یوم علی ظہر بیتنا فرایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاعدا علی لبنتین مستقبل بیت المقدس)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں ایک دن اپنی بہن) ام المؤمنین حضرت حفصہؓ کے گھر کی چھت پر اپنی کسی ضرورت سے چڑھا تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قبلہ کی طرف پیٹھ اور شام کی طرف منہ کئے ہوئے اپنی حاجت پوری کر رہے ہیں۔

ترجمہ حدیث ۱۴۹ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کا بیان ہے کہ ایک دن میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ دو کچی اینٹوں پر (قضائے حاجت کیلئے) بیٹھے ہیں بیت المقدس کی طرف منہ کئے ہوئے۔

ربط و مقصد باب سابق میں عورتوں کے قضائے حاجت کیلئے باہر نکلنے کا بیان تھا۔ عورتوں کو قضائے حاجت کیلئے باہر نکلنے کی ضرورت اسلئے پیش آتی تھی کہ اس وقت تک مکانوں میں کنیف (بیت الخلاء) کا انتظام نہ تھا۔

اب یہ باب اس امر کو بتلانے کیلئے ذکر فرمایا ہے کہ قضائے حاجت کیلئے عورتوں کا باہر جانا ہمیشہ نہیں رہا

بلکہ گھروں میں ہی بیت الخلاء بنالئے گئے اور عورتوں کو ضروریاتِ شرعیہ کے سوا گھر سے نکلنا ممنوع ہوگیا (عمدہ)

امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد احادیث باب سے یہ ہے کہ گھروں میں بیت الخلاء بنانا جائز ہے۔

مطابقۃ الحدیث حدیث ۱۴۸ کی مطابقت فی قولہ یقضی حاجتہ "
اور حدیث ۱۴۹ کی مطابقت فی قولہ قاعدا علیٰ لبنتین الخ

تعدد موضعہ

من الحدیث صفحہ ۲۶ وھٰھنا صفحہ ۲۷ وسیاتی صفحہ ۴۳۷

تشریح علی ظہر بیت حفصۃ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا کبھی اپنے گھر کی چھت اور کبھی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت میں کوئی اختلاف و تعارض نہیں ہے اسلئے کہ گھر تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ہی کا تھا لیکن کبھی بہن کے گھر کو اپنا گھر کہدیا۔

سوال وجواب سوال یہ ہے کہ فرشتوں کو غلاظت و گندگی سے نفرت اور شیاطین کو طبعی مناسبت ہے اب اگر گھروں میں بیت الخلاء بنائے گئے تو شیاطین کا تو اجتماع ہوگا مگر فرشتے نفرت کرینگے، نیز ایک روایت میں ہے کہ گھر کے اندر طشت وغیرہ میں پیشاب جمع نہ کیا جائے کیوں کہ فرشتے ایسے گھر میں نہیں آتے۔

جواب:- امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کے جواب میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت لاکر بتادیا کہ مکان کے ایک طرف .... بیت الخلاء بنانے میں کوئی مضائقہ نہیں خود حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ثابت ہے اور شیاطین کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے خود حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کی تعلیم فرمائی اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" آپ نے اپنے عمل سے بتادیا کہ بیت الخلاء کا تعلق انسانی ضروریات سے ہے ملائکہ کے نجاست سے طبعی نفرت کی وجہ سے ہم ترکِ ضروریات کے مکلف نہیں ہیں جہاں بدبو ہو وہاں ملائکہ نہیں آتے اسی طرح برہنگی کے وقت بھی نہیں آتے مگر اسلام نے ہمیں ضروریات طبعیہ سے منع نہیں کیا۔

رہا استدبار قبلہ کی تمام بحثیں گذر چکی ہیں۔

باب ۱۱۰

الاستنجاء بالماء

پانی سے استنجا کرنے کا بیان

۱۵۰ (حدثنا ابو الولید هشام بن عبد الملك قال ثنا شعبة عن ابی معاذ واسمه عطاء بن ابی میمونة قال سمعت انس بن مالك یقول کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا خرج لحاجته اجیء انا وغلام معنا اداوة من ماء یعنی یستنجی به)

ترجمہ ابو معاذ جن کا نام عطاء بن میمونہ ہے کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی حاجت کیلئے نکلتے تو میں اور ایک لڑکا اور ہمارے ساتھ ایک لوٹا پانی لے کر آتے آپ اس سے استنجا کرتے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحدیث فی قوله "یستنجی به" ای بالماء

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۲۷ ویاتی متصلاً فی باب الاتی ص۲۷ وایضا بعده ص۲۷ ویاتی ایضا ص۳۵ وفی الصلوٰة ص۷۱۔

ربط باب سابق سے مناسبت ظاہر ہے کہ قضائے حاجت کے بعد سب سے پہلے استنجاء کی ضرورت پڑتی ہے چنانچہ اس باب میں پانی سے استنجے کا ذکر ہے۔

مقصد ترجمہ حافظ عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ اراد بهذه الترجمة الرد علی من کرهه و علی من نفی وقوعه من النبی صلی الله علیه وسلم الخ

یعنی اس ترجمہ سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد ان لوگوں کی تردید ہے جنہوں نے پانی سے استنجا کو مکروہ کہا ہے یا جن حضرات نے یہ کہا ہے کہ اس (استنجا بالماء) کا ثبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہے (فتح الباری ص۲۰۱ ج۱ وعمدۃ القاری ص۲۸۷ ج۲)

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث پیش کر کے استنجاء بالماء کا جواز اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ثبوت پیش کر دیا۔

طہارت کیلئے ڈھیلے اور پانی دونوں کا استعمال افضل ہے

استنجا صرف ڈھیلے سے بھی جائز ہے اور صرف پانی سے بھی مگر دونوں کو جمع کرنا بالاتفاق افضل ہے اور بصورت جمع پہلے ڈھیلوں کو استعمال کرے تاکہ نجاست کم ہوجائے پھر پانی سے دھوئے اس صورت میں پوری صفائی اور پاکیزگی حاصل ہوجائے گی۔

لیکن صرف پانی اور ڈھیلوں کے استعمال میں کونسا عمل افضل ہے؟ ظاہر ہے کہ پانی کا استعمال افضل ہے کیوں کہ پانی نجاست کے عین واثر دونوں کو ختم کردیتا ہے اور ڈھیلوں سے صرف عین نجاست کا ازالہ ہوتا ہے مگر فی الجملہ اثر باقی رہتا ہے اسلئے ایک پر اکتفا کی صورت میں پانی کا استعمال اولیٰ و افضل ہے۔

ازالہ شبہات حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اذا لایزال فی یدی نتن" مطلب یہ ہے کہ پانی سے استنجاء کرنے میں ہاتھ میں بدبو باقی رہ جائے گی، اس سے پانی کے استعمال کا عدم جواز ثابت نہیں ہوتا البتہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ پہلے ڈھیلے استعمال کرکے پھر پانی استعمال کرو تاکہ بدبو نہ رہے یا پھر استنجاء بالماء کے بعد مٹی رگڑ کر یا صابن سے ہاتھ دھولینا چاہیئے بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ پانی انسان کی غذا ہے اور حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے جنات کی غذا میں احتیاط منقول و ثابت ہے تو انسانی غذا کی رعایت بطریق اولیٰ ہونی چاہیئے اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پانی کو نجاست دور کرنے اور پاک کرنے کا ذریعہ بنایا ہے۔

ارشاد ربانی ہے انزلنا من السماء ماء طهورا"

دوسرے کھانے پینے کی چیزوں کی خلقت اس مقصد کیلئے نہیں ہے لہذا ان سب کا احترام بجا لیکن اگر پانی کو بھی محترم قرار دیں گے تو کپڑوں وغیرہ سے بھی نجاست کو پانی سے دھونا ممنوع ہونا چاہیئے اور صرف مٹی، پتھر سے نجاست کو دور کرنا کافی ہونا چاہیئے حالانکہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے ترمذی شریف میں ہے: عن عائشة رض انها قالت مرن ازواجكن ان يغسلوا اثر الغائط والبول بالماء فان النبی ﷺ كان يفعله " معلوم ہوا کہ استنجاء بالماء خود حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

بَابُ ۱۱۱

مَن حَمَلَ مَعَهُ المَاءَ لِطُهُورِهِ وقال ابو الدَّرْدَاءِ اليسَ فِيكُمْ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالطَّهُورِ والوِسَادِ

اس شخص کے بیان میں جس کے ساتھ اس کی طہارت کیلئے پانی اٹھایا جائے (یعنی طہارت کیلئے پانی ساتھ لے چلنا) اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے (عراق والوں سے) کہا کیا تم میں وہ شخص نہیں ہے جو (آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی) جوتیاں اور وضو کا پانی اور تکیہ اپنے ساتھ رکھتا تھا وقال ابو الدرداء الیس فیکم الخ یہ ایک ٹکڑا ہے جس کو امام بخاری رحمہ اللہ مناقب عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ص۵۳۱ میں موصولا لائے ہیں۔

مُطابقت ترجمۃ الباب میں لطہورہ سے استنجاء کا طہور مراد ہے اور روایت میں والطہور سے بھی مراد آب طہارت ہے۔

۱۵۱ (حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُولُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِهِ تَبِعْتُهُ اَنَا وَغُلَامٌ مِنَّا مَعَنَا اِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ)

ترجمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے نکلتے (یعنی جنگل کیطرف جاتے) تو میں اور ہم میں سے ایک اور لڑکا (دونوں ملکر) ایک ڈول پانی کا لیکر آپ کے پیچھے جاتے۔

مُطابقۃ للترجمہ مطابقت الحدیث "فی قولہ تبعتہ انا وغلام منا معنا اداوۃ من ماء"

تعدد موضع ص۲۷ ایضا ص۲۷ و یاتی ص۳۵ ایضا ص۷۱۔

مقصد امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ بتلانا اور ثابت کرنا ہے کہ استنجے اور وضوء کے سلسلے میں دوسروں سے خدمت لینا جائز ہے مثلاً پانی وغیرہ کی ضرورت ہو تو خادم سے طلب کر لینے میں کوئی کراہت نہیں ہے خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ کوئی شخص اپنے آپ کو خادمانہ حیثیت سے پیش کرے اور خادم اس خدمت کو اپنے لئے عار نہیں بلکہ سعادت سمجھتا ہو۔

تشریح لطہورہ طہور بضم الطاء بمعنی طہارت وفی اللغۃ النظافۃ والتنزہ والطہور

بفتح الطاء وہ پانی جس سے طہارت حاصل کیا جائے جیسے سحور بضم السین سحری کرنا اور سحور بفتح السین سحر کا کھانا۔

صاحب النعلین والطہور والوساد سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ ہیں۔

صاحب النعلین کا لقب تو اس لئے ملا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی مجلس میں جوتے اتار کر تشریف لیجاتے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ جلدی سے نعلین شریفین اٹھا لیتے اور صاحب الطہور کے لقب کا سبب یہ ہے کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم استنجا وغیرہ کیلئے تشریف لیجاتے تو حضرت ابن مسعود رضؓ پانی ساتھ لیجاتے۔ اور صاحب الوسادہ کا لقب اس وجہ سے ملا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم جب کہیں سفر میں ہوتے حضرت ابن مسعود رضؓ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا تکیہ ساتھ رکھتے۔

تبعتہ انا وغلام منا یعنی میں اور ہم میں سے ایک لڑکا ایک ڈول پانی لے کر آپؐ کے پیچھے جاتے غلام کے معنیٰ ہیں نوجوان یعنی پیدائش سے لے کر بلوغ تک، بعض ائمہ لغت سے منقول ہے داڑھی نکلنے تک۔

حضرت انس بن مالک رضؓ کی اس روایت میں غلام سے مراد کون ہیں؟ تعیین میں اختلاف ہے لیکن امام بخاریؒ کا رجحان اس طرف معلوم ہوتا ہے کہ یہاں غلام سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ ہیں چنانچہ حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں" وایراد المصنف لحدیث انس مع ھذا الطرف من الحدیث ابی الدرداء یشعر اشعارا قویا بان الغلام المذکور فی حدیث انس ھو ابن مسعود وقد قدمنا ان لفظ الغلام یطلق علی غیر الصغیر مجازا (فتح ص۲۰۲/۱) وھکذا قال العلامۃ العینی" ص۲۹۲/۲)

رہا یہ اشکال کہ حضرت انس بن مالک رضؓ انصاری ہیں پھر روایت "غلام منا" کا کیا مطلب ہے؟ جواب یہ ہے کہ ای من الصحابۃ اور من خدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم (عمدہ) فلا اشکال۔

باب ۱۱۲

حمل العنزۃ مع الماء فی الاستنجاء ص۲۷

استنجے کیلئے نکلے تو پانی کے ساتھ برچھی بھی لے جانا

عنزہ وہ لاٹھی جسکے نیچے لوہے کا پھل لگا ہوا ہو یعنی برچھی۔

۱۵۲ (حدثنا محمدُ بنُ بشارٍ قال ثنا محمدُ بنُ جعفرٍ قال ثنا شعبةُ عن عطاءِ بنِ ابی میمونۃ سمع انس بن مالکٍ یقول کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدخل الخلاءَ فاحمِلُ انا وغلامٌ اداوۃً من ماءٍ

وعنزة يستنجي بالماء تابعه النضر وشاذان عن شعبة العنزة عصا عليه زج۔

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے جاتے تھے تو میں اور میرے ساتھ ایک لڑکا ایک ڈول پانی اور ایک برچھی لیجاتے، آپؐ پانی سے استنجا کرتے۔

محمد بن جعفر کے ساتھ اس حدیث کو نضر اور شاذان نے بھی شعبہ سے روایت کی ہے۔

عنزہ اس لاٹھی کو کہتے ہیں جسکے نچلے حصے میں لوہے کا پھل لگا ہوا ہو۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ نجاشی (شاہ حبش) نے یہ برچھی (شام دار لاٹھی) حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ میں بھیجی تھی، علامہ عینیؒ نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ نجاشی نے تین نیزے ارسال کئے تھے ایک آپؐ نے رکھا اور ایک حضرت علیؓ کو اور ایک حضرت عمرؓ کو عنایت فرمایا۔

مطابقة للترجمة مطابقت الحديث فی قوله وعنزة يستنجي بالماء۔

تعدد موضعه

مر الحديث ص۲۷ ايضاً ههنا ص۲۷ ويأتي ص۳۵ ايضاً ص۱۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ پانی اور برچھی دونوں کا تعلق استنجاء سے ہے پانی کا تعلق تو ظاہر ہے، عنزہ یعنی برچھی کا یہ ہو سکتا ہے کہ اس کے ذریعہ زمین کھود کر ڈھیلے لئے جاتے ہوں۔

اس تقدیر پر ترجمہ کا مقصد اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ استنجاء میں پانی اور ڈھیلوں کو جمع کرنا، یعنی پہلے ڈھیلے پھر پانی) دونوں کا استعمال کرنا افضل ہے۔

فائدہ یہ روایت اور اس سے پہلے کے دو ابواب کی دو روایتیں بالکل ایک ہی ہیں صرف امام بخاریؒ کے اساتذہ مختلف ہیں کیونکہ سب روایتیں شعبہ پر جمع ہو رہی ہیں اور سب کا مخزن حضرت انس بن مالک رضؓ ہیں لیکن سابقہ ابواب کی دونوں روایتوں میں عنزہ کا ذکر نہیں تھا اسلئے اس عنزہ کی زیادتی پر شبہ ہو سکتا تھا امام بخاریؒ نے متابعت پیش کر کے تبلا دیا کہ یہ زیادۃ بالکل درست اور ثابت ہے۔

اس کے علاوہ علامہ عینیؒ لکھتے ہیں کہ نضر کی روایت نسائی میں اور شاذان کی روایت بخاری کتاب الصلوٰۃ میں موصولاً مذکور ہے۔

باب ۱۱۳
النهي عن الاستنجاء باليمين ص۲۷
داہنے ہاتھ سے استنجاء (طہارت) کرنے کی ممانعت

ربط باب سابق سے مناسبت وربط کے سلسلے میں علامہ عینی فرماتے ہیں: وجه المناسبة بين الابين بل بين هذه الابواب ظاهرة لان جمعها مقصود في امور الاستنجاء

۱۵۳ (حدثنا معاذ بن فضالة قال ثنا هشام هو الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير عن عبد الله بن ابي قتادة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا شرب احدكم فلا يتنفس في الاناء واذا اتى الخلاء فلا يمس ذكره بيمينه ولا يتمسح بيمينه)

ترجمہ عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی پانی پئے تو برتن میں سانس نہ لے اور جب کوئی پاخانے میں جائے تو اپنے ذکر کو داہنا ہاتھ نہ لگائے اور نہ داہنے ہاتھ سے استنجاء کرے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقته في قوله "ولا يتمسح بيمينه"

تعدد وموضع والحديث هٰهنا ص۲۷ وايضا ياتي متصلا ص۲۷ ويأتي ص۸۴۱

مقصد ترجمہ باب سابق میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ جب استنجاء کیلئے نکلے تو ڈھیلے وغیرہ حاصل کرنے کیلئے لاٹھی، برچھی وغیرہ لے لے۔

اب آداب استنجاء کے سلسلے میں بیان کر رہے ہیں کہ داہنے ہاتھ سے استنجاء ممنوع و مکروہ ہے البتہ امام نے یہ فیصلہ نہیں فرمایا کہ استنجا بالیمین مکروہ تنزیہی ہے یا تحریمی؟

تشریح حدیث حدیث الباب میں تین چیزیں بیان فرمائی گئی ہیں۔ (۱) پانی پیتے وقت برتن میں سانس نہ لے (۲) قضائے حاجت کیوقت ذکر کو داہنا ہاتھ نہ لگائے۔ (۳) داہنے ہاتھ سے استنجاء نہ کرے۔

پانی پیتے وقت برتن میں سانس نہ لینا اس میں کئی حکمتیں ہیں ایک تو یہ کہ سانس کے ذریعہ باہر آنے والے جراثیم پانی میں شامل ہو کر نقصان کا اندیشہ ہے اس لئے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ ادب سکھایا ہے کہ تین سانس میں پیو اور سانس لیتے وقت برتن کو منہ سے الگ کرلو۔

(۲) ایک سانس میں پانی پینے سے کمال حرص ظاہر ہوتی ہے جو مویشیوں اور چوپایوں کی عادت ہے کہ پانی میں منہ ڈالنے کے بعد حرص کی وجہ سے منہ نہیں ہٹاتے پانی بھی پیتے جاتے اور پانی ہی میں سانس بھی لیتے رہتے ہیں.

(۳) ایک سانس میں پینے کی وجہ سے معدے کو دھکّہ لگتا ہے اور معدے کی حرارت کو ختم کر دیتا ہے، نیز تین مرتبہ پینے میں ہر مرتبہ اللہ تعالےٰ کا شکر ادا کرے گا وغیرہ.

دوسری اور تیسری چیز مسّ ذکر بالیمین اور استنجا بالیمین ہے.

استنجا بالیمین (داہنے ہاتھ سے استنجاء) مکروہ تنزیہی ہے، اسلامی آداب کے خلاف ہے. اہل ظواہر کراہت تحریمی کے قائل ہیں. قدرت نے داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر فضل و شرف عطا فرمایا ہے اس لئے شرافت یمین کا تقاضا یہ ہے کہ اسے استنجا (اور ناک صاف کرنے، داہنے ہاتھ سے ذکر چھونے) اور دوسرے رذیل کاموں کیلئے استعمال نہ کیا جائے، انسان کھانے میں اس ہاتھ سے کام لیتا ہے کبھی کھاتے وقت داہنے ہاتھ سے استنجاء کا خیال آجائے تو طبع نظیف مکدر ہو جائے گی.

مسّ ذکر بالیمین پر مستقل باب آرہا ہے.

باب ۱۱۴

لا یمسك ذکرہ بیمینہ اذا بال ص ۲۷

پیشاب کرتے وقت اپنے ذکر کو داہنے ہاتھ سے نہ پکڑے

۱۵۴ حدثنا محمد بن یوسف قال ثنا الاوزاعیُّ عن یحیی بن ابی کثیر عن عبد اللہ بن ابی قتادۃ عن ابیه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال اذا بال احدکم فلا یاخذنّ ذکرہ بیمینه ولا یستنجی بیمینه ولا یتنفس فی الاناء)

ترجمہ حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو اپنے ذکر کو داہنے ہاتھ سے نہ پکڑے اور نہ داہنے ہاتھ سے استنجا کرے اور نہ برتن میں سانس لے.

ربط و مقصد باب سابق میں داہنے ہاتھ سے استنجاء کی ممانعت کا ذکر تھا اب ترقی کرکے فرما رہے ہیں کہ داہنے ہاتھ کی شرافت کا تقاضہ یہ ہے کہ پیشاب کرتے وقت اس سے عضو مستور کو مسّ

بھی نہ کیا جائے۔

امام بخاری رحمہ یہاں وہی حدیث لائے ہیں اور ترجمہ دوسرا قائم فرمایا ہے اسناد کا فرق ہے اس لئے تکرار میں افادیت ہے۔ حدیث کے الفاظ اذا بال احدکم کی وجہ سے امام بخاری رحمہ نے ترجمۃ الباب میں اذا بال کی قید بڑھادی۔

اور حدیث پاک کے الفاظ اذا بال احدکم کی قید سے یہ بھی معلوم ہوا کہ باب سابق میں مس ذکر کی ممانعت کا تعلق پیشاب کیحالت کے ساتھ خاص ہے ای ان النھی المطلق محمول علی المقید بحالۃ البول فیکون ماعداہ مباحا " چنانچہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے مس ذکر کے بارے میں سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " انما ھو بضعۃ منک وہ بھی تمہارے جسم کا ایک حصہ ہے۔

مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت نجاست کے علاوہ مس ذکر کو دوسرے اعضاء جسم کے چھونے کے برابر قرار دیکر جائز فرمایا۔

باب ۱۱۵

الاستنجاء بالحجارۃ

پتھروں اور ڈھیلوں سے استنجاء کرنے کا بیان

۱۵۵ حدثنا احمد بن محمد المکی قال ثنا عمرو بن یحیی بن سعید بن عمرو المکی عن جدہ عن ابی ھریرۃ قال اتبعت النبی صلے اللہ علیہ وسلم وخرج لحاجتہ وکان لا یلتفت فدنوت منہ فقال ابغنی احجارا استنفض بھا او نحوہ ولا تاتنی بعظم ولا روث فاتیتہ باحجار بطرف ثیابی فوضعتھا الی جنبہ واعرضت عنہ فلما قضی اتبعہ بھن۔

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں (ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چلا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم رفع حاجت کیلئے نکلے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم (راستے میں) ادھر ادھر نہیں دیکھتے تھے۔ اس لئے میں آپ کے قریب پہنچ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے کچھ پتھر (ڈھیلے) تلاش کردو۔ میں ان سے استنجا کروں گا یا اسی قسم کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی اور جملہ فرمایا۔ اور فرمایا کہ ہڈی اور گوبر میرے پاس نہ لے آنا، چنانچہ میں

کچھ پتھر اپنے دامن میں لے آیا اور آپ کے پہلو میں رکھدیا اور آپ کے پاس سے ہٹ گیا جب آپ (قضاء حاجت سے) فارغ ہوئے تو آپ نے ان پتھروں سے استنجا کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ابغنی احجارا استنفض بہا لان معناہ استنجی بہا۔

تعدد موضعہ الحدیث ھھنا ص۲۷ ویاتی ص۵۴۴

ربط ما قبل باب سابق اور ابواب سابقہ سے مناسبت ظاہر ہے کہ استنجاء کے مباحث چل رہے ہیں۔

مقصد ترجمہ حافظ عسقلانی رح فرماتے ہیں کہ اس ترجمہ سے امام بخاری رح کا مقصد ان لوگوں کا رد کرنا ہے جو استنجاء کو پانی کے ساتھ مختص کرتے ہیں۔ یعنی پانی کے علاوہ اور کسی چیز سے استنجا جائز نہیں سمجھتے۔

کیوں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابغنی احجارا استنفض بہا" ای استنجی بہا یعنی کچھ پتھر کے ٹکڑے لاؤ کہ میں اس سے استنجا کروں (فتح)

حدیث الباب میں بالتصریح ہے کہ جب آپ صلے اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت سے فارغ ہوئے تو آپ نے پتھروں سے استنجاء کیا۔

استنفض اس کا مادہ نفض ہے از باب نصر بمعنی جھاڑنا، گرد و غبار دور کرنے کیلئے کپڑے جھاڑنا، استنفاض کے معنی صفائی حاصل کرنا، استنجاء کرنا۔ روث گھوڑے وغیرہ کی لید جمع ارواث قال الحافظ الروثۃ مختص بما یکون من الخیل والبغال والحمیر (فتح)

تشریح حضرت گنگوہی رح فرماتے ہیں ان الاستنجاء بعد البول لاینبغی ان یکون بالحجر الخ یعنی پتھروں سے استنجاء پیشاب کے بعد مناسب نہیں کیوں کہ پتھر میں جذب کرنے کا مادہ نہیں اور پیشاب کے بعد اصل مقصد یہی ہے (لامع ص۳)

البتہ براز (پاخانہ) کے بعد پتھر مفید ہو سکتا ہے اگر ڈھیلا میسر نہ ہو تو چند پتھروں سے یکے بعد دیگرے مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے۔

بعض حنابلہ اور اہل ظواہر نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ چونکہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے پتھر کی تخصیص کی ہے اسلئے پتھر کے سوا کسی بھی چیز سے استنجا درست نہیں۔

مگر اہل ظواہر کا یہ استدلال درست نہیں کیوں کہ حدیث میں پتھر کا ذکر صرف اسلئے ہوا ہے کہ عرب میں پتھر بسہولت میسر و موجود تھا علامہ عینی رح نے لکھا ہے کہ ہر جامد طاہر غیر محترم چیز پتھر ہی کے حکم میں ہے جبکہ

وہ نجاست کو دور کر سکے۔

معلوم ہوا کہ پتھر کی تخصیص اتفاقی تھی اور ظاہر ہے کہ اتفاقی تخصیص ماعدا کی نفی نہیں کرتی۔

ہڈی اور لید سے استنجاء کی ممانعت

ہڈی اور گوبر ولید سے استنجا کی ممانعت کی وجہ بھی ارشاد فرمادی گئی ہے انما لا یطہران (یہ دونوں چیزیں پاک نہیں کرتیں)

اس وضاحت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہڈی اور گوبر کی خصوصیت نہیں بلکہ ہر اس چیز سے استنجاء کی ممانعت ہے جس میں تطہیر کی صلاحیت نہ ہو جیسے شیشہ، چکنا پتھر، دوسرے اس لئے بھی کہ یہ جنات کی خوراک ہیں جیساکہ اسی بخاری شریف ص۲۴۲ میں یہ تفصیل موجود ہے کہ حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا یارسول اللہ ص ہڈی اور گوبر میں کیابات ہے (جو اس سے استنجاء کرنا منع ہے) آپ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں جنوں کی خوراک ہیں میرے پاس نصیبین کے جنوں کا وفد آیا اور وہ اچھے جن تھے انہوں نے مجھ سے توشہ مانگا تو میں نے اللہ تعالےٰ سے دعا کی کہ جب یہ کسی ہڈی یا گوبر سے گذریں تو ان کو اس پر سے کھانا ملے۔

مطلب یہ ہے کہ جب ہڈی اور گوبر کے پاس پہونچینگے تو بقدرت الٰہی ہڈی پر ان کی خوراک اور گوبر پر ان کے جانوروں کی خوراک پیدا ہو جائے۔

ایک حدیث میں ہے کہ جن کا وفد خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ ص اپنی امت کو ہڈی اور گوبر اور کوئلے سے استنجاء کرنے سے منع فرمادیں اسلئے کہ اللہ تعالےٰ نے ان میں ہماری روزی رکھی ہے تو حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا۔ (ابوداؤد)

اشکال ۱ صحیحین کی روایت سے معلوم ہوا کہ جنوں کی درخواست پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی تو ہڈی وغیرہ ان کی خوراک ہوئی۔

اور ابوداؤد کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جنوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ ہڈی گوبر اور کوئلے ہمارا رزق ہیں، حضور ص آپ اپنی امت کو ان چیزوں سے استنجا کرنے سے منع فرمادیں۔ تو حضور ص نے منع فرمادیا۔

جواب:۔ دونوں درخواستیں دو وقت کے ہیں جنوں کے وفد کی پہلی درخواست زادراہ کی تھی تو ہڈی وغیرہ ان کی خوراک ہوئی۔ پھر بعد میں اسلام کی اشاعت ہوئی اور لوگ بکثرت مسلمان ہوئے جو ہڈی وغیرہ سے استنجاء کرتے تھے۔ اس پر جنوں نے دوسری درخواست حضور ص سے کی اور حضور ص نے منع فرمادیا۔ فلا اشکال۔

اشکال ۲ گوبر ناپاک ہے اور ناپاک چیز کا کھانا شرعاً حرام ہے اور ظاہر ہے کہ جنات بھی شریعت کے مکلف ہیں پھر ان کیلئے جائز کس طرح ہوا؟

جواب ۱:۔ جنات جب گوبر کے پاس پہونچتے ہیں تو ببرکت دعا بقدرت الٰہی گوبر گوبر نہیں رہتا ہے بلکہ ان کا ہاتھ

لگتے ہی دانہ بن جاتا ہے اور قلب ماہیت سے حکم بدل گیا۔
جواب ۲ : یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بعض جزئیات کے اندر انسان اور جن میں فرق ہو کہ جن کیلئے جائز اور انسان کیلئے ناجائز جیسے ریشمی لباس میں، سونے کی انگوٹھی میں مرد و عورت کا فرق ہے۔ واللہ اعلم

باب ۱۱۶

لا یستنجی بروث ص ۲۷

لید (گوبر) سے استنجا نہ کیا جائے

۱۵۶ حدثنا ابو نعیم قال ثنا زهیر عن ابی اسحٰق قال لیس ابو عبیدة ذکره ولکن عبد الرحمٰن بن الاسود عن ابیه انه سمع عبد الله یقول اتی النبی صلی الله علیه وسلم الغائط فامرنی ان اٰتیه بثلاثة احجار فوجدت حجرین والتمست الثالث فلم اجد فاخذت روثة فاتیته بها فاخذ الحجرین والقی الروثة وقال هذا رکس وقال ابراهیم بن یوسف عن ابیه عن ابی اسحٰق حدثنی عبد الرحمٰن)

ترجمہ ابو اسحاق کہتے ہیں کہ اس حدیث کو ابو عبیدہ نے (مجھ سے) ذکر نہیں کیا بلکہ عبد الرحمٰن بن اسود نے اپنے والد (اسود بن یزید) سے ذکر کیا ہے انہوں نے عبد اللہ بن مسعود رضی سے سُنا وہ کہتے تھے کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کیلئے گئے اور آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں تین پتھر لاؤں چنانچہ میں نے دو پتھر پائے اور تیسرا پتھر ڈھونڈا مگر نہ ملا میں نے گوبر (یعنی خشک) کا ٹکڑا اٹھا لیا۔ اس کو لیکر آپ کے پاس آیا۔ آپ نے دو پتھروں کو لے لیا اور گوبر پھینکدیا اور فرمایا یہ ناپاک ہے اور ابراہیم بن یوسف نے اس حدیث کو اپنے باپ یوسف بن ابی اسحاق سے روایت کیا انہوں نے ابو اسحاق سے اس میں یوں ہے :-
"حدثنی عبد الرحمٰن" یعنی مجھ سے عبد الرحمٰن (ابن اسود) نے حدیث بیان کی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله " والقی الروثة وقال هذا رکس "

ربط ما قبل باب سابق اور ابواب سابقہ سے مناسبت ظاہر ہے کہ استنجا کے مباحث چل رہے ہیں
عن ابی اسحق قال لیس ابو عبیدة ذکره ابو اسحاق نے کہا کہ اس حدیث کو ابو عبیدہ نے ذکر نہیں کیا ای ذکره لی یعنی مجھ سے نہیں ذکر کیا (فتح)

یہ ابو عبیدہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے صاحبزادے ہیں ان کا نام عامر ہے اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی وفات کے وقت سات سال کے تھے۔

ولکن عبد الرحمٰن بن الاسود ای ھو الذی ذکرہ لی بدلیل قولہ فی الروایۃ الآتیۃ المعلقۃ حدثنی عبد الرحمٰن (فتح) بلکہ عبدالرحمٰن بن اسود نے کیا ہے اور عبدالرحمٰن اپنے باپ اسود بن یزید نخعی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے الخ

حدیث الباب کے بارے میں امام بخاری وامام ترمذی کا اختلاف

اس میں مدار اسناد ابو اسحاق سبیعی تابعیؒ ہیں یہ حدیث ابو اسحاق سے چھ شاگرد روایت کرتے ہیں۔

(۱) زہیر عن ابی اسحٰق عن عبد الرحمٰن بن الاسود عن ابیہ عن عبداللہ بن مسعود (بخاری ص۲۷ ابن ماجہ ص۳۴)
(۲) اسرائیل بن یونس عن ابی اسحاق عن ابی عبیدۃ عن عبداللہ بن مسعودؓ (ترمذی ج۱ ص۱۲)
(۳) قیس بن ربیع " " رضؓ
(۴) معمر عن ابی اسحاق عن علقمہ " " رضؓ
(۵) عمار بن زریق " " رضؓ
(۶) زکریا بن ابی زائدہ عن ابی اسحاق عن عبد الرحمٰن بن یزید عن عبداللہ بن مسعود رضؓ مذکورہ

تمام طرق روایت میں سے زہیر بن معاویہ اور اسرائیل بن یونس کے دو طرق سب سے زیادہ بہتر اور قوی ہیں البتہ امام بخاریؒ ان دو میں سے زہیر کے طریق کو راجح واضح فرما رہے ہیں۔ اور امام ترمذی نے اسرائیل کی روایت کو اختیار کیا ہے۔

امام بخاریؒ ابو اسحاق کا یہ قول بھی نقل کر رہے ہیں کہ وہ (ابو اسحاق) اس روایت کو یہاں ابو عبیدہ سے نہیں لے رہے ہیں بلکہ عبدالرحمٰن بن اسود اور ان کے باپ کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن مسعود سے ذکر کر رہے ہیں۔ اس پر اعتراض ہوتا تھا کہ ابو عبیدہ کا سماع اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مشکوک ہے پس اگر سماع ثابت نہیں ہے تو روایت منقطع ہے اس لئے دوسرا طریق یعنی زہیر کی روایت جو متصل السند ہے اس کو امام بخاریؒ نے ترجیح دی ہے اور بخاری شریف میں ذکر فرمایا، لیکن امام ترمذیؒ نے امام بخاری کی مخالفت کی ہے اور کہتے ہیں کہ ابو عبیدہ والا طریق ارجح ہے اسلئے کہ ابو اسحاق کے تمام تلامذہ میں اسرائیل کو ترجیح حاصل ہے۔

بہرحال ہر دو طریق عند المحدثین صحیح اور قابل حجت ہے اس سلسلے میں ائمہ حدیث میں تصحیح روایت کے باب میں اختلاف ہوتا رہا ہے اسلئے نہ امام بخاریؒ پر اعتراض ہے نہ امام ترمذی پر۔

ما بہ الاستنجا کیلئے ضابطہ | جن چیزیں سے استنجا جائز ہے ان کے بارے میں فقہاء نے ضابطہ لکھا ہے

شئ جامد طاهر منق قلاع للاثر غیر موذ لیس له شرف ولاحرمة ولا یتعلق به حق للغیر"

کوئی جامد، طاہر منقی شئی ہونی چاہئے جو غیر موذی ہونے کے علاوہ نجاست کیلئے مزیل ہو اسی طرح وہ شئی محترم اور قابل تعظیم بھی نہ ہو اور نہ اس پر کسی غیر کا حق ہو۔

استنجا میں تثلیث احجار کا حکم

ائمہ کرام کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ استنجاء میں تثلیث (یعنی تین ڈھیلوں کا ہونا) واجب ہے یا مستحب؟ اگر تین ڈھیلوں سے کم میں صاف ہوگیا تو اس پر اکتفا کر سکتا ہے یا تین کا عدد پورا کرنا واجب ہے؟ امام اعظمؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک صرف انقاء واجب ہے یعنی اگر دو ہی سے نجاست دور ہو جائے تو کافی ہے کیوں کہ اصل مقصد انقاء و صفائی ہے البتہ تثلیث یعنی تین کا پورا کرلینا مسنون ہے۔

امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک انقاء و تثلیث دونوں واجب ہیں تین کا عدد پورا کرنا واجب اور ضروری ہے خواہ انقاء تین سے کم میں حاصل ہوگیا ہو۔

حدیث الباب حنفیہ کی دلیل ہے کیوں کہ جب حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے تین میں سے ایک کو پھینک دیا۔ تو فقط دو ہی رہ گئے، حدیث الباب میں تیسرے کے استعمال کا کوئی ذکر نہیں اور بظاہر وہاں تیسرا پتھر موجود بھی نہیں تھا۔ حضورؐ کے پاس تو تھا ہی نہیں ورنہ ابن مسعودؓ کو تلاش کرنے کی تکلیف نہ دیتے اور نہ وہاں آس پاس تھا کیوں کہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: والتمست الثالث فلم اجد میں نے تیسرا پتھر تلاش کیا مگر مجھے وہ نہ مل سکا۔ امام طحاویؒ نے استدلال کیا ہے کہ آپؐ نے دو ہی پر اکتفا فرمایا اگر تین کا عدد واجب ضروری تھا تو آپؐ دوبارہ طلب فرماتے۔

حافظ عسقلانیؒ اس استدلال سے ناراض ہیں: غفل رحمه الله عما اخرجه احمد فی مسنده من طریق معمر عن ابی اسحٰق عن علقمة عن ابن مسعود فی هذا الحدیث الخ (فتح الباری) یعنی امام طحاویؒ اس روایت سے غافل رہے جس کو امام احمدؒ نے اپنی مسند میں معمر کے طریق سے عبداللہ بن مسعودؓ کی یہی حدیث ذکر کی ہے جس میں اتنا زائد ہے فالقی الروثة وقال انها رکس ایتنی بحجر" یعنی آپؐ نے گوبر پھینکدیا اور فرمایا کہ یہ ناپاک چیز ہے ایک پتھر لاؤ"

علامہ عینیؒ نے عمدۃ القاری میں اور حافظ زیلعیؒ نے نصب الرایہ میں اسکا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ زیادتی جس سند سے منقول ہے وہ قابل اعتماد نہیں کیوں کہ ابو اسحاق کا سماع علقمہ سے نہیں ہے لہٰذا یہ منقطع ہے اور قابل استدلال نہیں۔

۲۔ حافظ عسقلانیؒ کے جلالت شان کے پیش نظر حیرت ہے کہ خود حافظ عسقلانی نے ہدی الساری مقدمہ

فتح الباری میں یہ تصریح کی ہے کہ اس حدیث (ابن مسعود رض) کے دو طریق (زہیر و اسرائیل) ہی صحیح ہیں باقی کوئی طریق صحیح نہیں پھر جب مسلک کا معاملہ آیا تو غیر صحیح بھی استدلال میں لاکر امام طحاوی رح جیسے محدث کی طرف غفلت کی نسبت کردی۔ کیا امام ترمذی کی طرف بھی غفلت کی نسبت کر دینگے؟ کہ امام ترمذی رح نے اس حدیث پر باب قائم کیا ہے بابُ الاستنجاء بالحجرین " نیز اسی طرح امام نسائی رح نے بھی اس حدیث پر باب قائم کیا ہے الرخصة فی الاستطابة بحجرین " اس سے صاف ظاہر ہوا کہ امام ترمذی اور امام نسائی رحمہما اللہ نے بھی زیادتی مذکور کو محدثانہ نقطہ نظر سے قابل قبول نہیں سمجھا۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا حافظ عسقلانی امام ترمذی اور امام نسائی رح کیطرف بھی غفلت کی نسبت کرینگے یا یہ فیصلہ کر دیا جائے کہ امام طحاوی رح کیطرف غفلت کی نسبت کرنے والے ہی سے غفلت ہوئی۔ بالفرض اگر اس زیادتی کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو صرف یہ ثابت ہوگا کہ تیسرے ڈھیلے کے لانے کا حکم دیا مگر یہ تو کسی روایت سے ثابت نہیں کہ حضرت ابن مسعود رض نے تیسرا پتھر لایا بھی پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے استعمال بھی فرمایا۔ غور کرنے سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ جگہ ایسی تھی جہاں پتھر کے ملنے میں دشواری تھی ورنہ پہلے ہی بار لائے ہوتے اور گوبر نہیں لاتے جس سے غالب گمان یہی ہے کہ تیسرا پتھر لائے ہی نہیں۔

(۲) حنفیہ و مالکیہ کی دوسری دلیل حضرت ابو ہریرہ رض کی روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من استجمر فلیوتر من فعل جو استنجاء (یعنی استنجاء میں ڈھیلہ استعمال) کرے۔ اس کو طاق استعمال کرنا چاہیے جس نے ایسا کیا بہت فقد احسن ومن لا فلا حرج الخ اچھا کیا اور جس نے ایسا نہیں کیا اس پر کوئی حرج نہیں۔ (ابوداؤد ج ۱ ص ۶)

معلوم ہوا کہ اصل مقصد ازالہ نجاست ہے اور عام طور پر چونکہ تین ڈھیلے سے تنقیہ ہوتا ہے اس لئے روایات میں تین کا عدد ذکر کیا گیا ہے یہ عدد مقصود بالذات نہیں ورنہ شوافع حضرات بھی کہتے ہیں کہ ایک ہی پتھر بڑا ہو جس کے تین کونے ہوں تو وہ ایک ہی کافی ہے صاف معلوم ہوا کہ تین کا عدد ضروری نہیں بلکہ انقاء ضروری ہے۔

بَابٌ ۱۱۷

الوضوء مرةً مرةً ص ۲۷

وضو میں ایک ایک بار اعضاء کا دھونا

۱۵۷ حدثنا محمد بن یوسف قال ثنا سفیان عن زید بن اسلم عن

عَطاءِ بن یسارٍ عن ابنِ عباسٍ قال توضّأ النبیُّ صلے اللہ علیہ وسلم مَرّةً مَرّةً)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک بار اعضا کو دھویا۔

ربط و مقصد امام بخاری رہ احکام استنجاء کے چودہ ابواب سے فراغت کے بعد پھر احکام وضوء شروع کر رہے ہیں ولا شک ان الوضوء تیلوا الاستنجاء۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر عادت مبارکہ تھی کہ استنجاء کے بعد وضو فرمایا کرتے تھے درمیان میں احکام استنجاء کے ابواب بطور استطراد لے آئے تھے اب اصل مقصود احکام وضو کی طرف رجوع فرمارہے ہیں۔

تشریح امام بخاری رہ وضو کے سلسلے میں یہاں مسلسل تین ابواب قائم کر رہے ہیں جن کا مقصد اعضاء وضو کے اندر تعداد غسل کو بیان کرنا ہے۔

یہ مضمون امام بخاری رہ کتاب الوضوء کے شروع میں بغیر سند کے ذکر فرما چکے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وضوء میں اعضاء وضو کا ایک ایک بار دھونا بھی ثابت ہے جس سے فرضیت ادا ہو جائے گی بشرطیکہ اعضاء کا استیعاب ہو جائے البتہ وضوء صلوٰۃ میں آپؐ کا معمول تین بار دھونے کا تھا اسلئے تثلیث یعنی اعضاء مغسولہ کے ہر ہر عضو کو تین تین بار دھونا مسنون ہے یعنی تثلیث درجہ کمال ہے اور ایک ایک مرتبہ درجہ جواز۔

بَابٌ ۱۱۸

الوُضوءِ مَرّتینِ مَرّتینِ

وضوء میں دو دو بار اعضاء کا دھونا

۱۵۸ ا حدّثنا الحُسَین بن عیسیٰ قال ثنا یونس بن محمدٍ قال انا فُلیحُ بنُ سُلیمانَ عن عبدِ اللہِ بنِ ابی بکرِ بن محمّدِ بنِ عمرِو بن حزمٍ عن عبادِ بنِ تمیمٍ عن عبدِ اللہِ بن زیدٍ انّ النبیَّ صلے اللہ علیہ وسلم توضّأ مَرّتینِ مَرّتینِ)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن زید رضہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے وضوء میں اعضاء کو دو دو بار دھویا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة

ربط و مقصد ادائے فرض کا ادنیٰ درجہ بیان کرنے کے بعد اعضائے وضو کا دو دو مرتبہ دھونا ثابت کر رہے ہیں یہ دوسرا درجہ ہے یہ بھی سنّت ہے اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ثابت ہے البتہ آپؐ کا معمول وضوء صلوٰۃ میں تین مرتبہ دھونے کا تھا اسلئے تثلیث مسنون ہے جیسا کہ آرہا ہے۔

تعدد موضع والحديث هٰهنا ص۲۷ ویاتی ص۳۱ مطولا ایضاص۳۱ ص۳۱ ص۳۲ ص۳۲ ص۲۳۳۔

بَابٌ[119]

الوُضوءِ ثلثًا ثلثًا

۱۵۹ حدّثنا عبدُ العزيزِ بنُ عبدِ اللهِ الأُويسيُّ قال حدثني ابراهيمُ بنُ سعدٍ عن ابنِ شهابٍ انّ عطاءَ بنَ يزيدَ اخبرَهُ انّ حُمرانَ مولى عثمانَ أخبرَهُ انّه رأى عثمانَ بنَ عفّانَ دعا باناءٍ فافرغَ على كفّيهِ ثلاثَ مرارٍ فغسلهما ثمّ ادخلَ يمينَهُ فى الاناءِ فمضمضَ واستنثرَ ثمّ غسلَ وجهَهُ ثلاثًا ويديهِ الى المرفقينِ ثلثَ مرارٍ ثمّ مسحَ براسِهِ ثمّ غسلَ رجليهِ ثلثَ مرارٍ الى الكعبين ثمّ قال قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم مَن توضّأ نحوَ وضوئى هذا ثمّ صلّى ركعتين لايحدّثُ فيهما نفسَه غُفِرَ لهٗ ما تقدّمَ من ذنبِه وعن ابراهيمَ قال صالحُ بنُ كيسانَ قال ابنُ شهابٍ ولكن عروةُ يحدّثُ عن حُمرانَ فلمّا توضّأ عثمانُ قال لاُحدّثنّكم حديثا لولا اٰيةٌ ماحدّثتكموه سمعتُ النبىَّ صلے الله عليه وسلم يقول لايتوضّأُ رجلٌ فيُحسنُ وضوءَهٗ ويُصلّي الصلوٰةَ الاغُفِرَ لهٗ ما بينَهٗ وبينَ الصلوٰةِ حتّى يُصلّيَها قال عروةُ الاٰيةُ اِنّ الّذين يكتمونَ ما انزلنا)

ترجمہ حمران حضرت عثمان رضؓ کے مولیٰ نے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت عثمان بن عفان رضؓ کو دیکھا کہ آپ نے (یعنی حضرت عثمان رضؓ نے) (حمران سے پانی کا) برتن منگوایا (پہلے) اپنے دونوں ہتھیلیوں پر تین بار پانی ڈالا اور انہیں دھویا پھر اپنا داہنا ہاتھ برتن میں ڈالا پھر کلی کی اور ناک صاف کی پھر تین بار اپنا چہرہ دھویا اور دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے پھر سر کا مسح کیا (ایک ہی بار) پھر دونوں پاؤں

ٹخنوں تک تین بار دھوئے پھر کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی میرے اس وضو کی طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں (تحیۃ الوضوء) پڑھے جس میں اپنے آپ سے کوئی بات نہ کرے (یعنی دل میں کوئی خیال دنیا کا نہ پکائے بلکہ خشوع وخضوع سے نماز پڑھے) تو اس کے اگلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

اور اسی عبدالعزیز بن عبداللہ نے اس حدیث کو ابراہیم سے روایت کیا انہوں نے صالح بن کیسان سے انہوں نے ابن شہاب سے کہ عروہ اس حدیث کو حمران سے یوں نقل کرتے تھے کہ جب حضرت عثمان وضو کر چکے تو کہنے لگے میں تم سے ضرور ایک حدیث بیان کروں گا اگر (اس سلسلہ میں) قرآن حکیم میں ایک آیت نہ ہوتی تو میں تم سے یہ حدیث نہیں بیان کرتا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص اچھی طرح سے وضو کرے اور (اس کے بعد) نماز پڑھے (کوئی فرض نماز) تو جتنے گناہ اس نماز سے دوسری نماز کے پڑھنے تک ہوں گے بخشدیئے جائیں گے۔ عروہ نے کہا آیت یہ ہے: إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا الخ۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاهرة فان فیه غسل الاعضاء المغسولة کلها ثلاث مرات۔

تعدد موضعه | والحدیث ههنا صفحہ ۲۷ تا صفحہ ۲۸ ویاتی ایضا فی باب المضمضة فی الوضوء صفحہ ۲۸ وفی الصوم صفحہ ۲۵۹ وایضا صفحہ ۹۵۲

حمران مولی عثمان حمران بضم الحاء المهملة وسکون المیم ابن ابان بفتح الهمزة والباء الموحدة المخففة۔ حمران حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں اور تابعی ہیں ۷۵ھ میں وصال فرمایا (عمدہ)

عثمان بن عفان | امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ثالث اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور حضور اقدس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی زاد بہن اروی کے صاحبزادے ہیں، اسلام قبول کرنے والوں میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سابقین اولین میں سے ہیں ان کے مناقب وفضائل معروف ومشہور ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنی محبت تھی کہ یکے بعد دیگرے اپنی دو صاحبزادیاں حضرت رقیہ پھر حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا ان کے نکاح میں دیں اسلیے آپ رضی اللہ عنہ کا لقب ذو النورین ہے آپ نے بیالیس ۴۲ سال کی عمر پاکر اٹھارہ ذی الحجہ ۳۵ھ بروز جمعہ اپنے مکان میں شہید کئے گئے اسود تجیبی (بضم التاء المثناة وکسر الجیم) نے شہید کیا جنازے کی نماز حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے پڑھائی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ایک سو ۱۴۶ چھیالیس احادیث مروی ہیں جن میں گیارہ احادیث امام بخاری رحمہ اللہ نے تخریج کی ہیں۔

(عمدۃ القاری)

تشریح | دعا بانا ء صفحہ ۲۸ باب المضمضة فی الوضوء میں دعا بانا ء کے بجائے دعا بوضوء بفتح الواو

ہے یعنی وضو کا پانی مانگا۔

امام بخاریؒ نے یہاں تین ابواب مسلسل قائم کئے ہیں جن کا مقصد اعضاء مغسولہ کی تعداد غسل کو بیان کرنا ہے پہلے باب میں ایک ایک مرتبہ دھونے کا ذکر ہے دوسرے میں دو دو مرتبہ اور تیسرے یعنی اس باب میں تین تین مرتبہ، یہ تینوں صورتیں بالاتفاق جائز ہیں بشرطیکہ اعضاء کا استیعاب ہو جائے۔

فافرغ علی کفیہ ثلاث مرار اس سے معلوم ہوا کہ سب سے پہلے دونوں ہتھیلیوں کو دھو لینا چاہیئے۔ فمضمض واستنثر اس سے معلوم ہوا کہ داھنے ہاتھ سے کلی اور ناک میں پانی ڈالا جائیگا اور ان دونوں کا حال الگ الگ بیان ہوا جس سے معلوم ہوا کہ داہنے ہاتھ ہی سے تین تین مرتبہ کلی کرینگے پھر نیا پانی لے کر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالیں گے۔ اسی کو حنفیہ نے اختیار کیا ہے جیساکہ ابوحیہ سے روایت ہے۔" رایت علیا توضا فغسل کفیہ حتی انقاھما ثم مضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا الحدیث ترمذی ص ۹) من توضا نحو وضوئی ھذا یہاں دو بحثیں ہیں اول یہ کہ اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مغفرت کا ترتب دو چیزوں پر ہو رہا ہے ایک وضو کرنے پر اور دوسرا اس وضو کے بعد دو رکعت (تحیۃ الوضوء) پڑھنے پر، اور سنن کی روایت میں ہے کہ جو شخص وضو کرتا ہے تو جب وہ کلی کرتا ہے تو اس کے منہ کے گناہ نکل جاتے ہیں اور ناک میں پانی ڈالنے پر ناک کے گناہ اور ہاتھ دھونے کے ساتھ ہاتھ کے گناہ اور پاؤں دھونے پر پاؤں کے گناہ، غرضکہ ہر عضو کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں تو سنن کی روایت سے معلوم ہوا کہ مغفرت کا ترتب صرف وضو پر ہوتا ہے لہذا روایتوں میں تعارض ہو گیا۔

اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں ۱؎ یہ کہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جب روایات میں تعارض ہو مثلاً ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی عمل قلیل پر ثواب کا ترتب معلوم ہو رہا ہے اور دوسری روایت سے زیادہ پر معلوم ہو تو زیادہ والی روایت مقدم ہوا کرتی ہے اور قلیل والی مؤخر۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ ثواب دو الگ الگ چیزوں یعنی وضو کرنے اور دو رکعت نماز بادمانہا پڑھنے پر مل رہا ہے اور یہ امر اتفاقی ہے کہ یہاں وضو اور نماز دونوں کا ذکر آگیا ورنہ اگر پہلے سے کسی نے وضو کر رکھا ہو اور اس نے پھر دو رکعت اس صفت کے ساتھ پڑھی جو حدیث میں مذکور ہے تو یہ بھی مغفرت کا مستحق ہوگا۔

اشکال یہاں اشکال یہ ہے کہ جب وضو کرنے سے مغفرت ہوگئی تو وضو کے بعد دو رکعت نماز کا کیا فائدہ ہوگا۔

جواب یہ ہے کہ یہ ترقی درجات کا سبب ہوگا۔

غفرلہ ما تقدم من ذنبہ بعض روایت میں وما تاخر بھی آیا ہے۔

جن گناہوں کی معافی کا حکم لگایا گیا ہے ان سے مراد صرف صغائر ہیں یا صغائر و کبائر سب کی؟ اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ اگرچہ ایسے مواقع پر جہاں روایات میں مغفرت کا تذکرہ ہے الفاظ عام ہیں مگر مراد خاص ہے یعنی صرف صغائر مراد ہیں کیوں کہ کبائر کی معافی کیلئے توبہ ضروری ہے۔ وعن ابراھیم قال صالح الخ بعض لوگوں نے اس کو تعلیق کہا ہے مگر حافظ کی تحقیق یہ ہے کہ تعلیق نہیں متصل السند ہی ہے اسکا عطف ہے مذکورہ سند کے قال حدثنی ابراھیم بن سعد پر یہ حدیث بھی اُویسی شیخ بخاری کے واسطے ہی سے ہے۔

قال ابن شہاب ولکن عروۃ یحدث مطلب اس کا یہ ہے کہ ابن شہاب کے دو استاد ہیں ایک عطاء بن یزید ہیں جن کی روایت اوپر ذکر کی گئی اور دوسرے استاد عروہ ہیں۔ جن کی روایت اب امام بخاریؒ ذکر کر رہے ہیں لیکن خیال رہے کہ یہ اختلاف اس قبیل سے نہیں کہ حدیث ایک ہو اور اختلاف صرف راویوں کے الفاظ نقل کرنے میں ہو رہا ہو بلکہ یہ دو الگ الگ مستقل حدیث ہے ان دو متغائر حدیثوں میں سے ابن شہابؒ نے ایک عطاء سے سنی تھی اور دوسری عروہ سے جس کو امام اب ذکر فرمارہے ہیں۔

بَابٌ ۱۲۰

الِاسْتِنْثَارِ فِی الْوُضُوْءِ ذَکَرَہٗ عُثْمَانُ وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ زَیْدٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

وضو میں ناک صاف کرنیکا بیان، اسکو حضرت عثمان اور عبداللہ بن زید اور ابن عباسؓ نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے

۱۶۰ (حدثنا عبدان قال انا عبداللّٰہ قال انا یونس عن الزھری قال اخبرنی ابو ادریس انہ سمع ابا ھریرۃ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم انہ قال من توضأ فلیستنثر ومن استجمر فلیوتر)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا جو شخص وضو کرے اسے چاہیئے کہ ناک صاف کرے اور جو کوئی پتھر سے (یا ڈھیلے سے) استنجاء کرے اسے چاہیئے کہ طاق عدد (۳ یا ۵ یا ۷) سے کرے۔

مطابقتہ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ من توضا فلیستنثر۔

ربط علامہ عینیؒ فرماتے ہیں "وجه المناسبة بين البابين من حيث ان المذكور في هذا الباب بعض المذكور في الباب الاول"
یعنی باب سابق میں جو بیان ہوا تھا اسی کا ایک جزو یہاں ذکر ہوا ہے (عمدہ)

تعدد موضع قوله ذكره عثمان وعبدالله بن زيد وابن عباس رضؓ الخ اما حديث عثمانؓ فمر آنفا يعني حديث ص۱۵۹ . واما حديث عبدالله فياتي في باب مسح الراس كله ص۳۱ واما حديث ابن عباس رضؓ فمر في باب غسل الوجه باليدين ص۲۶ .
وحديث ابي هريرة رضؓ ههنا ص۲۸ وياتي مفصلا في باب الاستجمار وترا ص۲۸ وص۲۶۵

استنثار واستنشاق کا مفہوم جمہور علماء کے نزدیک استنشاق کے معنی ہیں ادخال الماء في الانف یعنی ناک میں پانی ڈالنا، پانی چڑھانا اور استنثار اس کی ضد ہے یعنی ناک سے پانی جھاڑنا، ناک صاف کرنا گویا استنثار مستلزم ہے استنشاق کو چنانچہ علامہ عینیؒ فليستنثر کی تفسیر کرتے ہیں. فليخرج الماء من الانف بعد الاستنشاق مع ما في الانف من مخاط وغبار (عمدہ)

استنثار میں وجوب واستحباب کا اختلاف وقد اوجب بعض العلماء الاستنثار بظاهر الحديث وحمل اكثرهم على الندب الخ (عمدہ)
یعنی بعض علماء نے ظاہر حدیث من توضا فليستنثر میں صیغہ امر کی وجہ سے استنثار یعنی ناک صاف کرنے کو واجب کہا ہے جیسے امام احمدؒ، واسحاق بن راہویہ نیز امام بخاریؒ کا رجحان ومیلان بھی بظاہر وجوب کیطرف معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ انہوں نے استنثار کو مضمضہ سے مقدم ذکر کیا ہے نیز استنثار کے سلسلے میں جو حدیث ذکر کی ہے اسمیں امر کا صیغہ لایا گیا ہے اور ایک باب کے بعد باب المضمضة لایا ہے وہاں امر کا صیغہ نہیں ہے حالاں کہ مضمضہ کے سلسلے میں حدیث صحیح میں امر کا صیغہ موجود ہے اذا توضات فمضمض (ابوداؤد) درمیان میں ایک اجنبی باب غسل الرجلين لاکر شاید اشارہ مقصود ہو کہ جس طرح دونوں کو ذکر میں الگ الگ کر رہا ہوں اسی طرح وجوب وسنیت میں فرق ہے واللہ اعلم۔
مگر جمہور علماء (احناف، شوافع اور مالکیہ رحمہم اللہ تعالیٰ) کے نزدیک استنثار مستحب ہے۔
قائلین وجوب کی دوسری دلیل حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذا توضا احدكم فليجعل في انفه ماء ثم لينتثر (ابوداؤد ص۱۹ باب الاستنثار) جمہور کی دلیل وہ حدیث ہے جسے ترمذی نے حسن فرمایا ہے۔
فتوضا كما امرك به (ترمذی ص۳۹ باب ما جاء في وصف الصلوٰة) جیسے اللہ نے تجھے حکم دیا اسی طرح وضو کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے طریقہ وضو کو قرآن حکیم کی آیت وضو پر محمول فرمایا اور قرآن کریم کے

وضو میں کوئی امر استنشاق واستنثار سے متعلق نہیں ہے، قرآن مجید میں تو صرف سر کا مسح اور تین اعضاء کا دھونا مذکور ہے اس سے معلوم ہوا کہ استنثار واجب نہیں۔

حضرات شوافع اور مالکیہ رحمہما اللہ بھی حدیث باب میں حنفیہ کے ساتھ ہیں اور صیغہ امر کو استحباب پر محمول کرتے ہیں۔

من استجمر فلیوتر اور جو شخص پتھر سے استنجا کرے وہ طاق پتھر لے۔

اس مسئلہ میں مستقل باب آرہا ہے۔

باب ۱۲۱

الاستجمار وترًا ۲۸

طاق ڈھیلوں سے استنجا کرنا

۱۶۱ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال انا مالك عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا توضأ احدکم فلیجعل فی انفہ ماء ثم لینتثر ومن استجمر فلیوتر واذا استیقظ احدکم من نومہ فلیغسل قبل ان یدخلہا فی وضوئہ فان احدکم لا یدری این باتت یدہ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو اپنی ناک میں پانی ڈالے پھر ناک صاف کرے اور جو شخص ڈھیلوں سے استنجا کرے وہ طاق عدد (بے جوڑ عدد) سے استنجا کرے اور جب تم میں سے کوئی سو کر اٹھے تو وضو کے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اسے دھولے کیوں کہ تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ اس ہاتھ نے رات کہاں گذاری ہے۔

مطابقۃ للترجمہ "مطابقۃ الحدیث للترجمہ فی قولہ ومن استجمر فلیوتر"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص۲۸ ایضا مرّ آنفا ص۲۸۔

ربط ومقصد امام بخاری رحمہ اللہ نے مسائل استنجاء سے متعلق ابواب سے فراغت کے بعد وضو کے ابواب شروع فرما دیئے تھے اب پھر ایک باب استنجا کے بارے میں لے آئے جو اشکال کا باعث ہے حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس کتاب میں استنجا کے ابواب اور صفت وضو کے ابواب

ملا جلا ذکر کئے ہیں کوئی امتیاز ملحوظ نہیں رکھا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ امام بخاری رحؒ کے پیش نظر کتاب الوضوء میں وضو کے احکام کے ساتھ ساتھ وضو کے مقدمات و شرائط بھی ہیں۔ اس لئے دونوں امور کے ابواب ملے جُلے و متلازم ہیں۔

۲ حافظ عسقلانی رحؒ نے دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ "ویحتمل ان یکون ذالک لمن دون المصنف الخ" یعنی یہ بھی احتمال ہے کہ یہ ترتیب خود امام بخاری رحؒ نے نہ دی ہو بلکہ بعد کی ہو (فتح الباری)

علامہ عینی رحؒ فرماتے ہیں" وجہ المناسبۃ بین البابین الخ (عمدہ) یعنی سابق حدیث الباب میں دو حکم بیان ہوئے تھے ایک استنثار کا دوسرے استجمار وترا کا، اور باب سابق میں حکم اول پر ترجمہ قائم کیا تھا اسلئے مناسب معلوم ہوا کہ دوسرے حکم پر بھی ایک مستقل باب قائم کر دیا جائے۔ خلاصہ یہ کہ یہ ضمنی باب ہے، باب در باب کی حیثیت ہے اسلئے درمیان میں آجانا نہ بے محل ہے اور نہ باعث اشکال۔

اب باب سابق سے مناسبت واضح ہوگئی کہ جب استجمار کے اندر ایتار ہے تو استنثار کے اندر بطریق اولیٰ ایتار ہوگا۔

استجمار کے معنی من استجمر فلیوتر قال الحافظ ای استعمل الجمار وھی الحجارۃ الصغار (فتح) یعنی استجمار جمار سے بنا ہے جس کے معنی ہیں چھوٹے چھوٹے پتھر یا ڈھیلے سے پیشاب یا پاخانہ کی جگہ صاف کرنا۔

تشریح استنجا کے سلسلے میں تین باتیں سامنے آرہی ہیں ایتار۔ تثلیث۔ انقاء محل یعنی محل نجاست کی صفائی۔

احناف کے نزدیک صرف انقاء محل ضروری ہے یہ انقاء جتنے بھی ڈھیلوں سے حاصل ہو جائے۔ چوں کہ استنجا کرنے والوں کے حالات مختلف ہوتے ہیں اسلئے ڈھیلوں کی تعداد مختلف ہوسکتی ہے حصول مقصد کبھی ایک ڈھیلے سے بھی ہوسکتا ہے جیسے پیشاب کے وقت اور کبھی تین اور اس سے زائد تعداد کی ضرورت پڑسکتی ہے مثلاً کبھی کا براز (پاخانہ) بستہ بکری کی مینگنی کی طرح اور کسی کا بالکل غیر بستہ کہ مخرج سے متجاوز ہو کر ادھر اُدھر پھیل جاتا ہے۔ ایسے شخص کو بلاشبہ تین سے زائد کی ضرورت ہوگی بہر حال اصل مقصود و مطلوب محل کی صفائی ہے رہا تین کا عدد جو حدیثوں میں آیا ہے تو اسلئے کہ عام طور پر اور اکثر حالات میں تین سے محل نجاست کا انقاء ہو جاتا ہے۔ ارشادِ نبوی ہے:

اذا ذھب احدکم الی الغائط فلیذھب معہ بثلاثۃ احجار یستطیب بھن فانھا تجزی عنہ (ابوداؤد اول ص۶)	جب تم میں سے کوئی قضائے حاجت کیلئے جائے تو اپنے ساتھ پاکی حاصل کرنے کیلئے تین ڈھیلے لیجائے اس لئے کہ یہ تین اسکے لئے کافی ہوسکتے ہیں (یعنی یہ تین اس لئے لیجائے کہ یہ کافی ہوسکتے ہیں۔

اس حدیث پاک سے صاف معلوم ہو گیا کہ تین عدد مقصود بالذات نہیں ہے بلکہ ثلاثہ احجار (تین ڈھیلے) کا ذکر اس بنا پر ہے کہ عام طور پر اور اکثر و بیشتر اس سے نجاست کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

نیز ایک اور حدیث ہے:-

من استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج — جو شخص استنجا کیلئے ڈھیلے لے وہ طاق لے جو شخص ایسا کرے تو اچھا ہے اور جو نہ کرے تو بھی کوئی حرج نہیں۔

اس لئے احناف رح کے نزدیک تین کا عدد استحبابی ہے، اور حضرات شوافع رح کے نزدیک تین ڈھیلے کا استعمال کرنا واجب ہے اور تین سے زائد مستحب۔

مگر حدیث مذکور پورے طور پر احناف کی دلیل ہے۔

باب ١٢٢

غَسلِ الرِّجلَینِ وَلَا یَمسَحُ عَلَی القَدَمَینِ

دونوں پاؤں کے دھونے کا بیان اور یہ کہ قدموں پر مسح نہ کرے

١٦٢ حَدَّثَنَا مُوسیٰ قال ثنا ابوعوانة عن ابی بشر عن یوسف بن ماهك عن عبد الله بن عمرو قال تخلف النبی صلی الله علیه وسلم عنا فی سفرة فادرکنا وقد ارهقنا العصر فجعلنا نتوضأ ونمسح علی ارجلنا فنادی باعلی صوته ویل للاعقاب من النار مرتین او ثلاثا

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں ہم سے پیچھے رہ گئے پھر آپ ﷺ نے (آگے بڑھ کر) ہمیں پالیا جب کہ عصر کا وقت تنگ ہو گیا تھا تو ہم وضو کرنے لگے اور ہم (جلدی کے مارے اچھی طرح پاؤں دھونے کے بجائے) پاؤں پر مسح کرنے لگے آپ ﷺ نے ایہ حال دیکھ کر) بلند آواز سے فرمایا ایڑیوں کیلئے دوزخ (کے عذاب) سے خرابی ہے۔ دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا۔

مطابقة للترجمة حدیث کی مطابقت کے سلسلے میں علامہ عینی رح فرماتے ہیں "تفهم من انکار النبی صلی الله علیه وسلم"، یعنی صحابہ کرام کے پیروں پر مسح کرنے (غسل خفیف) کو دیکھ کر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے انکار سے حدیث کی مطابقت مفہوم ہوتی ہے کیوں کہ حضور اکرم ﷺ نے ایڑی میں خشک حصہ دیکھکر فرمایا "ویل للاعقاب من النار" جس سے حضور اکرم ﷺ نے تنبیہ فرمائی کہ وضو میں پاؤں کو ٹخنوں تک پوری

طرح دھونا ضروری ہے کہ کوئی حصہ خشک نہ رہ جائے۔

ربط و مقصد سابق باب میں یہ معلوم ہوچکا ہے کہ باب الاستجمار وترا (۱) ضمنی باب ہے باب در باب کے طور پر تھا اسلئے یہ باب درحقیقت باب الاستنثار کے بعد ہوگیا والمناسبۃ بینھما ظاھرۃ لان کلامنھما مشتمل علی حکم من احکام الوضوء۔

(۲) یا اس طرح مناسبت بیان کیجائے کہ ناک بدن میں ایک جانب ہے اور پاؤں دوسری جانب اسلئے ناک استنثار کے بعد پاؤں کا وظیفہ بتلادیا۔

امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے روافض کا رد کرنا ہے جو کہتے ہیں کہ وضو میں پاؤں دھونا فرض نہیں مسح کرنا ضروری ہے۔

امام بخاریؒ کی تردید کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر وظیفہ رجل مسح ہوتا تو مسح میں کسی کے نزدیک استیعاب ضروری نہیں اسلئے ایڑی کے خشک رہ جانے پر اس قدر وعید شدید کا کوئی سبب نہ تھا کیوں کہ وظیفہ رجل ادا ہوچکا تھا لیکن چونکہ وظیفہ رجل غسل میں استیعاب لازم ہے لہٰذا اس کوتاہی پر وعید کا استحقاق ثابت ہوگیا اس سے صاف ثابت ہوگیا کہ وضو میں خالی پیروں کا دھونا ضروری ہے مسح سے وضو نہ ہوگا اور اس مسح سے نماز نہ ہونے کی بنا پر ان ایڑیوں پر عذاب ہوگا۔ (یا ان ایڑی والوں پر عذاب ہوگا)

تعدد موضعہ مر الحدیث ص۱۴ و صفحہ۲۰ ھھنا صفحہ۲۸

تشریح الفاظ فادرکنا بفتح الکاف ای لحق بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

ارھقنا العصر بفتح الھاء والقاف من الارھاق، والعصر مرفوع بہ لانہ فاعل ھکذا روایۃ ابی ذر وفی روایۃ باسکان القاف ونصب العصر علی المفعولیہ ویقوی الاول روایۃ الاصیلی وقد ارھقتنا بتانیث الفعل وبرفع الصلوۃ علی الفاعلیت (عمدۃ القاری)

ویل اور ویح کی تشریح جلد اول میں گذرچکی ہے دیکھئے نصر الباری جلد اول ص۳۶۶ حدیث ۸۵ اعقاب جمع ہے عقب (بکسر القاف وسکونہا) کی جس کے معنی ہیں پاؤں کا پچھلا حصہ یعنی ایڑی۔ علامہ عینیؒ کہتے ہیں معناہ ویل لاصحاب الاعقاب المقصرین فی غسلھا الخ (فتح) اور بعض نے کہا کہ اس تقدیر کی ضرورت نہیں ہے حدیث کا منشا یہ ہے کہ اس گناہ کا عذاب خود اعقاب پر ہوگا۔

الاختلاف بین اہل السنۃ والروافض غسل رجلین میں سبب اختلاف دو مشہور قراءتین ہیں۔ سورہ مائدہ کی چھٹی آیت میں ہے:

فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا برءوسکم وارجُلکم الی الکعبین۔

آیت وضو کے ارجلکم کے لام میں دو مشہور قراءتین ہیں ایک لام کے نصب (زبر) کے ساتھ۔ دوسرے لام کے کسرہ کے ساتھ۔ روافض (فرقہ امامیہ) کہتے ہیں کہ اس آیت وضو میں کسرہ کی قراءت راجح ہے اور قرب

کی وجہ سے برؤسکم پر عطف ہے اس صورت میں دونوں پیروں پر مسح واجب ہوگا حالاں کہ جب دونوں قراءتیں قراءت مشہورہ ہیں تو کسی ایک کو ترجیح احادیث کے ذریعہ ہوگی اور متواتر احادیث میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کی کیفیت یہی نقل کی گئی ہے کہ آپؐ نے کھلے پیروں پر مسح کبھی نہیں کیا ہمیشہ پائے مبارک دھوئے ہیں اور آپؐ ہی اللہ تعالےٰ کے منشاء کو بیان کرنے والے ہیں پھر عمرو بن عنبسہ کی وہ طویل حدیث جسے ابن خزیمہ اور دوسرے محدثین نے وضو کی فضیلت کے بارے میں روایت کیا ہے اس میں یہ جملے موجود ہیں: ثمّ یغسل رجلیه کما امرہ اللہ پھر آپؐ اپنے دونوں پائے مبارک اللہ کے حکم کے مطابق دھوتے تھے۔

جمہور علماء و اہل سنت کے نزدیک ارجلکم کا عطف ایدیکم پر ہے اور اغسلوا کے ماتحت ہے اور جر (کسرہ) والی قراءت ارجلکم میں جر جوار ہے یعنی ارجلکم کو زبر کے ساتھ پڑھا جائے یا زیر کے ساتھ ہر دو صورت میں عطف ایدیکم پر ہے اس لئے کہ جس طرح ایدیکم کی غایت وحد بیان کی گئی ہے الی المرافق، اسی طرح پاؤں کی غایت بیان کی گئی ہے الی الکعبین۔ اس لئے دونوں صورتوں میں دھونا ہی مراد ہے اگر روافض کے قول کے مطابق رؤسکم پر عطف مانا جائے تو پھر پاؤں کے مسح کی حد الی الکعبین نہ ہونی چاہئے جیسے سر کے مسح کی حد نہیں بیان کی گئی ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ جب دو معمول ایسے ہوں کہ ان کے دو عامل متقارب المعنی ہوں تو ان میں سے ایک عامل کو حذف کرکے اس معمول کو مذکور عامل کے تابع کر دیا جائے یعنی تضمین مانی جائے کہ عامل مذکور کے معمول پر عامل محذوف کے معمول کو عطف کرنا، کلام عرب میں اسکی بہت سی نظیریں ہیں مثلاً مشہور شعر ہے ؎

؎ یالیت شیخك قد غدا ٭ متقلدا سیفا ورمحا

یہاں رمحا کا عامل محذوف ہے اور اصل میں یوں تھا متقلدا سیفا حاملا رمحا اسی طرح علفته تبنا وماءً باردا" اس میں ماء باردا عامل اول کے تابع نہیں ہے۔ بلکہ اس کا عامل محذوف ہے ای سقیته ماءً باردا چونکہ دونوں عامل متقارب المعنی تھے اس وجہ سے ایک کو حذف کرکے معمول کو عامل مذکور کے تابع کر دیا ہے۔

اس کی مثال قرآن حکیم میں بھی موجود ہے ارشاد الٰہی ہے فاجمعوا امرکم وشرکاءکم (پ ۱۱ ع ۱۳ سورہ یونس) یہاں تقدیر یوں تھی اجمعوا امرکم واجمعوا شرکائکم" یعنی اپنا معاملہ طے کرلو اور اپنے شرکاء کو جمع کرلو اسلئے کہ اجماع کے معنی عزم کے ہیں اسے شرکاء کا عامل قرار نہیں دیا جا سکتا۔

بعینہ یہی صورت آیت وضو میں بھی ہے کہ وہ اصل میں وامسحوا برؤسکم واغسلوا ارجلکم تھا تو چونکہ مسح اور غسل دونوں متقارب المعنی ہیں اسلئے غسل کو حذف کر دیا۔

شیخ ابن ہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ تضمین اس مقام پر درست ہوتی ہے جب کہ عامل مذکور اور عامل محذوف دونوں کے معمول کا اعراب ایک ہی ہو جبکہ آیت وضو میں رؤس مجرور اور ارجل منصوب ہے؟

اس کا جواب شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے یہ دیا ہے کہ برؤسکم بھی محلاً منصوب ہے کیوں کہ وہ بواسطہ الباء امسحوا کا مفعول ہے اسلئے یہ اعتراض وارد نہیں ہوتا۔

(۳) بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ قراءتین مشہورتین دونوں نص کے حکم میں ہوا کرتی ہیں لہٰذا ان دونوں قراءتوں کو دو مختلف احکام پر محمول کرلیا جائے یعنی کسرہ کی قراءت حالت تخفف (یعنی پاؤں میں موزے ہوں) پر محمول ہے اور نصب کی قراءت عام حالات پر۔

(۴) جر (کسرہ) کی قراءت میں ارجل کا عطف رؤس ہی پر ہے لیکن جب مسح کی نسبت ارجل کی طرف کیجائیگی تو اس سے مراد غسل خفیف ہوگا اور لفظ مسح کا اس معنی میں استعمال معروف ہے۔

اشکال یہاں اشکال ہوتا ہے کہ اگر باری تعالیٰ کو ارجل کو مغسول ہی قرار دینا منظور تھا تو پھر ایسا طرز بیان اختیار کر کے ان توجیہات اور غلط فہمیوں کی گنجائش کیوں پیدا کی گئی؟ ارجل کو صراحۃً سیاق غسل میں کیوں ذکر نہیں فرمایا گیا؟ تاکہ اعتراض وجواب کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔

اس کے چند جوابات دیے گئے ہیں۔

(۱) ارجل کو رؤس کے بعد ذکر کر کے ترتیب مسنون کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جبکہ برعکس ترتیب میں یہ فائدہ حاصل نہ ہوسکتا۔

(۲) یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ ارجل کا وظیفہ بھی بعض صورتوں میں مسح ہوتا ہے کما فی حالۃ التخفف والوضوء علی الوضوء، اگر یہ قراءت جر نہ ہوتی تو آیت سے ہر حال میں غسل ثابت ہوتا اور مسح علی الخفین کی روایات اس سے معارض ہوجاتیں اس قرأت کے ذریعہ یہ تعارض رفع کردیا گیا فقراءۃ الجر محمولۃ علی مسح الخفین وقراءۃ النصب علی غسل الرجلین (قسطلانی فی باب غسل الرجلین فی النعلین الخ)

(۳) اس بات کیطرف اشارہ کرنے کیلئے کہ مسح راس اور غسل رجلین بعض احکام میں مشترک اور یکساں ہیں مثلاً تیمم میں دونوں ساقط ہوجاتے ہیں وغیرہ من الحکم۔

بہرحال حافظ عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قد تواترت الاخبار عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی صفۃ وضوئہ انہ غسل رجلیہ وھو المبین لامر اللہ وقد قال فی حدیث عمرو بن عنبسۃ الذی رواہ ابن خزیمۃ وغیرہ مطولا فی فضل الوضوء ثم یغسل قدمیہ کما امرہ اللہ ولم یثبت عن احد من الصحابۃ خلاف ذالک الا عن علی وابن عباس وانس وقد ثبت عنھم الرجوع عن ذالک قال عبد الرحمن بن ابی لیلی اجمع اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی غسل القدمین الخ

(فتح الباری) قال النووی " قوله صلی الله علیه وسلم ثم یغسل قدمیه " فیه دلیل لمذهب العلماء کافة ان الواجب غسل الرجلین وقالت الشیعة الواجب مسحهما وقال ابن جریر هو مخیر وقال بعض الظاهریة یجب الغسل والمسح (شرح نووی صلا۱۲ مسلم شریف)

باب ۱۲۳

المضمضة فی الوضوء قاله ابن عباس وعبد الله بن زید عن النبی صلی الله علیه وسلم ص۲۸

وضو میں کلی کرنیکا بیان، اسکو ابن عباس رضؓ اور عبد اللہ بن زید رضؓ نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے

۱۶۳ (حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا شعیب عن الزهری قال اخبرنی عطاء بن یزید عن حمران مولیٰ عثمان بن عفان انه رای عثمان دعا بوضوء فافرغ علی یدیه من انائه فغسلهما ثلث مرات ثم ادخل یمینه فی الوضوء ثم تمضمض واستنشق واستنثر ثم غسل وجهه ثلثا ویدیه الی المرفقین ثلثا ثم مسح براسه ثم غسل کل رجل ثلثا ثم قال رأیت النبی صلے الله علیه وسلم یتوضأ نحو وضوئی هذا وقال من توضأ نحو وضوئی هذا ثم صلی رکعتین لا یحدث فیهما نفسه غفر الله له ما تقدم من ذنبه)

ترجمہ حمران رضؓ مولیٰ عثمان بن عفان رضؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عثمان رضؓ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کا پانی منگوایا اور اپنے دونوں ہاتھوں پر برتن سے پانی ڈالا پھر دونوں ہاتھوں کو تین دفعہ دھویا پھر اپنا داہنا ہاتھ وضو کے پانی میں ڈالا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور ناک صاف کیا پھر تین بار منہ دھویا دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے پھر سر کا مسح کیا (ایکبار) پھر ہر ایک پاؤں کو تین بار دھویا پھر کہا میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے دیکھا جیسے میں نے یہ وضو کیا اور آپؐ نے فرمایا جو کوئی میرے اس وضو کی طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں (تحیۃ الوضو کی) پڑھے کہ دل میں کوئی بات نہ بنائے ان میں تو اللہ اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

مطابقة للترجمة | مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله " ثم تمضمض "

تعدد موضعہ | قالہ ابن عباس وعبداللہ بن زید الخ اما حدیث ابن عباس رض فاسندہ فی باب غسل الوجہ بالیدین من غرفۃ واحدۃ ص۲۶ واما حدیث عبداللہ نسیاقی موصولا فی باب من مضمض واستنشق من غرفۃ واحدۃ ص۳۱۔
واما حدیث عثمان رض (انہ) دعا بوضوء الخ من الحدیث فی ص۲۷ ویاتی فی ص۲۵۹ و ص۹۵۲۔

ربط ومقصد | والمناسبۃ بین البابین من حیث ان کلا منہما مشتمل علی حکم من احکام الوضوء (عمدہ)

امام بخاری رح استنشاق کے بعد مضمضہ کا ذکر فرما رہے ہیں اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ جس طرح وضو میں استنشاق کی تاکید ہے اسی طرح مضمضہ بھی مطلوب ہے۔ امام بخاری رح نے مضمضہ کا ذکر چونکہ استنشاق کے بعد کیا ہے اسلئے بعض حضرات نے استنشاق کو مضمضہ سے زیادہ مؤکد سمجھا ہے مگر صرف ترتیب ذکری سے یہ فرق اس لئے صحیح نہیں ہے کہ قرآن حکیم میں جن فرائض وضو کا ذکر ہے ان میں ان کا ذکر نہیں البتہ وضو میں دونوں سنت ضرور ہیں۔
باقی تشریحات کیلئے حدیث ۱۵۹ فی باب الوضوء ثلثا ثلثا کے تحت ملاحظہ فرمائے۔

باب ۱۲۴

غَسْلِ الْاَعْقَابِ وَکَانَ ابْنُ سِیْرِیْنَ یَغْسِلُ مَوْضِعَ الْخَاتَمِ اِذَا تَوَضَّأَ ۲۸

ایڑیوں کا دھونا۔ اور محمد بن سیرین رح وضو کرتے وقت انگوٹھی کی جگہ دھویا کرتے تھے

۱۶۴ (حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِیَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَۃَ وَکَانَ یَمُرُّ بِنَا وَالنَّاسُ یَتَوَضَّؤُنَ مِنَ الْمِطْهَرَۃِ فَقَالَ اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ فَاِنَّ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَیْلٌ لِّلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ)

ترجمہ | محمد بن زیاد کا بیان ہے کہ میں نے ابو ہریرہ رض سے سنا وہ ہمارے پاس سے گذر رہے تھے اور لوگ لوٹے سے وضو کر رہے تھے تو انہوں نے کہا (لوگو) وضو کو پوری طرح کرو اسلئے کہ ابو القاسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (خشک) ایڑیوں کیلئے آگ کا عذاب ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "ویل للاعقاب من النار"

ربط ومقصد | والمناسبۃ بین البابین ظاهرۃ وهما ان کل واحد منهما فی حکم من احکام الوضوء۔

امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ جن اعضاء کا غسل فرض ہے ان کے پورے حصہ کا دھونا فرض ہے۔ اگر کہیں سے ذرا بھی خشک رہ گیا تو فرض ادا نہ ہوگا اس سے پہلے باب ۱۲۲ میں گذر چکا ہے کہ پاؤں کو دھویا جائے گا ان کا مسح نہ ہوگا کیوں کہ اگر پیروں کے مسح سے فرض ادا ہو جاتا تو آتش جہنم کی وعید نہ ہوتی۔

باب ۱۲۵

غَسلِ الرِّجلَینِ فی النَّعلَینِ وَلا یَمسحُ عَلَی النَّعلَینِ

جوتوں میں پیروں کے دھونے کا بیان اور یہ کہ جوتوں پر مسح نہ کرے

۱۲۵ ۔ حدثنا عبدُ اللهِ بنُ یوسفَ قال اَنا مالكٌ عن سعیدٍ المَقبُریِّ عن عُبَیدِ بنِ جُرَیجٍ اَنّه قال لعبدِ اللهِ بنِ عُمَرَ یا اباعبدِ الرحمٰنِ رَاَیتُكَ تَصنَعُ اربعًا لم اَرَ احدًا مِّن اصحابِكَ یَصنَعُها قال وما هِیَ یا ابنَ جُرَیجٍ قال رَاَیتُكَ لا تَمَسُّ مِنَ الاَرکانِ اِلّا الیَمانِیَینِ ورَاَیتُكَ تلبَسُ النِّعالَ السِّبتِیَّةَ ورَاَیتُكَ تَصبُغُ بالصُّفرَةِ ورَاَیتُكَ اِذا کُنتَ بمکّةَ اَهَلَّ النّاسُ اِذا رَاَوُا الهِلالَ ولم تُهِلَّ انتَ حتّی کانَ یومُ التَّرویَةِ قال عبدُ اللهِ اَمّا الاَرکانُ فانّی لم اَرَ رسولَ اللهِ صلی اللّٰه علیه وسلم یَمَسُّ اِلّا الیَمانِیَینِ واَمّا النِّعالُ السِّبتِیَّةُ فانّی رَاَیتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَلبَسُ النِّعالَ الّتی لَیسَ فیها شَعرٌ ویتوضّأُ فانا اُحِبُّ اَن اَلبَسَها واَمّا الصُّفرَةُ فانّی رَاَیتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَصبُغُ بها واَمّا الاِهلالُ فانّی لم اَرَ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یُهِلُّ حتّی تَنبَعِثَ بهٖ راحِلَتُهٗ۔

ترجمہ عبید بن جریج سے روایت ہے کہ انہوں نے عبداللہ بن عمرؓ سے کہا کہ اے ابو عبدالرحمٰن (یہ عبداللہ بن عمرؓ کی کنیت ہے) میں نے آپ کو چار کام ایسے کرتے ہوئے دیکھا جنہیں آپ کے ساتھیوں (صحابہؓ) میں سے کسی کو کرتے نہیں دیکھا، ابن عمرؓ نے فرمایا اے ابن جریج وہ کیا ہیں؟ ابن جریج نے کہا کہ میں نے (طواف کے وقت) آپ کو دیکھا دو یمانی رکنوں (حجر اسود اور رکن یمانی) کے سوا کسی اور رکن کو نہیں چھوتے، اور میں نے آپ کو سبتی (بال صاف کئے ہوئے) جوتے پہنتے دیکھا ہے۔ اور میں نے دیکھا کہ آپ زرد رنگ سے رنگتے ہیں (کپڑے کو یا بالوں کو) اور میں نے دیکھا ہے کہ جب آپ (حج کے دنوں میں) مکہ میں ہوتے ہو تو لوگ تو (ذی الحجہ کا) چاند دیکھتے ہی احرام باندھ لیتے ہیں اور آپ آٹھویں تاریخ تک احرام نہیں باندھتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے جواب دیا کہ ارکان کا

معاملہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو (طواف میں) یمانی رکنوں (حجر اسود اور رکن یمانی) کے علاوہ کسی اور رکن کو ہاتھ لگاتے نہیں دیکھا، اور سبتی جوتے اس لئے پہنتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسے جوتے پہنے دیکھا ہے۔ کہ جس پر بال نہیں ہوتے تھے اور آپؐ ان ہی جوتوں کو پہنے پہنے وضو فرمایا کرتے تھے تو میں بھی انہیں پہننا پسند کرتا ہوں، رہا زرد رنگ کی بات تو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زرد رنگ رنگتے دیکھا ہے چنانچہ میں بھی اس رنگ سے رنگنا پسند کرتا ہوں اور رہا احرام باندھنے کا حال تو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اسوقت تک احرام باندھتے (تلبیہ پڑھتے) نہیں دیکھا جب تک آپؐ کی اونٹنی آپؐ کو لیکر نہ اٹھتی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمہ فی قولہ ویتوضأ فیھا " فانہ ظاھرہ کان علیہ الصلوٰۃ والسلام یغسل رجلیہ وھما فی نعلین لان قولہ فیھا ای فی النعال ظرف لقولہ یتوضأ (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا مختصر او یاتی مطولا فی اللباس ص۸۷ واما طرف الاستلام ففی الحج ص۲۵ وکذا فی باب الاھلال مستقبل القبلہ ص۲۱ وفی غیرہ۔

ربط و مقصد باب سابق میں امام بخاری" بیان کر چکے ہیں کہ اعضاء وضو کے پورے حصوں کو دھونا ضروری ہے، اب یہ بیان کر رہے ہیں کہ پیر مغسول ہے ممسوح نہیں پیر جوتے میں ہوں یا باہر ہوں اگر خفین (موزے) میں نہیں ہیں تو دھونا فرض ہے۔

اس باب سے امام بخاری" کا مقصد غسل رجلین کو ثابت کرنا ہے امام بخاری" کی عادت ہے کہ جب کوئی مسئلہ ثابت کرنا چاہتے ہیں تو اس کو مختلف پہلوؤں سے ثابت کر کے اشکال رفع کرتے اور مخالفین کی پوری پوری تردید کرتے ہیں۔ چنانچہ اس مسئلہ کی دو صورتیں واضح ہو گئیں کہ پیر خفین (موزے) میں ہو تو مسح کیا جائیگا اور اگر پیر میں خفین نہیں ہے خالی پیر ہے تو غسل ضروری ہے لیکن اب تیسری صورت یہ ہے کہ پیر جوتے یا چپل میں ہے تو اسوقت کیا صورت ہوگی؟

امام بخاری" نے یہ باب قائم کر کے صاف کر دیا کہ اس صورت میں وضو کرنے والے کو اختیار ہے خواہ پہنے پہنے جوتے کے اندر ہی پانی پہونچانے کی کوشش کرے یا جوتے و چپل اتار کر پاؤں کو دھوئے۔ مگر جوتے و چپل پر مسح درست نہیں۔

تشریح حدیث عبید بن جریج (کلاھما مصغر) تابعی مدنی مولی بنی تیم نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے کہا اے ابو عبدالرحمن میں نے آپ کو چار ایسی چیزیں کرتے دیکھا ہے جنہیں آپ کے ساتھیوں کو کرتے نہیں دیکھا۔ ابن عمرؓ نے فرمایا وہ کیا ہیں؟ ابن جریج نے کہا ایک تو یہ کہ لا تمس من الارکان الا الیمانیین یعنی آپ کعبہ کے ارکان میں سے صرف دو یمانی رکنوں کا استلام کرتے (ہاتھ لگاتے) ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ خانہ کعبہ کے چار

ارکان (کونے) ہیں شامی[1]، عراقی[2]، یمانی[3] اور اسود[4] آپ جب خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں تو شامی اور عراقی کو چھوڑ کر صرف یمانیین کا استلام کرتے ہیں (یہاں یمانیین کا لفظ حجر اسود اور رکن یمانی کیلئے تغلیباً استعمال کیا گیا ہے۔

ابن عمر رضؓ نے جواب میں فرمایا کہ میرا یہ عمل حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں ہے عن عبد اللہ بن عمر رضؓ قال لم ار النبی صلی اللہ علیہ وسلم یستلم من البیت الا الرکنین الیمانیین (بخاری اول ص۲۱۸ ایضا مسلم اول ص۴۱۲)

علامہ عینیؒ نے اس مقام پر پوری تفصیل دی ہے جسکا خلاصہ یہ ہے:-

قاضی عیاضؒ نے کہا کہ عصر اول میں بعض صحابہ و تابعین میں اختلاف رہا کہ رکن شامی و عراقی کا استلام کیا جائے یا نہیں مگر پھر یہ اختلاف ختم ہو گیا اور استلام کیلئے حجر اسود اور رکن یمانی مخصوص ہو گئے کیوں کہ یہ دونوں ارکان بناء ابراہیم علیہ السلام پر تھے اور رکن شامی و عراقی بناء ابراہیم علیہ السلام پر نہیں تھے جس کا قصہ یہ ہے کہ قریش نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل اجتماعی چندہ سے کعبہ کی تعمیر کو سرمایہ کی کمی کی وجہ سے مختصر کر دیا اسلئے کعبہ کا کچھ حصہ تعمیر میں آنے سے رہ گیا جسے حطیم کعبہ کہتے ہیں۔

پھر جب حضرت عبد اللہ بن زبیر رضؓ نے اپنے عہد خلافت میں کعبہ (بیت اللہ) کو از سر نو تعمیر کیا تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی خواہش کے پیش نظر بیت اللہ کو بناء ابراہیمی پر تعمیر فرمایا اسلئے عبد اللہ بن زبیر وغیرہ ان دونوں رکن (عراقی و شامی) کا بھی استلام کرتے تھے۔

مگر عبد الملک کے حکم سے حجاج بن یوسف نے تعمیر کیا تو عبد اللہ بن زبیر رضؓ کے اضافے کو چھوڑ کر قریش کی بنیادوں پر کعبہ کو تعمیر کیا چنانچہ پھر حطیم باہر رہ گئی، تو جو حضرات واقف کار تھے وہ صرف رکنین یمانیین کا استلام کرتے تھے اور رکن عراقی اور رکن شامی کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے۔

اور چونکہ ابتک یہی بناء باقی ہے اسلئے اب باتفاق ائمہ صرف حجر اسود اور رکن یمانی کا استلام ہے باقی کا نہیں البتہ کچھ لوگ چاروں ارکان کو ہاتھ لگاتے رہے جیسا کہ عبد اللہ بن زبیر رضؓ کی تعمیر کے بعد سے رواج پڑ گیا تھا، عبید بن جریج نے اسی اختلاف عمل کی وجہ سے ابن عمر رضؓ سے سوال کیا اگر اب بھی اسی طرح بناء ابراہیمی پر کسی وقت ہو جائے تو چاروں ارکان کا استلام بلا شبہ مستحب ہو جائیگا۔

پھر حجر اسود اور رکن یمانی کے حکم میں یہ فرق ہے کہ اگر حجر اسود کی تقبیل یا استلام کا موقع نہ ملے تو دور سے اشارہ کر کے ہاتھوں کو چوم لینا مسنون ہے لیکن رکن یمانی میں اگر ہاتھ سے استلام کا موقع ملجائے تو فبہا ورنہ دور سے اشارہ مسنون نہیں۔

دوسرے سوال کا جواب

حضرت عبد اللہ بن عمر رضؓ سے دوسرا سوال کیا گیا تلبس النعال السبتية، سبتية نسبت الی سبت یعنی سبت بکسر السین کی طرف نسبت ہے سبتی اس مدبوغ چمڑے کو

کہتے ہیں جس کے بال صاف کر کے عمدہ کر لئے گئے ہوں۔ جاہلیت کے اس دور میں مدبوغ چمڑے کے جوتے صرف امراء و روٴسا استعمال کرتے تھے۔ اب تو اس کا استعمال ہر ایک کرتا ہے اور بلا شبہ جائز ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضؓ نے جواب میں فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسے (سبتی) جوتے پہنتے دیکھا ہے ویتوضا فیھا یعنی صرف پہنا ہی نہیں بلکہ انہیں جوتیوں میں آپؐ وضو فرماتے تھے، ابو داؤد کی ایک روایت میں ہے:

فاخذ حفنۃ من ماء فضرب بھا علی رجلہ وفیھا النعل فغسلھا بھا ثم الاخری مثل ذالك (ابوداؤد ص ۱۶/۱)

حضور رضؓ نے پانی کا لپ لے کر اپنے پاؤں پر ڈالا جب کہ آپؐ کے پاؤں میں جوتا تھا پھر پیر اس سے دھویا پھر دوسرا پاؤں اسی طرح دھویا۔

مطلب یہ ہے کہ میں سبتی جوتے ترفع اور بڑائی کے طور پر نہیں پہنتا ہوں بلکہ اتباع رسول میں پہنتا ہوں)۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہر دور کی ترقی یافتہ عمدہ چیزوں کا استعمال جائز بلکہ بہتر ہے بشرطیکہ اس میں خلاف شرع کا ارتکاب یا غیر مسلموں کے مذہبی شعار سے تشبہ نہ ہو۔ واللہ اعلم

تیسرے سوال کا جواب

حضرت ابن عمر رضؓ نے تیسرے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپؐ زرد رنگ استعمال کرتے ہیں۔

علماء نے لکھا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا عمومی لباس زرد رنگ کا نہیں تھا بلکہ کبھی پہن لیا ہوگا اور حضرت ابن عمر رضؓ نے دیکھ لیا بس اسی کو اختیار فرمالیا چونکہ حضرت ابن عمر رضؓ کثیر الاتباع تھے۔ بعض نے کہا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم زرد رنگ میں اپنے کپڑوں کو رنگا نہیں کرتے تھے۔ بلکہ چونکہ حضورؐ مہندی کا خضاب کرتے تھے اسکا زرد رنگ لگ جاتا تھا اس کو ابن عمر رضؓ نے دیکھ لیا ورنہ حدیث میں زرد رنگ اور زعفرانی رنگ کی مردوں کیلئے ممانعت ہے اسی لئے حنفیہ نے مردوں کیلئے یہ دونوں رنگ مکروہ قرار دیئے ہیں البتہ عورتوں کیلئے سب رنگ بلکہ کراہت جائز ہے، اسکی تفصیل کتاب اللباس میں آئے گی انشاء اللہ الرحمان۔

چوتھے سوال کا جواب

ابن جریج کا چوتھا سوال تلبیہ یعنی احرام کے متعلق تھا، حضرت ابن عمر رضؓ نے جواب میں فرمایا کہ میرا یہ عمل بھی حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں ہے اس مسئلے کی پوری تفصیل تو کتاب الحج میں آئے گی۔ انشاء اللہ

مگر مختصراً عرض ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے احرام باندھنے میں مختلف روایات ہیں اور اختلاف روایات کی وجہ سے ائمہ کرام کے اقوال مختلف ہیں۔ امام اعظم، امام ابو یوسف، اور امام محمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ احرام کی نماز سے فارغ ہوتے ہی کھڑے ہونے سے پہلے ہی تلبیہ (لبیك اللھمّ لبیك الخ) شروع کر دیئے یہ تلبیہ واجب ہے پھر جب اونٹنی پر سوار ہو کر آگے چلے یا کسی بلندی پر چڑھے اور دوسرے اوقات میں مستحب ہے۔

ائمہ ثلاث رحمہم اللہ کا قول ہے کہ پہلا تلبیہ واجب جب سواری چلنے لگے انکی دلیل حدیث الباب ہے جو ابن عمر رضؓ

سے مروی ہے۔

حنفیہ کی دلیل عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث ہے جس کو امام ابو داؤد نے ذکر کیا ہے:

سعید بن جبیرؒ کا بیان ہے کہ میں نے عبداللہ بن عباسؓ سے کہا کہ مجھے اس پر تعجب ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ کہنے کے وقت کے بارے میں صحابہؓ میں اختلاف ہے تو حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں اس معاملہ کو سب سے زیادہ جانتا ہوں واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک حج کیا ہجرت کے بعد جس کو حجۃ الوداع کہتے ہیں) اسی وجہ سے لوگوں نے اختلاف کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج کی نیت کر کے (مدینہ منورہ سے) نکلے تو جب مسجد ذوالحلیفہ میں احرام کی دو رکعتیں پڑھیں اسی مجلس میں تلبیہ پڑھا کچھ لوگوں نے سنا اور میں نے اس کو یاد رکھا (مگر چونکہ لوگ بہت تھے اور دور دور تک تھے اسلئے بہت سے لوگوں نے نہیں سنا پھر جب آپؐ (مسجد سے باہر تشریف لاکر) سواری پر بیٹھے اور اونٹنی آپؐ کو لیکر چلنے لگی تو آپ نے تلبیہ پڑھا تو اور کچھ لوگوں نے سنا (یہ لوگ یہ سمجھے کہ یہی پہلا ہے) کیونکہ لوگ جماعت در جماعت آکر شامل ہوتے جاتے تھے تو ان لوگوں نے اسی وقت سنا اور یہ سمجھا کہ حضورؐ نے اسی وقت تلبیہ پڑھا، جب آپؐ کی اونٹنی آپ کو لیکر چلی پھر جب آپؐ شرف البیداء پر چڑھے تو تلبیہ کہا تو جن لوگوں نے صرف اس وقت سنا وہ سمجھے کہ یہی پہلا ہے (ابن عباسؓ کہتے ہیں) خدا کی قسم آپؐ کا واجب تلبیہ وہی تھا جو نماز پڑھنے کی جگہ میں پڑھا تھا جب آپؐ احرام کی دو رکعت سے فارغ ہوئے تھے۔ (ابو داؤد جلد اول ص۲۴۲ فی باب وقت الاحرام)

باب ۱۲۶

التیمن فی الوضوء والغسل

وضو اور غسل میں داہنی طرف سے شروع کرنا

۱۶۶ (حدثنا مسدد قال ثنا اسمٰعیل قال ثنا خالد عن حفصة بنت سیرین عن ام عطیة قالت قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم لھن فی غسل ابنته ابدان بمیامنھا ومواضع الوضوء منھا) ۲۹

۱۶۷ (حدثنا حفص بن عمر قال حدثنا شعبة قال اخبرنی اشعث بن سلیم قال سمعت ابی عن مسروق عن عائشة قالت کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یعجبه التیمن فی تنعله وترجله وطھورہ فی شانه کله) ۲۹

ترجمہ ۱۶۶ | حضرت ام عطیہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی (حضرت زینبؓ)

کے بارے میں عورتوں سے فرمایا کہ غسل داہنی جانبوں اور وضو کے مقاموں سے شروع کرو۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "ابدان بمیامنہا" لان الامر بالتیمن فی التغسیل والتوضئۃ کلیہما مستفاد من عموم اللفظ (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۲۹ وفی الجنائز فی باب غسل المیت الخ ص۱۶۷ وفی باب مایستحب ان یغسل وترا ص۱۶۷ ایضا ص۱۶۷ وفی باب مواضع الوضوء ص۱۶۸ ایضا ص۱۶۸ ایضا ص۱۶۸ ایضا ص۱۶۸ ص۱۶۸ ص۱۶۸ ص۱۶۸۔

ترجمۃ ۱۶۷ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو داہنی جانب سے شروع کرنا جوتا پہنے، کنگھی کرنے اور پاکی حاصل کرنے اور ہر کام میں پسند تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث فی قولہ "یعجبہ التیمن الخ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۲۹ ویاتی فی الصلوٰۃ ص۶۱ وفی الاطعمہ ص۸۱۰ وفی اللباس ص۸۷۰ وفی باب الترجل ص۸۷۸ وفی مسلم ج۱ ص۳۰۵

ربط ومقصد گذشتہ ابواب احکام وضو پر مشتمل تھے اس باب سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ ہے کہ وضو میں عمل داہنی جانب سے شروع کرنا چاہیئے یعنی داہنی جانب سے شروع کرنا بھی اسی کے احکام میں سے ہیں۔

تشریح تیمن کے معنی ہیں ابتدا بالیمین یعنی داہنے سے شروع کرنا۔

ابدان بمیامنہا کا تعلق اگرچہ غسل میت سے ہے لیکن جب غسل میت کے وضو میں داہنی طرف سے شروع کرنا ثابت ہے تو نماز کے وضو کیلئے بطریق اولیٰ افضلیت واستحباب ثابت ہوگا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم کہ غسل کا عمل داہنی طرف اور اعضاء وضو سے شروع کیا جائے، حضرت ام عطیہ کی اس حدیث سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا مفہوم یہ ہوگا کہ آپ جوتا پہلے دائیں پاؤں میں پہنتے، کنگھی پہلے دائیں طرف سے کرتے اور طہارت حاصل کرنے اور ہر کام میں (جو امور شریف وتکریم کے ہوتے) داہنی طرف سے ابتداء کو پسند فرماتے تھے، اس حدیث سے مسجد کے دائیں حصہ میں نماز پڑھنے اور نماز جماعت میں امام کے دائیں جانب کھڑے ہونے کا استحباب نکلتا ہے۔

❁

بابُ ۲۷ التماسِ الوَضوءِ اِذا حانَتِ الصَّلوٰۃُ وقالت عائشۃُ حضرتِ الصُّبحُ فالتُمِسَ الماءُ فلم یوجَدْ فنزل التیمُّمُ)

باب:- جب نماز کا وقت آجائے تو پانی کی تلاش کرنا۔ اور حضرت عائشہ رضہ فرماتی ہیں کہ (ایک سفر میں) صبح کی نماز کا وقت ہوا تو پانی تلاش کیا گیا جب نہیں ملا تو آیت تیمم نازل ہوئی۔

تشریح | وقالت عائشۃ الخ هٰذا طرف من حدیثها فی قصۃ نزول آیۃ التیمم سیاتی فی تفسیر المائدۃ صـ ۶۶۳۔

حافظ عسقلانی رح نے اس جگہ امام بخاری رح کے استدلال کی نوعیت ابن منیر رح سے نقل فرمائی ہے، امام بخاری نے اس واقعہ سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ نماز کا وقت آجانے سے پہلے وضو کیلئے پانی کی تلاش ضروری نہیں کیونکہ صحابہ رض نے پانی کی تلاش دخول وقت کے بعد کی اور حضور اکرم رض نے اس تاخیر پر کوئی نکیر نہیں فرمائی (فتح الباری ج ۱ ص ۲۱۷)

آیت وضو میں ارشاد ہے اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا، معلوم ہوا کہ وضو کا فریضہ نماز کا وقت آنے سے پہلے عائد نہیں ہوتا جب دخول وقت نہ ہونے کی وجہ سے خود نماز ہی واجب نہیں ہوتی تو پانی کی تلاش کو کس طرح واجب کہا جائے گا۔

ابن بطال کہتے ہیں کہ مکلف نہیں کہا جاسکتا، لیکن وقت سے پہلے وضو کرلے تو اسکے حسن ہونے پر اجماع امت ہے

۱۶۸ حدثنا عبدُ اللهِ بن یوسفَ قال اَنا مالکٌ عن اسحٰقَ بن عبدِ اللهِ بن ابی طلحۃَ عن انسِ بن مالکٍ انّه قال رأیتُ رسولَ اللهِ صلی اللهُ علیه وسلم وحانَتْ صلوٰۃُ العصرِ فالتمسَ الناسُ الوَضوءَ فلم یجدوا فاُتِیَ رسولُ اللهِ صلی اللهُ علیه وسلم بوَضوءٍ فوضعَ رسولُ اللهِ صلی اللهُ علیه وسلم فی ذٰلک الاِناءِ یدَه وامرَ الناسَ ان یتوضّؤوا منه قال فرأیتُ الماءَ ینبَعُ من تحتِ اصابعِه حتی توضّؤوا من عندِ اٰخرِهم)

ترجمہ | حضرت انس بن مالک رضہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور عصر کی نماز کا وقت ہوچکا تھا لوگوں نے پانی تلاش کیا تو انہیں نہیں ملا، آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (ایک برتن میں تھوڑا سا) وضو کا پانی لایا گیا تو آپ نے اپنا ہاتھ اس برتن میں رکھدیا اور لوگوں کو حکم دیا کہ اسی برتن سے وضو کرو، حضرت انس رض کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں کے نیچے سے پانی پھوٹ رہا تھا یہاں تک کہ (قافلے کے) آخری آدمی نے بھی وضو کیا (یعنی شروع سے آخر تک سب لوگوں کیلئے یہ پانی کافی ہوگیا)

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قوله "فالتمس الناس الوضوء"

ربط و مقصد باب سابق میں تیمن کا وضوء اور غسل کیلئے مطلوب ہونا ذکر کیا گیا تھا، اب اس باب میں امام بخاری یہ بیان کر رہے ہیں کہ وضو کیلئے پانی مطلوب ہے، خلاصہ یہ ہے کہ وضوء کے مطلوبات وجہ مناسبت بین البابین ہے گرچہ دقیق و باریک مناسبت ہے۔

تشریح التماس الوضوء میں واؤ پر فتحہ ہے۔ وضوء بفتح الواؤ اس پانی کو کہتے ہیں جس سے وضو کیا جاتا ہے اور وُضوء بضم الواؤ فعل وضو اور وضوء بکسر الواؤ ظرف (برتن) کو کہا جاتا ہے ایک مصرعہ میں ان تینوں کو جمع کر دیا گیا ہے۔ ع وَضوء در وِضوء کردہ وُضوء کن

حدیث باب کی تشریح حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب نماز عصر کا وقت ہو چکا تھا۔ صحابہ نے وضو کیلئے پانی تلاش کیا تو انہیں نہ ملا، ابن المبارک کی روایت میں ہے:-

فانطلق رجل من القوم فجاء بقدح من ماء یسیر	قوم میں سے ایک شخص نے آکر ایک برتن پیش کیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس برتن میں رکھدیا اور لوگوں کو اس پانی سے وضو کرنے کا حکم فرمایا۔ انس فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ پانی حضور کی انگشتان مبارک سے پانی کا فوارہ ابلنے لگا صحابہ نے خوب سیر ہو کر پیا جانوروں کو پلایا اور سب نے وضو کیا۔

حضرت انس بن مالک کی اس حدیث کا تعلق باب معجزات سے ہے لیکن امام بخاری تیمم کی اجازت کیلئے پانی نہ ملنے کی صورت اس حدیث سے متعین کرنا چاہتے ہیں اور وہ تعیین یہ ہے کہ پانی ملنے کی تمام صورتیں جبتک ختم نہ ہو جائیں اور تمام معتاد و غیر معتاد اور ظاہری و غیر ظاہری اسباب و طریقوں سے مایوسی نہ ہو جائے اسوقت تک تیمم درست نہیں۔

البتہ اگر کسی جگہ کے متعلق غالب گمان ہے کہ ایک میل کے اندر پانی نہیں تو عندالاحناف پانی تلاش کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ مستنبطہ اس سے علماء نے ایک مسئلہ استنباط کیا کہ آب زمزم سے وضو کرنا جائز ہے۔ آب زمزم کے متعلق شبہ ہو سکتا تھا کہ یہ تو تبرک کی چیز ہے وضو میں کیسے استعمال کریں؟ مگر آب زمزم اس پانی سے زیادہ مبارک نہیں جو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے انگشتان مبارک سے نکلا بلاشبہ تمام پانیوں سے حتی کہ آب زمزم اور آب کوثر سے بھی افضل اور مقدس ہے تو جب اس مقدس و مبارک سے وضو جائز ہے تو آب زمزم سے بلاشبہ جائز ہوگا۔ واللہ اعلم

باب ١٢٥ الماءِ الذی یغسل بہٖ شعرُ الانسانِ وکان عطاءٌ لایریٰ بہ باسًا ان یُتَّخذَ منہا الخیوطُ والحِبالُ وسُورِ الکلابِ ومَمَرِّھا فی المسجدِ وقال

الزُّهرِیُّ إذا ولَغ فی إناءٍ لیسَ لهٗ وَضوءٌ غیرُہٗ یتوضّأ بہٖ وقال سُفیانُ هٰذا الفقهُ بعَینِهٖ لقولِ اللّٰہِ عزّوجلّ فلم تجدوا ماءً فتیمّموا وھٰذا ماءٌ وفی النّفسِ منہ شیءٌ یتوضّأ بہٖ ویتیمّمُ)

باب:- اس پانی کے حکم کے بیان میں جس سے انسان کے بال دھوئے جائیں (وہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟) اور عطاء بن ابی رباح اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ انسان کے بال سے دھاگے اور رسیاں بنائی جائیں اور باب کتوں کے جھوٹے اور ان کے مسجد سے گذرنے کا بیان، اور زہری رحؒ نے کہا کہ جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے اور اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی پانی نہ ہو تو اسی سے وضو کرے۔ اور سفیان ثوری رحؒ نے کہا یہ مسئلہ بعینہٖ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "فلم تجدوا ماءً فتیمّموا" سے سمجھ میں آتا ہے کہ جب پانی نہ پاؤ تو تیمم کرلو، اور یہ (کتے کا جھوٹا) پانی ہی ہے لیکن دل میں اس سے کچھ شبہ پیدا ہوتا ہے (کہ شاید ناپاک ہو) اسلئے اس پانی سے وضو کرلے اور (احتیاطاً) تیمم بھی کرلے۔

ربط ما قبل

باب سابق میں امام بخاری رحؒ نے یہ بیان کیا تھا کہ نماز کا وقت آنے پر پانی کی تلاش کیجائے اور ظاہر ہے کہ وضو کیلئے پاک پانی کی تلاش کیجاتی ہے۔ اب اس باب میں یہ بیان فرما رہے ہیں کہ انسان کے بال چونکہ پاک ہیں اسلئے جس پانی سے یہ دھوئے جائیں گے وہ بھی پاک شمار ہوگا، گویا دونوں باب ماء طاہر (پاک پانی) کے حکم پر مشتمل ہے (عمدہ)

مقصد ترجمہ

امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ انسانی بال پاک ہے اور جسم سے الگ ہونے کے بعد بھی پاک ہی رہتا ہے اس مسئلہ کو بیان کرنے کیلئے امام بخاری نے عطاء بن رباح رحؒ کا قول پیش کیا ہے اس سے صاف معلوم ہوگیا کہ امام بخاری رحؒ اس مسئلہ میں مسلک احناف کی موافقت کر رہے ہیں اور جب انسان کے بالوں کی طہارت ثابت ہوگئی تو یہ مسئلہ بھی صاف ہوگیا کہ اگر پانی میں بال گر جائیں تو پانی ناپاک نہ ہوگا۔

عطاء بن رباح رحؒ کے قول سے یہانتک تو احناف متفق ہیں کہ انسانی بال پاک ہیں ان میں حیات حلول نہیں کرتی اور ان سے تیار کی ہوئی رسیاں اور دھاگے ناپاک نہیں مگر چونکہ امام اعظم رحؒ کے نزدیک اجزائے انسانی سے نفع حاصل کرنا انسانی کراہت و شرف کے خلاف ہے مثلاً بال کی رسیاں بٹ کر ان میں جانور باندھا جائے اسمیں انسان کی توہین ہے اللہ تعالیٰ نے جس انسان کو مکرّم قرار دیا اس کے کسی بھی چیز کی بے حرمتی جائز نہیں فقہاء نے لکھا ہے کہ حجامت بنوانے کے بعد بال، ناخن بے حرمتی کی جگہ نہ پھینکے جائیں کہیں دفن کر دیئے جائیں۔

وسور الکلاب وممرّها فی المسجد بالجرّ عطف علی قوله الماء والتقدیر وباب سؤر الکلاب الخ

یہ دوسرا ترجمہ شروع ہوتا ہے کہ کتے کا جھوٹا پاک ہے یا ناپاک؟ اور کتوں کے مسجد میں گذرنے کا حکم۔

یعنی امام بخاری رحؒ کا یہ باب تین اجزاء پر مشتمل ہے ۱ انسان کا بال اگر پانی میں گر جائے ۲ کتے نے پانی

میں منہ ڈال دیا؟ یہ دونوں پانی پاک ہے یا ناپاک؟ جو لوگ طہارت کے قائل ہیں ان کے نزدیک ان کے رہتے ہوئے تیمم درست نہ ہوگا اور جن کے نزدیک ناپاک ہے ان کے نزدیک وضو درست نہیں تیمم درست ہوگا۔

اس تقریر سے وضو سے مناسبت بھی واضح ہوگئی۔

وقال الزهري الخ امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اگر کتے نے برتن میں منہ ڈال دیا اور کوئی دوسرا پانی نہیں ہے تو اسی کتے کے جھوٹے پانی سے وضو کرلے۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام زہری رحمہ اللہ کے نزدیک کتے کا لعاب اور جھوٹا ناپاک نہیں ہے مگر بوقت ضرورت، کیونکہ اگر اس کے علاوہ پانی ہو تو اس سے وضو نہ کرے۔

وقال سفيان الخ اور سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں هذا الفقه بعينه الخ یعنی امام زہری رحمہ اللہ نے جو فرمایا وہ عین فقہ کی بات ہے کیوں کہ تیمم کی اجازت پانی نہ پانے کیصورت میں ہے اور آیت کریمہ لم تجدوا ماء میں نکرہ تحت النفی عموم کا فائدہ دیتا ہے اور چونکہ کتے کا جھوٹا پانی بھی پانی ہی ہے اسلئے پانی کی موجودگی میں تیمم جائز نہیں اس کے بعد حضرت سفیان فرماتے ہیں وفي النفس منه شئ اور دل میں اس سے کچھ شبہ ہے (کہ شاید ناپاک ہو) اسلئے احتیاطاً وضو اور تیمم دونوں کرلے۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ سفیان ثوری رحمہ اللہ کے نزدیک سور کلب مشکوک ہے۔

سور کلب میں مذاہب فقہا کی تفصیل اگلے باب میں آرہی ہے۔

۱۶۹ حدثنا مالكُ بن اسمٰعيل قال ثنا اسرائيلُ عن عاصمٍ عن ابن سيرينَ قال قلتُ لِعَبِيدَةَ عندنا من شعرِ النبي صلى الله عليه وسلم اَصَبْنَاهُ مِن قِبَلِ اَنسٍ اومن قِبَلِ اهلِ انسٍ فقال لَاَن تكونَ عِندي شعرةٌ مِنهُ احبُّ اِلَيَّ مِن الدنيا وما فيها۔ ۲۹

ترجمہ | ابن سیرین رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ میں نے عبیدہ رحمہ اللہ سے کہا کہ میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ بال (مبارک) ہیں جو ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا (شک راوی) انس رضی اللہ عنہ کے گھر والوں سے حاصل کیا ہے تو عبیدہ نے کہا کہ اگر ان بالوں میں سے ایک بال بھی میرے پاس ہو تو وہ میرے لئے ساری دنیا و ما فیہا سے زیادہ محبوب ہوگا

مطابقة الاثر للترجمة | ترجمۃ الباب کی مطابقت فی قولہ "لان تكون عندي شعرة منه احب الي من الدنيا وما فيها۔

۱۷۰ حدثنا محمدُ بن عبدِ الرحيم قال نا سعيدُ بن سُليمٰنَ قال ثنا عبّادٌ عن ابن عونٍ عن ابنِ سيرينَ عن انسٍ انّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم لما حلقَ راسَهٗ كان ابوطلحةَ اوّلَ مَن اخذَ مِن شعرِهٖ۔

ترجمہ | حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب (حجۃ الوداع میں) سر اقدس

منڈوایا تو حضرت ابو طلحہؓ پہلے وہ شخص تھے جنہوں نے آپ کے بال مبارک لئے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في قوله كان ابو طلحة اول من اخذ من شعره.

موئے مبارک کا تبرک حجۃ الوداع یعنی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم جب رمی جمرہ اور قربانی سے فارغ ہوئے تو حلاق (معمر بن عبداللہ) کو بلا کر اپنا سر حلق کرایا تو ایک طرف (داہنی جانب) کے موئے مبارک حضرت ابوطلحہؓ کے ذریعہ تقسیم کروا دیا اور دوسری جانب موئے مبارک خود ابوطلحہؓ کو عنایت فرمایا۔ ابوطلحہؓ نے اپنی زوجہ (والدہ انس بن مالکؓ) ام سلیم کو دیا (مسلم ج ۱ ص ۴۲۱) محمد بن سیرینؒ کے والد سیرین حضرت انسؓ کے مولیٰ (آزاد کردہ غلام) تھے اور انسؓ اپنی والدہ ام سلیم کی وساطت سے ابوطلحہؓ کے زیر پرورش (ربیب) تھے اس طرح حضرت انسؓ کو موئے مبارک ملا اور انسؓ نے محمد بن سیرینؒ کو۔

جب ابن سیرین نے عبیدہ سے یہ بیان کیا تو عبیدہ نے تمنا ظاہر کی کہ اگر میرے پاس ان بالوں میں سے ایک بال بھی ہو تو میں اس کو دنیا و مافیہا کے مقابلہ میں زیادہ محبوب رکھوں گا۔ معلوم ہوا کہ انسانی بال بدن سے منفصل ہو جانے کے بعد بھی پاک ہے۔

علامہ عینیؒ لکھتے ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کو بطور تبرک رکھنا صحابہ کرام کے تعامل سے ثابت ہے تو اس سے بالوں کی طہارت ثابت ہو گئی۔

امام بخاریؒ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ مطلق انسانی بال پاک ہے کیوں کہ ناپاک چیز تبرک نہیں بنائی جا سکتی۔

روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولیدؓ کچھ موئے مبارک اپنی ٹوپی میں رکھتے اور جہاد میں اسکی برکت سے مدد (و فتح حاصل کرتے) جنگ یمامہ میں آپ کی ٹوپی گر گئی جس کا آپؓ کو نہایت قلق ہوا، صحابہ کرام نے اعتراض کیا کہ ایک ٹوپی کیلئے آپ اس قدر رنج اور صدمہ اٹھا رہے ہیں؟ خالد سیف اللہؓ نے فرمایا میری نظر میں ٹوپی کی قیمت نہیں ہے بلکہ اس بات کا خیال و فکر ہے کہ کہیں وہ ٹوپی مشرکوں کے ہاتھ میں نہ پڑ جائے اس میں محبوب رب العالمین سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی نشانی و تبرک موئے مبارک تھا (عمدۃ ج ۳ ص ۳۷ مطبوعہ پاکستان)

ابن سیرین کا مقصد استاد بیان کرنا ہے یعنی یہ نہیں کہ ان پر صرف آپ ہی کا نام ڈال دیا گیا ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آثار صالحین کے ساتھ تبرک و تحصیل برکت صحابہ کرام و تابعین عظام کی سنت ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ جعلی و نقلی نہ ہوں بلکہ مستند ہوں نیز ان کے ساتھ معاملہ حد سے تجاوز کر کے شرک اور بدعت کے درجے کا نہ کیا جائے۔

باب ۱۲۹

اِذا شرب الکلبُ فی الاِناءِ

۱۷۱ حدثنا عبدُ اللہِ بن یُوسف قال اخبرنا مالکٌ عن ابی الزّنادِ عن الاعرج عن ابی ھریرۃ انّ رسُولَ اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال اِذا شرِبَ الکلبُ فی اناءِ اَحدِکمُ فلیغسلہُ سبعًا) م ۲۹

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کتا تم میں سے کسی کے برتن میں سے پی لے تو اس کو سات مرتبہ دھوئے۔

مطابقۃ للترجمۃ ترجمۃ الباب بعینہ حدیث پاک کا جز ہے اکثر نسخوں میں (مثلاً فتح الباری، عمدۃ القاری میں یہاں مستقل باب نہیں ہے اور نہ ہونا ہی راجح ہے کیوں کہ باب سابق ہی میں سور کلب مذکور وموجود ہے اسلئے مستقل باب کی ضرورت باقی نہیں رہی البتہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ باب سابق میں کتے کے لعاب اور اس کے جھوٹے پانی کا مسئلہ بتانا تھا اور یہاں ان برتنوں کا مسئلہ بیان کرنا مقصود ہے۔ جن سے کتا پانی پی لے اس صورت میں یہ باب در باب کے طور پر سمجھا جائے گا۔

تشریح اذا شرب الکلب الخ جب کتا پی لے۔ مسلم وغیرہ میں حضرت ابوہریرہ رضؓ ہی سے بجائے اذا شرب، اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم ہے (مسلم ص۱۳۷) اور یہی ابوہریرہ رضؓ کے اکثر تلامذہ سے مروی ہے ابوداؤد ص۱۰ فی باب الوضوء بسور الکلب ترمذی ص۱۴ فی باب ماجاء فی سور الکلب۔

حافظ عسقلانی رحؒ فرماتے ہیں ولغ از باب فتح ولوغ کے معنی ہیں زبان کے کنارے سے پینا یعنی پانی یا کسی مائع چیز میں زبان ڈال کر حرکت دینا ولوغ ہے فان کان غیر مائع یقال لعقہ فان کان فارغا یقال لحسہ (فتح) یعنی اگر غیر مائع جامد میں ہو تو لعق اور اگر خالی برتن ہو تو لحس کہا جاتا ہے۔

سور کلب میں ائمہ کا اختلاف یہاں دو مسئلے ہیں ۱۔ سور کلب یعنی کتے کا جھوٹا پاک ہے یا ناپاک؟ دوسرا مسئلہ ہے کتے کے جھوٹے برتن کی تطہیر کا طریقہ کیا ہے؟

مسئلہ ۱ اسمیں ائمہ عظام وفقہاء کرام کے دو قول ہیں ۱۔ جمہور ائمہ ثلاثہ یعنی امام اعظم رحؒ امام شافعی رحؒ امام احمد بن حنبل رحؒ نیز صاحبین رحؒ کے نزدیک کتے کا جھوٹا ناپاک ہے ۲۔ امام مالک کا مشہور قول یہ ہے کہ سور کلب پاک ہے، امام بخاری رحؒ کا بظاہر یہی رجحان معلوم ہوتا ہے۔ حافظ عسقلانی رحؒ کہتے ہیں والظاھر من تصرف المصنف انہ یقول بطہارتہ۔ (فتح الباری ص۲۱۵/۱) علامہ قسطلانی رحؒ بھی یہی فرماتے ہیں۔" وظاھر صنیع المؤلف القول بالطہارۃ قسطلانی ص۲۵۴/۱ اگرچہ علامہ

عینیؒ کا خیال یہ ہے کہ بخاریؒ اس مسئلہ میں حنفیہ اور جمہور کے موافق ہیں یا کم از کم متردد ضرور ہیں۔

اس مسئلے میں جمہور کی دلیل بالکل صریح اور واضح ابوہریرہؓ کی حدیث ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طھور اناء احدکم اذا ولغ فیہ الکلب ان یغسلہ سبع مرات اولاھن بالتراب (مسلم ص ۱۳۷ ج ۱)

لفظ طہور نجاست کی ضد ہے صاف بتلا رہا ہے کہ برتن دھونے کا حکم تطہیر کیلئے ہے معلوم ہوا کہ کتے کا جھوٹا ناپاک ہے برتن دھونے کا حکم امر تعبدی نہیں ہے۔

نیز مسلم شریف کے اسی صفحہ پر ایک حدیث ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم فلیرقہ ثم لیغسلہ سبع مرات (مسلم اول ص ۱۳۷)

یعنی اگر کتا برتن میں منہ ڈالدے تو برتن میں جو چیز ہو اسے گرا دے پھر برتن کو سات مرتبہ دھوئے۔ اگر کتے کا جھوٹا پاک ہوتا تو گرانے کا حکم نہیں ہوتا کیوں کہ مال مسلم کی اضاعت جائز نہیں۔

نیز حدیث الباب سے بھی ہر خالی الذہن اور صحیح وجدان والا شخص یہی سمجھے گا کہ برتن دھونے کا حکم نجاست کی وجہ سے ہے۔

مسئلہ ۱ اس باب کا اصل مسئلہ یہی ہے کہ کتے کے جھوٹے برتن کے پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے تثلیث یا تسبیع؟

جمہور احناف (امام اعظم، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ) کے نزدیک کتے کے جھوٹے برتن کے پاک کرنیکا بھی وہی طریقہ ہے جو عام نجاستوں سے پاک کرنے کا ہے یعنی ذی جرم میں ازالہ عین اور غیر ذی جرم میں تین مرتبہ دھونے سے پاک ہو جاتا ہے، یعنی عند الاحناف تثلیث (یعنی تین مرتبہ دھونا) واجب ہے اور تسبیع یعنی سات مرتبہ دھونا مستحب ہے اور ایک روایت امام مالکؒ سے بھی ہے کہ برتن دھونے کا حکم استحبابی ہے۔

دوسرا قول ائمہ ثلاثہ (امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ) کا ہے کہ سات بار دھونا واجب اور ضروری ہے، سات بار دھونے کے وجوب پر ائمہ ثلاثہ متفق ہیں لیکن فرق اس میں ہے کہ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک سور کلب (کتے کا جھوٹا) ناپاک ہے اسلئے سات بار دھونے کو ضروری اور واجب کہتے ہیں۔

امام مالکؒ سور کلب کو پاک کہتے ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب پاک ہے تو برتن بھی پاک ہوگا پھر سات مرتبہ دھونے کو واجب کیوں کہتے ہیں؟

جواب یہ ہے کہ اس بارے میں امام مالکؒ کا مشہور مذہب یہ ہے کہ وہ امر تعبدی کی بنا پر واجب کہتے ہیں نہ کہ نجاست کی بنا پر۔ امر تعبدی (حکم تعبدی) کا مطلب یہ ہے کہ اسکی وجہ ہمیں معلوم نہیں چنانچہ امام مالکؒ سے جب وجہ دریافت کی گئی تو فرمایا قد جاء ھذا الحدیث وما ادری حقیقتہ، یعنی اس تسبیع کے متعلق حدیث وارد

ہوئی ہے مگر مجھے اس کی حقیقت معلوم نہیں۔

احناف کے دلائل

احناف کی دلیل حضرت ابوہریرہ رضؓ کی وہ حدیث ہے جسکو حافظ ابن عدیؒ نے "الکامل" میں ذکر کی ہے عن الحسین بن علی الکرابیسی قال حدثنا اسحاق الازرق حدثنا عبدالملک عن عطاء عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم فلیھرقہ و لیغسلہ ثلاث مرات " (عمدہ ص ۴۱ مطبوعہ پاکستان)

واضح رہے کہ حسین بن علی کرابیسی کبار محدثین میں سے تھے اور امام احمد کے ہمعصر اور امام بخاریؒ اور داؤد ظاہری رحؒ کے استاد ہیں۔

(۲) حضرت ابوہریرہ رضؓ کی حدیث قولی کے ساتھ حدیث فعلی سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ تین مرتبہ دھونا برتن کی طہارت کیلئے کافی ہے چنانچہ عطاء بن ابی رباح رحؒ حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ جب کتا برتن میں منہ ڈالتا تو ابوہریرہ رضؓ اس کا پانی گرا دیتے اور تین مرتبہ دھو لیتے۔ دار قطنی نے اسکو روایت کیا ہے اور اسکی سند صحیح ہے (آثار السنن)

(۳) قیاس سے بھی تثلیث ہی کی تائید ہوتی ہے کیوں کہ وہ نجاستیں جو غلیظ ہیں جیسے پیشاب پاخانہ جو دنیا میں اغلظ النجاست سمجھی جاتی ہیں حتی کہ خود کتے کا بول و براز تین مرتبہ دھونے سے پاک ہو جاتی ہیں تو سور کلب جو بظاہر اس سے اخف ہے بطریق اولیٰ پاک ہو جانا چاہیئے لہٰذا ظاہر یہ ہے کہ تسبیع (سات مرتبہ دھونے کا حکم) استحباب کیلئے ہے۔

شوافع وحنابلہ رحؒ

حضرات شوافع وحنابلہ رحمہم اللہ کا استدلال حدیث الباب سے ہے، لیکن معلوم ہونا چاہیئے کہ اس کے متن میں سخت اضطراب ہے بعض روایات میں اولھن بالتراب ہے بعض میں اخراھن، بعض میں احداھن اور ترمذی کی روایت میں ہے السابعۃ بالتراب اور ایک روایت میں ہے والثامنۃ عفروہ بالتراب۔

بہرحال فقہائے احناف کا مسلک راجح ہے کہ تین مرتبہ دھونا واجب ہے باقی تسبیع، تثمین اور ترتیب مستحب ہے اس لحاظ سے تمام روایتوں پر حنفیہ کا عمل ہے۔ واللہ اعلم

۲۰۱ (حدثنا اسحٰق قال اخبرنا عبدُ الصّمدِ قال حدثنا عبدُ الرّحمٰنِ بن عبدِاللہِ بنِ دینارٍ قال سمعتُ اَبی عن اَبی صَالحٍ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَنّ رجلاً رَاٰی کلبًا یاکُلُ الثّرٰی مِنَ العَطَشِ فاخذ الرجلُ خُفّہٗ فجعَلَ یَغرِفُ لہٗ بہٖ حتی اَرْوَاہُ فشکرَ اللہُ لہٗ فاَدخلہُ الجنۃَ وقال احمدُ بنُ شَبیبٍ ثنا اَبی عن یُونسَ عَن ابنِ شہابٍ قال حدثنی حمزۃ بن عبدِ اللہِ عن اَبیہ قال کانتِ الکلابُ تُقبِلُ وتُدبِرُ فی المسجدِ فی زمانِ

رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یکونوا یرُشّون شیئاً مِنْ ذٰلک)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ایک شخص نے ایک کتا دیکھا جو پیاس کے مارے گیلی مٹی چاٹ رہا ہے تو اس نے اپنا موزہ لیا اور (اسمیں پانی بھر کر) اس کتے کو پلانے لگا یہاں تک کہ اس کو سیراب کر دیا۔ اللہ تعالےٰ نے اسکو اس فعل کا اجر دیا اور اسے جنت میں داخل کر دیا۔

اور ہم سے احمد بن شبیب (الشیخ المؤلف رح) نے بیان کیا کہا ہم سے میرے والد نے انہوں نے یونس سے انہوں نے ابن شہاب سے انہوں نے کہا مجھ سے حمزہ بن عبداللہ نے بیان کیا انہوں نے اپنے باپ حضرت عبداللہ بن عمر رضی سے، حضرت عبداللہ بن عمر رض کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کتے مسجد نبوی میں آتے جاتے تھے لیکن لوگ (صحابۂ کرام رض) اس وجہ سے پانی نہیں چھڑکتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ قال العینی رح ھذا من الاحادیث التی احتج بہا البخاری علی طہارۃ سور الکلب.

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۲۹ وباقی ص۳۱۸ وصفحہ ۳۳۳ وصفحہ ۴۶۷ وص۴۹۳ وص۸۸۸ تا ص۸۸۹۔

بخاری شریف کے دوسرے ابواب (صفحہ ۳۱۸ وص ۳۸۸) میں اس طرح تفصیل ہے۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ایک شخص سفر کر رہا تھا اس کو زور کی پیاس لگی تو یہ ایک کنویں میں اترا اور اس کا پانی پیا اندر سے نکلا تو دیکھا کہ ایک کتا پیاس کے مارے ہانپ رہا ہے اور کیچڑ چاٹ رہا ہے اس نے (اپنے دل میں) کہا اسکو بھی اسی طرح کی تکلیف (پیاس کے مارے) پہونچی ہے جو مجھکو پہونچی تھی چنانچہ کنویں میں اترا اور اپنے موزے میں پانی بھر کر منہ سے دبا لیا اور چڑھ کر باہر آیا اور کتے کو پانی پلایا، اللہ تعالےٰ نے اس کام کی قدر کی اور اس کو بخشدیا یہ سنکر صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا جانوروں کے ساتھ بھلائی کرنے میں بھی ہم کو ثواب ملیگا؟ فرمایا ہر تر جگر والے (یعنی جاندار) میں ثواب ہے۔

مقصد فاخذ الرجل خفہ فجعل یغرف لہ بہ اس سے امام بخاری رح نے سور کلب کو پاک ثابت کرنے کیلئے استدلال فرمایا ہے کہ موزہ میں پانی پلانے سے کتے کا لعاب موزے سے لگا رہا مگر اس واقعہ میں یہ کہیں نہیں ہے کہ اس شخص نے کتے کو پانی پلانے کے بعد موزے دھویا ہو، اس سے امام بخاری رح نے اخذ کر لیا کہ کتے کا لعاب پاک ہے ورنہ کون انسان موزے کو ناپاک کرے گا؟

جواب:- یہ استدلال صحیح نہیں ہے اسلئے کہ ہو سکتا ہے کہ اس شخص نے موزے کا پانی کسی گڈھے میں ڈال دیا جس سے کتے نے پی لیا۔ نیز یہ بھی ہو سکتا ہے کہ موزہ سے پانی پلا کر موزہ دھو لیا ہو، نیز یہ بھی ممکن ہے

کہ اس موزے کو استعمال نہ کیا ہو۔ پھر یہ شخص بنی اسرائیل میں سے تھا تو اگر اسکے نزدیک پاک تھا اور ہمارے نزدیک ناپاک؟ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

پھر اس واقعہ کا تعلق طہارت و نجاست سے نہیں ہے بلکہ شفقت علی الخلق کے معاملہ سے ہے اس شخص نے جب دیکھا کہ شدت پیاس سے کتا زبان نکال رہا ہے، ہانپ رہا ہے، یہ ایسی مصیبت و تکلیف سے تڑپ رہا ہے جس تکلیف میں تھوڑی دیر پہلے میں مبتلا تھا تو اس کو رحم آیا اور موزے کی پاکی ناپاکی کی پرواہ کیے بغیر کنویں میں اتر کر پانی لایا اور پلایا۔

حدیث قدسی میں ہے الراحمون یرحمهم الرحمن الخ رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

وقال احمد بن شبیب الخ یہ امام بخاری کے شیخ ہیں اس روایت سے بھی امام بخاری کا مقصد وہی ہے کہ لعاب کلب پاک ہے کیونکہ کتے مسجد میں آتے جاتے تھے اور کتا ایسا جانور ہے کہ اکثر و بیشتر اس کے منہ سے لعاب گرتا رہتا ہے تو اگر لعاب ناپاک ہوتا تو مسجد کو ضرور دھویا جاتا۔

جواب:۔ یہ استدلال درست نہیں کیونکہ صرف آنے جانے سے یہ کیا ضروری ہے کہ لعاب ٹپکا یا ہو صرف احتمال ہے اور مسجد در اصل پاک تھی تو صرف موہوم احتمال سے ناپاک ہونا ثابت نہ ہوگا قاعدہ ہے الیقین لایرفع بالشک۔

۲: بعض نسخوں میں تقبل و تدبر کے پہلے تبول کا لفظ ہے جیسا کہ فتح الباری اور قسطلانی میں ہے نیز ابوداؤد ص۵۵ میں ہے کانت الکلاب تبول وتقبل وتدبر فی المسجد فلم یکونوا یرشون شیئا، تو کیا لعاب کلب پاک کہنے والے کتے کے پیشاب کو بھی پاک کہہ دینگے؟

اصل مسئلہ یہ ہے کہ زمین پر لعاب کلب گرنے یا پیشاب، سوکھ جانے سے زمین پاک ہو جاتی ہے چنانچہ اس حدیث پر امام ابوداؤد نے ترجمۃ الباب قائم کیا ہے "فی طهور الارض اذا یبست۔"

۱۷۳ ـ حدثنا حفص بن عمر قال ثنا شعبة عن ابن ابی السفر عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سألت النبی صلی اللہ علیه وسلم قال اذا ارسلت کلبك المعلم فقتل فكل واذا اكل فلا تاكل فانما امسکه علی نفسه قلت ارسل کلبی فاجد معه کلبا آخر قال فلا تاكل فانما سمیت علی کلبك ولم تسم علی کلب آخر۔

ترجمہ حضرت عدی بن حاتم سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کتے کے شکار کے متعلق پوچھا آپؐ نے فرمایا تم اپنے کلب معلم (سدھائے ہوئے کتے) کو بسم اللہ پڑھ کر چھوڑ دو اور وہ شکار مارے تو تم اس شکار کو کھاؤ اور جب وہ کتا اس شکار میں سے خود کچھ کھالے تو تم (اسکو) نہ کھاؤ کیونکہ اس نے شکار اپنے لیے پکڑا۔ میں نے عرض کیا کبھی میں اپنا کتا (شکار پر) چھوڑتا ہوں پھر

اس کے ساتھ دوسرا کتا پاتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا کہ اس شکار کو مت کھاؤ کیوں کہ تم نے بسم اللہ اپنے کتے پر پڑھی تھی دوسرے کتے پر نہیں پڑھی تھی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث ظاہرۃ فی قولہ اذا ارسلت کلبك المعلم فقتل فکل،

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۲۹ ویاتی ص۲۷۶ وص۸۲۳ ایضا ص۸۲۳ ایضا ص۸۲۳ وص۸۲۴ ایضا ایضا ایضا۔

تشریح یہاں حضرت عدی بن حاتم کی روایت میں سائلؓ کے بعد سوال کا ذکر نہیں ہے دلالت جواب پر اکتفا کی وجہ سے سوال کو حذف کیا گیا ہے۔

عدی بن حاتمؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے کتے کے شکار کا حکم پوچھا آپؐ نے فرمایا کہ جب تم اپنا سدھایا ہوا شکاری کتا چھوڑ دو اور وہ شکار مارے تو اسے کھاؤ لیکن اگر اس نے خیانت کی اور خود کھانا شروع کر دیا تو اس شکار کو نہ کھاؤ کیونکہ اس نے تمہارے لئے شکار نہیں پکڑا ہے بلکہ اپنے لئے پکڑا ہے چنانچہ تمہارے لئے حلال نہیں، پھر میں نے عرض کیا کہ کبھی اپنا کتا شکار پر چھوڑتا ہوں اور اس کے ساتھ دوسرا کتا پاتا ہوں آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس شکار کو مت کھاؤ ممکن ہے جانور کو ہلاک کرنے والا دوسرا کتا ہو کیونکہ اس دوسرے کتے پر بسم اللہ نہیں پڑھی گئی اسلئے شکار حلال نہیں اگر جانور پر حملہ دونوں نے کیا ہو پھر بھی یہ احتمال ہے کہ جانور کی ہلاکت دوسرے کتے کے زخم کی وجہ سے ہوئی ہو۔

شکار کیلئے سدھائے ہوئے کتے کی نشانیاں شکاری کتا یا باز وغیرہ سے شکار کیا ہوا جانور ان شروط سے حلال ہے (۱) شکاری جانور سدھایا ہوا ہو۔ (۲) شکار پر چھوڑا جائے (۳) اسے اسی طرح تعلیم دی گئی ہو جس کو شریعت نے معتبر رکھا ہے یعنی کتے کو سکھلایا جائے کہ شکار کو پکڑ کر کھائے نہیں اور باز کو تعلیم دیجائے کہ جب اس کو بلاؤ گو شکار کے پیچھے جا رہا ہو فوراً چلا آئے اگر کتا شکار کو خود کھانے لگے یا باز بلانے سے نہ آئے تو سمجھا جائے گا کہ جب اس کے کہنے میں نہیں ...... تو شکار بھی اسکیلئے نہیں پکڑا بلکہ اپنے لئے پکڑا ہے اسی کو حضرت شاہ صاحب (یعنی شاہ عبد القادر دہلویؒ) لکھتے ہیں کہ جب اس نے آدمی کی خو سیکھی تو گویا آدمی نے ذبح کیا۔

(۴) چھوڑنے کیوقت اللہ کا نام لو یعنی بسم اللہ کہکر چھوڑو۔

ان چار شرطوں کی تصریح تو نص قرآنی میں ہوگئی، پانچویں شرط جو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک معتبر ہے کہ شکاری جانور شکار کو زخمی بھی کر دے کہ خون بہنے لگے۔ اسکی طرف لفظ جوارح اپنے مادہ جرح کے اعتبار سے مشعر ہے ان میں سے اگر ایک بھی شرط مفقود ہوئی تو شکاری جانور کا مارا ہوا شکار حرام ہے ہاں اگر مرا نہ ہو اور ذبح کر لیا جائے تو وہ ما اکل السبع الا ماذکیتم کے قاعدہ سے حلال ہوگا (فوائد عثمانی)

امام بخاری رح کا مقصد اس حدیث سے بھی امام بخاری رح استدلال کر رہے ہیں کہ کتے کا لعاب پاک ہے اگر کتے کا لعاب ناپاک ہوتا تو شکار کا وہ حصہ جس میں لعاب کلب داخل ہوا ہے کم از کم اس حصہ کو پھینک دینے کا حکم ہوتا جبکہ دھونے کا حکم بھی نہیں ہے۔

جواب:- اس حدیث میں اگر اس جگہ دھونے یا مجروح حصہ کو پھینکدینے کا کوئی حکم نہیں ہے تو خون و آلائش اور جسم کے ان حصوں کا بھی ذکر نہیں ہے جو کھائے نہیں جاتے تو کیا خون وغیرہ کو بھی پاک کہا جائے گا۔

اصل بات یہ ہے کہ لعاب دھونے کا حکم اسلئے نہیں فرمایا گیا ہے کہ شکار کرنے والوں میں یہ سب باتیں جانی پہچانی ہیں یہاں تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے سوال کے متعلق شرائط شکار بتایا ہے واللہ اعلم

(باب ۱۳۰ مَنْ لَمْ يَرَ الْوُضُوْءَ اِلَّا مِنَ الْمَخْرَجَيْنِ الْقُبُلِ وَالدُّبُرِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى اَوْجَاءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَائِطِ وَقَالَ عَطَاءٌ فِيْمَنْ يَّخْرُجُ مِنْ دُبُرِهِ الدُّوْدُ اَوْمِنْ ذَكَرِهٖ نَحْوُ الْقَمْلَةِ يُعِيْدُ الْوُضُوْءَ وَقَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِذَا ضَحِكَ فِي الصَّلٰوةِ اَعَادَ الصَّلٰوةَ وَلَمْ يُعِدِ الْوُضُوْءَ وَقَالَ الْحَسَنُ اِنْ اَخَذَ مِنْ شَعْرِهٖ اَوْاَظْفَارِهٖ اَوْخَلَعَ خُفَّيْهِ فَلَا وُضُوْءَ عَلَيْهِ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ لَاوُضُوْءَ اِلَّا مِنْ حَدَثٍ وَيُذْكَرُ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ فَرُمِيَ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَنَزَفَهُ الدَّمُ فَرَكَعَ وَسَجَدَ وَمَضٰى فِيْ صَلٰوتِهٖ وَقَالَ الْحَسَنُ مَازَالَ الْمُسْلِمُوْنَ يُصَلُّوْنَ فِيْ جِرَاحَاتِهِمْ وَقَالَ طَاؤُسٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَعَطَاءٌ وَاَهْلُ الْحِجَازِ لَيْسَ فِي الدَّمِ وُضُوْءٌ وَعَصَرَ ابْنُ عُمَرَ بَثْرَةً فَخَرَجَ مِنْهَا دَمٌ فَلَمْ يَتَوَضَّاْ وَبَزَقَ ابْنُ اَبِيْ اَوْفٰى دَمًا فَمَضٰى فِيْ صَلٰوتِهٖ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَالْحَسَنُ فِيْمَنِ احْتَجَمَ لَيْسَ عَلَيْهِ اِلَّا غَسْلُ مَحَاجِمِهٖ)

باب:- جو لوگ مخرجین یعنی قبل اور دبر کے علاوہ کسی اور چیز کو ناقض وضو نہیں مانتے کیوں کہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے (سورہ مائدہ میں) یا تم میں سے کوئی قضاء حاجت سے فارغ ہو کر آئے۔ اور عطاء نے کہا جس کی دبر (پاخانے کے مقام) سے کیڑا نکلے یا ذکر میں سے (کوئی جانور) جوں کی طرح تو وہ وضو کو لوٹائے اور حضرت جابر بن عبداللہ رض کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص نماز میں ہنس دے تو نماز دوبارہ پڑھے لیکن وضو دوبارہ نہ کرے، اور حسن (بصری رح) کہتے ہیں کہ جس شخص نے (وضو کے بعد) اپنے بال منڈوالئے یا ناخن کاٹے یا اپنے موزے اتار ڈالے تو اس پر (دوبارہ) وضو (فرض) نہیں ہے، اور حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں کہ وضو حدث کے سوا کسی اور چیز سے فرض نہیں ہوتا اور حضرت جابر رض سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم غزوہ ذات الرقاع میں تھے۔ وہاں ایک شخص کو (عین نماز میں) تیر مارا گیا اور اس (کے جسم) سے بہت سا خون بہا لیکن اس نے

رکوع اور سجدہ کیا اور اپنی نماز کو جاری رکھا۔ حسن بصری رحمہ کہتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ اپنے زخموں میں ہی نماز پڑھتے رہے ہیں۔ اور طاؤس، محمد بن علی (یعنی امام محمد باقر رحمہ) عطاء اور اہلِ حجاز کہتے ہیں کہ خون (نکلنے) سے وضو نہیں جاتا۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضہ نے ایک پھنسی کو دبا دیا تو اس سے خون نکلا مگر آپ نے (دوبارہ) وضو نہیں کیا۔ اور حضرت ابن ابی اوفی رضہ نے خون تھوکا مگر وہ اپنی نماز پڑھتے رہے۔ اور ابن عمر اور حسن بصری پچھنے لگوانے والے کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ جس جگہ پچھنے لگے ہوں صرف اسی کو دھولے (دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں)

ربط ما قبل باب سابق میں نفی نجاست سور کلب کا ذکر تھا، اب اس باب میں نفی نقض وضو من غیر السبیلین مذکور ہے۔

مقصدِ ترجمہ امام بخاری رحمہ کا مقصد نواقض وضو کو بیان کرنا ہے۔
امام بخاری رحمہ نے اپنے مقصد کو ثابت کرنے کیلئے ترجمۃ الباب بھی مفصل قائم کیا ہے جس کا خلاصہ دو دعوے ہیں۔
ایک ثبوتی کہ سبیلین سے جو چیز نکلتی ہے وہ ناقض وضو ہے۔
دوسرے سلبی کہ خارج من غیر السبیلین ناقض وضو نہیں جیسے خون وغیرہ۔

نواقض وضو کے مناط یعنی اصل علت میں ائمہ کا اختلاف سبیلین سے جو کچھ نجاست نکلے اس کا خروج بالاتفاق ناقض وضو ہے، اس میں کسی کو کچھ اختلاف نہیں اسلئے کہ یہ تینوں منصوص ہیں مگر اسکا مناط کیا ہے؟ یعنی آیت وضو میں نقض وضو کی علت کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے؟

۱۔ حنفیہ اور حنابلہ رحمہ کے نزدیک مناط خروج نجاست ہے خواہ کہیں سے بھی ہو۔ جبکہ وہ موضع خروج سے تجاوز کرجائے مثلاً اگر زخم سے خون نکلا اور زخم کے سر پر آگیا تو ابھی وضو باقی ہے البتہ جیسا اس سے ہٹ کر دوسری طرف جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا اور چونکہ نقض وضو کی علت شئ نجس کا نکلنا ہے لہٰذا قے منہ بھر کر اور رعاف یعنی نکسیر سے بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔ امام ترمذی شافعی رحمہ نے مستقل ترجمہ قائم کیا ہے، باب الوضو من القئ والرعاف، اور حضرت ابو الدرداء رضہ کی حدیث مرفوع نقل کرتے ہیں: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاء فتوضأ، اور آخر میں فرماتے ہیں کہ یہی قول ہے متعدد صحابہ و تابعین کا وھو قول سفیان الثوری وابن المبارک واحمد واسحاق رحمہم اللہ تعالیٰ (ترمذی ص۱۳)

۲۔ حضرات شوافع رحمہ کے نزدیک کل ما یخرج من السبیلین فہو ناقض یعنی مخرجین سے جو کچھ نکلے وضو ٹوٹ جائے گا۔ اس کے علاوہ بدن کے کسی اور حصہ سے کوئی اور چیز بھی نکلے اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا پس قے نکسیر اور خون وغیرہ سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

۳ حضرات مالکیہؒ کے نزدیک مناط حکم خروج معتاد من مخرج معتاد علی وجہ معتاد ہے مطلب یہ ہے کہ مخرج معتاد یعنی سبیلین کے ساتھ خروج معتاد بھی شرط ہے لہٰذا استحاضہ، سلسل البول، دود اور کنکر وغیرہ کے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

امام بخاریؒ کی اپنی مستقل رائے ہے کہ نواقض وضو صرف ما یخرج من السبیلین ہے لہٰذا دود من الدبر اور قمل من الذکر سے وضو ٹوٹ جائے گا لیکن قی، نکسیر، خون، مس مرأۃ اور مس ذکر اور قہقہہ فی الصلوٰۃ سے وضو نہیں ٹوٹے گا یعنی مس مرأۃ اور مس ذکر میں احناف کے موافق ہیں چنانچہ امام بخاری رحمہ نے مس ذکر اور مس مرأۃ پر کوئی ترجمہ قائم ہی نہیں کیا، البتہ قی، خون وغیرہ میں شوافع سے متفق ہیں۔

اب امام بخاریؒ کے پیش کردہ دلائل کا جائزہ لیجیے۔

مستدلات امام بخاری مع جوابات

سب سے پہلے امام بخاریؒ نے آیت ذکر کی ہے او جاء احد منکم من الغائط ظاہر ہے کہ اس آیت سے جو خارج من السبیلین کا حکم نکلتا ہے کسی کو اختلاف نہیں ہے لیکن یہ خوب ذہن نشین رہے کہ اس آیت میں نقض وضو کا حصر بھی کسی کے نزدیک نہیں ہے چنانچہ اضطجاعی و اتکائی نیند، بیہوشی، جنون بالاتفاق سب کے یہاں ناقض وضو ہیں پھر امام شافعیؒ وغیرہ کے نزدیک مس مرأۃ اور مس ذکر بھی ناقض وضو ہیں۔

وقال عطاء الخ عطاء بن ابی رباحؒ کہتے ہیں کہ جس کے پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلے یا پیشاب کے مقام سے کوئی کیڑا جوں کی طرح نکلے تو وہ وضو کا اعادہ کرے، ہمارے یہاں بھی مسئلہ اسی طرح ہے، کما فی الھدایہ والدابۃ تخرج من الدبر ناقضۃ۔ وقال جابر بن عبد اللہ رضہ حضرت جابر رضہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی نماز میں ضحک کرے تو نماز کا اعادہ کرے لیکن وضو دوبارہ نہ کرے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضہ کا قول حنفیہ کے موافق ہے کیوں تبسم، ضحک، قہقہہ تین چیزیں ہیں ۱ تبسم بے آواز ہنسنا ہے اس سے نہ نماز جاتی ہے نہ وضو۔

۲ ضحک جس کی آواز خود ہنسنے والے اور پاس والے نہ سنیں تو اس سے حنفیہ کے نزدیک بھی نماز باطل ہوتی ہے، وضو باقی رہتا ہے۔

۳ قہقہہ وہ زور کی ہنسی ہے جسکو دوسرے لوگ بھی سنیں اس سے حنفیہ کے یہاں نماز اور وضو دونوں باطل ہو جاتے ہیں لحدیث مارواہ ابن عمر رضہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ضحک فی الصلوٰۃ قہقہۃ فلیعد الوضوء والصلوٰۃ (عمدہ ص۳)

تنبیہ قہقہہ کا ناقض وضو ہونا اس بنا پر ہے کہ اس نے ایک سخت جرم کیا ہے کہ نماز کے اندر قہقہہ لگایا اس لئے تعزیراً و تنبیہاً اس کو اعادہ وضو کا حکم دیا گیا ہے کیوں کہ وضو سے گناہوں کا کفارہ بھی ہو جاتا ہے

وقال الحسن الخ اور حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ اگر وضو کے بعد سر منڈا لیا یا ناخن کٹوایا یا موزوں پر مسح کرنے کے بعد

موزے اتار دیئے تو دوبارہ وضو لازم نہیں۔
جمہور احناف و شوافع رح کا مذہب بھی یہی ہے البتہ وضو کرے تو پاؤں دھولے، خفین پر مستقل بحث آئے گی انشاء اللہ تعالےٰ۔
قال ابو ھریرۃ رض حضرت ابوہریرہ رض فرماتے ہیں کہ وضو، حدث کے علاوہ کسی اور چیز سے لازم نہیں ہوتا حضرت ابوہریرہ رض سے حدث کی تفسیر نقل کر چکے ہیں: ما الحدث یا ابا ھریرۃ قال فساء او ضراط؟ جو خارج من السبیلین سے بھی زیادہ اخص ہے تو اگر وہی تفسیر حدث کی یہاں مرادلیں تو خود امام بخاری رح کے بھی خلاف پڑے گی اسلئے صحیح یہ ہے کہ حدث سے مراد عام ہے یعنی ہر ناقض وضو، اسلئے کہ اغماء، جنون اور نوم بالاجماع حدث ہیں اور ناقض وضو ہیں یعنی لا وضوء الامن حدث جو کسی کے خلاف نہیں سارے ائمہ تسلیم کرتے ہیں پس امام بخاری رح کیلئے مفید نہیں۔
ویذکر عن جابر رض الخ حضرت جابر رض سے غزوہ ذات الرقاع کا ایک واقعہ منقول ہے جس سے امام بخاری رح اور حضرات شوافع رح نے خون کے ناقض وضو نہ ہونے پر استدلال کیا ہے یہ غزوہ ۴ھ میں پیش آیا (دیکھئے نصر الباری ص ۱/۲۸۵)
علامہ عینی رح لکھتے ہیں کہ اس غزوہ میں ایک مسلمان کے ہاتھ ایک کافر کی عورت قتل ہوگئی تو اس کافر نے قسم کھالی کہ جبتک ایک صحابی کو قتل نہ کر لوں گا دم نہ لوں گا۔ چنانچہ مسلمانوں کے لشکر کا اس نے پیچھا کیا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم جب واپس لوٹے تو ایک جگہ منزل کی اور حفاظت (پہرے) کیواسطے ایک مہاجری عمار بن یاسر رض اور ایک انصاری عباد بن بشر رض دونوں کو مقرر کردیا، یہ دونوں حضرات درہ کوہ پر چڑھ گئے اور آپسمیں طے کرلیا کہ آدھی رات ایک سوئے اور آدھی رات دوسرا، چنانچہ ابتدا میں عمار بن یاسر رض سو گئے اور عباد بن بشر رض نماز کی نیت باندھ کر کھڑے ہوگئے، ادھر کافر نے ان کو کھڑے دیکھکر تیر مارا، حضرت عباد رض نے تیر نکال کر پھینکدیا اور نماز میں مشغول رہے اس طرح اس کافر نے تین تیر مارے مگر انہوں نے نماز کو نہیں توڑا آخر نماز کو پوری کر کے اپنے ساتھی عمار بن یاسر رض کو جگا دیا کافر نے جب ان کو دیکھا تو فرار ہوگیا ولما رای المہاجری ما بالانصاری من الدماء، مہاجری عمار رض نے جب انصاری رض کو لہولہان دیکھا تو کہا سبحان اللہ آپ نے مجھے پہلے ہی تیر میں کیوں نہ جگا دیا؟ انصاری رض نے فرمایا میں ایک سورہ (سورہ کہف) پڑھ رہا تھا یہ بات پسند نہ آئی کہ اس کو پورا نہ کروں۔
امام بخاری رح اور شوافع رح کا اس سے استدلال یہ ہے کہ اگر خون سے وضو ٹوٹتا تو نماز کیوں جاری رکھا جاتا۔ بظاہر یہ حنفیہ کے خلاف ہے۔
جواب ۱: یہ ہے کہ خروج دم ناقض وضو ہے یا نہیں؟ گو اسمیں اختلاف ہے مگر طہارت ثوب و طہارت بدن تو سب کے نزدیک بلا اختلاف صحت نماز کیلئے شرط ہے اور خون ناپاک ہے جو لامحالہ وہ خون کپڑے اور بدن

کو لگا، اب اس حال میں انصاری کا نماز کو جاری رکھنا اس وجہ سے تھا کہ ان کو مسئلہ معلوم نہ تھا یا غایت استغراق میں پڑھتے گئے نماز کی صحت وفساد کی طرف متوجہ ہی نہ ہو سکے، جس لذت کی وجہ سے وہ تیر پر تیر کھاتے رہے اور اتنا بھی گوارہ نہ کیا کہ اپنے ساتھی کو بیدار کردیں تو اس محویت وشدت التذاذ میں اِدھر توجہ ہی نہیں ہوئی کہ خروجِ دم یا خون سے کپڑے اور بدن کی آلودگی سے نماز صحیح ہوئی یا نہیں؟ پھر اس کے بعد کیا ہوا ہوگا؟ روایت میں مذکور نہیں وللہ درّ القائل ؎

خونِ شہیداں از آب اولیٰ تراست ؛ ایں خطا از صد صواب اولیٰ تراست

اس طرح کی استغراقی کیفیت سے استدلال درست نہیں۔

وقال الحسن رح اور حسن بصری رح فرماتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ اپنے زخموں میں نماز پڑھتے رہے" امام بخاری رح مسلمانوں کا تعامل پیش کرتے ہیں، ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ زخم کی موجودگی میں نماز چھوڑنا قطعاً جائز نہیں، ظاہر ہے کہ زخم پر پٹی باندھکر وضو کرتے پھر نماز پڑھتے تھے اس سے یہ استدلال کرنا کہ خروج دم ناقض وضو نہیں ہے تعجب خیز ہے، اور اگر سیلان الدم ہے تو معذور ہے اور معذور کی نماز درست ہے اس کیلئے سلسل البول اور مستحاضہ کیطرح سیلانِ خون ناقض وضو نہیں۔ وقال طاؤس ومحمد بن علی وعطاء واھل الحجاز لیس فی الدم وضوء"

جواب: ۱۔ دم سے مراد اگر غیر سائل ہے تو ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ لیس فی الدم وضوء۔

۲۔ یہ سب تابعی ہیں والمنقول عن ابی حنیفہ رح انہ کان یقول التابعون رجال ونحن رجال (عمدہ) وعصر ابن عمر الخ اور حضرت ابن عمر رض نے ایک پھنسی کو دبا دیا تو اس سے کچھ خون نکلا مگر آپ نے وضو نہیں کیا۔

یہ اثر حنفیہ کے بالکل خلاف نہیں ہے کیوں کہ یہاں اخراج ہے خروج نہیں ہے اور حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ خون نچوڑ کر اگر نکالا جائے تو ناقض وضو نہیں البتہ خود نکل کر ایسے مقام تک پہونچ جائے جس کا دھونا فرض ہے تو ناقض وضو ہوگا یعنی دم مسفوح ناقض وضو ہے۔

وبزق ابن ابی اوفیٰ رض الخ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رض نے خون تھوکا مگر وہ اپنی نماز پڑھتے رہے علامہ عینی رح نے اسکی وضاحت کی ہے کہ منہ سے نکلنے والا خون اگر جوف سے آیا ہے تو بالاتفاق ناقض وضو نہیں اور اگر دانتوں سے خارج ہوا ہے تو فالاعتبار للغلبۃ بالبزاق والدم یعنی اعتبار غلبہ پر ہے خون لعاب پر غالب ہو تو ناقض ہوگا، مغلوب ہو تو ناقض وضو نہ ہوگا مساوی کی صورت میں احتیاطاً وضو کرنا ہوگا۔ راوی نے اس اثر میں لعاب پر خون کے غالب ہونے کی صورت میں احتیاطاً وضو کرنا ہوگا راوی نے اس اثر میں لعاب پر خون کے غالب ہونے کی تصریح نہیں کی اسلئے احناف کے خلاف استدلال قوی نہیں۔

وقال ابن عمر والحسن الخ حضرت ابن عمر رض اور حسن بصری رح فرماتے ہیں کہ پچھنے لگوانے کے بعد پچھنے کی جگہوں

کا دھولینا کافی ہے۔

امام بخاریؒ اثبات مقصد کیلئے استدلال اس طرح کر رہے ہیں کہ صرف محاجم کو دھو لینے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا وضو نہیں ٹوٹتا۔

جواب یہ ہے کہ روایت میں کہیں بھی اس کی صراحت نہیں ہے کہ وضو کی ضرورت ہوئی اور وضو نہیں کیا۔ ۲؎ ممکن ہے کہ صرف محاجم کو دھو لینے سے مقصد یہ ہو کہ ازالہ خون سے غسل کرنا ضروری نہیں۔ پس ابن عمرؓ اور حسن بصریؒ کے قول کا تعلق وضو کے نقض اور عدم نقض سے نہیں بلکہ خون کی ازالت سے بحث ہے کہ پچھنے لگوانے کے بعد خون کو فوراً دھوڈالنا چاہیئے غسل ضروری نہیں فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال

محاجم جمع محجمة بفتح المیم مکان الحجامة - (عمدہ)

۱۷۴ حدثنا آدمُ بنُ ابی ایاسٍ قال ثنا ابنُ ابی ذئب قال ثنا سعیدُ المقبُریُّ عن ابی هریرة قال قال رسولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لایزالُ العبدُ فی صلوٰةٍ ماکان فی المسجدِ ینتظرُ الصلوٰةَ مالم یُحدِثْ فقال رجلٌ اعجمیٌّ ماالحدثُ یااباهریرة قال الصوتُ یعنی الضُرطةُ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ ہمیشہ نماز میں رہتا ہے (نماز کا ثواب اس کو ملتا رہتا ہے) جب تک وہ مسجد میں نماز کا انتظار کرتا ہے تا وقتیکہ اس کو حدث نہ ہو (یعنی وضو نہ ٹوٹے) ایک عجمی شخص نے پوچھا اے ابوہریرہؓ حدث کیا ہے؟ ابوہریرہؓ نے فرمایا آواز یعنی یاد۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله قال الصوت یعنی الضرطة،

امام بخاریؒ کے نزدیک ناقض وضو ما خرج من السبیلین ہے یعنی قبل اور دُبر سے جو کچھ نکلے ناقض وضو ہوگا، اس حدیث کا تعلق ما خرج من الدّبر سے ہے۔

۱۷۵ حدثنا ابو الولید قال ثنا ابن عُیینة عن الزهری عن عبّادِ بن تمیم عن عمّه عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال لاینصرفُ حتی یسمعَ صوتاً اویجدَ ریحاً)

ترجمہ عباد بن تمیم اپنے چچا (عبداللہ بن زیدؓ) کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (نمازی نماز سے) نہ پھرے جبتک (ریح کی) آواز نہ سن لے یا اسکی بو نہ پائے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله حتی یسمع صوتاً او یجد ریحاً،

اس حدیث کا تعلق بھی ما خرج من الدبر سے ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص ۳۰ و مضی ص ۲۵ و یاتی ص ۲۷۶ دیکھو نصر الباری ص ۱۳۷

۱۷۶ (حدثنا قتیبۃ قال ثنا جریر عن الاعمش عن منذر ابی یعلی الثوری عن محمد بن الحنفیۃ قال قال علی کنت رجلا مذاء فاستحییت ان اسأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامرت المقداد بن الاسود فسألہ فقال فیہ الوضوء ورواہ شعبۃ عن الاعمش)

ترجمہ حضرت علی رض کا بیان ہے کہ میں وہ شخص تھا جسکی مذی بہت نکلتی تھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا مسئلہ پوچھنے میں شرم کی تو میں نے مقداد بن اسود رض سے کہا (تم پوچھو) انہوں نے پوچھا آپ ص نے فرمایا اس میں وضو ہے، اس حدیث کو جریر کی طرح شعبہ نے بھی اعمش سے روایت کیا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ کنت رجلا مذاء
اس کا تعلق سبیلین میں سے قبل سے ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص ۳۱ وقد مضی ص ۲۴ تا ص ۲۵ ویاتی ص ۴۱
تشریح کیلئے دیکھئے نصر الباری جلد اول ص ۵۳۵ حدیث ص ۱۳۲

۱۷۷ (حدثنا سعد بن حفص قال ثنا شیبان عن یحیی عن ابی سلمۃ ان عطاء بن یسار اخبرہ ان زید بن خالد اخبرہ انہ سأل عثمان بن عفان قلت ارأیت اذا جامع ولم یمن قال عثمان یتوضأ کما یتوضأ للصلوٰۃ ویغسل ذکرہ قال عثمان سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسألت عن ذلک علیا والزبیر وطلحۃ وابی بن کعب رضی اللہ عنہم فامروہ بذالک)

ترجمہ حضرت زید بن خالد جہنی رض نے خبر دی کہ انہوں نے (یعنی میں نے) حضرت عثمان بن عفان رض سے پوچھا کہ اگر کوئی شخص جماع کرے اور انزال نہ ہو تو آپ کیا فرماتے ہیں؟ (یعنی اس پر غسل ہے یا نہیں؟) حضرت عثمان رض نے فرمایا کہ وہ وضو کرے جسطرح نماز کے لئے وضو کرتا ہے اور اپنے ذکر کو دھولے، حضرت عثمان رض نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ (اگر دخول ہو لیکن منی نہ نکلے تو غسل لازم نہیں وضو کافی ہے) (حضرت زید بن خالد رض کہتے ہیں کہ) پھر میں نے اس کے بارے میں حضرت علی اور حضرت زبیر اور حضرت طلحہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے دریافت کیا تو سب نے

اس شخص کے بارے میں یہی حکم دیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ یتوضا کما یتوضا للصلوٰۃ " یہ بتایا جا چکا ہے کہ امام بخاریؒ کا ترجمۃ الباب دو اجزاء پر مشتمل ہے تو یہاں جزء اول سے مطابقت ہے کہ خارج من السبیلین ناقض وضو ہے اور ظاہر ہے کہ جماع کرنے پر انزال ہو یا اکسال خروج مذی کا ظن غالب ہے اور خروج مذی بالاتفاق ناقض وضو ہے پس خروج مذی کا ناقض وضو ہونا ثابت ہو گیا۔

رہا یہ مسئلہ کہ جماع کے بعد انزال نہ ہو یعنی منی خارج نہ ہو تو غسل واجب ہو گا یا نہیں؟ اس پر عنقریب بخاری ص۴۳ میں حدیث آرہی ہے تحقیق پیش کی جائے گی انشاء اللہ۔

یہاں یہ ذہن نشین کرلینا کافی ہے کہ ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ محض غیبوبت حشفہ سے غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ انزال ہو یا نہ ہو۔ امام بخاریؒ کا اس منسوخ حدیث کو ذکر کرنا بے سود ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۰ و یاتی ص۴۳۔

۱۷۸ (حدثنا اسحٰق بن منصور قال اخبرنا النضر قال اخبرنا شعبۃ عن الحکم عن ذکوان ابی صالح عن ابی سعید الخدریؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارسل الی رجل من الانصار فجاء و راسہ یقطر فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعلنا اعجلناک فقال نعم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اعجلت او قحطت فعلیک الوضوء تابعہ وھب قال ثنا شعبۃ ولم یقل غندر و یحیی عن شعبۃ الوضوء)

ترجمہ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری آدمی کو بلا بھیجا وہ اس حالت میں حاضر ہوا کہ اس کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا آپؐ نے فرمایا شاید ہم نے تجھکو جلدی میں ڈالدیا اس نے کہا جی ہاں تب آپؐ نے فرمایا جب تو جلدی میں پڑ جائے یا تیری منی رک جائے (انزال نہ ہو) تو وضو کر ڈال (غسل ضروری نہیں) نضر کے ساتھ اس حدیث کو وہب نے بھی شعبہ سے روایت کیا۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ غندر اور یحییٰ نے اس حدیث میں شعبہ سے وضو کا ذکر نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ اذا اعجلت او قحطت فعلیک الوضوء " یعنی جماع کے وقت انزال اگرچہ نہیں ہوا لیکن خروج مذی تو ضرور ہوا جو موجب وضو ہے، پس ماخرج من السبیلین کا ناقض وضو ہونا ثابت ہو گیا۔ اس مسئلے کی

تحقیق عنقریب بخاری ص۴۳ باب اذا التقی الختانان میں آئے گی۔ انشاء اللہ الرحمن۔

بَاب ۱۳۱

الرَّجلِ یُوضِّی صَاحِبَہٗ

جو شخص اپنے ساتھی کو وضو کرائے (یعنی اسکا حکم کیا ہے؟)

ربط ما قبل والمناسبۃ بین البابین من حیث ان کلا منھما مشتمل علی حکم من احکام الوضوء

۱۷۹ حَدَّثنا ابن سَلَامٍ قال انا یزیدُ بنُ ھارونَ عن یحییٰ عن موسیٰ بن عُقبۃَ عن کُرَیبٍ مولیٰ ابنِ عبّاسٍ عن اُسامۃَ بن زیدٍ اَنّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لمّا اَفاضَ من عرفۃَ عَدَلَ اِلی الشِّعبِ فقضیٰ حاجتَہٗ قال اُسامۃُ فجعلتُ اُصُبُّ علیہ ویتوضّأ فقلتُ یا رسولَ اللہ اَتُصَلِّی قال المُصَلّٰی اَمامَکَ)

ترجمہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عرفات سے لوٹے تو گھاٹی کیجانب مڑ گئے (راستہ چھوڑ کر) اور وہاں اپنی حاجت سے فارغ ہوئے، اسامہ کہتے ہیں کہ پھر میں آپ (کے اعضاء شریفہ) پر پانی ڈالنے لگا اور آپ وضو فرما رہے تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ نماز پڑھیں گے؟ آپ نے فرمایا نماز کی جگہ تیرے آگے (مزدلفہ میں) ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ فجعلت اصب علیہ ویتوضأ،

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۱ و ص۲۵ ویاتی ص۲۲۶ ایضا ص۲۲۶ و ص۲۲۷

۱۸۰ حدثنا عمرو بن عَلِیٍّ قال ثنا عبدُ الوھّاب قال سمعتُ یحییٰ بنَ سعیدٍ یقولُ اخبرنی سعدُ بنُ ابراھیمَ اَنّ نافعَ بنَ جُبیرِ بنِ مُطعِمٍ اَخبرہٗ اَنّہٗ سمعَ عروۃَ بنَ المغیرۃِ بنِ شعبۃَ یُحدِّثُ عن المغیرۃِ بنِ شعبۃَ اَنّہٗ کانَ مع رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفرٍ واَنّہٗ ذھبَ لحاجۃٍ لہٗ واَنّ المغیرۃَ جَعَلَ یَصُبُّ الماءَ علیہ وھو یتوضّأ فغَسَلَ وَجْھَہٗ ویَدَیہِ ومَسَحَ برأسہٖ

ومسح علی الخفین)

ترجمہ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ وہ (مغیرہ بن شعبہؓ) ایک سفر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپؐ قضاء حاجت کیلئے تشریف لے گئے اور (جب لوٹ کر آئے تو) مغیرہؓ آپ پر پانی ڈالنے لگے آپؐ وضو فرمارہے تھے چنانچہ آپؐ نے اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھوں کو دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ان المغیرۃ جعل الماء علیہ ویتوضأ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۰ ویاتی ص۳۳ ایضا ص۳۳ وص۵۲ وص۵۶ وص۴۱۹ وفی المغازی ص۶۳۷ وفی اللباس ص۸۶۳ ایضا ص۸۶۳

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد استعانت فی الوضوء کا مسئلہ بیان کرنا ہے۔

تشریح استعانت فی الوضوء کی تین صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ کسی شخص سے لوٹا اور پانی وغیرہ سامان وضوء منگالیا اور وضو خود ہی کرے یہ بلاشبہ بلاکراہت جائز ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اعضاء پر پانی بھی دوسرا ہی ڈالے فقط ملنا دلنا خود اپنے ہاتھ سے کرے یہ صورت بھی جائز ہے مگر خلاف اولیٰ ہے، لیکن حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں خلاف اولیٰ بھی نہ تھا کیوں کہ نبی کا وظیفہ بیان جواز بھی ہے اگرچہ امت کیلئے فی نفسہ خلاف اولیٰ ہے۔

باب کی دونوں حدیثوں میں یہی دوسری صورت ہے چنانچہ حدیث کے الفاظ ہیں جعلت اصب علیہ ویتوضأ حضرت اسامہؓ کہتے ہیں کہ میں پانی ڈالنے لگا اور آپؐ وضو کرتے رہے۔ تیسری صورت یہ ہے کہ ملنا دلنا اور ہاتھ چلانا بھی دوسرا ہی کرے یہ صورت مکروہ ہے مگر یہ کراہت اس صورت میں ہے جبکہ کوئی عذر نہ ہو اگر معقول عذر ہو تو جو صورت بھی ممکن ہو بلاکراہت، اور بغیر اولیٰ ہونے کے جائز ہے۔

باب ۱۳۲ قراءۃ القرآن بعد الحدث وغیرہ وقال منصور عن ابراھیم لاباس بالقراءۃ فی الحمام وبکتب الرسالۃ علی غیر وضوء وقال حماد عن ابراھیم ان کان علیھم ازار فسلم والا فلا تسلم)

باب:- حدث (بے وضو ہونے) کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور اسکے علاوہ (جیسے قرآن لکھنا) اور منصورؒ نے ابراہیم نخعیؒ سے نقل کیا ہے کہ حمام کے اندر قرآن پڑھنے میں کچھ حرج نہیں (اسی طرح) بغیر وضو خط لکھنے میں کچھ حرج نہیں۔ اور حمادؒ نے ابراہیم سے نقل کیا ہے کہ اگر حمام والے آدمی تہ بند باندھے ہوں تو اس کو سلام کرو ورنہ مت کرو۔

ربط باب سابق اور اس باب میں مناسبت ظاہر ہے کہ ہر دو ابواب وضو کے احکام پر مشتمل ہیں۔

باب قراءة القرآن بعد الحدث وغیرہ اکثر شروح معتبرہ مستندہ (عمدۃ القاری، فتح الباری، ارشاد الساری) میں بابٌ بلاتنوین مضاف ہے مابعد کیطرف اور غیرہ کو مجرور یعنی راء پر کسرہ پڑھا گیا ہے، اس صورت میں غیرہ کی ضمیر کے مرجع میں چند احتمالات ہیں ۱؎ یہ کہ مرجع ضمیر قراءۃ مانا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ حدث کے بعد قرآن مجید کی تلاوت اور تلاوت کے علاوہ مثلاً قرآن مجید کا چھونا، لکھنا بھی جائز ہے اسی طرح دیگر اذکار تسبیح، تہلیل اور درود شریف بھی حدث کی حالت میں جائز ہیں۔

دُوسرا احتمال یہ ہے کہ غیرہ کی ضمیر کا مرجع قرآن ہو عبارت ہو گی باب قراءۃ القرآن و غیر القرآن بعد الحدث، یعنی حدث کے بعد (بلا وضو) قرآن مجید کا پڑھنا اور قرآن کے علاوہ تسبیح تہلیل اور درود شریف سب جائز ہیں۔ مگر اس صورت میں قرآن مجید کا لکھنا اور چھونا داخل نہ ہوگا۔

تیسرا احتمال یہ ہے کہ غیرہ کی ضمیر کا مرجع حدث کو قرار دیں تو تقدیر عبارت اس طرح ہو گی باب قراءۃ القرآن بعد الحدث وغیر الحدث، یعنی قرآن مجید کی تلاوت کا حکم حدث کے بعد اور غیر حدث کے بعد؟

اس تیسرے احتمال میں دو صورتیں ہوں گی ا۔ ایک یہ کہ حدث سے مراد حدث اصغر و اکبر دونوں کو عام ہو تو حدث سے حدث کا مقابل صورت طہارت مراد ہو گی، مطلب یہ ہو گا کہ قرآن مجید کی تلاوت حدث اصغر، حدث اکبر اور حالت طہارت ہر حالت میں جائز ہے، حالت طہارت میں تو جائز ہے ہی اور بلاشبہ باوضو تلاوت کا اجر و ثواب زیادہ ہے لیکن نفس اباحت و جواز میں تینوں صورتیں برابر ہیں جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں ارشاد الٰہی ہے یکلم الناس فی المهد و کهلا (آل عمران) حضرت عیسیٰ لوگوں سے گہوارے میں بھی کلام کریں گے اور ادھیڑ میں بھی (بڑی عمر کو پہونچکر بھی) بڑی عمر میں تو سب ہی بات کرتے ہیں مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خصوصیت ہے کہ ادھیڑ کیطرح گہوارے میں بھی بات کریں گے۔

مطلب یہ ہوا کہ تلاوت قرآن کے جواز میں طہارت و عدم طہارت برابر ہے۔

دوم یہ کہ حدث سے مراد صرف حدث اصغر ہو اور غیر حدث سے مراد حدث اکبر یعنی جنابت مراد لیں مطلب یہ کہ تلاوت قرآن جس طرح بے وضو جائز ہے اسی طرح حالت جنابت میں بھی جائز ہے۔

یعنی امام بخاریؒ کے نزدیک حالت جنابت میں قرآن پڑھنا جائز ہے جیسے ظاہریہ کے نزدیک جائز ہے۔

تفصیل مذاہب | حنفیہ کے نزدیک بے وضو قرآن مجید چھونا جائز نہیں لقولہ تعالیٰ لا یمسّہ إلا المطهرون (سورہ واقعہ)

اور حیض و نفاس والی عورت کو قرآن مجید کو نہ چھونا جائز اور نہ پڑھنا جائز، یہی قول ہے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا۔

امام مالکؒ اور امام بخاریؒ کا مسلک یہ ہے کہ بے وضو قرآن چھونا جائز ہے۔

قال منصور عن ابراھیم الخ منصور ابن معتمر حضرت ابراہیم نخعی رح سے نقل کرتے ہیں کہ حمام میں قرآن پڑھنے میں کچھ حرج نہیں۔

ترجمۃ الباب سے مناسبت یہ ہے کہ حمام میں جانے والے لوگ اکثر وبیشتر محدث ہوتے ہیں حالانکہ ضروری نہیں کہ سب محدث ہوں مگر عموم احوال سے استدلال کیا جارہا ہے کہ قرآن پڑھنے میں کچھ حرج نہیں لیکن چونکہ حمام میل کچیل اور نجاستوں کے دور کرنیکی جگہ ہے۔

اس لئے امام اعظم سے کراہت منقول ہے۔ واختلفوا فی قراءۃ القران فی الحمام فعن ابی حنیفۃ رح انه یکره وعن محمد بن الحسن انه لا یکره وبه قال مالک رح (عمدۃ ص۶۳ ج۳) (فتح الباری ص۲۳ ج۱)

ویکتب الرسالۃ علی غیر وضوء اور بغیر وضو خط لکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، مسلمانوں کے خطوط میں کچھ نہیں تو بسم اللہ ضرور لکھتے ہیں اور بسم اللہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے۔ امام بخاری رح کا استدلال اسطرح ہے کہ جب بے وضو خطوط لکھتے ہیں تو بے وضو پڑھ بھی سکتے ہیں۔

ہمارا مسلک یہ ہے کہ قرآن مجید کی آیت خطوط میں بہ نیت استفتاح بلا وضو جائز ہے علامہ عینی رح فرماتے ہیں ہمارے نزدیک جنبی اور حائضہ کو ایسے خطوط اور مسائل لکھنا مکروہ ہے جن میں کوئی آیت قرآنی ہو چونکہ لکھنے میں چھونا لازم آتا ہے اسلئے جائز نہیں (عمدہ ص۶۳ ج۳)

وقال حماد عن ابراھیم الخ حضرت حماد رح (امام اعظم رح کے شیخ) ابراہیم نخعی رح سے نقل کرتے ہیں کہ ابراہیم نے کہا کہ اگر حمام (غسل خانہ) والے ازار باندھے ہوں (ننگے نہ ہوں) تو سلام کرو ورنہ سلام نہ کرو۔

امام بخاری رح کا استدلال اسطرح ہے کہ اصحاب حمام کو سلام کرنے سے وہ جواب دینگے جو ذکر اللہ ہے اور چونکہ اصحاب حمام عموماً محدث ہوتے ہیں اس بنا پر استدلال کرتے ہیں کہ بلا وضو ذکر اللہ جائز ہے اور قرآن بھی ذکر ہے اس کا جواز بھی نکل آیا۔

اگر غور کیا جائے تو امام بخاری رح کیلئے یہ استدلال غیر مفید ہے اسلئے کہ یہاں تو ستر وعدم ستر کا معاملہ ہے قرآن مجید کی تلاوت بلا وضو تو سب کے نزدیک بالاتفاق جائز ہے، اختلاف تو مس قرآن میں ہے کہ جمہور احناف شوافع اور حنابلہ سب کے نزدیک ممنوع ہے۔

۱۸۱ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِکٌ عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَیْمَانَ عَنْ کُرَیْبٍ مَوْلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ بَاتَ لَیْلَةً عِنْدَ مَیْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَهِیَ خَالَتُهٗ فَاضْطَجَعْتُ فِیْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَاَهْلُهٗ فِیْ طُوْلِهَا فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَتّٰی اِذَا انْتَصَفَ اللَّیْلُ اَوْ قَبْلَهٗ

بقليلٍ او بعدهٗ بقليلٍ استيقظ رسول الله صلى الله عليه وسلم فجلس يمسح النوم عن وجهه بيده ثم قرأ العشر الآيات الخواتم من سورة آل عمران ثم قام الى شنٍ معلقةٍ فتوضأ منها فاحسن وضوءه ثم قام يصلي قال ابن عباس فقمت فصنعت مثل ما صنع ثم ذهبت فقمت الى جنبه فوضع يده اليمنى على راسي واخذ باذني اليمنى يفتلها فصلى ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين ثم اوتر ثم اضطجع حتى اتاه المؤذن فقام فصلى ركعتين خفيفتين ثم خرج فصلى الصبح)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ وہ ایک رات ام المؤمنین حضرت میمونہ رضؓ کے پاس رہے جو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ اور ان (ابن عباس رضؓ) کی خالہ تھیں، ابن عباس کہتے ہیں کہ میں بستر کے عرض میں لیٹ گیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی اہلیہ (معمول کیمطابق) بستر کے طول میں لیٹ گئے چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سو گئے جب آدھی رات ہوئی یا اس سے کچھ پہلے یا اس کے کچھ بعد تو آپؐ بیدار ہوئے اور بیٹھ کر ہاتھ کے ذریعہ اپنے چہرے سے نیند کا اثر دور کرنے لگے پھر آپؐ نے سورہ آل عمران کی آخری دس آیتیں پڑھیں (ان فی خلق السمٰوٰت سے آخیر تک) پھر آپؐ ایک پرانی مشک کیطرف متوجہ ہوئے جو (چھت میں) لٹک رہی تھی اس سے خوب اچھی طرح وضو کیا پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں میں بھی اٹھا اور جس طرح آپؐ نے کیا تھا میں بھی کیا۔ پھر جا کر آپؐ کے پہلو میں کھڑا ہو گیا تب آپؐ نے اپنا داہنا ہاتھ میرے سر پر رکھا اور میرا داہنا کان پکڑ کر مروڑنے لگے پھر آپؐ نے (تہجد کی) دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر وتر پڑھا اور لیٹ گئے یہانتک کہ مؤذن آپؐ کے پاس آیا تو آپ کھڑے ہوئے اور ہلکی پھلکی دو رکعتیں (فجر کی سنت) پڑھیں پھر باہر نکلے اور صبح کی نماز پڑھی (یعنی آپؐ نے اصحاب کو نماز پڑھائی)۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة قيل في قوله فجلس يمسح النوم عن وجهه بيده ثم قرأ العشر الآيات الخواتم من سورة آل عمران، یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سو کر اٹھے اور وضو سے پہلے ہی آل عمران کی آخری دس آیتیں تلاوت فرمائیں۔

بس اس سے سمجھ لیا گیا کہ حدث کے بعد بغیر وضو قرآن پڑھنا ثابت ہو گیا۔

بلاشبہ بلا وضو قرآن پڑھنا جائز و درست ہے لیکن حدیث الباب سے یہ اسلئے ثابت نہیں ہوتا ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی نیند ناقض وضو نہیں لقوله عليه السلام تنام عيني ولا ينام قلبي" حقیقت تو یہی ہے کہ ترجمۃ الباب سے حدیث کی مطابقت مشکل ہے۔ مگر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے

ہیں" استدلال المؤلف بحدیث الباب الخ (شرح تراجم ابواب ص۱۷) یعنی امام بخاری حدیث الباب سے محدث کیلئے جواز قرأت پر اس طرح استدلال کر رہے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نوم طویل کے بعد بیدار ہوئے جس پر ایک طویل وقت گذرا غالب اور اکثری بات ہے کہ اتنے طویل زمانے میں کوئی حدث خروج ریح وغیرہ کا پیش آجایا کرتا ہے لہٰذا حدیث الباب سے استدلال صحیح ہے، اور امام بخاری کا استدلال نقض نوم سے نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگوں نے وہم کیا ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۱ وقد مضی ص۲۲ وص۲۵ ویاتی ص۹۷ ایضا ایضا وص۱۰۰ وص۱۰۱ وص۱۱۸ تا ص۱۱۹ وص۱۳۵ وص۱۵۹ وص۶۵۷ ایضا ایضا ایضا وص۸۷۷ وص۹۱۸ وص۹۳۴ تا ص۹۳۵ وص۱۱۱۰

باقی تشریح کیلئے نصر الباری جلد اول ص۵۰۳ حدیث ۱۱۶ نیز نصر الباری جلد دوم حدیث ۱۳۸ دیکھیے

باب ۱۳۳

مَن لَّمْ يَتَوَضَّأْ إِلَّا مِنَ الْغَشْيِ الْمُثْقِلِ

باب: جب سخت غشی ہو (بالکل ہوش نہ رہے) تو وضو لوٹے گا

ربط ما قبل والمناسبة بين البابين من حيث ان في الباب السابق عدم لزوم الوضوء عند القرأة، وههنا عدم لزومه عند الغشي الغير المثقل (عمدہ)

یعنی باب سابق میں یہ بیان تھا کہ قرأۃ کے وقت وضو لازم نہیں، اب اس باب میں بیان کر رہے ہیں کہ غشی غیر مثقل کے وقت وضو لازم نہیں۔

تحقیق الفاظ الغشي بفتح الغين المعجمة وسكون الشين المعجمة. المثقل بضم الميم واسكان المثلثة وكسر القاف صفة للغشي۔

مقصد حافظ عسقلانی لکھتے ہیں واشار المصنف بذلك الى الرد الخ (فتح الباری) یعنی امام بخاری غشی کے ساتھ مثقل کی قید بڑھا کر ان لوگوں کا رد کیا ہے جو مطلقاً ہر غشی سے نقض وضو مانتے ہیں امام بخاری نے حضرت اسماء بنت ابی بکر کی حدیث لا کر تبلایا کہ غشی خفیف (ہلکی بیہوشی) سے وضو نہیں لوٹے گا۔

۱۸۲ (حدثنا اسمٰعيل قال حدثني مالك عن هشام بن عروة عن امرأته

فاطمۃ عن جدتھا اسماء بنت ابی بکر انھا قالت اتیت عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین خسفت الشمس فاذا الناس قیام یصلون فاذا ھی قائمۃ تصلی فقلت ما للناس فاشارت بیدھا نحو السماء وقالت سبحان اللہ فقلت اٰیۃ فاشارت ان نعم فقمت حتی تجلانی الغشی وجعلت اصب فوق راسی ماء فلما انصرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ما من شیئ کنت لم ارہ الا قد رأیتہ فی مقامی ھذا حتی الجنۃ والنار ولقد اوحی الی انکم تفتنون فی القبور مثل او قریبا من فتنۃ الدجال لا ادری ای ذالک قالت اسماء یؤتی احدکم فیقال لہ ما علمک بھذا الرجل فاما المؤمن او الموقن لا ادری ای ذلک قالت اسماء فیقول ھو محمد رسول اللہ جاءنا بالبینات والھدی فاجبنا واٰمنا واتبعنا فیقال نم صالحا فقد علمنا ان کنت لمومنا واما المنافق او المرتاب لا ادری ای ذلک قالت اسماء فیقول لا ادری سمعت الناس یقولون شیئا فقلتہ)

ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے کہ وہ کہتی ہیں کہ میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ کے پاس ایسے وقت آئی جب سورج کو گہن لگا دیکھا کہ لوگ کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں اور حضرت عائشہؓ بھی کھڑی نماز پڑھ رہی ہیں یہ (دیکھکر) میں نے کہا: (عذاب کی) کوئی نشانی ہے؟ تو عائشہ نے اشارہ سے کہا "ہاں" پھر میں کھڑی ہوگئی. یہانتک کہ مجھ پر غشی طاری ہونے لگی اور میں اپنے سر پر پانی ڈالنے لگی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو اللہ کی حمد وثنا بیان کی پھر فرمایا جو چیز میں نے نہیں دیکھی تھی وہ (آج) میں نے اس جگہ دیکھ لی یہانتک کہ جنت اور دوزخ کو بھی دیکھ لیا (یعنی میں نے اس جگہ نئی نئی چیزیں دیکھیں جو اس دنیا میں پہلے نہیں دیکھی تھیں. حتی کہ جنت و دوزخ بھی دیکھ لیا) اور مجھکو یہ وحی آئی کہ قبروں میں تمہارا امتحان ہوگا فتنۂ دجال کے مثل یا اس کے قریب قریب، فاطمہ نے کہا میں نہیں جانتی کہ اسماء نے کونسا لفظ کہا تم میں سے ہر ایک کے پاس فرشتے آئینگے تو اس شخص کے متعلق کیا اعتقاد رکھتا ہے بہر حال مومن یا موقن میں نہیں جانتی (یعنی یاد نہیں) کہ اسماءؓ نے کونسا لفظ کہا، یوں کہے گا یہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں ہمارے پاس نشانیاں اور ہدایت کی باتیں لے کر آئے ہم نے ان کی دعوت کو قبول کیا اور ان پر ایمان لائے اور انکی پیروی کی پھر اس سے کہا جائے گا کہ تم آرام سے سو جاؤ ہم جانتے تھے کہ تو مومن ہے. رہا منافق یا مرتاب (شکی) یاد نہیں کہ اسماءؓ نے کونسا لفظ کہا وہ کہے گا، میں کچھ نہیں جانتا (میں نے دنیا میں غور ہی نہیں کیا) میں نے لوگوں کو جو کہتے سنا میں بھی وہی کہنے لگا۔

مطابقة للترجمة

مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة في قوله حتى تجلاني الغشي.

تعدد موضعه

والحديث ههنا ص۳۰ تا ص۳۱ وقد مضى ص۱۸ ويأتي ص۱۲۶ وص۱۴۴
ايضا ص۱۴۵ وص۱۶۵ وص۱۰۸۲.

تشریح

ملاحظہ فرمائے نصر الباری جلد اول ص۴۲۸ حدیث ۸۵۔

باب ۱۲۴ مسح الراس كله لقوله تعالىٰ وامسحوا برؤسكم وقال ابن المسيب المرأة بمنزلة الرجل تمسح على راسها وسئل مالك أيجزئ ان يمسح بعض راسه فاحتج بحديث عبد الله بن زيد)

باب: پورے سر کا مسح کرنا کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورہ مائدہ میں) "وامسحوا برؤسکم" اور اپنے سروں کا مسح کرو، اور سعید بن مسیب نے کہا کہ عورت بھی مرد کی طرح اپنے (پورے) سر کا مسح کرے اور امام مالک رح سے پوچھا گیا کیا کچھ حصہ سر کا مسح کرنا کافی ہے؟ تو انہوں نے حضرت عبد اللہ بن زید رض کی حدیث سے استدلال کیا۔

ربط ما قبل

باب سابق میں یہ بتایا گیا تھا کہ غیر مثقل غشی جس میں فی الجملہ ہوش باقی رہتا ہے ناقض وضو نہیں، اب اس باب میں پورے سر کا مسح بیان کر رہے ہیں جو وضو ہی کا جزء ہے۔

امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ پورے سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

۱۸۳ (حدثنا عبد الله بن يوسف قال انا مالك عن عمرو بن يحيى المازني عن ابيه ان رجلا قال لعبد الله بن زيد وهو جد عمرو بن يحيى اتستطيع ان تريني كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ فقال عبد الله بن زيد نعم فدعا بماء فافرغ على يده فغسل يده مرتين ثم مضمض واستنثر ثلاثا ثم غسل وجهه ثلاثا ثم غسل يديه مرتين مرتين الى المرفقين ثم مسح راسه بيديه فاقبل بهما وادبر بدأ بمقدم راسه حتى ذهب بهما الى قفاه ثم ردهما الى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه)

ترجمہ

یحییٰ بن عمارہ مازنی سے روایت ہے کہ ایک شخص (عمرو بن ابی حسن) نے حضرت عبد اللہ بن زید رض سے پوچھا اور وہ (یعنی رجل) عمرو بن یحییٰ کے دادا تھے، کیا آپ مجھے دکھا سکتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو فرماتے تھے؟ عبد اللہ بن زید رض نے کہا "ہاں (دکھا سکتا ہوں) چنانچہ انہوں نے پانی منگوایا اور اپنے ہاتھ پر (یا دونوں ہاتھوں پر) ڈالا اور اپنا ہاتھ دوبارہ دھویا پھر تین مرتبہ کلی کی اور تین مرتبہ

ناک صاف کی پھر تین مرتبہ چہرہ دھویا پھر اپنے ہاتھوں کو دو دو مرتبہ کہنیوں تک دھویا پھر اپنے دونوں ہاتھوں سے سر کا مسح کیا چنانچہ آپؐ نے اقبال اور ادبار کیا یعنی آپؐ نے پہلے سر کے آگے کیجانب سے مسح شروع کیا یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو اپنے گدی تک لے گئے پھر جہاں سے شروع کیا تھا دونوں ہاتھوں کو واپس لائے پھر آپ نے دونوں پاؤں دھوئے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة فى قوله ثم مسح راسه بيديه الخ

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۳۱ ايضا متصلا ص۳۱ ايضا ص۳۱ تا ص۳۲ ايضا ص۳۲ و ص۳۳ ومسلم ج ۱ ص۱۲۳ ترمذى ص۸ باب فيمن توضا بعض وضوئه مرتين وبعضه ثلاثا وابوداؤد ص۱۶ فى باب صفة وضوء النبى صلى الله عليه وسلم والنسائى وغيره۔

تشریح ان رجلا قال لعبد الله بن زيد وهو جد عمرو بن يحيى، بخاری شریف کی روایت بالکل صاف ہے اور ھو کی ضمیر رجلا کیطرف راجع ہے کہ ایک شخص نے حضرت عبد اللہ بن زید رضؓ سے پوچھا اور وہ رجل عمرو بن یحییٰ کے دادا تھے۔

اور چونکہ عرف میں باپ کے چچا اور دادا کے بھائی بھی دادا ہوا کرتے ہیں اسلئے یہاں پر جد سے تعبیر کر دیا ورنہ حقیقۃً وہ رجل عمرو بن یحییٰ کے حقیقی دادا نہیں تھے بلکہ حقیقی دادا تو عمارہ بن ابی حسن ہیں اور سلسلۂ نسب یوں ہے عمرو بن یحییٰ بن عمارہ بن ابی الحسن اور وہ رجل عمرو بن ابی حسن جو عمارہ بن ابی الحسن کے بھائی تھے۔

بہرحال بخاری شریف کی روایت میں تو کوئی اشکال نہیں لیکن ابو داؤد شریف اور موطا امام مالک کی روایات میں کسی راوی سے اختصار واقع ہوگیا اور اس نے ان رجلا کو حذف کر دیا اب ابوداؤد ص۱۶ کی عبارت یہ رہ گئی عن ابيه انه قال لعبد الله بن زيد وهو جد عمرو بن يحيى۔

اس صورت میں ضمیر عبد اللہ بن زید کی طرف لوٹتی ہے مگر یہ عبد اللہ بن زید عمرو بن یحییٰ کے اجداد میں سے نہیں ہیں۔

تفصیل مذاہب حنفیہ کے نزدیک چوتھائی سر کا مسح فرض ہے اور پورے سر کا مسح سنت ہے۔ مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک استیعاب یعنی پورے سر کا مسح فرض ہے اور یہی امام بخاری کا مذہب ہے یعنی اس مسئلے میں امام بخاریؒ امام مالکؒ کی موافقت کر رہے ہیں اور عورت کے بارے میں امام احمدؒ نے فرمایا: يكفى المرأة مسح مقدم راسها (قس) یعنی عورت کیلئے سر کے اگلے حصہ کا مسح کر لینا کافی ہے۔

حضرات شوافعؒ کہتے ہیں کہ ادائے فرض کے لئے کوئی خاص مقدار نہیں ہے بلکہ ادنیٰ ما يطلق عليه اسم المسح ولو كان بقدر ثلاث شعرات، وعند الشافعى ادنى ما يطلق عليه اسم المسح واقله ثلاث شعرات (معارف السنن ج۱ ص۱۴۳)

اقبال وادبار کے معنی اقبال کے معنی ہیں ہاتھوں کو پیچھے سے آگے کی طرف لانا، اور ادبار کے معنی ہیں آگے سے پیچھے کی طرف لیجانا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسح راس کی ابتدا پیچھے کیجانب (یعنی گدی) سے کی اور آگے جو جملہ مفسرا آرہا ہے یعنی بدأ بمقدم راسه حتی ذهب بهما الی قفاه، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا آگے کیجانب سے کی لہذا دونوں جملوں میں تعارض ہے؟

جواب:- فاقبل بهما وادبر میں واؤ مطلق جمع کیلئے ہے ترتیب کیلئے نہیں ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ صفحہ ۳۳ پر باب الوضوء من التور میں ہے فادبر بیدیه واقبل، یہاں ادبار مقدم ہے جس سے واضح ہوگیا کہ مسح راس میں ابتدا بمقدم راس ہی سے اکثر معمول تھا یہی سب سے بہتر اور اصل جواب ہے، اور جمہور فقہاء و محدثین کا مسلک یہی ہے کہ مسح راس کی ابتداء سامنے سے کرنا مسنون ہے صرف حضرت وکیع بن الجراح رح پیچھے سے ابتداء کرنے کو مسنون کہتے ہیں۔

تشریح تفصیل مذاہب سے معلوم ہو چکا ہے کہ امام بخاریؒ اس مسئلہ میں امام مالک رح کی موافقت کر رہے ہیں کہ وضو میں پورے سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

امام بخاریؒ کا استدلال و جواب ۱۔ آیت کریمہ وامسحوا برؤسکم میں باء زائدہ ہے اور ظاہر ہے کہ راس پورے سر کو کہتے ہیں لہذا معلوم ہوا کہ آیت میں پورے سر پر مسح کرنے کا حکم ہے، جواب:- اسمیں تو کوئی شبہ نہیں کہ راس پورے سر کو کہتے ہیں لیکن آیت کریمہ کے اندر امسحوا برؤسکم میں ایقاع مسح علی الراس کا جو حکم ہے وہ بعض راس پر مسح کرنے سے ادا ہو جائے گا یا نہیں؟ ظاہر ہے کہ کسی فعل کے تحقیق کیلئے مفعول کے تمام اجزاء پر فعل واقع کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ بعض اجزاء پر کافی ہے جیسا کہ ضربت زیدا، اس وقت بھی کہا جاتا ہے جب زید کے کسی جزء پر ایقاع ضرب کیا گیا ہو بلکہ اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ پورے مفعول پر فعل کا ایقاع بہت کم ہوتا ہے بس یہاں بھی یہی صورت ہوگی، مسح راس کا جو حکم ہے وہ سر کے ایک حصہ پر مسح سے بھی ادا ہو جاتا ہے اب وہ حصہ کتنا ہونا چاہیے؟ اس کا ذکر آیت میں نہیں ہے بلکہ مقدار کے اعتبار سے آیت مجمل ہے جیسے یدین کے ساتھ الی المرافق اور رجلین کے ساتھ الی الکعبین کے قیود مذکور ہیں اسلئے انمیں کوئی اجمال نہیں لیکن مسح کی کوئی حد آیت میں مذکور نہیں اسلئے آیت میں جب اجمال ہے تو اسکے بیان و تفسیر کیلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال و اعمال کو دیکھا گیا کہ آپؐ نے کبھی پورے سر کا اور کبھی چوتھائی سر کا مسح فرمایا جیسا کہ مسلم شریف اور نسائی میں حضرت مغیرہ بن شعبہؓ اور حضرت انس بن مالکؓ کی حدیث بقدر ناصیہ موجود ہے۔

بہر حال احناف کے مسلک میں تمام احادیث پر عمل ہوگا حدیث الباب میں حضرت عبداللہ بن زیدؓ کی حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ پورے سر کا مسح کرنا چاہیئے احناف بھی کہتے ہیں اور الحمدللہ اسپر مکمل عمل ہے کہ پورے سر کا مسح سنت سمجھکر

کرتے ہیں۔ البتہ فرض کی ادائے گی مقدار ناصیہ یعنی چوتھائی سر کے مسح سے ہو جائے گی۔
واللہ اعلم

باب ۱۳۵

غسل الرجلین الی الکعبین ص ۳۱

دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا

۱۸۴ (حدثنا موسی قال نا وُهَیبٌ عن عمرٍو عن ابیہ شهدتُ عمرَو بنَ ابی حسنٍ سأل عبدَ اللّٰہ بنَ زیدٍ عن وُضوءِ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فدعا بتورٍ من ماءٍ فتوضّأ لهم وُضوءَ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فکفأ علی یدیہ من التور فغسل یدیہ ثلٰثا ثم ادخل یدہ فی التور فمضمض واستنشق واستنثر ثلث غرفات ثم ادخل یدہ فغسل وجهه ثلٰثا ثم ادخل یدہ فغسل یدیہ مرتین الی المرفقین ثم ادخل یدہ فمسح رأسه فاقبل بهما وادبر مرۃ واحدۃ ثم غسل رجلیہ الی الکعبین)

ترجمہ عمرو بن ابی حسن نے حضرت عبد اللہ بن زیدؓ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے پانی کا ایک طشت منگوایا اور ان پوچھنے والوں کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سا وضو کیا چنانچہ طشت سے اپنے ہاتھوں پر پانی ڈالا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تین بار دھویا پھر اپنا ہاتھ طشت میں ڈالا اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور ناک کو صاف کیا تین چلوؤں سے پھر اپنا ہاتھ ڈال کر (پانی لے کر) اقبال وادبار کے ساتھ ایک مرتبہ سر کا مسح کیا پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ثم غسل رجلیہ الی الکعبین۔

تعدد موضعہ متن الحدیث ص۲۷ مختصرا و ص۳۱ وھھنا ایضا ص۳۱ و یاتی ص۳۱ تا ص۳۲ ایضا ص۳۲ و ص۳۳ اخرجہ مسلم ص۱۲۳ و ترمذی اول ص۷ و ص۸ وغیرہ

ربط ومقصد علامہ عینیؒ فرماتے ہیں والمناسبۃ بین البابین ظاهرۃ (عمدہ) یعنی باب سابق اور اس باب میں مناسبت ظاہر ہے کہ ہر دو ابواب وضو کے احکام پر مشتمل ہیں۔

امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے غسل رجلین (پیر دھونے) کی حد بیان کرنا ہے کہ اسکی حد ٹخنوں تک ہے

مقصد کے پیش نظر امام بخاری رحؒ نے اس ترجمہ میں غسل رجلین کے ساتھ الی الکعبین کی قید بڑھا کر اس سلسلے کے دوسرے ابواب (باب ۱۲۲ و باب ۱۲۵) سے ممتاز کر دیا ہے کیونکہ ان ابواب میں کعبین کی قید (یعنی کعبین تک کی حد) بیان نہیں کی تھی۔ سورۂ مائدہ کی چھٹی آیت میں رجلین کے ساتھ کعبین کی قید موجود ہے امام نے اس ترجمہ میں اس قید کو ذکر فرما کر متنبہ کر دیا کہ ارجلکم میں قرأت جر کی ہو یا نصب کی بہر صورت پیروں کو دھونا ہی متعین ہے کیوں کہ الی الکعبین کا لفظ پیر دھونے کی حد بیان کرنے کیلئے لایا گیا ہے تحدید و استیعاب کا تعلق دھونے سے ہے مسح میں نہ استیعاب ہے اور نہ کوئی اس میں تحدید کا قائل ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاری رحؒ اس باب سے بھی استیعاب راس ثابت فرما رہے ہیں کہ جب رجلین جو کہ اعضائے وضو میں سے ہے اس کو کامل دھویا جاتا ہے تو مسح بھی سارے سر کا ہوگا۔

اور دوسرا یہ کہ سنن کی روایت میں الاذنان من الراس آیا ہے وہ تو امام بخاری رحؒ کی شرط کے مطابق نہیں ہے لہذا اسکو تو ذکر نہیں فرمایا البتہ اس کی طرف اس باب سے ایک لطیف اشارہ فرما دیا کہ جیسے رجلین کعبین تک دھوئے جاتے ہیں اسی طرح اذنان سر کیلئے کعبین ہے (تقریر بخاری) لہذا سر کا مسح کانوں تک ہونا چاہئے جو استیعاب راس کا مقتضی ہے۔

غسل اعضاء کی مختلف صورتوں کا جواز

غسل مرتین الخ حضرت عبداللہ بن زید رضؓ سے جتنی روایات ہیں ان سب میں یہی ہے کہ آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو مرفقین تک دو مرتبہ دھویا دوسرے تمام صحابہ سے تین مرتبہ دھونا منقول ہے۔

ممکن ہے کہ پانی کی وجہ سے آپؐ نے ایسا کیا، اس سے کمال کے ادنیٰ درجہ پر تنبیہ بھی مقصود ہو سکتا ہے۔ یا اسے بیان جواز پر محمول کرینگے، یا یہ بتلانا مقصود ہو کہ غسل اعضاء میں مساوات ضروری نہیں ایک ہی وضو میں یہ صورت جائز ہے کہ بعض کو ایک بار اور بعض کو دو بار اور بعض کو تین بار دھویا جائے یعنی سب میں ایک ہی تعداد ملحوظ رکھنا ضروری نہیں۔

باب ۱۳۶

استعمال فضل وضوء الناس وامر جریر بن عبد الله اهله ان یتوضؤوا بفضل سواکہ

لوگوں کے وضو کا بچا ہوا پانی استعمال کرنا، حضرت جریر بن عبد اللہ رضی نے اپنے گھر والوں کو حکم دیا کہ وہ ان کے مسواک کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرلیں (یعنی جس پانی میں مسواک ڈوبی رہتی تھی اس پانی سے گھر کے لوگوں کو وضو کرنے کیلئے کہتے تھے)

۱۸۵ (حدثنا آدم قال ثنا شعبة قال ثنا الحکم قال سمعت ابا جحیفة یقول خرج علینا النبی صلی الله علیه وسلم بالهاجرة فاتی بوضوء فتوضا فجعل الناس یاخذون من فضل وضوئه فیتمسحون به فصلی النبی صلی الله علیه وسلم الظهر رکعتین والعصر رکعتین وبین یدیه عنزة" وقال ابو موسیٰ دعا النبی صلی الله علیه وسلم بقدح فیه ماء فغسل یدیه ووجهه فیه ومج فیه ثم قال لهما اشربا منه وافرغا علی وجوهکما ونحورکما)

ترجمہ حضرت ابو جحیفہ رضی کہتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر میں ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ کے پاس وضو کا پانی لایا گیا آپ نے وضو فرمایا پھر لوگ آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی لینے لگے اور اس کو اپنے جسم پر پھیرنے لگے پھر آپ نے ظہر کی دو رکعتیں پڑھیں اور عصر کی دو رکعتیں پڑھیں (اسلئے کہ آپ مسافر تھے) اور آپ کے سامنے ایک نیزہ تھا (جو بطور سترہ گاڑا گیا تھا) اور ابو موسیٰ اشعری رض نے کہا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک پیالہ منگوایا جس میں پانی تھا پھر آپ نے اس پیالہ میں اپنے دونوں ہاتھ اور چہرۂ مبارک کو دھویا اور اسی میں کلی کی پھر ان دونوں (حضرت بلال رض اور حضرت ابو موسیٰ رض) سے کہا اسمیں سے تم دونوں پی لو اور اپنے چہروں اور سینوں پر ڈالو۔

مطابقۃ للترجمہ مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله فجعل الناس یاخذون من فضل وضوئه۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۳۱ ویاتی فی باب الثوب الاحمر ص۵۴ ویاتی ص۷۱ ایضا فی باب الصلوٰۃ الی العنزۃ ص۷۱ وفی باب السترۃ بمکۃ وغیرھا ص۷۲ وفی باب الاذان للمسافر ص۸۸ وفی الباب الذی بعدہ ص۸۸ ان شاء اللہ تعالیٰ وفی المناقب فی باب صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص۵۰۲ وص۵۰۳ وفی اللباس ص۸۶۱ وص۸۷۰ واخرجہ مسلم فی کتاب الصلوٰۃ ص۱۹۵ تا ص۱۹۶۔

ربط ما قبل علامہ عینیؒ لکھتے ہیں والمناسبة بین البابین من حیث ان الباب السابق فی صفة الوضوء وھٰذا الباب فی بیان الماء الذی یفضل من الوضوء۔

یعنی دونوں بابوں کے درمیان مناسبت یہ ہے کہ باب سابق میں صفت وضو کا بیان تھا۔ اور اس باب میں وضو سے بچے ہوئے پانی کا حکم مذکور ہے۔

مقصدِ امام بخاریؒ امام بخاریؒ کا مقصد ان لوگوں کی تردید ہے جو لوگ ماء مستعمل کو نجس کہتے ہیں، یعنی امام بخاریؒ اس مسئلے میں امام مالکؒ کی موافقت کر رہے ہیں کہ ماء مستعمل طاہر بھی ہے اور مطہر بھی.

ماء مستعمل اور اس کا حکم ماء مستعمل وہ قلیل پانی ہے جس سے حدث کا ازالہ کیا گیا یا بہ نیت قربت استعمال کیا گیا اور بدن سے جدا ہو گیا یعنی عضو سے الگ ہوتے ہی مستعمل ہو جائے گا۔

الصحیح انه کما زایل العضو صار مستعملا (ہدایہ)

۱ امام مالکؒ کا مشہور قول یہ ہے کہ ماء مستعمل طاہر بھی ہے اور مطہر بھی، اسی کے قائل امام بخاریؒ بھی ہیں۔

۲ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک طاہر غیر مطہر ہے۔

۳ امام محمدؒ اور امام زفرؒ کی روایت کے مطابق یہی امام اعظم ابو حنیفہؒ کا بھی مذہب ہے فقہائے حنفیہ کے نزدیک یہی مختار و مفتی بہ قول ہے اگرچہ امام اعظمؒ سے دو روایتیں اور بھی آئی ہیں، امام ابو یوسفؒ نے نجاست خفیفہ کی اور حسن بن زیاد نے نجاست غلیظہ کی روایت کی ہے۔

امام اعظم نے ماء مستعمل کو نور بصیرت کی بنا پر غیر طاہر کہا امام ابو حنیفہؒ نے جو ماء مستعمل کو غیر طاہر (نجس) فرمایا ہے علامہ شعرانیؒ نے میزان میں اس کے متعلق لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ اس کو نجس کہنے پر مجبور تھے۔ کیونکہ ان کا کشف اس قدر کمال کو پہنچا ہوا تھا کہ ماء مستعمل کے ساتھ جو گناہ جھڑتے تھے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے کہ ان معاصی کا الگ الگ رنگ اور اثر ان کو نظر آتا تھا چنانچہ علامہ شعرانیؒ نے متعدد واقعات نقل کئے ہیں۔

فرماتے ہیں کہ ابو حنیفہؒ ایک روز کوفہ کی جامع مسجد کے حوض پر تشریف لے گئے وہاں آپ نے ایک نوجوان کو وضو کرتے دیکھا تو آپ نے اس کے وضو کے پانی کے قطرات کو دیکھکر فرمایا:

یاولدی تبُ عن عقوقِ الوالدین فقال تبتُ عن ذالک۔ — برخوردار والدین کی نافرمانی سے توبہ کر، اس نے کہا کہ آئندہ کیلئے میں والدین کی نافرمانی سے توبہ کرتا ہوں

یہ تمام امور ان کے نزدیک بوجہ معلوم ہوجانے کے امور حسیّہ کے مانند تھے، اسکے بعد علامہ شعرانی فرماتے ھیں:

ثم بلغنا انه سال الله تعالیٰ ان یحجبه عن هذا الکشف لما فیه من الاطلاع علی سوآت الناس فاجابه الی ذالک — پھر ہمیں معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہؒ نے اللہ سے دعا کی اس کیفیت کو مجھ سے دور کردے کیوں کہ اس سے بندوں کے گناہ معلوم ہونے لگے ہیں چنانچہ ان کی دعا قبول ہوئی۔

اسی طرح ایک اور شخص کے ماءِ مستعمل کو دیکھا تو اس سے ارشاد فرمایا:

یا اخی تب من الزنا فقال تبت من ذالک — اے میرے بھائی زنا سے توبہ کر اس نے کہا میں زنا سے توبہ کرتا ہوں۔

ایسے ہی ایک اور شخص کے استعمال شدہ پانی کیساتھ گناہ جھڑتے دیکھکر فرمایا۔

یا اخی تبُ من شربِ الخمرِ وسماع آلاتِ اللهو فقال تبتُ منهما۔ — اے میرے بھائی شراب نوشی اور آلات لہو ولعب کے سننے سے توبہ کر تو اس نے کہا کہ میں ان سے توبہ کرتا ہوں۔

معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہؒ ماءِ مستعمل پر حکم کشف کے تابع ہوکر لگاتے تھے ان جھڑنے والے گناہوں میں کبائر وصغائر اور مکروہات کے علاوہ خلاف اولیٰ جیسی خطائیں بھی شامل تھیں جن کے اثرات کا مشاہدہ فرماتے تھے (میزان الکبریٰ للشعرانی جلد اول ص۱۰۹ مطبوعہ داراحیاء الکتب العربیۃ)

تو جس کو پانی میں یہ گندگی محسوس ومشاہدہ ہو وہ اس پانی کو پاک کہنے کی جرأت کیسے کرے گا مثلاً اگر آپ نے پانی کے لوٹے میں پیشاب کا قطرہ گرتے ہوئے دیکھا اور کسی نے نہیں دیکھا تو نہ دیکھنے والے اس کو طاہر کہہ سکتے ہیں دیکھنے والا اس کو کیونکر طاہر کہیگا۔

سبحان اللہ امام اعظم ابوحنیفہؒ کو کیا کشف تام، نور بصیرت اور لطیف ادراک حاصل تھا کہ معاصی جو معنوی چیز ہیں اس کو مستعمل پانی میں محسوس کرلیتے تھے اور صاف دیکھ لیتے تھے پھر محض دیکھنا ہی نہیں یہ بھی محسوس کرلیتے تھے کہ کس جنس کا گناہ کیا ہے اسی لئے تو کسی کو کہتے کہ عقوق (نافرمانی) والدین سے بچو۔ کسی کو کہتے کہ زنا سے بچو اور کسی کو شرب خمر سے۔ اگر متاخرین کا قول لے کر کہا جائے کہ وضو سے کبائر تو نہیں جھڑتے اور یہ مذکورہ معاصی سب کبائر ہیں۔

جواب:- یہ ہے کہ صغیرہ تو سب جھڑتے ہیں اور صغائر عموماً کسی نہ کسی کبیرہ کی جنس سے ہوتے ہیں۔ فلاں صغیرہ کس کبیرہ کے مبادی یا آثار میں سے ہے وہ بھی ان کو منکشف ہوجاتا تھا۔

اس تقریر سے میرا مقصود حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کے اس قول کو ترجیح دینا نہیں ہے کیوں کہ ہمارے نزدیک مفتی بہ قول تو یہی ہے کہ ماء مستعمل طاہر ہے، بلکہ میری غرض حضرت امام ابو حنیفہؒ کی عظمت اور ان کی رفعت شان اور کمالات باطنیہ ان کا علو مرتبت بتلانا ہے کہ ان کا پایہ اس سلسلہ میں بھی کس قدر بلند تھا، اور یہ سب نقل کرنے والا کوئی ان کا مقلد حنفی نہیں تاکہ محض حسن عقیدت کا احتمال نکالا جائے۔

(منقول از فضل الباری جلد دوم)

وقال ابو موسیٰ الخ یعنی حضرت ابو موسیٰ اشعری رضؓ یہ حدیث کتاب المغازی کی طویل حدیث کا ایک ٹکڑا ہے تشریح کیلئے دیکھئے نصر الباری کتاب المغازی صفحہ ۳۹۶ حدیث ۳۳۳۔

یاخذون من فضل وضوئہ الخ ظاہر ہے کہ یہاں فضل وضوء سے مراد وہ پانی ہے جو آپؐ کے جسم مبارک سے لگنے کے بعد گر رہا ہے یعنی حضور اقدس ﷺ کے مستعمل پانی کو صحابہ کرام اپنے چہروں پر ملتے تھے، اس سے بلاشبہ ماء مستعمل کا طاہر ہونا ثابت ہوا جس سے ہم منکر نہیں لیکن مطہر ہونا ثابت نہیں۔

۱۸۶ (حدثنا علی بن عبد اللہ قال ثنا یعقوب بن ابراہیم بن سعد قال ثنا ابی عن صالح عن ابن شہاب قال اخبرنی محمود بن الربیع قال وھو الذی مج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی وجہہ وھو غلام من بئرھم وقال عروۃ عن المسور وغیرہ یصدق کل واحد منھما صاحبہ واذا توضأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کادوا یقتتلون علی وضوئہ)

ترجمہ ابن شہاب کہتے ہیں مجھ سے محمود بن ربیع نے بیان کیا اور یہ محمود بن ربیع رضؓ وہی ہیں کہ جب وہ چھوٹے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انہیں کے کنویں کے پانی سے ان کے چہرے پر کلی کی تھی اور عروہ بن زبیر نے (مسور وغیرہ (مروان بن حکم) سے روایت کیا ہے اور ہر ایک ان دونوں میں سے ایک دوسرے کی تصدیق کرتا ہے کہ (عروہ بن مسعود نے مکہ کے مشرکوں سے کہا) نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جب وضو فرمایا کرتے تھے تو آپ ﷺ کے وضو سے بچے ہوئے پانی کیلئے لڑنے پر مستعد ہو جاتے تھے۔

مطابقۃ للترجمہ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ کادوا یقتتلون علی وضوئہ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۱ ویاتی الحدیث فی المغازی بطولہ ص۶۲۰ ویاتی فی باب الغسل والوضوء فی المخضب ص۳۲ طرف منہ۔

تشریح علامہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ ماء مستعمل کی طہارت کا مسئلہ گو اپنی جگہ درست اور مسلم ہے لیکن خود امام بخاریؒ جن دلائل کے ذریعہ اسکی طہارت ثابت کر رہے ہیں وہ محل نظر ہے کیوں کہ تمام روایات میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بقیہ وضو یا وضو میں مستعمل پانی کا تذکرہ ہے جبکہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم

کے فضلات کی طہارت کا علماء نے قول کیا ہے۔

امام بخاری رح نے ترجمہ قائم کیا ہے استعمال فضل وضوء الناس الخ تو آنحضرت صلعم کے فضل وضو اور غسالہ پر دوسرے لوگوں کے فضل وضوء مستعمل پانی کو قیاس کرنا درست نہیں۔

(باب ۱۳۷)

۱۸۷ حدثنا عبد الرحمن بن یونس قال حدثنا حاتم بن اسمٰعیل عن الجعد قال سمعت السائب بن یزید یقول ذهبت بی خالتی الی النبی صلی اللہ علیه وسلم فقالت یا رسول الله ان ابن اختی وقع فمسح راسی ودعا لی بالبرکة ثم توضا فشربت من وضوئه ثم قمت خلف ظهره فنظرت الی خاتم النبوة بین کتفیه مثل زر الحجلة۔

ترجمہ حضرت سائب بن یزید رض کہتے تھے کہ میری خالہ مجھے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کیا کہ یارسول اللہ میرا بھانجہ بیمار ہے (پاؤں میں درد ہے) تو آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعا کی پھر آپؐ نے وضو کیا اور میں نے آپؐ کے وضوء سے بچا ہوا پانی پی لیا پھر میں آپؐ کی پس پشت کھڑا ہو گیا۔ اور میں نے مہر نبوت کی طرف دیکھا جو آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان ایسی تھی جیسے چھپر کھٹ کی گھنڈی (یا چکور کے انڈے کی مانند تھی)

مطابقته للترجمة علامہ عینی رح فرماتے ہیں اگر شربت من وضوئه سے مراد آپؐ کے اعضاء وضو سے ٹپکنے والا پانی مراد ہو تو مطابقت ظاہر ہے اور باب بلا ترجمہ کالفصل من الباب السابق ہے لیکن گفتگو تو عام انسانوں کے استعمال کردہ پانی میں ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے استعمال کردہ پانی میں نہیں ہے وہ بہر حال طاہر مطہر بلکہ مقدس و متبرک بھی ہے

تعدد موضعه

والحدیث ههنا ص۳۱ ویاتی الحدیث ص۵۰۱ وص۸۴۷ وص۹۴۰

بیان اللغات عن الجعد بفتح الجیم وسکون العین المهملة وللاکثرین الجعید بالتصغیر وهو المشهور ابن عبد الرحمٰن بن اوس المدنی الکندی (عمدہ قس) وَقِعٌ بفتح الواو وکسر القاف والتنوین ای اصابه وجع فی قدمیه الخ وفی روایة الکشمیهنی وابی ذر الهروی وقع بفتح القاف علی لفظ الماضی وفی روایة کریمه وجع بفتح الواو وکسر الجیم وعلیه الاکثرون ومعنی وقع بکسر القاف اصابه وجع فی قدمیه (عمدہ)

زر الحجلة بکسر الزای وتشدید الراء۔ والحجله بفتح الحاء والجیم واحدة الحجال (عمدہ، قس)

زر کے معنی گھنڈی اور حجلہ چھپر کھٹ کو کہتے ہیں جو دلہن کیلئے تیار کیا جاتا ہے اس پر پردے ڈالے جاتے ہیں

اس میں بڑی گھنڈیاں لگاتے ہیں اس گھنڈی سے مہر نبوت کو تشبیہ دی جا رہی ہے یہ تشبیہ یا تو خوبصورتی میں ہے یا ابھار میں۔ یہ اس صورت میں ہے جبکہ زار کو رار مہملہ پر مقدم رکھیں۔
اور اگر اس روایت کو لیا جائے جس میں رار مہملہ زار معجمہ پر مقدم ہے تو پھر حجلہ کے معنی چکور پرندے کے ہونگے یہ پرندہ بڑے ناز سے اٹھلا کر چلتا ہے اس صورت میں معنی ہوں گے چکور کے انڈے کے مانند بعض روایات میں ہے بیضة الحمامة (کبوتر کا انڈہ) وغیرہ۔

مہر نبوت یہ ختم نبوت کی علامت تھی حضرت سائب بن یزید رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے آپؐ کی مہر نبوت کو دیکھا جو آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان چھپر کھٹ کی گھنڈی کے مانند یا چکور کے انڈے کے مانند تھی۔ مگر ٹھیک وسط میں نہیں بلکہ بائیں جانب مائل، صوفیار نے لکھا ہے کہ وہ جگہ شیطان کے وسوسے ڈالنے کی ہے جیسا کہ بعض اولیار کبار کو کشف سے معلوم ہوا کہ شیطان کے ایک سونڈ ہے جب وہ کسی کے دل میں وسوسہ ڈالنا چاہتا ہے تو اس کے پیچھے بیٹھکر اسی سونڈ سے اس کے دل میں وسوسہ کو پہنچاتا ہے حق تعالے نے مہر نبوت سے اسی چیز کو محفوظ فرمادیا۔ اس میں اختلاف ہے کہ یہ پیدائش ہی سے تھی یا بعد میں نمودار ہوئی۔ ابو نعیم نے دلائل النبوۃ میں یہ ثابت کیا ہے کہ یہ پیدائش سے کچھ مدت بعد نمودار ہوئی تھی۔

باب ۱۳۸

(مَنْ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ غَرْفَةٍ وَاحِدَةٍ) ص۳۱

ایک چلّو سے کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا

۱۸۸ حدثنا مُسَدَّدٌ قال ثنا خالدُ بنُ عبدِ اللهِ قال ثنا عَمْرُو بنُ يحيىٰ عن أبيهِ عن عبدِ اللهِ بنِ زيدٍ أنّه أفرغَ مِنَ الإناءِ على يَدَيْهِ فغسلَهُما ثمّ غَسَلَ أو مَضْمَضَ واستنشقَ مِن كفَّةٍ واحدةٍ ففعلَ ذٰلك ثلثًا فغسلَ يديهِ إلى المرفقينِ مرّتينِ مرّتينِ ومَسَحَ برأسِهِ ما أقبلَ وما أدبرَ وغسلَ رِجْلَيْهِ إلى الكعبَيْنِ ثمّ قال هٰكذا وُضوءُ رسولِ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن زید رضؓ سے روایت ہے کہ (وضو کرتے وقت) انہوں نے پہلے برتن سے اپنے لئے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اور انہیں دھویا پھر منہ دھویا یا (یوں کہا کہ) کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا ایک ہی چلّو سے تین بار ایسا ہی کیا پھر دونوں ہاتھوں کو دونوں کہنیوں تک دو دو مرتبہ دھویا اور

سر پر آگے اور پیچھے دونوں طرف مسح کیا اور دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئے پھر کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو اسی طرح تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی قولہ "مضمض واستنشق من کفۃ واحدۃ،

تعدد موضعہ والحدیث مر مختصرا ص۲۷ وھھنا ص۳۱ ایضا ص۳۱ تا ص۳۲ ص۳۲ ص۳۲ وص۳۲ وص۳۳،

ربط ما قبل والمناسبۃ بین البابین من حیث ان کلا منھما من متعلقات الوضوء فالاول فی الوضوء بالفتح والثانی فی الوضوء بالضم (عمدہ)

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو حضرات مضمضہ و استنشاق کو ایک ہی چلو میں جمع کے قائل ہیں یہ حدیث ان کا مستدل ہے مگر چونکہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک افضل ترین طریقہ فصل ہے اسلئے اس باب میں مَن کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ یعنی اس مسئلے میں بھی امام بخاری رحمہ اللہ احناف کی موافقت کر رہے ہیں۔

تشریح فصل کا مطلب یہ ہے کہ مضمضہ یعنی تین مرتبہ کلی سے فارغ ہونے کے بعد ناک میں پانی ڈالا جائے یعنی ست غرفات بالفصل، یہی احناف کے نزدیک افضل ترین صورت ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ فی روایۃ و امام شافعی رحمہ اللہ فی روایۃ کا مسلک بھی یہی منقول ہے امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں وقال الشافعی ان جمعھما فی کف واحد فھو جائز وان فرقھما فھو احب الینا۔ (ترمذی ص۶/۱)

اور وصل کا مطلب یہ ہے کہ ایک چلو سے دونوں (مضمضہ و استنشاق) کو ایک ساتھ کیا جائے یہ ضرور ذہن نشین رہے کہ اس بارے میں احناف و شوافع کا اختلاف صرف افضلیت کا ہے جواز و عدم جواز کا نہیں ہے امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شوافع کے نزدیک ارجح الاقوال الوصل بثلاث غرفات ہے (شرح مسلم ص۱۲۰/۱) شوافع کے یہاں یہی قول مفتی بہ ہے۔

مگر اصول و قواعد احناف رحمہم اللہ کے مؤید ہیں کیوں کہ منہ اور ناک ہر ایک مستقل عضو ہے لہٰذا دوسرے اعضا کے موافق ہر ایک کیلئے الگ غرفہ (چلو) ہونا چاہیئے۔

احناف رحمہم اللہ کی طرف سے اس حدیث کے تین جواب ہیں ایک جواب یہ ہے کہ من کف واحد لا من کفین یعنی مضمضہ اور استنشاق ایک ہاتھ سے کیا غسل وجہ کی طرح دونوں ہاتھ استعمال نہیں فرمایا۔

۲ مضمضہ اور استنشاق ایک ہی ہاتھ سے ہوا یہ نہیں کہ مضمضہ کیوقت داہنے ہاتھ کا استعمال کیا اور استنشاق کیلئے بائیں ہاتھ بلکہ دونوں عمل داہنے ہاتھ ہی سے فرمایا۔

۳ جواب یہ ہے کہ بیان جواز کیلئے یہ عمل فرمایا۔ واللہ اعلم

بہر حال حدیث الباب ایک واقعہ کا بیان ہے یہ دائمی معمول نہیں ہے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا دائمی معمول اور عادت مستمرہ یفصل بین المضمضۃ والاستنشاق (ابو داؤد اول ص۱۹)

باب ۱۳۹

مَسْحِ الرَّأْسِ مَرَّةً

سر کا مسح ایک بار کرنا

۱۸۹ (حدثنا سلیمٰن بن حرب قال ثنا وُهیبٌ قال ثنا عمرو بن یحیی عن ابیه قال شهدت عمرو بن ابی حسن سال عبد الله بن زید عن وضوء النبی صلے الله علیه وسلم فدعا بتور من ماء فتوضأ لهم فکفأه علی یدیه فغسلهما ثلثاً ثم ادخل یده فی الاناء فمضمض واستنشق واستنثر ثلثاً بثلث غرفات من ماء ثم ادخل یده فی الاناء فغسل وجهه ثلثاً ثم ادخل یده فی الاناء فغسل یدیه الی المرفقین مرتین مرتین ثم ادخل یده فی الاناء فمسح براسه فاقبل بیده وادبر بهما ثم ادخل یده فی الاناء فغسل رجلیه)

۱۹۰ (حدثنا موسی قال حدثنا وُهیبٌ وقال مسح براسه مرةً)

ترجمہ حدیث ۱۸۹ عمرو بن یحیی نے اپنے باپ کے واسطے سے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ میں عمرو بن ابی حسن (اپنے چچا) کے پاس موجود تھا انہوں نے (یعنی عمرو بن ابی حسن نے) عبد اللہ بن زید رضؓ سے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بارے میں دریافت کیا تو عبد اللہ بن زید رضؓ نے پانی کا ایک طشت منگوایا پھر ان لوگوں کے سامنے وضو کیا چنانچہ پہلے طشت سے اپنے ہاتھوں پر پانی گرایا پھر انہیں تین بار دھویا پھر اپنا ہاتھ برتن کے اندر ڈالا کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور ناک کو صاف کیا تین بار تین چلوؤں سے پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا اور (پانی لے کر) تین بار اپنا منہ دھویا پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا اور دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دو دو بار دھویا پھر برتن میں ہاتھ ڈالا اور سر پر آگے اور پیچھے دونوں طرف مسح کیا پھر برتن میں ہاتھ ڈالا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے۔

ترجمہ حدیث ۱۹۰ ہم سے (اسی حدیث کو) موسیٰ نے بیان کیا انہوں نے وُہیب سے اسمیں تصریح ہے کہ سر پر ایک بار مسح کیا۔

مطابقة للترجمة

مطابقة الحديث للترجمة في قوله " فمسح براسه "

تعدد موضعه

متن الحديث ص۲۷ ص۳۱ ص۳۱ ص۳۱
وههنا ص۳۲ وباقی ص۳۳

مقصد ترجمہ

اس باب سے امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ مسح راس میں تکرار نہیں ہے "مسح راس میں اقبال و ادبار کی دو حرکتوں سے مسح کا دوبار سمجھنا درست نہیں۔ البتہ دو حرکتیں ہوگئیں ایک بار ادبار کی دوسری اقبال کی پہلے دونوں ہاتھوں کو سامنے کی طرف سے پیچھے کی طرف گدی تک لے گئے پھر لوٹا کر پیشانی کیطرف لائے تو اس اقبال کو مسح ثانی سمجھنا درست نہیں بلکہ یہ مسح راس کی تکمیل و استیعاب ہے کیونکہ صرف ادبار سے یا صرف اقبال سے پورے سر کا مسح نہیں ہوسکتا ہے اسلئے استیعاب کیلئے دو حرکتیں ضروری ہیں۔

امام بخاری "باب مسح الراس مرة" کا ترجمہ قائم کرکے واضح کردیا کہ مسح راس میں تکرار (تثلیث نہیں ہے البتہ استیعاب مسنون ہے)

مسح راس میں اقوال ائمہ

جمہور ائمہ امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کا مسلک یہی ہے کہ مسح راس میں تثلیث نہیں ہے کیونکہ احادیث صحیحہ سے یہی واضح ہوتا ہے کہ آپ سر کا مسح ایک ہی بار فرمایا کرتے تھے۔ جیسا کہ روایت الباب کی متابعت میں تصریح ہے۔

صرف امام شافعی مسح راس میں تثلیث کو مستحب کہتے ہیں اگرچہ امام ترمذی نے امام شافعی کا مسلک بھی جمہور کے ساتھ نقل کیا ہے چنانچہ امام ترمذی فرماتے ہیں: وقد روی من غير وجه عن النبی صلی الله عليه وسلم انه مسح براسه مرة والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم ومن بعدهم وبه يقول جعفر بن محمد وسفيان الثوری وابن المبارك والشافعی واحمد واسحاق (رحمہم اللہ تعالیٰ) رأو مسح الراس مرة واحدة (ترمذی ص۶ فی باب ماجاء ان مسح الراس مرة) امام ابوداؤد فرماتے ہیں: قال ابوداؤد احاديث عثمان الصحاح كلها تدل على مسح الراس انه مرة فانهم ذكروا الوضوء ثلثا وقالوا فيها ومسح راسه ولم يذكروا عددا كما ذكروا فی غيره " (ابوداؤد جلد اول ص۱۵ فی باب صفة وضوء النبی صلے اللہ علیہ وسلم)

م۲ قیاس کا بھی یہی تقاضا ہے کہ سر کا مسح ایک ہی مرتبہ ہونا چاہیے کیوں کہ مسح راس میں تخفیف مطلوب ہے نیز ممسوح کو مغسول پر قیاس کے بجائے ممسوح پر قیاس درست ہوگا۔ کہ مسح علی الخفین، مسح علی الجبیرہ بھی مرة ہی ہوتا ہے پس مسح راس بھی مرة ہی ہونا چاہیئے۔

باب ۱۴۲

وُضوءِ الرَّجلِ مع امْرَأتِه وَفَضْلِ وضوءِ المَرْأةِ وتوضَّأ عمرُ رَضِیَ اللہ عَنْه بالحَمِیْمِ وَمِنْ بَیْتِ نصْرَانِیَّةٍ

مرد کا اپنی بیوی کیساتھ وضو کرنا اور عورت کے وضو سے بچا ہوا پانی استعمال کرنا، اور حضرت عمرؓ نے گرم پانی سے وضو کیا اور ایک نصرانی عورت کے گھر سے پانی لے کر وضو کیا

۱۹۱ (حدثنا عبدُ اللہِ بن یوسف قال ثنا مالکٌ عن نافعٍ عن ابنِ عُمرَ انّه قال کان الرِّجالُ والنِساءُ یتوضَّؤُنَ فی زمانِ رسُولِ اللہ صلَّی اللہُ علیہِ وسلّم جمیعا)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مرد اور عورت سب (ایک ہی برتن سے) وضو کیا کرتے تھے۔

مُطابقۃ للترجمۃ ترجمۃ الباب کے دو اجزاء ہیں پہلے ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ مرد عورت کا ایک ساتھ بیٹھ کر وضو کرنا۔ دوسرا اجزء ہے عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی کا حکم؟

حدیث کی مطابقت ترجمۃ الباب سے اس طرح ہو گی کہ حدیث پاک میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مرد اور عورت سب ایک ہی برتن سے وضو کرتے تھے۔

تو اس میں ایک مطلب یہ ہے کہ دونوں ایک ساتھ بیٹھکر وضو کرتے تھے یعنی وقتِ واحد میں اس صورت میں ترجمہ اولیٰ سے مطابقت ظاہر ہے۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ یکے بعد دیگرے وضو کرتے تھے جیسا کہ بعض روایت میں ہے "من اناء واحد" اس صورت میں ترجمہ ثانیہ سے مطابقت ہو گی۔ معلوم ہوا کہ عدم مطابقت کا دعویٰ صحیح نہیں ہے

تشریح امام بخاریؒ کا مقصد ترجمۂ اولیٰ "وضوءِ الرجلِ مع امرأته" سے حدیث پاک کی شرح و وضاحت ہے کہ حدیث میں مرد و عورت سے مراد شوہر اور بیوی ہے پس اجنبیہ کا اشکال اور نزول حجاب سے قبل اور بعد کے جوابات کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور اگر حدیث شریف کے الفاظ کان الرجال والنساء جمیعا میں تعمیم کیجائے کہ سب عورتیں ہوتی تھیں تو نزول حجاب سے قبل پر محمول کیا جائے گا یا محارم کے ساتھ خاص رہے گا۔

دوسرے ترجمہ فضل وضوء المرأۃ سے امام بخاریؒ کا مقصد حنابلہ اور ظاہریہ کی تردید ہے کیوں کہ امام احمدؒ اور داؤد ظاہریؒ کہتے ہیں کہ اگر عورت نے مرد کی غیر موجودگی و تنہائی میں پانی استعمال کیا تو بچا ہوا پانی مرد کے حق

ہیں ناجائز/ ناقابل استعمال ہے کما قال النووی رح وذهب احمد بن حنبل وداؤد الی انها اذا خلت بالماء واستعملته لایجوز للرجل استعمال فضلها (شرح مسلم ص۱۴۸)

جمہور ائمہ ثلاثہ امام اعظم، امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کے نزدیک جائز ہے امام بخاری جمہور کی موافقت کررہے ہیں حدیث الباب جمہور کی دلیل ہے۔

حنابلہ رح کا استدلال :- حکم بن عمرو کی روایت ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی ان یتوضا الرجل بفضل طهور المرأة (ابوداؤد اول ص۱۱)

جوابات :- ۱ حدیث ممانعت کراہت تنزیہی پر محمول ہے۔

۲ منع کی روایت بمقابلہ روایات جواز کے مرجوح ہے حکم بن عمرو کی روایت کو امام بخاری، بیہقی اور ابن العربی وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے ۳ منع کی روایات منسوخ ہیں۔

توضأ عمر بالحمیم ومن بیت نصرانیة علامہ عینی اور قسطلانی نے تو یہ کہدیا کہ دونوں اثر ترجمہ کے مناسب نہیں ہیں لیکن وجہ مناسبت کا انکار صحیح نہیں ہے بلکہ امام بخاری رح اس سے فضل طهارة المرأة ثابت فرما رہے ہیں۔ اور وہ اسطرح پر ثابت ہوئی کہ پانی عام طور پر گھر میں عورتیں گرم کرتی ہیں اور اس کی گرمی دیکھنے کیلئے ہاتھ ڈالتی ہیں لہذا فضل المرأة ہوگیا۔

ومن بیت نصرانیة یہاں حضرت عمر رض نے سوال نہیں کیا کہ اس نے استعمال کیا ہے یا نہیں، امام بخاری کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ گرم پانی سے وضو درست ہے چاہے عورت کتابیہ ہی کیوں نہ ہو۔

باب ۱۴۱

(صَبِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَضُوْئَهُ عَلَی الْمُغْمیٰ عَلَیْهِ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے وضو کا بچا ہوا پانی بیہوش آدمی پر ڈالنا (یعنی چھڑکنا)

۱۹۲ (حدثنا ابو الولید قال ثنا شعبة عن محمد بن المنكدر قال سمعت جابرًا یقول جاء رسول الله صلے الله علیه وسلم یعودني وانا مريض لا اعقل فتوضأ وصبّ عليّ من وضوئه فعقلت فقلت یا رسول الله لمن المیراث انما یرثني كلالة فنزلت اية الفرائض)

ترجمہ حضرت جابر رض فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے اور میں ایسا بیمار تھا کہ مجھے ہوش نہیں تھا چنانچہ آپ نے وضو کیا اور اپنے وضو کا پانی میرے اوپر چھڑک دیا تو مجھے ہوش آگیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری میراث کس کو ملے گی میرا وارث تو کلالہ ہوگا اس پر فرائض کی

آیت نازل ہوئی (جو سورۂ نساء کے اخیر میں ہے یعنی یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ الخ)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ وصب علیّ من وضوئہ فعقلتُ "

تعدد الحدیث والحدیث ھٰنا صفحہ ۳۲ ویاتی فی التفسیر صفحہ ۶۵۸ وفی المرضیٰ صفحہ ۸۴۴ ایضاً صفحہ ۸۴۶ و صفحہ ۸۴۷ وصفحہ ۹۹۵ وصفحہ ۹۹۸ وصفحہ ۱۰۸۷۔

ربط و مقصد والمناسبۃ بین البابین من حیث ان فی کل واحد منھما نوعاً من الوضوء (عمدہ) یعنی باب سابق اور اس باب میں وضو کی صورتیں بیان ہوئی ہیں۔

امام بخاریؒ کا مقصد ماء مستعمل کی طہارت ثابت کرنا ہے اگر نجس ہوتا تو حضرت جابرؓ پر کیسے ڈالتے؟

تشریح صبّ علیّ من وضوئہ یہاں دونوں احتمال ہیں بقیہ وضو یعنی وضو کے بعد برتن میں جو پانی باقی رہ گیا تھا اسے ڈالا، اور وہ پانی بھی مراد ہو سکتا ہے جو وضو کرنے میں اعضاء مبارکہ سے گرا یعنی ماء مستعمل۔

اور چونکہ یہاں مقصود تبرک ہے اسلئے قرین قیاس یہی ہے کہ جسم اطہر سے اتصال کرنے والا اور استعمال شدہ پانی ہی مراد ہو اگرچہ پہلے پانی میں بھی شفاء ہے حضور اقدس ﷺ کا مبارک ہاتھ ہر مرض کا علاج ہے

کلالہ کیا ہے کلالہ وہ میت ہے جس کی نہ اولاد ہو نہ باپ دادا۔
۲۔ اور جو اس کا وارث ہوگا وہ بھی کلالہ کہلائے گا۔ نیز مال مورث پر بھی کلالہ کا اطلاق ہوتا ہے۔

باب ۱۴۲

(الغسل والوضوء فی المخضب والقدح والخشب والحجارۃ)

لگن، پیالے، لکڑی اور پتھر کے برتن سے وضو اور غسل کرنا

ربط ما قبل قال العینیؒ والمناسبۃ بین ھٰذا الباب والابواب التی قبلہ ظاھرۃ لان الکل فیما یتعلق بالوضوء۔

۱۹۳ (حدثنا عبداللہ بن مُنیر سمع عبدَ اللہِ بنَ بکرٍ قال ثنا حُمیدٌ عن انسٍ قال حضرتِ الصلوۃ فقام من کان قریبَ الدار الی اھلہ وبقی قومٌ فاُتِیَ رسولُ اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم بمخضبٍ من حجارۃٍ فیہ ماءٌ فصغُرَ المخضبُ ان یبسُطَ فیہ کفّہ فتوضّأ القومُ کلُّھم قلنا کم کنتم قال ثمانینَ وزیادۃً)۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ (عصر کی) نماز کا وقت آگیا تو جن لوگوں کا گھر قریب تھا وہ تو (وضو کرنے

کیلئے اپنے اپنے گھر گئے اور کچھ لوگ باقی رہ گئے (جن کا گھر دور تھا اور وضو نہ تھا) پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پتھر کا ایک لگن لایا گیا جس میں پانی تھا لیکن وہ لگن اتنا چھوٹا تھا کہ آپ اپنی ہتھیلی اس میں پھیلا نہ سکے۔ مگر سب نے اس لگن سے وضو کر لیا (حمید کہتے ہیں کہ) ہم نے حضرت انسؓ سے پوچھا تم کتنے آدمی تھے؟ انہوں نے بتایا کہ اسیؓ سے کچھ زیادہ۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ بمخضب من حجارۃ الخ

تعدد الحدیث | مر الحدیث ص۲۹ وھنا ص۳۲ و یاتی ص۳۳ و ص۵۰۴ و ص۵۰۵۔

۱۹۴ (حدثنا محمد بن العلاء قال ثنا ابو اُسامۃ عن بُرَید عن ابی بُردۃ عن ابی موسیٰ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم دعا بقدح فیہ ماءٌ فغسل یدیہ ووجہہٗ فیہ ومجّ فیہ)

ترجمہ | حضرت ابو موسیٰ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک پیالہ منگوایا جس میں پانی تھا پھر آپ نے اس میں اپنے دونوں ہاتھ اور چہرہ کو دھویا اور اس میں کلی کی۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ دعا بقدح فیہ ماء الخ

تعدد الحدیث | والحدیث ھنا ص۳۲ وسیاتی مطولا فی المغازی ص۶۲۰۔

۱۹۵ (حدثنا احمد بن یونس قال ثنا عبد العزیز بن ابی سلمۃ قال ثنا عمرو بن یحییٰ عن ابیہ عبد اللہ بن زید قال اتیٰ رسولُ اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فاخرجنا لہٗ ماءً فی تورٍ من صُفرٍ فتوضا فغسل وجہہ ثلثا ویدیہ مرتین مرتین ومسح براسہ فاقبل بہ وادبر وغسل رجلیہ)

ترجمہ | حضرت عبد اللہ زید سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (ہمارے یہاں) تشریف لائے ہم نے آپ کے لئے پیتل کے ایک برتن میں پانی نکالا آپؐ نے وضو کیا اور تین بار چہرہ دھویا اور دو بار ہاتھ دھوئے (کہنیوں تک) اور سر کا مسح کیا جس میں اقبال و ادبار کیا اور دونوں پاؤں دھوئے (ٹخنوں تک)

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمہ فی قولہ فاخرجنا لہٗ ماء فی تور من صفر الخ

تعدد الحدیث | مر الحدیث مختصرا ص۲۷ و ص۳۱ ” ” تاما ص۳۲ وھنا ص۳۳۔

۱۹۶ (حدثنا ابو الیمان قال انا شعیبٌ عن الزھری قال اخبرنی عُبیدُ اللہ بن عبد اللہ بن عُتبۃ ان عائشۃ قالت لما ثقُل النبیُّ صلے اللہ علیہ وسلم واشتد بہ وجعُہٗ استاذن ازواجہ فی ان یُمرّض فی بیتی فاذنّ لہ فخرج النبی

صلی اللہ علیہ وسلم بینَ رَجُلین تخُطُّ رجلاہُ فی الارضِ بینَ عباسٍ ورجلٍ آخرَ قال عُبیدُ اللہ فاخبرتُ عبدَ اللہ بن عباسٍ فقالَ اَتدری من الرجلُ الآخرُ قلتُ لا قال ھو علیُّ بنُ ابی طالبٍ فکانت عائشۃ تُحدِّثُ اَنّ النبی صَلَّی اللہُ علیہ وسلم قال بعد ما دخلَ بیتَہٗ واشتدَّ وجعُہٗ ھریقوا علیَّ من سبعِ قِرَبٍ لم تُحلَلْ اَوکِیَتُھُنّ لعلّی اَعھدُ الی الناسِ واُجلِسَ فی مِخضبٍ لحفصۃَ زوجِ النبیّ صلے اللہ علیہ وسلم ثم طفقنا نصبُّ علیہ تلکَ حتی طفِقَ یُشیرُ الینا اَن قد فعلتُنّ ثم خرجَ الی الناسِ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے اور آپؐ کے مرض نے شدت اختیار کی تو آپؐ نے اپنی (دوسری) بیویوں سے اس بات کی اجازت لی کہ آپؐ کی تیمارداری میرے گھر میں کیجائے چنانچہ سب نے اجازت دیدی آپؐ (حضرت میمونہ رضؓ کے گھر سے) دو آدمیوں (حضرت عباس اور ایک دوسرے شخص) کے درمیان سہارا لے کر نکلے آپؐ کے دونوں پاؤں (کمزوری کیوجہ سے) زمین پر لکیر کرتے جاتے تھے، عبیداللہ (راوی حدیث) نے بیان کیا کہ میں نے یہ حدیث عبداللہ بن عباس سے بیان کی تو انہوں نے کہا کیا تم جانتے ہو وہ دوسرے شخص کون تھے؟ میں نے کہا نہیں ابن عباس نے کہا وہ علی بن ابی طالبؓ تھے، حضرت عائشہ رضؓ بیان فرماتی تھیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں (یعنی میرے حجرے میں) آگئے اور آپؐ کی بیماری شدید ہوگئی تو آپؐ نے فرمایا میرے اوپر ایسی سات مشکوں کا پانی ڈالو جن کی ڈاٹ (بند) نہ کھولے گئے ہوں شاید میں لوگوں کو وصیت کرسکوں چنانچہ آپؐ حضرت حفصہ رضؓ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زوجہ کے لگن میں بیٹھا دیئے گئے پھر ہم آپؐ پر ان مشکوں کا پانی ڈالنے لگے یہانتک کہ آپؐ ہمکو اشارہ کرنے لگے بس بس تم اپنا کام کرچکیں پھر آپؐ لوگوں کے پاس باہر تشریف لے گئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی قولہ واجلس فی مخضب لحفصۃ الخ

تعدد الحدیث والحدیث ھنا ص۳۲ تا ۳۳۔ ویاتی ص۹۱ تا ۹۲ وفی باب انما جعل الامام لیؤتم بہ بطولہ ص۹۵ وص۳۵۲ وص۴۳۷ وفی المغازی ص۶۳۹ وص۸۵۱۔

مقصد اس باب سے امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ ان برتنوں کا استعمال جائز ہے شرط تو صرف طہارت ہے کہ برتن اور پانی پاک ہو برتن مٹی کا ہو یا لکڑی کا یا پتھر کا پھر چھوٹا برتن ہو یا بڑا برتن غسل یا وضو ہر قسم کے برتن سے کرسکتے ہیں بس اس سے ان حضرات کی تردید بھی ہوگئی جو کراہت کے قائل ہیں۔

امام بخاریؒ نے اس باب میں چار حدیثیں ذکر کیں جن میں مختلف قسم کے ظروف و برتنوں کا استعمال ذکر کرکے بتادیا کہ وضو ہر طرح کے برتن سے درست ہے۔

حل لغات مخضب بکسر المیم وسکون الخاء المعجمۃ وفتح الضاد المعجمۃ بمعنی لگن، کپڑا دھونے یا رنگنے کا ٹپ، برتن۔ قدح کھانے، پینے کا پیالہ جمع اقداح۔ خشب بفتح الخاء المعجمۃ لکڑی یہاں مراد لکڑی کا برتن ہے۔

تشریحات پہلی حدیث یعنی حدیث ۱۹۳ کی تشریح کیلئے ملاحظہ فرمائیے نصر الباری جلد دوم یعنی اسی جلد کی حدیث ۱۶۸ کی تشریح۔

۲ دوسری حدیث یعنی حدیث ۱۹۴ کی تشریح کیلئے ملاحظہ فرمائیے نصر الباری جلد ہشتم کتاب المغازی ص ۳۹۶ حدیث ۳۳۳۔

۳ تیسری حدیث یعنی حدیث ۱۹۶ میں ہے استاذن ازواجہ الخ اسمیں اختلاف ہے کہ قسم بین الازواج (یعنی ازواج مطہرات کے درمیان عدل وبرابری) آپ ﷺ پر واجب تھا یا نہیں؟ علامہ عینی رح لکھتے ہیں "الد لالۃ علی وجوب القسم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والا لم یحتج الی الاستیذان عنھن (عمدہ ص ۹۱/۳)

لیکن راجح قول یہ ہے کہ آپ ﷺ پر برابری واجب نہیں تھی باری دینے نہ دینے میں آپ ﷺ مختار تھے آپ ﷺ کو کلی اختیار دیدیا گیا تھا جسے چاہیں باری میں آگے پیچھے کردیں قرآن حکیم میں ہے ترجی من تشاء منھن وتؤی الیک من تشاء (احزاب) ان ازواج میں سے آپ جس کو چاہیں اپنے سے دور رکھیں۔ اور جس کو چاہیں اپنے سے نزدیک رکھیں۔

معلوم ہوا کہ حضور اقدس ﷺ پر ازواج بین برابری واجب نہیں تھی، آپ ﷺ کو باری دینے نہ دینے میں کلی اختیار دیدیا گیا تھا مگر آپ ﷺ نے مدت العمر اس اختیار سے کام نہیں لیا اور تبرعا باری باری ہر ایک کے یہاں تشریف لیجاتے رہے یہاں تک کہ بیماری میں بھی، تاکہ آپ ﷺ کا عمل تمام امت کیلئے اسوہ ونمونہ بنے۔

لیکن جب شدت مرض کی وجہ سے کمزور ہوگئے تو بھی اجازت لے کر حضرت عائشہ رض کے گھر تشریف لیگئے۔

بین عباس ورجل اٰخر ام المؤمنین حضرت صدیقہ رض نے رجل اٰخر فرمایا حضرت علی رض کا نام نہیں لیا؟ علامہ عینی اور علامہ قسطلانی رح فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ حضرت صدیقہ رض نے کسی بشری ناگواری کی وجہ سے حضرت علی رض کا نام نہیں لیا (خواہ یہ وجہ ہو کہ واقعہ افک میں حضرت علی رض نے ام المؤمنین کی صفائی وپاکدامنی کے ساتھ ساتھ یہ جملہ بھی کہدیا تھا کہ یارسول اللہ ﷺ اس کے علاوہ اور بہت عورتیں ہیں، اس کی وجہ سے حضرت صدیقہ رض کو طبعی تکدر تھا۔ یا جنگ جمل کی وجہ سے آزردہ خاطر تھیں۔

دوسری وجہ:۔ علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ بعض روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک طرف حضرت عباس رض تھے اور دوسری طرف کبھی فضل بن عباس اور کبھی حضرت علی رض اور کبھی اسامہ رض تینوں نے باری باری سہارا دیا اسلئے حضرت عائشہ رض نے دوسری جانب کو مبہم رکھا چونکہ کوئی ایک متعین نہیں علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ وھذا الجواب احسن من الاول، مزید تشریح کیلئے نصر الباری کتاب المغازی ص ۵۳۳ تا ص ۵۳۴ یعنی حدیث ۴۳۹ کی تشریحات ملاحظہ فرمائیں

باب ۱۴۳

الوضوء من التور

طشت سے وضو کرنے کا بیان

۱۹۷ (حدثنا خالد بن مخلد قال ثنا سلیمٰن قال حدثنی عمرو بن یحیٰی عن ابیہ قال کان عمی یکثر من الوضوء فقال لعبد اللہ بن زید اخبرنی کیف رایت النبی صلے اللہ علیہ وسلم یتوضأ فدعا بتور من ماء فکفأ علیٰ یدیہ فغسلھما ثلث مرات ثم ادخل یدہ فی التور فمضمض واستنثر ثلث مرات من غرفۃ واحدۃ ثم ادخل یدیہ فاغترف بھما فغسل وجھہ ثلث مرات ثم غسل یدیہ الی المرفقین مرتین مرتین ثم اخذ بیدیہ ماء فمسح راسہ فادبر بیدیہ واقبل ثم غسل رجلیہ فقال ھکذا رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضأ)

ترجمہ عمرو بن یحیٰی اپنے والد یحیٰی (ابن عمارہ) سے روایت کرتے ہیں کہ یحیٰی نے بیان کیا کہ میرے چچا (عمرو بن ابی حسن) وضو میں پانی بہت بہاتے تھے تو انہوں نے (ایک دن) عبد اللہ بن زید رضؓ سے کہا کہ مجھے بتلائیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ چنانچہ انھوں نے پانی کا ایک طشت منگوایا (پہلے) اپنے ہاتھوں پر جھکایا پھر دونوں ہاتھ تین بار دھوئے پھر اپنا ہاتھ طشت میں ڈالا (پانی لے کر) کلی کی اور ناک صاف کیا ایک ہی چلو سے تین بار پھر دونوں ہاتھ طشت میں ڈال کر چلو بھر لیا اور تین بار اپنا منہ دھویا پھر دونوں ہاتھوں کو دو دو بار کہنیوں تک دھویا پھر دونوں ہاتھ سے پانی لیا اور اپنے سر کا مسح کیا چنانچہ دونوں کو سامنے سے پیچھے لے گئے پھر آگے کی طرف لائے پھر اپنے دونوں پاؤں (ٹخنوں تک) دھوئے اور فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے دیکھا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ فدعا بتور من ماء،

تعدد الحدیث | مر الحدیث ص۲۷ وص۳۱ ،، ،، ص۳۲

۱۹۸ (حدثنا مسدد قال ثنا حماد عن ثابت عن انس ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم دعا باناء من ماء فاتی بقدح رحراح فیہ شیء من ماء فوضع اصابعہ فیہ قال انس فجعلت انظر الی الماء ینبع من بین اصابعہ قال انس فحزرت من توضأ ما بین السبعین الی الثمانین)

ترجمہ حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ایک برتن منگوایا تو چوڑے منہ کا ایک پیالہ لایا گیا جسمیں کچھ پانی تھا آپؐ نے اپنی انگلیاں اسمیں رکھدیں حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں پانی کیطرف

دیکھنے لگا کر وہ آپؐ کے انگشتہائے مبارک کے درمیان سے پھوٹ رہا ہے حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے اندازہ کیا کہ ستر سے لیکر اسی آدمیوں تک نے وضو کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ دعا باناءٍ من ماءٍ فاتی بقدح رحراح الخ اور یہ مطابقت اس صورت میں ہوگی جب کہ تور کے معنی کو عام رکھا جائے۔ یعنی پیالہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا پتھر کا ہو یا کسی اور دھات کا، چنانچہ علامہ عینیؒ بھی فرماتے ہیں کہ مطابقت غیر ظاہر ہے مگر اذا اطلق اسم التور علی القدح (عمدہ ص۹۳)

تعدد موضعہ | مر الحدیث ص۲۹ وص۳۲ وھنا ص۳۳ ویاتی ص۵۰۴ وص۵۰۵۔

مقصد | یہ باب فی الباب کے قبیل سے ہے باب سابق میں نوع اور مادہ کی تعمیم کے سلسلہ میں بطور مثال مخضب قدح چند چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے اگر وہیں تور (طشت) کا بھی ذکر آ گیا ہوتا تو بالاستقلال اس ترجمہ کی ضرورت نہ تھی لیکن بخاریؒ کا مقصد ترجمہ قائم کر کے کیفیت وصورت کو بتلانا ہے کہ فی التور اور من التور دونوں صورتیں درست ہیں۔ واللہ اعلم۔

اس باب کی حدیثوں پر تفصیلی مباحث گذر چکی ہیں۔

بقدح رحراح | بفتح الراء المہملۃ وہ پیالہ جس کا منہ کشادہ (چوڑا) ہو لیکن گہرائی کم ہو اور گہرائی کم ہونے کی وجہ سے پانی بہت ہی قلیل تھا۔

باب ۱۴۴
الوُضوءِ بالمُدّ

۱۹۹ حَدَّثنا ابو نُعَیم قالَ حدثنا مِسعَرٌ قالَ حدَّثنی ابنُ جَبر قالَ سمعتُ انسًا یقولُ کانَ النبیُّ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم یَغسِلُ او کانَ یَغتَسِلُ بالصّاعِ اِلی خَمسَۃِ اَمدادٍ وَیَتوضّأُ بالمُدّ۔

ترجمہ | ابن جبر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا بدن دھوتے تھے یا (یوں کہا کہ) غسل کرتے تھے ایک صاع سے لیکر پانچ مُد تک پانی سے اور ایک مد (پانی) سے وضو فرماتے تھے (مطلب یہ ہے کہ آپؐ اکثر اوقات میں ایک صاع یعنی چار مُد سے غسل فرماتے تھے لیکن کبھی کبھی پانچ مُد سے بھی غسل فرمایا ہے)۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "یتوضأ بالمُدّ"۔

ربط و مقصد | باب سابق میں برتنوں کی انواع اور مواد کی تعمیم کا بیان تھا کہ وضو کیلئے کسی قسم کے برتن کی خصوصیت

نہیں برتن چھوٹا ہو یا بڑا، لگن ہو یا پیالہ، مٹی کا ہو یا پتھر کا تانبے کا ہو یا پیتل کا وضو ہر قسم کے برتن سے درست ہے
اب اس باب میں مقدار کا ذکر فرمارہے ہیں کہ وضو کتنے پانی سے کرنا چاہیئے، حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا معمول مقدار کے سلسلے میں کیا رہا ہے؟

تشریح حدیث الباب سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ ایک مُد سے وضو اور ایک صاع سے لیکر پانچ مُد تک پانی سے غسل کرنے کی تھی۔

صاع اور مد صاع اور مُد یہ دو پیمانے ہیں جن سے بہت سے شرعی احکام وابستہ ہیں جیسے صدقۃ الفطر، فدیہ اور کفارات نیز وضو اور غسل کے پانی کی مقدار۔

اسی لئے فقہائے کرام و محدثین عظام صاع اور مُد کی بحث نہایت اہتمام سے کرتے ہیں۔

اس پر تو سب کا اتفاق ہے کہ ایک صاع چار مُد کا ہوتا ہے لیکن مُد کی مقدار میں اختلاف ہے جس سے صاع کی مقدار میں بھی اختلاف ہو گیا۔

امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ تعالےٰ اور اہل عراق دفی روایۃ امام احمدؒ کا مسلک یہ ہے کہ ایک مُد دو رطل کے برابر ہے اس اعتبار سے ان کے یہاں صاع آٹھ رطل کا ہوگا اس کو صاع عراقی کہا جاتا ہے نیز صاع عمری اور صاع حجاج حجاجی بھی اسی کو کہتے ہیں۔

امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ تعالےٰ وفی روایۃ امام احمد اور امام ابو یوسفؒ فی قول جدید ایک مُد ایک رطل اور تہائی رطل یعنی ایک صحیح اور ایک بٹا تین ⅓ رطل کا ہوتا ہے۔ للہٰذا صاع اس حساب سے پانچ رطل اور تہائی رطل یعنی پانچ صحیح اور ایک بٹا تین ۵⅓ رطل کا ایک صاع ہوتا ہے اسکو صاع حجازی کہتے ہیں۔

سب سے پہلے تو یہ ذہن نشین رہے کہ وضو اور غسل کیلئے شرعاً کوئی مقدار مقرر نہیں ہے جتنے پانی سے وضو اور غسل ہو جائے اس کا استعمال جائز ہے کیونکہ سارے انسان ایک قسم کے نہیں ہوتے ہیں کوئی بہت لمبا اور کوئی پستہ قد (ٹھنگنا) کوئی بہت موٹا اور کوئی دُبلا پھر کسی کے سر پر گھنے بال اور داڑھی گھنی اور سر منڈا داڑھی معمولی تو ظاہر ہے کہ سب کے لئے کوئی خاص مقدار مقرر نہیں کیجا سکتی ہے، نیز ایام سردی اور ایام گرمی کے اعتبار سے پانی کے استعمال میں بہت فرق ہوگا۔

چنانچہ امام نوویؒ فرماتے ہیں: اجمع المسلمون علی ان الماء الذی یجزی فی الوضوء والغسل غیر مقدر بل یکفی فیہ القلیل والکثیر اذا وجد شرط الغسل وھو جریان الماء علی الاعضاء۔
(شرح مسلم ج اول ص۱۴۸)

البتہ یہ ضرور خیال رہے کہ اسراف (فضول پانی بہانا) اور تقتیر (اتنا کم پانی کہ کوئی عضو خشک رہ جائے) ممنوع ہے۔

دلائل شوافعؒ حضرات شوافعؒ فرماتے ہیں کہ فدیہ کے بارے میں بخاری کی روایت ہے اَطعِم ستۃ

مساکین لکل مسکین نصف صاع"، دوسری حدیث کے الفاظ ہیں: فامرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یطعم فرقا بین ستۃ مساکین (بخاری ص۲۴۴ ج۲) پہلی حدیث کا مفہوم ہے کہ چھ مسکین کو کھانا کھلاؤ ہر مسکین کو نصف صاع (یعنی آدھا آدھا صاع اناج دیدو لہذا کل تین صاع ہو گئے۔

دوسری حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعبؓ کو حکم دیا کہ ایک فرق (اناج) چھ مسکینوں کو دیدے، ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے معلوم ہوا کہ ایک فرق تین صاع کا ہوتا ہے جیسا کہ مسلم شریف کی روایت میں تصریح ہے واطعم فرقا بین ستۃ مساکین والفرق ثلثۃ آصع الخ (مسلم جلد اول ص۳۸۲) اور فرق سولہ رطل کا ہوتا ہے اب سولہ کو تین پر تقسیم کیا جائے تو حاصل تقسیم پانچ اور ثلث ۵ ۱/۳ ہوگا۔ اس سے ثابت ہوا کہ ایک صاع پانچ رطل اور ثلث رطل کا ہوتا ہے۔

جواب:- جواب یہ ہے کہ یہ بات کہ فرق سولہ رطل کا ہوتا ہے یہ کسی حدیث سے ثابت نہیں لہذا ہمیں تسلیم نہیں کہ حدیث میں جو فرق ہے اس سے مراد سولہ رطل ہے زیادہ سے زیادہ بعض اہل لغت کا قول ہے جو ائمہ احناف پر حجت نہیں لانہم قدوۃ فی اللغۃ ایضا۔

حنفیہ کے دلائل

(۱) امام طحاوی رحمہ اللہ نے کتاب الزکوٰۃ فی باب وزن الصاع کم ھو، کے تحت حضرت مجاہد سے نقل کیا ہے دخلنا علی عائشۃ رضی فاستسقی بعضنا فاتی بعس قالت عائشۃ رض کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل بمثل ھذا قال مجاھد فحزرتہ فیما احزر ثمانیۃ ارطال تسعۃ ارطال عشرۃ ارطال (طحاوی ص۲۷ ج۱)۔ شک کیصورت میں عدد اقل متعین ہے اور وہ آٹھ رطل ہے۔

(۲) عن موسی الجھنی قال اتی مجاھد بقدح حزرتہ ثمانیۃ ارطال فقال حدثتنی عائشۃ رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یغتسل بمثل ھذا (نسائی ص۲۷ ج۱ فی "باب ذکر القدر الذی یکتفی بہ الرجل من الماء للغسل)

(۳) عن انس رض قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا باناء یسع رطلین ویغتسل بالصاع۔ (ابوداؤد ص۱۳ ج۱ فی "باب مایجزی من الماء فی الوضوء، یعنی حضرت انس رض نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے برتن سے وضو فرماتے تھے جسمیں دو رطل پانی سماتے تھے۔ اور غسل صاع سے فرماتے تھے اور صحیحین سے آپؐ کا مد سے وضو کرنا ثابت ہے لہذا وہ برتن مد ہی تھا۔

امام ابویوسفؒ کا رجوع

امام ابویوسف رحمہ اللہ بھی اس مسئلہ میں طرفین کے موافق ہی تھے پھر حج سے واپس آنے کے بعد رجوع کر لیا۔

اس واقعہ کو علامہ عثمانی رحمہ اللہ نے فتح الملہم شرح مسلم میں نقل کیا ہے کہ امام ابویوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ (حج کے سفر میں) جب میں مدینہ پہنچا تو میں نے اہل مدینہ سے صاع کی مقدار دریافت کی تو انہوں نے کہا صاعنا ھذا صاع رسول اللہ صلی اللہ وسلم یعنی ہمارے یہاں جس صاع کا رواج ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاع ہے میں نے ان

سے پوچھا ما حجتکم فی ذلك یعنی اس بارے میں تمہاری دلیل کیا ہے؟ فقالوا نأتیك بالحجة غدا توان لوگوں نے کہا دلیل آئندہ کل پیش کرینگے، دوسرے دن صبح کے وقت تقریبًا پچاس آدمی مہاجرین وانصار کی اولاد میں سے اپنے اپنے صاع لے کر آئے ہر شخص اپنے باپ اور اہل بیت سے نقل کرتا ہے کہ یہ صاع حضورؐ کا صاع ہے پھر میں نے غور سے دیکھا تو سب برابر تھے چنانچہ میں نے ان کو ناپا (جانچا) تو وہ پانچ رطل اور ثلث رطل کے برابر پایا، امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں فرأیت امرا قویا فترکت قول ابی حنیفة رح فی الصاع فاخذت بقول اهل المدینة هذا هو المشهور (فتح الملہم ۱/۴۹۴) لیکن شیخ ابن ہمام نے اس واقعہ کو فتح القدیر میں روایت و درایت دونوں لحاظ سے کمزور وساقط قرار دیا ہے جس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس واقعہ کو مجہول لوگوں سے نقل کیا گیا ہے. محدثین کے ضابطہ کے مطابق ایسے واقعہ سے استدلال درست نہیں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ایسا عام اور شائع واقعہ جو جم غفیر کے سامنے ہوا اور امام محمدؒ کی کتابوں میں سے کسی کتاب میں ذکر نہ ہو واقعہ کے کمزوری کی دلیل ہے۔

بعض بزرگوں سے یہ بھی منقول ہے کہ امام ابو یوسفؒ نے اس مدنی صاع کو اہل مدینہ کے رطل سے تولا تو چونکہ اہل مدینہ کا رطل اہل بغداد کے رطل سے کچھ بڑا ہوتا ہے انکے رطل تیس استار کے ہوتے ہیں اور بیس استار تو آٹھ رطل بغدادی کو پانچ اور ثلث رطل مدنی سے موازنہ کرنے پر مقدار برابر ہو جاتی ہے۔

پس معلوم ہوا امام ابو یوسفؒ طرفین سے الگ نہیں ہیں صرف لفظی اختلاف ہے واللہ اعلم

باب ۱۴۵

المسح علی الخفین

موزوں پر مسح کرنیکا بیان

ربط والمناسبة بین البابین ظاهرة لان کل واحد منهما فی حکم من احکام الوضوء (عمدہ)

۲۰۰ (حدثنا اصبغ بن الفرج عن ابن وهب قال حدثنی عمرو قال حدثنی ابو النضر عن ابی سلمة بن عبد الرحمن بن عبد الله بن عمر عن سعد بن ابی وقاص عن النبی صلی الله علیه وسلم انه مسح علی الخفین وان عبد الله بن عمر سأل عمر عن ذلك فقال نعم اذا حدثك شیئا سعد عن النبی صلی الله علیه وسلم فلا تسأل عنه غیره وقال موسی بن عقبة اخبرنی ابو النضر ان ابا سلمة اخبره ان سعدا حدثه فقال عمر لعبد الله نحوه)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا، اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اس کے بارے میں (یعنی موزوں پر مسح کرنے کے متعلق) حضرت عمرؓ سے پوچھا تو انہوں نے کہا ہاں (آپ نے مسح کیا ہے) جب تم سے سعدؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کریں تو اس کے متعلق ان کے سوا کسی دوسرے آدمی سے مت پوچھو۔ اور موسیٰ بن عقبہ نے (اپنی روایت میں یوں) کہا مجھکو ابو النضر نے خبر دی ان سے ابو سلمہ نے بیان کیا کہ سعد نے ان سے یہ حدیث بیان کی تو حضرت عمرؓ نے (اپنے صاحبزادہ) عبداللہ بن عمر سے ایسا ہی کہا (ای نحو قوله فی الروایة السابقة اذا حدثک شیئا سعد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلا تسأل عنه غیرہ)

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة واضحة فی قوله مسح علی الخفین" اخرجه النسائی ص۱۶ ۱

۲۰۱ (حدثنا عَمرُو بن خالدٍ الحرّانیُّ قال ثنا اللیثُ عن یحییَ بن سعیدٍ عن سعدِ بن ابراهیمَ عن نافعِ بن جُبَیرٍ عن عُروةَ بنِ المغیرةِ عن ابیهِ المغیرةِ بنِ شعبةَ عن رسُولِ اللہ علیه وسلم انّه خرجَ لِحاجتِه فاتبعَهُ المغیرةُ باداوةٍ فیها ماءٌ فصبّ علیه حینَ فرغ من حاجتِه فتوضأ ومسحَ علی الخفّین)

ترجمہ عروہ بن مغیرہ اپنے والد حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے اور حضرت مغیرہؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رفع حاجت کیلئے نکلے تو حضرت مغیرہؓ پانی کا ایک برتن لے کر آپ کے پیچھے گئے جب آپ حاجت سے فارغ ہوئے تو مغیرہ نے آپ پر پانی ڈالا اور آپ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

مطابقتہ للترجمہ مطابقة الحدیث للترجمة فی قوله ومسح علی الخفین.

تعدد موضعه مر الحدیث ص۳۰ وهنا ص۳۳ ویاتی ایضا ص۳۳ وص۵۲ وص۵۶ وص۴۰۹ وفی المغازی ص۶۳۷ وفی اللباس ص۸۶۳ ایضا متصلا ص۸۶۳ واخرجه مسلم ص۱۳۳ والنسائی ص۱۶ وابوداؤد ص۲۰.

۲۰۲ (حدثنا ابو نعیم قال ثنا شیبانُ عن یحییٰ عن ابی سلمةَ عن جعفرِ بن عَمرِو بنِ اُمیّةَ الضَّمریِّ انّ اباهُ اخبرہ انّه رأی رسُولَ اللہ صلے اللہ علیه وسلم یَمسحُ علَی الخُفّینِ وتابعهُ حربٌ وابانُ عن یحییٰ)

ترجمہ حضرت عمرو بن امیہ ضمریؓ کا بیان ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا ہے۔ اس حدیث کی متابعت حرب اور ابان نے یحییٰ سے کی ہے (یعنی شیبان کے ساتھ اس حدیث کو حرب اور ابان نے بھی یحییٰ سے روایت کیا)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "یمسح علی الخفین،

تعدد موضعہ والحدیث ھنا ص۳۳ ویاتی متصلا ص۳۳

۲۰۳ (حدثنا عبدان قال انا عبد اللہ قال اخبرنا الاوزاعی عن یحیی عن ابی سلمۃ عن جعفر بن عمرو بن امیۃ عن ابیہ قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمسح علی عمامتہ وخفیہ وتابعہ معمر عن یحیی عن ابی سلمۃ عن عمرو قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ جعفر بن عمرو اپنے والد عمرو بن امیہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمرو بن امیہ رضؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے عمامے اور اپنے موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔ اس حدیث کو معمر نے بھی یحیی سے روایت کیا انہوں نے ابو سلمہ سے انہوں نے عمرو بن امیہ سے عمرو بن امیہ نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے (یعنی اس حدیث میں معمر نے اوزاعی کی متابعت کی ہے)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ یمسح علی عمامتہ وخفیہ،

تشریحات جمہور علماء اہل سنت والجماعت کا اتفاق ہے کہ خفین (چرمی موزے) پر مسح جائز و درست ہے امام نووی رحؒ لکھتے ہیں کہ اجماع میں جن لوگوں کا قول معتبر ہو سکتا ہے ان سب کا اجماع اور اتفاق ہے کہ مسح علی الخفین علی الاطلاق جائز ہے خواہ سفر ہو یا حضر، کسی ضرورت کی وجہ سے ہو یا بلاضرورت، یہانتک کہ اس عورت کیلئے بھی مسح علی الخفین جائز ہے جو صرف گھر میں رہتی ہے البتہ شیعہ وخوارج نے اس کا انکار کیا ہے لیکن ان کا اختلاف قابل اعتبار نہیں ہے (شرح مسلم ص۱۳۲)

علامہ عینی رحؒ لکھتے ہیں وقال صاحب البدائع المسح علی الخفین جائز عند عامۃ الفقہاء وعامۃ الصحابۃ الاشیئا (عمدہ)

دوسری سطر میں فرماتے ہیں: روی عن الحسن البصری رحؒ الخ یعنی حسن بصری رحؒ سے مروی ہے کہ میں نے ستر بدری صحابہ کو پایا سب کے سب مسح علی الخفین کا اعتقاد رکھتے تھے اسی وجہ سے امام اعظم ابوحنیفہ رحؒ اس (مسح علی الخفین) کو اہل سنت والجماعت کی شناخت وعلامت جانتے تھے اور فرماتے تھے نحن نفضل الشیخین ونحب الختنین ونری المسح علی الخفین، یعنی ہم لوگ شیخین (ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) کو سب صحابہ سے افضل سمجھتے ہیں اور ختنین (حضرت علی وعثمان رضی اللہ عنہما) سے محبت کرتے ہیں اور مسح علی الخفین کو جائز سمجھتے ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحؒ فرماتے ہیں ما قلت بالمسح حتی جاء فی مثل ضوء النہار (عمدہ) یعنی میں اس وقت تک مسح خفین کا قائل نہیں ہوا جب تک کہ دن کی روشنی کیطرح اس کے دلائل میرے سامنے نہیں آگئے۔

علامہ قسطلانی رحؒ فرماتے ہیں وقد قال الکرخی رحؒ اخاف الکفر علی من لایری المسح علی الخفین (قس)

نیز فرماتے ہیں وقد صرح جمع من الحفاظ بتواترہ وجمع بعضھم رواتہ فجاوز الثمانین منھم العشرۃ المبشرۃ (فتح ص۲۵۹ ج۱) پس معلوم ہوا کہ مسح علی الخفین کے روایات و احادیث حد شہرت بلکہ حد تواتر کو پہونچی ہوئی ہیں اسلئے ان سے زیادۃ علی الکتاب جائز ہے۔

باب کی پہلی حدیث ان عبد اللہ بن عمر رضؓ یہاں اس روایت میں اختصار ہے واقعہ کی تفصیل اسطرح ہے کہ جب حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کوفہ کے حاکم (گورنر) تھے تو حضرت عبداللہ بن عمرؓ کوفہ پہنچے اور انہوں نے جب حضرت سعد رضؓ کو خفین پر مسح کرتے دیکھا تو فوراً اعتراض کر دیا، حضرت سعد رضؓ نے فرمایا میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے اور جب آپ مدینہ جائیں تو اپنے والد حضرت عمر رضؓ سے دریافت کرلیں۔ پھر کسی مجلس میں یہ تینوں حضرات جمع ہوئے تو حضرت سعد رضؓ نے حضرت ابن عمرؓ کو یاد دلایا کہ اس وقت حضرت عمر رضؓ سے دریافت کرلو چنانچہ دریافت کیا تو حضرت عمر رضؓ نے دو باتیں ارشاد فرمائیں اولاً تو تم فرمایا کہ سعد رضؓ نے جو کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مسح علی الخفین فرمایا ہے وہ درست ہے دوسری بات بطور قاعدہ کلیہ کے ارشاد فرمایا اذا حدثک شیئاً سعد الخ جب سعد رضؓ تم سے کوئی حدیث نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان کریں تو پھر اس کے بارے میں کسی دوسرے سے مت پوچھو یعنی ان پر مکمل اعتماد کرو۔

اشکال وجواب یہاں ایک اشکال یہ ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ قدیم الاسلام ہیں اور حضرت ابوہریرہؓ کے بعد تمام صحابہ میں سب سے زیادہ کثیر الروایۃ ہیں پھر مسح علی الخفین میں خلجان کیوجہ کیا تھی؟ حافظ عسقلانی رحؒ فرماتے ہیں:-

یحتمل ان یکون ابن عمر انما انکر المسح فی الحضر لا فی السفر	یعنی احتمال ہے کہ ابن عمر رضؓ نے حضر (اقامت میں مسح علی الخفین کا انکار کیا سفر میں نہیں (فتح الباری)

مطلب یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضؓ نے حضور اقدس صؐ کو سفر میں موزوں پر مسح کرتے دیکھا تھا اسلئے احتمال ہے کہ حضرت ابن عمر رضؓ مسح علی الخفین کو سفر کے ساتھ مخصوص سمجھتے ہوں، چنانچہ مصنف ابن ابی شیبہ اور بعض دوسری کتابوں میں عبداللہ بن عمر رضؓ کا ارشاد موجود ہے کہ میں نے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر میں پانی سے خفین پر مسح کرتے دیکھا، اب جب اقامت کیحالت میں سعد رضؓ کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا تو انپر اعتراض کردیا۔

دوسری وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ حضرت ابن عمر رضؓ بھی بعض دوسرے صحابہ کی طرح یہ سمجھتے ہوں کہ موزوں پر مسح سورہ مائدہ کی آیت وضو کے بعد منسوخ ہوگیا ہے جیسا کہ حضرت جریر بن عبداللہ رضؓ کے مسح علی الخفین پر بعض صحابہ کرام کو اشکال پیش آیا تھا۔ ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت جریر رضؓ نے پیشاب کے بعد وضو میں مسح علی الخفین کیا تو بعض حضرات نے اسپر اعتراض کیا تو جریر رضؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مسح علی الخفین کرتے دیکھا ہے پھر میں کیوں نہ کروں اس پر معترضین نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل سورۂ مائدہ کے نزول سے پہلے تھا اس کے جواب میں حضرت جریر رضؓ نے فرمایا۔

مااسلمت الابعد نزول المائدة ۔ میں تو نزول مائدہ کے بعد ہی اسلام لایا ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس ؐ کا یہ عمل (مسح علی الخفین) سورہ مائدہ کی آیت وضو کے نزول سے پہلے بھی تھا مجھے اس میں کوئی شک نہیں لیکن میں نے آیت وضو کے نزول کے بعد بھی حضور ؐ کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا ہے۔

واضح رہے کہ حضرت جریر رضؓ کا اسلام رمضان المبارک سنہ ۱۰ھ میں ہے جب کہ آیت وضو کا نزول برسہا برس قبل ہو چکا تھا۔

باب کی دوسری حدیث اس روایت میں حضرت مغیرہ رضؓ غزوہ تبوک کا ایک واقعہ نقل کر رہے ہیں یہ غزوہ بماہ رجب سنہ ۹ھ میں ہوا ہے جس کی تفصیل کیلئے احقر کی نصر الباری کتاب المغازی ص۴۸۹ تا ص۵۱۵ ملاحظہ فرمائیے۔

حضرت مغیرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کے لئے تو مغیرہ سے پانی لانے کیلئے فرمایا چنانچہ حضرت مغیرہ رضؓ پانی لے کر ساتھ ہو لئے۔ جب آپؐ قضاء حاجت سے فارغ ہو گئے تو حضرت مغیرہؓ نے وضو کرایا یہ پانی ڈالتے جاتے تھے اور حضور ؐ وضو فرماتے جاتے تھے اس وضو میں آپؐ نے موزوں کا مسح کیا۔

اسمیں ان لوگوں کا رد ہے جو مسح علی الخفین کو سورہ مائدہ کی آیت وضو سے منسوخ سمجھتے ہیں کیوں کہ یہ آیت سنہ ۵ھ غزوہ مریسیع میں نازل ہوئی تھی اور یہ واقعہ (مسح علی الخفین کا) غزوہ تبوک میں پیش آیا۔ جو سنہ ۹ھ کا واقعہ ہے: وفيه الرد على من زعم ان المسح على الخفين منسوخ باية الوضوء التى فى المائدة لانها نزلت فى غزوة المريسيع وكانت هذه القصة فى غزوة تبوك وهى بعدها باتفاق

(فتح الباری ص۲۴۶ ج۱)

البتہ موزوں پر مسح صحیح ہونے کیلئے شرط یہ ہے کہ موزے پہننے کے وقت پاؤں پر حدث نہ ہو بہتر تو یہ ہے کہ ترتیب سے باضابطہ کامل وضو کر کے موزے پہنے لیکن اگر پاؤں دھو کر موزہ پہن لیا بعد میں حدث لاحق ہونے سے پہلے وضو کی تکمیل کر لی تو عندالاحناف وضو درست ہے۔

باب کی تیسری حدیث عمرو بن امیہ ضمری کا بیان ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا ہے۔

باب کی چوتھی حدیث اس حدیث میں دو مسئلے ہیں ۱۔ مسح علی العمامہ، ۲۔ مسح علی الخفین۔ مسئلہ ۲ یعنی مسح علی الخفین کا بیان گذر چکا۔ مسئلہ ۱ مسح علی العمامہ ہے جو مختلف فیہ بین الائمہ ہے۔

اقوال ائمہ امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی، سفیان ثوری اور ابن مبارک وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مسح راس کا فریضہ صرف عمامہ پر مسح کرنے سے ادا نہیں ہوگا۔ امام ترمذی رحؒ لکھتے ہیں: وقال غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم والتابعين لا يمسح على العمامة الا ان يمسح براسه مع العمامة وهو قول سفيان الثورى ومالك بن انس وابن المبارك والشافعى رحمهم الله (ترمذی اول ص۱۵) علامہ عینی لکھتے ہیں کہ وقال عروة والنخعى والشعبى والقاسم ومالك والشافعى و

اصحاب الرای لایجوز المسح علیہا (عمدۃ جلد ثالث ص۱۰۱)

امام نووی فرماتے ہیں ولو اقتصر علی العمامۃ ولم یمسح شیئاً من الراس لم یجزہ ذلک عندنا بلا خلاف وھو مذہب مالک وابی حنیفۃ واکثر العلماء رحمہم اللہ تعالی (شرح مسلم جلد اول ص۱۳۴)

(۲) امام احمد، امام اوزاعی، اسحاق اور ابوثور رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ بجائے مسح راس کے مسح علی العمامہ پر اکتفا جائز ہے یعنی صرف عمامہ پر مسح کرنے سے بھی فرض ادا ہو جائے گا۔

ان حضرات کی دلیل ایک تو یہی حدیث الباب (یعنی باب کی چوتھی حدیث حضرت عمرو بن امیہ رض کی) ہے اس کے علاوہ ان حضرات (قائلین جواز) کا استدلال حضرت بلال رض کی روایت سے ہے۔ جس کی تخریج امام ترمذی نے کی ہے (ترمذی اول ص۱۵ نیز مسلم اول ص۱۳۴)

تیسری دلیل حضرت ثوبان رض کی حدیث ہے (رواہ ابوداؤد ص۱۹)

دلائل جمہور

۱ ارشاد ربانی وامسحوا برؤسکم میں صراحتہً مسح راس کا حکم ہے جو فرض قطعی ہے عمامہ کو سر نہیں کہہ سکتے۔ اس سے معلوم ہو گیا کہ ہاتھ کی تری بلا حائل سر پر پہونچ جانی چاہیے ورنہ مسح راس کا فریضہ ادا نہ ہو گا۔

۲ مسح راس کا حکم سنت متواترہ سے ثابت ہے ان کے مقابلہ میں جن اخبار آحاد سے مسح عمامہ ثابت ہے وہ ظنی ہیں ان کیوجہ سے قطعی حکم کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔

۳ احادیث مسح علی العمامہ میں دوسرا احتمال بھی ہے جیسا کہ عنقریب معلوم ہو گا تو متیقن کو محتمل کی وجہ سے چھوڑا نہیں جا سکتا بلکہ محتمل کو متیقن کیطرف راجع کیا جائے گا۔

احادیث مسح علی العمامہ کے توجیہات وجوابات

۱ مسح عمامہ سے متعلق جتنی احادیث وارد ہوئی ہیں ان سب کے متعلق محدث شہیر حافظ ابن عبد البر نے فرمایا ہے:

روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ مسح علی عمامتہ من حدیث عمرو بن امیۃ وبلال والمغیرۃ وانس کلہا معلولۃ وخرج البخاری حدیث عمرو وقد بینّا فساد اسنادہ فی کتاب الاجوبۃ عن المسائل المستغربۃ من البخاری (فتح الملہم ج۱ ص۴۳۶)

عمرو بن امیہ، بلال، مغیرہ اور انس رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے عمامہ پر مسح کیا وہ سب معلول ہیں اور امام بخاری نے جو حدیث عمرو (ابن امیہ) کی روایت ذکر کی ہے اسکا فساد اسناد ہم نے اپنی کتاب "الاجوبۃ عن المسائل المستغربۃ من البخاری" میں بیان کیا ہے۔ (شرح المواہب للزرقانی، فتح الملہم، معارف السنن)

۲ امام محمد فرماتے ہیں کہ ہمیں امام مالک نے حضرت جابر بن عبد اللہ رض سے خبر دی ہے کہ جب ان سے مسح عمامہ کے متعلق سوال کیا گیا تو حضرت جابر رض نے جواب دیا لاحتی یُمِسَّ الشعرَ الماءُ یعنی جب تک بالوں کو پانی نہ چھولے

مسح درست نہ ہوگا۔

اس سے معلوم ہوا کہ عمامہ پر مسح کافی نہیں کیوں کہ قرآن حکیم میں مسح راس کا حکم ہے جو فرض ہے حضرت جابرؓ کا یہ فتوی بالکل قرآن حکیم کے موافق ہے۔

نمبر۳ عمامہ سے مراد ما تحت العمامہ ہے جیسا کہ ابوداؤد میں حضرت انس بن مالکؓ کی روایت میں تصریح ہے: فادخل یدہ من تحت العمامۃ فمسح مقدم راسہ فلم ینقض العمامۃ" (ابوداؤد ص۱۹ تا ۲۰) اس سے معلوم ہوا کہ اگر عمامہ اتارے بغیر عمامہ کے نیچے سے بقدر فرض سر پر مسح کر لیا جائے تو وضو درست ہو جائے گا اور بلا شبہ اس وضو سے نماز بھی درست ہوگی۔

مولانا انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں امام بخاریؒ نے اگرچہ مسح عمامہ کی حدیث عمرو بن امیہ ضمری سے تخریج کی ہے مگر اس پر مستقل ترجمہ قائم نہیں کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ان کے نزدیک کچھ ضعف ہوگا کیونکہ امام بخاریؒ کی عادت ہے کہ اگر کوئی حدیث قوی ہو اور اس میں کوئی لفظ ایسا ہو جس میں ان کو تردد ہو تو اس حدیث کو صحیح بخاری میں ذکر تو کر دیتے ہیں مگر اس لفظ متردد فیہ پر باب قائم نہیں کرتے ہیں نہ اس سے مسئلہ نکالتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ ان کو مسح علی العمامہ میں تردد ہے۔

نیز علامہ نوویؒ نے بھی شرح مسلم میں مسح علی العمامہ پر کوئی باب قائم نہیں کیا ہے۔

اب یہاں ایک دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ بقدر فرض سر پر مسح کر لینے کے بعد سنت استیعاب حاصل کرنے کیلئے باقی مسح عمامہ پر کرنے سے سنت استیعاب حاصل ہوگی یا نہیں؟

حضرات شوافعؒ کے یہاں سنت استیعاب حاصل ہو جاتی ہے جیسا کہ امام نووی شافعیؒ نے تصریح کی ہے لیکن حنفیہ و مالکیہ کے نزدیک سنت استیعاب حاصل نہ ہوگی گرچہ بعض بزرگوں کے اقوال سنت استیعاب کے حصول کیطرف اشارہ ہے واللہ اعلم

مزید تفصیل کے لئے اعلاء السنن و معارف السنن دیکھئے۔

بَاب ۱۴۷

اِذَا اَدْخَلَ رِجْلَيْهِ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ

جب کسی نے اپنے دونوں پاؤں کو موزے میں اسوقت داخل کیا جبکہ وہ (دونوں پاؤں حدث سے) پاک ہوں

ربط ما قبل | قال العینیؒ والمناسبۃ بین البابین ظاهرۃ لان کلا منهما فی حکم المسح علی الخفین۔

۲۰۴ (حدثنا ابو نعیم قال ثنا زکریا عن عامر عن عروۃ بن المغیرۃ عن ابیه

قال کنت مع النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی سفرٍ فاھویتُ لِانزِعَ خُفّیہِ فقال دَعْھُما فانی اَدخلتھُما طاھرَتینِ فمسحَ علیھِما)

ترجمہ حضرت مغیرہ (ابن شعبہ رضؓ) فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں (یعنی غزوہ تبوک کے سفر میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا (آپؐ وضو کر رہے تھے) میں جھکا کہ آپؐ کے موزے اتار لوں تو آپؐ نے فرمایا انہیں رہنے دو کیوں کہ میں نے انہیں پاکی کی حالت میں داخل کیا ہے۔ (یعنی موزے پہنتے وقت میرے دونوں پاؤں پاک تھے) پھر آپؐ نے ان پر مسح کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ادخلتھما طاھرتین۔

تعدد موضعہ من الحدیث ص۳۰ وص۳۳ وباقی ص۵۲ وص۵۶ وص۴۰۹ وفی المغازی ص۶۳۷ وص۸۶۳۔

تشریح یہ حدیث گذر چکی ہے یعنی باب سابق باب ص۱۴۵ کی دوسری حدیث میں گذر چکا ہے کہ یہ غزوہ تبوک کا واقعہ ہے اس حدیث کا اصل مسئلہ بھی بعنوان "باب کی دوسری حدیث" کے تحت گذر چکا ہے۔

حدیث الباب یعنی حدیث ۲۰۴ سے معلوم ہوا کہ اگر دونوں پاؤں کے پاک ہونے کی حالت میں چرمی موزے پہنے جائیں تو ان پر مسح درست ہے بشرطیکہ حدث لاحق ہونے سے پہلے وضو کی تکمیل کرلے کما مر اس پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ خفین پر مسح صحیح ہونے کیلئے قدمین کا نجاست حقیقی وحکمی دونوں سے پاک ہونا شرط ہے صرف داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ جواز مسح کیلئے طہارت من الانجاس کافی ہے یعنی قدمین پر صرف نجاست حقیقی نہ ہو اور موزے پہن لئے جائیں تب بھی ان پر مسح جائز ہوگا۔ نجاست حکمی سے پاک ہونا ضروری نہیں۔

حضرات شوافع رحؒ کے نزدیک وضو میں ترتیب فرض ہے اسلئے اگر کوئی شخص پہلے صرف پاؤں دھوکر موزے پہن لیتا ہے اور اس کے بعد وضو مکمل کرتا ہے تو سقوط ترتیب کی وجہ سے شوافع رحؒ کے نزدیک کافی نہیں بلکہ جواز مسح کیلئے ضروری ہے پورا وضو کرکے پھر موزے پہنے۔

اور احناف رحؒ کے نزدیک وضو میں ترتیب فرض نہیں اسلئے اگر کوئی صرف دونوں پاؤں دھوکر موزے پہن لے اور بعد میں حدث سے پہلے وضو مکمل کرے تو حنفیہ کے نزدیک مسح کیلئے کافی ہے مگر احسن واحب صورت وہی ہے کہ پورا وضو کرکے موزے پہنے اور الحمد للہ حنفیہ کا عمل بھی اسی پر ہے مگر نفس جواز واباحت کی گنجائش نکلتی ہے اور امام بخاری رحؒ کے ترجمۃ الباب سے امام بخاری رحؒ کا رجحان بھی حنفیہ ہی کے موافق معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

بَابٌ ۱۴۷ مَنْ لَمْ یَتَوَضَّأْ مِنْ لَحْمِ الشَّاۃِ وَالسَّوِیْقِ وَاَکَلَ ابوبکرٍ وعُمَرُ وعثمانُ رضیَ اللہُ عنھم لحماً فلم یتوضؤا۔ ص۳۴

بکری کا گوشت اور ستو کھا کر وضو نہ کرنا اور حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم

گوشت کھایا (پھر نماز پڑھی) اور وضو نہیں کیا۔

ربط ما قبل | وجہ المناسبۃ بین البابین ظاہر لان اکثر ہذہ الابواب فی احکام الوضوء۔

۲۰۵ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال انا مالک عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن عبد اللہ بن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکل کتف شاۃ ثم صلی ولم یتوضأ)

ترجمہ | حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کا شانہ کھایا پھر نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ اکل کتف شاۃ ثم صلی ولم یتوضأ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ہنا ص۳۴ و یاتی ص۸۱۳ تا ص۸۱۴ ورواہ مسلم ص۱۵۷۔

۲۰۶ (حدثنا یحیی بن بکیر قال ثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب قال اخبرنی جعفر بن عمرو بن امیۃ ان اباہ اخبرہ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحتز من کتف شاۃ فدعی الی الصلوۃ فالقی السکین فصلی ولم یتوضأ)

ترجمہ | حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ بکری کا شانہ کاٹ کاٹ کھا رہے ہیں پھر آپ نماز کیلئے بلائے گئے تو آپ نے چھری ڈال دی اور نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ یحتز من کتف شاۃ الخ

تعدد موضعہ | والحدیث ہنا ص۳۴ و یاتی ص۹۳ و ص۴۰۹ و ص۸۱۴ ایضا ص۸۱۵ و ص۸۲۱ واخرجہ مسلم ص۱۵۷

مقصد ترجمہ | امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد وضو مماست النار کا حکم بیان کرنا ہے کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو واجب نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس مسئلے کو بیان کرنے کیلئے ترجمۃ الباب میں دو چیزیں ذکر کی ہیں گوشت[1] اور ستو[2]، اور ان دونوں کا تعلق آگ سے ہے گوشت کا آگ سے پکنا تو ظاہر ہے اور ستو بھی بھنے ہوئے گیہوں یا بھنے ہوئے جو سے تیار ہوتا ہے اس لئے یہ دونوں مماست النار میں داخل ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے بتلادیا کہ گوشت کھانے سے وضو لازم نہیں ہوتا اور بطور دلیل خلفاء راشدین کا عمل پیش کر دیا کہ ابو بکر و حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم نے گوشت کھایا اور وضو نہیں کیا، اور ظاہر ہے کہ جب گوشت سے شرعی وضو لازم نہیں جسمیں دسومت و چکناہٹ ہے تو اس سے کم درجہ کی چیزیں جن میں چکناہٹ نہیں جیسے ستو وغیرہ ان کے کھانے سے بطریق اولیٰ شرعی وضو لازم نہ ہوگا۔

اس ترجمہ کے انعقاد کی وجہ یہ ہے کہ بعض احادیث میں آیا ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

کی روایت مسلم ص۱۵۶ اور ابوداؤد ص۲۵ اور ترمذی ص۱۲ میں حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت ہے: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوضوء مما مست النار ولو من ثور اقط۔

بہرحال وضو مما مست النار کے بارے میں صحابہ رضؓ کے ابتدائی دور میں اختلاف تھا لیکن جمہور کا یہ فیصلہ ہے کہ بعد میں یہ منسوخ ہوگیا۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں: ھذا الخلاف الذی حکیناہ کان فی الصدر الاول ثم اجمع العلماء بعد ذالک علی انہ لا یجب الوضوء باکل ما مستہ النار (شرح نووی ص۱۵۶) یہی جمہور علماء وائمہ اربعہ اور خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کا مذہب ہے کہ آگ سے پکی ہوئی چیز کے کھانے سے شرعی وضو واجب نہیں۔

جمہور کیطرف سے الوضوء مما مست النار اور اس جیسی روایات کے تین مختلف توجیہات بیان کئے گئے ہیں۔

(۱) وضو مما مست النار کا حکم منسوخ ہے اور اسکی دلیل ابوداؤد میں حضرت جابر رضؓ کی روایت ہے قال کان اٰخر الامرین من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترک الوضوء۔

(۲) وضو کا حکم استحباب پر محمول ہے نہ کہ وجوب پر کیوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے وضو بھی ثابت ہے۔ اور ترک وضو بھی اور یہ استحباب کی شان ہے۔

(۳) مراد وضوء لغوی ہے یعنی ہاتھ منہ دھونا، کلی کرنا، اسکی دلیل ترمذی جلد ثانی کتاب الاطعمہ باب ماجاء فی التسمیۃ علی الطعام میں حضرت عکراش بن ذویب رضؓ کی روایت ہے جسمیں وہ ایک دعوت کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ثم اتینا بماء فغسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدیہ ومسح ببلل کفیہ وجہہ وذراعیہ وراسہ وقال یا عکراش ھذا الوضوء مما غیرت النار (ترمذی ص۲)

البتہ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو واجب ہوجاتا ہے۔ اور بظاہر امام بخاریؒ کا رجحان ومیلان بھی اونٹ کے گوشت میں مذہب حنابلہ کیطرف ہے جس پر قرینہ یہ ہے کہ من لم یتوضا مما مست النار جیسی مختصر عبارت چھوڑ کر من لم یتوضا من لحم الشاۃ والسویق لایا ہے واللہ اعلم

(بَابُ مَنْ مَضْمَضَ مِنَ السَّوِيقِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ) ۳۴

جس شخص نے ستو کھانے کے بعد کلی کی اور وضو نہیں کیا

۲۰۷ حدثنا عبدُ اللهِ بنُ يوسفَ قال اَنا مالكٌ عن يحيى بن سعيدٍ عن بُشَيرِ بنِ يسارٍ مولى بني حارثةَ اَنَّ سُوَيدَ بنَ النعمانِ اَخبرَهُ اَنَّه خرجَ مع رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم عامَ خيبرَ حتى اِذا كانوا بالصَّهباءِ وهي ادنى خيبرَ فصلَّى العصرَ ثمَّ دعا بالازوادِ فلم يُؤتَ اِلّا بالسَّويقِ فامرَ بهٖ فثُرِّيَ فاكلَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وَاَکَلْنَا ثُمَّ قامَ الی المغرب، فمضمض وَ
مَضْمَضْنَا ثُمَّ صلی ولم یَتَوَضَّاء)

ترجمہ حضرت سوید بن نعمان رضؓ نے بیان کیا کہ فتح خیبر والے سال وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حتیٰ کہ جب صہبار میں پہونچے جو ایک مقام ہے خیبر کے نشیب میں (مدینہ کی طرف) تو آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی پھر آپؐ نے توشے منگوائے تو سوائے ستو کے اور کچھ حاضر نہیں کیا جاسکا چنانچہ آپؐ نے حکم دیا تو وہ بھگو دیا گیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھایا اور ہم لوگوں نے بھی کھایا اس کے بعد مغرب کی نماز کیلئے کھڑے ہو گئے آپؐ نے کلی کی اور ہم سب نے بھی کلی کی پھر آپؐ نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ فی قولہ فمضمض ومضمضنا الخ

تعدد موضعہ والحدیث ھنا ص٣٤ ویاتی ایضا ص٣٤ وص٢١٨ وفی المغازی ص٦٠٠ ایضا ص٦٠٣ وص٨١٢ وص٨٢٠۔

٢٠٨ (حدثنا اصبغ قال انا ابنُ وَھْبٍ قال اَخْبَرَنِی عمرٌو عن بُکَیْرٍ عن کُرَیْبٍ عن مَیْمُونَۃَ اَنَّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَکَلَ عندھا کَتِفًا ثُمَّ صَلّٰی ولم یَتَوَضَّأ)

ترجمہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے (بکری کا) شانہ کھایا پھر نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ بظاہر ترجمۃ الباب سے اس حدیث کی مطابقت نہیں ہے؟
اس اشکال کا جواب علامہ عینیؒ وغیرہ نے لکھا ہے کہ کاتب کی غلطی سے یہ حدیث مذکور ہے اس حدیث میمونہ رضؓ کا محل باب سابق ہے چنانچہ اصل نسخوں میں یہ حدیث باب سابق (یعنی من لم یتوضا من لحم الشاۃ والسویق) ہی کے تحت لکھی ہوئی ہے۔ دوسرا جواب شاہ ولی اللہ صاحبؒ کا ہے یہ باب در باب، کے احوال پر باب سابق ہی کا جزو ہے مستقل علیحدہ باب نہیں ہے صرف ایک جدید فائدہ کیلئے باب قائم کر دیا کہ بجائے وضو کے مضمضہ بھی ہو سکتا ہے یعنی مما مست النار سے جو وضو منقول ہے اس سے وضو لغوی کلی مراد ہے۔

دوسرا فائدہ حدیث میمونہ رضؓ کو یہاں ذکر کرنے سے یہ بھی ہوا کہ مضمضہ کا بھی ذکر یہاں نہیں ہے اور واقعہ بھی یہی ہے کہ ستو ہو یا گوشت اور دیگر چیزوں کے کھانے پر مضمضہ ضروری و لازمی چیز نہیں ہے۔ اگر منہ صاف ہو مثلاً ستو کھانے کے کچھ دیر کے بعد نماز کا موقع ہوا کہ منہ میں ستو کا بالکل اثر نہیں یا گوشت کھا کر اتنی تاخیر کی کہ چکناہٹ ختم ہو گئی تو کلی کے بغیر بھی نماز درست ہے۔

باب ۱۴۹

(هَل یُمَضمِضُ مِنَ اللَّبَنِ)

کیا دودھ پینے کے بعد کلی کرے

۲۰۹ (حدثنا یحییٰ بن بکیرٍ وقتیبة قالا حدثنا اللیث عن عُقیلٍ عن ابنِ شهابٍ عن عُبَیدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بن عتبة عن ابنِ عباسٍ اَنَّ رسُولَ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم شَرِبَ لَبَنًا فَمَضمَضَ فقال اِنَّ له دَسَمًا تابعه یونسُ وصالحُ بن کیسانَ عن الزهریِّ)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر کلی کی اور فرمایا کہ دودھ میں چکنائی ہوتی ہے عقیل کے ساتھ اس حدیث کو یونس اور صالح بن کیسان نے بھی زہری سے روایت کیا ہے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاهرۃ فی شرب لبنا فمضمض۔

تعدد موضعہ والحدیث هنا ص۳۴ ویاتی فی الاشربۃ ص۸۳۹۔

تشریح حدیث میں صاف مذکور ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے دودھ نوش فرمایا اور کلی فرمائی پھر ترجمہ میں لفظ ھل لانے کی کیا ضرورت رہی؟ جواب یہ ہے کہ ابو داؤد میں حضرت انس بن مالکؓ کی روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے دودھ نوش فرمایا اور کلی نہیں کی (ابوداؤد ص۲۶ باب الرخصۃ فی ذالک)

امام بخاریؒ نے لفظ ھل بڑھا کر اسی باریکی کیطرف اشارہ کر دیا ہے کہ حدیث مذکور میں کلی کرنے کی وجہ وعلت کی تصریح ہے "ان له دسما" اس سے یہ صاف ہو گیا کہ کلی کرنے کی ضرورت صرف چکناہٹ کی وجہ سے ہے اور جس دودھ میں چکناہٹ نہ ہو تو کلی کی بھی ضرورت نہیں۔ نیز اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی صاف ہو گیا کہ ما مست النار (آگ سے پکی ہوئی چیزوں) کے استعمال سے وضو اس طرح ہوتا ہے یعنی کلی کر کے منہ صاف کرنا، وضو شرعی کا تعلق خروج سے ہے نہ کہ دخول سے۔

بَاب ۱۵۰ الوضوءِ مِنَ النَّومِ وَمَن لَّم یَرَ مِنَ النَّعسَةِ والنَّعسَتَینِ اَوِ الخَفقَةِ وُضوءً

نیند سے وضو کرنے کا بیان، اور جن لوگوں نے ایک دو بار کی اونگھ یا نیند کا ایک جھونکا لینے سے وضو واجب نہیں سمجھا۔

ربط ما قبل | والمناسبة بین ھذا الباب وبین الباب الذی قبلہ من حیث ان کلا منھا مشتمل علی حکم من احکام الوضوء۔

مقصد | امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ نوم نہ مطلقاً ناقض وضو ہے اور نہ مطلقاً غیر ناقض ہے مطلب یہ ہے کہ بخاریؒ جمہور کی موافقت کر رہے ہیں جسکی تفصیل آرہی ہے۔

۲۱۰ حدثنا عبد اللّٰہ بن یوسف قال انا مالک عن ھشام عن ابیہ عن عائشۃ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال اذا نعس احدکم وھو یصلی فلیرقد حتی یذھب عنہ النوم فان احدکم اذا صلی وھو ناعس لا یدری لعلہ یستغفر فیسب نفسہ۔

ترجمہ | حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو نماز پڑھتے وقت اونگھ آجائے تو اسے چاہیئے کہ سو رہے یہاں تک کہ نیند کا غلبہ (اثر) اس سے جاتا رہے اسلئے کہ اونگھتے ہوئے نماز پڑھنے کی صورت میں معلوم نہیں (منہ سے کیا نکلے) وہ استغفار کرنا چاہتا ہے اور اپنے حق میں بد دعا کرے۔

مطابقۃ للترجمۃ | ترجمۃ الباب کی مطابقت حدیث الباب کے مفہوم و مضمون سے ہے جسکی تفصیل یہ ہے کہ ترجمۃ الباب کے دو اجزاء ہیں ۱ الوضوء من النوم ۲ عدم الوضوء بالنعسۃ یعنی نوم (نیند) ناقض وضو ہے اور نعسہ یعنی صرف اونگھنا ناقض وضو نہیں ہے اسلئے کہ ارشاد گرامی "اذا صلی وھو ناعس" یعنی بحالت نعس (اونگھ) نماز پڑھنے سے منع کیا جارہا ہے۔ تو دلالۃً معلوم ہوا کہ اونگھ سے وضو نہیں ٹوٹتا جب ہی تو نماز سے منع کیا جارہا ہے اور منع کی علت یہ بیان فرمارہے ہیں کہ شاید اونگھنے والا اپنے حق میں بجائے دعاء خیر کے بد دعا کر بیٹھے، اونگھ اگر ناقض وضو ہوتی تو آپ ارشاد فرماتے جب تم میں سے کوئی نماز میں اونگھے تو اس کا وضو ٹوٹ گیا۔

بیان من اخرجہ غیرہ | اخرجہ مسلم ص۲۶۷ ابوداؤد ص۱۸۶ والنسائی فی الطہارت ص۲۰

۲۱۱ حدثنا ابو معمر قال ثنا عبد الوارث قال ثنا ایوب عن ابی قلابۃ عن انس عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال اذا نعس فی الصلوۃ فلینم حتی یعلم ما یقرأ۔

ترجمہ | حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی نماز میں اونگھنے لگے تو اس کو سو جانا چاہیئے یہانتک کہ جو پڑھے سمجھنے لگے

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ اذا نعس فی الصلوۃ فلینم الخ

تشریح نوم ناقض وضو ہے یا نہیں؟ علماء اسلام کے اقوال مختلف ہیں علامہ نووی رحؒ نے آٹھ اقوال نقل کئے ہیں (شرح نووی صـ۱۴۳)

علامہ عینی رحؒ نے لکھا ہے کہ اس میں نو ۹ اقوال ہیں (عمدہ صـ۱۰۹ تا ۱۱۰)

لیکن ان اقوال مختلفہ کا دار و مدار استرخاء مفاصل پر ہے اور یہی مسلک ائمہ اربعہ اور جمہور رحمہم اللہ کا ہے۔ جمہور کا اسپر اتفاق ہے کہ نوم بذاتہ ناقض وضو نہیں بلکہ مظنہ خروج ریح کی وجہ سے ناقض وضو ہے چونکہ یہ مظنہ معمولی نیند سے پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے یہ مسلک اختیار کیا گیا کہ معمولی اونگھ ناقض وضو نہیں البتہ نوم غالب یعنی ایسی نیند جس سے استرخاء مفاصل متحقق ہو جائے ناقض وضو ہے اور چونکہ نوم غالب کی حالت میں خروج ریح کا علم نہیں ہو سکتا اس لئے استرخاء مفاصل کو شرعاً خروج ریح کے قائم مقام کر دیا گیا جیساکہ حدیث میں وارد ہے۔

ان الوضوء لا یجب الا علی من نام مضطجعا فانہ اذا اضطجع استرخت مفاصلہ، (ترمذی اول صـ۱۲)

وضو صرف اس شخص پر واجب ہوتا ہے جو پہلو پر سوئے اس لئے کہ جب پہلو پر سوتا ہے تو اس کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔

اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حکم کا مدار استرخاء مفاصل پر ہے لہذا اگر استرخاء مفاصل کے باوجود کسی کو عدم خروج ریح کا یقین ہو تب بھی نقض وضو ہو جائے گا جیساکہ سفر کو قائم مقام مشقت کر کے قصر کا مدار اس پر رکھ دیا گیا۔

پھر نوم غالب اور استرخاء مفاصل کی تحدید میں ائمہ عظام کا اختلاف ہو گیا۔

امام شافعی رحؒ نے زوال مقعد عن الارض کو استرخاء مفاصل کی علامت قرار دیا لہذا ان کے نزدیک زوال مقعد کیساتھ ہر نیند ناقض ہو گی۔

حنفیہ کا مختار مسلک یہ ہے کہ نوم اگر ہیئت صلوٰۃ پر ہو (یعنی نماز کی ہیئت مسنونہ پر ہو) تو استرخاء مفاصل نہیں ہوتا اس لئے اگر نماز کی حالت میں ایسی غالب نیند ہو جس سے استرخاء مفاصل ہو تو ہیئت مسنونہ پر مصلی باقی نہیں رہ سکتا ہے لہذا ایسی نیند ناقض نہیں ہے۔ اگر نوم غیر ہیئت صلوٰۃ پر ہو تو پھر تماسک المقعد علی الارض اگر باقی ہے تو ناقض نہیں اور اگر تماسک فوت ہو گیا تو ناقض ہے مثلاً کروٹ لیٹے یا چت سو جائے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص ٹیک لگا کر بیٹھا ہو پھر اسی حالت میں سو جائے تو اگر نوم اس قدر غالب ہو کہ ٹیک نکال دینے سے آدمی گر جائے تو یہ نوم بھی ناقض وضو ہو گی کیوں کہ اس صورت میں تماسک فوت ہو گیا۔

حضرت گنگوہی رحؒ کی رائے حضرت گنگوہی رحؒ فرماتے ہیں کہ نوم کے ناقض ہونے کا اصل مدار استرخاء مفاصل پر ہے اور اسی کیلئے فقہاء نے اپنے اپنے تجربات سے مختلف علامتیں مقرر کی

ہیں اور چوں کہ استغراق مفاصل زمانہ اور لوگوں کے قویٰ کے لحاظ سے بدلتا رہتا ہے لہٰذا اس زمانے کے احناف کو اپنے قدیم مذہب کے مطابق فتویٰ نہ دینا چاہیئے کہ ہیئت صلوٰۃ پر سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا کیوں کہ اس دور میں ہیئت صلوٰۃ (مثلاً قعدہ، اور سجدہ کی حالت) پر بھی استغراق متحقق ہوجاتا ہے چنانچہ مشاہدہ ہے کہ ہیئت صلوٰۃ پر سونے کے دوران وضو ٹوٹ جاتا ہے اور سونے والے کو اس کا احساس تک نہیں ہوتا (کوکب الدری ص ۵۰)

باب ۱۵۱

(الوضوء من غير حدث)

بغیر حدث کے وضو کرنا (یعنی وضو باقی رہتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا)

ربط ما قبل والمناسبة بين البابين ظاهرة لكون كل منهما من تعلقات الوضوء

۲۱۲ (حدثنا محمد بن يوسف قال ثنا سفين عن عمرو بن عامر قال سمعت انساح وقال حدثنا مسدد قال ثنا يحيى عن سفيان قال حدثني عمرو بن عامر عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ عند كل صلوٰة قلت كيف كنتم تصنعون قال يجزئ احدنا الوضوء ما لم يحدث)

ترجمہ حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ہر نماز کیلئے وضو فرمایا کرتے تھے عمرو بن عامر کہتے ہیں کہ میں نے (انس رضؓ سے) عرض کیا آپ لوگ کیا کرتے تھے ....؟ انس رضؓ نے فرمایا ہم میں ہر ایک کو اس وقت تک وضو کافی ہوتا تھا جب تک حدث (ناقض وضو) لاحق نہ ہو۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة في يتوضأ عند كل صلوٰة۔

۲۱۳ (حدثنا خالد بن مخلد قال ثنا سليمان قال حدثني يحيى بن سعيد قال اخبرني بشير بن يسار قال اخبرني سويد بن النعمان قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم عام خيبر حتى اذا كنا بالصهباء صلى لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر فلما صلى دعا بالاطعمة فلم يؤت الا بالسويق فاكلنا وشربنا ثم قام النبي صلى الله عليه وسلم الى المغرب فمضمض ثم صلى لنا المغرب ولم يتوضأ)

ترجمہ حضرت سوید بن النعمان رضؓ نے بیان کیا کہ ہم فتح خیبر والے سال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے جب ہم مقام صہبا میں پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی جب آپ نماز پڑھ چکے تو آپؐ نے کھانے منگوائے تو ستو کے علاوہ اور کوئی چیز پیش نہ کیجا سکی پھر ہم نے اسی کو کھایا اور پیا پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز کیلئے کھڑے ہوگئے تو آپؐ نے کلی کی پھر ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی اور (نیا) وضو نہیں کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مُطابقۃ الحدیث للترجمۃ ثم صلی لنا المغرب ولم یتوضأ معلوم ہوا کہ بلا حدث وضو واجب نہیں اگر بلا حدث وضو واجب ہوتا تو آپؐ بلا وضو مغرب کی نماز نہ پڑھاتے البتہ ایسے موقع پر جدید و تازہ وضو مستحب ضرور ہے

تعدد موضعہ مر الحدیث صـ۳۴ وھنا ایضا صـ۳۴ ویاتی صـ۴۱۸ فی المغازی صـ۶۰۳ وصـ۶۰۳ وصـ۸۱۱ صـ۸۱۲ وصـ۸۲۰۔

مقصد اس باب سے امام بخاری رحؒ کے دو مقصد ہیں یعنی ترجمہ کے دو جز ہیں ۱ اصحاب ظواہر اور شیعہ میں سے کچھ لوگوں کا مسلک یہ ہے کہ مقیم پر ہر فرض نماز کیلئے جدید وضو فرض ہے اگرچہ حدث نہ ہوا ہو۔ البتہ مسافر پر نہیں اور استدلال کرتے ہیں حضرت بریدہ ابن الخصیب کی حدیث سے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہر نماز کیوقت وضو فرماتے تھے اور یوم الفتح میں پانچ نمازیں ایک وضو سے پڑھی یعنی مسافر ہونے کی وجہ سے۔

دوسرا مقصد وضو من غیر حدث کا استحباب بیان کرنا ہے۔

استحباب تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہوگیا. کان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یتوضأ عند کل صلوٰۃ، یعنی باب کی پہلی حدیث کا پہلا جز۔

اور رد صحابۂ کرام رضؓ کے فعل سے یجزی احدنا الوضوء مالم یحدث۔

نیز باب کی دوسری حدیث میں خود حضور اقدس صؐ کے عمل سے اصحاب ظواہر اور شیعوں کی پوری پوری تردید ہے

(بابؐ۱۵۲ من الکبائر ان لا یستتر من بولہ)

اپنے پیشاب سے نہ بچنا کبیرہ گناہوں میں سے ہے

ربط ماقبل والمناسبۃ بین البابین من حیث ان فی الباب الاول الخ یعنی گذشتہ باب میں اس وضو کا بیان تھا جو بغیر حدث کیا ہو یعنی وضو علی الوضو، متوضی کا شرف یہ ہے کہ وہ اپنے بدن اور کپڑوں کو پیشاب سے محفوظ رکھتا ہے۔

اب اس باب میں اس شخص کیلئے وعید بیان کی جارہی ہے جو اس سے بدن اور کپڑے کی حفاظت نہیں کرتا۔

۲۱۴ حدثنا عثمانُ قال ثنا جریرٌ عن منصورٍ عن مجاهدٍ عن ابن عباسٍ قال مرّ النبیُّ صلے اللہ علیہ وسلم بحائطٍ من حیطانِ المدینۃِ او مکۃَ فسمعَ صوتَ انسانین یُعذّبانِ فی قبورھما فقال النبیّ صلے اللہ علیہ وسلم یُعذّبانِ وما یعذبانِ فی کبیرٍ ثم قال بلیٰ کانَ احدُھما لا یستترُ من بولہ وکانَ الاخرُ یمشی بالنمیمۃِ ثم دعا بجریدۃٍ فکسرھا کسرتینِ فوضعَ علی کلِّ قبرٍ منھما کسرۃً فقیلَ لہ یا رسولَ اللہ لِمَ فعلتَ ھذا قال لعلّہ اَن یُخفّفَ عنھما مالم تَیبسا)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ یا مکہ کے باغوں میں سے کسی باغ سے گذرے (دوسری روایت میں بغیر شک کے مدینہ کا باغ مذکور ہے) وہاں آپ نے دو ایسے انسانوں کی آواز سنی جنہیں ان کی قبروں میں عذاب ہو رہا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور عذاب کسی بڑے عمل کیوجہ سے نہیں ہو رہا ہے پھر آپؐ نے فرمایا ہاں (بڑا گناہ ہے) ان میں سے ایک تو پیشاب سے احتیاط نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغلخوری کرتا پھرتا تھا پھر آپؐ نے (کھجور کی ایک ہری) شاخ منگوائی اور اس کے دو ٹکڑے کرکے ہر ایک قبر پر ایک ٹکڑا رکھدیا (گاڑدیا) آپؐ سے پوچھا گیا یا رسول اللہ یہ آپؐ نے کیوں کیا؟ ارشاد فرمایا شاید جب تک وہ سوکھیں نہیں ان کا عذاب ہلکا ہو۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی قولہ "لا یستتر من بولہ"

تعدد موضعہ ومن اخرجہ غیرہ والحدیث ھنا ص۳۴تا۳۵ ویاتی متصلا ص۳۵ وایضا ص۳۵ وفی الجنائز ص۱۸۲ ایضا ص۱۸۴ وص۸۹۴ وایضا ص۸۹۴ ومسلم فی الطھارت ص۱۴۱ وابوداود ص۴ والنسائی ص۲۲۵ وابن ماجہ ص۲۹۔

مقصد ترجمہ ابواب سابقہ میں احداث یعنی نواقض وضو کا بیان تھا اب یہ بتانا مقصود ہے کہ پیشاب نواقض وضو ہونے کے ساتھ ساتھ خود ناپاک بھی ہے اس سے یہ مسئلہ معلوم ہو گیا کہ خروج نجاست نواقض وضو میں سے ہے اور امام بخاریؒ کا مقصد پیشاب سے بچنے کی تاکید ہے۔

نحوی صرفی تحقیقات حیطان حائط کی جمع ہے اور اسکی جمع حوائط بھی آتی ہے حاط یحوط از باب نصر احاطہ کرنا، گھیرنا اسلئے حائط اس باغ کو کہتے ہیں جس کو دیوار سے گھیر دیا جائے من حیطان المدینۃ او مکۃ یہ اَو شک کیلئے ہے والشک من جریر بن عبدالحمید۔ صحیح یہ ہے کہ یہ واقعہ مدینہ طیبہ کا ہے

جیسا کہ امام بخاریؒ کی مشہور و معروف کتاب الادب المفرد، میں بلا شک من حیطان المدینۃ مذکور ہے اس کی تائید دار قطنی کی روایت سے ہوتی ہے کہ یہ باغ ام مبشر انصاریہؓ کا تھا اور مدینہ طیبہ میں تھا

یہ دونوں قبریں مسلمانوں کی تھیں اسلئے کہ بعض روایت میں تصریح ہے بقبرین جدیدین ابن ماجہ ص۲۹ اور بعض روایات میں جنت البقیع کی تصریح ہے اور ظاہر ہے کہ جنت البقیع میں نئی قبریں مسلمانوں کے علاوہ کسی مشرک و کافر کی نہیں ہو سکتیں اسلئے کہ بقیعہ غرقد مسلمانوں ہی کا قبرستان ہے۔ فسمع صوت انسانین اس میں واحد کی اضافت تثنیہ کی طرف ہے علامہ قسطلانیؒ فرماتے ہیں کہ اگر مضاف مضاف الیہ کا جز ہو تو واحد کی اضافت تثنیہ کیطرف درست ہے جیسے اکلت راس شاتین والجمع اجود بنحو فقد صغت قلوبکما اور اگر مضاف الیہ کا جز نہ ہو تو زیادہ تر تثنیہ لایا جاتا ہے۔ جیسے سل الزید ان سیفیہما ــــــ اور اگر التباس کا اندیشہ نہ ہو تو جمع کا صیغہ لانا بھی درست ہے جیسا کہ اس حدیث میں ہے ــــــ جریدۃ شاخ جسکا پتا صاف کرلیا گیا ہو لعلہ ضمیر شان۔ یعذبان فی قبورھما فی سببیہ ہے کما فی القرآن الحکیم:

لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم (انفال) جو کچھ تم لوگوں نے (فدیہ) لیا اسکی وجہ سے تمہیں بڑا عذاب پہنچتا اور جیسے حدیث میں ہے:-

عذبت امراۃ فی ھرۃ۔ ایک بلی کیوجہ سے ایک عورت کو عذاب دیا گیا۔

لا یستتر یہاں روایات میں مختلف الفاظ آئے ہیں مسلم شریف ص۱۴۱ وابوداؤد ص۴ میں لا یستنزہ بالنون والزاء المعجمہ ہے، وفی روایۃ لا یستبرئ (نسائی کتاب الجنائز ص۲۲۵ وغیرہ)

معنی سب کے تقریباً ایک ہی ہیں کہ وہ شخص پیشاب سے احتیاط نہیں کرتا تھا، پیشاب کی چھینٹوں سے بچتا نہیں تھا، یہاں استتار کے حقیقی معنی پردہ کرنا مراد نہیں اسلئے کہ اگر عذاب قبر کا سبب کشف عورت ہوتا تو من بولہ کا ذکر بے فائدہ ہوتا بس اتنا کافی تھا کہ بے پردگی کرتا تھا البتہ یہ معنی درست ہو سکتا ہے کہ معنی ہو اپنے پیشاب کرنے کیحالت میں پردہ نہیں کرتا تھا واللہ اعلم

کبائر کی تحقیق و تشریح

کبائر، کبیرۃ (واحد مؤنث) کی جمع ہے۔ عربی زبان کا قاعدہ ہے کہ کاف، با اور راء مادہ سے جو لفظ مرکب ہوگا اس کے مفہوم میں بڑائی کے معنی ضرور ہوتے ہیں اسی لئے کبیر بڑے کو کہتے ہیں کبائر بڑے بڑے گناہ، کما فی التنزیل العظیم۔

ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ الایۃ اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے پرہیز کرتے رہو جن سے تمہیں منع کیا جارہا ہے الخ

گناہوں کی دو قسمیں صغائر و کبائر

گناہ کبیرہ کی تعریف علامہ سیوطیؒ نے نہایت مختصر مگر جامع الفاظ سے کی ہے کہ جس گناہ پر کسی طرح کی وعید آئی ہے یعنی حد شرعی جیسے قتل، زنا، اور چوری کرنا، یا جہنم کی وعید آئی ہے یا لعنت وارد ہے جیسے ارشاد ربانی ہے: ان الذین

یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ الخ

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت فرمائی ہے (سورۂ احزاب)

علماءِ اسلام نے لکھا ہے کہ اگر صغیرہ گناہ پر جار ہے اور حقیر سمجھ کر پرواہ نہ کرے اور اصرار و مداومت کرتا رہے تو وہ بھی کبیرہ بنجاتا ہے اور جس کبیرہ گناہ پر صحیح معنی میں ندامت و توبہ اور ترک کا عزم حاصل ہوجائے تو وہ صغیرہ جیسا ہے پس گناہ کی مثال آگ کی چنگاری ہے اگر بجھانے کا سامان نہ کیا جائے تو چھوٹی سے چھوٹی چنگاری بھی بڑے سے بڑے مکانات و محلات کو جلا کر خاک سیاہ کردیتی ہے اور اگر بجھانے کا سامان ہو تو بڑی سے بڑی آگ کے شعلوں کو بھی سرد کیا جاسکتا ہے گناہوں کی آگ بجھانے کا سامان اگرچہ اعمال صالحہ بھی ہیں مگر اس کے لئے سب سے بڑا فائر بریگیڈ انجن توبہ و انابت الی اللہ ہے یعنی ندامت اور عزم علی الترک جو توبہ کے اہم ارکان ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے فضل و کرم سے صغائر و کبائر معاصی سے محفوظ فرمائے آمین ثم آمین۔

کبائر کتنے ہیں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے مقتضاءِ وقت اور حالات کی مناسبت سے کہیں تین اور کہیں سات اور کہیں اس سے بھی زائد بیان فرمائے ہیں، علامہ نوویؒ فرماتے ہیں: قال العلماء ولا انحصار للکبائر فی عدد مذکور وقد جاء عن ابن عباس رض انہ سئل عن الکبائر اسبع ھی فقال ھی الی سبعین (شرح نووی ص۶۴)

اشکال وجواب الفاظ روایت میں بظاہر تعارض معلوم ہوتا ہے وما یعذبان فی کبیر۔ اس سے تو دونوں کے کبیر ہونے کی نفی معلوم ہوئی پھر آگے ارشاد ہے ثم قال بلیٰ (یعنی پھر فرمایا ہاں بڑا گناہ ہے) بظاہر تعارض معلوم ہوتا ہے

جواب:- یہ ہے کہ نفی اور اثبات دونوں دو اعتبار سے ہے نفی اس اعتبار سے کی جارہی ہے کہ یہ دونوں گناہ کوئی دشوار کن و مشکل عمل نہیں تھا کہ جس سے بچنا مشکل ہو اس اعتبار سے وہ کبیرہ نہیں لیکن معصیت کے لحاظ سے پیشاب سے نہ بچنا اور چغلخوری کرنا کبیر گناہ ہیں۔

۲ بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ جس گناہ کی نفی کیجارہی ہے اس سے مراد اکبر الکبائر ہے اور جس کا اثبات کیا جارہا ہے اس سے مراد مطلق کبیرہ ہے، مطلب یہ ہے کہ جس کام کی وجہ سے ان کو عذاب ہورہا ہے وہ بہت بڑا گناہ قتل عمد وغیرہ کی طرح نہیں ہے گو فی نفسہ کبیرہ تھا۔

۳ ان دونوں گناہوں کے ارتکاب کرنے والوں کی نظر و اعتقاد میں معمولی گناہ تھے اسلئے بچنے کا اہتمام نہ کرتے تھے مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ بڑے گناہ ہیں جیسے قرآن مجید میں ہے وتحسبونہ ھینا وھو عند اللہ عظیم اور تم اس کو ہلکی معمولی بات سمجھتے ہو حالانکہ وہ عند اللہ بہت بڑی ہے ایک سنگین جرم کو معمولی

سمجھنا عظیم ترین جرم ہے یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی جب کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے افک کے سلسلہ میں کچھ مخلص مسلمان بھی مبتلا ہو گئے تھے۔

۴؎ ایک جواب یہ بھی ہے کہ فی نفسہ تو وہ گناہ زیادہ بڑے نہ تھے مگر ان پر مداومت و اصرار سے بڑے ہو گئے جیسا کہ کان احدھم لایستتر من بولہ وکان الاٰخر یمشی بالنمیمۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان گناہوں کو بار بار کرتے تھے۔ پہلا جواب سب سے بہتر ہے واللہ اعلم

ایک سوال مع جواب

یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پیشاب کی چھینٹوں سے عدم تحرز کو عذاب قبر سے کیا مناسبت ہے؟

اسکی حقیقت کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں البتہ علامہ ابن نجیم رحؒ نے البحر الرائق جلد اول ص۱۱۴ میں اس کا یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ طہارت عن البول عبادات اور طاعات کی طرف پہلا قدم ہے، دوسری طرف قبر عالم آخرت کی پہلی منزل ہے، قیامت کے روز سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا اور طہارت نماز سے مقدم ہے اس لئے منازل آخرت کی پہلی منزل یعنی قبر میں طہارت کے ترک پر عذاب دیا جائے گا۔ اسکی تائید معجم طبرانی کی ایک مرفوع روایت سے بھی ہوتی ہے۔ اتقوا البول فانہ اول ما یحاسب بہ العبد فی القبر، رواہ الطبرانی باسناد حسن (معارف السنن ج۱ ص۲۱۳)

عذاب قبر کے دو سبب

حدیث الباب میں عذاب قبر کے دو سبب بیان ہوئے ایک پیشاب سے نہ بچنا اور دوسرا سبب چغلخوری کرنا۔

پیشاب سے نہ بچنے کی مختلف صورتیں ہیں ۱؎ پیشاب کر کے استنجا نہ کرنا ۲؎ پیشاب کھڑے ہو کر کیا یا اس طرح بیٹھا کہ چھینٹیں بدن یا کپڑوں پر پڑیں، غرضکہ نماز سے پہلے بدن اور کپڑے کی طہارت شرط ہے۔

نیز واضح رہے کہ عذاب قبر ساری نجاستوں سے نہ بچنے پر ہوگا اس میں پیشاب کی کوئی خصوصیت نہیں ہے پیشاب کا ذکر تو اس لئے ہوا ہے کہ لوگ اس کے بارے میں زیادہ لاپرواہی کرتے تھے اور دوسری نجاستوں سے بچنے میں اس قدر لاپرواہ نہ تھے اور تقریباً آج کل بھی یہی حال ہے دوسرا سبب نمیمہ یعنی چغلخوری کرنا ہے، نمیمہ کی مشہور تعریف یہ ہے کہ لوگوں کی باتیں دوسروں تک ضرر رسانی کے ارادہ سے پہونچانا اور یہ عادت بدترین برائیوں میں سے ہے۔ ثم دعا بجریدۃ الخ پھر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب کا حل اس طرح فرمایا کہ آپؐ نے ایک تر و تازہ شاخ منگوا کر دو ٹکڑے کئے اور دونوں قبروں پر ایک ایک گاڑ دیا اور فرمایا لعلہ ان یخفف عنہما مالم تیبسا اس سے بعض اہل بدعت نے قبروں پر پھول چڑھانے کے جواز پر استدلال کیا ہے لیکن یہ استدلال بالکل باطل ہے اس لئے کہ اس حدیث میں پھول چڑھانے کا کوئی ذکر نہیں البتہ اس مسئلہ میں علماء کبار کا کلام ہوا ہے کہ اس حدیث کے مطابق قبروں پر شاخیں گاڑنے کا کیا حکم ہے؟

علماء کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے کہ یہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی اور کسی کیلئے ایسا کرنا درست نہیں ہے، علامہ ابن بطال رح اور علامہ مازری رح نے اسکی وجہ یہ بیان فرمائی کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ علم دیا گیا تھا کہ ان پر عذاب قبر ہو رہا ہے اور اس کے ساتھ یہ علم دیا گیا تھا کہ شاخیں گاڑنے کی وجہ سے ان کے عذاب میں تخفیف بھی ہو سکتی ہے لیکن کسی دوسرے کو نہ صاحب قبر کے معذب ہونے کا علم ہو سکتا ہے اور نہ تخفیف عذاب کا۔ اس لئے دوسروں کے لئے شاخ کا گاڑنا درست نہیں۔ علماء کی دوسری جماعت کا خیال ہے کہ اس حدیث کے پیش نظر شاخ تر تخفیف عذاب کی نیت سے گاڑنا جائز ہے چنانچہ امام بخاری رح نے کتاب الجنائز ص۱۸۱ میں مستقل ترجمہ قائم کیا ہے "باب الجرید علی القبر" اور اس باب میں اسی مرور علی القبرین والی حدیث کو ذکر فرمایا ہے، نیز اس باب میں تعلیقاً حضرت بُریدہ اسلمی رض کی وصیت روایت کی ہے جو حضرت بریدہ رض نے اپنے انتقال کے وقت کی تھی ان یجعل فی قبرہ جریدان (یعنی میری قبر میں دو شاخیں رکھی جائیں)

ہمارے فقہاء میں سے علامہ شامی رح نے بھی اس کے جواز کی تصریح کی ہے، نیز حافظ عسقلانی رح اور شیخ عبدالحق محدث دہلی رح وغیرہ بھی اس سے متفق ہیں۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رح کا میلان بھی جواز ہی کیطرف ہے، لیکن اس سے قبروں پر پھول چڑھانے کا قیاس حد شرعی سے تجاوز اور باطل ہے اس لئے کہ اس کا کوئی تعلق حدیث الباب سے نہیں ہے اور اس کے بطلان کیلئے یہ کافی ہے کہ بجائے فساق و فجار کے جن کیلئے تخفیف عذاب کے اسباب کی ضرورت ہے صلحاء و مقربین بارگاہ خداوندی کے مزارات پر پھول چڑھاتے ہیں، حدیث الباب میں معذبین کے تخفیف عذاب کیلئے یہ صورت اختیار کی گئی تو شاید اہل بدعت جن مزارات پر پھول چڑھاتے ہیں انہیں معذب فی القبر سمجھتے ہیں ع

بریں عقل و دانش بباید گریست

(باب ۱۵۳ ما جاء فی غسل البول وقال النبی صلے اللہ علیہ وسلم لصاحب القبر کان لا یستتر من بوله ولم یذکر سوی بول الناس) ص۳۵

اس حدیث کے بیان میں جو پیشاب کو دھونے کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہے اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے صاحب قبر کے بارے میں فرمایا کہ وہ اپنے پیشاب سے احتیاط نہیں کرتا تھا اور آپ نے انسان کے پیشاب کے علاوہ اور کسی پیشاب کا ذکر نہیں فرمایا۔

ربط ما قبل وجه المناسبة بين البابين من حيث ان المذكور فی الباب السابق البول الذی كان سببا لعذاب صاحبه فی قبره، وهذا الباب فی بيان غسل ذالك البول (عمدہ)

یعنی باب سابق میں یہ بیان ہوا کہ پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے صاحب قبر کو عذاب ہوا۔

معلوم ہوا کہ یہ باب تابع ہے باب سابق کے۔ اب اس باب میں اس پیشاب کے دھونے کو بیان فرمارہے ہیں۔

۲۱۵ (حدثنا یعقوبُ بنُ ابراهیمَ قال اخبرنا اسمٰعیلُ بن ابراهیمَ قال حدثنی رَوحُ بنُ القاسمِ قال حدثنی عطاءُ بنُ ابی میمونةَ عن انس بن مالكٍ قال کان رسولُ اللهِ صلّی اللهُ علیهِ وسلم اذا تبرّزَ لحاجتهٖ اَتَیتُهٗ بماءٍ فیغسلُ بهٖ)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم جب قضاء حاجت کے لیے باہر تشریف لیجاتے تو میں آپ کے پاس پانی لے کر حاضر ہوتا آپ اس سے استنجاء فرماتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ: مطابقة الحديث للترجمة فی قوله اذا تبرز لحاجته الخ اس میں فیغسل به کا مطلب یہ ہے کہ مقام نجاست کو دھوتے تھے خواہ وہ محل بول ہو یا محل براز، طہارت کی صورت صرف دھونا ہے۔

تعدد موضعہ ومن اخرجہ غیرہ: مر الحدیث ص۲۷ ایضا وھھنا ص۳۵ وفی الصلوٰۃ ص۷۱ واخرجہ مسلم فی الطہارۃ والنسائی وابوداؤد۔

مقصد ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد ظاہر ہے کہ انسان کا پیشاب ناپاک ہے اسکی نجاست بغیر دھوئے نہیں جاتی مزید یہ بھی بتانا چاہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صاحب قبر کے سلسلہ میں لا یستتر من بوله فرمایا ہے کہ یہ شخص اپنے پیشاب سے نہیں بچتا تھا۔

اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بتانا چاہا ہے کہ انسان کا پیشاب ناپاک ہے کیوں کہ بول کی اضافت بوله میں اسی کی طرف ہے اب امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی طرف سے یہ مسئلہ اخذ کیا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد میں صرف بول ناس مراد ہے دوسرے حیوانات کا ذکر نہیں ہے چنانچہ فرماتے ہیں: ولم یذکر سوی بول الناس۔ یہ امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ہے جس سے یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ بعض روایت میں جو بجائے من بوله کے من البول آیا ہے اس الف لام کو عہد خارجی لے کر مقید ومخصوص پر محمول کریں گے یعنی بول ناس۔ اور چوں کہ ایسے احکام میں کسی شخص کی خصوصیت نہیں ہوتی اس لئے یہ حکم پورے نوع (سارے انسان) کو عام ہوگا اور چونکہ انسان غیر ماکول اللحم ہے اس لئے یہ حکم تمام غیر ماکول اللحم حیوانات کے پیشاب کا ہوگا کہ ناپاک ہے۔ البتہ ابوال ماکول اللحم (جن کا گوشت کھانا جائز ہے) کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ کا رجحان طہارت معلوم ہوتا ہے۔

پیشاب ناپاک ہے ماکول اللحم کا ہو یا غیر ماکول اللحم کا: انسان کا پیشاب اور غیر ماکول اللحم حیوانات کا پیشاب بالاتفاق ناپاک ہے اختلاف صرف ماکول اللحم جانوروں کے پیشاب میں ہے۔ احناف وشوافع رحمہم اللہ کے نزدیک پیشاب مطلقاً ناپاک ہے ماکول اللحم کا ہو یا غیر ماکول اللحم کا یہ اور بات ہے کہ پیشاب کی ناپاکی میں تغلیظ وتخفیف کا فرق ہو مگر ناپاک ہے ارشاد نبوی ہے: استنزھوا من البول فان عامة عذاب القبر منه۔ پیشاب سے بچو اس لئے کہ عام عذاب قبر پیشاب کی وجہ سے

ہوا کرتا ہے۔

اس حدیث میں بولؔ عام ہے ماکول اللحم وغیر ماکول اللحم سب کو شامل ہے نیز اس حدیث کا سبب ورود بھی اسی کی تائید کرتا ہے کیوں کہ ایک صحابی کے دفن سے فارغ ہو کر جب حضور اقدس ﷺ تشریف لائے تو آپ کے چہرۂ انور پر حزن و ملال کے آثار تھے متوفی صحابی کو عذاب قبر میں مبتلا دیکھا تھا۔ آپ ﷺ متوفی صحابی کے مکان پر تشریف لے گئے اور ان کی اہلیہ سے ان کے اعمال کے بارے میں دریافت فرمایا تو ان کی اہلیہ نے بتلایا کہ وہ بکریاں چراتے تھے لیکن ان بکریوں کے پیشاب سے بچاؤ نہیں رکھتے تھے اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: استنزھوا من البول فان عامۃ عذاب القبر منہ (نور الانوار ص۶۸)

اس واقعہ سے صاف واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ عذاب قبر بکریوں کے پیشاب کی وجہ سے ہوا جو ماکول اللحم ھیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ایک روایت بخاری ص۲۷ میں ہے۔ اخذ الحجرین والقی الروثۃ وقال ھذا رکس، جس سے صاف معلوم ہوا کہ لید وغیرہ ناپاک ہیں۔

۳ قیاس صحیح سے بھی بول ماکول اللحم کی نجاست ہی ثابت ہوتی ہے کیوں کہ طہارت و نجاست کا گوشت سے کوئی تعلق نہیں، دیکھئے انسان کا گوشت طاہر ہے مگر ماکول نہیں۔

دراصل نجاست کا مدار بدبو، تعفن اور تغیر الی النتن والفساد ہے دیکھئے ہم پاک وصاف بالکل لذیذ کھانا کھاتے ہیں مگر معدے میں جا کر جب وہ متغیر اور بدبودار ہو جاتا ہے تو ناپاک ہے براز غذا ہی کا بدلا ہوا حصہ ہے جو بدبو ہی کی وجہ سے ناپاک ہے بخلاف شراب کے نجس و حرام ہے مگر جب بدل کر سرکہ ہو جائے تو حلال و طاہر ہے۔

۴ امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ جس طرح انسان کا گوشت بالاتفاق پاک ہے اور اس کا خون اور پیشاب ناپاک، اسی طرح ماکول اللحم جانوروں کا بھی گوشت پاک ہے تو ان کے خون کیطرح پیشاب ناپاک ہونا چاہیے۔ حضرت مالکیہ اور حنابلہؒ کے نزدیک ماکول اللحم کا پیشاب پاک ہے یہی امام محمدؒ فرماتے ہیں۔

(باب ۱۵۱) بالتنوین بلا ترجمہ (قس) بخاری ص۳۵

۲۱۶ (حدثنا محمد بن المثنی قال ثنا محمد بن خازم قال ثنا الاعمش عن مجاھد عن طاؤس عن ابن عباس قال مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بقبرین فقال انھما لیعذبان وما یعذبان فی کبیر اما احدھما فکان لا یستتر من البول واما الآخر فکان یمشی بالنمیمۃ ثم اخذ جریدۃ رطبۃ

فشقها نصفين فغرز في كل قبر واحدة قالوا يا رسول الله لم فعلت هذا قال لعله يخفف عنهما ما لم ييبسا قال ابن المثنى وحدثنا وكيع قال حدثنا الاعمش سمعت مجاهدا مثله)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم دو قبروں پر سے گذرے آپ نے فرمایا ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور کسی بڑی بات کے سلسلے میں نہیں ان میں سے ایک تو پیشاب سے احتیاط نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغلخوری کرتا پھرتا تھا پھر آپ نے (کھجور کی) ایک ترشاخ لی اور اس کو بیچ سے چیر کر دو ٹکڑے کئے پھر ہر قبر پر ایک ایک ٹکڑا گاڑ دیا۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ ارشاد فرمایا امید ہے کہ جب تک یہ شاخیں خشک نہ ہوں گی ان پر عذاب میں تخفیف رہیگی۔

ابن مثنی نے کہا اور ہم سے وکیع نے بیان کیا کہا ہم سے اعمش نے انہوں نے کہا میں نے مجاہد سے سنا پھر یہی حدیث بیان کی۔

باب بلا ترجمہ علامہ عینی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث فی نفس الامر وہی حدیث ہے جس کیلئے امام بخاری نے ترجمہ قائم کیا تھا۔ من الکبائر ان لا یستتر من بوله۔ اس لئے کہ دونوں کا مخرج ایک ہی ہے البتہ سند اور متن کے کچھ حصے میں اختلاف ہے باب سابق میں عن مجاھد عن ابن عباس تھا اور یہاں باب بلا ترجمہ میں عن مجاھد عن طاؤس عن ابن عباس ہے امام بخاری کی تخریج دونوں طرح صحیح ہے کیوں کہ ممکن ہے کہ مجاہد نے اس حدیث کو براہ راست بلا واسطہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا ہو اور کبھی بواسطہ طاؤس ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا ہو۔

اب رہا یہ اشکال کہ درمیان میں ایک باب کا فصل ہے اس کا جواب یہ ہے کہ درمیانی باب ماجاء فی غسل البول کے تحت بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ باب باب سابق کے توابع میں سے ہے۔

باب بلا ترجمہ کا مقصد حافظ عسقلانی فرماتے ہیں کالفصل من الباب السابق (فتح)

۲۔ شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں اکثر نسخوں میں یہاں باب نہیں ہے۔ اس لئے اس کا حذف اولی ہے۔ ۳۔ امام بخاری کا مقصد تشحیذ اذہان ہے باب سابق میں یہ تھا کہ پیشاب سے نہ بچنا گناہ کبیرہ ہے اب ما قبل کو دیکھکر یہاں یہ ترجمہ بن سکتا ہے کہ پیشاب سے احتیاط نہ کرنا عذاب قبر کا موجب ہے۔

علامہ کرمانی کہتے ہیں کہ بخاری کا مقصد غسل بول کے وجوب پر تنبیہ کرنا ہے واللہ اعلم

تعدد موضع

ملاحظہ فرمائیے اس جلد کی حدیث ۲۱۴۔

(باب ۵۵ ترکِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم والناسِ الاعرابیَّ حتی فرغ من بولہ فی المسجد)

نبیٔ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی نے اس گنوار کو چھوڑ دیا (جس نے مسجد میں پیشاب کرنا شروع کر دیا تھا) یہاں تک کہ وہ مسجد میں پیشاب کر چکا۔

ربط ما قبل وجہ المناسبۃ بین ھذا الباب والباب الذی قبلہ ھو اشتمال کل منہما علی ان حکم البول ازالتہ فذکر فی الباب السابق الغسل وفی ھذا الباب صب الماء علیہ وحکمہ حکم الغسل۔

۲۱۷ (حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل قال ثنا ھمام قال ثنا اسحٰق عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رأی اعرابیا یبول فی المسجد فقال دعوہ حتی اذا فرغ دعا بماء فصبہ علیہ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کو دیکھا کہ وہ مسجد میں پیشاب کر رہا ہے (لوگوں نے اس کو ڈانٹا) تو آپ نے فرمایا اسے چھوڑ دو حتی کہ جب وہ پیشاب سے فارغ ہو گیا تو آپ نے پانی منگوایا اور اس کو پیشاب کی جگہ پر بہا دیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "یبول فی المسجد فقال دعوہ الخ"

تعدد موضعہ ومن اخرجہ غیرہ والحدیث ھٰھنا ص۳۵ ویاتی ایضاً ص۳۵ وص۸۹ واخرجہ مسلم ص۱۳۸ والنسائی ص۹ فی ترک التوقیت فی الماء ایضاً فی کتاب المیاہ ص۳۷ باب التوقیت فی الماء۔ وابوداؤد فی الطہارت ص۵۴ فی باب الارض یصیبہا البول۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد ایک عظیم اشکال کا ازالہ ہے۔ ابواب سابقہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ پیشاب کا معاملہ بہت اہم اور سنگین ہے کہ اس کی نجاست سے پاکی حاصل کرنا دھوئے بغیر ممکن نہیں۔ نیز پیشاب سے بے احتیاطی کی صورت میں عذاب قبر کا اندیشہ ہے اس پیشاب کی اہمیت اور تشدد کا تقاضہ تھا کہ مقدس ترین جگہ مسجد میں پیشاب کرنے والے دیہاتی کو سختی سے روک دیا جاتا لیکن یہاں معاملہ برعکس ہے۔

امام بخاری رح نے بتلایا کہ بعض مفاسد اور برائیوں کو دوسرے بڑے مفاسد اور برائیوں سے بچنے کیلئے اختیار کر لیا جاتا ہے، گویا ازالہ اشکال کیلئے امام نے ایک ضابطہ کیطرف اشارہ کر دیا۔ ضابطہ یہ ہے کہ "اذا ابتلی الانسان ببلیتین فلیختر اھونہما"، یعنی انسان جب دو مصیبتوں میں مبتلا ہو جائے تو اسے آسان مصیبت اختیار کرنی چاہیئے۔ کیوں کہ یہی تقاضائے عقل ہے اور یہی تقاضائے عبدیت۔ اب یہاں دو مصیبتیں ہیں، ایک مسجد کی تلویث اور دوسرے اعرابی کی جان کا اندیشہ یا سخت مرض کا خطرہ، تو مسجد تو

نجاست سے آلودہ ہو چکی ہے، کیوں کہ اعرابی نے پیشاب کرنا شروع کر دیا تھا، لیکن بیچ مسجد میں نہیں بلکہ مسجد کے ایک کنارے میں شروع کیا تھا۔ جیسا کہ آئندہ باب کی دوسری حدیث میں ہے "فبال فی طائفة المسجد" اور ابوداؤد ص۵۴ میں صاف ہے "لم یلبث أن بال فی ناحیة المسجد" یعنی اس اعرابی نے دیر نہیں کی مسجد کے ایک کنارے میں پیشاب کرنا شروع کر دیا۔

تو مسجد کا جتنا حصہ ناپاک ہوا تھا وہ تو ہو چکا تھا اور اسکی تطہیر وصفائی بھی کوئی مشکل نہیں لیکن اگر اسکو سختی کے ساتھ روکنے کی کوشش کیجاتی تو دو مفسدوں کا خطرہ تھا کہ یا تو اس پر خوف طاری ہوتا یا دوران پیشاب اس کو بند لگ جاتا، جس سے سخت بیماری بلکہ جان کا اندیشہ ہو جاتا۔ یا پھر وہ پیشاب کرتا ہوا ادھر اُدھر بھاگتا۔ جس سے اس کا کپڑا اور بدن ناپاک ہو جاتا اور پہلے جو پیشاب ایک کنارے میں تھا اب مسجد کے مختلف جگہوں میں پھیل جاتا، اس لئے ہلکی مصیبت کو اختیار کرتے ہوئے "دعوہ" یعنی اس کو چھوڑ دو، اس کو پیشاب کر لینے دو جب وہ فارغ ہو گیا تو آپؐ نے صحابہ کرام کو مسجد کی ناپاک شدہ جگہ کو پاک کرنے کا طریقہ بتلایا اور اس اعرابی کو بلا کر نرمی سے سمجھایا کہ مسجد میں نماز، تلاوت قرآن اور ذکر اللہ کے لئے تعمیر کیجاتی ہیں۔

بہرحال امام بخاریؒ نے تنبیہ کر دی کہ حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ کسی برائی کو روکنے کے لیے بڑی عقل وفہم اور مصلحت اندیشی کی ضرورت ہے۔

اعرابی کے معنی علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ اعرابی کی نسبت اعراب کی طرف ہے کیوں کہ اس کا واحد نہیں ہے دیہات کے باشندوں کو کہتے ہیں عربی ہو یا عجمی، اور عربی کی نسبت عرب کی طرف ہے جو شہر کے باشندوں کو کہتے ہیں۔ اور الف لام الاعرابی میں اور المسجد میں عہد ذہنی ہے (عمدہ) اس اعرابی (دیہاتی) کے تسمیہ وتعیین میں اقوال مختلف ہیں (۱) اقرع بن حابسؓ (۲) عیینہ بن حصنؓ (۳) ذوالخویصرہ یمانی، آخری قول راجح ہے۔

باب ۱۵۶

صَبِّ الْمَاءِ عَلَى الْبَوْلِ فِي الْمَسْجِدِ

مسجد میں پیشاب پر پانی بہا دینا

ربط ماقبل وجه المناسبة بين البابين ظاهرة لا تخفى وليس لذكر الباب فائدة وبدونه يحصل المقصود (عمدہ)

۲۱۸ حدثنا ابو اليمان قال أنا شعيب عن الزهري قال اخبرني عبيد الله

بن عبدِ اللّٰہِ بن عُتبۃَ بن مسعودٍ اَنّ ابا ھریرۃ قال قام اعرابیٌّ فبال فی المسجدِ فتناولہُ الناسُ فقال لھمُ النبیُّ صلے اللّٰہ علیہ وسلم دعوہُ وَھریقوا علٰی بولہٖ سجلاً مِن ماءٍ اَوْ ذنوبًا مِن ماءٍ فانما بُعِثتم مُیسّرِین ولم تبعثوا مُعسّرِین)

ترجمہ حضرت ابو ہریرہ رضؓ نے فرمایا کہ ایک اعرابی نے مسجد میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنا شروع کر دیا لوگوں نے اسے پکڑنا چاہا یعنی زبان سے روکنا چاہا جیسا کہ بعض روایت میں ہے کہ لوگوں نے کہا مَہ مَہ) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں سے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو اور (جہاں اس نے پیشاب کیا ہی) اس کے پیشاب پر پانی کا ایک بڑا ڈول بہادو. او ذنوبا من ماءٍ، (شک راوی کہ آپؐ نے سجل کا لفظ فرمایا یا ذنوب کا لفظ) کیوں کہ تم آسانی کے لئے بھیجے گئے ہو سختی کرنے کیلئے نہیں بھیجے گئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی قولہ ھریقوا علیٰ بولہ.

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا صـ۳۵ ویاتی فی الادب صـ۹۰۴ تا صـ۹۰۵ اس کے بعد سابق باب ملاحظہ فرمایئے

۲۱۹ (حدثنا عبدانُ قال انا عبدُ اللّٰہ قال انا یحییَ بنُ سَعیدٍ قال سمعتُ انسَ بن مالکٌ عن النبی صلے اللّٰہ علیہ وسلم ح وحدثنا خالدُ بنُ مَخلَدٍ قال حدثنا سُلیمانُ عن یحییَ بن سَعیدٍ قال سمعتُ انسَ بنَ مالکٍ قال جاءَ اعرابیٌّ فبالَ فی طائفۃِ المسجدِ فزجرہُ الناسُ فنھاھُمُ النبیُّ صلے اللّٰہُ علیہ وسلم فلمّا قضیٰ بَولَہٗ امرَ النبیّ صلے اللّٰہ علیہ وسلم بذنوبٍ مِن ماءٍ فاُھرِیقَ علیہِ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ کا بیان ہے کہ ایک اعرابی (دیہاتی) آیا اور اس نے مسجد نبوی کے ایک کونے میں پیشاب کرنا شروع کر دیا اس پر لوگوں نے اس کو ڈانٹا تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو (اس کے ڈانٹنے سے) منع فرمایا جب وہ پیشاب سے فارغ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈول پانی کا حکم دیا اور وہ ڈول اس کے پیشاب (کی جگہ) پر بہا دیا گیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی قولہ "امر النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم بذنوب من ماء فاھریق علیہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا صـ۳۵ ویاتی ج صـ۳۵ وصفحہ۸۹ باقی کیلئے حدیث صـ۲۱۷ ملاحظہ فرمایئے

تشریح اس حدیث میں فزجرہ الناس کے الفاظ ہیں اور اس سے قبل کی حدیث میں فتناولہ الناس ہے اور صحیح مسلم کے الفاظ ہیں فصاح بہ الناس ان تمام الفاظ کا مفہوم یہی ہے کہ صحابہ کرام رضؓ نے اس اعرابی کو جو کچھ کہا وہ زبان سے کہا کسی نے کوئی دست درازی نہیں کی جیسا کہ باب کی پہلی حدیث حدیث ۲۱۸

کے ترجمہ میں بین القوسین ذکر کردیا گیا ہے۔

ان تمام حدیثوں سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ نجاست سے اجتناب و پرہیز صحابہ کرام کے قلوب میں پہلے ہی سے پایا جاتا تھا اسی لئے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں بغیر آپ کی اجازت کے اعرابی کو روکا نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ امر بالمعروف کے ساتھ ساتھ نہی عن المنکر ایک شرعی اور اسلامی مطالبہ ہے۔

حضورؐ کی مشفقانہ نصیحت حضور اکرمؐ کے انداز تعلیم و مشفقانہ نصیحت سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ ناواقف آدمی کو نصیحت کرنے میں نرمی برتنی چاہیئے اور سختی و خفگی کے بغیر اسے ضروری تعلیم دینی چاہیئے جیسا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اس نومسلم اعرابی کے ساتھ معاملہ کیا نیز قرآن حکیم کا یہی حکم ہے۔ ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ ..

زمین پاک کرنے کے طریقے مع اقوال ائمہؒ حنفیہ کے نزدیک زمین پاک کرنے کے تین طریقے ہیں۔ ۱: زمین کے جس حصے میں نجاست لگی ہے تو اگر زمین نرم ہو تو اس پر پانی ڈالیں گے تاکہ وہ پانی اندر اتر جائے اور جب بالائی سطح پر نجاست کا کوئی اثر باقی نہ رہے تو زمین کی بالائی سطح پاک ہوجائے گی اور تسفل ماء یعنی پانی کا زمین کے اندر اتر جانا بمنزلہ عصر ثوب ہے کہ جس طرح ناپاک کپڑے کو پاک کرتے وقت نچوڑنا ضروری ہے اسی طرح یہاں پر پانی کا نیچے اترنا کپڑے کو نچوڑنے کے قائم مقام ہوگا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ زمین سخت ہو تو دو حال سے خالی نہیں ڈھلوان ہے یا ہموار سطح ہے اگر زمین ڈھلوان ہے تو اس کے نشیبی زمین میں گڑھا کھود دینگے اور اس پر تین بار پانی بہائینگے اس کے بعد گڑھے کو مٹی سے بھر دیں گے (تاکہ وہ جگہ بھی پاک ہوجائے)

اور اگر وہ سخت زمین کا حصہ ہموار سطح ہو تو پانی ڈالنے سے زمین پاک نہ ہوگی اس ناپاک جگہ کی مٹی کھود کر پھینکدینا ضروری ہے اور زمین کو اس جگہ تک کھودنا ضروری ہے جہاں تک نجاست کی تری کا اثر پہونچ گیا ہے

ائمہ ثلاثہؒ (امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ) کے نزدیک ہر قسم کی زمین صرف پانی بہا دینے سے پاک ہوجاتی ہے، ان حضرات کے نزدیک زمین کھودنے کی ضرورت نہیں نیز ان ائمہؒ کے نزدیک یبس سے بھی زمین پاک نہیں ہوتی اور یہ حضرات حدیث الباب سے استدلال کرتے ہیں۔

دلائل احنافؒ اس اعرابی والے قصہ میں ابوداؤد کی ایک روایت کے الفاظ ہیں: خذوا ما بال علیہ من التراب فالقوہ الخ ابوداؤد ص ۵۴ اس میں صاف ارشاد نبوی ہے کہ اعرابی نے جس جگہ پیشاب کیا ہے اس جگہ کی مٹی کھود کر باہر ڈال دو اور ادھر ادھر پانی بہا دو پھر اس کے بعد امام ابوداؤد نے مستقل باب قائم کیا ہے۔ باب فی طہور الارض اذا یبست اور اس کے تحت حضرت ابن عمرؓ

کی روایت نقل کی ہے جس کے الفاظ ہیں: کانت الکلاب تبول وتقبل وتدبر فی المسجد فلم یکونوا یرشون شیئا (ابوداود ص۵۵)

امام بیہقی نے یہ حدیث اپنی سنن کبری ص۴۲۹ میں کتاب الصلوٰۃ کے تحت درج کی ہے اس کے علاوہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ابو جعفر محمد بن علی الباقر کا اثر موجود ہے کہ قال زکوٰۃ الارض یبسہا (معارف السنن جلد اول) نیز مصنف ابن ابی شیبہ ہی میں محمد بن الحنیفہ اور ابو قلابہ کا بھی اثر موجود ہے کہ اذا جفت الارض فقد زکت۔

ابو قلابہ کا ایک اور اثر مصنف عبدالرزاق میں موجود ہے جفوف الارض طہورہا" (کذا فی معارف السنن ج ۱ ص۵۰۵)

نیز بعض دوسرے صحابہ وتابعین سے بھی اسی مفہوم کے اقوال منقول ہیں، یہ سب آثار خلاف قیاس ہونے کی بنا پر مرفوع کے حکم میں ہیں۔

حدیث الباب کا جواب یہ ہے کہ حصول طہارت کے مختلف طریقوں میں سے ایک صورت کا بیان ہے جو حنفیہ کے نزدیک بھی مسلم ہے لہذا حدیث الباب حنفیہ کے خلاف نہیں ہے اور حنفیہ کا عمل اپنے اپنے موقع کے مطابق تمام روایتوں پر ہے بخلاف حضرات شوافع رح وغیرہ کے کہ ان حضرات نے زمین کی طہارت کو صرف پانی بہادینے ہی میں موقوف کردیا ہے گویا یہ حضرات اعمال البعض واہمال البعض کے مرتکب ہوئے۔

مقام حیرت ہے کہ پھر بھی وہ حضرات اپنے کو اہل حدیث کہتے ہیں اور احناف کو اہل الرای سے ملقب کرتے ہیں جو بالکل انصاف کیخلاف ہے۔

(بَابُ بَوْلِ الصِّبْيَانِ) ۳۵

بچوں کے پیشاب کا بیان۔ یعنی پیشاب کے حکم کا بیان

ربط ماقبل مناسبت واضح ہے کہ ہر دو باب پیشاب کے حکم پر مشتمل ہے۔

۲۲۰ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِصَبِيٍّ فَبَالَ عَلَى ثَوْبِهِ فَدَعَا بِمَاءٍ فَأَتْبَعَهُ إِيَّاهُ

ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک بچہ لایا گیا اس نے آپ کے کپڑے پر پیشاب کردیا آپ نے پانی منگایا اور اس پر ڈال دیا۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة فی قوله " فبال علی ثوبه فدعا بماء فاتبعه اياه۔

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۳۵ ويأتی ص۸۱۲ وص۸۸۸ تا ص۸۸۸ وص۹۴۰ واخرجه مسلم ص۱۳۹ واخرجه النسائی وابن ماجه ايضا۔

۲۲۱ (حدثنا عبد الله بن يوسف قال انا مالك عن ابن شهاب عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ام قيس بنت محصن انها اتت بابن لها صغير لم يأكل الطعام الی رسول الله صلی الله عليه وسلم فاجلسه رسول الله صلی الله عليه وسلم فی حجره فبال علی ثوبه فدعا بماء فنضحه ولم يغسله)

ترجمہ حضرت ام قیس بنت محصن رضؓ سے روایت ہے کہ وہ اپنے ایک چھوٹے بچے کو جس نے ابھی کھانا نہیں کھایا تھا (یعنی شیر خوار تھا) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر آئیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنی گود میں بٹھالیا اس نے آپؐ کے کپڑے پر پیشاب کر دیا آپؐ نے پانی منگایا اور اس پر ڈال دیا اور اسے خوب اچھی طرح نہیں دھویا۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة فی قوله " فبال علی ثوبه فدعا بماء الخ۔

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۳۵ ويأتی ص۸۴۹ واخرجه مسلم فی الطهارة ص۱۳۹ وجلد ثانی ص۲۲۷ وابوداؤد اول ص۵۳ تا ص۵۴ والترمذی اول ص۱۱ وابن ماجه ص۴۰۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد شیر خوار بچوں کے پیشاب کا حکم بتلانا ہے کہ پاک ہے یا ناپاک؟ اگر ناپاک ہے تو طریقہ تطہیر (پاک کرنے کا طریقہ) کیا ہے؟

امام بخاریؒ اس مسئلہ میں جمہور کے ساتھ ہیں کہ بول صبی وصبیہ (بچہ اور بچی) دونوں نجس ہیں۔ امام بخاریؒ اس باب میں دو حدیثیں لائے ہیں جس سے صاف معلوم ہوا کہ شیر خوار بچہ کا پیشاب ناپاک ہے پہلی حدیث میں ہے اُتی بصبی، اور معلوم ہے کہ صبی کے معنی بچہ (لڑکا) ہے اسی طرح دوسری حدیث میں ابن کا لفظ ہے جو لڑکا ہی کیلئے خاص ہے اگر بول صبی ناپاک نہ ہوتا تو پانی ڈالنے کی کیا ضرورت تھی؟

اقوال فقہاءؒ ائمہ اربعہؒ اور جمہور فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ پیشاب بچہ کا ہو یا بچی کا دونوں ناپاک ہیں۔ البتہ داؤد ظاہریؒ بول صبی کی طہارت کے قائل ہیں۔

بعض حضرات (مثلاً قاضی عیاضؒ) نے نقل کر دیا ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک بول صبی طاہر ہے یہ نقل غلط ہے البتہ ائمہ اربعہ کے مابین بول صبی سے طہارت حاصل کرنے کے طریقہ میں اختلاف ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں

واعلم ان هذا الخلاف انما هو فی كيفية تطهير الشئ الذی بال عليه الصبی ولاخلاف فی نجاسته

وقد نقل بعض اصحابنا اجماع العلماء علی نجاسۃ بول الصبی وانہ یخالف الا داؤد الظاہری الخ (شرح مسلم ص۱۳۹)

امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک بول صبی کا غسل ضروری نہیں بس رش الماء یعنی صرف پانی کے چھینٹے مار دینا کافی ہے مگر اتنے چھینٹے مارے جائیں کہ نچوڑنے سے تقاطر ہو جائے۔

۲ امام اعظم ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، سفیان ثوریؒ اور فقہائے کوفہ کا مسلک یہ ہے کہ غسل یعنی دھونا ضروری ہے خواہ شیر خوار بچہ کا پیشاب ہو یا بچی کا، البتہ دھونے کے طریق میں فرق ہے کہ بچہ کے پیشاب میں بچی کے پیشاب کی طرح زیادہ مبالغہ کی ضرورت نہیں بلکہ غسل خفیف کافی ہے۔

حضرات شوافع وحنابلہ باب کی دوسری حدیث یعنی حدیث ۲۲۱ سے اور ان تمام روایات سے استدلال کرتے ہیں جن میں بول غلام کے ساتھ نضح یا رش کے الفاظ آئے ہیں جن کے معنی چھڑکنے اور چھینٹے مارنے کے ہیں۔

حنفیہ اور مالکیہ کا استدلال اول تو باب کی پہلی حدیث ۲۲۰ سے ہے جس میں اتبعہ ایاہ ہے جس کے معنی ہیں "اس پر پانی ڈال دیا" جو غسل پر صریح ہے ۲ دوسرا استدلال ان تمام احادیث سے ہے جن میں پیشاب سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے اور اسے نجس قرار دیا گیا ہے، یہ احادیث عام ہیں اور ان میں کسی خاص بول کی تخصیص نہیں۔

ان وجوہات کی بناء پر شوافعؒ کے استدلال کے جواب میں حنفیہؒ ومالکیہؒ فرماتے ہیں کہ جن احادیث میں نضح اور رش، کے الفاظ آئے ہیں ان کے ایسے معنی مراد لئے جائیں جو دوسری روایات کے مطابق ہوں۔ اور وہ معنی ہیں غسل خفیف اور صب الماء نضح اور رش غسل خفیف کے معنی میں بھی متعارف ہیں اور احادیث میں حضرات شوافعؒ نے نضح اور رش کو غسل کے معنی میں لیا ہے۔

مثلاً صحیح مسلم جلد اول ص۱۴۳ کی آخری حدیث "باب المذی" کے تحت حضرت علیؓ کی روایت ہے جس کا آخری جملہ ہے فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ وانضح فرجک۔
امام نوویؒ شافعیؒ تحریر فرماتے ہیں واما قولہ صلی اللہ علیہ وسلم وانضح فرجک فمعناہ اغسلہ فان النضح یکون غسلا ویکون رشا الخ (شرح مسلم ص۱۴۳) نیز مسلم شریف ص۱۴۰ باب نجاسۃ الدم کے تحت لکھتے ہیں ومعنی تنضحہ تغسلہ الخ

۲ خود امام شافعیؒ نے بعض مقامات پر نضح کو غسل خفیف کے معنی میں لیا جیساکہ ترمذی میں باب فی المذی یصیب الثوب کے تحت حضرت سہل بن حنیفؓ کی روایت ہے جس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مذی سے تطہیر کا طریقہ بتلاتے ہوئے فرمایا یکفیک ان تاخذ کفا من ماء فتنضح بہ ثوبک حیث تری انہ اصاب منہ۔

اس روایت کے تحت امام ترمذیؒ فرماتے ہیں قد اختلف اھل العلم فی المذی یصیب الثوب فقال بعضھم لایجزئ الا الغسل وھو قول الشافعی واسحٰق رحمہ اللہ (ترمذی ص۱۶) ایک حدیث میں ہے "انی لاعرف مدینۃ ینضح البحر بجانبیھا الخ" (طحاوی باب حکم بول الغلام والجاریۃ) آپؐ فرماتے ہیں کہ میں ایک ایسا شہر جانتا ہوں جس کی ایک جانب میں دریا بہتا ہے۔

یعنی اس روایت میں نضح بمعنی صبّ ہے

اسی طرح رش بھی احادیث میں بمعنی غسل مستعمل ہے چنانچہ بخاری اول ص۲۶ پر حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں ہے: ثم اخذ غرفۃ من ماء فرش علی رجلہ الیمنیٰ حتی غسلھا الخ جس طرح ان مقامات پر لفظ نضح اور لفظ رش کو غسل کے معنے میں لیا گیا ہے تو اگر مختلف روایات میں تطبیق کے لئے حنفیہ حدیث باب میں نضح کو غسل کے معنی میں لے لیں تو اس میں کیا حرج ہے اور تمام روایتوں پر عمل کیلئے ضروری و احوط یہی ہے۔

البتہ احادیث سے اتنی بات ضرور سمجھ میں آتی ہے کہ بول غلام اور بول جاریہ میں فرق ہے اور وہ یہ کہ بول جاریہ میں غسل شدید ہوگا جب کہ بول غلام میں غسل خفیف کافی ہے۔

اب یہاں ایک سوال یہ رہ جاتا ہے کہ غلام اور جاریہ کے بول میں فرق کیوں کیا گیا؟ اگرچہ وہ فرق حنفیہ کے نزدیک مبالغہ اور عدم مبالغہ ہی کا ہے۔

اس کے مختلف جوابات دیئے گئے ہیں جن میں بہتر یہ ہے کہ جاریہ کا بول زیادہ غلیظ اور نتن ہوتا ہے اور غلام کا اس درجہ میں غلیظ نہیں ہوتا۔

اور جب شیر خواری کی مدت گذر جائے تو غذا کے اثرات سے لڑکے کے پیشاب میں بھی غلظت پیدا ہو جاتی ہے اس لئے اس موقعہ پر کوئی فرق نہیں رہتا۔ واللہ اعلم

حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی گود میں جن بچوں نے پیشاب کیا ہے ان کے نام کسی شاعر نے ان اشعار میں جمع کر دئے ہیں ؎

قد بال فی حجر النبی اطفال   حسن حسین ابن الزبیر بالوا
وکذا سلیمان بن ھشام   وابن ام قیس جاء فی الختام

(باب البول قائما وقاعدا)

کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر پیشاب کرنا

ربط ماقبل | وجہ المناسبۃ بین البابین ظاھرۃ لان کلا منھما فی احکام البول وکذالک بینہ و

بین الباب الذی یأتی والذی یأتی بعدہ ایضا والحاصل ان ھنا تسعۃ ابواب کلھا فی احکام البول والمناسبۃ بینھا ظاہرۃ لا تخفی (عمدہ)

۲۲۲ (حدثنا آدم قال حدثنا شعبۃ عن الاعمش عن ابی وائل عن حذیفۃ قال اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم سباطۃ قوم فبال قائما ثم دعا بماء فجئتہ بماء فتوضأ)

ترجمہ حضرت حذیفہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لائے اور (وہاں) آپؐ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا پھر آپؐ نے پانی منگایا چنانچہ میں آپؐ کے پاس پانی لے کر آیا تو آپؐ نے وضو فرمایا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "فبال قائما"۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۵ ویاتی فی الباب الذی بعدہ ص۳۶ ایضا ص۳۶ ویاتی ایضا ص۳۳ تا ص۳۶ واخرجہ مسلم اول ص۱۳۳ وابوداود ص۴ وایضا ترمذی والنسائی وابن ماجہ۔

مقصد اس ترجمہ سے امام بخاریؒ کا مقصد یہ تبلانا ہے کہ ضرورت کے وقت کھڑے کھڑے بھی پیشاب کرنا جائز ہے اگرچہ مسنون یا مستحب تو یہ ہے کہ بیٹھ کر ہی کرنا چاہیئے۔ کیوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دائمی اور عام عادت مبارکہ یہی تھی کہ آپ ہمیشہ بیٹھ کر ہی پیشاب فرماتے تھے جیسا کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضؓ سے مروی ہے۔

عن عائشۃ قالت من حدثکم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یبول قائما فلا تصدقوہ وما کان یبول الا قاعدا (ترمذی اول ص۳ تا ص۴)

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ جو شخص تم سے یہ بیان کرے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے تو اس کی تصدیق مت کرو حضورؐ بیٹھ کر ہی پیشاب کیا کرتے تھے۔

مذاہب ائمہ حنفیہ و شافعیہؒ و جمہور علماء کے نزدیک بغیر عذر کے کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مکروہ تنزیہی ہے علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: وقالت عامۃ العلماء البول قائما مکروہ الا لعذر وھی کراھیۃ تنزیہ لا تحریم (عمدہ، وشرح مسلم النووی ص۱۳۳)۔

۲ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ اگر کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے پیشاب کرنے والوں کے جسم اور کپڑوں پر چھینٹیں نہ آئیں تو جائز ہے ورنہ مکروہ ہے ان کان فی مکان یتطایر الیہ من البول شئ فھو مکروہ فان کان لا یتطایر فلا باس بہ ہذا قول مالک (شرح نووی ص۱۳۳) ایضا عمدۃ القاری)

۳ امام احمدؒ وغیرہ کے نزدیک کھڑے ہو کر پیشاب کرنا علی الاطلاق جائز ہے بظاہر امام بخاریؒ نے اس بارے میں امام احمدؒ کا مسلک اختیار کیا ہے۔

سوال امام بخاری رحؒ نے ترجمۃ الباب میں پیشاب کرنے کی دو صورتوں کا ذکر کیا ہے ایک بول قائما، دوسرے بول قاعدا مگر روایت صرف بول قائما کی ذکر کی ہیں دوسرے کی نہیں؟

محدثین کرام سے مختلف جوابات منقول ہیں۔

۱ علامہ ابن بطال نے یہ جواب دیا کہ جب حدیث سے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی اجازت نکل آئی تو بیٹھ کر اس کا جواز بطریق اولیٰ ثابت ہو گا لہٰذا اس کے لئے حدیث ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی (فتح)

۲ بیٹھ کر پیشاب کرنا خود حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا دائمی عمل ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رضؓ کی حدیث مذکور سے معلوم ہوا اس لئے اثبات کی ضرورت نہیں۔

۳ امام بخاری رحؒ کے اصول میں سے ہے کہ اگر کسی صحیح حدیث سے استدلال ان کو پیش نظر ہوتی ہے اور وہ حدیث ان کی شرط کے موافق نہ ہو تو اس کو ترجمۃ الباب میں ذکر فرما دیتے ہیں۔

جمہور کی دلیل کراہت ۱ سیدنا عمر فاروق رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے دیکھا تو فرمایا "اے عمر کھڑے کھڑے پیشاب مت کر" اس کے بعد میں نے کبھی کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا (ترمذی ص۱ج۱)

۲ حضرت جابر رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے منع فرمایا (بیہقی)

تشریح مذکورہ تقاریر سے معلوم ہو گیا کہ حضرت حذیفہ رضؓ کی حدیث عذر پر محمول ہے خواہ گھٹنوں کے درد کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ جگہ نامناسب تھی کہ بیٹھ کر پیشاب کرنے میں پیشاب سے بچنا مشکل تھا۔ یا آپؐ نے بیان جواز کیلئے ایک مرتبہ قائما پیشاب فرمایا واللہ اعلم

(بَابُ ۱۵۹ الْبَوْلِ عِنْدَ صَاحِبِهٖ وَالتَّسَتُّرِ بِالْحَائِطِ) ص۲۵

اپنے ساتھی کے قریب اور دیوار کی آڑ میں پیشاب کرنا

ربط ماقبل والمناسبۃ بین البابین ظاہرۃ۔

۲۲۳ (حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ قال ثنا جریر عن منصور عن ابی وائل عن حذیفۃ قال رأیتنی انا والنبی صلی اللہ علیہ وسلم نتماشیٰ فاتی سباطۃ قوم خلف حائط فقام کما یقوم احدکم فبال فانتبذت منہ فاشار الی فجئتہ فقمت عند عقبہ حتی فرغ)

ترجمہ حضرت حذیفہ رضؓ کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا (یعنی مجھے یاد ہے) کہ میں اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم

(دونوں ملکر) چل رہے تھے کہ آپ ایک قوم کی کوڑی پر پہونچے ایک دیوار کے پیچھے. چنانچہ آپ اس طرح کھڑے ہوئے جس طرح تم میں سے کوئی کھڑا ہوتا ہے پھر آپ پیشاب کرنے لگے تو میں آپ سے ہٹ گیا پھر آپ نے اشارہ سے مجھکو بلایا تو میں آیا اور آپ کے پیچھے کھڑے ہو گیا یہاں تک کہ آپ پیشاب سے فارغ ہو گئے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ وھی فی الموضعین (عمدۃ) مطلب یہ ہے کہ اس ترجمہ میں دو مسائل ہیں ۱ ایک یہ کہ ساتھی کے قریب پیشاب کرنا اور دوسرا مسئلہ تستر بالحائط.

حدیث شریف سے دونوں ترجمے ثابت ہیں ایک تو حضرت حذیفہؓ کا قول قمت عند عقبۃ حتی فرغ» اور دوسرا مسئلہ اتی خلف حائط فقام۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھھنا ملا۳ و مر مت۳۵ و یاتی ملا۳۶ و مت۳۳۵

مقصد ترجمہ | حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں:۔

الغرض من عقد الباب ان ما نقل عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ اذا تبرز ابعد فی المذھب لخصوص بالغائط لانکشاف العورۃ من کلا الجانبین واما عند البول فیجوز ان یبول مستترا بالحائط وصاحبہ خلفہ۔

امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ قضاء حاجت کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور تشریف لیجانے کا تعلق پیشاب سے نہیں براز (پاخانہ) سے ہے کیونکہ اس میں دونوں طرف سے ستر کھل جاتا ہے اور پیشاب میں جائز ہے کہ ایک طرف (سامنے) دیوار کا ستر ہو اور اس کے پیچھے اس کا ساتھی کھڑا ہو، مطلب یہ ہے کہ پیشاب کے لئے دور جانا ضروری نہیں۔

(بَابُ۱۶۰ البَولِ عِندَ سُبَاطَۃِ قَومٍ)

کسی قوم کی کوڑی پر پیشاب کرنا

ربط ماقبل | وجہ المناسبۃ بین البابین ظاہرۃ لان کلا منہما علی احکام البول.

۲۲۴ (حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَۃَ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اَبِی وَائِلٍ قَالَ کَانَ اَبُو مُوسَی الاَشْعَرِیُّ یُشَدِّدُ فِی البَوْلِ وَیَقُولُ اِنَّ بَنِی اِسْرَائِیْلَ کَانَ اِذَا اَصَابَ ثَوْبَ اَحَدِہِمْ قَرَضَہُ فَقَالَ حُذَیْفَۃُ لَیْتَہُ اَمْسَکَ اَتَی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُبَاطَۃَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا)

ترجمہ | ابو وائل (شفیق) سے روایت ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ پیشاب کے معاملہ میں سختی کرتے تھے اور

کہتے تھے کہ بنی اسرائیل میں جب کسی کے کپڑے پر پیشاب لگ جاتا تو وہ اس کو کاٹ ڈالتے تھے، حضرت حذیفہ رضؓ نے فرمایا کاش ابوموسیٰ رضؓ اس سختی سے باز رہتے (کیوں کہ) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لائے اور آپؐ نے وہاں کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

مطابقتہ للترجمہ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا ص۳۶ و مر ص۳۵ و ص۳۶ ویاتی ص۳۳۵

مقصد ترجمہ | حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحؒ اپنے رسالہ شرح تراجم ابواب صحیح البخاری میں فرماتے ہیں۔

قصد المؤلف اثبات ان البول علی سباطۃ قوم غیر محتاج الی الاستیذان منھم لان سباطۃ القوم غالبا یکون محلا للانجاس فلا ضرر لھم بذالک۔

امام بخاری رحؒ کا مقصد اس بات کا اثبات ہے کہ کسی قوم کی کوڑی پر پیشاب کیلئے ان سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ لوگوں کے یہاں کوڑی ہوتی ہے گندگیوں کو جمع کرنے کیلئے اس لئے اس سے ان لوگوں کو کوئی ضرر و نقصان نہیں ہے۔

تشریح | حدیث تو وہی قدیم ہے جو ابواب سابقہ میں مذکور ہوئی لیکن ایک اشکال دفع کرنے کے لئے امام بخاری رحؒ نے جدید ترجمہ قائم کر دیا۔

اشکال یہ ہوتا ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے دوسرے کی زمین (کوڑی) پر بلا اجازت کس طرح پیشاب فرمایا خصوصاً دیوار کے قریب؟

اسی اشکال کو دفع کرنے کیلئے امام بخاری رحؒ نے ترجمۃ الباب قائم فرمایا جیساکہ شاہ صاحبؒ کی مذکورہ بالا تقریر سے واضح ہوگیا۔

اشکال مذکور کے اور بھی جواب منقول ہیں مثلاً سباطہ کی اضافت قوم کی طرف تخصیص کیلئے ہے تملیک کیلئے نہیں یعنی عام طور پر کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ کسی کی مملوک نہیں ہوتی بلکہ بنجر زمین رفاہ عام کے لئے ہوتی ہے۔

۲ اگر مملوک بھی ہو تو اجازت متعارفہ ایسے موقعہ پر کافی ہوتی ہے۔

۳ ممکن ہے کہ حضور اکرم صؐ نے اجازت لی ہو کیوں کہ عدم ذکر عدم کو مستلزم نہیں۔

۴ حضور اقدس صؐ کیلئے امت کے مال میں اس طرح کے تصرف کا حق ہے اس لئے کہ آپؐ کی شان میں ارشاد الٰہی ہے:

النبیّ اولیٰ بالمؤمنین من انفسھم واموالھم۔

(بَابُ¹⁶¹ غَسلِ الدَّمِ)

خون کا دھونا

ربط ماقبل والمناسبة بین البابین ظاھرۃ لان کلا منھما فی بیان ازالۃ النجاسۃ ففی الاول عن البول والثانی عن الدم وکلاھما فی النجاسۃ سواء (عمدۃ القاری)

۲۲۵ (حدثنا محمد بن المثنی قال حدثنا یحیی عن ھشام قال حدثتنی فاطمۃ عن اسماء قالت جاءت امرأۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت أرأیت احدانا تحیض فی الثوب کیف تصنع قال تحتہ ثم تقرصہ بالماء وتنضحہ بالماء وتصلی فیہ)

ترجمہ حضرت اسماءؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی (وہ خود حضرت اسماءؓ تھیں) کہنے لگیں بتلائیے ہم میں سے کسی عورت کو کپڑے میں حیض آتا ہے (یعنی حیض کا خون کپڑے میں لگ جاتا ہے) وہ کیا کرے؟ آپؐ نے فرمایا اس کو کھرچ ڈالے پھر پانی ڈال کر رگڑے اور پانی سے دھو ڈالے اور اس میں نماز پڑھ لے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ وتنضحہ بالماء ای تغسلہ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۶ ویاتی فی کتاب الحیض ص۴۵ ومسلم ص۱۴۰ وابوداؤد ص۵۲ والترمذی ص۲۰۔

۲۲۶ (حدثنا محمد قال انا ابومعاویۃ قال حدثنا ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت جاءت فاطمۃ بنت ابی حبیش الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یارسول اللہ انی امرأۃ استحاض فلا اطھر افادع الصلوۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا انما ذلک عرق ولیس بحیض فاذا اقبلت حیضتک فدعی الصلوۃ واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم ثم صلی قال وقال ابی ثم توضئی لکل صلوۃ حتی یجیئ ذلک الوقت)

ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ ابوحبیش کی بیٹی فاطمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ! میں ایک ایسی عورت ہوں جسے استحاضہ کا عارضہ ہے اسلئے میں پاک نہیں ہوتی ہوں تو کیا میں نماز چھوڑ دوں؟ آپؐ نے فرمایا نہیں (نماز مت چھوڑ) یہ ایک رگ کا خون ہے اور حیض نہیں ہے پھر جب تیرے (معمول کے) حیض کے دن آئیں تو نماز چھوڑ دے اور جب یہ ایام (ایام حیض) گذر

جائیں تو خون (اپنے بدن اور کپڑے سے) دھو ڈال پھر نماز پڑھ۔ ہشام نے کہا کہ میرے والد (عروہ) نے کہا کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے (یہ بھی) فرمایا پھر ہر نماز کیلئے وضو کرتی رہ یہانتک کہ وہی (حیض کا وقت) پھر آجائے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ فی قولہ فاغسلی عنك الدم۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۶ ویاتی فی کتاب الحیض ص۴۴ و ص۴۶ و ص۴۷ ایضا ص۴۷۔

مقصد ترجمہ امام بخاری پیشاب کی نجاست بیان کرنے کے بعد اب خون کی نجاست بیان کر رہے ہیں یعنی کلاھما فی النجاسۃ سواء۔ مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ خون ہر قسم کا ناپاک ہے خواہ حیض کا خون ہو یا استحاضہ کا یا کسی اور مقام کا دھونے کے علاوہ ازالہ نجاست کی کوئی صورت نہیں۔

تشریح امام بخاری نے اس باب میں دو حدیثیں نقل کی ہیں اور دونوں سے صاف معلوم ہوا کہ خون ناپاک ہے چنانچہ دونوں حدیثوں میں دھونے کی صراحت ہے پہلی حدیث میں تنضحہ (بفتح الضاد المعجمۃ) بمعنی تغسلہ ہے یعنی یہاں نضح کا ترجمہ بالاتفاق دھونے کا کیا گیا ہے البتہ اس میں اختلاف ہے کہ اسکی کتنی مقدار معاف ہے کہ اس کو نہ دھونا بھی جائز ہے۔

مذاہب ائمہ علامہ عینی لکھتے ہیں کہ علماء کوفہ (یعنی امام اعظم، سفیان ثوری وغیرہ) کے نزدیک خون ہو یا دوسری نجاست قلیل مقدار درہم سے کم معاف ہے۔

امام شافعی کے نزدیک قلیل و کثیر میں کوئی فرق نہیں کم ہو زیادہ دھونا پڑے گا اس کی موجودگی میں نماز نہ ہوگی۔
امام ترمذی فرماتے ہیں: وقال الشافعی یجب علیہ الغسل وان کان اقل من قدر الدرھم وشدد فی ذالك (ترمذی اول ص۲۰)

امام مالک فرماتے ہیں کہ قلیل خون معاف ہے دوسری نجاستوں کا قلیل بھی معاف نہیں (عمدہ)

حنفیہ کی دلیل دم حیض کے بارے میں قلیل مقدار کے معاف ہونے دلیل یہ ہے:
۱۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ ہمارے پاس (حضور کے زمانہ میں) عموماً ایک ہی کپڑا ہوتا تھا اسی میں حیض بھی ہوتا تھا تو جب اس میں کچھ خون لگ جاتا تو تھوک لگا کر ناخن سے کھرچ دیتی (بخاری اول ص۴۵ ایضا ابوداؤد ص۵۲)

علامہ عینی نے اس حدیث کو نقل کر کے لکھا کہ یہ حدیث صاف طور پر قلیل و کثیر کا فرق بتلا رہی ہے اور اسی لئے امام بیہقی شافعی نے بھی اس کو نقل کر کے اعتراف کیا کہ ایسی صورت قلیل خون میں ہوئی ہوگی جو معاف ہے۔ اور کثیر مقدار کے بارے میں حضرت عائشہ ہی سے مروی ہے کہ وہ اس کو دھوتی تھیں معلوم ہوا کہ اس باب کی حدیث ۲۲۶ کثیر خون کے متعلق ہے کیوں کہ حق تعالے نے اس کی نجاست میں مسفوح کی قید لگائی ہے جو کنایہ ہے کثیر سے باقی اقبال حیض وادبار حیض کی تفصیل کتاب الحیض میں آئے گی انشاء اللہ تعالے۔

(باب ۱۶۲ غسل المنی وفرکه وغسل ما یصیب من المرأۃ)

منی دھونے اور اسکے کھرچنے اور اس تری کے دھونے کا بیان جو عورت کی شرمگاہ سے (کپڑے کو یا بدن کو) لگ جائے

ربط ما قبل والمناسبة بين البابين ظاهرة لان كلا منهما في بيان ازالة النجاسة.
یا یوں کہا جائے کہ امام بخاری رح نے دم (خون) کے بعد منی کے مسئلہ کو بیان کیا کیوں کہ منی خون ہی سے بنتی ہے اور یہ منی خون کا نچوڑ اور لب لباب ہے (امداد)

۲۲۷ (حدثنا عبدان قال انا عبد الله بن المبارك قال انا عمرو بن ميمون الجزري عن سليمان بن يسار عن عائشة قالت كنت اغسل الجنابة من ثوب النبي صلى الله عليه وسلم فيخرج الى الصلوة وان بقع الماء في ثوبه)

ترجمہ حضرت عائشہ رض سے روایت ہے. فرماتی ہیں کہ میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے جنابت (یعنی منی کے دھبے) دھو ڈالتی تھی پھر آپ (اس کپڑے کو پہن کر) نماز کیلئے تشریف لے جاتے اور پانی کے دھبے آپ کے کپڑے میں ہوتے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في "كنت اغسل الجنابة" اى المنى-

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۳۶ ج ص۳۶ وفي باب اذا غسل الجنابة-الخ ص۳۶ وص۳۶ ومسلم في الطهارة صفحہ ۱۴۰۔

۲۲۸ (حدثنا قتيبة قال ثنا يزيد قال ثنا عمرو عن سليمان بن يسار قال سمعت عائشة ح وثنا مسدد قال ثنا عبد الواحد قال ثنا عمرو بن ميمون عن سليمان بن يسار قال سالت عائشة عن المني يصيب الثوب فقالت كنت اغسل من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم فيخرج الى الصلوة واثر الغسل في ثوبه بقع الماء)

ترجمہ سلیمان بن یسار رح (تابعی) کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رض سے اس منی کے متعلق پوچھا جو کپڑے کو لگ جائے تو حضرت عائشہ رض نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے (منی کو) دھو ڈالتی تھی پھر آپ ص نماز کیلئے نکلتے اور دھونے کے نشان پانی کے دھبے آپ کے کپڑے پر ہوتے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في "سالت عائشة عن المني يصيب الثوب فقالت كنت اغسل

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۳۶ ومر ص۳۶ وايضا يأتي ص۳۶ واخرجه مسلم ص۱۴۰ وابو داود ص۵۳

والترمذی ص۱۷۔

تشریح امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں تین۳ امور کا ذکر کیا ہے غسل منی (منی کا دھونا)
۲ فرک منی (منی کا کھرچ ڈالنا) ۳ غسل رطوبت فرج (یعنی عورت کی شرمگاہ سے جو منی لگ
جائے اس کا دھونا) مطلب یہ ہے کہ اس ترجمہ کے تین اجزاء ہیں۔

مگر اس کے تحت جو حدیثیں لائے ہیں بظاہر صرف اوّل سے مطابقت ہے چنانچہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: لم یطابق الحدیث الترجمۃ الا فی غسل المنی فقط (عمدہ)

لیکن حدیث پاک سے تیسرے جزء کی مطابقت ہوسکتی ہے کہ پہلی حدیث (حدیث ۲۲۷) میں کنت اغسل الجنابۃ کا لفظ ہے اور جنابت عام ہے خواہ مرد کی ہو یا عورت کی، لہٰذا حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھوڈالتی تھی خواہ وہ حضور اقدس ﷺ کی منی ہو یا میری یا دونوں کی مخلوط۔ اس حدیث میں جنابت سے مراد منی ہی ہے بلکہ اگر غور کیا جائے تو جماع کے وقت مرد کے کپڑے یا بدن پر عورت ہی کی جنابت لگے گی کیونکہ مرد کی جنابت تو رحم میں اندر کی جانب جاتی ہے البتہ مرد وعورت کی مخلوط منی مراد ہوسکتی ہے البتہ ترجمۃ الباب کے دوسرے جزء یعنی فرک منی کا اثبات مشکل ہے اس لئے حضرات شارحین حیران و پریشان ہیں، اس میں سب سے بہتر حافظ عسقلانیؒ کی بات ہے کہ امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب فرک منی کا ذکر کرکے ان احادیث کی جانب اشارہ کردیا جو حضرت عائشہ رضؓ سے غیر بخاری میں موجود ہیں ملاحظہ ہو۔ (ابوداؤد ج۱ ص۵۳ ابن ماجہ ص۴۰ اور نسائی وغیرہ) اس صورت میں ترجمۃ الباب کے تینوں امور حدیث سے ثابت ہیں۔

تفصیل مذاہب علامہ نوویؒ فرماتے ہیں: اختلف العلماء فی طہارۃ منی الآدمی فذہب مالک وابوحنیفۃ الی نجاستہ الخ

یعنی انسان کی منی کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے کہ پاک ہے یا ناپاک؟

امام اعظم ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ اور امام ابو یوسفؒ وغیرہ نجاست کے قائل ہیں لیکن امام اعظمؒ فرماتے ہیں کہ اس کی طہارت کیلئے فرک بھی کافی ہے اگر خشک ہو اور یہی ایک روایت امام احمدؒ سے بھی ہے۔

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ منی کا دھونا ضروری ہے خواہ خشک ہو یا تر یعنی صرف فرک کافی نہیں۔
(شرح مسلم ص۱۴۰ ج۱)

امام بخاریؒ کا مسلک بھی یہی ہے کہ منی ناپاک ہے جیسا کہ غسل المنی کے عنوان سے ظاہر ہے اور یہی مسلک ہے امام اوزاعی، سفیان ثوری وغیرہ جمہور کا۔

شوافع اور حنابلہ کا مشہور اور راجح قول یہی ہے کہ مرد اور عورت دونوں کی منی پاک ہے اور اسی کے قائل اسحاقؒ وداؤد ظاہریؒ ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ناپاک ہے جیسا کہ حنفیہ مالکیہ فرماتے ہیں۔ تیسرا قول یہ ہے کہ

مرد کی منی پاک ہے اور عورت کی ناپاک۔

شوافع اور حنابلہ کے استدلالات

۱. ارشاد الٰہی ہے: وھو الذی خلق من الماء بشرا (نور) اور وہی ہے جس نے پانی سے انسان پیدا کیا اس آیت میں منی کو پانی فرمایا گیا اور ظاہر ہے کہ پانی کا مشہور اور اصل طہارت ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ منی پاک ہے۔

۲. دوسرا استدلال ان حضرات کا احادیث فرک سے ہے جن میں منی کے فرک کا ذکر آیا ہے فرماتے ہیں کہ اگر منی ناپاک ہوتی تو فرک کافی نہ ہوتا کیوں کہ فرک میں بالکلیہ ازالہ نہیں ہوتا تو جس طرح پیشاب اور خون میں فرک کافی نہیں اسی طرح منی میں بھی فرک کافی نہیں ہونی چاہیئے اور چوں کہ منی میں فرک کافی ہے اس لئے معلوم ہوا کہ منی پاک ہے اور فرک (کھرچنا) نظافت کیلئے ہے۔

۳. ان حضرات نے ایک عقلی دلیل پیش کی ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسّلام کی تخلیق منی سے ہوئی ہے اور انبیاء کرام معصوم ہیں تو ہم ان کی اصل کو ناپاک کس طرح کہہ سکتے ہیں؟

حنفیہ و مالکیہ وغیرہ کے دلائل

۱. قرآن مجید میں منی کو ماء مہین کہا گیا ہے جو نجاست کی دلیل ہے

۲. دوسری دلیل حدیث الباب ہے حضرت عائشہ رض فرماتی ھیں کنت اغسل الجنابة الخ ظاہر ہے کہ اگر منی ناپاک نہ ہوتی تو دھونے کی کیا ضرورت تھی وہ بھی بالاستمرار۔

۳. حضرت عائشہ رض کی روایت ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یغسل المنی ثم یخرج الی الصلوٰۃ الخ (مسلم ج۱ ص۱۴۰)

۴. حضرت معاویہ رض سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی ہمشیرہ ام المؤمنین ام حبیبہ رض سے پوچھا کہ کیا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم اس کپڑے میں نماز پڑھ لیتے تھے جس میں جماع کرتے تھے؟ ام حبیبہ رض نے فرمایا "نعم اذا لم یر فیہ اذی (ابوداؤد ج۱ ص۵۳)

حضرت ام المؤمنین ام حبیبہ رض نے منی کو لفظ اذی سے تعبیر کیا ہے جس کے معنی ناپاکی و گندگی کے ہیں۔

۵. قیاس بھی مسلک حنفیہ و مالکیہ ہی کو راجح قرار دیتا ہے کیوں کہ بول مذی اور ودی سب بالاتفاق ناپاک ہیں حالاں کہ ان کے خروج سے صرف وضو واجب ہوتا ہے تو منی بطریق اولیٰ ناپاک ہونی چاہیئے کیوں کہ اس سے غسل واجب ہوتا ہے وغیر ذالک

قائلین طہارت کے جوابات

۱. آیت کریمہ سے استدلال کا جواب یہ ہے کہ جہاں یہ ارشاد الٰہی ہے: وھو الذی خلق من الماء بشرا، وہیں یہ بھی ارشاد ربانی ہے واللہ خلق کل دابۃ من ماء (نور) اور اللہ نے ہر چوپائے کو پانی سے پیدا کیا۔

اب اگر ماء (پانی) کہنے کی وجہ سے طہارت منی پر استدلال کیا گیا تو ہر جانور حتی کہ کتے اور سور کی منی کو بھی پاک کہنا پڑے گا جو بالاتفاق ناپاک ہے لہٰذا استدلال صحیح نہیں۔

۲ دوسرا استدلال ان حضرات کا احادیث فرک سے ہے۔
جواب یہ ہے کہ اگر احادیث فرک سے منی کو پاک کہا جائے تو انسان کے پیشاب اور پاخانہ کو بھی پاک کہنا پڑے گا۔ کیوں کہ پیشاب، پاخانہ میں استجمار (استنجاء بالاحجار) کافی ہے جس میں بالکلیہ ازالہ نہیں ہوتا حالاں کہ انسان کا بول وبراز بالاجماع ناپاک ہے، اصل بات یہ ہے کہ شرعی اعتبار سے تطہیر نجاست صرف پانی سے دھونے میں منحصر نہیں ہے بلکہ تطہیر نجاست کے بہت سے طریقے ہیں بعض جگہ غسل ضروری ہے اور بعض جگہ نہیں جیسے راستہ چلتے وقت جوتے کے نیچے نجاست کا لگ جانا۔ اسی طرح آئینہ اور تلوار میں نجاست لگ جائے تو صرف پونچھنے سے یہ چیزیں پاک ہو جاتی ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی ہے:

اذا وطئ الاذی بخفیه فطهورهما التراب۔ جب موزوں کے نیچے نجاست لگ جائے تو اس کو پاک کرنیوالی مٹی ہے (ابوداؤد ج ۱ ص ۵۵)

نیز روئی کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو دھن دیا جائے۔ زمین یبس (سوکھنے) سے پاک ہو جاتی ہے وغیرہ یا نکل اسی طرح منی سے طہارت حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ فرک کر دیا جائے بشرطیکہ وہ خشک ہو گئی ہو۔

۳ تیسرا استدلال عقلی ہے جس کا جواب یہ ہے کہ یہاں انبیاء کرام علیہم السلام کی منی سے بحث نہیں ہے جن مبارک نطفوں سے انبیاء کرام علیہم السلام کی تخلیق ہوئی ہے وہ عام انسانوں کے نطفوں کی طرح ناپاک نہ کہا جائے تو ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہماری بحث امت کی منی کے متعلق ہے۔
۲ جن منی سے ابوجہل، فرعون وغیرہ کی تخلیق ہوئی ہے ہم اس کو کس طرح پاک کہہ سکتے ہیں جب کہ یہ سب جہنمی ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(باب ۱۶۳ اذا غسل الجنابة او غيرها فلم يذهب اثره)

جب کوئی منی یا اسکے علاوہ دوسری نجاست (مثلاً حیض کا خون) دھوئے اور اس کا اثر زائل نہ ہو

۲۲۹ (حدثنا موسى بن اسماعيل قال ثنا عبد الواحد قال ثنا عمرو بن ميمون قال سمعت سليمان بن يسار في الثوب تصيبه الجنابة قال قالت عائشة كنت اغسله من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم يخرج الى الصلوة واثر الغسل فيه بقع الماء)

ترجمہ عمرو بن میمون کا بیان ہے کہ میں نے سلیمان بن یسار سے سنا وہ کہتے تھے کپڑے میں جب جنابت (یعنی منی) لگ جائے تو اس باب میں حضرت عائشہ رضؓ نے یہ فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے اس کو دھو ڈالتی تھی پھر آپ ﷺ نماز کے لئے نکلتے اور دھونے کا نشان یعنی پانی کے دھبے اس کپڑے میں رہتے۔

ربط و مقصد امام بخاری رحؒ پیشاب، خون اور منی کی ناپاکی بیان کرنے کے بعد اب یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر یہ ناپاکیاں قاعدہ کے مطابق دھولی جائیں اور اس کے باوجود بھی ان کا کوئی اثر یا دھبہ رہ جائے تو اس سے کوئی نقصان نہیں کپڑا پاک ہو گیا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ملا۳ و مر مراراً ص۳۶

۲۳۰ (حدثنا عمرو بن خالد قال ثنا زھیر قال ثنا عمرو بن میمون بن مھران عن سلیمٰن بن یسار عن عائشۃ انھا کانت تغسل المنی من ثوب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم اراہ فیہ بقعۃ او بقعا)

ترجمہ سلیمان بن یسار نے حضرت عائشہ رضؓ سے نقل کیا کہ وہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھو ڈالتی تھیں۔ پھر اس کا ایک دھبہ یا کئی دھبے اس کپڑے میں دیکھتی۔

ترجمۃ الباب سے مطابقت ترجمۃ الباب سے دونوں حدیثوں کی مطابقت واضح ہے صرف اتنی بات قابل غور ہے کہ امام بخاری رحؒ نے ترجمہ میں منی کے ساتھ اوغیرھا سے دوسری نجاست کا بھی ذکر کیا ہے لیکن ترجمہ کے ذیل میں درج کیجانے والی دونوں روایتوں میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

دراصل امام بخاری رحؒ نے اوغیرھا کا لفظ بڑھا کر یہ تبلا دیا کہ یہ حکم صرف جنابت کے ساتھ مخصوص نہیں دوسری نجاستوں کا بھی یہی حکم ہے۔

چوں کہ یہ ایک ثابت شدہ حقیقت ہے اسلیے باب کی روایتوں میں اس کی تلاش کی ضرورت نہیں پایہ کہ جنابت کا حکم معلوم کرنے کے بعد دوسری نجاستوں کو بھی اس پر قیاس کرلیں۔

البتہ ابوداؤد میں خود حضرت صدیقہ رضؓ سے ایک روایت ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: یکفیک الماء ولایضرک اثرہ پانی کا استعمال تمہارے لئے کافی ہے اور اثر کا باقی رہ جانا نقصان دہ نہیں۔

حدیث الباب کے مسئلہ پر سابق باب میں تفصیل گذر چکی ہے۔

باب ۱۶۴ ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضھا وصلی ابوموسی فی دار البرید والسرقین والبریۃ الی جنبہ فقال ھھنا وثم سواء

اونٹ اور چوپایوں اور بکریوں کے پیشاب اور ان کے ٹھکانوں (رہنے کی جگہوں) کا بیان۔ اور حضرت ابوموسیٰ

اشعری رضؓ نے دار البرید میں نماز پڑھی جہاں گوبر تھا حالانکہ (صاف ستھرا) جنگل انکے قریب تھا پھر فرمایا یہ اور وہ دونوں برابر ہیں۔

۲۳۱ (حدثنا سلیمٰن بن حرب عن حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابۃ عن انس قال قدم اُناس من عُکلٍ او عُرَینۃ فاجتووا المدینۃ فامرھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلقاحٍ وان یشربوا من ابوالھا والبانھا فانطلقوا فلما صحّوا قتلوا راعی النبی صلی اللہ علیہ وسلم واستاقوا النعم فجاء الخبر فی اول النھار فبعث فی آثارھم فلما ارتفع النھار جیٔ بھم فامر فقطع ایدیھم وارجلھم وسُمِرت اعینھم واُلقوا فی الحرّۃ یستسقون فلا یسقون قال ابو قلابۃ فھٰؤلاء سرقوا وقتلوا وکفروا بعد ایمانھم وحاربوا اللہ ورسولہٗ)

ترجمہ حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ کچھ لوگ (قبیلہ) عکل یا عرینہ کے (مدینہ) آئے اور وہ لوگ مدینہ میں بیمار ہوگئے تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے انہیں دودھ والی اونٹنیوں میں جانے کا حکم دیا اور یہ کہ ان کے دودھ اور پیشاب پئیں چنانچہ وہ لوگ وہاں چلے گئے اور جب وہ تندرست ہوگئے تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ہانک لے گئے دن کے ابتدائی حصے میں (یعنی صبح کو) یہ خبر (مدینہ میں) پہونچی آپؐ نے ان کے پیچھے (سواروں کو) بھیجا جب دن چڑھ گیا تو وہ (مجرمین) خدمت اقدس میں لائے گئے آپؐ نے حکم دیا ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے گئے، ان کی آنکھیں پھوڑی گئیں اور مدینہ کی پتھریلی زمین میں ڈالدیئے گئے (پیاس کی شدت سے) وہ پانی مانگتے تھے مگر انہیں پانی نہیں دیا جاتا تھا۔ ابو قلابہ نے کہا (ایسی سخت سزا اس لئے ہوئی کہ) انہوں نے چوری کی اور خون کیا اور ایمان کے بعد کافر (یعنی مرتد) ہوگئے اور اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث فی قولہ "ان یشربوا من ابوالھا"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۶ ویاتی فی الزکوٰۃ ص۲۰۳ وفی الجھاد ص۴۲۳ وفی المغازی ص۶۰۲ وص۶۶۳، وص۸۴۸ ایضا ص۸۴۸ ص۸۵۳ وص۱۰۰۵ ایضا ص۱۰۰۵ ایضا ص۱۰۰۵ ایضا ص۱۰۰۵ وص۱۰۱۹۔

مسلم ثانی ص۵۷ ابوداؤد ثانی ص۶۰۰ ترمذی اول ص۱۱ ونسائی وابن ماجہ وغیرہ۔

۲۳۲ (حدثنا آدم قال ثنا شعبۃ قال انا ابو التیاح عن انس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی قبل ان یبنی المسجد فی مرابض الغنم)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مسجد بننے سے پہلے بکریوں کے تھانوں میں نماز پڑھا کرتے تھے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "فی مرابض الغنم"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۷ ویاتی ص۶۱ ومطولاً ص۵۹ مسلم اول ص۲۰
وترمذی اول ص۴۶۔

ربط ومقصد پچھلے ابواب میں انسانی پیشاب، خون، اور منی وغیرہ ناپاک چیزوں کا بیان تھا اب جانوروں کے پیشاب کا حکم بیان فرمارہے ہیں۔

حل الفاظ مَرَابِض۔ جمع مَرْبِض بفتح المیم وکسر الباء الموحدہ وہ جگہ جہاں بکریاں رکھی جائیں بکریوں کا طویلہ، بکریوں کا باڑ، جیسے معاطن اونٹوں کے رہنے کی جگہ۔

دارالبرید دارالبرید کے معنی ڈاک گھر، ڈاک بنگلہ، یہاں دارالبرید سے مراد کوفے میں ایک کنارے پر ایک مکان تھا جہاں سرکاری پیغام رساں اور افسران ٹھہرا کرتے تھے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی فاروقی دور خلافت سے لے کر حضرت عثمان رضی کے زمانے تک کوفہ کے حاکم رہے۔ بَرید کا اطلاق قاصد پر بھی ہوتا ہے اور بارہ میل کی مسافت پر بھی۔ (قس) چنانچہ امام مالک رح وامام احمد رح سے قصر صلوٰۃ کی مسافت چار برید منقول ہے اس حساب سے چار برید کے اڑتالیس ۴۸ میل ہوئے۔

والسِّرقین بکسر السین المہملہ وفتحہا وسکون الراء وبالقاف چوپائے کا پاخانہ، گوبر، لید اجتووا بالجیم وواوین ای اصابہم الجوی الخ (قس) یعنی یہ لوگ مرض الجوار میں مبتلا ہو گئے تھے، مرض الجوار پیٹ کی ایک بیماری ہے جس میں پیٹ پھول جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے، بعض حضرات نے ترجمہ کیا ہے ان لوگوں نے مدینہ طیبہ کی آب وہوا کو اپنے لئے ناموافق پایا۔ یہ معنی راجح ہے کیوں کہ کتاب المغازی ص۶۰۲ کی روایت میں اجتووا کی جگہ استوخموا المدینۃ آیا ہے جس کے معنی ہیں "انہوں نے اپنی صحت کے لئے آب وہوا کو ناموافق پایا۔

تشریحات امام بخاری رح نے اگرچہ یہ تصریح نہیں کی ہے کہ ماکول اللحم جانوروں کے پیشاب و پاخانے پاک ہیں یا ناپاک؟ لیکن باب کے تحت حضرت ابوموسیٰ اشعری رض کا جو عمل اور پھر جو دو حدیثیں لائے ہیں ان سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ امام بخاری رح کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کا بول و براز (پیشاب و پاخانہ) پاک ہے یعنی مالکیہ کی موافقت کر رہے ہیں۔

تفصیل مذاہب امام اعظم ابوحنیفہ رح، امام شافعی رح، امام ابویوسف رح اور جمہور کے نزدیک تمام جانوروں کا بول و براز ناپاک ہے خواہ ماکول اللحم ہو یا غیر ماکول اللحم۔

۲ امام مالک رح، امام محمد رح، امام زفر رح نیز فی قول امام احمد رح کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب پاک ہے اور یہی مسلک امام بخاری رح کا ہے بلکہ امام بخاری رح اور امام مالک رح کے نزدیک ماکول اللحم جانوروں کا پاخانہ بھی پاک ہے۔

امام بخاریؒ کا پہلا استدلال امام بخاریؒ نے سب سے پہلے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کے عمل سے استدلال کیا ہے کہ حضرت ابو موسیٰؓ نے دار البرید میں نماز پڑھی جہاں گوبر تھا یہ مفہوم اس وقت ہوگا جبکہ والسرقین کو جر کے ساتھ پڑھیں گے ای فی دار البرید والسرقین، مگر اس سے سرقین (گوبر) کی طہارت ثابت کرنا مشکل ہے کیوں کہ اسوقت مطلب ہوگا۔ صلی ابو موسیٰ فی السرقین الخ اور یہ معلوم ہے کہ ظرفیت میں توسع ہے ہو سکتا ہے کہ گوبر قریب میں رہا ہو اور قریب کو فی السرقین سے تعبیر کر دیا گیا یا چٹائی یا کوئی کپڑا بچھا کر نماز پڑھی ہو فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال اور صاف اور قوی بات یہ ہے کہ فی البرید والسرقین محض محاورت کی وجہ سے کہدیا عین سرقین پر نماز پڑھنا مراد نہیں، کوئی نظیف الطبع کیسے گوارہ کرے گا جب کہ صاف جگہ پاس ہی موجود ہو اور اگر والسرقین کو مرفوع پڑھیں جیسا کہ عمدۃ القاری وغیرہ کا نسخہ ہے اور یہی رفع والی روایت راجح ہے اس صورت میں نماز پڑھی والسرقینُ والبریۃُ الی جنبہ اور ان کے پاس گوبر اور (صاف ستھرا) جنگل تھا۔

قائلین طہارت کا دوسرا استدلال یہ حضرات طہارت ابوال کیلئے عرنیین کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جو سنہ ۶ ھ میں قبیلہ عکل وعرینہ کے آٹھ آدمی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کیخدمت اقدس میں حاضر ہوئے قصہ کی پوری تفصیل کے لئے نصر الباری کتاب المغازی صفحہ ۲۵۴ تا صفحہ ۲۵۵ ملاحظہ فرمائیے۔

قائلین طہارت استدلال کرتے ہیں فامرھم النبی صلے اللہ علیہ وسلم بلقاح وان یشربوا من ابوالھا الخ اگر اونٹوں کا پیشاب ناپاک ہوتا تو پیغمبر اسلام صلے اللہ علیہ وسلم پیشاب پینے کا حکم نہ فرماتے معلوم ہوا کہ اونٹ جو ماکول اللحم ہے اس کا پیشاب پاک ہے۔

جواب: اس سے عام حالات میں استدلال درست نہیں ہے اسلئے کہ فامرھم النبی ؐ سے پہلے یہ بھی تو دیکھنا چاہیئے تھا فاجتووا المدینۃ (یعنی وہ لوگ مدینہ میں بیمار ہو گئے) پس معلوم ہوا کہ حضور اکرم ؐ نے ضرورتاً بطور علاج پیشاب پینے کی اجازت دی فلیس فیہ دلیل علی انہ یباح فی غیر حال الضرورۃ الخ علامہ عینی فرماتے ہیں: والجواب المقنع فی ذالک انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام عرف بطریق الوحی الخ یعنی کافی اور شافی جواب یہ ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ معلوم ہو گیا تھا کہ ان لوگوں کی بیماری کا علاج اسی میں ہے کہ ان لوگوں کو اونٹ کے دودھ اور پیشاب پلائے جائیں اس کے بغیر ان کی شفا اور زندگی ممکن نہیں، یہ اجازت ایسی ہی ہے جیسے حالت اضطرار میں بقدر سدِّ رمق اکل میتۃ والخمر کی اجازت ہے۔

اگر آج بھی کوئی حاذق طبیب، معالج حکم دے کہ اس ناپاک چیز کے علاوہ اس مہلک مرض کا علاج ممکن

نہیں تو بلاشبہ آج بھی جائز ہے اس سے طہارت پر استدلال قطعاً درست نہیں۔
بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ استنزھوا من البول سے منسوخ ہے۔

حنفیہ اور جمہور کے دلائل ملاحظہ فرمایئے نصر الباری جلد دوم باب ۱۵۲ اور باب ۱۵۳

مسئلہ پر اعتراض وجواب دیکھیے نصر الباری کتاب المغازی صفحہ ۲۵۷

قائلین طہارت کا تیسرا استدلال باب کی دوسری حدیث سے ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد بننے سے پہلے مرابض غنم میں نماز پڑھتے تھے۔

اور ظاہر بات ہے کہ مرابض غنم (بکریوں کے رہنے کی جگہ) میں بکریوں کا پیشاب اور پائخانہ بھی ہوتا ہے پس معلوم ہوا کہ بکریوں کا پیشاب پاخانہ پاک ہے ورنہ نماز پڑھنا کیسے صحیح ہوتا؟

جواب: اگر مرابض غنم میں نماز کی اجازت سے پیشاب و پائخانہ کی طہارت پر استدلال درست مان لیا جائے تو لازم آئے گا کہ اونٹ کا پیشاب پاخانہ ناپاک ہو کیوں کہ مبارک ابل (اونٹوں کے طویلے) میں نماز پڑھنے سے منع کیا گیا ہے۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ مرابض غنم میں اجازت اور معاطن ابل میں ممانعت کی علت طہارت و عدم طہارت نہیں ہے بلکہ اصل سبب یہ ہے کہ بکری سیدھی سادھی بے ضرر جانور ہے بخلاف اونٹ کے کہ کبھی درندوں کی طرح کی خطرناک ہوجاتا ہے۔

علامہ عینیؒ نے مرابض غنم میں نماز پڑھنے اور معاطن ابل میں نہ پڑھنے کے متعلق چند احادیث جمع کردی ہیں جن سے اس تفریق کی وجہ واضح ہوجاتی ہے۔

(۱) عن ابی زرعۃ مرفوعاً الغنم من دواب الجنۃ فامسحوا رغامہا وصلوا فی مرابضہا" بکریاں جنت کے چوپایوں میں سے ہیں ان کی رینٹ صاف کردیا کرو اور ان کے باڑوں میں نماز پڑھ لیا کرو

(۲) وعند البزار فی مسندہ واحسنوا الیہا واميطوا عنہا الاذی۔ بکریوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو (یعنی پیار کرو) اور ان کے ارد گرد سے گندگی دور کردیا کرو)

(۳) وفی حدیث عبداللہ بن مغفلؓ صلوا فی مرابض الغنم ولا تصلوا فی اعطان الابل فانہا خلقت من الشیاطین، قال البیہقی کذا رواہ جماعۃ (بکریوں کے باڑوں میں نماز پڑھ لیا کرو مگر اونٹوں کے طویلے میں مت پڑھو کیوں کہ ان کی پیدائش شیاطین سے ہے)

(۴) ایک حدیث کے کلمات یہ ہیں: اذا ادرکتکم الصلوٰۃ وانتم فی مراح الغنم فصلوا فیہا فانہا سکینۃ وبرکۃ واذا ادرکتکم الصلوٰۃ وانتم فی اعطان الابل فاخرجوا منہا فانہا جن خلقت من الجن الاتری انہا اذا نفرت کیف تشمخ بانفہا"

(عمدۃ القاری پاکستان ص ۱۵۷/۳)

جب نماز کا وقت آجائے اور تم بکریوں کے باڑے میں ہو تو وہیں نماز پڑھ لو اس لئے کہ بکریوں میں سکینت وبرکت ہے اور جب نماز کا وقت ایسے وقت میں آجائے کہ تم اونٹ کے طویلہ میں ہو تو وہاں سے نکل جاؤ کیوں کہ وہ جن ہیں اور جن سے پیدا کئے گئے ہیں تم نہیں دیکھتے کہ جب وہ بگڑتے ہیں تو کیسے ناک چڑھاتے ہیں یعنی سخت غضبناک ہو جاتے ہیں۔

ایک حدیث مؤطا امام محمد میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔

احسن الی غنمك واطب مراحها وصل في ناحيتها فانها من دواب الجنة (موطا امام محمد ص۱۲۵)

اپنی بکریوں سے اچھا سلوک کرو ان کے رہنے کی جگہ صاف رکھا کرو اور اس کے گوشے میں نماز پڑھ لیا کرو کیوں کہ یہ جنت کے چوپایوں میں سے ہیں۔

اس حدیث سے نے پوری وضاحت کردی کہ مرابض غنم میں نماز پڑھنے کا مطلب یہ نہیں کہ جہاں بکریوں کے پیشاب و مینگنیاں ہوں وہاں پڑھو بلکہ مراد یہ ہے کہ اس کے صاف ستھرے گوشے میں پڑھو۔

باب ۱۶۵ ما يقع من النجاسات في السمن والماء وقال الزهري لا باس بالماء مالم يغيره طعم او ريح او لون وقال حماد لا باس بريش الميتة وقال الزهري في عظام الموتى نحو الفيل وغيره ادركت ناسا من سلف العلماء يمتشطون بها ويدهنون فيها لا يرون به باسا وقال ابن سيرين وابراهيم لا باس بتجارة العاج

وہ نجاستیں جو گھی یا پانی میں گر جائیں (تو اس کا کیا حکم ہے؟) زہری رحؒ نے کہا جبتک پانی کا مزہ یا بو یا رنگ نہ بدلے (نجاست پڑجانے کے باوجود) اس میں کچھ حرج نہیں۔ اور حماد بن ابی سلیمان نے کہا پانی میں مردار کے بال وپر پڑجانے سے کچھ حرج نہیں (یعنی مردار کے بال وپر پاک ہیں) اور زہریؒ نے کہا مردار کی ہڈیوں کے بارے میں جیسے ہاتھی دانت وغیرہ کے بارے میں کہا کہ میں نے اگلے کئی عالم لوگوں کو دیکھا کہ وہ ان سے کنگھی کرتے تھے اور ان میں تیل رکھتے تھے وہ حضرات ان میں کچھ حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور محمد بن سیرینؒ اور ابراہیم نخعیؒ نے کہا کہ ہاتھی دانت کی تجارت میں کچھ حرج نہیں یعنی تجارت درست ہے۔

ربط ما قبل اور مقصد ترجمہ

پچھلے ابواب میں نجاستوں کا بیان تھا اب یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر کسی گھی میں یا پانی میں نجاست پڑجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ نجاست کے گرتے ہی ناپاک ہو جائے گا یا اس میں کچھ تفصیل وشرائط ہیں اگر ہیں تو کیا ہیں؟

اشکال وجواب

اشکال یہ ہے کہ یہ کتاب الوضو ہے وضو کی مناسبت سے پانی کے مسائل واحکام تو بیان کئے جاسکتے ہیں مگر سمن (گھی) کا بیان بے محل وباعث اشکال ہے۔

جواب:- امام بخاریؒ کا مقصد پانی کا مسئلہ میں بیان کرنا ہے مگر پانی کے متعلق جتنی روایات واحادیث

آئی ہیں مثلاً حدیث قلتین یا حدیث بیر بضاعہ بخاری کی شرط پر تو کیا عند المحدثین متکلم فیہ ہیں اسلئے بخاری وہ احادیث تو لا نہیں سکتے اور مسئلہ بیان کرنا چاہتے ہیں اسلئے سمن کی حدیث جو بخاری کے شرط پر تھی اس سے اخذ کر کے پانی کا مسئلہ بیان کر دیا۔

۲۳۳ (حدثنا اسمٰعیل قال حدثنی مالک عن ابن شهاب عن عبید الله بن عبد الله عن ابن عباس عن میمونة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن فارة سقطت فی سمن فقال القوها وما حولها وكلوا سمنكم)

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ ایک چوہا گھی میں گر جائے (اور مر جائے) تو کیا کریں؟ آپ نے فرمایا اس چوہے کو پھینک دو اور آس پاس کے گھی کو بھی نکال پھینکو اور (باقی) اپنا گھی کھالو۔

مطابقۃ للترجمۃ: مطابقة الحديث للترجمة فی قوله سئل عن فارة سقطت فی سمن الخ

تعدد موضعہ: والحديث هٰهنا ص۳۷ ویاتی متصلا ص۳۷ وص۸۳۱ ایضا ایضا ـ وابوداؤد جلد ثانی کتاب الاطعمہ ص۵۳۷ وترمذی ثانی ابواب الاطعمہ ص۲ والنسائی وموطا امام مالک وغیرہ۔

۲۳۴ (حدثنا علی بن عبد الله قال ثنا معن قال ثنا مالک عن ابن شهاب عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة بن مسعود عن ابن عباس عن میمونة ان النبی صلى الله عليه وسلم سئل عن فارة سقطت فی سمن فقال خذوها وما حولها فاطرحوه وقال معن ثنا مالک ما لا احصيه يقول عن ابن عباس عن میمونة) ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس چوہے کے بارے میں پوچھا گیا جو گھی میں گر جائے (تو کیا کریں؟) آپ نے فرمایا کہ اس چوہے کو اور اسکے ارد گرد کے گھی کو لو اور پھینک دو معن کہتے ہیں کہ مالک نے ہم سے بیشمار مرتبہ یہ حدیث بیان کی وہ فرماتے تھے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ: مطابقة الحديث للترجمة فی سئل عن فارة الخ۔

تعدد الحدیث: باب کی پہلی حدیث یعنی حدیث ۲۳۳ دیکھئے۔

۲۳۵ (حدثنا احمد بن محمد قال انا عبد الله قال انا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم قال كل كلم يكلمه المسلم فی سبيل الله يكون يوم القيمة كهيئتها اذ طعنت تفجر دما اللون لون الدم والعرف عرف المسك)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی راہ میں مسلمان کو جو زخم لگتا ہے وہ قیامت کے دن اسی طرح (تازہ) ہو جائے گا جیسے اسوقت جب لگا تھا خون بہتا ہوگا اسکا رنگ تو خون کا ہوگا اور خوشبو مشک کی سی ہوگی۔

مطابقۃ للترجمۃ: ترجمۃ الباب سے اس تیسری حدیث کی مطابقت ومناسبت بظاہر سمجھ میں نہیں آتی۔

علامہ عینی رحمہ اللہ نے محدثین عظام کے مختلف اقوال تفصیل سے نقل فرما کر تبصرہ کیا ہے کہ ان میں سے کسی نے بھی صحیح وجہ پیش نہیں کی کہ امام بخاری رحمہ اللہ اس حدیث کو یہاں کیوں لائے ہیں؟ یہ حدیث دم شہید والی تو صرف شہید کی فضیلت ظاہر کرنے کیلئے تھی نجاست وطہارت کے باب سے اس کا کوئی تعلق نہیں تھا۔

دوسرے یہ کہ شہید کے بارے میں جو بات ذکر ہوئی ہے اس کا تعلق عالم آخرت سے ہے اور پانی کی طہارت ونجاست کے مسئلہ کا تعلق امور دنیا سے ہے اس کا اس سے کیا جوڑ؟

البتہ ایسے مواقع میں معمولی درجہ کی بھی معقول مناسبت نکل سکے تو وہ کافی ہے بہ نسبت غیر معقول مناسبت بعیدہ کے، لہٰذا میرے نزدیک درج ذیل وجہ کافی ہے۔

علامہ عینی کی توجیہ پانی کے احکام کا مدار نجاست کے ذریعہ تغیر آنے پر ہے کہ اسکی وجہ سے وہ قابل استعمال نہیں رہتا اس لئے کہ اسکی وہ صفت باقی نہیں رہی جس پر حق تعالےٰ نے اس کو پیدا فرمایا تھا۔

اسی کی ایک نظیر امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کردی کہ دم شہید میں بھی تغیر ہوتا ہے کہ اصل تو اسکی نجاست ہے جس پر خدا نے اس کو پیدا فرمایا مگر شہادت فی سبیل اللہ کے سبب اس میں تغیر آگیا جو فضل شہید ظاہر کرنے کیلئے قیامت کے دن سارے اہل محشر کو دکھلا دیا جائے گا اور اسکی لوئے مشک کے ذریعہ اس تغیر کو سب ہی محسوس کریں گے گویا امام بخاری رحمہ اللہ کو تغیر کے لئے ایک نظیر پیش کرنی تھی اور بس۔

خلاصہ یہ ہے کہ باب اور اس حدیث میں قدر مشترک یہ ہے کہ تغیر وصف مدار احکام ہے اس سے زیادہ مناسبت کی نہ ضرورت ہے نہ وہ نکل سکتی ہے یہی کافی وشافی ہے (عمدۃ القاری ص۱۶۴ ج۳)

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۷ ویاتی فی الجہاد ص۳۹۳ وفی الذبائح ص۸۳۰

پانی کے مسئلہ میں ائمہ کے مذاہب پانی کی طہارت ونجاست کا مسئلہ ائمہ عظام کے درمیان معرکۃ الآراء مسائل میں سے ہے چنانچہ سعایہ میں علامہ لکھنوی رحمہ اللہ نے پندرہ اقوال نقل کئے ہیں۔ اور بقول امام نووی رحمہ اللہ فقہاء کے اقوال بیس سے بھی متجاوز ہیں لیکن مشہور اقوال ومذاہب چار ہیں جو نقل کئے جارہے ہیں۔

(۱) ظاہریہ کے نزدیک وقوع نجاست سے پانی اس وقت تک ناپاک نہیں ہوگا جب تک پانی پانی کی طبیعت پر رہے خواہ پانی قلیل ہو یا کثیر، خواہ اس کے اوصاف (رنگ، بو، مزہ) میں سے کسی وصف میں تغیر بھی ہوگیا ہو پانی طاہر ومطہر ہے، البتہ ذات پانی پر نجاست کا غلبہ ہو کہ رقت وسیلان میں تغیر واقع ہوجائے تو اس صورت میں پانی ناپاک ہوجائے گا۔ یہ مذہب عقلاً ونقلاً اتنا کمزور ہے کہ اب اس پر کسی کا عمل نہ قول۔

اصحاب ظواہر کو چھوڑ کر فقہائے امت کا اس پر اتفاق ہے کہ پانی قلیل ہے یا کثیر ہو، راکد ہو یا جاری، اگر وقوع نجاست سے پانی میں تغیر ہوگیا یعنی نجاست کا اثر پانی میں ظاہر ہوگیا تو ناپاک ہے۔

(۲) امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک پانی قلیل ہو یا کثیر وقوع نجاست سے اگر پانی کے اوصاف ثلثہ میں سے کسی وصف میں تغیر ہوجائے تو پانی ناپاک ہوگا ورنہ نہیں۔

یعنی حضرات مالکیہ کے نزدیک قلیل وکثیر میں کوئی فرق نہیں ہے اور یہی مذہب امام بخاری رحمہ اللہ وامام زہری رحمہ اللہ کا ہے

جمہور اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ قلیل وکثیر کے درمیان فرق کے قائل ہیں تفصیل آرہی ہے انتہائی افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ آج کل بعض حنفی محدث بھی امام بخاری رح سے مرعوب ہو کر ہتھیار ڈال دیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ اس مسئلہ میں راجح مالکیہ کا مذہب ہے۔

ادب سے گذارش ہے کہ اس مقام پر عمدۃ القاری اور فتح الباری بغور دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ حنفیہ کا مسلک اوفق بالاحادیث والآثار وانسب بالنظیر اور احوط بالعمل ہے: کیوں کہ حنفیہ کے نزدیک پاک ہوگا تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بالاتفاق پاک ہوگا۔

ملاحظہ فرمائے حافظ عسقلانی رح لکھتے ہیں ومقتضی هذا انه لایفرق بین القلیل والکثیر الخ (فتح الباری مطبوعہ بیروت جلد اول ص۲۷۲ تا ص۲۷۳)

یعنی چوں کہ امام مالک رح وغیرہ کے نزدیک قلیل وکثیر میں کوئی فرق نہیں ہے اس لئے ابو عبید نے کتاب الطہارۃ میں یہ اعتراض کیا کہ اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ اگر ایک لوٹے پانی میں کوئی پیشاب کردے اور پانی کا وصف نہ بدلے تو اس پانی سے وضو کرنا (پینا) جائز ہو وھو مستبشع یعنی نہایت بدمزہ اور قبیح ہے۔

(۳) امام شافعی رح اور امام احمد رح کا مسلک یہ ہے کہ اگر پانی قلیل ہو یعنی دو قلے سے کم ہو تو وقوع نجاست سے پانی ناپاک ہو جائے گا اگرچہ احد الاوصاف میں تغیر نہ ہو۔ اور اگر ماء کثیر یعنی قلتین اور اس سے زیادہ میں نجاست گر جائے تو جب تک کسی وصف میں تغیر نہ ہو تو پانی پاک ہے۔

(۴) حنفیہ کے نزدیک وقوع نجاست سے ماء قلیل مطلقاً ناپاک ہو جاتا ہے اگرچہ اوصاف ثلاثہ میں سے کسی وصف میں تغیر نہ ہو اور اگر پانی کثیر ہو تو پانی اس وقت تک ناپاک نہیں ہوگا جب تک کہ احد الاوصاف میں تغیر نہ ہو، مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ جمہور اور اکثر ائمہ متبوعین رحمہم اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر کا فرق مسلّم ہے البتہ قلیل وکثیر کی تعیین وتحدید میں اختلاف ہے۔

امام شافعی رح کے نزدیک ماء قلیل کی مقدار متعین ہے کہ قلتین یعنی دو مٹکے سے کم ہو، دو قلہ یا اس سے زیادہ ہو تو وہ ماء کثیر ہے کما فی الهدایه وقال الشافعی رح یجوز ان کان الماء قلتین الخ اور امام اعظم رح کے نزدیک ماء قلیل کی مقدار متعین نہیں ہے بلکہ رائے مبتلی بہ پر سونپا گیا ہے یعنی مبتلا بہ کے غلبۂ ظن پر قلیل وکثیر کا مدار ہے کما فی الدر المختار والمعتبر فی مقدار الراکد اکبر رای المبتلی به فیه، معلوم ہوا کہ حنفیہ مبتلی بہ کے ظن غالب کو حد فاصل قرار دیتے ہیں۔

ایک سوال وجواب

صاحب ہدایہ نے حنفیہ کا مسلک نقل کیا ہے: والغدیر العظیم الذی لا یتحرک احد طرفیه بتحریك الطرف الآخر الخ بڑا تالاب (یعنی ماء کثیر) وہ ہے کہ ایک کنارے کو حرکت دینے سے دوسرا کنارہ متحرک نہ ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ کثیر اور قلیل پانی کا مدار

تحریک پر ہے بظاہر تعارض ہے کیوں کہ مبتلیٰ بہ کے ظن غالب کا اعتبار ایک باطنی امر ہے جو مختلف ہو سکتا ہے لیکن ایک جانب حرکت دینے سے دوسری جانب میں حرکت کا پیدا ہونا ایک محسوس امر ہے جو ہر شخص محسوس کر سکتا ہے فکیف التطبیق؟

جواب:- بان المراد غلبة الظن بانه لو حرک لوصل الی الجانب الآخر اذا لم یوجد التحریک بالفعل (امانی الاحبار ص) فلا تعارض ولا اشکال۔

بہر حال اس تفصیل سے معلوم ہو گیا کہ احناف وشوافع اور جمہور فقہاء قلیل وکثیر کا فرق کرتے ہیں. ماء کثیر کی طہارت ونجاست کا مدار تغیر اوصاف پر ہے لیکن قلیل پانی میں نجاست گرتے ہی ناپاک وناقابل استعمال ہو جائے گا۔

مشہور یہ ہے کہ احناف کے نزدیک دہ در دہ کثیر ہے اور اس سے کم قلیل ہے لیکن تحقیق یہ ہے کہ شیخین سے تو یہ بات ثابت نہیں البتہ امام محمدؒ سے یہ بات منقول ہے لیکن امام محمدؒ نے بھی تحدید وتعیین کے طور پر نہیں بتایا تھا جس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ امام محمدؒ ایک مسجد میں تشریف فرما تھے ابو سلیمان جوزی نے پوچھا کہ کتنا پانی کثیر ہوگا؟

اس پر امام محمدؒ نے فرمایا کمسجدی ھذا یعنی جو حوض اس مسجد کی حدود کے برابر ہو وہ غدیر عظیم یعنی ماء کثیر کے حکم میں ہوگا اور جو حوض اس سے چھوٹا ہو وہ قلیل کے حکم میں ہوگا۔

جب مسجد کو ناپا گیا تو اندر سے ثمانیة فی ثمانیة ۸×۸ اور باہر سے عشرة فی عشرة ۱۰×۱۰ تھی اسوقت سے لوگوں نے دہ در دہ کا قول لے لیا حالانکہ امام محمدؒ نے ایک اندازہ بتایا تھا۔ بہر حال تحقیقی قول یہی ہے کہ مبتلاء بہ جس کو قلیل سمجھے وہ قلیل ہے اور جس کو کثیر سمجھے وہ کثیر ہے۔

لیکن علماء متاخرین نے عوام الناس کی سہولت کیلئے دہ در دہ پر فتویٰ دیا ہے۔

ائمہ کرام کے مذاہب کے بعد امام بخاریؒ کے استدلالات ملاحظہ فرمائیں۔

وقال الزھریؒ ترجمہ گذر چکا ہے، مطلب یہ ہے کہ پانی کے اندر اگر نجاست گر جائے تو پانی اس وقت تک ناپاک نہ ہوگا جب تک کہ پانی کے اوصاف مزہ، بو یا رنگ متغیر نہ ہو. مذاہب ائمہ میں گذر چکا ہے کہ یہی مذہب امام مالکؒ اور امام بخاریؒ کا بھی ہے اور اس کا ضعف وقباحت بھی فتح الباری جلد اول ص۲۷۳ سے بیان کیا جا چکا ہے۔

جواب۲:- امام زہری تابعی ہیں اور امام اعظمؒ بھی تابعی ہیں اس لئے امام زہری کا قول امام اعظمؒ اور جمہور پر حجت نہیں۔

جواب۳:- امام زہری کے قول کو ماء کثیر یا ماء جاری پر اگر محمول کریں تو جمہور کی موافقت ہو جائے گی کیونکہ ائمہ احنافؒ اور جمہور کا متفقہ فیصلہ ہے کہ نجاست کیوجہ سے تغیر پر پانی ناپاک ہو جائے گا۔

مالکیہ کے مستدلات مع جوابات

حضرت مالکیہ نے ایک تو حدیث بیر بضاعہ سے استدلال کیا ہے:-
عن ابی سعید الخدری قال قیل یارسول اللہ انتوضاء من بیر بضاعۃ وھی بئر یلقیٰ فیھا الحیض ولحوم الکلاب والنتن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الماء طھور لا ینجسہ شئی (ترمذی ص۱ ابوداؤد ص۹)
دوسرے حدیث امامہ باہلی رضؓ سے رواہ ابن ماجہ ص۴۰

تشریح الفاظ

انتوضا صیغہ جمع متکلم کے ساتھ اور بصیغہ واحد حاضر دونوں درست ہیں۔
بضاعۃ بار کا ضمہ اور کسرہ دونوں جائز ہیں۔ مشہور ضمہ ہے یہ ایک معروف کنویں کا نام ہے جو مدینہ طیبہ میں بنو ساعدہ کے محلہ میں واقع تھا حِیَض بکسرہ حار وفتحہ یا جمع ہے حیضۃ بکسر الحار کی جس کے معنی ہیں حیض کے چیتھڑے، کرسف یعنی کپڑے کا وہ ٹکڑا جس کو عورتیں خون حیض میں استعمال کرتی ھیں۔

حضرات مالکیہ کا استدلال

مالکیہ کہتے ہیں کہ الماء میں الف لام استغراق کیلئے ہے کیوں کہ حدیث میں قلیل وکثیر کی کوئی تفریق نہیں کی گئی ہے مورد (بیر بضاعہ) گرچہ خاص ہے مگر حکم عام ہے ہر پانی کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ پانی پاک ہے کوئی چیز اس کو ناپاک نہیں کرتی۔
جواب۱:- الف لام استغراق کیلئے نہیں بلکہ عہد خارجی کیلئے ہے اور معہود بیر بضاعہ ہے ایک تو اس لئے کہ اصل الف لام میں عہدِ خارجی ہے کما صرح بہ العلامۃ التفتازانی فی التلویح والسید الشریف الجرجانی فی تصانیفہ۔
دوسرے یہ کہ صحابہ کرام رضؓ نے سوال بیر بضاعہ کے متعلق کیا تھا نہ کہ عام کنویں کے متعلق لہٰذا جواب بھی مسئول عنہ یعنی بیر بضاعہ کے متعلق دیا گیا۔ مطلب یہ ہوا کہ تم لوگ جس کنویں کے متعلق دریافت کر رہے ہو وہ بیر بضاعہ ہے کثرت استعمال کیوجہ سے بیر بضاعہ بمنزلہ ماء جاری ہے علامہ واقدیؒ سے منقول ہے کہ بیر بضاعہ سے متعدد باغات کی سیرابی کیجاتی تھی فکان حکم مائھا کحکم ماء الانھار فلا ینجسہ شئی الا ان یتغیر احد اوصافہ کہا جاتا ہے کہ واقدی ضعیف ہیں، جواب یہ ہے کہ واقدی حدیث میں اگرچہ ضعیف ہیں لیکن تاریخ میں وہ امام تسلیم کئے جاتے ہیں اور یہ قول تاریخ ہی سے متعلق ہے کہ بیر بضاعہ سے بنو ساعدہ کے پانچ باغات سیراب کئے جاتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ جس کنویں سے متعدد باغات سیراب کئے جائیں وہ بلاشبہ کثیر ہوگا اور قلتین سے بھی زائد ہوگا۔
جواب۲:- اسکی سند میں اختلاف ہے ترمذی اوّل ص۱ اور ابوداؤد ص۹ میں ہے عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن رافع الخ حافظ عسقلانیؒ لکھتے ہیں وقال ابن مندہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن رافع مجہول الخ (تہذیب التہذیب ص۲۸)

نیز ایک راوی اس میں ولید بن کثیر ہے، جس کو بعض محدثین نے اباضی یعنی خارجی لکھا ہے۔
(تہذیب التہذیب ص۱۴۸ ج۱۱)

نیز یہ حدیث مضطرب المتن ہے ابوداؤد کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث بیر بضاعہ کے بارے میں جو سوال کیا گیا تھا اس کے جواب میں یہ حدیث وارد ہوئی ہے۔

لیکن ابن ماجہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیر بضاعہ کے بارے میں نہیں ہے بلکہ ایک غدیر یعنی تالاب کے بارے میں سوال کیا گیا تھا جو راستے میں ملا تھا اس کے جواب میں آپؐ نے ارشاد فرمایا: ان الماء لاینجسه شئ (ابن ماجہ ص۴۰ باب الحیاض)

اور تدریب الراوی ص۹۳ اور مقدمہ تحفۃ الاحوذی ص۱۹۵ میں لکھا ہے کہ اضطراب متن میں ہو یا سند میں موجب ضعف ہوتا ہے۔ پھر کیا فرمائیں گے جس کے سند و متن دونوں میں اضطراب ہو۔

جوابؒ: حدیث کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ بیر بضاعہ میں حیض کے چیتھڑے مردار کتوں کے گوشت اور دوسری بدبودار چیزیں ڈالی جاتی تھیں پھر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو پاک قرار دیا یہ مطلب انسانی عقل و فہم سے باہر ہے، ظاہر بات ہے کہ اگر ایک چوہا بھی کنویں میں گر کر مر جاتا ہے تو اس پانی میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے تو جب بیر بضاعہ میں لحوم کلاب اور حیض کے کپڑے اور دیگر نجاستیں ڈالی جاتی تھیں تو ممکن نہیں کہ پانی کے اوصاف متغیر نہ ہوئے ہوں خاص کر امام ابوداؤد کی تصریح کے مطابق کہ بیر بضاعہ ایک چھوٹا سا کنواں تھا جس میں پانی کم از کم گھٹنوں اور زیادہ سے زیادہ ناف تک آتا تھا تو بلاشبہ اس کا پانی متغیر ہوتا ہوگا۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم ایسے پانی کے بارے میں کیسے فرما سکتے ہیں کہ وہ پاک ہے؟

پس معلوم ہوا کہ یہ حدیث متروک الظاہر ہے اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے صحابہ کا یہ سوال نجاستوں کے مشاہدہ پر نہیں بلکہ نجاستوں کے اوہام پر مبنی تھا، یہ سوال اس وقت کیا گیا تھا جبکہ کنویں سے نجاست نکال کر اس کا پانی صاف کر دیا گیا مگر دلوں میں خلجان باقی رہا کہ کنویں کی دیواریں اور اس کے نیچے کی مٹی تو ناپاک ہو جانا چاہئے۔ بس اس خیال کے پیش نظر صحابہ نے حضورؐ سے پوچھا تو آپؐ نے جواب میں فرمایا کہ دیوار وغیرہ کی نجاست معتبر نہیں اور پانی کی طہارت پر اس کا کوئی اثر نہیں لہٰذا پانی پاک ہے کوئی شئے دیوار وغیرہ میں سے اسے ناپاک نہیں کرتی۔ جب حدیث کا یہ محمل ہوا تو مالکیہ کا استدلال درست نہیں کیوں حدیث تو کنویں سے نجاست نکلنے کے بعد اس کے پانی کی طہارت پر دلالت کرتی ہے اور حضرات مالکیہ نجاست کی موجودگی میں طہارت ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ فلا یتم التقریب۔

حضرات شوافع وحنابلہؒ کا حدیث قلتین سے استدلال

جیسا کہ مذکورہ بالا مذاہب ائمہ سے معلوم ہو چکا کہ حضرات احناف و شوافع اور حنابلہ

وغیرہ جمہور اس پر متفق ہیں کہ اگر قلیل پانی میں نجاست گرجائے تو پانی ناپاک ہوجائے گا اگرچہ احدالاوصاف میں تغیر نہ ہو البتہ احناف وشوافع رحمہم اللہ میں قلیل وکثیر کی تعیین میں ضرور اختلاف ہے جیساکہ گذرچکا ہے: حدثنا هناد نا عبدة عن محمد بن اسحٰق عن محمد بن جعفر بن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن ابن عمر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يسأل عن الماء يكون في الفلاة من الارض وماينوبه من السباع والدواب قال اذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث (ترمذی ص۱۱ ابوداؤد ص۹) یعنی جب پانی دو قلہ ہو تو ناپاک نہیں ہوتا۔

جواب: اس حدیث کی سند میں اضطراب ہے (۱) ترمذی اور ابوداؤد کی روایت منقولہ دیکھئے) لیکن دارقطنی ص۸ کی روایت میں ہے عن محمد بن اسحٰق عن الزهری عن سالم عن عبد الله بن عمر الخ اور بعض روایت میں ہے عن عبد الله بن عبد الله بن عمر الخ اور معلوم ہے کہ اضطراب موجب ضعف ہو جاتا ہے۔

(۲) اس کے متن میں بھی اضطراب ہے ترمذی کی منقولہ روایت میں ہے اذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث بعض روایت میں ہے ثلاث قلال، بعض میں اربعين قلة، اور بعض میں ہے اربعين غربا۔

(۳) نیز قلہ کے معنی میں بھی اختلاف ہے ۱ جرہ یعنی مٹکا، گھڑا ۲ مشک ۳ راس الجبل یعنی پہاڑ کی چوٹی ۴ قامت انسان یعنی آدمی کے قد وقامت کو بھی قلہ کہتے ہیں ۵ ومايحمل البعير یعنی جس کو اونٹ اٹھائے وغیرہ۔

(۴) اس کے ایک راوی محمد بن اسحاق ہیں جو مسائل واحکام میں بہت ضعیف ہیں۔

(۵) ولم يعمل بهذا الحديث في الحجاز والعراق والشام واليمن وغیرہ۔

پس جو حدیث سنداً، متناً، معناً اور مصداقاً مضطرب ومختلف ہو وہ ہرگز قابل احتجاج واستدلال نہیں ولہذا قال ابن عبد البر في التمهيد ماذهب اليه الشافعیؒ من حديث قلتين مذهب ضعيف من جهة النظر غير ثابت من جهة الاثر۔

ائمہ احناف کے دلائل

۱ ارشاد الٰہی يحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث (سورہ اعراف آیت ۱۵۷)

تمام نجاستیں خبائث میں داخل ہیں خواہ ماکول ہوں یا مشروب؟ اسلئے وہ پانی جسمیں نجاستیں بالیقین موجود ہوں وہ ممنوع الاستعمال وواجب الاحتراز ہے۔

۲ ارشاد نبوی لايبولن احدكم في الماء الدائم الذي لايجري (بخاری ص۳۷ ج۱) مسلم اول ص۱۳۸ وغیرہ۔

۳ حدیث المستیقظ من منامه ۴ حدیث ولوغ الکلب ۵ حدیث وقوع الفارة في السمن یہ تمام

احادیث صحیح ہیں اور ان احادیث میں سے کسی حدیث میں قلتین سے کم ہونے کی قید نہیں ہے۔
مزید دلائل آئندہ باب میں ملاحظہ فرمائیے۔

امام بخاریؒ کے پیش کردہ آثار کی تشریح

وقال الزھری الخ ترجمہ گذر چکا ہے حاصل یہی ہے کہ وقوع نجاست سے اگر پانی کے اوصاف میں تغیر آگیا تو ناپاک ہے یعنی طہارت و نجاست کا مدار صرف تغیر پر ہے۔

وقال حماد الخ حماد بن ابی سلیمان فرماتے ہیں کہ مردار کے بال وپر پانی میں گر جائے تو پانی ناپاک نہیں ہوتا، حالانکہ میتہ کا پر میتہ کا جزء ہے اور میتہ ناپاک ہے اس لئے اس کے جزء کے گرنے سے پانی ناپاک ہونا چاہیئے تھا لیکن چونکہ اس سے پانی میں کوئی تغیر نہیں آتا اور نجاست کا مدار تغیر پر ہے۔

قال الزھریؒ امام زہریؒ کا دوسرا قول پیش کر رہے ہیں کہ مردہ جانوروں کی ہڈی جیسے ہاتھی کے دانت جن سے کنگھی، سرمہ دانیاں اور پیالیاں وغیرہ بنتی ہیں ان کے استعمال میں اسلاف کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور استعمال کرتے تھے اور وجہ یہ ہے کہ ہڈی اور بال میں حیات نہیں، تو معلوم ہوا کہ موت کے بعد بھی اسی حال پر قائم ہے جس حال پر زندگی میں تھا تو چونکہ ہڈی اور بال میں تغیر نہیں ہوا اور نجاست کا مدار تغیر پر ہے اس لئے بال اور ہڈی پاک ہے۔

وقال ابن سیرین وابراھیم الخ اب امام بخاریؒ ابن سیرین اور ابراہیم نخعیؒ کا ارشاد پیش کر رہے ہیں کہ ہاتھی کے دانت کی تجارت میں کوئی مضائقہ نہیں۔

ان دلائل میں وہی اصول کارفرما ہیں کہ مدار طہارت و نجاست تغیر پر ہے تو جو چیزیں تغیر کو قبول کرتی ہیں وہ تغیر کے بعد پاک نہیں رہتیں۔

روایات الباب

آثار کے بعد امام بخاری روایات پیش کرتے ہیں حضرت میمونہؓ سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ گھی میں چوہا گر گیا تو حضورؐ سے دریافت کیا گیا آپؐ نے فرمایا القوھا الخ چوہے کو پھینک دو اور اس کے آس پاس کے گھی کو بھی اور باقی اپنا گھی کھالو۔

ابوداؤد وغیرہ کے اندر تفصیل آئی ہے وان کان السمن مائعا فلا تقربوہ یعنی اگر گھی پگھلا ہوا ہے تو اس کے قریب بھی مت جاؤ یعنی پگھلے ہوئے تیل گھی میں اگر چوہا گر جائے تو کل گھی ناپاک ہے۔

امام بخاری کا ایک تسامح

بخاری شریف جلد دوم کتاب الذبائح میں امام نے جو باب باندھا ہے فی السمن الجامد اذا لذائب، ص۸۳۱
اس ترجمہ کی غلطی اپنی جگہ آئے گی۔ انشاء اللہ۔

(بَابُ[۱۶۶] البولِ فی الماءِ الدَّائِمِ)

ٹھہرے ہوئے (تھمے ہوئے) پانی میں پیشاب کرنے کا کیا حکم ہے؟

ربط ما قبل قال العلامة العینی رح ان قلت ما وجه المناسبة بین البابین قلت ظاهرة لان الباب السابق فی بیان السمن والماء الذی یقع فیه النجاسة" وهذا ایضا فی بیان الماء الراکد الذی یبول فیه الرجل فیتقاربان فی الحکم (عمده)

۲۳۶ حَدَّثَنَا ابوالیمانِ قال اَنَا شعیبٌ قال اَنَا ابوالزِّنادِ اَنَّ عبدَالرحمٰنِ بنِ هُرمزَ الاَعرجَ حَدَّثَه اَنَّه سَمِعَ اَبا هریرةَ اَنَّه سمعَ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰهُ علیهِ وسلم یقولُ نحنُ الاٰخِرونَ السَّابقونَ وبِاِسنادِهٖ قالَ لا یَبُولَنَّ اَحَدُکم فی الماءِ الدَّائِمِ الَّذی لا یجری ثُمَّ یَغتَسِلُ فیهِ

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپؐ فرمارہے تھے نحن الآخرون السابقون (ہم دنیا میں پچھلے ہیں آخرت میں پہلے ہوں گے) اور اسی اسناد سے آنحضرتؐ نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسے ٹھہرے (رکے) ہوئے پانی میں جو چلتا نہیں ہے پیشاب نہ کرے۔

مطابقۃ للترجمۃ قال العلامة العینی رح هذان حدیثان مستقلان ومطابقة الحدیث الثانی للترجمة ظاهرة (عمدة)

خلاصہ یہ ہے کہ یہاں مستقل دو احادیث ہیں دوسری حدیث کی مطابقت ترجمہ سے ظاہر ہے دراصل پہلی حدیث کا نہ تو ترجمۃ الباب سے تعلق ہے اور نہ ہی تعلق ومناسبت تلاش کرنے کی ضرورت۔ حق اور صحیح بات یہ ہے کہ پہلی حدیث کا ترجمۃ الباب سے کوئی ربط نہیں ہے۔

اصلی حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضؓ کے متعدد شاگرد ہیں ان میں سے ایک عبدالرحمٰن بن ہرمز المعروف بالاعرج، اور دوسرے ہمام بن منبہ تھے ان دونوں کے پاس حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایات کے صحیفے تھے دونوں کی ابتدا میں یہ حدیث نحن الاخرون السابقون درج ہے۔ امام بخاری رح جب کوئی حدیث ان دونوں صحائف (صحیفۂ اعرج اور صحیفۂ ہمام) میں سے کسی صحیفہ سے کوئی حدیث ذکر کرتے ہیں تو پہلے اول حدیث کا ابتدائی ٹکڑا نحن الاخرون السابقون۔ بیان کرتے ہیں پھر اس حدیث کو بیان کرتے ہیں جو اس مقام کے مناسب لانا چاہتے ہیں جیسا کہ یہاں بخاری اول ص۳۷ باب البول فی الماء الدائم "میں ہے۔

حدثنا ابوالیمان قال انا شعیب قال انا ابوالزناد ان عبدالرحمٰن بن هرمز الاعرج حدثه انه سمع اباهریرة انه سمع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یقول نحن الاخرون السابقون۔

اس کے بعد باسنادہ قال لایبولن الخ سے وہ حدیث ذکر کر رہے ہیں جس حدیث کو اس باب میں بیان کرنا مقصود ہے پس ترجمۃ الباب سے مطابقت اس دوسری حدیث میں تلاش کرنی چاہیئے پہلی حدیث نحن الاخرون السابقون. تو صرف اسلئے ذکر کی گئی ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ حدیث بھی اسی صحیفہ کی ہے. یہ پہلا : نحن الاخرون السابقون. اسی طرح یعنی دوسری احادیث کے ساتھ امام بخاریؒ چھ جگہ لائے ہیں:-

۱ کتاب الوضوء ص۳۷ باب البول فی الماء الدائم، ـــــــ بطریق اعرج

۲ کتاب الجہاد ص۴۱۵ باب یقاتل من وراء الامام ویتقی بہ ـــــــ ״

۳ کتاب الایمان والنذور ص۹۸۰ باب قول اللہ لایواخذکم اللہ باللغو الخ ـــــــ بطریق ہمام بن منبہ

۴ کتاب الدیات ص۱۰۱۰ باب من اخذ حقہ واقتص دون السلطان ـــــــ ״ اعرج

۵ کتاب التعبیر ص۱۰۴۲ باب النفخ فی المنام ـــــــ بطریق ہمام بن منبہ

۶ کتاب التوحید ص۱۱۱۶ باب قول اللہ یریدون ان یبدلوا کلام اللہ ـــــــ بطریق اعرج

یہ نحن الاخرون السابقون ایک طویل حدیث کا جزء ہے اس کو مکمل اور مستقل طور سے صرف کتاب الجمعہ میں صف ۱۲۰ پر لائے ہیں.

نیز اس کو مکمل طور سے دوسری احادیث کے ساتھ دو جگہ لائے ہیں.

۱ کتاب الجمعہ باب ھل علی من یشہد الجمعۃ غسل الخ ص۱۲۳

۲ کتاب الانبیاء باب حدیث الغار ص۴۹۵

جیسے امام مسلمؒ کا طریقہ ہے کہ جب صحیفہ ہمام بن منبہ سے روایت لیتے ہیں تو نشاندہی کے طور پر ھٰذا ماحدثنا ابوھریرۃ فذکر احادیث منہا سے آغاز کرتے ہیں پھر مقام کے مناسب اس صحیفہ سے دوسری روایت نقل کرتے ہیں مقصد یہ ہوتا ہے کہ جو روایت ہم نقل کر رہے ہیں اس کا تعلق صحیفہ ہمام بن منبہ سے ہے

باب ۱۶۷ اِذَا اُلْقِیَ عَلٰی ظَہْرِ الْمُصَلِّیْ قَذَرٌ اَوْ جِیْفَۃٌ لَمْ تَفْسُدْ عَلَیْہِ صَلٰوتُہٗ

وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا رَاٰی فِیْ ثَوْبِہٖ دَمًا وَّھُوَ یُصَلِّیْ وَضَعَہٗ وَمَضٰی فِیْ صَلٰوتِہٖ وَ قَالَ ابْنُ الْمُسَیَّبِ وَالشَّعْبِیُّ اِذَا صَلّٰی وَفِیْ ثَوْبِہٖ دَمٌ اَوْ جَنَابَۃٌ اَوْ لِغَیْرِ الْقِبْلَۃِ اَوْ تَیَمَّمَ فَصَلّٰی ثُمَّ اَدْرَکَ الْمَاءَ فِیْ وَقْتِہٖ لَا یُعِیْدُ)

جب نمازی کی پشت پر کوئی نجاست یا مردار ڈال دیا جائے تو اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی اور (حضرت عبداللہ) ابن عمرؓ جب نماز پڑھتے وقت اپنے کپڑے پر خون دیکھتے تو کپڑے کو رکھدیتے اور نماز جاری رکھتے، اور اس کے کپڑے میں خون لگا ہو یا مٹی لگی ہو یا قبلہ کے سوا اور کسی طرف نماز پڑھی ہو یا تیمم سے

پڑھی ہو پھر وقت کے اندر پانی پالے جب بھی نماز نہ لوٹائے (یعنی اسکی نماز صحیح ہوگئی)

ربط ما قبل وجہ المناسبۃ بین البابین من حیث ان الباب الاول یشتمل علی حکم وصول النجاسۃ الی الماء وھذا الباب یشتمل علی حکم وصولھا الی المصلی وھو فی الصلوٰۃ (عمدہ)

خلاصہ یہ کہ دونوں بابوں میں وصول نجاست مشترک ہے۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں "غرض المؤلف من عقد الباب ان عروض الاشیاء التی تمنع انعقاد الصلوٰۃ ابتداء فی اثنائھا لا تفسد الصلوٰۃ"، یہی قریب قریب حافظ عسقلانیؒ بھی فرماتے ہیں (فتح)

مطلب یہ ہے کہ امام بخاریؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جو چیزیں نماز شروع کرنے سے پہلے دخول صلوٰۃ سے مانع ہیں وہ اگر اثناء نماز میں پیش آجائیں تو کوئی حرج نہیں نماز ہوگئی یعنی ابتدا اور بقاء کے احکام میں فرق ہے امام بخاریؒ کا رجحان اسی طرف ہے۔

۲۳۷ (حدثنا عبدان قال اخبرنی ابی عن شعبۃ عن ابی اسحٰق عن عمرو بن میمون ان عبد اللہ قال بینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ساجد، ح قال وحدثنی احمد بن عثمان قال حدثنا شریح بن مسلمۃ قال حدثنا ابراھیم بن یوسف عن ابیہ عن ابی اسحٰق قال حدثنی عمرو بن میمون ان عبد اللہ بن مسعود حدثہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی عند البیت وابو جھل واصحاب لہ جلوس اذ قال بعضھم لبعض ایکم یجیئ بسلا جزور بنی فلان فیضعہ علی ظھر محمد اذا سجد فانبعث اشقی القوم فجاء بہ فنظر حتی اذا سجد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضعہ علی ظھرہ بین کتفیہ وانا انظر لا اغنی شیئا لو کانت منعۃ" قال فجعلوا یضحکون ویحیل بعضھم علی بعض ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ساجد لا یرفع راسہ حتی جاءتہ فاطمۃ فطرحتہ عن ظھرہ فرفع راسہ ثم قال اللھم علیک بقریش ثلث مرات فشق ذلک علیھم اذ دعا علیھم قال وکانوا یرون ان الدعوۃ فی ذلک البلد مستجابۃ ثم سمی اللھم علیک بابی جھل وعلیک بعتبۃ بن ربیعۃ وشیبۃ بن ربیعۃ والولید بن عتبۃ وامیۃ بن خلف وعقبۃ بن ابی معیط وعد السابع فلم نحفظہ فوالذی نفسی بیدہ لقد رایت الذین عد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرعی فی القلیب قلیب بدر)

ترجمہ ہم سے عبدان نے بیان کیا کہا مجھکو میرے والد (عثمان بن جبلہ) نے خبر دی شعبہ سے نقل کرکے انہوں نے ابو اسحاق سے انہوں نے عمرو بن میمون سے کہ عبداللہ (بن مسعودؓ) نے کہا ایکبار ایسا ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (کعبہ کے پاس) سجدہ میں تھے۔ ح (دوسری سند) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے اور ابوجہل اور اس کے ساتھی وہاں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں وہ آپس میں کہنے لگے کہ تم میں کون ہے کہ فلاں قوم میں جو اونٹنی ذبح ہوئی ہے اس کا بچہ دان اٹھا لائے پھر اس کو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیٹھ پر رکھدے جب وہ سجدہ کریں چنانچہ ان میں کا بڑا بدبخت (عقبہ بن ابی معیط) اٹھا اور بچہ دان لے کر آیا پھر انتظار کرتا رہا یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو اس بدبخت نے اس (بچہ دانی) کو آپؐ کے دونوں شانوں (کندھوں) کے درمیان آپؐ کی پیٹھ پر رکھدیا (عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا) میں (یہ سب دیکھ رہا تھا مگر کچھ کر نہیں سکتا تھا۔ کاش میرے پاس قوت ہوتی (تو میں اس کو پھینکدیتا) عبداللہ بن مسعودؓ کا بیان ہے کہ (اس حال میں آپؐ کو دیکھکر) وہ لوگ ہنسنے لگے اور مارے خوشی کے ایکدوسرے پر گرنے لگے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سجدہ میں تھے۔ اپنا سر نہیں اٹھایا یہاں تک کہ حضرت فاطمہؓ آئیں) اور آپؐ کی پیٹھ پر سے اس گندگی کو پھینکدیا تو آپؐ نے اپنا سر اٹھایا پھر آپؐ نے فرمایا (یعنی بد دعا کی) اے اللہ قریش کو اپنی گرفت میں لے جب آپؐ نے ان پر بد دعا کی تو ان پر گراں گذرا، حضرت ابن مسعودؓ نے بیان کیا کہ وہ سمجھتے تھے (یعنی ان کا عقیدہ تھا) کہ اس شہر (مکہ) میں دعا قبول ہوتی ہے (تو کہیں ہم پر اثر ہو) پھر آپؐ نے نام لیکر فرمایا یا اللہ ابوجہل کو پکڑ لے اور عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ اور امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کو پکڑ لے (یعنی ہلاک کر) اور آپؐ نے ساتویں کا نام لیا مگر مجھے یاد نہیں رہا حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے بلا شبہ میں نے ان لوگوں کو دیکھا جن لوگوں کا نام (بد دعا کرتے وقت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نام لیا تھا میں نے ان لوگوں (کی لاشوں) کو بدر کے کنویں میں پڑا ہوا دیکھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ اذا سجد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضعہ علیٰ ظھرہ بین کتفیہ،

تعدد موضعہ والحدیث صـ۳۷ تا صـ۳۸ وباقی صـ۴۲ وصـ۱۱ وصـ۲۱ وصـ۴۵۲ وصـ۵۴۳ تا صـ۵۴۴ وفی المغازی صـ۵۶۵ نیز مسلم ثانی صـ۱۰۸ نسائی اول صـ۵۸۔

تشریح امام بخاریؒ کا مسلک مقصد ترجمہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ ابتدا اور بقا کے احکام میں فرق ہے اثنائے صلوٰۃ میں اگر کوئی نجاست لگ گئی تو نماز فاسد نہیں ہوگی اسپر امام نے تین دلائل

پیش کئے ہیں۔

احناف وشوافع رح کے نزدیک نماز کی صحت کیلئے مکان، بدن اور کپڑوں کی طہارت شرط ہے ابتداءً بھی اور بقاءً بھی۔

امام بخاریؒ کا پہلا استدلال

پہلا استدلال اثر ابن عمرؓ سے ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز کی حالت میں اپنے کپڑے پر خون دیکھتے تو کپڑے کو اتار کر رکھدیتے اور نماز کو جاری رکھتے، معلوم ہوا کہ ابتدا اور بقا کے احکام میں فرق ہے کیوں کہ ابن عمرؓ نماز توڑتے نہیں تھے جاری رکھتے تھے۔

یہ استدلال قطعاً صحیح نہیں کیوں کہ اس اثر سے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ ابن عمرؓ کپڑے پر نجاست کے ہوتے ہوئے نماز جائز نہیں سمجھتے تھے اسی وجہ سے اتار کر الگ کر دیتے تھے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا یہ اثر پورے طور پر مکمل مصنف ابن ابی شیبہ میں منقول ہے جس میں ہے کہ ابن عمرؓ اگر اثناء نماز میں اپنے کپڑے پر خون دیکھتے تو اگر اس کو اتار سکتے تھے تو اتار دیتے تھے ورنہ نماز سے نکل آتے اور اس کپڑے کو دھوتے تھے پھر آکر اپنی باقی نماز پوری کرتے۔

امام بخاری رح کا استدلال اسلئے درست نہیں کہ ابن عمرؓ کے نزدیک اگر ابتداء و بقاء میں فرق ہوتا تو نماز سے نکل کر کپڑے کو دھوتے کیوں تھے؟

دوسرا استدلال امام بخاری رح کا سعید بن مسیبؒ اور عامر شعبی رح کے قول سے ہے کہ اگر کوئی شخص نماز پڑھ لے اور اس کے کپڑے میں خون لگا ہو یا منی لگی ہو یا قبلہ کے سوا اور کسی طرف نماز پڑھی یا تیمم سے نماز شروع کی ہو پھر وقت کے اندر پانی پالے تب بھی نماز نہ لوٹائے۔

امام بخاری رح کا استدلال اس طرح ہے کہ دیکھئے اگر کپڑے کے بارے میں خون یا منی سے آلودگی کا علم نماز سے پہلے ہو جاتا تو ایسے کپڑے پہن کر نماز شروع کرنا جائز نہ تھا لیکن اگر نماز شروع کرنے کے بعد اثناء نماز میں اس کا علم ہوتا ہے تو جائز سمجھکر نماز صحیح قرار دیجاتی ہے۔

جواب: اگر خون یا منی کی مقدار قلیل ہے تو ہمارے نزدیک بھی نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں کیوں کہ یہ معفوعنہ کے درجہ میں ہے اگر معاف شدہ درجہ سے زیادہ ہے تو نماز کا اعادہ ضروری ہے۔ حضرات شوافع رح کے نزدیک غیر سبیلین کے خون سے وضو نہیں ٹوٹتا اور منی ان کے یہاں ناپاک نہیں۔

اگر نماز تحری کے بعد شروع کی اور نماز کے بعد معلوم ہوا کہ رخ غیر قبلہ کیطرف تھا تو ہمارے نزدیک بھی نماز لوٹانے کیضرورت نہیں۔

رہ گیا تیمم کا مسئلہ کہ اگر تیمم سے نماز پڑھ لی پھر وقت کے اندر پانی مل گیا تو یہ مسئلہ متفق علیہ ہے کہ تیمم کیا تھا پانی نہ ملنے کے وقت اور نماز پڑھ لینے کے بعد پانی ملا تو نماز درست ہے اعادہ کیضرورت نہیں۔

معلوم ہوا کہ امام بخاری رحؒ نے جس تفریق (بین الابتداء والبقاء) کیلئے آثار پیش فرمایا تھا۔ وہ مقصد کیلئے مفید نہیں ہیں۔

اب تیسرا استدلال حدیث الباب سے کرتے ہیں: کہ حدیث الباب میں ہے کہ حضور اقدس صلعم کی پشت مبارک پر بچہ دانی رکھی گئی مگر آپؐ نے نماز کا اعادہ نہیں فرمایا۔

جواب :- قرآنی آیات اور نبوی روایات سے نمازی کے کپڑے اور بدن کا پاک ہونا ضروری معلوم ہوتا ہے لہٰذا ان کے مقابلہ میں یہ مجمل روایت قابل استدلال نہیں۔

۲ : ہوسکتا ہے کہ حضور اقدس صلعم نے نماز کا اعادہ فرمایا ہو روایت میں اس کا ذکر نہیں کیوں کہ راوی کا مقصد واقعہ بتلانا ہے مسئلہ بتانا مقصود نہیں پھر یہ بھی ہوسکتا ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اعادہ نماز گھر میں کیا ہو فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

۳ : ہوسکتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو استغراق فی اللہ کیوجہ سے پتہ ہی نہ چلا ہو کہ میری پشت پر کچھ ہے احتمال ہے کہ استغراقی کیفیت کیوجہ سے حضور صلعم سجدے میں دیر تک رہے ہوں۔

۴ : پھر اگر حضور اقدس صلعم کو بوجھ کا علم ہو بھی تو کیا دلیل ہے کہ حضور صلعم کو یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ میری پیٹھ پر نجاست ہے۔

۵ : حضرات شوافع رحؒ تو کہدینگے کہ نفل نماز تھی اسلئے اعادہ ضروری نہیں، بہر حال امام بخاری رحؒ کا یہ استدلال بھی کامیاب نہیں ہے۔

باب ۱۶۸

البُزاق والمُخاطِ ونحوہٖ فی الثوبِ وقالَ عروۃُ عنِ المِسْوَرِ ومَروانَ خرجَ رسُولُ اللہِ صلے اللہ علیہ وسلم زَمَنَ الحُدَیبیَۃِ فذکرَ الحدیثَ وما تَنخّمَ النبیّ صلے اللہ علیہ وسلم نُخامۃً اِلّا وَقَعَتْ فی کفِّ رجلٍ مِنْھم فدلَکَ بِھا وَجْھَہٗ وَجِلْدَہٗ)

کپڑے میں تھوک اور رینٹ (ناک کی رطوبت) وغیرہ لگنے کا بیان۔

اور عروہ (ابن زبیر رضؓ) نے مسور (ابن مخرمہ) اور مروان (ابن حکم) سے نقل کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلح حدیبیہ کے سال نکلے پھر پوری حدیث ذکر کی۔ جس میں یہ بھی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی کھنکار نہیں پھینکی مگر (بجائے زمین پر گرنے کے) لوگوں کی ہتھیلی پر پڑا (کیوں کہ صحابہ نے غایت تعلق کی وجہ سے ہاتھ سامنے کر دیئے) پھر اپنے منہ اور بدن پر مل لیا۔

ربط ما قبل اور مقصد ترجمہ | باب سابق میں قذر اور نجاست کا ذکر کیا تھا کہ اثناء صلوٰۃ میں اگر نمازی کی پیٹھ پر گندی چیز ڈالدی جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی، اور یہ معلوم ہے کہ

تھوک اور ناک کی رطوبت (رینٹ) بھی قذر اور گندی چیزیں ہیں اسلئے اس باب میں اس کو بیان کرنا چاہتے ہیں امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ تھوک اور رینٹ بھی قذر اور قابل نفرت گندی چیز ہے مگر ناپاک نہیں ہے یعنی اقذار اور گندی چیزیں دو قسم کی ہیں ۱ قذر ہونے کے ساتھ ساتھ نجس و ناپاک بھی ہیں جیسے پائخانہ، پیشاب اور منی۔

۲ بعض چیزیں قذر ہونے کے ساتھ ساتھ پاک ہیں جیسے لیسلہ، بلغم رینٹ اور تھوک اور ان چیزوں (تھوک رینٹ وغیرہ) کی طہارت پر ائمہ اربعہ اور جمہور کا اتفاق ہے۔ صرف ابراہیم نخعیؒ اور سلمان فارسیؓ سے منقول ہے کہ تھوک منہ سے الگ ہونے کے بعد ناپاک ہے اور امام بخاریؒ بتانا چاہتے ہیں کہ منہ سے الگ ہونے کے بعد بھی پاک ہی رہتا ہے گویا ابراہیم نخعیؒ وغیرہ کی تردید مقصود ہے ابواب طہارت میں اس کو لاکر یہ بتانا مقصود ہے کہ اس سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

۲۳۸ (حدثنا محمد بن یوسف قال ثنا سفیٰن عن حمید عن انس قال بزق النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی ثوبہ قال ابو عبد اللہ طولہ ابن ابی مریم قال اخبرنا یحیی بن ایوب قال حدثنی حمید قال سمعت انسا عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑے میں تھوکا امام بخاریؒ نے کہا سعید بن ابی مریم نے اس حدیث کو لمبا بیان کیا انہوں نے کہا ہم کو یحیی بن ایوب نے خبر دی کہا مجھ سے حمید نے بیان کیا کہا میں نے انسؓ سے سنا انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "یزق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ثوبہ۔

تعدد موضعہ عروہ عن المسور و مروان الخ یہ ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے جو کتاب الجہاد ص۳۷۶ تا ص۳۷۸ میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

حدیث انسؓ ھہنا ص۳۸ و ص۵۸ و ص۵۹ ایضا ص۵۹ و ص۷۶ ایضا ص۷۶ و ص۱۶۲۔

طولہ ابن ابی مریم الخ چوں کہ حدیث الباب کی سند میں عن حمید عن انس الخ تھا امام بخاریؒ نے دوسری سند لاکر بتلایا کہ حمید نے حضرت انس بن مالکؓ سے براہ راست سنا ہے بعض حضرات مثلاً یحیی بن سعید القطان نے واسطہ ذکر کیا ہے اس کا اصل جواب یہی ہے کہ ہوسکتا ہے کہ حمید نے دونوں طریق سے اس حدیث کی روایت کی ہو واللہ اعلم۔

باب ۱۶۹ لا یجوز الوضوء بالنبیذ ولا بالمسکر و کرھہ الحسن و ابو العالیۃ وقال عطاء التیمم احب الی من الوضوء بالنبیذ واللبن)

نبیذ اور نشہ والی شراب سے وضو جائز نہیں۔ حسن بصریؒ اور ابو العالیہؒ نے اسے مکروہ کہا ہے اور عطاء کہتے ہیں کہ نبیذ اور دودھ سے وضو کرنے کے مقابلہ میں مجھے تیمم کرنا زیادہ پسند ہے۔

ربط ما قبل قال العلامة العینیؒ لیست بینہما مناسبة خاصة لکن من حیث ان کلامنھما مایشتمل علی حکم یرجع الی حال المکلف من الصحة والفساد (عمدة القاری)

خلاصہ یہ ہے کہ باب سابق سے کوئی خاص مناسبت و ربط تو نہیں ہے لیکن دونوں باب (باب سابق اور یہ باب لایجوز الوضوء بالنبیذ) ایک ایسے حکم پر مشتمل ہے جو حال مکلف کی طرف راجع ہے صحت و فساد میں سے۔

مطلب صاف ہے کہ گذشتہ باب میں پاک قذر کا بیان تھا اب اس باب میں پاک غیر قذر کو بیان کرتے ہیں کہ اگرچہ قذر نہ ہو مگر اگر پانی میں ملجائے اور اس کا نام و وصف بدل جائے تو وضو درست نہیں۔

مقصد اس ترجمة الباب سے امام بخاریؒ کا مقصد کیا ہے؟ بتانا مشکل ہے کیوں کہ امام نے ترجمہ قائم کیا ہے "لایجوز الوضوء بالنبیذ ولا بالمسکر" اسکی ایک صورت یہ ہے کہ عطف العام علی الخاص کے طور پر ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ نبیذ عام ہے چاہے مسکر یا غیر مسکر مطلق نبیذ سے وضو جائز نہیں۔

اس صورت میں امام بخاریؒ کا مقصد ان حضرات کی تردید ہوگی جو نبیذ کی ایک صورت سے وضو کو جائز کہتے ہیں جیسے امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام اوزاعیؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ دوسرا پہلو یہ ہے کہ ترجمۃ الباب میں نبیذ کا لفظ نبیذ کے تمام قسموں کو شامل تھا امام بخاریؒ نے ولا بالمسکر کا لفظ زیادہ کرکے اس بات پر تنبیہ کردی کہ جو نبیذ مسکر ہوگی اس سے وضو جائز نہیں۔ اس صورت میں امام اعظمؒ اور امام اوزاعیؒ وغیرہ کی مخالفت نہ ہوگی بلکہ صرف بیان مسئلہ مقصود ہوگا۔

مگر غالباً امام بخاریؒ کا رجحان اور مسلک پہلی صورت ہے جیسا کہ تین جلیل القدر تابعی کا فتویٰ نقل کرکے مسلک کا اظہار فرمایا ہے۔

۲۳۹ (حدّثنا علیُّ بنُ عبدِ اللهِ قال ثنا سُفیٰنُ قال حدّثنا الزُّهریُّ عن ابی سَلَمةَ عن عائشةَ عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال کُلُّ شرابٍ اَسکرَ فھو حرامٌ)

ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر ایک پینے کی چیز جو نشہ پیدا کرے وہ حرام ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ پورے باب سے مطابقت تو مشکل ہے مگر ترجمۃ الباب کے آخری جز سے مطابقت ہوسکتی ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۸ و یاتی ص۸۳۷ و مسلم جلد ثانی ص۱۶۷ ابو داؤد ثانی ص۱۵۸ ترمذی جلد ثانی ص۸ ابن ماجہ فی ابواب الاشربہ ص۲۵۱ وغیرہ

تحقیق نبیذ وتفصیل مذاہب | نبیذ نبذٌ سے مشتق ہے از باب ضرب بمعنی پھینکنے اور ڈالنے کے آتا ہے نبیذ بمعنی منبوذ ایک قسم کا شربت ہے جو مختلف چیزوں سے (من التمر والزبیب والعسل والحنطه والشعیر وغیرذالک) بنتا ہے لیکن اکثر نبیذ کھجور کی ہوتی تھی۔

اقسام نبیذ | (۱) کھجور اتنی دیر کیلئے پانی میں ڈال دی جائیں کہ پانی میں حلاوت یعنی مٹھاس تک نہ آئے نہ جھاگ نشہ تو بہت دور کی بات ہے اس سے بالاتفاق وضو جائز ہے۔

(۲) کھجوریں اتنی دیر تک پانی میں رکھی جائیں کہ پانی کی رقت وسیلان ختم ہوگئی اور نشہ پیدا ہوجائے اس سے بالاتفاق وضو ناجائز ہے۔

(۳) کھجوریں اتنی دیر پانی میں رکھی جائیں کہ پانی کے اندر صرف حلاوت یعنی مٹھاس آگئی ہے لیکن اور کسی قسم کا تغیر جھاگ اور نشہ نہ پیدا ہو اس کے بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔

(۴) نبیذ کے اندر یہ اختلاف صرف نبیذ تمر میں ہے اس کے علاوہ مثلاً انگور اور شہد وغیرہ کی نبیذ سے سے وضو بالاتفاق جائز نہیں۔

تیسری قسم میں ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک وضو جائز نہیں یہاں تک کہ اگر دوسرا پانی موجود نہ ہو تو تیمم کرے۔

دوسرا قول امام اعظم ابو حنیفہؒ سفیان ثوریؒ اور امام اوزاعیؒ کے نزدیک اس تیسری قسم کی نبیذ سے وضو جائز ہے بشرطیکہ اس کے علاوہ کوئی دوسرا پانی موجود نہ ہو نیز حضرت علیؓ اور حضرت عکرمہؓ سے بھی وضو کی گنجائش مصنف ابن ابی شیبہ میں مروی ہے اصل عبارت یوں ہے عن الحارث عن علی انه کان لایری باسا بالوضوء من النبیذ۔ عن یحیی عن عکرمه قال النبیذ وضوء لمن لم یجد الماء۔

تیسرا قول امام محمدؒ کا ہے کہ اگر اس نبیذ کے علاوہ دوسرا پانی موجود نہ ہو تو پہلے اس سے وضو کرے پھر احتیاطاً تیمم بھی کرے۔

تشریح | کرهه الحسن الخ حسن بصریؒ اور ابو العالیہؒ نے وضو بالنبیذ کو مکروہ کہا ہے۔ امام بخاریؒ نے اسکی کوئی وضاحت نہیں فرمائی کہ مکروہ سے مراد مکروہ تنزیہی ہے یا تحریمی؟

ابو عبیدؒ نے حسن بصریؒ سے روایت نقل کی کہ حسن بصریؒ نے فرمایا لاباس به فعلی هٰذا کراهتهٗ عنده کراهة تنزیه (عمدہ، فتح)

یعنی نبیذ سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں، اس سے وضاحت ہوگئی کہ حضرت حسن بصریؒ کے نزدیک نبیذ سے وضو کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور یہ معلوم ہے کہ مکروہ تنزیہی جواز کے معارض نہیں۔ تو امام بخاریؒ کا یہ کہنا کہ نبیذ سے مطلق وضو جائز نہیں ثابت نہیں۔

چنانچہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: فحینئذ لایساعد الترجمة۔

وابو العالیہ الخ اور ابو العالیہؒ نے بھی نبیذ سے وضو کو مکروہ سمجھا ہے۔
ابو داؤد میں ابو خلدہ کی روایت ہے کہ میں نے ابو العالیہ سے ایک جنبی انسان کے متعلق پوچھا کہ جس کے پاس پانی نہیں ہے اور اس جنبی کے پاس نبیذ ہے کیا وہ نبیذ سے غسل کر سکتا ہے؟ ابو العالیہؒ نے جواب دیا نہیں کر سکتا ہے (ابو داؤد جلد اول ص۱۲)
حافظ عسقلانیؒ کہتے ہیں "وفی روایۃ ابی عبید فکرھہ (فتح الباری اول ص۲۸۲)
اولاً تو ابو العالیہ کا فتویٰ غسل کے متعلق ہے جو حنفیہ کے نزدیک بھی راجح قول یہی ہے کہ درست نہیں اسلئے کہ امام اعظمؒ کے نزدیک وضو بالنبیذ کا جواز خلاف قیاس حدیث کی وجہ سے ہے۔
اب امام بخاریؒ کا وضو کے عدم جواز پر پیش کرنا کیسے درست ہو سکتا ہے؟

وقال عطاء التیمم احب الخ حضرت عطاءؒ کے قول سے تو وضو بالنبیذ کا جواز معلوم ہو رہا ہے کیونکہ فرماتے ہیں احب الی مجھکو وضو بالنبیذ کے مقابلے میں تیمم زیادہ پسند ہے اس سے ہرگز عدم جواز نہیں معلوم ہوتا ہے۔
بہر حال یہ آثار امام بخاریؒ کیلئے نہ مفید ہیں نہ مؤید۔

حدیث الباب سے استدلال حدیث الباب میں ہے کہ ہر ایک پینے کی چیز جو نشہ پیدا کرے وہ حرام ہے۔ حدیث الباب کل شراب اسکر میں تعمیم ہے خواہ بالفعل نشہ پیدا کرے یا بالقوہ ہے لیکن یہ مفہوم مسلّم نہیں۔
ابو داؤد میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے:

کان ینبذ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الزبیب فیشربہ الیوم والغد وبعد الغد الی مساء الثالثۃ ثم یامر بہ فیسقی الخدم او یہراق۔
(ابو داؤد ثانی کتاب الاشربہ ص۵۲۲)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے منقی کا نبیذ تیار کیا جاتا تھا حضورؐ اس کو آج اور کل کے بعد تیسرے روز کی شام تک استعمال کرتے پھر اس کے بعد ارشاد فرما دیتے اور وہ (نشہ آور ہونے سے پہلے) یا تو خدام کو پلا دیا جاتا یا بہا دیا جاتا۔

حدیث الباب سے بھی امام بخاریؒ کا استدلال صحیح نہیں۔

امام اعظمؒ کا رجوع علامہ کاسانیؒ نے بدائع میں نقل کیا ہے کہ امام صاحبؒ نے اخیر میں قول جمہور کی طرف رجوع کر لیا تھا لہٰذا اب نبیذ سے عدم وضو پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے امام طحاویؒ، علامہ ابن نجیمؒ اور قاضی خان نے اسی کو اختیار کیا ہے چنانچہ جمہور حنفیہ متاخرین عدم جواز ہی کا فتویٰ دیتے ہیں اسلئے اس پر مزید بحث کی ضرورت نہیں۔

بَابُ غَسْلِ الْمَرْاَۃِ اَبَاھَا الدَّمَ عَنْ وَجْھِہٖ وَقَالَ اَبُو الْعَالِیَۃِ امْسَحُوْا عَلٰی

رِجلی فانّہا مریضۃ "

عورت کا اپنے باپ کے چہرے سے خون کو دھونا۔ ابو العالیہ رح نے (اپنے گھر والوں سے) کہا میرے پیر پر مسح کردو اسلئے کہ وہ مریض ہے۔

ربط ما قبل باب سابق میں تھا کہ نبیذ کا استعمال جائز نہیں ہے۔ اب اس باب میں ہے کہ بدن پر نجاست کا ترک جائز نہیں۔ تو عدم جواز ایک حکم شرعی ہے جو دونوں میں مشترک ہے۔

مقصد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح فرماتے ہیں کہ امام بخاری رح کا مقصد اس باب سے یہ ہے کہ کسی عذر سے ضرورت کیوقت وضو میں دوسرے سے مدد لینا جائز ہے چنانچہ حضرت ابو العالیہ رح نے پاؤں میں تکلیف کیوجہ سے اپنے گھر والوں سے مسح میں مدد لی ہے اور فرمایا کہ میرے پاؤں میں تکلیف ہے اس پر مسح کردو۔

۲۴۲ حدّثنا محمدٌ قال ثنا سُفیٰنُ بن عُیینۃ عن ابی حازمٍ سَمِعَ سَہلَ بن سعدٍ الساعدیّ وسألہ الناسُ وما بینی وبینہ احدٌ بایّ شیئٍ دُوِیَ جُرحُ النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما بقی احدٌ اعلمُ بہ منّی کان علیٌّ یجیئُ بترسہٖ فیہ ماءٌ وفاطمۃُ تغسلُ عن وجہہ الدمَ فاُخذ حصیرٌ فاُحرِقَ فحُشِیَ بہٖ جُرحُہٗ ۔

ترجمہ ابو حازم رح سے روایت ہے کہ لوگوں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رض سے پوچھا اسوقت میرے اور حضرت سہل بن سعد رض کے درمیان کوئی نہ تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (جنگ احد کے) زخم کا علاج کس چیز سے کیا گیا تھا؟ انہوں نے کہا اب اس کا جاننے والا مجھ سے زیادہ کوئی باقی نہیں رہا حضرت علی رض اپنی ڈھال میں پانی لاتے تھے اور حضرت فاطمہ رض آپ کے چہرۂ انور سے خون دھوتی تھیں (خون بند نہیں ہوا) آخرکار ایک بوریا جلائی گئی اور آپ کے زخم میں بھر دیا گیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "وفاطمۃ تغسل عن وجہہ الدم"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۳۸ ویاتی فی الجہاد ص۴۰۷ و ص۴۰۸ و ص۴۲۶ وفی المغازی ص۵۸۴ وفی النکاح ص۷۸۹ و ص۸۵۲ ومسلم ثانی ص۱۰۸ وترمذی ثانی ابواب الطب ص۳۰۔

تشریح یہ واقعہ کب پیش آیا؟ تفصیل کیلئے نصر الباری کتاب المغازی دیکھیے ص۱۲۲ قال ابو العالیۃ: حضرت ابو العالیہ رح بیمار تھے عاصم بن عثمان بیمار پرسی کیلئے گئے لوگوں نے ابو العالیہ رح کو وضو کرایا، معلوم ہوا کہ وضو میں استعانت جائز ہے اس کیلئے حدیث الباب سے استدلال اس طرح کیا گیا ہے کہ جب چہرہ کا خون دھونے میں استعانت کی گنجائش ہے تو ضرورت کے وقت وضو میں بھی استعانت درست ہوگی۔

باب السواک وقال ابن عباس بت عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاستن

مسواک کرنے کا بیان ۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رات گذاری (میں نے دیکھا کہ) آپ نے مسواک کی۔

ربط ماقبل دونوں باب ازالہ پر مشتمل ہیں باب سابق میں ازالہ خون کا بیان تھا۔ اب اس باب میں منہ کی بدبو کا ازالہ ہے۔

یا اس طرح مناسبت بیان کیجائے کہ باب سابق میں چہرہ کے خون دھونے کا بیان تھا اور مسواک کرنے میں بسا اوقات خون نکل آتا ہے اسلئے اب یہاں سے مسواک کے ابواب شروع کرتے ہیں۔

مقصد ترجمہ اس میں اختلاف ہے کہ مسواک نماز کی سنت ہے یا وضو کی؟ امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب الوضو میں مسواک کا مسئلہ بیان کر کے یہ تبلادیا کہ مسواک وضو کی سنت ہے۔

معلوم ہوا کہ اس مسئلے میں امام بخاری رحمہ اللہ حنفیہ کے مسلک کی موافقت کر رہے ہیں۔

۲۴۱ (حدثنا ابو النعمان قال ثنا حماد بن زید عن غیلان بن جریر عن ابی بردۃ عن ابیہ قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوجدتہ یستن بسواک بیدہ یقول اُعْ اُعْ والسواک فی فیہ کانہ یتھوّع)

ترجمہ حضرت ابو بردہ اپنے والد ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا دیکھا تو آپ ہاتھ میں مسواک لئے ہوئے مسواک کر رہے تھے آپ اُع اُع کی آواز نکال رہے تھے اور مسواک آپ کے منہ میں تھی گویا قے کر رہے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " فوجدتہ یستن الخ "

تعدد موضع اخرجہ البخاری ھھنا ص۳۸ واخرجہ مسلم ص۱۲۸ وابوداؤد ص۷ نسائی ص۲۔

۲۴۲ (حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ قال ثنا جریر عن منصور عن ابی وائل عن حذیفۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل یشوص فاہ بالسواک)

ترجمہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو (نیند سے) اٹھتے تو اپنا منہ مسواک سے صاف کرتے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقتہ للترجمۃ فی قولہ یشوص فاہ بالسواک۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۸ وثانی ص۱۲۲ وص۱۵۳ ومسلم ص۱۲۸ ابوداؤد ص۸ نسائی ص۲ ایضا نسائی فی باب ما یفعل اذا قام من اللیل ص۱۸۴ ابن ماجہ ص۲۵۔

تحقیق الفاظ سواک بکسر السین وھو یطلق علی الفعل والآلہ (قس) یعنی سواک کا اطلاق فعل یعنی دانتوں کو رگڑنا، مسواک کرنا۔ اور آلہ یعنی مسواک دونوں پر ہوتا ہے استن استنان مشتق ہے سِنّ سے جس کے معنی ہیں دانت تو استنان کے معنی ہوئے مسواک کرنا، دانت مانجھنا چاہے لکڑی سے ہو یا انگلی سے یتہوّع ھوع سے مشتق ہے از لفرو سمع ہاع یہوع اور ھاع یہاع ھوعا بغیر تکلف کے قے کرنا اور تہوّع تکلف سے قے کرنا، انگلی ڈال کر قے کرنا۔

تشریح مسواک کے مسنون ہونے پر علماء اسلام کا اتفاق ہے اور بکثرت احادیث سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مواظبت ثابت ہوتی ہے اور خاصکر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی . . . . مسواک کی پابندی اور اہتمام کا اندازہ وفات کے وقت سے ہوتا ہے، حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ (میرے بھائی) عبدالرحمن بن ابی بکر رضؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم (مرض الموت میں) میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ اور عبدالرحمن کے پاس (یعنی ہاتھ میں) ایک عمدہ تازہ مسواک استعمال کیلئے تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسواک کو دیر تک دیکھا چنانچہ میں نے ان سے مسواک لے لی اور اسے اپنے دانتوں سے چبا کر اچھی طرح جھاڑنے اور صاف کرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی آپؐ نے اس سے مسواک کی اور اتنے عمدہ طریقے سے کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنے عمدہ طریقے پر مسواک کرتے کبھی نہیں دیکھا تھا مسواک سے فارغ ہونے کے بعد کچھ دیر نہیں گذری (یعنی فوراً) آپؐ نے اپنا ہاتھ یا انگلی اٹھائی پھر تین مرتبہ یہ فرمایا "فی الرفیق الاعلیٰ" اس کے بعد آپؐ کا انتقال ہوگیا الخ (بخاری کتاب المغازی ص۶۳۸)

مسواک کا حکم اور ائمہ کے اقوال مذکورہ تقریر سے یہ تو معلوم ہو چکا ہے کہ مسواک سنت ہے اب اختلاف یہ ہے کہ مسواک کرنا سنت وضو میں سے ہے یا سنت نماز میں سے؟ حنفیہ کے نزدیک سنت وضو میں سے ہے۔ اور شافعیہ کے نزدیک سنت نماز میں سے ہے امام اعظمؒ سے یہ بھی منقول ہے کہ مسواک سنت دین ہے امام بخاری نے مسواک کا مسئلہ کتاب الوضوء میں بیان کیا ہے اس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاریؒ حنفیہ کی موافقت کر رہے ہیں کہ امام بخاریؒ کے نزدیک بھی مسواک کرنا سنت وضو میں سے ہے ورنہ اس باب کو کتاب الصلوٰۃ میں لاتے۔ واللہ اعلم

امام بخاریؒ نے سب سے پہلے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا ایک اثر پیش کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رات گذاری الخ یہ ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے جس کو امام بخاریؒ کئی جگہ لائے ہیں اس کے بعد دو حدیث لائے ہیں۔ پہلی حدیث حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے دیکھا کہ آپؐ مسواک کر رہے

ہیں۔ اور اُع اُع کی آواز نکل رہی ہے۔ ظاہر ہے کہ صرف دانتوں پر مسواک کرنے سے اس قسم کی آواز پیدا نہیں ہوتی بلکہ مسواک سے دانت کے علاوہ منہ اور حلق کی صفائی کے وقت اس طرح کی آواز نکلتی ہے یہاں سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ نماز وضو کی سنت ہے کیوں کہ جو لوگ مسواک کو نماز کی سنت قرار دیتے ہیں۔ وہ صرف دانتوں پر مسواک کا پھیر لینا کافی سمجھتے ہیں۔

حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ اصل مسواک سنن وضو سے متعلق ہے لیکن اس کے علاوہ اور بھی بعض مقامات پر مستحب ہے علامہ شامی رحؒ لکھتے ہیں:

قال فی امداد الفتاح ولیس السواك من خصائص الوضوء فانه یستحب فی حالات منها تغیر الفم والقیام من النوم والی الصلوة ودخول البیت والاجتماع بالناس وقراءة القرآن لقول ابی حنیفة رح ان السواك من سنن الدین فتستوی فیه الاحوال کلها (شامی اوّل صـ۲۳۴ مطبوعہ زکریا بکڈپو دیوبند)

معلوم ہوا کہ دانتوں کی صفائی کے ساتھ منہ اور حلق سے بلغم کی صفائی بھی مطلوب ہے۔

فوائد مسواک

مسواک کے فوائد بے شمار ہیں علامہ شامی رحؒ فرماتے ہیں:

قال فی النهر ومنافعه وصلت الی نیف وثلثین منفعة ادناها اماطة الاذی واعلاها تذکیر الشهادة عند الموت۔

صاحب نہر الفائق نے بیان کیا ہے کہ مسواک کے فوائد تیس سے زیادہ ہیں جن میں سب سے ادنیٰ گندگی کا ازالہ ہے اور سب سے اعلیٰ موت کے وقت کلمہ یاد آنا ہے (شامی جلد اوّل مطبوعہ زکریا بکڈپو دیوبند صـ۲۳۶)

علماء نے لکھا ہے کہ مسواک کرنے میں ستر فائدے ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ موت کے وقت کلمۂ شہادت زبان پر جاری ہو جاتا ہے۔

مسواک پکڑنے کا طریقہ

صاحب بحر لکھتے ہیں: والسنة فی کیفیة اخذه ان تجعل الخنصر من یمینك اسفل السواك الخ (بحر الرائق جلد اول صـ۲۱)

مسواک پکڑنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی خنصر یعنی چھوٹی انگلی مسواک کے نیچے رکھیں اور بنصر، وسطی اور سبابہ تینوں کو مسواک کے اوپر رکھیں اور انگوٹھے کو مسواک کے سر کی طرف نیچے رکھے۔

حضرت ابن مسعود رضؓ کی روایت میں ہے کہ مسواک کو مٹھی میں دبا کر نہ کیجائے کہ اس سے بواسیر کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

مسواک ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے برابر موٹی اور ایک بالشت لمبی ہو۔ استعمال کرتے کرتے چھوٹی

ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ دانتوں کی چوڑائی میں مسواک کرے پہلے داہنے طرف کے اوپر کے دانتوں پھر بائیں طرف کے اوپر کے دانتوں میں پھر بائیں طرف اسی ترتیب سے کرے، فارغ ہونے کے بعد مسواک کو دھو کر کھڑی کر کے رکھے کہ ریشہ اوپر کیا تب ہو۔

بَابُ دَفْعِ السِّوَاكِ إِلَى الْأَكْبَرِ وَقَالَ عَفَّانُ حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرَانِي أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيلَ لِي كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ مِنْهُمَا قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ اخْتَصَرَهُ نُعَيْمٌ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ أُسَامَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ)

جو شخص عمر میں زیادہ ہو پہلے اس کو مسواک دینا۔ اور عفان بن مسلم نے کہا ہم سے صخر بن جویریہ نے بیان کیا انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمرؓ سے نقل کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ......
میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ (خواب میں) مسواک کر رہا ہوں اتنے میں دو شخص میرے پاس آئے ان دونوں میں سے ایک عمر میں دوسرے سے بڑا تھا میں نے پہلے اس کو مسواک دیدی جو عمر میں چھوٹا تھا تو مجھ سے کہا گیا کہ پہلے بڑے کو دیجئے تو میں نے بڑے کو دیدی۔

امام بخاریؒ نے کہا نعیم نے ابن مبارکؒ سے بواسطہ اسامہ بن زید و نافع حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مختصر طور پر روایت کیا ہے۔

ربط ما قبل والمناسبة بين البابين ظاهرة۔

مقصد ترجمہ شاہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں " مقصوده من هذا الباب اثبات فضيلة السواك " یعنی اس باب سے امام بخاریؒ کا مقصد مسواک کی فضیلت ثابت کرنا ہے۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کوئی معمولی چیز آپؐ کے پاس آتی تو آپؐ بڑوں کو عنایت فرماتے تو چونکہ عام طور پر لوگ مسواک کو معمولی چیز سمجھتے ہیں اس لئے آپؐ نے پہلے چھوٹوں کو دینا چاہا اتنے میں مسواک کی فضیلت میں وحی آئی کہ بڑوں کو دیجئے۔

معلوم ہوا کہ اگرچہ بظاہر معمولی چیز ہے مگر فوائد دین اور فوائد دنیا کے اعتبار سے عظیم الشان اور عظیم المرتبت چیز ہے۔

مسائل (۱) علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ " وفيه ان استعمال سواك الغير غير مكروه الخ " یعنی دوسروں کی جوٹھی مسواک استعمال کرنا مکروہ نہیں ہے مگر بہتر یہ ہے کہ دوسرا اس کو دھو کر استعمال کرے۔

(۲) وقال المهلب تقدیم ذی السن اولیٰ فی کل شیٔ مالم یترتب القوم فی الجلوس فاذا ترتبوا فالسنة تقدیم ذی الایمن فالایمن (عمدہ) یعنی بڑی عمر والے کو حق تقدیم اس وقت ہے جب مجلس مرتب نہ ہو بلکہ حاضرین مجلس کیف ما اتفق بے ترتیب بیٹھے ہوں لیکن مجلس میں اگر ترتیب قائم ہو تو حق تقدیم داہنے والوں کو ہے۔

(۳) اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی معلوم ہوا کہ جو لوگ عمر میں بڑے ہوں ان کا لحاظ اور ان کی تعظیم و توقیر کرنی لازم ہے بالخصوص بوڑھوں کی کما فی الحدیث۔ من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا فلیس منا۔ ابوداؤد جلد ثانی کتاب الادب میں ارشاد نبوی ہے:۔

ان من اجلال اللّٰہ اکرام ذی الشیبة المسلم الحدیث

یعنی اللہ تعالیٰ کے اجلال میں بوڑھے مسلمان کی تعظیم ہے۔

قال ابو عبد اللّٰہ الخ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ نعیم نے اس حدیث کو مختصر کر دیا (یعنی خلاصہ بیان کیا) اصل واقعہ خواب کا ہے جیسا کہ یہی حدیث حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کی مسلم شریف جلد ثانی ص۲۴۴ میں ہے جس میں تصریح ہے ارانی فی المنام اتسوک الخ تو معلوم ہوا کہ اصل واقعہ تو خواب کا ہے غالباً اسی لئے امام مسلمؒ نے اس کو کتاب الرویا میں نقل فرمایا ہے جس پر بیداری میں عمل کیا گیا جیسا کہ ابوداؤد جلد اول کتاب الطہارت ص۸ میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے۔ نعیم نے اختصار کر دیا جس سے معلوم ہونے لگا کہ واقعہ الگ الگ ہے اگرچہ امکانی احتمال اس کا بھی ہے۔ واللہ اعلم

باب ۱۷۳

فضل من بات علی الوضوء

اس شخص کی فضیلت کا بیان جو باوضو سوئے

ربط ماقبل وجه المناسبة بین البابین من حیث اشتمال کل منهما علی بیان اکتساب فضیلة واجر ولانه من تعلقات الوضوء۔

یعنی باب سابق میں مسواک کے ذریعہ فضیلت اور اجر حاصل کرنے کا بیان تھا۔

اب اس باب میں بھی باوضو سونے کی عظیم ترین فضیلت حاصل کرنیکی ترغیب ہے۔

۲۴۳ (حدثنا محمد بن مقاتل قال انا عبد اللّٰہ قال انا سفیان عن منصور عن سعد بن عبیدة عن البراء بن عازب قال قال النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم

إذا أتيتَ مضجعك فتوضأ وضوءك للصلوٰة ثمّ اضطجع على شقك الأيمن ثم قل اللّٰهم أسلمت وجهي إليك وفوضت أمري إليك وألجأت ظهري إليك رغبةً ورهبةً إليك لا ملجأ ولا منجا منك إلا إليك اللّٰهمّ آمنت بكتابك الذي أنزلت ونبيك الذي أرسلت فإن مت من ليلتك فأنت على الفطرة واجعلهن آخر ما تتكلم به قال فرددتها على النبي صلى الله عليه وسلم فلما بلغت اللّٰهمّ آمنت بكتابك الذي أنزلت قلت ورسولك قال لا ونبيك الذي أرسلت)

ترجمہ حضرت براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو اپنے سونے کی جگہ پر آئے تو نماز کا سا وضو کرلے پھر داہنی کروٹ پر لیٹ جاؤ اور یوں دعا کرو اے اللہ میں نے اپنے آپ کو تیرے حوالہ کر دیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا میں نے اپنی پیٹھ تجھ پر ٹیک دی (یعنی تجھ پر بھروسہ کیا) میری تمام رغبتیں اور رہبتیں تیری طرف ہیں تیرے سوا کہیں جائے پناہ اور مقام نجات نہیں۔ اے اللہ میں تیری نازل فرمودہ کتاب اور تیرے فرستادہ نبی پر ایمان لایا پس اگر تم اسی شب میں انتقال کر جاؤ تو تمہارا انتقال فطرت (دین) پر ہوگا اور (ایسا کرو کہ) یہ دعا تیرا آخری کلام ہو، حضرت براء رضؓ نے کہا میں نے ان دعائیہ کلمات کو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے (یاد کرنے کے لئے) دھرایا جب میں اس جگہ پر پہنچا آمنت بکتابک الذی انزلت. تو اس کے بعد میں نے یوں کہدیا ورسولک آپ نے فرمایا نہیں یوں کہہ ونبیک الذی ارسلت۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث فی قولہ اذا اتیت مضجعک فتوضأ وضوءک للصلوٰۃ ثم اضطجع۔

تعدد موضعہ والحدیث ههنا صـ۳۸ ویاتی فی الدعوات صـ۹۳۳ تا صـ۹۳۴ ایضا صـ۹۳۴ ایضا صـ۹۳۴ وفی التوحید صـ۱۱۱۵ تا صـ۱۱۱۶ ومسلم شریف ثانی صـ۳۴۸ وابوداؤد ثانی صـ۶۸۸ فی باب ما یقول عند النوم، وترمذی ثانی صـ۱۷۵۔

مقصد ترجمہ حضرت شیخ زکریاؒ فرماتے ہیں کہ ترجمہ میرے نزدیک شارحہ ہے اس ترجمہ سے امام بخاریؒ روایت کی دو طرح سے شرح فرماتے ہیں۔

۱ یہ کہ روایت میں ہے اذا اتیت مضجعک فتوضأ وضوءک للصلوٰۃ "، تو اس کے لفظ اذا سے یہ وہم ہو سکتا ہے کہ جب بھی سونا چاہے تو اس وقت وضو کرے خواہ پہلے سے باوضو ہو یا نہ ہو تو ترجمہ میں من بات علی الوضوء بڑھا کر شرح کردی کہ مقصود نوم علی الوضوء ہے خواہ پہلے سے وضو ہو یا اس وقت وضو کرے غرض سوتے وقت باوضو ہونا چاہیے۔

دوسرے یہ کہ حدیث میں فتوضا امر کا صیغہ ہے اور امر وجوب کیلئے آتا ہے اس سے سوتے وقت وضو کا واجب ہونا معلوم ہوتا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمۃ الباب میں لفظ فضل بڑھا کر بتلا دیا کہ یہ امر وجوب کیلئے نہیں بلکہ استحباب وفضل کیلئے ہے (تقریر بخاری)

تشریح حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ جب تو اپنے سونے کی جگہ پر آئے تو نماز کا سا وضو کرے یعنی صرف کلی کر لینا یا منہ دھو لینے سے یہ برکت حاصل نہ ہوگی، وضو کر کے داہنی کروٹ پر لیٹ جاؤ کہ انبیاء کرام علیہم السلام اسی طرح کرتے تھے کیونکہ داہنی جانب کو ترجیح دینا اکثر مواقع میں شریعت کو زیادہ پسندیدہ ہے اگرچہ اطباء نے بائیں کروٹ پر سونے کو بہتر بتایا ہے۔ اس وجہ سے کہ بائیں کروٹ سونے سے نیند خوب آتی ہے۔ کھانا بھی خوب ہضم ہوتا ہے۔ صحت اور تندرستی کے لئے بہت مفید ہے لیکن چوں کہ شریعت میں زیادہ کھانا ہی محمود نہیں ہے کیوں کہ زیادہ کھانے سے نیند اور غفلت کی زیادتی ہوگی بخلاف داہنی کروٹ کے کہ اس میں دل لٹکا رہتا ہے، دل پر بوجھ نہیں پڑتا مگر حسب ضرورت بائیں کروٹ سونا جائز ہے صرف پیٹ کے بل اوندھا ہو کر سونا اہل جہنم کا طریقہ ہے اس سے بچنا چاہیئے۔

ابوداؤد کی ایک روایت سے یہ بھی ثابت ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام چت لیٹ کر سوتے تھے لہذا تطبیق کی صورت یہ نکل سکتی ہے کہ سوتے وقت پہلے ابوداؤد کی روایت کے مطابق چت لیٹے پھر حدیث بخاری کے مطابق داہنی کروٹ لیٹ جائے اور دعاء ماثورہ پڑھے۔

ادعیہ ماثورہ کے الفاظ کی اہمیت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس دعاء کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یاد کرنے کے لئے دھرایا تو جب میں اللھم آمنت بکتابك الذی انزلت پر پہنچا تو اس کے بعد میں و نبیك کے بجائے ورسولك کہدیا کیونکہ نبی سے رسول کا مرتبہ بڑا ہوتا ہے تو اس پر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لا ونبیك الذی ارسلت، اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ دعاؤں کے جو الفاظ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں اس میں رد و بدل نہ کیا جائے خواہ دوسرے الفاظ کتنے ہی لطیف و دلکش ہوں۔

اس میں شک نہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ جو نورانیت و آثار قبولیت رکھتے ہیں وہ کسی اور کے کلام میں ہو نہیں سکتے۔

اکثر علماء نے اس حدیث سے یہ مطلب نکالا کہ ادعیہ ماثورہ اور اوراد و اذکار مرویہ میں جس طرح معنی کی حفاظت ہوتی ہے اسی طرح بعینہ ان الفاظ کا تحفظ بھی ضروری ہے کیوں کہ ان الفاظ میں کوئی خاص برکت اور تاثیر ہوتی ہے اسلئے کہ حروف میں اللہ تعالے نے خواص رکھے ہیں چنانچہ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے فتوحات

میں اس پر مفصل بحث کی ہے اور بتلایا ہے کہ بعض حروف حار (گرم) ہیں بعض بارد (سرد) ہیں اسی طرح بعض رطب بعض یابس، بعض کسی ایک کیفیت کی طرف قدرے مائل ہیں۔ پھر چند حروف کی ترتیب وامتزاج سے کچھ اور ہی تاثیر حاصل ہوتی ہے۔ لہٰذا کلمات دعا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے جس طرح منقول ہو کر آئے ہیں اسی طرح پڑھنا چاہیئے اس میں ردّ و بدل اضافہ و ترمیم نہ کرنا چاہیئے کیوں کہ اس کے ذریعہ اس دعا کا خصوصی اثر باقی نہیں رہتا اس کی مثال تالے کی کنجی کی سی ہوتی ہے جس میں کچھ مخصوص دندانے ہوتے ہیں جس سے وہ تالا کھلتا ہے اب اگر کنجی کے دندانے کم و بیش ہو گئے یا بڑے چھوٹے ہو گئے تو اس کنجی سے وہ تالا ہرگز نہیں کھلیگا۔

اذان کی دعا میں "انت محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ" کے بعد "والدرجۃ الرفیعۃ" کی زیادتی جو لوگوں میں مشہور ہے اور اکثر حضرات اس کو پڑھتے ہیں اس کے متعلق محدث کبیر حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ صاحب بذل المجہود فرماتے ہیں:-

قال السخاوی رحمہ لم اره فی شیئ من الروایات، یعنی مجھے یہ جملہ کسی روایت میں بھی نہیں ملا۔

(بذل المجہود جلد اوّل صـ۳۰۲)

اسی طرح مکتوبہ نمازوں کے بعد دعا اللھم انت السلام ومنك السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام میں منك السلام کے بعد الیك یرجع السلام فحیّنا ربنا بالسلام وادخلنا دار وار السلام کی کچھ اصل نہیں (مشکوٰۃ جلد اوّل صـ۸۸ باب الذکر بعد الصلوٰۃ کے حاشیہ نمبر۱ میں لکھا ہے:-

قال الشیخ الجزری رحمہ فی تصحیح المصابیح واما مایزاد بعد قوله ومنك السلام من نحو والیك یرجع السلام فحیّنا ربنا بالسلام وادخلنا دار دار السلام، فلا اصل له بل مختلق بعض القصاص، یعنی اس زیادتی کی کوئی اصل نہیں بعض خطیب کا اختراع ہے۔

کتاب الوضوء کی ابتدا وانتہا

کتاب الوضوء کی ابتداء قرآن حکیم کی آیت اذا قمتم الی الصلوٰۃ الآیۃ سے ہوئی تھی وہاں آپ نے پڑھ لیا ہے کہ قمتم کے یہ معنی بھی ہیں کہ جب تم نیند سے بیدار ہو کر نماز کیلئے کھڑے ہو تو وضو کر لو۔ اب امام بخاری رحہ کتاب الوضوء کے انتہا میں کہتے ہیں کہ جب سونے کا ارادہ کرو تو وضو کر لیا کرو۔ یعنی اگر وضو نہیں ہے لیکن اگر پہلے سے وضو باقی ہے تو وہی وضو کافی ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ جب سونے کا ارادہ ہو تو وضو کر لو اور جب بیدا ہو تو وضو کر لو، ابتدا اور انتہا میں کتنا گہرا ربط ہے۔

کتاب الوضوء کے ابتدا اور انتہا کو اس طرح مربوط کرنا امام بخاری رحہ کے دقت نظر، حسن سلیقہ اور کمال کا

مظہر ہے۔

واجعلھن اخر ما تتکلم بہ حافظ عسقلانی رح کے نزدیک اس لفظ آخر سے کتاب الوضو کے ختم کیطرف اشارہ ہے۔

اور حضرت شیخ زکریا رح فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ختم کتاب کی طرف اشارہ نہیں خود قاری کے ختم یعنی موت کیطرف اشارہ ہے اس کیلئے حدیث شریف میں فان مُتّ پر غور کر لینا کافی ہے۔

الحمدللہ یوم عاشورہ یعنی دسویں محرم الحرام ۱۴۱۹ھ کتاب الوضو ختم ہوئی اور پہلا پارہ پورا ہوا۔ عخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(کتاب الغسل وقول اللہ تعالیٰ وان کنتم جنبا فاطھروا الی قولہ لعلکم تشکرون وقولہ یایھا الذین امنوا الی قولہ عفوا غفورا)

کتاب غسل کے بیان میں ۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد (سورۂ مائدہ میں) کہ اگر تم جنابت کیحالت میں ہو (نہانے کی ضرورت ہو) تو سارا بدن پاک کرلو (یعنی غسل کرلو) اخیر آیت لعلکم تشکرون تک۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد (سورۂ نساء میں) اے ایمان والو جب تم نشہ میں ہو اخیر آیت عفوا غفورا تک۔

ماقبل سے ربط علامہ عینی رح فرماتے ہیں: لما فرغ من بیان الطھارۃ الصغریٰ بانواعھا شرع فی بیان الطھارۃ الکبریٰ بانواعھا وتقدیم الصغریٰ ظاھر لکثرۃ دورانھا بخلاف الکبریٰ (عمدہ)

یعنی امام بخاری رح طہارت صغریٰ سے فراغت کے بعد طہارت کبریٰ کا بیان شروع کررہے ہیں اور طہارت صغریٰ کی تقدیم اس وجہ سے کی کہ اسکی ضرورت زیادہ پیش آتی ہے بہ نسبت طہارت کبریٰ کے طہارت صغریٰ سے مراد وضو اور طہارت کبریٰ سے مراد غسل ہے۔

آیاتِ کریمہ کے ذکر کرنے کا مقصد امام بخاری رح نے اپنی عادت مبارکہ کے مطابق غسل جنابت کا آغاز بھی آیات کریمہ سے کیا ہے جیساکہ اس بخاری شریف میں امام کی عادت ہے کہ ہر کتاب کی ابتداء میں مناسب آیات کو لاتے ہیں جس سے ایک مقصد تو تبرک ہے اور دوسرا مقصد یہ بھی بتانا ہے کہ اس کتاب الغسل میں جتنے ابواب آئیں گے ان ہی آیات کی تشریح وتفصیل ہیں۔

علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ امام بخاری رح کا مقصد یہ بتلانا ہے کہ غسل جنبی کی فرضیت نص قرآنی ان کنتم جنبا فاطھروا سے ہے ای اغسلوا ابدانکم علی وجہ المبالغۃ (عمدہ)

موجبات غسل یعنی جو چیزیں غسل کو واجب کرتی ہیں ان میں جنابت کے علاوہ حیض و نفاس بھی ہیں مگر یہ عورتوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے موجبات غسل میں جنابت کو مقدم اس لئے کیا ہے کہ اس کا تعلق مرد و عورت دونوں سے ہے۔

حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: وقدم الاٰیة التی من سورة المائدة علی الاٰیة الخ (فتح)
یعنی امام بخاری رحمہ اللہ نے سورۂ مائدہ کی آیت کو سورۂ نساء کی آیت پر ایک باریک نکتہ کی وجہ سے قرآنی ترتیب کے خلاف کیا اور آیت مائدہ کو مقدم ذکر کیا حالاں کہ سورۂ نساء پہلے ہے اور سورہ مائدہ بعد میں تو چاہیئے تھا کہ آیت نساء پہلے بیان فرماتے پھر آیت مائدہ۔ لیکن چوں کہ آیت مائدہ میں لفظ فاطہروا ہے جس میں اجمال ہے اور آیت نساء میں حتی تغتسلوا ہے جس میں اغتسال کی تصریح ہے

علامہ عینی رحمہ اللہ لا اجمال فی فاطہروا لان معنی فاطہروا اغسلوا ابدانکم الخ (عمدہ)
آخر استاد استاد ہے اور شاگرد شاگرد۔

بات دراصل یہ ہے کہ حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے یہ نکتہ پیدا کرکے اپنے مسلک کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا ہے ان کے یہاں (یعنی عند الشوافع رحمہم اللہ) غسل میں مضمضہ اور استنشاق فرض نہیں ہے اس لئے انہوں نے اطہروا کے مبالغہ کا ذکر نہیں کیا بلکہ یہ کہکر نکل گئے کہ اطہروا میں اجمال تھا اور حتی تغتسلوا میں غسل کی تصریح ہے لیکن حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے اطہروا میں مبالغہ کا ذکر ہی نہیں کیا۔

اغلب یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے آیت مائدہ کو نساء کی آیت پر اس لئے مقدم کیا ہے کہ مائدہ کی آیت میں مبالغہ کا صیغہ ہے تو بخاری رحمہ اللہ نے مقدم لاکر اس پر تنبیہ کردی کہ غسل جنابت میں مبالغہ کی رعایت ضروری ہے۔

اب اگر مضمضہ و استنشاق وضو میں سنت ہے تو غسل میں یقیناً فرض ہوگا۔ واللہ اعلم

باب ۱۶۷

(الوضوء قبل الغسل)

غسل سے پہلے وضو کرنا

۲۴۴ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال انا مالکؒ عن ہشام عن ابیہ عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اغتسل من الجنابۃ اغسل یدیہ ثم یتوضأ کما یتوضأ للصلوٰۃ ثم یدخل اصابعہ فی الماء فیخلل بہا اصول الشعر ثم یصب علی راسہ ثلث غرف بیدیہ ثم یفیض الماء علی جلدہ کلہ)

ترجمہ | ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت فرماتے تو (برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے) شروع میں دونوں ہاتھ دھوتے پھر نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے پھر انگلیاں پانی میں ڈال کر بالوں کی جڑوں کا خلال کرتے پھر اپنے ہاتھ سے تین چلو لیکر اپنے سر پر ڈالتے پھر اپنے سارے بدن پر پانی بہاتے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا صـ۳۹ ویاتی فی باب ھل یدخل الجنب یدہ فی الاناء صـ۴۰ وفی باب تخلیل الشعر صـ۴۱ واخرجہ مسلم فی الطہارت صـ۱۴۷ وابوداؤد فی باب الغسل من الجنابۃ صـ۳۲ والنسائی فی باب الابتداء بالوضوء فی غسل الجنابۃ صـ۴۷ ترمذی باب ماجاء فی الغسل الجنابۃ صـ۱۵ ابن ماجہ ماجاء فی الغسل من الجنابۃ صـ۴۳۔

۲۴۵ (حدثنا محمد بن یوسف قال ثنا سفیانؒ عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن کریب عن ابن عباس عن میمونۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت توضأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضوءہ للصلوٰۃ غیر رجلیہ وغسل فرجہ وما اصابہ من الاذی ثم افاض علیہ الماء ثم نحی رجلیہ فغسلھما، ھذہ غسلہ من الجنابۃ)

ترجمہ | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے (غسل جنابت میں) نماز کے وضو کی طرح وضو کیا فقط پاؤں نہیں دھوئے اور اپنی شرمگاہ کو دھویا اور اس جگہ کو دھویا جہاں گندگی لگ گئی تھی پھر آپ نے اپنے اوپر پانی بہایا پھر اپنے پیروں کو وہاں سے ہٹایا اور انہیں دھویا آپ کا غسل جنابت یہی تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ توضا رسول اللہ صلی علیہ وسلم

تعدد موضعہ | والحدیث ھھنا ص۳۹ ویاتی فی باب الغسل مرۃ واحدۃ ص۳۹ ایضا ص۴۰ صفحہ ۴۰ ص۴۰ وص۴۱ ایضا ص۴۱ وص۴۲۔ اخرجہ مسلم ص۱۴۷ ابوداؤد ص۳۲ نسائی ص۲۹ باب الغسل الرجلین فی غیر المکان الذی یغتسل فیہ ترمذی ص۱۵ ماجاء فی غسل الجنابۃ ابن ماجہ فی الطہارۃ باب ماجاء فی الغسل من الجنابۃ ص۴۳۔

مقصد | امام بخاری رح کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ غسل سے پہلے وضو کرنا جو سنت ہے اس کی صورت کیا ہوگی؟ اس کے لئے امام بخاری رح نے اس باب میں دو حدیث ذکر کر کے پوری صورت بتلادی کہ مقام غسل جہاں غسل کیا جارہا ہے وہاں استعمال شدہ پانی کے نکلنے کا راستہ ہے اور پانی سوراخ سے نکل کر بہہ جاتا ہے تو ایسی صورت میں وضو کے ساتھ یعنی مسح راس کے بعد پیر دھولئے جائیں جیسا کہ باب کی پہلی حدیث سے معلوم ہوا اور اگر غسل کے پانی نکلنے کا راستہ نہیں ہے بلکہ پانی جمع ہوتا رہتا ہے۔ تو ایسی صورت میں غسل سے فارغ ہونے کے بعد اس جگہ سے ہٹ کر پیر دھوئے جائیں جیسا کہ باب کی دوسری حدیث حضرت میمونہ رض کی حدیث سے معلوم ہوا۔

باب ۱۷۵

غُسْلِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِہٖ

مرد کا اپنی بیوی کے ساتھ (ایک برتن سے) غسل کرنا

۲۴۶ (حدثنا ادمُ بنُ اَبی ایاسٍ قال ثنا ابنُ اَبی ذِئبٍ عنِ الزُّھری عَن عُروۃَ عَن عَائِشَۃَ قالت کُنتُ اَغتسِلُ انا والنبیُّ صلَّی اللہ علیہ وسلم مِن اِناءٍ واحدٍ مِن قَدَحٍ یُقالُ لَہُ الفَرَقُ)

ترجمہ | حضرت عائشہ رض سے روایت ہے فرمایا میں اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم (دونوں) ایک برتن یعنی ایک پیالے سے غسل کرتے تھے جس کو فرق کہا جاتا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "کنت اغتسل انا والنبی صلی اللہ علیہ وسلم

من اناء واحد،

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۹ ویاتی ص۴۰ ایضا ص۴۰ وفی تخلیل الشعر ص۴۱ وفی کتاب الحیض ص۴۷ وفی اللباس ص۸۸۵ وص۱۰۹۰ واخرجہ مسلم ص۱۴۸ وابوداؤد باب مقدار الماء الذی یجزی بہ الغسل ص۳۱ والنسائی باب اغتسال الرجل والمراۃ من اناء واحد ص۵۱۔

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کتاب الوضوء میں مرد وعورت کا ایک برتن سے وضو کرنا بیان کر چکے ہیں۔ اب ایک برتن سے مرد وعورت کا غسل کرنا بیان کر رہے ہیں۔

تشریح فرق (بفتح الراء) اور مد وصاع کی تفصیل کیلئے دیکھئے حدیث ۱۹۹ کی تشریح۔

باب ۱۷۶

الغسل بالصّاع ونحوہ

صاع اور اسکے برابر برتنوں سے غسل کرنا

۲۴۷ (حدثنا عبدُ اللہِ بن محمدٍ قال ثنا عبدُ الصمدِ قال ثنا شعبۃ قال حدثنی ابو بکر بنُ حفصٍ قال سمعتُ اَبا سلمۃَ یقولُ دخلتُ انا واخو عائشۃَ علیٰ عائشۃَ فسألہا اخوھا عن غُسلِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدعتْ باناءٍ نحوٍ من صاعٍ فاغتسلتْ واَفاضتْ علیٰ رأسھا وبیننا وبینھا حجابٌ قال ابو عبدِ اللہ وقال یزیدُ بنُ ھارونَ وبھزٌ والجُدّیّ عن شعبۃَ قدرِ صاعٍ)

ترجمہ ابو سلمہ (عبداللہ بن عبدالرحمن بن عوف) کہتے ہیں کہ میں اور حضرت عائشہؓ کے (رضاعی) بھائی حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے پھر حضرت عائشہؓ کے بھائی نے حضرت عائشہؓ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غسل کے بارے میں دریافت کیا تو حضرت عائشہؓ نے ایک برتن منگوایا جسمیں ایک صاع کے برابر پانی ہوگا پھر انہوں نے غسل کیا اور اپنے سر پر پانی بہایا اور ہمارے اور انکے درمیان ایک پردہ پڑا تھا۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں اور یزید بن ہارون، بہز (ابن اسد) اور جُدّی (عبدالملک بن ابراہیم) نے شعبہ سے نحو من صاع کے بجائے قدر صاع (یعنی ایک صاع کی مقدار) روایت کیا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة في قوله فدعت بإناء نحو من صاع ،، اور دوسرے طرق میں قدر صاع کی صراحت موجود ہے۔

تشریح یہ ابوسلمہ حضرت عائشہ رضؓ کے رضاعی بھانجے تھے ، ابوسلمہ نے حضرت عائشہ رضؓ کی بہن ام کلثوم بنت ابی بکر الصدیق کا دودھ پیا تھا۔

اخو عائشۃ - اس سے مراد حضرت عائشہ رضؓ کے رضاعی بھائی عبداللہ بن یزید ہیں جیساکہ مسلم ۱۴۸ میں تصریح ہے اخوها من الرضاعة ، معلوم ہوا کہ یہ دونوں محرم تھے اس لئے حضرت عائشہ رضؓ نے پردہ میں نہایا لیکن سر اوپر سے نظر آرہا تھا جس کا محارم کو دیکھنا جائز ہے ، بہرحال حضرت صدیقہ رضؓ نے غسل کرکے بتایا کہ قول کے مقابلے میں عملی تعلیم زیادہ دلنشین اور اطمینان بخش ہوتی ہے۔

۲۴۸ (حدثنا عبد الله بن محمد قال ثنا يحيى بن آدم قال ثنا زهير عن أبي إسحاق قال حدثنا أبو جعفر أنه كان عند جابر بن عبد الله هو وأبوه وعنده قوم فسألوه عن الغسل فقال يكفيك صاع فقال رجل ما يكفيني فقال جابر كان يكفي من هو أوفى منك شعرا وخيرا منك ثم أمنا في ثوب)

ترجمہ ابوجعفر (امام باقر محمد بن علی بن حسین) نے بیان کیا کہ وہ اوران کے والد (علی بن حسین رضؓ) حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کے پاس تھے ان کے پاس اور لوگ بھی تھے ان لوگوں نے حضرت جابر رضؓ سے غسل کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے جواب دیا تم کو ایک صاع پانی کافی ہے تو ایک شخص نے کہا مجھکو کافی نہیں ہوگا تو حضرت جابر رضؓ نے کہا یہ اس ذات گرامی کیلئے کافی ہوتا تھا جن کے بال تم سے ، زیادہ تھے اور جو تم سے بہتر تھے (یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پھر ایک ہی کپڑے میں ہماری امامت کی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة في قوله يكفيك صاع ـ

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۳۹ ويأتي في الباب الذي يليه ص۳۹ وأخرجه مسلم ص۱۴۸ والنسائي باب القدر الذي يكتفي به الإنسان من الماء للوضوء والغسل ص۴۳ فقال رجل اس آدمی سے مراد محمد بن حنفیہ کے صاحبزادے حضرت حسن بن محمد ہیں جیساکہ اس کے بعد والے باب کی آخری حدیث میں یعنی حدیث ۲۵۲ میں تصریح ہے۔

۲۴۹ (حدثنا أبو نعيم قال ثنا ابن عيينة عن عمرو عن جابر بن زيد عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم وميمونة كانا يغتسلان من إناء واحد قال أبو عبد الله كان ابن عيينة يقول أخيرا عن ابن عباس عن ميمونة والصحيح ما روى أبو نعيم)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت میمونہؓ دونوں ایک برتن سے غسل کر لیتے تھے قال ابوعبد اللہ یعنی امام بخاریؒ نے کہا کہ سفیان بن عیینہ اخیر عمر میں عن ابن عباس عن میمونۃ کہنے لگے تھے لیکن صحیح وہ ہے جو ابو نعیم نے روایت کی ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ کانا یغتسلان من اناء واحد سے ترجمۃ الباب ثابت ہے اسلئے کہ اس میں مقدار اناء اگرچہ مذکور نہیں ہے مگر الحدیث یفسر بعضہ بعضا کے تحت فرق مراد ہے کیوں کہ تنہا غسل کیصورت میں ایک صاع اور دو کے غسل میں کم از کم دو صاع پھر کم و بیش بھی ہوسکتا ہے جیساکہ ما قبل میں ذکر کیا جا چکا ہے۔

نیز امام بخاریؒ اس سے اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ پانی کے سلسلے میں صاع وغیرہ کی لازمی وضروری تحدید نہیں ہے ضرورت کیوقت کمی بیشی کی گنجائش اور جواز ہے۔

امام بخاریؒ نے روایت ابو نعیم کو کیوں صحیح فرمایا حافظ ابن حجر نے فرمایا کہ محدثین کا قاعدہ ہے کہ قدیم السماع کی روایت ان راویوں کی روایت سے راجح قرار دیتے ہیں جنہوں نے بعد میں حدیث سنی ہو۔

تو چوں کہ ابو نعیم سفیان کی روایتوں کے قدیم سامع ہیں اسلئے اس کو ترجیح دے کر ابو نعیم کی روایت کو صحیح قرار دیا (فتح الباری اول ۲۶۷)

یعنی ابو نعیم طبقہ اور عمر میں یحییٰ بن موسی سے قدیم ہیں اسلئے انکی سماع بھی قدیم ہوگی ابو نعیم کی وفات ۲۱۹ھ میں ہوئی ہے اور مسند حمیدی ص ۱۴۵ میں یہ روایت یوں مذکور ہے۔

حدثنا الحمیدی قال حدثنا سفیان قال ثنا عمرو بن دینار قال اخبرنی ابو الشعثاء جابر بن زید انہ سمع ابن عباس یقول اخبرتنی میمونۃ انھا کانت تغتسل الخ اس لئے قدیم ہونے کے لحاظ سے بھی اس حدیث کا مسندات میمونہ میں ہونا راجح معلوم ہوتا ہے جب کہ حمیدی کے بارے میں ہے اجل اصحاب سفیان بن عیینۃ (تہذیب التہذیب میں ان کے تذکرہ کے اندر ہے قال احمد: الحمیدی عندنا امام وقال ابو حاتم ھو اثبت الناس فی ابن عیینۃ وھو رئیس اصحابہ)

نیز سفیان بن عیینہ کا اخیر میں اس روایت کو مسندات میمونہ میں ذکر کرنا اور اس پر جمے رہنا خود اسی کے راجح ہونے کی دلیل ہے۔ (امداد الباری جلد سادس)

باب ۱۷۷

من افاض علی راسه ثلثاً

جس نے اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہایا

ربط | والمناسبة بين هذه الابواب ظاهرة لان كلها فى احكام الغسل وهيئته۔

(۲۵۰ (حدثنا ابو نعيم قال ثنا زهير عن ابى اسحق قال حدثنى سليمان بن صرد قال حدثنى جبير بن مطعم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اما انا فافيض على راسى ثلثا واشار بيديه كلتيهما)

ترجمہ | حضرت جبیر بن مطعم رضؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تو (غسل میں) اپنے سر پر (ایسے) تین چلو بہاتا ہوں اور آپ ؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کر کے بتلایا

مطابقة للترجمة | مطابقة الحديث للترجمة فى قوله فافيض على راسى ثلثا)

(۲۵۱ (حدثنا محمد بن بشار قال حدثنا غندر قال حدثنا شعبة عن مخول بن راشد عن محمد بن على عن جابر بن عبد الله قال كان النبى صلى الله عليه وسلم يفرغ على راسه ثلثاً)

ترجمہ | حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر پر تین دفعہ پانی ڈالتے تھے۔

مطابقة للترجمة | مطابقة الحديث "يفرغ على راسه ثلثا"

تعدد موضعه | والحديث ههنا ص۳۹ ويأتى ايضا ص۳۹۔

(۲۵۲ (حدثنا ابو نعيم قال حدثنا معمر بن يحيى بن سام قال حدثنى ابو جعفر قال لى جابر اتانى ابن عمك يعرض بالحسن بن محمد بن الحنفية قال كيف الغسل من الجنابة فقلت كان النبى صلى الله عليه وسلم يأخذ ثلاث اكف فيفيضها على راسه ثم يفيض على سائر جسده فقال لى الحسن انى رجل كثير الشعر فقلت كان النبى صلى الله عليه وسلم اكثر منك شعرا)

ترجمہ | ابو جعفر (امام محمد باقرؒ) نے بیان کیا کہ مجھ سے حضرت جابر رضؓ نے کہا میرے پاس تمہارے چچا کے بیٹے آئے

انکی مراد حسن بن محمد بن حنفیہ تھی انہوں نے پوچھا جنابت کا غسل کیسے کرنا چاہیئے تو میں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین چلو پانی لیتے تھے اور اسے اپنے سر پر بہاتے تھے پھر اپنے سارے بدن پر پانی بہاتے تھے اس پر حسن بن محمد نے مجھ سے کہا میں تو بہت بالوں والا آدمی ہوں تو میں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم سے زیادہ بال والے تھے۔

مطابقتہ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث فی قولہ یاخذ ثلٰث اکف فیفیضہا علی راسہ،

مقصد ترجمۃ الباب | شیخ الحدیث مولانا زکریا فرماتے ہیں امام بخاری نے ایک اختلافی مسئلہ کیطرف اشارہ کیا ہے اور وہ اختلافی مسئلہ یہ ہے کہ غسل میں دلک ہے یا نہیں؟ مالکیہ کے یہاں دلک (یعنی اعضاء کو ملنا) فرض ہے اور جمہور کے نزدیک فرض نہیں صرف پورے جسم پر پانی بہانا کافی ہے۔

امام بخاری نے ترجمۃ الباب میں لفظ افاض بڑھاکر جمہور کی تائید فرمائی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما انا فافیض علی راسی ثلثا، یہ روایت ابوداؤد و بخاری میں اسی طرح مختصر ہے مسلم شریف میں تفصیل سے مذکور ہے کہ ایک بار صحابہ کرام رضہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غسل کا ذکر فرما رہے تھے کوئی کہتا تھا کہ میں تو اتنی بار پانی ڈالتا ہوں اور کوئی کچھ کہتا تھا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بھائی میں تو تین بار سر پر پانی ڈالتا ہوں۔

اب جس کو صرف مسئلہ سے کام ہے وہ تو حضور پاک صلے اللہ علیہ وسلم کا صرف قول مبارک ذکر کرتا ہے اور جس کو واقعہ بیان کرنا مقصود ہے وہ سارا واقعہ بیان کرتا ہے۔

باب ۱۷۲

الغُسل مَرَّةً وَاحِدَةً

ایک بار پانی ڈال کر غسل کرنا

۲۵۳ احدثنا موسیٰ بن اسماعیل قال ثنا عبدُ الواحد عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن کُریب عن ابن عباس رضہ قال قالت میمونۃُ وضعتُ للنبی صلے اللہ علیہ وسلم ماءً للغسل فغسل یدہٗ مرتین او ثلاثا ثم افرغ علی شمالہ فغسل مذاکیرہٗ ثم مسح یدہٗ بالارض ثم

مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ ثُمَّ أَفَاضَ عَلَى جَسَدِهِ
ثُمَّ تَحَوَّلَ مِنْ مَكَانِهِ فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل کیلئے پانی رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (پہلے) اپنے ہاتھ دو مرتبہ یا تین مرتبہ دھوئے پھر آپ نے اپنے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اور شرمگاہوں کو دھویا پھر اپنا ہاتھ زمین پر رگڑا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے اور دونوں ہاتھ دھوئے پھر اپنے (سارے) بدن پر پانی بہایا پھر آپ اپنی جگہ سے ہٹ گئے اور دونوں پیروں کو دھویا۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث بالترجمۃ فی قولہ ثم افاض علی جسدہ۔

ترجمۃ الباب کی مطابقت اس طرح ثابت ہوگی کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے صرف بدن پر پانی بہادینے کا ذکر فرمایا ہے اور کوئی تعداد نہیں بیان کی اگر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم پانی ڈالنے میں تین مرتبہ کا تکرار فرمایا ہوتا تو ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا ضرور ذکر فرماتیں۔

جب کوئی عدد مذکور نہیں تو احتمال مرۃ اور مرات دونوں کا ہے اور دونوں صورتوں میں اقل یعنی ایک یقینی ہے واللہ اعلم

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۳۹ وسیاتی ص۴۰ ص۴۰ ص۴۰ ایضا ص۴۱ ص۴۱ وص۴۲ و اخرجہ النسائی ؒ " باب الغسل مرۃ واحدۃ ص۴۵۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ جس طرح وضو میں اعضاء وضو کا ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے اسی طرح غسل میں فرض صرف ایک مرتبہ دھونا ہے۔

باقی وہ روایات جن میں تین کا عدد مذکور ہے وہ استیعاب پر محمول ہیں۔

۲؎ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کانت الصلوۃ خمسین والغسل من الجنابۃ سبع مرار الخ (ابوداؤد ص۳۳ باب فی الغسل من الجنابۃ"، مطلب یہ ہے کہ شروع میں نمازیں پچاس اور غسل جنابت سات مرتبہ وغیرہ فرض ہوا تھا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ سے تخفیف کی درخواست کرتے رہے یہاں تک کہ نمازیں پچاس کی صرف پانچ رہ گئیں اور غسل جنابت ایکبار رہا، ممکن ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کا اس حدیث کیطرف اشارہ مقصود ہو کہ سات مرتبہ کا حکم منسوخ ہے، چونکہ یہ حدیث علی شرط البخاری نہیں تھی اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے بخاری شریف میں اس کو ذکر نہیں فرمایا۔

لیکن تین مرتبہ پورے بدن پر پانی بہانا مستحب ہے جیساکہ صاحب منہل نے بیان کیا ہے۔

باب ۱۷۹

مَنْ بَدَأَ بِالْحِلَابِ أَوِ الطِّيبِ عِنْدَ الْغُسْلِ

باب جس شخص نے غسل کے وقت حلاب یا خوشبو سے ابتدا کی

۲۵۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ حَنْظَلَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ دَعَا بِشَيْءٍ نَحْوَ الْحِلَابِ فَأَخَذَ بِكَفِّهِ فَبَدَأَ بِشِقِّ رَأْسِهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ الْأَيْسَرِ فَقَالَ بِهِمَا عَلٰى وَسَطِ رَأْسِهِ

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب غسل جنابت کا ارادہ فرماتے تو حلاب کی طرح کی کوئی چیز (یعنی برتن) منگاتے پھر (پانی) اپنے ہاتھ میں لیتے اور سر کے داہنے حصہ سے ابتدا کرتے (یعنی پہلے سر کے داہنے حصہ پر پانی ڈالتے) پھر چلو لے کر) بائیں حصہ پر ڈالتے پھر دونوں ہاتھ سے (پانی لے کر) بیچ سر پر ڈالتے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "دعا بشیئ نحو الحلاب فاخذ بکفہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا صفحہ ۳۹ تا ۴۰۔ واخرجہ مسلم اول ص ۱۴۷ وابوداؤد باب فی الغسل من الجنابۃ ص ۳۲۔

حلاب کے معنی قال الخطابی۔ الحلاب اناء یسع قدر حلبۃ ناقۃ (عمدہ)
یعنی حلاب (بکسر الحاء المہملہ) وہ برتن ہے جس میں اونٹنی کے ایک مرتبہ کا دودھ سما جائے۔ (یا ایکبار کا دودھ دوہا جا سکے)۔

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ غسل حلاب (دوہنی جو برتن دودھ دوھنے کے لئے مقرر ہو) سے بھی ہو سکتا ہے اور یہاں حلاب سے مراد وہ پانی ہے جو حلاب میں ہو فاطلق علی الحال اسم المحل۔

اور ظاہر بات ہے کہ جب پانی حلاب میں لیا جائے گا تو دودھ کی کچھ بو اس میں ضرور آئے گی تو امام بخاریؒ نے یہ بتلایا کہ اگر پانی میں رنگ و بو کا کچھ ظہور بھی ہو تب بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حلاب کے پانی سے غسل جنابت فرمایا ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر حلاب (دوھنی) سے غسل کرنے میں دودھ کا کوئی اثر چکنائی یا بو وغیرہ بدن پر رہ جائے تو اس کا بھی کوئی حرج نہیں کیوں کہ پاک پانی میں اگر کوئی دوسری پاک چیز ملجائے تو وہ پاک ہی رہتا ہے اور معمولی

تغیر رنگ و بو سے اس کی مائیت پر اثر نہیں پڑتا چنانچہ اس کو مزید صراحت کے ساتھ سات باب کے بعد صفحہ ۲۱۴ میں باب من تطیب ثم اغتسل وبقی اثر الطیب،، میں بتلائیں گے اور یہاں بھی والطیب سے اشارہ کر دیا کہ اگر خوشبو غسل سے پہلے لگائی اور اس کا اثر غسل کے بعد بھی باقی رہا تو درست ہے کوئی حرج نہیں۔

امام بخاری یہاں تو حلاب کا مسئلہ مستقلاً بیان کرنا چاہتے ہیں اس لئے اس کے واسطے حدیث بھی ذکر کی ہے اور طیب (خوشبو) کا مسئلہ تبعاً ذکر کر دیا ہے اس لئے اس کے واسطے حدیث ذکر کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی اور چوں کہ بقاء اثر کے لحاظ سے دونوں کا حکم ایک ہی ہے اس لئے ترجمۃ الباب میں دونوں کو ایک ساتھ ذکر کرنے میں مضائقہ نہ تھا۔

چنانچہ حافظ عسقلانی بھی فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے الطیب سے ایک دوسری روایت کی طرف اشارہ فرمادیا جو باب من تطیب ثم اغتسل الخ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی اور حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اس وقت ازواج مطہرات پر دور فرمارہے تھے اور ظاہر ہے کہ آپ نے اس کے بعد غسل فرمایا اگرچہ اسکا تعلق ایک خاص واقعہ سے ہے مگر یہ ثابت ہو گیا کہ غسل سے پہلے خوشبو کے استعمال میں کوئی مضائقہ نہیں۔

مطلب یہ ہے کہ اکثری عمل تو غسل کے بعد خوشبو استعمال کرنے کا ہے مگر دوسرا عمل یعنی خوشبو لگانے کے بعد غسل کرنا بھی درست ہے اور بدء بالحلاب حدیث الباب سے ثابت ہو گیا لہٰذا ترجمۃ الباب کے دونوں جز ثابت ہو گئے اور مقصد یہ ہے کہ دونوں ہی جائز ہیں تو مقصد ترجمہ یہ ہوگا من بدأ بالحلاب فی الغسل فقد اصاب ومن بدأ بالطیب فقد اصاب۔

اور ظاہر ہے کہ اسوقت متعدد برتن ہر کام کیلئے مستقلاً نہیں ہوا کرتے تھے اس لئے اسی برتن میں دودھ نکال لیا اور غسل کیوقت اسی میں پانی لے کر غسل کر لیا۔

قال بہما علی وسط راسہ لفظ قال افعال عامہ میں سے ہے متعدد معنی میں مستعمل ہے جو معنی مقام و محل کے مناسب ہوتے ہیں وہ لے لئے جاتے ہیں یہاں معنی ہیں دونوں ہاتھ سے پانی لے کر بیچ سر پر ڈالتے۔

بَابُ الْمَضْمَضَةِ وَالِاسْتِنْشَاقِ فِی الْجَنَابَةِ

غسل جنابت میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا

۲۵۵ (حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ ثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ

قال حدثنی سالم عن کُریب عن ابن عباس قال حدثتنا میمونۃ قالت صببت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم غسلاً فافرغ بیمینہ علی یسارہ فغسلھما ثم غسل فرجہ ثم قال بیدہ علی الارض فمسحھا بالتراب ثم غسلھا ثم مضمض واستنشق ثم غسل وجھہ وافاض علی راسہ ثم تنحی فغسل قدمیہ اُتی بمندیل فلم ینفض بھا۔

ترجمہ حضرت ابن عباس رضؓ نے کہا ہم سے حضرت میمونہ رضؓ نے بیان فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے غسل کا پانی (ایک برتن میں) ڈالا۔ آپؐ نے پہلے داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اللہ دونوں ہاتھ دھوئے پھر اپنی شرمگاہ کو دھو۔ پھر اپنے ہاتھ کو زمین پر مارا اور اس کو مٹی سے رگڑا پھر (پانی سے) اس کو دھویا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا پھر اپنے چہرہ کو دھویا اور اپنے سر پر پانی بہایا پھر اس غسل کی جگہ سے الگ ہو کر اپنے دونوں پاؤں دھوئے پھر رومال لایا گیا لیکن آپؐ نے اس سے نہیں پونچھا

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ثم مضمض واستنشق۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا صنک ومضیٰ ص۳۹ ویاتی ص۱۴ وص۴۶۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحؒ نے غسل جنابت میں مضمضہ اور استنشاق کیلئے علیحدہ مستقل باب قائم کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ مضمضہ اور استنشاق کی جو حیثیت وضو میں ہے غسل جنابت میں مضمضہ و استنشاق کی وہی حیثیت نہیں ہے وضو میں مضمضہ واستنشاق سنت ہے تو اب ظاہر ہے کہ غسل جنابت میں مضمضہ و استنشاق فرض ہوگا۔ یہی مذہب حنفیہ اور حنابلہ رحمہم اللہ کا ہے جب کہ حضرات شوافع اور مالکیہ کے نزدیک وضو کی اسی طرح غسل میں بھی مضمضہ اور استنشاق سنت ہے۔

امام بخاری رحؒ بظاہر حنفیہ اور حنابلہ کی موافقت کر رہے ہیں ورنہ مضمضہ اور استنشاق کیلئے الگ مستقل ترجمہ قائم نہ کرتے۔ واللہ اعلم

دلائل احناف وحنابلہ رحؒ علامہ عینی رحؒ فرماتے ہیں:۔

ولا شک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یترکھما فدل علی المواظبۃ وھی تدل علی الوجوب (عمدہ)	اس میں کوئی شک نہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو (غسل جنابت میں) کبھی ترک نہیں فرمایا عدم ترک مواظبت پر دلالت کرتا ہے اور مواظبت وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

صاحب بدائع نے لکھا ہے وضو میں بنص قرآنی غسل وجہ کا حکم ہے جس سے مراد ظاہری چہرہ ہوتا ہے لہٰذا منہ اور ناک کا اندرونی حصہ اس میں داخل نہیں ہے بخلاف جنابت کے کہ اس میں بنص قرآنی مبالغہ کے ساتھ بدن پاک کرنے کا حکم ہے لہٰذا حتی الامکان بدن کے ظاہری و باطنی ہر حصہ کو دھونا ضروری ہوگا (فتح الملہم جلد اول)

حضرت علامہ عثمانی رح نے لکھا ہے:۔ شارع علیہ السلام نے مس قرآن مجید کو تو بغیر طہارت کے مطلقاً ممنوع قرار دیا ہے اور قرأت قرآن مجید کو صرف حالت جنابت میں ممنوع فرمایا حالت حدث میں ممنوع نہیں۔ اور یہ بھی مروی ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کی تلاوت سے کوئی چیز سوائے جنابت کے نہ روکتی تھی۔

اس تفصیل سے جنابت اور حدث اصغر میں تفریق مفہوم ہوئی جس کی وجہ یہ ہے کہ حدث اکبر (جنابت) کی سرایت باطن جسم تک ہو جاتی ہے لہٰذا غسل میں ہر اس حصہ بدن تک پانی کا پہونچانا ضروری ہوگا جہانتک بغیر مشقت و تکلیف کے پہونچ سکے اور حدث اصغر کا اثر صرف ظاہر جسم تک رہتا ہے باطن تک نہیں پہونچتا اس لئے وضو کے اندر اعضاء وضو کے باطنی حصے دھونا ضروری نہ ہوں گے اس لئے وضو میں جو مضمضہ و استنشاق کا حکم آیا بھی ہے اس کو فرض و واجب سے کمتر یعنی سنت پر محمول کیا جائے گا۔ واللہ اعلم۔

باب ۱۸۱

(مسح الید بالتراب لتکون انقی)

ہاتھ کو مٹی سے رگڑنا تاکہ وہ خوب صاف ہو جائے

۲۵۶ (حدثنا عبد اللہ بن الزبیر الحمیدی قال حدثنا سفیان قال حدثنا الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن کریب عن ابن عباس عن میمونۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اغتسل من الجنابۃ فغسل فرجہ بیدہ ثم دلک بہا الحائط ثم غسلہا ثم توضأ وضوءہ للصلوٰۃ فلما فرغ من غسلہ غسل رجلیہ)

ترجمہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رض سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنابت کا غسل (شروع) فرمایا تو پہلے اپنے (بائیں) ہاتھ سے اپنی شرمگاہ کو دھویا پھر وہ ہاتھ دیوار پر رگڑ دیا پھر اس کو (پانی سے) دھویا پھر نماز کے وضو کیطرح وضو کیا اور جب آپ غسل سے فارغ ہوئے

تو آپ نے اپنے دونوں پاؤں دھوئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ثم دلک بہا الحائط۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا صفحہ ۴۰ ومضی ص ۳۹ ویاتی ص ۴۲۔

مقصد ترجمہ حدیث باب میں ہے کہ استنجے کے بعد آپ نے دست مبارک کو دیوار پر رگڑا پھر اسکو دھویا امام بخاری رحمہ نے ترجمہ میں "لتکون انقی" کہہ کر یہ بتلا دیا کہ... یہ ضروری نہیں ہے۔ بلکہ تحصیل نظافت کی غرض سے آپ صلعم نے ایسا فرمایا تھا یعنی اس اضافہ سے حدیث پاک کی شرح مقصود ہے۔

(باب ۸۲ ہَلْ یُدْخِلُ الْجُنُبُ یَدَہٗ فِی الْاِنَاءِ قَبْلَ اَنْ یَّغْسِلَهَا اِذَا لَمْ یَکُنْ عَلٰی یَدِہٖ قَذَرٌ غَیْرُ الْجَنَابَۃِ وَاَدْخَلَ ابْنُ عُمَرَ وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ یَدَہٗ فِی الطَّهُوْرِ وَلَمْ یَغْسِلْهَا ثُمَّ تَوَضَّاَ وَلَمْ یَرَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ بَاْسًا بِمَا یَنْتَضِحُ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَۃِ)

کیا جنبی اپنے ہاتھ کو دھونے سے پہلے برتن میں ڈال سکتا ہے؟ جبکہ اس کے ہاتھ پر جنابت کے سوا کوئی ناپاکی نہ لگی ہو، حضرت عبداللہ بن عمر رض نے اور براء بن عازب رض نے اپنا ہاتھ بن دھوئے پانی میں ڈالدیا پھر وضو کیا اور ابن عمر رض وابن عباس رض نے ان چھینٹوں میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھا جو جنابت کے غسل میں اڑیں۔

۲۵۷ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُسْلِمَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَیْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ تَخْتَلِفُ اَیْدِیْنَا فِیْہِ)

ترجمہ حضرت عائشہ رض نے کہا کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (دونوں ملکر) ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے ہم دونوں کے ہاتھ اسمیں باری باری پڑتے۔

مُطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی تختلف ایدینا فیہ۔ واختلاف الایدی فی الاناء لایکون الا بعد الادخال فدل ذالك علی انہ لایفسد الماء (عمدہ)

تعدد الحدیث والحدیث ھھنا صفحہ ۴۰ ومضی ص ۳۹ ویاتی ص ۴۱ وص ۴۲ وصفحہ ۸۸ مختصرا وص ۱۰۹ ومسلم باب القدر المستحب من الماء ج ۱ ص ۱۴۸ وابوداؤد باب الوضوء بفضل المرأۃ ص ۱۱ و ابن ماجہ ص ۳۱۔

۲۵۸ (حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ

قالت کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اِذا اغتسل مِنَ الجنابۃِ غسل یدَہٗ)

ترجمہ | حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب جنابت کا غسل کرنے لگتے تو پہلے) اپنا ہاتھ دھوتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی اذا اغتسل من الجنابۃ غسل یدہٗ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا صفحہ ۴۰ ومر صفحہ ۳۹ ویاتی صفحہ ۴۱ وابوداؤد صفحہ ۳۲۔

۲۵۹ (حدثنا ابوالولید قال حدثنا شعبۃ عن ابی بکر بن حفص عن عروۃ عن عائشۃ قالت کنت اغتسل انا والنبی صلے اللہ علیہ وسلم من اناءٍ واحدٍ مِنَ الجنابۃِ وعن عبدالرحمٰن بن القاسم عن ابیہ عن عائشۃ مثلہٗ)

ترجمہ | حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ میں اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم غسل جنابت ایک برتن سے کرتے تھے۔ اور شعبہ نے عبدالرحمٰن بن قاسم سے بھی نقل کیا انہوں نے اپنے والد قاسم بن محمد بن ابی بکر سے انہوں نے حضرت عائشہ رضؓ سے اسی کے مانند۔

مُطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی کنت اغتسل انا والنبی صلے اللہ علیہ وسلم من اناء واحد من الجنابۃ ای اخذین الماء من اناء واحد۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا صفحہ ۴۰ ومر صفحہ ۳۹ ایضا یاتی صفحہ ۴۱ صفحہ ۴۲ وصفحہ ۴۴ وغیرہ

۲۶۰ (حدثنا ابوالولید قال حدثنا شعبۃ عن عبداللہ بن عبداللہ بن جبرٍ قال سمعت انس بن مالکٍ یقول کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم والمرأۃ من نسائہٖ یغتسلان من اناءٍ واحدٍ زاد مسلم ووھب بن جریرٍ عن شعبۃ من الجنابۃ)

ترجمہ | حضرت انس بن مالک رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی بیویوں میں سے ایک بیوی (دونوں ملکر) ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔ اس روایت میں مسلم (وھو ابن ابراہیم الازدی من شیوخ البخاری) اور وہب بن جریر نے شعبہ سے من الجنابۃ کی زیادتی کی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ غسل غسل جنابت ہوتا تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی یغتسلان من اناء واحد۔ اس لئے کہ اس سے یہ معلوم ہوا کہ آپؐ نے غسل سے پہلے ہاتھ نہیں دھوئے۔

مقصد ترجمہ | شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں: غرض الباب جواز ادخال الجنب یدہ فی الاناء قبل الغسل اذا لم یکن علی یدہ قذر غیر الجنابۃ الخ (رسالہ شرح

تراجم ابواب)

امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ جنبی اگر ہاتھ دھونے سے قبل برتن میں اپنا ہاتھ ڈالدے تو جائز ہے پانی ناپاک نہیں ہوگا بشرطیکہ اس کے ہاتھ پر کوئی اور نجاست لگی ہوئی نہ ہو جیسا کہ پہلی حدیث (حدیث ۲۵۷) سے دلالۃً ثابت ہے۔ اگرچہ مناسب اور سنت تو یہی ہے کہ ہاتھ دھوکر برتن میں ڈالے جیسا کہ دوسری روایت حدیث ۲۵۸ میں تصریح ہے اذا اغتسل من الجنابۃ غسل یدہ۔" لیکن اگر کسی نے ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں ہاتھ ڈالدیا جبکہ اس کے ہاتھ میں جنابت کے علاوہ کوئی ظاہری نجاست نہ ہو تو پانی ناپاک نہ ہوگا اس کی وجہ یہ ہے کہ جنابت میں جو نجاست ہے وہ حسی اور حقیقی نہیں ہے کہ ظاہر میں اس کا کوئی اثر ہو بلکہ معنوی اور حکمی ہے امام بخاری پہلے دو اثر پیش کر رہے ہیں ۱ حضرت ابن عمر رض اور حضرت براء بن عازب رض نے پانی میں بغیر دھوئے اپنا ہاتھ ڈال دیا اور پھر اس پانی سے وضو کیا۔

دوسرا اثر یہ پیش کر رہے ہیں کہ حضرت ابن عمر رض اور حضرت ابن عباس رض ان چھینٹوں میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے جو غسل جنابت کے وقت اڑتی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جس برتن میں غسل کا پانی رکھا ہوا ہے اگر غسل جنابت کی چھینٹیں اڑ کر اس پانی میں پڑ جائیں تو ان میں کوئی قباحت نہیں جب ان چھینٹوں میں کوئی قباحت اور مضائقہ نہیں ہے تو جنبی اگر اپنا صاف ستھرا ہاتھ پانی میں ڈالدے تو وہ ناپاک نہیں ہوگا۔

اس کے بعد امام بخاری رح نے استدلال میں چار روایتیں پیش کی ہیں۔

پہلی حدیث میں یہ ہے کہ حضرت عائشہ رض اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے جس میں بار بار حضرت عائشہ اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پڑ رہے تھے جب تک غسل مکمل نہیں ہوجاتا اس وقت تک جسم کا ہر حصہ جنبی رہتا ہے اس لئے غسل مکمل کرنے سے پہلے پانی کے برتن میں ہاتھ ڈالنا حالت جنابت ہی میں تھا۔

امام بخاری رح نے اس استدلال سے ثابت کردیا کہ اثنائے غسل ہی میں بار بار ہاتھ پانی کے برتن میں پڑ رہے تھے احتیاط اسی میں ہے کہ شروع ہی میں ہاتھ دھولئے جائیں تاکہ دل میں وسوسہ نہ آئے اور اگر ہاتھ میں کوئی حقیقی اور حسی نجاست نہیں ہے اور حالت جنابت میں ہاتھ برتن میں ڈالدیئے جائیں تو اس نجاست حکمی کا پانی کی طہارت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

دوسری روایت میں حالت جنابت کی صراحت بھی آگئی ہے اور یہ بھی آگیا کہ جنابت کیلئے غسل شروع کرتے وقت حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم پہلے اپنے ہاتھ دھوتے تھے۔ معلوم ہوا کہ اعلیٰ طریقہ اور سنت یہی ہے کہ ہاتھ دھوکر ہی برتن میں ڈالنا چاہیئے لیکن اگر بغیر دھوئے ہاتھ ڈال دیا اور ہاتھ پر

کوئی حسی نجاست نہیں ہے تو اس حکمی نجاست کا پانی پر کوئی اثر نہ ہوگا۔
اس کے بعد تیسری روایت میں برتن اور غسل جنابت دونوں کا ذکر ہے۔
پھر چوتھی روایت میں حضرت عائشہ رضؓ کا ذکر نہیں ہے۔
ان روایات کی نوعیت یہ ہے کہ ایک روایت میں ایک جز کا ذکر ہے تو دوسری روایت میں دوسری جز کا لیکن سب کا تعلق جنابت سے ہے برتن سے پانی لینے کی کوئی بھی شکل ہو اگر ہاتھ پر حسی نجاست نہیں ہے تو بغیر دھوئے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

باب ۱۸۳

(مَنْ اَفْرَغَ بِيَمِينِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ فِى الْغُسْلِ)

باب۔ جس نے غسل میں اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا

۲۶۱ (حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ وَضَعْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُسْلًا وَّ سَتَرْتُهٗ فَصَبَّ عَلٰى يَدِهٖ فَغَسَلَهَا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ قَالَ سُلَيْمٰنُ لَا اَدْرِيْ اَذَكَرَ الثَّالِثَةَ اَمْ لَا ثُمَّ اَفْرَغَ بِيَمِينِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ فَغَسَلَ فَرْجَهٗ ثُمَّ دَلَكَ يَدَهٗ بِالْاَرْضِ اَوْ بِالْحَائِطِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَغَسَلَ رَاْسَهٗ ثُمَّ صَبَّ عَلٰى جَسَدِهٖ ثُمَّ تَنَحّٰى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ فَنَاوَلْتُهٗ خِرْقَةً فَقَالَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا وَلَمْ يُرِدْهَا)

ترجمہ حضرت میمونہ رضؓ بنت حارث نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے غسل کا پانی رکھا اور (ایک کپڑے سے) آپ پر آڑ کرلی آپ ﷺ نے (پہلے) اپنے ہاتھ پر پانی ڈالا اور اس کو ایک مرتبہ یا دو مرتبہ دھویا۔ سلیمان اعمش نے کہا میں نہیں جانتا (یعنی مجھے یاد نہیں) کہ سالم بن ابی الجعد نے ہاتھ کا تیسری بار دھونا بیان کیا یا نہیں؟ پھر اپنے داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اور شرمگاہ کو دھویا پھر اپنا ہاتھ زمین پر یا دیوار پر رگڑا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرہ مبارک اور دونوں ہاتھوں کو دھویا اور اپنا سر دھویا پھر اپنے (سارے) بدن پر پانی بہایا پھر اس جگہ سے ہٹ گئے اور دونوں پاؤں دھوئے پھر میں نے آپ ﷺ کو (پونچھنے کیلئے) ایک کپڑا دیا تو آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا

(ہٹاؤ) اور اس کے لینے کا ارادہ نہیں کیا یعنی نہیں لیا، اور بعض روایات میں لم یاخذھا کی تصریح ہے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث في افرغ بيمينه على شماله۔

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۴۰ ویاتی ص۴۱ ومر ص۳۹ ایضا ص۳۹ ویاتی ص۴۱ و ص۴۲۔

مقصد ترجمہ حدیث پاک سے ثابت ہے حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يحب التيامن ما استطاع في طهوره ونعله وترجله (نسائی کتاب الطهارة باب بای الرجلين يبدأ بالغسل ص۱۵)

اب غسل میں دو چیزیں ہیں ایک پانی کا ڈالنا اور دوسرے اعضاء کا ملنا۔

امام بخاری رح فرماتے ہیں کہ ان میں جو افضل ہوگا وہ داہنے سے کیا جائے گا، اور چونکہ پانی ڈالنا ملنے سے افضل ہے اسلئے امام بخاری رح نے اس مقصد کیلئے باب قائم کیا ہے۔ من افرغ بيمينه على شماله في الغسل۔

امام بخاری رح نے یہ باب قائم کرکے بتلادیا کہ ہر اچھے اور افضل کاموں میں تیامن کی رعایت کیجائیگی مثلاً کھانا، پینا، جوتا، کرتہ اور پائجامہ پہننا اور کنگھی کرنا، مسجد میں داخل ہونا وغیرہ۔

البتہ وہ امور جو اس سے ادنیٰ و کمتر ہیں شمال یعنی بائیں کو مقدم کیا جائے گا مثلاً کرتا یا پائجامہ اتارنا مسجد سے نکلنا اور ناک صاف کرنا اور بیت الخلاء جانا وغیرہ واضح رہے کہ تیامن کی رعایت مسلمانوں کا طرۂ امتیاز ہے۔ مسلمانوں کے علاوہ دنیا کی کسی قوم میں تیامن کی رعایت نہیں ہے یہاں تک کہ کھانا پینا، لکھنا پڑھنا سب بائیں جانب سے ہوتا ہے۔

اس تقریر سے معلوم ہوا کہ ہر شرافت والی چیز اور پسندیدہ کام میں تیامن مندوب و مستحب ہے حتی الامکان اس کا اہتمام کرنا چاہیئے لیکن اگر کسی کام میں مشقت و تکلیف مانع ہو تو تیامن کی رعایت چھوڑ دی جاسکتی ہے جیسے رکوب کا معاملہ ہے سائیکل پر یا گھوڑے وغیرہ پر سوار ہونے میں پہلے بایاں پاؤں رکھنے میں سہولت اور آسانی ہوتی ہے۔ ثم افرغ بيمينه على شماله الخ یہاں حافظ عسقلانی رح وغیرہ نے مصنف پر ایک اعتراض نقل کیا ہے کہ ترجمۃ الباب (یعنی دعویٰ) میں افراغ بالیمین علی الشمال فی الغسل ہے اور روایت میں افراغ بالیمین علی الشمال فی غسل الفرج ہے تو ترجمہ یعنی دعوی عام ہے اور دلیل یعنی روایت خاص ہے۔

جواب:- امام بخاری رح نے ترجمہ سے دوسری حدیث کی طرف اشارہ کردیا ہے جو اوپر نسائی شریف کے حوالہ سے گذری يحب التيامن ما استطاع، وفي رواية يحب التيامن في شانه كله ہے فلا اشکال۔

فقال بيده هكذا ای اشار بيده ان لا اريدها یعنی آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور لینے کا ارادہ نہیں فرمایا۔

(بَابُ تَفْرِيقِ الْغُسْلِ وَالْوُضُوءِ وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ غَسَلَ قَدَمَيْهِ بَعْدَ مَا جَفَّ وَضُوءُهُ)

غسل اور وضو کے درمیان فصل کرنا (یعنی لگاتار نہ دھونا) اور حضرت عبداللہ بن عمر رضہ سے منقول ہے کہ انہوں نے اپنے پاؤں اس وقت دھوئے جب ان کا وضو سوکھ چکا تھا۔

۲۶۲ (حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَتْ مَيْمُونَةُ وَضَعْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاءً يَغْتَسِلُ بِهِ فَأَفْرَغَ عَلَى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ أَفْرَغَ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ فَغَسَلَ مَذَاكِيرَهُ ثُمَّ دَلَكَ يَدَهُ بِالْأَرْضِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ ثُمَّ غَسَلَ رَأْسَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ صَبَّ عَلَى جَسَدِهِ ثُمَّ تَنَحَّى مِنْ مَقَامِهِ فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ)

ترجمہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضہ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے پانی رکھا کہ آپ ؐ اس سے غسل فرمالیں چنانچہ آپ ؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اور ان دونوں کو دو دو بار یا تین بار دھویا پھر آپ ؐ نے اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اور (بائیں ہاتھ سے) شرمگاہوں کو دھویا پھر آپ ؐ نے اپنا ہاتھ زمین پر رگڑا پھر کلی اور ناک میں پانی ڈالا پھر آپ ؐ نے چہرۂ مبارک اور ہاتھوں کو دھویا پھر سر مبارک کو تین بار دھویا پھر آپ ؐ نے اپنے (سارے) بدن پر پانی بہایا پھر اس جگہ سے ہٹ گئے اور دونوں پاؤں دھوئے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة " ثم تنحى من مقامه فغسل قدميه "

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۴۰ وص۳۹ ایضاً ص۳۹ ربانی ص۴۱ وص۴۲

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح فرماتے ہیں: باب تفريق الغسل اى التفريق فى افعال الغسل والوضوء اشارة الى جوازه خلافاً لمن اشترط الموالاة كما هو المشهور من مذهب مالك رحمه الله تعالى (شرح تراجم ابواب)

امام بخاری رح کا مقصد جواز تفریق کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ افعال غسل اور افعال وضو کے درمیان فصل کرنا جائز ہے یعنی امام بخاری رح جمہور کی موافقت کر رہے ہیں کہ وضو اور غسل میں موالات (یعنی لگاتار دھونا) فرض و واجب نہیں ہے جیسا کہ امام مالک رح کا مشہور مذہب ہے۔ جمہور کا مسلک یہ ہے کہ سابق دھوئے ہوئے اعضاء کے خشک ہونے کے بعد بھی اگر بعد کے اعضا کو دھو لیا جائے گا تو وضو اور غسل صحیح رہے گا یہی حنفیہ کا مسلک ہے اور یہی امام شافعی رح کا قول جدید ہے اور امام بخاری رح اسی کی موافقت

وتائید کر رہے ہیں اور جو لوگ موالات کو فرض قرار دیتے ہیں ان کی تردید مقصود ہے۔

تشریح یہ باب یعنی باب تفریق الغسل الخ بعض نسخوں میں مقدم ہے جیسے فتح الباری اور عمدۃ القاری وغیرہ میں اور باب من افرغ بیمینه الخ موخر ہے لیکن میں نے ہندوپاک اور بنگلہ دیش کے نسخوں کو پیش نظر رکھا ہے۔

امام بخاری رح نے اپنے مقصد کی تائید کیلئے پہلا استدلال حضرت ابن عمر رض کے اثر سے پیش کیا ہے جس کی وضاحت حافظ عسقلانی نے کی ہے کہ حضرت ابن عمر رض نے بازار میں وضو کیا اور پاؤں نہیں دھوئے پھر مسجد میں پہونچنے کے بعد موزوں پر مسح فرمایا اس میں صراحت موجود ہے کہ اعضاء وضو کے خشک ہونے کے بعد مسجد میں آکر خفین (موزوں) پر مسح فرمایا پھر نماز ادا کی۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت ابن عمر رض تفریق کو جائز سمجھتے تھے اور موالات کو ضروری نہیں سمجھتے تھے امام بخاری رح کا دوسرا استدلال حضرت میمونہ رض کی حدیث سے ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء غسل میں وضو کیا مگر پاؤں نہیں دھوئے اس کے بعد غسل فرمایا پھر غسل کی جگہ سے ہٹ کر پاؤں دھوئے۔

اس سے معلوم ہوگیا کہ وضو کے افعال وارکان میں موالات ضروری نہیں ہے۔ واللہ اعلم

(باب ۱۸۵ اِذَا جَامَعَ ثُمَّ عَادَ وَمَنْ دَارَ عَلٰی نِسَائِهٖ فِیْ غُسْلٍ وَاحِدٍ)

باب۔ جس نے جماع کیا پھر (بے غسل کئے) دوبارہ کیا، اور جو اپنی سب عورتوں کے پاس ہو آئے اور ایک ہی غسل کرے تو کیسا ہے؟

۲۶۳ (حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ وَیَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ ذَكَرْتُهٗ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ یَرْحَمُ اللّٰهُ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كُنْتُ اُطَیِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَطُوْفُ عَلٰی نِسَائِهٖ ثُمَّ یُصْبِحُ مُحْرِمًا یَنْضَخُ طِیْبًا)

ترجمہ ابراہیم بن محمد بن منتشر نے اپنے والد محمد بن منتشر سے نقل کیا انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رض کا قول (جو ایک باب کے بعد باب ۱۸۷ حدیث ۲۶۶ میں آرہا ہے۔)

حضرت عائشہ رض سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا اللہ ابو عبدالرحمان (یعنی عبداللہ بن عمر رض) پر رحم کرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگاتی پھر آپ ص اپنی (سب) بیویوں کے پاس ہو آتے پھر آپ ص صبح کو احرام باندھتے اور آپ ص کے جسم مبارک سے خوشبو پھیل رہی تھی (بدن مہک رہا تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " فیطوف علی نسائہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۱ ویاتی ایضا ص۴۱ واخرجہ مسلم فی الحج ص۳۷۸ تا ص۳۷۹ والنسائی

فی " باب اذا تطیب واغتسل وبقی اثر الطیب ص۴۱ ۔

۲۶۴ حدثنا محمد بن بشار قال حدثنا معاذ بن هشام قال حدثنی ابی عن قتادۃ قال حدثنا انس بن مالک قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدور علی نسائہ فی الساعۃ الواحدۃ من اللیل والنہار وہن احدی عشرۃ قال قلت لانس او کان یطیقہ قال کنا نتحدث انہ اعطی قوۃ ثلاثین وقال سعید عن قتادۃ ان انسا حدثہم تسع نسوۃ ۔

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دن اور رات کے ایک وقت میں اپنی تمام بیویوں کا دورہ کر لیتے (سب سے صحبت کرتے) اور وہ گیارہ تھیں (نو منکوحہ اور دو باندیاں) قتادہ کہتے ہیں کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا آپ اتنی طاقت رکھتے تھے؟ انس رضی اللہ عنہ نے کہا ہم لوگ آپس میں یہ کہا کرتے تھے کہ آپ کو تیس مردوں کی طاقت دی گئی ہے اور سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ نو ازواج تھیں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " یدور علی نسائہ "

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۴۱ ویاتی ص۴۲ وفی النکاح فی باب کثرۃ النساء ص۷۵۸ ایضا ص۷۸۵ واخرجہ الترمذی باب ماجاء فی الرجل یطوف علی نسائہ بغسل ص۲۰ ومسلم باب جواز النوم ص۱۴۴ والنسائی جلد ثانی کتاب النکاح اول باب ص۵۶ وابن ماجہ کتاب الطہارۃ باب ماجاء فیمن یغتسل من جمیع نسائہ غسلا واحدا ص۴۲ ۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ بتلانا ہے کہ جماع کے بعد غسل کئے بغیر دوسرا جماع جائز ہے یعنی جماعین کے بعد یا چند مرتبہ جماع کرنے کے بعد اخیر میں غسل کرلے تو ایسا کرنا جائز ہے خواہ ایک ہی بیوی سے جماع کرنے کے بعد بے غسل کئے دوبارہ جماع کرلے یا دوسری بیوی سے جماع کرلے ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ جماعین کے درمیان غسل فرض واجب نہیں چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل یدور علی نسائہ فی الساعۃ الواحدۃ اسی بیان جواز کیلئے تھا ورنہ آپ کا عام معمول وہ تھا جو حضرت ابو رافع سے مروی ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم طاف ذات یوم علی نسائہ یغتسل عند هذہ وعند هذہ قال فقلت لہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا تجعلہ غسلا واحدا۔ فقال هذا ازکی واطیب واطہر (ابوداؤد اول ص۲۹) یعنی ایک دن آپ تمام ازواج مطہرات کے پاس تشریف لے گئے آپ اس کے پاس بھی غسل فرماتے تھے اور اس کے پاس بھی۔

اس سے معلوم ہوا کہ آپؐ ہر جماع کے بعد غسل فرماتے تھے۔ بظاہر تعارض معلوم ہوتا ہے۔

جواب:- اس میں تعارض کی کوئی بات نہیں ہے کبھی نظافت کے اعلیٰ درجہ پر عمل فرمایا اور کبھی بیان جواز کیلئے اخیر میں ایک ہی غسل کیا اور کبھی درمیانی صورت اختیار فرمائی کہ بین الجماعین وضو فرمالیا اور کبھی بیان جواز کیلئے شرمگاہ کے دھونے پر اکتفا فرمایا اور پورا وضو نہیں کیا۔

فیطوف علی نسائه وجه استدلال البخاری بالحدیث علی ان تکرار الجماع بغسل واحد ان النبی صلی الله علیه وسلم لو اغتسل من کل واحدة من نسائه لکان اغتسل تسع مرات فیبعد حینئذ ان یبقی للطیب اثر فلما اخبرت انه اصبح ینضخ طیبا استدل بذالک علی انه اکتفی بغسل واحد (فتح الباری لابن رجب حنبلیؒ)

بین الجماعین وضو کا حکم ائمہ اربعہ اور جمہور کے نزدیک بین الجماعین وضو کرنا بھی واجب نہیں البتہ مستحب ضرور ہے صرف داؤد ظاہریؒ اور ابن حبیب مالکیؒ بین الجماعین وضو کو واجب قرار دیتے ہیں اور حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں جس کے الفاظ ہیں: ثم اراد ان یعود فلیتوضأ۔ (مسلم ص۱۴۴ ج۱)

اور کہتے ہیں کہ یہاں امر کا صیغہ ہے فلیتوضأ جو وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

ائمہ اربعہ اور جمہور کیجانب سے جواب دیا گیا ہے کہ یہی روایت صحیح ابن خزیمہ میں سفیان بن عیینہ کے طریق سے مروی ہے اور اس میں اس امر کے بعد یہ جملہ بھی مذکور ہے فانه انشط له فی العود، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ وضو نشاط پیدا کرنے کیلئے ہے لہٰذا یہ امر استحباب کیلئے ہوگا۔

۲ نیز امام طحاویؒ نے حضرت عائشہؓ کی روایت تخریج کی ہے قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجامع ثم یعود ولا یتوضأ (طحاوی ص۹۲ ج۱)

ان روایات و دلائل کی بنا پر مسلم شریف کی روایت میں فلیتوضأ کا امر استحبابی ہے وجوبی نہیں۔ ذکرته لعائشةؓ ای ذکرت قول ابن عمرؓ لعائشةؓ (عمدہ، فتح)

محمد بن منتشر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کا قول "ما احب ان اصبح محرما انضخ طیبا" ذکر کیا (یعنی میں پسند نہیں کرتا کہ میں احرام کیحالت میں رہوں اور خوشبو میرے جسم سے مہک رہی ہو) چونکہ حضرت ابن عمرؓ احرام سے پہلے ایسی خوشبو کو درست نہیں سمجھتے تھے جنایت قرار دیتے تھے جس کا اثر بعد الاحرام بھی باقی رہے اور ابن عمرؓ فرماتے تھے کہ اس کے بالمقابل مجھے یہ بات پسند ہے کہ قطران کا تیل استعمال کرلوں جیسیں بدبو ہوتی ہے۔

ایک سوال یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ امام بخاریؒ نے ذکرته کی ضمیر کا مرجع کس چیز کو بنایا ہے اگر قول ابن عمر کو، تو وہ اس سے قبل مذکور نہیں ہے بلکہ ایک باب یعنی باب غسل المذی

کے بعد باب من تطیب ثم اغتسل وبقی اثر الطیب کے تحت ذکر ہوگا۔
علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کرمانی نے یہ جواب دیا کہ قول ابن عمر رضی اللہ عنہ اکابر محدثین کو معلوم تھا بس انکی نظر میں ہونے کی وجہ سے ضمیر اس کیطرف راجع ہوگئی۔ لیکن یہ جواب عجیب ہے کیوں کہ قول عمر سے واقفیت تو بقول کرمانی بھی صرف محدثین واقفین کے ساتھ خاص ہوگئی اب جو دوسرے لوگ اس حدیث الباب کو دیکھیں گے تو ان کو سوائے تحیر کے اور کیا حاصل ہوگا اور وہ کس طرح جائیں گے کہ ضمیر کا مرجع کیا ہے؟
لہٰذا امام بخاری رحمہ اللہ کیلئے مناسب تھا کہ پہلے ابو النعمان کی روایت جسمیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کو لاتے اس کے بعد حدیث الباب محمد بن بشار والی حدیث ذکر کرتے۔

پہلی روایت سے استدلال

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول نقل ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اللہ ابو عبد الرحمٰن پر رحم فرمائے۔ ابو عبد الرحمان عبداللہ بن عمر کی کنیت ہے، اس کے بعد ابن عمر رضی اللہ عنہ کے قول کی تردید فرمائی کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خوشبو لگاتی تھی۔ پھر آپ اپنی تمام ازواجِ مطہرات کے پاس جاتے پھر حضور صبح کو احرام باندھتے اور خوشبو آپ کے جسم مبارک سے مہکتی۔
اس سے ثابت ہوا کہ احرام سے قبل استعمال شدہ خوشبو اگر احرام کے بعد تک باقی رہ جائے تو اس کو حالت احرام کے منافی نہیں سمجھا جاسکتا۔
امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ اگر بین الجماعین غسل واجب ہوتا تو نو غسل کے بعد خوشبو باقی نہ رہتی، تو معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام ازواج سے فراغت کے بعد صرف اخیر میں غسل فرمایا۔

دوسری روایت سے استدلال

اس روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک گھڑی میں اپنی تمام عورتوں کا دورہ کرلیتے تھے یہاں فی الساعۃ الواحدہ سے مراد قلیل وقت ہے اصلاحی گھنٹہ مراد نہیں ہے۔
امام بخاری رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ اس سے معلوم ہوا کہ آپ نے ہر جماع کے بعد غسل نہیں فرمایا کیونکہ اگر ہر جماع کے بعد غسل کیا گیا ہوتا تو اس کیلئے طویل وقت لگتا حالانکہ ساعت واحدہ کی قید لگی ہوئی ہے پھر بعض روایت میں تصریح بھی ہے کہ آپ نے اخیر میں ایک غسل فرمایا۔

اشکال وجواب

حدیث الباب میں ہشام کی روایت عن قتادہ سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ساعت واحدہ میں گیارہ ازواج پر دورہ فرمایا کرتے تھے۔
اشکال یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام بیویوں کی تعداد بلاشبہ گیارہ تھیں مگر ان کا اجتماع

نہیں ہوا ایک وقت میں نو۹ ازواج سے زیادہ کبھی جمع نہیں ہوئیں، اس لئے کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سب سے پہلی اہلیہ محترمہ ہیں جن کا انتقال ہجرت سے پہلے ہی ہو گیا تھا اور آپ نے حضرت خدیجہ کی زندگی میں کوئی دوسرا نکاح نہیں کیا۔

اور ایک بیوی زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا ہیں ان کا انتقال بھی حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی سے ۳ھ یا ۴ھ میں ہو گیا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں صرف اٹھارہ ماہ رہ کر وفات پا گئیں۔

اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ راوی کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ساعت واحدہ گیارہ عورتوں سے وطی فرماتے تھے جن میں نو۹ ازواج مطہرات تھیں اور دو۲ باندیاں جن میں ایک حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ہیں جن سے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے اور دوسری ریحانہ تھیں۔ اور سعید کی روایت میں نو۹ کی تعداد صرف ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی ہے فلا اشکال۔

سید الکونین ؐ کی جسمانی طاقت

قال قلت لانس او کان یطیقه الخ قتادہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ کہا کہ آپ جو بیان کرتے ہیں کہ دن رات کے ایک وقت میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم گیارہ عورتوں سے وطی فرماتے تھے تو کیا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم میں اتنی طاقت تھی؟

اس سوال کی وجہ یہ ہے کہ جب انسان ایک مرتبہ وطی کر لیتا ہے تو طاقت سست پڑ جاتی ہے اگر بہت زیادہ قوی ہو تو ایک دو بار اور کر لیگا اور نہیں۔

تو انہوں نے اپنے اوپر اور اپنے جیسے لوگوں پر قیاس کرتے ہوئے سوال کیا اس پر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو تیس۳۰ مردوں کی طاقت دی گئی تھی، اور حلیۃ الاولیاء میں ہے کہ چالیس۴۰ جنتی مردوں کی طاقت دی گئی تھی۔

اور ترمذی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک جنتی کو سو۱۰۰ آدمیوں کی طاقت عطا کیجائے گی۔

(ترمذی جلد ثانی باب ماجاء فی صفۃ جماع اہل الجنۃ ص۷۶)

اس حساب سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو چار ہزار مردوں کی طاقت دی گئی تھی۔

اس عظیم طاقت کے باوجود صرف نو عورتوں پر اکتفا فرمانا ایک معجزہ ہی ہے۔

سید الکونین کا صبر و زہد اور عصمت و عفت

بے ایمان لوگ کثرت ازواج کے معاملے میں آپ پر تعیش کا دھبہ لگاتے ہیں حالاں کہ آپ کی زندگی پر نظر کرنے سے آپ کا کمال صبر و قناعت اور انتہائی زہد و تبتل روز روشن کی طرح ظاہر ہوتا ہے، آپ کو قوت چار ہزار مردوں کے برابر دی گئی تھی مگر آپ کے صبر و زہد کو دیکھ کر اتنی

قوت کو لے کر اپنی شروع جوانی کے پچیس ۲۵ سال کی زندگی بلا نکاح گذاردی حالانکہ انسان کے جوش جوانی اور نئے شباب کی امنگیں اسی عمر میں ابھرتی ہیں. پھر یہ زمانہ اس عصمت وعفت کے ساتھ گذرا کہ دشمن سے دشمن اور بدترین معاند کو بھی آج تک ادنیٰ ترین لب کشائی کا موقع نہ ملا، اسکے بعد لوگوں کے اصرار پر بہتر سے بہتر مواقع حاصل ہوئے بلکہ ہر طرف سے استدعاؤں اور تمناؤں کے باوجود پچیس ۲۵ سال کی عمر میں دو دفعہ کی بیوہ چالیس ۴۰ سال کی سن رسیدہ عورت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا۔

بے ایمان لوگو دیکھو کیا تعیش پسند آدمی کا یہی حال ہوتا ہے، اس کے بعد پھر بیوی کے ساتھ جو تعلق ہوا وہ بھی معلوم ہے کہاں بیوی اور کہاں آپؐ؟ کہ مہینہ مہینہ بھر غار حرا میں تنہا اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے رہتے تھے، صرف ایک ہی عورت وہ بھی اپنے سے تقریباً دوگنی عمر مزید برآں دو دفعہ کی بیوہ اسی حال میں ترپن ۵۳ سال کی عمر آپؐ نے گذاری کوئی دوسری شادی نہیں کی۔

ان حالات میں غور کرنے سے کوئی کہہ سکتا ہے کہ آپؐ عیاش تھے؟ عیاشی کی زندگی ایسی ہوتی ہے کہ اپنی پوری جوانی ایک بوڑھی بیوہ کے ساتھ گذار دے؟

بے ایمانو ذرا انصاف سے کام لو، خواہ مخواہ جہنم نہ خریدو (فضل الباری جلد دوم)

ایک اشکال مع جواب

اگر کسی کے نکاح میں متعدد بیویاں ہوں تو ان کے درمیان عدل ومساوات واجب ہے یعنی نان نفقہ اور شب باشی میں برابری کرنا واجب ہے ارشاد الٰہی ہے:- فان خفتم الا تعدلوا فواحدة اگر تم کو اس کا خوف ہو کہ عدل نہ کر سکو گے تو ایک ہی بیوی پر بس کرو۔ (سورہ نساء آیت ۳)

ارشاد نبوی ہے:-

اذا کانت عند الرجل امرأتان فلم یعدل بینهما جاء یوم القیامة وشقه ساقط (ترمذی ص ۱۳۶ ج ۱)

اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان عدل نہ کرتا ہو تو قیامت کے دن اسی کے بدن کا آدھا مفلوج ہوگا۔

معلوم ہوا کہ عدل وبرابری واجب ہے اور علماء نے تصریح کی ہے اقل القسمة لیلة یعنی کم سے کم باری کی مدت ایک رات ہے۔

اب اشکال یہ ہوتا ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے لیلۂ واحدہ یا ساعۃ واحدہ کے اندر تمام ازواج سے کیسے تعلق قائم کیا؟

جواب ۱: اس میں کوئی شبہ نہیں کہ امت پر عدل واجب ہے، نفقہ اور شب باشی میں برابری کرنا ضروری ہے اس کے خلاف کرنا حرام ہے، لیکن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں علماء اسلام کا اختلاف ہے کہ آپؐ پر عدل بین الازواج واجب تھا یا نہیں؟ اصح یہی ہے کہ آپؐ پر واجب نہ تھا.

لقوله تعالیٰ:- ترجی من تشاء منهن وتؤوی الیک من تشاء

ان ازواج مطہرات میں سے آپ جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے سے دور رکھیں (یعنی اس کو باری نہ دیں) اور جس کو چاہیں (اور جبتک چاہیں) اپنے نزدیک رکھیں (یعنی اس کو باری دیں)

معلوم ہوا کہ آپؐ پر عدل و مساوات واجب نہیں تھا مگر ازواج مطہرات کی دلجوئی اور تطییب قلوب کیلئے آپؐ کا فضل و کرم تھا کہ آپؐ عدل کرتے تھے۔

اس صورت میں اشکال کا جواب یہ ہے کہ جس کی باری ہوتی اسکی اجازت سے دور کرتے۔

ع۳. علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ سفر سے واپسی پر نئی باری شروع کرنے سے پہلے یہ دور فرمایا تھا۔

ع۴. ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ایک ایسا خصوصی وقت عطا فرمایا تھا کہ جس میں کسی زوجہ کا حق نہیں تھا اسی خصوصی اوقات میں آپؐ تمام ازواج کے پاس تشریف لیجاتے تھے مسلم میں ابن عباسؓ کی روایت کے مطابق یہ وقت عصر و مغرب کے درمیان تھا۔

ع۵. حجۃ الوداع کے موقع پر آپؐ نے دور فرمایا تھا وغیرہ۔

باب ۱۸۶

(غَسْلِ الْمَذْیِ وَالْوُضُوْءِ مِنْهُ)

مذی کے دھونے اور اسکی وجہ سے وضو کے لازم ہونیکا بیان

۲۶۵ (حَدَّثَنَا اَبُوْ الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَاَمَرْتُ رَجُلًا يَسْاَلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَكَانِ ابْنَتِهٖ فَسَاَلَ فَقَالَ تَوَضَّأْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ)

ترجمہ | حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ مجھے مذی بکثرت آتی تھی اس لئے میں نے ایک شخص سے کہا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ پوچھ لے کیوں کہ میرے نکاح میں آپؐ کی صاحبزادی تھیں چنانچہ انہوں نے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا کہ وضو کر لو اور شرمگاہ کو دھو ڈالو

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھھنا صلا ۲ وفی صلا ۲۲۵ تا ۲۵ والیضا مر صلہ ۳۱

ربط ما قبل | قال العینیؒ والمناسبة بین البابین من حیث ان فی الباب الاول بیان حکم المنی وفی هذا الباب بیان حکم المذی وهو من توابع المنی ومثله فی النجاسة غیر ان فی المنی الغسل وفی المذی الوضوء۔

مطلب یہ ہے کہ باب سابق میں منی کا حکم (وجوب غسل) بیان ہوا تھا اور اس باب میں مذی کا حکم (وجوب وضو) مذکور ہے نیز یہ بھی کہ مذی ناپاک ہے منی کیطرح مگر منی میں غسل واجب ہے اور مذی میں وضو واجب ہے۔

مقصد ترجمہ | امام بخاریؒ کا مقصد تین مسائل کیطرف اشارہ کرنا ہے ۱ مذی ناپاک ہے اس کا دھونا ضروری ہے چنانچہ اس کیلئے امام نے غسل المذی کا لفظ لاکر اشارہ کیا۔
۲ ان حضرات کی تردید مقصود ہے جو حضرات نضح کو کافی کہتے ہیں۔
۳ یہ کہ مذی خارج ہونے سے صرف وضو ٹوٹتا ہے غسل واجب نہیں ہوتا جیساکہ امام بخاریؒ نے والوضوء منه سے اشارہ کیا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں: ویحتمل ان یکون غرض الباب ان جواز الاکتفاء علی استعمال الاحجار لیس الا فی الخارج المعتاد اعنی البول والغائط واما فی غیرہ فیجب استعمال الماء والغسل۔

تشریح | تشریح کیلئے نصر الباری جلد اول ص۵۳۵ حدیث ۱۳۲ کی تشریح دیکھئے۔
نیز نصر الباری جلد دوم کی حدیث ۱۷۶ ابھی ملاحظہ فرمالیجئے۔

باب ۱۸۷

(مَن تطیَّبَ ثمَّ اغتسَلَ وبَقِیَ اَثرُ الطِّیبِ)

جسنے خوشبو لگائی پھر غسل کیا اور خوشبو کا اثر باقی رہا

۲۶۶ (حَدَّثنا اَبُو النُّعمانِ قال حَدَّثنا اَبُو عوانَةَ عن ابراهیمَ بن محمَّد بن المُنتشِر عن ابیه قال سَألتُ عائشَةَ وَذَکرتُ لها قولَ ابنِ عُمرَ ما اُحِبُّ اَن اُصبِحَ مُحرِمًا اَنضَخُ طِیبًا فقالت عائشَةُ اَنا طَیَّبتُ رسُولَ اللهِ صلّی اللهُ علیه وَسلَّم ثمَّ طافَ فی نِسائِهٖ ثمَّ اَصبَحَ مُحرِمًا)

ترجمہ | ابراہیم بن محمد اپنے والد محمد بن منتشر سے روایت کرتے ہیں کہ محمد بن منتشر نے کہا کہ میں

حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہ اور ان سے عبداللہ بن عمرؓ کا یہ قول " ما احب ان اصبح محرما الخ " بیان کیا (یعنی میں پسند نہیں کرتا کہ میں احرام کی حالت میں رہوں اور خوشبو میرے جسم سے مہک رہی ہو) تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی پھر آپؐ اپنی (سب) عورتوں کے پاس گھوم آئے پھر صبح کو احرام باندھا۔

مطابقۃ للترجمۃ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ ترجمۃ الباب کے دو اجزاء تھے ایک اغتسال جس سے حدیث الباب کا جملہ ثم طاف فی نسائہ مطابق ہے کیوں کہ طواف نساء کنایہ ہے جماع سے اور جماع کے لوازم میں سے اغتسال ہے۔

اور دوسرا ترجمہ بقاء اثر الطیب ہے جس کی مطابقت حضرت عائشہؓ کے قول انا اطیب الخ سے ہے کیوں کہ حضرت عائشہؓ نے حضرت ابن عمرؓ کے قول کو رد کرنے کیلئے فرمایا " ثم اصبح محرما " اس صورت میں ینضخ طیبا محذوف ماننا پڑے گا۔

۲۶۷ حدثنا ادمُ بن ابی ایاس قال حدّثنا شعبةُ قال حدثنا الحکمُ عن ابراھیمَ عن الاسودِ عن عائشةَ قالتْ کانّی انظرُ الیٰ وبیصِ الطیبِ فی مَفرقِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وھُوَ مُحْرِمٌ)

ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے فرمایا گویا کہ میں خوشبو کی چمک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں دیکھ رہی ہوں درانحالیکہ آپؐ احرام باندھے ہوئے ہیں۔

مُطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی " انظر الیٰ وبیص الطیب " کیوں کہ ترجمہ کا دوسرا جز تھا بقی اثر الطیب اس جز سے مناسبت ظاہر ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۱ ویاتی الحدیث فی الحج ص۲۰۸ ایضا ص۸۴۷ ایضا ص۸۷۷ و اخرجہ مسلم فی الحج ص۳۷۸ والنسائی جلد ثانی فی الحج ص۵۔

مقصد ترجمہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اس باب سے امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی غسل میں دلک نہ کرے یعنی جسم کو رگڑنے اور ملنے میں مبالغہ سے کام نہ لے حتیٰ کہ اس خوشبو کا اثر بھی زائل نہ ہوا جو اس نے غسل سے پہلے استعمال کی تھی بلکہ غسل کے بعد بھی اس خوشبو کا اثر باقی رہا تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں غسل صحیح ہوگیا۔

تحقیق الفاظ وبیص مصدر ہے از ضرب وبص یبص وبصا وبیصا چمکنا۔ نیز خوشبو کی چمک قال الاسماعیلی وبیص الطیب تلألؤہ وذالک لعین قائمۃ لا للریح فقط مفرق بفتح المیم وکسر الراء وسط سر کی مانگ جو پیشانی سے دائرہ وسط راس تک ہوتی ہے (مدم)

باقی تفصیل کیلئے باب ۱۸۵ کا مطالعہ فرمائیے۔

(باب ۱۸۵ تخليل الشعر حتى اذا ظن انه قد اروى بشرته افاض عليه)
بالوں کا خلال کرنا حتی کہ جب ظن غالب ہو جائے کہ بالوں کے نیچے کا حصہ (یعنی کھال) تر ہو گئی تو ان پر پانی بہالے۔

ربط ما قبل عینی رح کہتے ہیں: وجه المناسبة بين البابين من حيث وجود التخليل فيهما اما في الاول فلان المتطيب يخلل شعره بالطيب واما في هذا فلان المغتسل يخلله بالماء۔

۲۶۸ (حدثنا عبدان قال اخبرنا عبد الله قال اخبرنا هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اغتسل من الجنابة غسل يديه وتوضأ وضوءه للصلوة ثم اغتسل ثم تخلل بيده شعره حتى اذا ظن انه قد اروى بشرته افاض عليه الماء ثلث مرات ثم غسل سائر جسده وقالت كنت اغتسل انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد نغرف منه جميعا)

ترجمہ حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کا غسل کرتے تو پہلے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتے اور جیسے نماز کیلئے وضو کیا کرتے ویسا ہی وضو کرتے پھر غسل کرتے پھر اپنے ہاتھ سے بالوں کا خلال کرتے یہاں تک کہ جب آپ یہ سمجھ لیتے کہ کھال تر ہو گئی ہے تو تین بار اس پر پانی بہاتے پھر اپنے پورے جسم کو دھوتے، اور حضرت عائشہ رضی نے بیان کیا کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے ہم دونو اسی برتن سے چلو بھر کر پانی لیتے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في ثم تخلل بيده شعره الخ

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۴۱ والمتن مشتمل على حديثين من الاول منه في ص۳۹ في اول الغسل حديث ۲۴۴۔ وص۴۲ مختصر اوالحديث الثاني واوله قالت كنت اغتسل انا والنبي صلى الله عليه وسلم مر مفردا ص۳۹ وص۴۰ وياتي ص۴۲ وص۸۸۰ مقرونا مع حديث آخر في الموضعين وص۱۰۹ بمعناه

مقصد ترجمہ حضرت شیخ زکریا رح فرماتے ہیں "شراح کی رائے یہ ہے کہ امام بخاری رح کی غرض یہ بیان کرنا ہے کہ تخلیل شعر ضروری نہیں ہے بلکہ پانی کا بالوں کی جڑوں میں پہنچا لینا کافی ہے۔

میری رائے یہ ہے کہ امام بخاری رح کی غرض ایک اختلافی مسئلہ کو بیان کرنا ہے وہ یہ کہ ائمہ کرام میں

اختلاف ہو رہا ہے کہ غسل جنابت اور غسل محیض (یعنی غسل حیض و نفاس) میں کچھ فرق ہے یا نہیں؟ حنفیہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک کوئی فرق نہیں ہے اور حنابلہ کے نزدیک فرق ہے کہ حالت جنابت میں نقض ضفائر (یعنی غسل جنابت کرتے وقت بٹے ہوئے چوٹی کو کھولنا) ضروری نہیں ہے صرف پانی پہنچا لینا بالوں کی جڑوں کو کافی ہے اور غسل محیض میں نقض (چوٹی کو کھولنا) ضروری ہے اور امام بخاری نے حنابلہ کی تائید فرمائی ہے یہاں تو صرف بلوغ الماء الی اصول الشعر پر اکتفا فرمایا اور غسل المحیض (باب نقض المرأۃ شعرها عند غسل المحیض ص۴۵ ا) میں نقض شعر کا ذکر فرمایا (تقریر بخاری شیخ ۲)

باب ۱۸۹

من توضأ في الجنابة ثم غسل سائر جسده ولم يعد غسل مواضع الوضوء منه مرة أخرى

جس نے غسل جنابت میں وضو کیا پھر اس نے اپنے باقی بدن کو دھویا اور مواضع وضو کو دوبارہ نہیں دھویا تو کیا حکم ہے؟

۲۶۹ (حدثنا يوسف بن عيسى قال أنا الفضل بن موسى أنا الأعمش عن سالم عن كريب مولى ابن عباس عن ابن عباس عن ميمونة قالت وضع رسول الله صلى الله عليه وسلم وضوء الجنابة فأكفأ بيمينه على يساره مرتين أو ثلاثا ثم غسل فرجه ثم ضرب يده بالأرض أو الحائط مرتين أو ثلاثا ثم تمضمض واستنشق وغسل وجهه وذراعيه ثم أفاض على رأسه الماء ثم غسل جسده ثم تنحى فغسل رجليه قالت فأتيته بخرقة فلم يردها فجعل ينفض بيده)

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنابت (کے غسل) کیلئے پانی رکھا تو آپ نے (پہلے) اپنے داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر دو مرتبہ یا تین مرتبہ پانی ڈالا پھر آپ نے شرمگاہ کو دھویا پھر آپ نے اپنے ہاتھ کو زمین یا دیوار پر دو بار یا تین بار رگڑا پھر آپ نے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرہ اور بازوؤں کو دھویا پھر آپ نے اپنے سر پر پانی بہایا پھر جسم مبارک کو دھویا (یعنی سارے بدن کا غسل کیا) پھر آپ اپنی جگہ سے ہٹ گئے اور اپنے دونوں پیروں کو دھویا، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں ایک کپڑا لیکر آئی تو آپ نے اس کا ارادہ نہیں فرمایا (یعنی اس کو نہیں لیا) اور آپ اپنے ہاتھ

ہی ہیں سے پانی جھاڑنے لگے۔

مطابقة للترجمة امام بخاریؒ حدیث پاک کے الفاظ "ثم غسل جسدہ" سے بظاہر ترجمۃ الباب ثابت کرنا چاہتے ہیں مگر غالبا وہ ثابت نہیں ہوتا اسلئے مقصود بقیہ جسد کے غسل کو ثابت کرنا ہے اور یہ جسد عام ہے لہذا یہاں سے حضرت عائشہؓ کی اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس میں فغسل سائر جسدہ صراحۃً مذکور ہے اور سائر کے معنی باقی کے ہیں مطلب یہ ہے کہ اعضاء وضوء کے علاوہ باقی تمام بدن کو دھویا۔

تعدد موضعه والحدیث ههنا ص۴۱ ومضیٰ ص۳۹ ایضا ص۳۹ وص۴۰ " " ویاتی ص۴۲۔

مقصد ترجمه شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ اس باب سے امام بخاریؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جس شخص نے غسل جنابت سے پہلے وضو کر لیا تو غسل کے اندر ان اعضاء وضو کو دوبارہ دھونا ضروری نہیں ہے یعنی وضو کے بعد صرف باقی اعضاء جسم پر اگر پانی بہا دیا تو اس کا غسل صحیح اور معتبر ہے۔

حضرت شیخ الہندؒ فرماتے ہیں کہ اس باب میں امام بخاریؒ نے ایک لطیف اشارہ فرمایا کہ مس ذکر ناقض وضو نہیں ہے غسل کرتے وقت اکثر وبیشتر ہاتھ بدن کے ہر حصہ پر پہونچتا ہے اور ایسی صورت میں مس ذکر کا قوی احتمال ہے پس اگر مس ذکر ناقض وضو ہوتا تو جو وضو غسل سے پہلے کیا گیا ہے وہ کالعدم ہو جاتا حالانکہ امام بخاریؒ نہ مس ذکر سے وضو کے قائل ہیں اور نہ مس مرأۃ سے اور ان دونوں میں سے کسی پر باب بھی نہیں قائم کیا۔

خلاصہ یہ کہ ان دونوں مسائل میں امام بخاریؒ حنفیہ کی موافقت وتائید کر رہے ہیں۔

باب ۱۹۰

(اِذَا ذَكَرَ فِي الْمَسْجِدِ اَنَّهٗ جُنُبٌ خَرَجَ كَمَا هُوَ وَلَا تَيَمَّمُ)

جب مسجد میں یہ یاد آئے کہ میں جنبی ہوں (یعنی غسل کی حاجت ہے) تو اسی طرح فوراً نکل جائے اور تیمم نہ کرے

۲۷۰ (حدثنا عبد الله بن محمد قال ثنا عثمان بن عمر قال انا يونس عن الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال اُقيمت الصلوٰة وعُدِّلت

الصفوف قیاما فخرج الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما قام فی مصلاہ ذکر انہ جنب فقال لنا مکانکم ثم رجع فاغتسل ثم خرج الینا وراسہ یقطر فکبر فصلینا معہ تابعہ عبد الاعلی عن معمر عن الزہری ورواہ الاوزاعی عن الزہری)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے آپؓ نے بیان کیا کہ (ایک بار) نماز کیلئے اقامت کہدی گئی اور صفیں برابر کر لی گئیں لوگ کھڑے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف تشریف لائے جب آپؐ اپنی نماز کی جگہ میں کھڑے ہو گئے تو آپؐ کو یاد آیا کہ آپؐ جنبی ہیں (یعنی غسل کی ضرورت ہے) چنانچہ آپؐ نے ہم لوگوں سے فرمایا تم لوگ اپنی جگہ ٹھہرے رہو پھر آپؐ لوٹ گئے اور غسل کیا پھر ہمارے پاس واپس تشریف لائے تو سر مبارک سے پانی ٹپک رہا تھا آپؐ نے اللہ اکبر کہا (یعنی تکبیر تحریمہ سے نماز شروع کی) اور ہم نے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی عبد الاعلی نے بواسطہ معمر زہری سے عثمان بن عمر کی متابعت کی ہے اور اوزاعی نے بھی زہری سے اس کو روایت کیا ہے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فلما قام فی مصلاہ ذکر انہ جنب۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۱ ویاتی ص۸۹ ایضا ص۸۹ مسلم ص۲۲۰ ابو داؤد ص۳۰ تا ۳۱ باب فی الجنب یصلی بالقوم وھو ناس۔ نسائی ص۹۱ باب الامام یذکر بعد قیامہ فی مصلاہ انہ علی غیر طہارۃ۔

مقصد ترجمہ حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں "اشارۃ الی رد من یوجبہ فی ھذہ الصورۃ وھو منقول عن الثوری واسحاق رح الخ (فتح)

امام بخاریؒ اس باب سے سفیان ثوری اور اسحاق بن راہویہؒ پر رد فرما رہے ہیں ان کا مذہب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص بھول کر بحالت جنابت مسجد میں چلا گیا اور جانے کے بعد اس کو یاد آیا تو اب اس کو مسجد سے نکلنا جائز نہیں بلکہ فوراً تیمم کرے اسلئے کہ اولاً وہ ناسی ہونے کی وجہ سے معذور تھا اب ذاکر ہونے کی وجہ سے اس پر ذاکر کے احکام جاری ہونگے اور چوں کہ وہاں سے نکلنے پر مجبور ہونے کی وجہ سے عادم الماء ہے لہذا تیمم کرے۔

اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ فوراً نکل جائے امام بخاریؒ جمہور کی تائید فرما رہے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحالت جنابت مسجد کے اندر تشریف لے گئے اور یاد آنے کے بعد بلا تیمم کئے واپس تشریف لے آئے نیز جتنی دیر میں تیمم کرے گا اتنی دیر بحالت جنابت مسجد میں مکث ہوگا اس لئے جلدی ہی نکل جائے (تقریر بخاری)

ایک سوال مع جواب یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اقامت کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ کہہ چکے تھے یا نہیں۔

حدیث الباب میں اگرچہ اس کی تصریح نہیں ہے مگر بظاہر الفاظ حدیث قام فی مصلاہ ذکر انہ جنب سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ نے تکبیر تحریمہ نہیں کہی تھی مصلے پر آتے ہی آپؐ کو یاد آگیا، نیز مسلم شریف ص۲۲۰ کی ایک روایت میں صاف صراحت کے ساتھ ہے اذا قام فی مصلاہ قبل ان یکبر ذکر انہ لیکن ابوداؤد کی ایک روایت ص۳۱ میں تصریح ہے فکبر ثم اوماء الی القوم ان اجلسوا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ تکبیر تحریمہ کہہ چکے تھے۔

جواب۱: صحیحین کی روایت راجح ہے ۲: فکبر کے معنی ہیں اراد ان یکبر۔

ایک اشکال ایک اشکال یہاں یہ ہوتا ہے کہ اقامت صلوٰۃ اور تکبیر تحریمہ کے درمیان طویل فصل کے باوجود اقامت کا اعادہ کیا گیا یا نہیں؟

اس حدیث میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

جواب: یہ ہے کہ اعادہ واجب نہیں ہے، حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان جواز کے واسطے ایسا کیا ہے اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم بیان جواز کیواسطے کوئی خلاف اولیٰ بھی کام کریں تو اس پر آپ کو ثواب ملتا ہے اسلئے کہ آپؐ تشریع کیلئے تشریف لائے تھے (تقریر بخاری شیخ الحدیث)

علامہ شامیؒ لکھتے ہیں کہ وینبغی ان طال الفصل او وجد ماىعد قاطعا کاکل ان تعاد (شامی مطبوعہ زکریا بکڈپو دیوبند ص۱۱)

باب ۱۹۱

(نفض الیدین من غسل الجنابۃ)

جنابت کا غسل کر کے دونوں ہاتھوں کو جھاڑنا

۲۷۱ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْحَمْزَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ کُرَیْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَتْ مَیْمُوْنَۃُ وَضَعْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غُسْلًا فَسَتَرْتُہٗ بِثَوْبٍ وَصَبَّ عَلٰی یَدَیْہِ فَغَسَلَہُمَا ثُمَّ صَبَّ بِیَمِیْنِہٖ عَلٰی شِمَالِہٖ فَغَسَلَ فَرْجَہٗ فَضَرَبَ بِیَدِہِ الْاَرْضَ فَمَسَحَہَا ثُمَّ غَسَلَہَا فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْہَہٗ وَذِرَاعَیْہِ ثُمَّ صَبَّ عَلٰی رَاْسِہٖ وَاَفَاضَ عَلٰی جَسَدِہٖ

ثم تنحّی فغسل قدمیه فناولته ثوبا فلم یاخذه فانطلق وهو ینفض یدیه)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ رضی نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے غسل کا پانی رکھا پھر میں نے ایک کپڑے سے پردہ کر دیا آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اور ان دونوں کو دھویا پھر آپ نے اپنے داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اور اپنی شرمگاہ کو دھویا پھر آپ نے اپنے ہاتھ کو زمین پر مارا اور اس کو رگڑا پھر اس کو دھویا اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے پورے جسم پر پانی بہایا پھر آپ اپنے غسل کی جگہ سے ہٹ گئے اور اپنے دونوں پیروں کو دھویا، میں نے آپ کو (پونچھنے کے لئے) ایک کپڑا دیا مگر آپ نے کپڑا نہیں لیا اور آپ دونوں ہاتھ جھاڑتے ہوئے چلے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " وھو ینفض یدیہ "

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا صـ۴۱ ومضیٰ صـ۳۹ ، وصـ۴۰ ، ویاتی صـ۴۲

مقصد ترجمہ شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک امام بخاری رح کا مقصد اس ترجمہ سے یہ ثابت کرنا ہے کہ ماء مستعمل پاک ہے اسلئے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے ہاتھ جھاڑنا ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ ہاتھ جھاڑنے سے کپڑے وغیرہ پر چھینٹیں پڑیں گی اگر ماء مستعمل ناپاک ہوتا تو آپ ہاتھ نہ جھاڑتے۔

عہ۲ :- حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رح فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس باب کی غرض یہ ہے کہ ایک ضعیف حدیث میں آیا ہے: لا تنفضوا ایدیکم فی الوضوء فانہا مراوح الشیطان۔ وضو (وغیرہ) میں ہاتھ کو مت جھاڑو اسلئے کہ ہاتھ جھاڑنا شیطان کا پنکھا ہے۔ امام بخاری رح نے اس ترجمہ سے اس روایت پر رد فرما دیا۔

مقصد ترجمہ علامہ عینی رح کے نزدیک علامہ عینی رح فرماتے ہیں: ما فائدۃ ھٰذہ الترجمۃ من حیث الفقہ علامہ نے ایک سوال قائم کیا ہے کہ فقہ کی حیثیت سے اس ترجمہ کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے؟ اس کے بعد خود ہی اس ترجمہ کا فائدہ یہ بتاتے ہیں کہ ہاتھوں سے پانی کا جھاڑنا عبادت کے اثر کو زائل نہیں کرتا اس کے بعد علامہ عینی رح فرماتے کہ اس ترجمہ سے امام بخاری رح نے ان لوگوں کے خیال کا رد کیا ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے غسل کے بعد کپڑے کا استعمال اسلئے ترک فرمایا کہ اس سے عبادت کا اثر زائل ہو جاتا ہے ولیس کذالک حالانکہ حضور م کا یہ مقصد نہیں اگر غسل کے اثر کو باقی رکھنا ہوتا تو دونوں ہاتھوں سے پانی کو جھاڑنا بھی جائز نہ ہوتا بلکہ آپ نے کپڑے اسلئے استعمال نہیں کیا کہ عیش پرست اور اسراف

کے خوگر لوگوں کا عمل ہے جو تکبر کی علامت و نشانی ہے۔

فناولتہ ثوبا فلم یاخذہ اس سے بعض حضرات نے استدلال کیا ہے کہ وضو اور غسل کے بعد رومال کا استعمال مکروہ ہے کیوں کہ اس میں ہے کہ حضرت میمونہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑا دیا لیکن آپؐ نے نہیں لیا، اس سے معلوم ہوا کہ غسل کے بعد کپڑے کا استعمال مکروہ ہے۔

جواب یہ ہے کہ حدیث میں غور کرنا چاہیئے کہ حضرت میمونہ رضؓ حضور اقدس صؐ کی زوجہ ہیں حضورؐ کے مزاج اور اکثری معمولات سے واقف ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم اکثر و بیشتر رومال استعمال کرتے تھے اسی وجہ سے حضرت میمونہ رضؓ نے رومال پیش کیا لیکن حضور اقدس صؐ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ شاید میمونہ رضؓ رومال کے استعمال کو ضروری سمجھتی ہیں جب ہی تو بغیر طلب کئے ہوئے پیش کردیا اسی وجہ سے حضورؐ نے رومال نہیں لیا تاکہ معلوم ہوجائے کہ رومال کا استعمال ضروری نہیں بلکہ صرف آداب میں سے ہے اسلئے کبھی استعمال کو ترک بھی کیا جاسکتا ہے تاکہ ترک کرنے کا جواز معلوم ہو

چنانچہ امام مالکؒ سے منقول ہے کہ وضو اور غسل کے بعد رومال کا استعمال بلا کراہت جائز ہے

نیز فقہائے احنافؒ کے غسل اور وضو کے آداب میں سے ہے کہ رومال استعمال کرے۔

حضرات شوافعؒ کے اقوال میں سے ایک قول مباح اور ایک قول مستحب ہے۔

خلاصہ یہ کہ ائمہ اربعہ اور جمہور کے نزدیک غسل اور وضو کے بعد رومال کا استعمال بلا کراہت جائز اور درست ہے واللہ اعلم

باب ۱۹۲

مَن بَدَأَ بِشِقِّ رَاسِہٖ الاَیمَنِ فِی الغُسُلِ

جس نے غسل میں اپنے سر کی داہنی جانب سے شروع کیا

۲۷۲ (حدّثنا خلّادُ بن یحییٰ قال حدّثنا ابراھیمُ بنُ نافعٍ عن الحسنِ بن مُسلمٍ عن صفیّۃَ بنتِ شیبۃَ عن عائشۃَ قالت کنّا اذا اصابتْ احدَنا جنابۃٌ اخذتْ بیدیہا ثلاثاً فوقَ راسِہا ثمّ تاخذُ بیدِہا علٰی شقِّہا الأیمنِ وبیدِہا الاخریٰ علٰی شقِّہا الأیسرِ)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ جب ہم (ازواج) میں سے کسی کو جنابت لاحق ہوتی (یعنی غسل کی ضرورت ہوتی) تو وہ تین بار اپنے سر پر دونوں ہاتھوں سے پانی ڈالتی پھر ایک ہاتھ سے اپنے داہنے حصہ پر اور دوسرے ہاتھ سے اپنے بائیں حصہ پر پانی ڈالتی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " تاخذ بیدھا علی شقھا الایمن وبیدھا الاخری علی شقھا الایسر،، والحدیث صفحہ ۴۱ تا صفحہ ۴۲۔

مقصد ترجمہ اس میں اختلاف ہے کہ غسل کے اندر ابتدا کہاں سے کیجائے؟
حدیث الباب میں علی شقھا الایمن اور علی شقھا الایسر مطلق ہے اس میں سر کی قید نہیں ہے امام بخاریؒ نے ترجمہ میں بشق راسہ کی قید لگا کر تبلا دیا کہ حدیث میں شق ایمن اور شق ایسر سے سر کے جانبین مراد ہیں۔
چنانچہ علامہ قسطلانیؒ فرماتے ہیں" ای من الراس فیھما لا من الشخص "
وھذا من محاسن استنباطات المؤلف یعنی یہ مؤلف (امام بخاریؒ) کی بالغ نظری اور عمدہ تفقہ کی دلیل ہے (قس)
جیساکہ مشہور ہے فقہ البخاری فی تراجمہ۔
۲ حضرت شیخ الحدیث" فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ کا مقصد ان لوگوں پر رد کرنا ہے جو لوگ وضو سے غسل کی ابتدار کو واجب اور ضروری کہتے ہیں امام نے بدایۃ بشق راسہ الایمن سے ترجمہ قائم کر کے رد کر دیا کہ ابتدا بالوضو واجب نہیں ہے مستحب ہے (تقریر بخاری)

تشریح شِق بکسر الشین وتشدید القاف بمعنی الجانب وبمعنی نصف الشی ومنہ تصدقوا ولو بشق تمرۃ ای نصفھا وقولہ الایمن صفۃ للشق (عمدہ)

(بَابٌ ۱۹۳ مَنِ اغْتَسَلَ عُرْیَانًا وَحْدَہٗ فِی الْخَلْوَۃِ وَمَنْ تَسَتَّرَ وَالتَّسَتُّرُ اَفْضَلُ وَقَالَ بَھْزٌ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰہُ اَحَقُّ اَنْ یُّسْتَحْیٰی مِنْہُ مِنَ النَّاسِ)

جس شخص نے تنہائی میں ننگے ہو کر غسل کیا (جائز ہے) اور جس نے ستر ڈھانپ کر (یعنی کپڑا باندھکر) غسل کیا تو افضل ہے۔ بہز (بن حکیم بن معاویہ) نے اپنے والد حکیم سے انہوں نے بہز کے دادا (معاویہ بن حیدہ قشیریؓ) سے انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ اللہ تعالےٰ لوگوں کے مقابلے میں زیادہ مستحق ہے کہ اس سے حیا کی جائے۔

وقال بھز الخ قال العینیؒ ھذا التعلیق من البخاری وھو قطعۃ من حدیث طویل اخرجہ اصحاب السنن الاربعۃ الخ (عمدہ ثالث صفحہ ۲۲۹)
یعنی امام بخاریؒ نے تعلیقات ذکر کیا ہے لیکن سنن اربعہ ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے موصولاً پوری حدیث ذکر کی ہے۔
ابوداؤد جلد ثانی کتاب الحمام باب فی التعری صفحہ ۵۵۔

ترمذی جلد ثانی ابواب الاستیذان باب ماجاء فی حفظ العورۃ صفحہ ۱۰۱
ابن ماجہ ابواب النکاح باب التستر عند الجماع صفحہ ۱۳۹۔
پوری حدیث مع سند کے ملاحظہ ہو مذکورہ حوالہ سے لیکن نسائی میں احقر کو روایت نہیں ملی ترمذی کی روایت کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔
: بہز بن حکیم کے دادا معاویہ بن حیدہ قشیری رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عرض کیا "اے اللہ کے نبی عوراتنا ما ناتی منہا وما نذر (الخ) ہم اپنا ستر کس سے چھپائیں اور کس سے نہ چھپائیں؟
آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی شرمگاہ کی ہر جگہ حفاظت کرو سوائے اپنی بیوی اور مملوکہ باندی کے میں نے عرض کیا اگر کوئی مرد کے ساتھ ہو تو؟ فرمایا جہاں تک بن سکے کوئی تمہاری شرمگاہ کو نہ دیکھے، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب ہم میں سے کوئی بالکل تنہا ہو؟ (یعنی اس وقت کیا حکم ہے؟) ارشاد فرمایا پھر اللہ تعالیٰ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے شرم کی جائے بمقابلہ اور لوگوں کے۔

اشکال اشکال یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ احق ہے کہ اس سے شرم کیجائے بمقابلہ لوگوں کے؟ تو چاہیئے کہ خلوت میں ستر زیادہ ہو حالاں کہ جلوت میں فرض ہے اور خلوت میں مستحب۔

جواب: جواب یہ ہے کہ جلوت میں تو یہ شخص اللہ تعالیٰ اور انسان دونوں کے سامنے ہے لہذا یہاں تاکد زیادہ ہوا اور خلوت میں صرف اللہ تعالیٰ کے روبرو ہے لہذا وہاں تاکد کم ہوا۔

۲۷۳ (حدثنا اسحٰق بن نصر قال حدثنا عبد الرزاق عن معمر عن همام بن منبه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کانت بنو اسرائیل یغتسلون عراة ینظر بعضهم الی بعض وکان موسیٰ علیه السلام یغتسل وحده فقالوا والله ما یمنع موسیٰ ان یغتسل معنا الا انه آدر فذهب مرة یغتسل فوضع ثوبه علی حجر ففر الحجر بثوبه فجمح موسیٰ فی اثره یقول ثوبی یا حجر ثوبی یا حجر حتی نظرت بنو اسرائیل الی موسیٰ وقالوا والله ما بموسیٰ من باس واخذ ثوبه وطفق بالحجر ضربا قال ابو هریرة والله انه لندب بالحجر ستة او سبعة ضربا بالحجر)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل ننگے ہو کر اس طرح غسل کرتے تھے کہ ایک دوسرے کو دیکھتے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام (کی عادت تھی وہ) اکیلے ہو کر (ننگے) غسل کرتے بنی اسرائیل کہنے لگے بخدا موسیٰ (علیہ السلام) کو ہمارے ساتھ غسل کرنے سے صرف یہ چیز روکتی ہے کہ وہ عظیم الخصیتین ہیں (یعنی ان کے خصیے بڑے ہیں) چنانچہ ایکبار مرتبہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام غسل کرنے کیلئے تشریف لے گئے تو اپنا کپڑا ایک پتھر پر رکھدیا پتھر (اللہ کے حکم سے) ان کا کپڑا لے کر بھاگا حضرت موسیٰ (علیہ السلام) پتھر کے پیچھے یہ کہتے ہوئے دوڑے اے پتھر میرا کپڑا دے اے پتھر میرا کپڑا دے یہاں تک کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰؑ کو (ننگا) دیکھ لیا اور کہنے لگے (ہم غلط سمجھتے تھے) قسم خدا کی موسیٰ میں کوئی بیماری نہیں ہے (اور پتھر تھم گیا) موسیٰؑ نے اپنا کپڑا لے لیا اور پتھر کو مارنے لگے۔ حضرت ابوہریرہؓ نے کہا خدا کی قسم اس پتھر پر چھ۶ یا سات نشانات پائے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مارکے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ وکان موسیٰ صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل وحدہ ای عریانا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۲ ویاتی فی کتاب الانبیاء ص۴۸۳ وخرجہ مسلم فی الطہارت ص۱۵۴ ایضا مسلم ثانی ص۲۶۶ والترمذی ابواب التفسیر ص۱۵۲

۲۷۴ (وعَن اَبی هُرَیرَۃَ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بَیْنا اَیوبُ یَغتَسِلُ عریانًا فخرّ علیہ جرادٌ مِن ذَھَبٍ فجعَلَ ایوبُ یَحتَثی فی ثوبِہٖ فناداہُ ربّہٗ یا ایوبُ اَلمْ اَکُنْ اَغنَیتُکَ عمّا تریٰ قال بلیٰ وعِزّتِکَ ولٰکن لاغِنیٰ بی عن برکتکَ ورواہ ابراھیم عن موسیٰ بن عُقبۃَ عن صَفوانَ عن...... عطاءِ بن یَسارٍ عن اَبی ھریرۃ عنِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بینا ایوبُ یغتسِلُ عُریانًا)

ترجمہ اور حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک بار ایوب علیہ السلام ننگے غسل فرما رہے تھے کہ ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں حضرت ایوبؑ پکڑ پکڑ کر اپنے کپڑے میں ڈالنے لگے اس پر ان کے پروردگار نے ان کو پکارا کیا میں نے ان چیزوں سے جو تو دیکھتا ہے تجھے بے نیاز نہیں کر دیا؟ ایوبؑ نے کہا ضرور تو نے بے نیاز کر دیا تیری عزت کی قسم لیکن میں تیری برکت سے بے نیاز نہیں ہوں

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "قال بینا ایوب یغتسل عریانا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۲ ویاتی جلد اول ص۴۸۰ وجلد ثانی ص۱۱۱۶ وخرجہ نسائی جلد اول کتاب الغسل فی باب الاستتار عند الغسل ص۴۶۔

مقصد ترجمہ شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ کا مقصد اس ترجمۃ الباب سے یہ بتانا ہے کہ اگر خلوت یعنی تنہائی میں ننگا ہو کر غسل کیا جائے تو جائز ہے البتہ تنہائی میں بھی ستر چھپا کر غسل کرنا افضل وبہتر ہے (شرح تراجم ابواب)

تنہائی میں اگرچہ کسی انسان کی موجودگی نہیں ہوتی جس سے شرم آئے مگر خداوند کریم سے تو بہر صورت شرم ہونی چاہیئے

تشریح وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ الخ ھو معطوف علی الاسناد الاول وجزم الکرمانی بانہ تعلیق بصیغۃ التمریض فاخطأ، فان الحدیثین ثابتان فی نسخۃ ھمام بالاسناد المذکور

تحقیق الفاظ آدر صفت کا صیغہ ہے عظیم الخصیتین بڑے خصیے والا، از باب سمع اَدِرَ یا دَرَ بڑے خصیے والا ہونا۔ جمع تیز دوڑا ندب زخم کا نشان از سمع زخم کا نشان ہونا ثوبی یا حجر ثوبی معمول ہے اعطنی فعل محذوف کا۔

برہنہ غسل کے جواز پر استدلال بعض حضرات تنہائی میں بھی برہنہ غسل کرنا ناجائز کہتے ہیں امام بخاری ان کا رد کرتے ہیں اور اس باب میں دو حدیثیں نقل کرکے استدلال کرتے ہیں۔

پہلی حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عمل پیش کر رہے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تنہائی میں برہنہ غسل فرما رہے تھے۔ ثابت ہوگیا کہ تنہائی میں برہنہ غسل کرنا جائز ہے ورنہ حضرت موسیٰ علیہ السلام عمل نہ فرماتے

دوسری روایت میں حضرت ایوب علیہ السلام کا تنہائی میں برہنہ غسل کرنا ثابت ہے۔

پس ان دونوں روایتوں سے ثابت ہوگیا کہ تنہائی میں جہاں بالکل کوئی نہ ہو یا بند غسل خانہ میں برہنہ غسل کرنا جائز ہے اسلئے کہ اصول فقہ کا یہ قاعدہ مشہور ہے:۔

شرائع من قبلنا شرائع لنا اذا قص اللہ ورسولہ من غیر انکار۔ — پہلی شریعت ہماری بھی شریعت ہے جب اللہ اور اس کے رسول اسے بیان فرمائیں اور انکار نہ کریں۔

تو چونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس عمل کو نقل فرمایا اور اس پر انکار نہیں کیا اگر ہماری شریعت میں حکم مختلف ہوتا تو آپ تنبیہ فرما دیتے۔

نیز قرآن کریم میں ارشاد ہے:۔

اولٰئک الذین ھدی اللہ فبھداھم اقتدہ۔ — یعنی ان حضرات کو اللہ تعالے نے ہدایت یاب بنایا ہے آپ انکی اقتدا کیجئے۔

اور یہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پیغمبروں کا عمل ذکر فرمایا ہے اور اس پر انکار نہیں فرمایا اسلئے قابل اقتدا اور جائز ہے۔

باب ۱۹۴

(التستر فی الغسل عند الناس)

لوگوں کے سامنے غسل کرنے میں پردہ کرنا

۲۷۵ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ أَبِي طَالِبٍ تَقُولُ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ وَفَاطِمَةُ تَسْتُرُهُ فَقَالَ مَنْ هٰذِهِ فَقُلْتُ أَنَا أُمُّ هَانِئٍ)

ترجمہ ام ہانی بنت ابی طالب کے مولی ابومرہ (اسم یزید) نے بیان کیا کہ انہوں نے ام ہانی بنت ابی طالب سے سنا وہ کہہ رہی تھیں کہ میں فتح مکہ کے سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو میں نے آپؐ کو غسل کرتے ہوئے پایا اور حضرت فاطمہؓ آپ کا پردہ کئے ہوئے تھیں آپؐ نے پوچھا کون عورت ہے؟ میں نے عرض کیا میں ام ہانی ہوں۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة فوجدته يغتسل وفاطمة تستره۔

تعدد موضع والحديث ههنا ص۴۲ ويأتي في الصلوٰة ص۵۲ ايضا ص۱۴۹ ايضا ص۱۵۷ و ص۴۴۹ وفي المغازي ص۶۱۴ تا ص۶۱۵ وص۹۰۹ تا ص۹۱۰ ومسلم اول ص۱۵۳ ايضا ص۲۴۹ وترمذی اول ص۱۹۱ فی باب ماجاء فی امان المرأة والعبد. وترمذی ثانی ص۹۸ باب ماجاء فی مرحبا. ونسائی اول باب ذکر الاستتار عند الاغتسال ص۲۶ تا ص۲۷ وابن ماجه مختصرا باب ماجاء فی الاستتار عند الغسل ص۴۵۔

۲۷۶ (حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ سَتَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ صَبَّ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ فَغَسَلَ فَرْجَهُ وَمَا أَصَابَهُ ثُمَّ مَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى الْحَائِطِ أَوِ الْأَرْضِ ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلٰوةِ غَيْرَ رِجْلَيْهِ

ثُمَّ اَفَاضَ عَلٰی جَسَدِہٖ الْمَاءَ ثُمَّ تَنَحّٰی فَغَسَلَ قَدَمَیْہِ تَابَعَہٗ اَبُوْعَوَانَۃَ وَابْنُ فُضَیْلٍ فِی السَّتْرِ)

ترجمہ حضرت میمونہ رضؓ سے روایت ہے فرمایا میں نے آپؐ کا پردہ کیا آپؐ غسل جنابت کر رہے تھے تو (پہلے) آپؐ نے دونوں ہاتھ دھوئے پھر داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا پھر آپؐ نے اپنی شرمگاہ اور جو چیز وہاں لگ گئی تھی اس کو دھویا پھر آپؐ اپنا ہاتھ دیوار یا زمین پر رگڑا پھر جیسے ناز کیلئے وضو کیا کرتے تھے ویسا وضو کیا فقط پاؤں نہیں دھوئے پھر آپؐ نے پورے جسم پر پانی بہایا پھر آپؐ الگ ہٹ گئے اور اپنے پیروں کو دھویا۔ سفیان کے ساتھ اس حدیث میں ابوعوانہ اور محمد بن فضیل نے بھی پردے کا ذکر کیا (یعنی سفیان کی متابعت کی ہے)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ سترت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یغتسل

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۲ ومر مرارًا دیکھو بخاری ص۳۹، ص۴۰، ص۴۱۔

ربط ما قبل ومقصد ترجمہ باب سابق میں امام بخاریؒ نے الگ وتنہا غسل کرنیکا حکم بتلایا تھا۔ اب اس باب میں دوسروں کی موجودگی میں غسل کرنے کا طریقہ بتا رہے ہیں کہ ایسے وقت میں تستر ضروری ہے یعنی امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے ایجاب تستر عندالناس ہے اگر کسی کو غسل کی حاجت ہے اور غسل خانہ یا اور کوئی تنہائی کا موقع نہیں ہے تو مجمع ہی میں پردے کے ساتھ غسل کرنا واجب ہے۔

مزید تشریح کیلئے نصر الباری کتاب المغازی ص۱۵۳ کا مطالعہ کیجئے۔

بَابٌ ۱۹۵ اِذَا احْتَلَمَتِ الْمَرْأَۃُ

جب عورت کو احتلام ہو جائے

۲۷۷ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَّھَا قَالَتْ جَاءَتْ اُمُّ سُلَیْمٍ امْرَاَۃُ اَبِیْ طَلْحَۃَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ ھَلْ عَلَی الْمَرْاَۃِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا ھِیَ احْتَلَمَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِذَا رَاَتِ الْمَاءَ)

ترجمہ حضرت ام المؤمنین ام سلمہ رضؓ نے فرمایا ام سلیم رضؓ ابو طلحہ انصاری رضؓ کی بیوی (جو حضرت انس رضؓ کی والدہ تھیں) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ اللہ تعالے سچی بات میں نہیں شرماتا کیا عورت پر غسل ہے؟ جب اسے احتلام ہو جائے آپؐ نے فرمایا۔ ہاں (بیشک) جب وہ (جاگ کر) منی دیکھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "ھل علی المرأۃ من غسل اذا ھی احتلمت"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۲ ومضی ص۲۴ ویاتی ص۴۶۸ تا ص۴۶۹ ایضا ص۹۰۱ و ص۹۰۴۔

مقصد ترجمہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی" فرماتے ہیں کہ امام بخاری" کا مقصد یہ ہے:- ای فعلیہا اذا رأت الماء۔ یعنی جب عورت جاگنے کے بعد منی کی تری کا کپڑے پر یا بدن پر دیکھ لیا تو اس پر غسل لازم ہے۔

تشریح جمہور فقہائے کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ احتلام کے مسئلہ میں مرد و عورت دونوں کا حکم یکساں اور برابر ہے کہ غسل واجب ہونے کا انحصار خارج شدہ منی یا بالفاظ حدیث بلل (تری) کے مشاہدہ پر ہے مرد و عورت نے خواب میں لذت محسوس کی مگر جاگنے کے بعد کپڑے یا بدن پر کسی قسم کا اثر نہیں دیکھا تو غسل لازم نہ ہوگا۔

اس حدیث سے ان تمام حضرات کا رد ہو جائے گا خواہ فلاسفہ ہوں یا اطباء جو لوگ کہتے ہیں کہ عورتوں کے اندر منی نہیں ہوتی یا منی تو ہوتی ہے مگر عورتوں کو احتلام نہیں ہوتا ہے امام بخاری" نے اس باب سے ثابت کر دیا کہ عورت کے بھی منی ہوتی ہے اور اس کو احتلام بھی ہوتا ہے اگرچہ بمقابلہ مردوں کے کم ہو۔

اس حدیث کیلئے نصر الباری جلد اول ص۳۳۵ حدیث نمبر ۱۳۰ بھی ملاحظہ فرما لیجئے۔

باب ۱۹۶ عَرَقِ الْجُنُبِ وَاَنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ

جنبی کے پسینہ کا بیان (کہ پاک ہے) اور یہ کہ مسلمان ناپاک نہیں ہوتا

۲۷۸ (حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرٌ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَقِيَهُ فِي بَعْضِ طَرِيقِ الْمَدِينَةِ وَهُوَ جُنُبٌ فَانْخَنَسْتُ مِنْهُ فَذَهَبْتُ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ أَيْنَ كُنْتَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ جُنُبًا ...... فَكَرِهْتُ أَنْ أُجَالِسَكَ وَأَنَا عَلَى غَيْرِ طَهَارَةٍ قَالَ سُبْحَانَ اللهِ إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ کے ایک راستے میں ان سے ملے اور (اس وقت) ابوہریرہ جنبی تھے (ابوہریرہ رضؓ نے بیان کیا کہ) میں آپ سے پیچھے ہٹ گیا پھر ابوہریرہ رضؓ گئے اور غسل کیا پھر حاضر خدمت ہوئے تو آپؐ نے فرمایا (اے ابوہریرہؓ) تو کہاں تھا؟ ابوہریرہ رضؓ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا میں جنبی تھا یعنی مجھ کو غسل کی حاجت تھی (تو میں نے بغیر طہارت کے آپؐ کے پاس بیٹھنا برا جانا آپؐ نے فرمایا سبحان اللہ مسلمان نجس نہیں ہوتا ہے۔

مطابقة للترجمة ترجمۃ الباب کے دو اجزاء ہیں ایک یہ کہ پسینہ کا حکم کیا ہے؟ دوسرے جز میں یہ ہے کہ مسلمان ناپاک نہیں ہوتا۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث الباب کی مطابقت ترجمہ کے دوسرے جز سے ظاہر ہے۔

علامہ عثمانیؒ فرماتے ہیں" امام بخاریؒ کا مقصد ترجمہ کے پہلے جز کا حکم بیان کرنا ہے مگر حدیث باب میں صرف دوسرے ہی ترجمہ کا ثبوت نکلتا ہے، ترجمہ کے پہلے جز کے حکم پر حدیث باب میں کوئی بات نہیں ملتی، امام بخاریؒ نے حدیث باب کے الفاظ ان المومن لا ینجس سے ترجمہ کے پہلے جز کا حکم بیان کر دیا کہ جنب کا پسینہ پاک ہے کیوں کہ پسینہ کا اصل انسانی جسم ہے ظاہر ہے کہ پسینہ کا وہی حکم ہوگا جو اصل (جسم) کا حکم ہے۔

مقصد یہ ہے کہ جنابت ایک معنوی و حکمی نجاست ہے جنابت کی وجہ سے ظاہر جسم ناپاک نہیں ہوتا لہٰذا جنبی کے ساتھ مصافحہ کرنا، اٹھنا بیٹھنا اور سلام و کلام سب جائز ہیں۔

تعدد موضعه والحديث هٰهنا ص۴۲ ايضاً في الباب الذي بعده ص۴۲ ومسلم ص۱۶۲ و ابوداؤد باب في الجنب يصافح ص۳۰ والترمذي باب ما جاء في مصافحة الجنب ص۱۷ والنسائي مماسة الجنب ومجالسته ص۳۱ وابن ماجه باب مصافحة الجنب

تشریح ان المومن لا ینجس یعنی مومن ناپاک نہیں ہوتا ہے اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ مومن تو ناپاک ہوتا ہے کبھی حدیث اصغر میں اور کبھی حدیث اکبر میں مبتلا ہوتا ہے اور اگر چھوٹے بچوں کو گود میں لیا اور اس نے پیشاب یا پاخانہ کر دیا تو ظاہری طور پر بھی ناپاک ہو جاتا ہے خلاصہ یہ کہ مومن نجس ہوتا ہے کبھی نجاست حکمی و معنوی سے جیسے جنابت کی حالت میں اور کبھی

حقیقی وظاہری طور پر بھی نجس ہوتا ہے جب پیشاب یا خون وغیرہ بدن میں لگ جائے۔
جواب:- یہاں لا ینجس سے نجاست مخصوصہ کی نفی ہے نفی عام مراد نہیں چوں کہ مخاطب ابوہریرہؓ نے یہ سمجھا تھا کہ باطنی ومعنوی نجاست ظاہری وحقیقی نجاست کے مشابہ ہوتی ہے یعنی جنابت کی حالت میں بدن ایسا ناپاک ہوجاتا ہے کہ مصافحہ، ومجالستہ بھی جائز نہیں رہتی اسلئے یہاں حضرت ابوہریرہؓ کی غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان المؤمن لا ینجس مومن ایسا نجس نہیں ہوتا جیسا تم سمجھ رہے ہو خواہ وہ جنبی ہی کیوں نہ ہو۔

دوسرا اشکال اشکال یہ ہے کہ ان المومن لا ینجس کا مفہوم مخالف یہ نکلتا ہے کہ ان الکافر ینجس چنانچہ بعض اہل ظاہر نے کافر کو نجس العین قرار دیا ہے اور اس نظریہ کی تائید ارشاد الٰہی انما المشرکون نجس (سورہ توبہ) سے حاصل کی ہے، حالانکہ آیت میں مشرکوں کی اعتقادی نجاست بتلائی گئی ہے کہ کفر وشرک کیوجہ سے کافر کا باطن ناپاک ہے اور مومن کا باطن کفر وشرک سے پاک ہونے کی وجہ سے پاک ہے۔ رہا اعضاء ظاہرہ کا معاملہ ؟ تو کافر ومومن کا معاملہ برابر ہے یہی جمہور علماء اسلام وائمہ کرام کا مسلک ہے چنانچہ حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں: وعن الایۃ بان المراد انہم (ای الکفار) نجس فی الاعتقاد والاستقذار وحجتہم ان اللہ تعالیٰ اباح نکاح نساء اہل الکتاب الخ (فتح)

یعنی جمہور کی دلیل یہ ہے کہ باری تعالیٰ نے اہل کتاب عورتوں سے نکاح کو جائز قرار دیا ہے اور ظاہر ہے کہ نکاح کے بعد ان سے مضاجعت واختلاط بھی ہوگا اور ان کے پسینہ سے بچنا بھی بہت دشوار ہے لیکن اس کو خاص طور سے دھونے کا حکم شریعت میں نہیں ہے اور غسل جنابت بھی جس طرح مسلم عورت سے جماع کے بعد ہوتا ہے اسی طرح کافرہ کتابیہ سے جماع کے بعد ہوتا ہے دونوں میں کوئی فرق نہیں کیا گیا اس سے معلوم ہوا کہ زندہ آدمی نجس العین نہیں ہوتا کیوں کہ عورتوں اور مردوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

حضرت شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں واغرب القرطبی اذ نسب القول بنجاسۃ عرق الکافر الی الشافعیؒ الخ (الابواب والتراجم ص۱۶۴)

یعنی قرطبی نے امام شافعیؒ کی طرف کافر کے پسینہ کی ناپاکی کو منسوب کر کے انتہائی اجنبی ونادر بات کہی ہے اس کے بعد فرمایا۔

وفی ھامشی علی البذل قال ابن رسلان قولہ المسلم لیس بنجس وکذالک الکافر عندنا وعند مالک وجمہور المسلمین

میں نے بذل کے حاشیہ میں ابن رسلان کا قول ذکر کیا ہے کہ مسلمان نجس نہیں ہے اور اسی طرح کافر بھی نجس نہیں ہوتا ہے ہمارے (شافعیہ) کے نزدیک وامام مالک اور جمہور مسلمین کے نزدیک۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ نجاست کافر کی نسبت امام شافعی یا امام مالک کیطرف کرنی صحیح نہیں نیز کافر کو نجس العین قرار دینا آیت قرآنی لقد کرمنا بنی آدم کے بھی خلاف ہے۔

بَابُ ۱۹۷ الْجُنُبُ يَخْرُجُ وَيَمْشِي فِي السُّوقِ وَغَيْرِهِ وَقَالَ عَطَاءٌ يَحْتَجِمُ الْجُنُبُ وَيُقَلِّمُ أَظْفَارَهُ وَيَحْلِقُ رَأْسَهُ وَإِنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ)

باب. جنبی گھر سے نکل سکتا ہے اور بازار وغیرہ میں چل پھر سکتا ہے۔ اور عطاءؒ نے کہا جنب پچھنے لگا سکتا ہے اور اپنے ناخن تراش سکتا ہے اور اپنا سر منڈا سکتا ہے اگرچہ وضو بھی نہ کیا ہو۔

۲۷۹ (حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي اللَّيْلَةِ الْوَاحِدَةِ وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ)

ترجمہ حضرت انس بن مالکؓ نے قتادہ وغیرہ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (کبھی) اپنی عورتوں کے پاس ایک ہی رات میں ہو آتے تھے (سب سے صحبت کر لیتے) اور ان دنوں میں آپؐ کی نو۹ بیویاں تھیں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ کان یطوف علی نسائہ۔ مطلب یہ ہے کہ جب آپؐ ایک بیوی کے پاس سے دوسری بیوی کے پاس بحالت جنابت تشریف لیگئے اور صحبت کی تو ظاہر ہے کہ ازواج مطہرات کے بیوت اگرچہ قریب قریب تھے مگر ایک گھر سے نکلنا اور دوسرے گھر میں جانا ثابت ہو گیا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۲ ومضی ص۴ ویاتی ص۷۵۸ وص۷۸۵۔

۲۸۰ (حَدَّثَنَا عَيَّاشٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ ثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَقِيَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جُنُبٌ فَأَخَذَ بِيَدِي فَمَشَيْتُ مَعَهُ حَتَّى قَعَدَ فَانْسَلَلْتُ فَأَتَيْتُ الرَّحْلَ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ قَاعِدٌ فَقَالَ أَيْنَ كُنْتَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ لَهُ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھکو (راستہ میں) ملے اور میں (اس وقت) جنبی تھا آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا میں آپؐ کے ساتھ چلنے لگا یہاں تک کہ آپؐ (ایک جگہ)

بیٹھ گئے تو میں چپکے سے کھسک گیا اور اپنے ٹھکانے پر آکر غسل کیا پھر لوٹ کر آیا آپ بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا ابوہریرہ تو کہاں تھا؟ تو میں نے واقعہ بیان کر دیا آپ نے فرمایا سبحان اللہ مومن ناپاک نہیں ہوتا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فمشیت معہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۲ ایضا ص۴۲ باقی مواضع کیلئے دیکھئے حدیث ۲۷۸۔

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ اس باب سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جنابت کے بعد فوراً غسل کرنا واجب نہیں ہے بلکہ انسان جنابت کی حالت میں ضروری مشاغل اختیار کر سکتا ہے البتہ اتنی تاخیر بھی جائز نہیں کہ نماز کا وقت نکل جائے۔

اور چونکہ بعض سلف میں اختلاف رہ چکا ہے حتی کہ بعض صحابہ کرام (مثلاً حضرت علی رضؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ وغیرہم) جب تک غسل نہ کر لیتے گھر سے نہیں نکلتے تھے اس پر امام بخاریؒ مسئلے کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں کہ ان بزرگوں کا عمل افضل پر تھا لیکن بحالت جنابت ضروری مشاغل کا اختیار کرنا جائز ہے۔

اس سلسلے میں امام بخاریؒ نے ایک تو عطاءؒ کا قول پیش کیا ہے کہ جنبی کو پچھنے لگوانے وغیرہ کی اجازت ہے۔ چونکہ حسن بصریؒ سے نقل ہے کہ جنبی بحالت جنابت نہ تو حجامت کرائے اور نہ ناخن کترائے نہ سر منڈوائے اگر کرنا ہو تو پہلے وضو کرے۔

امام بخاریؒ نے حضرت عطاء کے قول سے رد کر دیا کہ وضو بھی لازم و ضروری نہیں ہاں افضل و بہتر ضرور ہے۔ واللہ اعلم اتم۔

باب ۱۹۸

(كَيْنُونَةِ الْجُنُبِ فِى الْبَيْتِ إِذَا تَوَضَّأَ قَبْلَ أَنْ يَغْتَسِلَ)

جنبی جنابت کی حالت میں گھر میں رہ سکتا ہے جب کہ غسل سے پہلے وضو کرے

تشریح کینونۃ مصدر ہے کان یکون کینونۃ سے بمعنی اقامت کرنا، ٹھہرنا جیسے دام یدوم دیمومۃ اس وزن پر مصدر کم آتا ہے (عمدہ)

۲۸۱ (حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ وَشَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ

قال سالت عائشة اکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یرقد وھو جنب قالت نعم ویتوضا)

ترجمہ حضرت ابو سلمہ رح سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رض سے پوچھا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں (گھر میں) سوتے تھے؟ کہا ہاں آپ وضو کر لیتے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " قالت نعم ویتوضا"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۲ وباقی ص۴۳۔

مقصد ترجمہ علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد اس ترجمۃ الباب سے حدیث ابی داؤد وغیرہ کی تضعیف ہے جو حضرت علی رض سے مروی ہے۔

عن علی رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولاجنب۔

حضرت علی رض سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر یا جنبی آدمی ہو۔

(ابوداؤد جلد اول ص۳۰ ایضا ثانی فی اللباس ص۵۷۲ ونسائی فی الطھارۃ ص۳۰ باب فی الجنب اذالم یتوضا۔

علامہ عینی رح فرماتے ہیں " قلت ھذا بعید الخ (عمدہ)

کیونکہ اس جنبی سے مراد وہ جنبی ہے جو غسل جنابت میں تساہل کرتا ہو ہمیشہ جنبی رہنے کی عادت ڈال لی ہو کہ اس کی نماز بھی فوت ہو جاتی ہو۔

وہ جنبی مراد نہیں جو باوجود ارادہ واہتمام غسل کے اتفاقی طور سے تاخیر ہو جائے کیوں کہ جنبی پر غسل علی الفور واجب نہیں البتہ سونے سے پہلے وضو کر لینا افضل ہے کیوں کہ وضو سے بھی حدث کا ایک حصہ رفع ہو جاتا ہے مگر وضو بھی فرض وواجب نہیں۔

معلوم ہوا کہ امام بخاری رح کا مقصد روایت ابی داؤد کی تضعیف مقصود نہیں بلکہ مجمل بیان کرنا اور تطبیق مقصود ہے چونکہ اس روایت کی تصحیح ابن حبان وحاکم نے کی ہے۔

باب ۱۹۹

نوم الجنب

جنبی کا (حالت جنابت میں) سونا

۲۸۲ (حدثنا قتیبۃ بن سعید قال حدثنا اللیث عن نافع عن ابن عمر

اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیَرْقُدُ اَحَدُنَا وَھُوَ جُنُبٌ قَالَ نَعَمْ اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُکُمْ فَلْیَرْقُدْ وَھُوَ جُنُبٌ۔

ترجمہ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا جنابت کی حالت میں ہم میں سے کوئی سو سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو جنابت کی حالت میں سو سکتا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فلیرقد وھو جنب، یعنی آخری جملہ

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۲ تا ص۴۳ ویاتی الحدیث فی الباب الذی بعدہ ص۴۳ وص۴۳

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد اس ترجمہ سے جمہور کی تائید و موافقت اور اصحاب ظواہر کی تردید ہے جمہور کا فیصلہ ہے کہ جنبی آدمی کیلئے حالت جنابت میں سونا جائز ہے البتہ افضل و بہتر یعنی مستحب ہے کہ سونے سے پہلے وضو کرے۔

اصحاب ظواہر کے نزدیک سونے سے پہلے جنبی پر وضو کرنا واجب ہے بغیر وضو کے سونا جائز نہیں

استدلال اہل ظواہر (یعنی امام داود ظاہریؒ وغیرہ) اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "اذا توضا احدکم فلیرقد" اور کہتے ہیں کہ اس میں شرط و جزا ہے اسلئے وضو واجب و ضروری ہے۔ لیکن اگر اذا کو ظرفیہ کہا جائے تو ظاہریہ کا استدلال ختم ہو جائے گا ۲ قاعدہ ہے الحدیث یفسر بعضہ بعضا اسلئے ہم کہتے ہیں کہ صحیح ابن خزیمہ اور ابن حبان کے اندر اسی روایت میں ان شاء کا لفظ موجود ہے جس سے صاف ظاہر ہو گیا کہ وضو واجب نہیں۔

نیز حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینام وھو جنب ولا یمس ماء (ترمذی اول ص۱۵) اگرچہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے لیکن امام بیہقی وغیرہ نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

تشریح باب سابق میں بحالت جنابت گھر میں رہنے کا جواز بتا چکے ہیں مگر باب سابق عام تھا جنبی گھر میں رہ سکتا ہے خواہ بیدار رہے یا سو جائے، اور یہ زیر بحث باب خاص ہے جسمیں بحالت جنابت سونے کا جواز بتا رہے ہیں۔

حدیث الباب حدثنا قتیبۃ بن سعید الخ عمدۃ القاری میں بغیر عنوان کے مذکور "باب نوم الجنب" درج ہے اور یہ حدیث باب سابق کے تحت درج ہے اس صورت میں ترجمہ سے حدیث کی مطابقت یہ ہوگی کہ جب حالت جنابت میں سونے کا جواز معلوم ہو گیا تو اس حالت میں استقرار بیت کا بھی ثبوت ہو گیا۔

لیکن فتح الباری اور ارشاد الساری میں ہمارے ہندوستانی نسخوں کے مطابق باب نوم الجنب کا عنوان موجود ہے اس صورت میں علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ بظاہر یہ باب زائد ہے کیوں کہ اس کے بعد دوسرا باب باب الجنب یتوضأ ثم ینام۔ آرہا ہے واللہ اعلم

باب ۲۰

(الجُنُبُ يَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَنَامُ)

جنبی کے حکم کا بیان کہ وضو کرے پھر سوئے

۲۸۳ (حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ غَسَلَ فَرْجَهُ وَتَوَضَّأَ لِلصَّلٰوةِ)

ترجمہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنی شرمگاہ دھوڈالتے اور نماز کی طرح وضو کر لیتے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاهرة۔

تعدد موضعہ والحدیث هٰهنا ۴۳ وقد مضی ۴۲۔

۲۸۴ (حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ ثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اسْتَفْتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَنَامُ أَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ قَالَ نَعَمْ إِذَا تَوَضَّأَ)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا کہ کیا ہم میں سے کوئی شخص جنابت کی حالت میں سو سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں جب وضو کر لے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ,, نعم اذا توضأ۔

تعدد موضعہ والحدیث هٰهنا ص۴۳ ایضا یاتی بعدہ ص۴۳ وخرجہ مسلم اول ص۱۴۴ وابوداؤد فی ,, باب الجنب ینام ص۲۹ والترمذی ,, باب فی الوضوء الجنب اذا اراد ان ینام مکلوالنسائی باب وضوء الجنب اذا اراد ان ینام ص۲۹ وابن ماجہ باب من قال لاینام الجنب الخ ص۴۳ تا ص۴۴۔

۲۸۵ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

دینار عن عبد اللہ بن عمر انہ قال ذکر عمر بن الخطاب لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ تصیبہ الجنابۃ من اللیل فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ واغسل ذکرک ثم نم)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ ابن عمر کو رات کے کسی حصہ میں جنابت لاحق ہو جاتی ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وضو کر لو اور اپنا ذکر دھو کر سو جاؤ۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " توضأ واغسل ذکرک ثم نم "

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۳ ومر الحدیث ص۴۳ وخرجہ مسلم " باب جواز نوم الجنب واستحباب الوضوء الخ ص۱۴۴ باقی مواضع کیلئے حدیث نمبر ۲۸۷ دیکھئے۔

مقصد ترجمہ باب سابق میں چونکہ جنبی کے سو جانے کا ذکر تھا یعنی یہ مقصد تھا کہ جنبی کیلئے بحالت جنابت سونا جائز ہے البتہ غسل میں اتنی تاخیر جائز نہیں کہ نماز کا وقت نکل جائے۔

اب اس ترجمہ سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد جنبی کیلئے سونے سے پہلے وضو شرعی کا استحباب بتلانا ہے اور یہ کہ فوری طور پر غسل ضروری نہیں۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں " یجوز للجنب ان ینام ویاکل ویشرب ویجامع قبل الاغتسال وھذا المجمع علیہ (شرح مسلم ص۱۴۴)

تشریح اس باب کے تحت امام بخاری رحمہ اللہ نے تین احادیث پیش کی ہیں پہلی حدیث میں راوی کے اختصار سے مفہوم میں بظاہر خلل ہوتا ہے کیونکہ مراد نماز کیلئے وضو کرنا نہیں ہے اس کا اصل مفہوم یہ ہے توضأ وضوءً کما للصلوٰۃ، یعنی نماز کیلئے وضو کی طرح وضو کر لیتے یہ مفہوم نہیں کہ اس وضو سے نماز پڑھتے تھے کیونکہ جنبی صرف وضو سے بغیر غسل کئے نماز نہیں پڑھ سکتا۔

نیز اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ صرف وضو نہیں بلکہ غسل ذکر بھی مطلوب ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا کہ ہم میں سے کوئی شخص جنابت کی حالت میں سو سکتا ہے؟ ارشاد فرمایا ہاں جب وضو کر لے، یہ روایت مسلم شریف جلد اول ص۱۴۴ میں ابن جریج کے طریق سے آئی ہے، اسمیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں " لیتوضأ ثم لینم " یعنی سونے سے پہلے وضو کر لینا چاہیئے۔

باب کی تیسری حدیث میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ ان کو رات کے کسی حصہ میں جنابت لاحق ہو جاتی ہے کیا وہ جنابت کی حالت میں سو سکتے ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا وضو کر لو اور اپنا ذکر دھو کر سو جاؤ۔ اور بعض روایت میں ہے اغتسل ذکرک

ثم توضا ثم ثم بہر حال تمام روایات کا حاصل یہ ہے کہ جنابت کے بعد فوراً غسل کرنا لازم نہیں۔

باب ۲۱

(اِذَا التقی الختانان)

جب عورت اور مرد کے ختنے مل جائیں (تو کیا حکم ہے؟)

۲۸۶ (حدثنا معاذ بن فضالۃ قال ثنا ھشام ح وحدثنا ابو نعیم عن ھشام عن قتادۃ عن الحسن عن ابی رافع عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا جلس بین شعبھا الاربع ثم جھدھا فقد وجب الغسل تابعہ عمرو عن شعبۃ وقال موسیٰ حدثنا ابان قال ثنا قتادۃ قال انا الحسن مثلہ قال ابو عبداللہ ھذا اجود واوکد وانما بینا الحدیث الاخر لاختلافھم والغسل احوط)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مرد عورت کے چاروں اعضاء کے درمیان بیٹھ گیا پھر اس کے ساتھ کوشش کی تو غسل واجب ہو گیا اس حدیث کی متابعت عمرو بن مرزوق نے بھی شعبہ سے کی ہے اور موسیٰ (ابن اسماعیل شیخ بخاری) نے کہا ہم سے ابان نے بیان کیا اس نے کہا ہم سے قتادہ نے بیان کیا قتادہ نے کہا ہم سے حسن بصری رح نے بیان کیا اس حدیث کی طرح، ابو عبداللہ یعنی امام بخاری رح نے کہا یہ (غسل کر لینا) عمدہ اور بہتر ہے اور ہم نے جو (اسکے خلاف) دوسری حدیث (عثمان اور ابی بن کعب کی) بیان کی تو اسلئے کہ صحابہ کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے اور غسل میں زیادہ احتیاط ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ جلس بین شعبھا الاربع ثم جھدھا۔

تعدد موضع والحدیث ھھنا ص۴۳ وتخرجہ ابوداؤد اول ۲۵ والنسائی باب وجوب الغسل اذا التقی الختانان اول ص۲۳ وابن ماجہ ص۴۵ باب ماجاء فی الغسل اذا التقی الختانان

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد یہ بتانا ہے کہ یہ مسئلہ صحابہ کرام رض اور تابعین عظام کے زمانے میں مختلف فیہ رہ چکا ہے جیسا کہ روایات و احادیث سے صاف معلوم ہوتا ہے مگر احتیاط ایجاب غسل ہی میں ہے یعنی امام بخاری رح کا مسلک ائمہ اربعہ اور جمہور کی تائید و موافقت میں ہے مگر امام بخاری کے الفاظ نرم و ڈھیلے ہیں جسکی وجہ سے مسلک بخاری میں بھی شارحین بخاری مختلف ہیں۔

اب تفصیل ملاحظہ فرمائیے۔ بعنوان تشریح۔

تشریح ترجمۃ الباب ہے اذا التقی الختانات ۔ ختانان تثنیہ ہے ختان کا از باب نصر وضرب ختنہ کرنا۔ ختانان یعنی دو ختان میں ایک سے مراد موضع الاختتان من الرجل ہے اور ختان ثانی سے مراد موضع الاختتان من المرأۃ ہے ہمارے یہاں ہند و پاک اور بنگلہ دیش میں عورتوں کا ختنہ نہیں ہوتا مگر عرب میں عورتوں کے ختنہ کا دستور تھا جیسا کہ حضرت حمزہ رضؓ نے غزوۂ احد کے موقع پر ایک مقابل سے خطاب کر کے فرمایا" یا سباعُ یا ابنَ ام انمار مقطعۃ البظور" یعنی اے عورتوں کی ختنہ کرنے والی کے بیٹے الخ (بخاری جلد ثانی ص۵۸۵)۔

ختنہ صرف مردوں پر واجب ہے عورتوں کیلئے واجب نہیں۔

التقاء ختانین کنایہ ہے غیبوبت حشفہ (دخول حشفہ) سے

حدیث شریف میں ہے اذا جلس بین شعبہا الاربع ثم جہدھا" اربع کی مراد و معنی میں مختلف اقوال ہیں لیکن علامہ عینیؒ فرماتے ہیں" والاقرب ان یکون المراد الیدین والرجلین او الرجلین والفخذین الخ (عمدہ) یعنی اقوال مختلفہ میں سے بہتر قول دو ہے۔

۱ عورت کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مراد ہیں ۲ یا دونوں پاؤں اور دونوں رانیں، مطلب یہ ہے کہ جب مرد اپنی بیوی کے دونوں پاؤں اور دونوں ران کے درمیان بیٹھ جائے ثم جہدھا پھر اس کے ساتھ کوشش کی، معلوم ہوا کہ صرف التقاء ختانین ومس ختانین سے غسل واجب نہ ہوگا بلکہ وجوب غسل کا مدار جہد پر ہے یعنی دخول وغیبوبت حشفہ سے غسل واجب ہو جائے گا اگرچہ انزال نہ ہو جیسا کہ ترمذی کی روایت ہے اذا جاوز الختان الختان یعنی جب (مرد کے) ختنے کا مقام (عورت کے) ختنے کے مقام سے تجاوز کر جائے (یعنی دخول حشفہ ہو جائے) تو غسل واجب ہو جائیگا یعنی مجاوزت (دخول حشفہ) اگر مع الاکسال ہو تو بھی غسل واجب ہو جائے گا جیسا کہ مسلم میں ہے وان لم ینزل (مسلم اول ص۱۵۶) صحابہ کرام کے زمانہ میں اختلاف تھا کہ التقاء ختانین سے غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ صحابہ کی ایک جماعت کہتی تھی کہ وجوب غسل کیلئے انزال شرط ہے اگر غیبوبت حشفہ بغیر انزال کے ہو تو غسل واجب نہیں اس رائے میں حضرت ابن عباس رضؓ حضرت ابو ایوب انصاری رضؓ حضرت ابو سعید خدری رضؓ حضرت زید بن ثابت رضؓ حضرت ابی ابن کعب رضؓ اور حضرت عثمان بن عفان رضؓ وغیرہ شریک تھے۔ ان حضرات کا استدلال ابو سعید خدری رضؓ کی حدیث سے ہے: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الماء من الماء وکان ابو سلمۃ یفعل ذلک (ابوداؤد ص۲۹ / ۱)

مسلم شریف جلد اول ص۱۵۵ کے الفاظ ہیں انما الماء من الماء۔

پہلے ماء سے مراد غسل کا پانی ہے اور دوسرے ماء سے مراد منی ہے اس کے علاوہ اور بھی کچھ روایات

تھیں جن کی وجہ سے ان حضرات کی رائے ابتداء میں یہ تھی کہ غسل صرف مرد وعورت کے ختنے مل جانے سے واجب نہیں ہوتا جب تک انزال نہ ہو۔

اس مسئلہ میں ایک تحقیقی فیصلہ پر پہونچنے کیلئے حضرت عمرؓ نے مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم کو جمع فرماکر ایک مجلس منعقد کی، حاضرین مجلس کے سامنے یہ مسئلہ آیا تو بعض مہاجرین اور اکثر انصاری فرماتے تھے کہ صرف التقاء ختانین سے غسل واجب نہیں ہوتا مدار غسل انزال ہے اور بعض انصار واکثر مہاجرین فرماتے تھے کہ صرف التقاء ختانین سے غسل واجب ہوجاتا ہے۔

حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ اصحاب بدر میں سے ہو جو امت کے سب سے بہترین لوگ ہیں اگر اتفاق نہ ہوسکا تو جو لوگ تمہارے بعد آئیں گے ان کا حال کیا ہوگا؟

بالآخر ازواج مطہرات کے پاس آدمی بھیجا گیا حضرت حفصہؓ نے لاعلمی کا اظہار فرمایا جب یہ معاملہ حضرت عائشہؓ کے پاس پہنچا تو حضرت عائشہؓ نے واضح الفاظ میں فرمایا۔

اذا جاوز الختان الختان فقد وجب الغسل اس پر فیصلہ ہوگیا کہ غسل واجب ہے خواہ انزال ہو یا نہ ہو پھر حضرت عمر فاروقؓ نے اس فیصلہ کا اعلان کردیا کہ آج کے بعد اگر کسی شخص نے اس فیصلہ کے خلاف رائے کا اظہار کیا تو اس کو عبرتناک سزا دی جائے گی۔

اور حدیث الماء من الماء کو منسوخ قرار دیا گیا جیسا کہ حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے قال انما کان الماء من الماء رخصة فی الاسلام ثم نهی عنها (ترمذی ص۱۶ ج۱)

بہرحال اب یہ مسئلہ اختلافی نہیں رہا ائمہ اربعہ وجمہور کے نزدیک یہ اجماعی مسئلہ ہوگیا کسی کا اختلاف نہیں سوائے چند حضرات کے۔

بَاب ۲۰۲
(غَسْلِ مَا يُصِيبُ مِنْ فَرْجِ الْمَرْأَةِ)

اس رطوبت (تری) کے دھونے کا بیان جو عورت کی شرمگاہ سے لگ جائے

والمناسبة بين البابين من حيث ان الاصابة المذكورة تكون عند التقاء الختانين (عمدة)

۲۸۷ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنِ الْحُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ قَالَ يَحْيَى وَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ فَلَمْ يُمْنِ قَالَ عُثْمَانُ يَتَوَضَّأُ كَمَا يَتَوَضَّأُ لِلصَّلوٰةِ وَيَغْسِلُ

ذکرہ وقال عثمان سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسألت عن ذلک علی بن ابی طالب والزبیر بن العوام وطلحۃ بن عبید اللہ وابی بن کعب فامروہ بذلک واخبرنی ابو سلمۃ ان عروۃ بن الزبیر اخبرہ ان ابا ایوب اخبرہ انہ سمع ذلک من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ حضرت زید بن خالد جہنی رضؓ نے بتایا کہ انہوں نے حضرت عثمان بن عفان رضؓ سے دریافت کیا کہا آپ بتلایئے کہ جب مرد اپنی بیوی سے صحبت کرے اور منی نہ نکلے (تو غسل لازم ہوگا یا نہیں؟) حضرت عثمان رضؓ نے کہا نماز کے وضو کی طرح وضو کرلے اور اپنا ذکر دھوڈالے (یعنی غسل کرنا ضروری نہیں) حضرت عثمان رضؓ نے کہا میں نے تو یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے (حضرت زید بن خالد جہنی رضؓ کہتے ہیں) پھر میں نے یہ مسئلہ حضرت علی رضؓ اور حضرت زبیر بن عوام رضؓ اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور حضرت ابی بن کعب رضؓ سے پوچھا تو ان حضرات نے بھی یہی حکم دیا۔ یحیی بن ابی کثیر نے کہا اور مجھ سے ابو سلمہ نے بیان کیا ان سے عروہ بن زبیر نے ان سے حضرت ابو ایوب انصاری رضؓ کے انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسا ہی سنا (جیسے حضرت عثمان رضؓ نے کہا تھا)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "ویغسل ذکرہ" یعنی اذا جامع امرأۃ فلم ینزل یغسل ذکرہ لانہ لاشک اصابہ من رطوبۃ فرج المرأۃ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۳ رنمبر الحدیث ص۳۱ وخرجہ مسلم ص۱۵۵۔

۲۸۸ (حدثنا مسدد قال ثنا یحیی عن ھشام بن عروۃ قال اخبرنی ابی قال اخبرنی ابو ایوب قال اخبرنی ابی بن کعب انہ قال یا رسول اللہ اذا جامع الرجل المرأۃ فلم ینزل قال یغسل ما مس المرأۃ منہ ثم یتوضأ ویصلی قال ابو عبد اللہ الغسل احوط وذلک الاخر انما بیناہ لاختلافھم والماء انقی)

ترجمہ حضرت ابو ایوب انصاری رضؓ کا بیان ہے کہ مجھ سے حضرت ابی بن کعب رضؓ نے بیان کیا کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ! جب مرد اپنی بیوی سے جماع کرے اور انزال نہ ہو (تو کیا کرے؟) آپؐ نے فرمایا دھولے اس عضو کو جس سے عورت (کے فرج) کا مس کیا تھا پھر وضو کرلے اور نماز پڑھ لے۔ ابو عبد اللہ (یعنی امام بخاری رحؒ) کہتے ہیں غسل کرنے ہی میں زیادہ احتیاط ہے اور ہم نے جو دوسری حدیث بیان کی تو صرف اس لئے کہ صحابہ کا اس میں اختلاف ہے اور پانی خوب صاف کرنے والا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یغسل ما مس المرأۃ منہ" چوں کہ جماع کرنے کی صورت میں انزال ہو یا نہ ہو آلۂ تناسل (ذکر) میں فرج عورت کی رطوبت (تری) ضرور لگتی ہے۔

مقصد امام بخاریؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ عورت کے فرج داخل سے جو رطوبت نکلتی ہے وہ ناپاک ہے کہیں بھی لگ جائے اسکا دھونا ضروری ہے۔

اس سے ایک مختلف فیہ مسئلہ کیطرف اشارہ ہوگیا کہ امام بخاریؒ کے نزدیک فرج داخل کی رطوبت ناپاک ہے جیسا کہ ترجمۃ الباب میں لفظ غسل سے معلوم ہوتا ہے۔ حنفیہ میں سے صاحبینؒ اور امام مالکؒ بھی نجاست ہی کے قائل ہیں۔

وذلک الاخیر حافظ عسقلانیؒ کے نزدیک اس لفظ آخر سے کتاب الغسل کے ختم کی طرف اشارہ ہے اور شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ختم کتاب کی طرف اشارہ نہیں خود قاری کے ختم یعنی موت کی طرف اشارہ ہے۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ دونوں میں کوئی تناقض نہیں دونوں جمع ہوسکتے ہیں۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(کتاب الحیض)

ربط ما قبل مؤلف علام امام بخاری رح احکام طہارت میں سے جب احداث کے بیان سے فارغ ہو گئے تو اب احکام طہارت میں سے انجاس کا بیان شروع کر رہے ہیں۔
یعنی غسل واجب کرنے والے اسباب میں سے ایک سبب جنابت ہے دوسرا انقطاع حیض اور تیرا انقطاع نفاس، تو چوں کہ جنابت میں مرد و عورت، دونوں شریک ہیں اور حیض و نفاس صرف عورتوں کے ساتھ خاص ہے اسلئے امام بخاری رح نے سبب عام کے بیان سے فراغت کے بعد سبب خاص کا بیان شروع کر دیا پھر حیض بہ نسبت نفاس کے کثیر الوقوع ہے اسلئے حیض کے بیان کو مقدم رکھا۔ یہ کتاب تیس ابواب اور سینتیس احادیث پر مشتمل ہے۔

(وقول اللہ تعالیٰ ویسئلونک عن المحیض قل ھو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض ولا تقربوھن حتی یطھرن فاذا تطھرن فأتوھن من حیث امرکم اللہ ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطھرین)

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد (سورہ بقرہ میں) اور لوگ آپ سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے وہ گندگی ہے اس لئے تم لوگ حیض کے ایام میں عورتوں سے الگ رہو اور جبتک پاک نہ ہو لیں ان کے پاس نہ جاؤ پھر جب خوب پاک ہو جائیں تو جدھر سے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اس طرف سے ان کے پاس آؤ بیشک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

شان نزول حضرت انس بن مالک رض سے روایت ہے کہ یہود کا طرز عمل یہ تھا کہ جب ان میں سے کوئی عورت حائضہ ہوتی تو نہ اس کے ساتھ کھاتے اور نہ اس کے ساتھ پیتے اور نہ اس کو ایک کوٹھری میں ساتھ رکھتے، صحابہ کرام نے اس کے متعلق نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا: ویسئلونک عن المحیض قل ھو اذی الآیۃ۔ اس کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ

کو حکم دیا کہ تم حائضہ عورت کے ساتھ کھاؤ اور پیو اور انہیں گھر میں اپنے ساتھ رکھو اور اس کے ساتھ سب باتیں کرو سوائے جماع کے (نسائی اول ص۳۲ باب تاویل قول اللہ عز وجل)

اسی طرح مجوس کا بھی یہی حال تھا کہ حالت حیض میں حائضہ کے ساتھ کھانا پینا اور ایک گھر میں رہنا جائز نہیں سمجھتے تھے۔ اور نصاریٰ مجامعت سے بھی پرہیز نہ کرتے تھے جب حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا گیا تو ارشاد فرمایا کہ مجامعت حرام ہے باقی کھانا پینا رہنا سہنا سب درست ہے یہود کا افراط اور نصاریٰ کی تفریط دونوں مردود ہوگئیں۔

تشریح یہ بات ذہن نشین رہے کہ امام بخاری رح جس طرح حافظ حدیث ہیں اسی طرح بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر ماہر حافظ قرآن ہیں اسی لئے امام بخاری رح اپنے معمول کے مطابق کتاب الحیض کا آغاز بھی آیت کریمہ سے کر رہے ہیں جس کا منشا یہ ہے کہ اس موضوع کے ابواب کیلئے یہ آیت ایک اصل کی حیثیت رکھتی ہے اب آئندہ ابواب میں حیض کے جتنے احکام وابواب ذکر کئے جائیں گے وہ گویا اس آیت کی تفسیر و توضیح ہیں۔

حیض کے لغوی معنی سیلان یعنی بہنے کے ہیں حاض یحیض حیضا ومحیضا بہنا، ماہواری خون جاری ہونا اور شرعی اصطلاح میں حیض کی تعریف یہ ہے:۔

دم ینفضه رحم امرأة بالغة من غیر داء۔ — حیض وہ خون ہے جو بالغ عورت کے رحم (اندام نہانی) سے بغیر بیماری (صحت کی حالت میں) نکلتا ہے

یعنی حیض اسی خون کو کہتے ہیں جو عورتوں کو عادت کے مطابق ماہواری آیا کرتا ہے۔

(باب ۲۱۱ کیف کان بدء الحیض وقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھذا شیء کتبه اللہ علی بنات آدم وقال بعضھم کان اول ما ارسل الحیض علی بنی اسرائیل قال ابوعبد اللہ وحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر)

حیض کی ابتدا کس طرح ہوئی؟ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ حیض ایک ایسی چیز ہے جس کو اللہ تعالٰی نے آدم ؑ کی بیٹیوں کی تقدیر میں لکھدیا ہے اور بعض حضرات (حضرت ابن مسعود رض اور حضرت عائشہ رض) نے کہا ہے پہلے حیض بنی اسرائیل (کی عورتوں) پر بھیجا گیا۔ امام بخاری رح نے کہا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سب عورتوں کو شامل ہے۔

تشریح امام بخاری رح یہاں سے حیض، نفاس اور استحاضہ کے مسائل واحکام شروع کر رہے ہیں، مگر چونکہ حیض کے ابواب واحکام زیادہ تھے اسلئے عنوان تو کتاب الحیض کا قائم کیا اور باقی دونوں تابع ہو گئے۔

بدء الحیض کا مطلب یہ ہے، کہ سب سے پہلے حیض کا وجود وظہور کب ہوا؟ کیسے ہوا؟ اس کے بعد مسائل و

احکام پر مشتمل احادیث ذکر کرینگے۔

امام بخاری رحمہ نے ارشاد نبوی ھٰذا شیٔ کتبہ اللہ علیٰ بنات آدم نقل کر کے بتادیا کہ حیض کا وجود ابتداء آفرینش ہی سے ہے یعنی حضرت حوا علیہا السلام سے ابتدا ہوئی ہے وقال بعضھم الخ سے مراد ام المؤمنین حضرت عائشہ رضہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضہ ہیں ان حضرات کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حیض کی ابتداء بنی اسرائیل کے زمانہ سے ہوئی۔ علامہ عینی رح فرماتے ہیں "ھذا اقول عبد اللہ بن مسعود وعائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اخرجہ عبد الرزاق عنہما الخ.

(عمدۃ القاری ایضا فتح الباری وغیرہ)

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضہ اور حضرت عائشہ رضہ سے مصنف عبدالرزاق میں روایت منقول ہے کہ بنی اسرائیل کے مرد اور عورتیں ایک ساتھ نماز پڑھتے تھے اور عورتیں مردوں کو جھانکتی تھیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی عورتوں پر حیض مسلط کر کے ان کو مساجد سے روکدیا۔

اس سے معلوم ہو گیا کہ علی بنی اسرائیل سے مراد علیٰ بنات بنی اسرائیل ہے یعنی مضاف مقدر ہے

دفع تعارض بظاہر دونوں روایتوں میں تعارض ہے باب کی حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض کی ابتدا حضرت حوا سے ہوئی ہے اور مصنف عبدالرزاق کی روایت سے معلوم ہوا کہ حیض کی ابتدا بنی اسرائیل کی عورتوں سے ہوئی فکیف التوفیق؟

ایک جواب کیطرف تو خود امام بخاری رح نے اشارہ کردیا وحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر" چنانچہ علامہ عینی رح فرماتے ہیں کانہ اشار بھٰذا الکلام الی وجہ التوفیق بین الخبرین وھو ان کلام الرسول صلی اللہ علیہ وسلم اکثر قوۃ وقبولا من کلام غیرہ من الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم (عمدہ)

یعنی باعتبار قوت وقبول کے راجح یہی ہے کہ حیض کی ابتدا حضرت حوا علیہا السلام ہی سے ہے اور ایک نسخہ اکبر بالباء الموحدہ ہے یعنی اکبر قوۃ وثبوتا۔

دوسرا جواب حافظ عسقلانی رح اور قطب زماں حضرت گنگوہی رح سے منقول ہے کہ حیض کی ابتدا تو حضرت حوا علیہا السلام ہی سے ہے جو پیدائش کے اعتبار سے تمام عورتوں سے مقدم ہیں۔ اور یہ ابتدا در اصل اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے حضرت حوا علیہا السلام کو دنیا میں بھیجنے کے بعد دی گئی اس لئے کہ مقصد دنیا کو آباد کرنا تھا اور دنیا کی آبادی توالد وتناسل پر موقوف ہے اور توالد وتناسل بہ ظاہر اسباب حیض پر موقوف ہے اگر عورت کو حیض آنا بند ہوجائے تو پھر توالد وتناسل کا سلسلہ بھی بند ہو جائے گا۔

بہرحال حیض کی ابتدا تو شروع ہی سے تھی مگر بنی اسرائیل کی عورتوں پر ان کی شرارت کی وجہ سے بطور عذاب کثرت وزیادتی ہوگئی۔ مقدار بڑھادی گئی۔

۲۸۹) حدثنا علی بن عبد اللہ قال ثنا سفیان قال سمعت عبد الرحمٰن بن القاسم قال سمعت القاسم یقول سمعت عائشۃ تقول خرجنا لا نری الا الحج فلما کنا بسرف حضت فدخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ابکی فقال مالک انفست قلت نعم قال ان ھذا امر کتبہ اللہ علی بنات آدم فاقضی ما یقضی الحاج غیر ان لا تطوفی بالبیت قالت وضحی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نسائہ بالبقر)

ترجمہ قاسم بن محمد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی سے سنا وہ فرما رہی تھیں کہ ہم صرف حج کے ارادہ سے نکلے چنانچہ جب ہم مقام سرف میں پہونچے تو (اتفاق سے) مجھکو حیض آگیا اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میں رو رہی تھی آپؐ نے پوچھا تیرا کیا حال ہے کیا تجھکو حیض آگیا؟ میں نے عرض کیا جی ہاں، آپؐ نے فرمایا بیشک یہ ایسی چیز ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے آدم کی بیٹیوں پر لکھدیا ہے اسلئے تم حج کے وہ تمام افعال کرتی رہو جو حاجی کرتا ہے البتہ بیت اللہ کا طواف مت کرو (جبتک حیض سے پاک نہ ہو) حضرت عائشہ رضی نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں کی طرف سے گائے کی قربانی کی۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ان ھذا امر کتبہ اللہ علی بنات آدم۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۳ ویاتی ص۴۴ و ص۲۰۶ مقطعا و ص۲۲۳ و ص۲۴ وفی الاضاحی ص۸۳۲ ایضا ص۲۳۱ و ص۲۳۲ و ص۲۱۴ ص۶۳۱ ص۸۳۴۔

تشریح لا نری الا الحج اگر بضم النون پڑھا جائے تو معنی ہونگے لا نظن الا الحج اور اگر بفتح النون ہو تو لا نعلم الا الحج۔ سرف بفتح المھملہ وکسر الراء وبعدھا فاء موضع قریب من مکۃ بینھما نحو من عشرۃ امیال وھو ممنوع من الصرف وقد یصرف (فتح) یعنی ہم صحابہ جو اس سفر میں نکلے تو ہم حج کے علاوہ اور کچھ نہیں جانتے تھے، بظاہر اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سب نے احرام حج ہی کا باندھا تھا حالاں کہ یہ واقعہ کے خلاف ہے اصل بات یہ ہے کہ جاہلیت کا کچھ اثر باقی رہ گیا تھا کہ اشہر حج میں عمرہ کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔

اور سب سے اہم اور بڑی بات یہ ہے کہ محاورہ ایسا ہی ہو چکا ہے کہ عموماً اس سفر کو سفر حج ہی سے تعبیر کرتے ہیں چنانچہ ایام حج میں مکہ مکرمہ جانے والوں سے پوچھئے کہ کہاں کا سفر ہے تو یہی جواب دیں گے کہ حج کو جا رہے ہیں حالاں کہ وہاں جا کر پہلے عمرہ ہی کرتے ہیں مگر کوئی بھی عمرہ کا نام نہیں لیتا، یہاں خود حضرت عائشہ رضی متمتع تھیں میقات (ذو الحلیفہ) سے عمرہ کا احرام باندھا تھا مگر یہی فرما رہی ہیں کہ ہم حج

کے ارادہ سے جارہے ہیں تو مقصود اعظم چونکہ حج ہے اور حج بہ نسبت عمرہ کے بڑی چیز ہے یعنی حج فرض ہے اور عمرہ سنت تو بڑی چیز کے سامنے چھوٹی چیز کا ذکر ہی کیا اسلئے حج ہی کا نام دیدیتے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ ہمارے خیال میں حج ہی تھا کیونکہ مقصود اصلی وہی تھا۔

غیران لا تطوفی بالبیت۔ اسلئے کہ طواف مسجد میں ہوتا ہے اور حائض کے لئے مسجد میں جانا جائز نہیں ولان الطواف بالبیت صلوٰۃ والحائض ممنوعۃ عن الصلوٰۃ۔ مزید تفصیل کے لئے نصر الباری کتاب المغازی یعنی آٹھویں جلد دیکھیے۔

باب ۲۰۴

(غسل الحائض راس زوجها وترجيله)

حائضہ کا اپنے شوہر کے سر کو دھونا اور اسمیں کنگھی کرنا

۲۹۰ (حدثنا عبد الله بن يوسف قال اخبرنا مالك عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كنت ارجل راس رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا حائض)

ترجمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا کہ میں حیض کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کیا کرتی تھی۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة ارجل راس رسول الله صلى الله عليه وسلم الخ

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۴۳ ويأتي متصلا ص۴۳ وص۴۴ طرفا من حديث مع المغائرة و ص۲۷۱ وص۲۷۲ وص۲۷۲ وفي اللباس ص۸۷۸ والنسائي ص۴۲ وشمائل ترمذي ص۴

۲۹۱ (حدثنا ابراهيم بن موسى قال اخبرنا هشام بن يوسف ان ابن جريج اخبرهم قال اخبرني هشام بن عروة عن عروة انه سئل اتخدمني الحائض او تدنو مني المرأة وهي جنب فقال عروة كل ذلك علي هين وكل ذلك تخدمني وليس على احد في ذلك بأس اخبرتني عائشة انها كانت ترجل راس رسول الله صلى الله عليه وسلم وهي حائض ورسول الله صلى الله عليه وسلم حينئذ مجاور في المسجد يدني لها راسه وهي في حجرتها فترجله وهي حائض)

ترجمہ عروہ (ابن زبیر) سے کسی نے پوچھا کیا حائضہ عورت میری خدمت کر سکتی ہے؟ یا جنبی عورت میرے قریب آسکتی ہے؟ عروہ نے کہا یہ سب میرے اوپر آسان ہیں اور ان میں سے ہر ایک عورت خدمت کر سکتی ہے اور کسی پر اس سلسلے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ حضرت عائشہ رضہ نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک میں کنگھی کیا کرتی تھیں درانحالیکہ وہ حائضہ ہوتیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں معتکف ہوتے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (مسجد ہی میں سے) اپنا سر عائشہ رضہ کے قریب کر دیتے وہ اپنے حجرے میں رہتیں اور حیض کی حالت میں آپ کے سر میں کنگھی کر دیتیں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فترجله وهی حائض"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۳ ویاتی ص۴۴ ایضا ص۲۷۲ وص۲۷۴ وص۸۷۵ ومسلم ص۱۴۲ و ابوداؤد فی الصیام ص۳۳۴ والنسائی ص۴۴ وابن ماجہ ص۴۶ وص۱۲۸۔

مقصد امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہیں کہ فاعتزلوا النساء فی المحیض کا یہ مطلب نہیں کہ حیض والی عورت کے بالکل قریب ہی نہیں جا سکتے، حائضہ اپنے خاوند کا سر دھونے، کنگھی کرنے اور اسی طرح کی دوسری خدمت انجام دے سکتی ہیں، اعتزال سے مراد جماع نہ کرنا ہے اسلئے صرف جماع جائز نہیں۔

نیز یہود بے بہبود کی غلطی بھی بتلانا ہے جو بحالت حیض عورت کے ساتھ کھانے، پینے اور ایک مکان میں ساتھ رہنے کو بھی ممنوع سمجھتے تھے۔

اشکال یہاں اشکال یہ ہے کہ ترجمۃ الباب میں دو چیزوں کا ذکر ہے ۱ غسل راس یعنی حیض کی حالت میں اپنے شوہر کا سر دھونا۔

۲ ترجیل یعنی کنگھی کرنا۔ امام بخاری رح نے دو روایتیں ذکر کی ہیں دونوں روایتوں میں صرف ترجیل کا ذکر ہے لہٰذا ترجمۃ الباب اور حدیث میں مطابقت نہیں ہوئی۔

جواب ۱:- حدیث کی مطابقت بطور دلالت التزامی ہے دراصل سر دھونے اور کنگھی کرنے دونوں صورتوں میں حائضہ کا ہاتھ سر پر پہونچا، معلوم ہوا کہ بحث سر دھونے اور کنگھی کرنے کی نہیں ہے بلکہ شوہر کو ہاتھ لگانے کی ہے اسی لئے حافظ عسقلانی رح نے اشکال کے جواب میں فرمایا اَلحق به الغسل قیاسا یعنی امام بخاری رح نے غسل کو ترجیل پر قیاس کر لیا ہے۔

دوسرا جواب دیتے ہیں کہ اشار الی الطریق الآتیة فی باب مباشرة الحائض یعنی امام بخاری رح نے روایت مختصرا ذکر کی ہے اور اشارہ کر دیا ہے اس تفصیلی روایت میں وضاحت ہے کہ حضرت عائشہ رضہ حالت حیض میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا سر دھوتی تھی اور اس وقت آپ مسجد میں معتکف ہوتے الفاظ صاف ہیں۔ فاغسله وانا حائض۔

باب ۲۰۵ قراءة الرجل فی حجر امرأته وهی حائض فکان ابو وائل یرسل خادمه وهی حائض الی ابی رزین فتاتیه بالمصحف فتمسکه بعلاقته

مرد کا اپنی بیوی کی گود میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا درانحالیکہ وہ حیض کیحالت میں ہو اور ابو وائل (شقیق بن سلمہ) اپنی لونڈی کو جو حیض سے ہوتی ابو رزین (مسعود بن مالک) کے پاس بھیجتے وہ قرآن مجید کو اس کا فیتہ پکڑ کر لے آتی۔

۲۹۲ حدثنا ابو نعیم الفضل بن دکین سمع زهیرا عن منصور بن صفیة ان امه حدثته ان عائشة حدثتها ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یتکئ فی حجری وانا حائض ثم یقرأ القرآن

ترجمہ حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم میری گود میں ٹیک لگا کر (یعنی سر رکھکر) قرآن مجید پڑھتے رہتے اور میں حیض سے ہوتی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحدیث للترجمة کان یتکئ فی حجری وانا حائض ثم یقرأ القرآن.

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۴۴ ویاتی فی التوحید ص۱۱۲۶

مقصد امام بخاریؒ حدیث الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ حائضہ بیوی کی گود میں سر رکھکر قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز ہے۔

وکان ابو وائل الخ ابو وائل شقیق بن سلمہ تابعی کا اثر پیش کر کے امام بخاریؒ نے ایک مسئلہ اختلافیہ کی طرف اشارہ کیا ہے، مسئلہ یہ ہے کہ قرآن مجید کو جزدوان کے ساتھ حائضہ عورت اٹھا سکتی ہے یا نہیں؟ حنفیہ وحنابلہ کے نزدیک اٹھا سکتی ہے امام بخاریؒ نے مشہور تابعی ابو وائل کا اثر پیش کر دیا کہ وہ اپنی باندی کو ابو رزین مسعود بن مالکؒ تابعی کے پاس بھیجتے تھے اور وہ باندی حیض کیحالت میں قرآن مجید علاقہ یعنی جزدوان سے پکڑ کر لاتی تھی۔

امام بخاریؒ نے اس اثر کے ذریعہ احناف کی تائید وموافقت کی ہے۔

باب ۲۰۶ من سمی النفاس حیضا

جس شخص نے نفاس کا نام حیض رکھا (یعنی نفاس پر حیض کا اطلاق جائز ہے)

۲۹۳ حدثنا المکی بن ابراهیم قال حدثنا هشام عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة ان زینب بنت ام سلمة حدثته ان ام سلمة حدثتها

قالت بینا انا مع النبی صلے اللہ علیہ وسلم مضطجعۃ فی خمیصۃ اذ حضت فانسللت فاخذت ثیاب حیضتی فقال انفست قلت نعم فدعانی فاضطجعت معہ فی الخمیلۃ)

ترجمہ حضرت ام سلمہؓ نے بیان کیا کہ میں ایکبار نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک چادر میں لیٹی ہوئی تھی اتنے میں مجھے حیض آگیا میں آہستہ سے سرک گئی اور اپنے حیض کے کپڑے لئے (یعنی پہن لئے) آپؐ نے فرمایا کیا تجھکو نفاس (حیض) آگیا میں نے کہا جی ہاں پھر آپؐ نے مجھکو بلایا اور میں آپؐ کے ساتھ چادر میں لیٹ گئی۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فقال انفست قلت نعم

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۴ و یاتی ص۴۶ ایضا ص۴۶ و فی الصوم ص۲۵۸ مسلم اول ص۱۴۲ و نسائی ص۴۳ باب مضاجعۃ الحائض۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد تقارب احکام بتلانا ہے کہ حیض و نفاس کے احکام تقریباً ایک ہیں فرق صرف یہ ہے کہ حیض کی مدت دس دن ہے اور نفاس کی مدت چالیس دن۔ باقی اکثر احکام حیض اور نفاس کے مشترک ہیں جیسے قرآن مجید کو ہاتھ لگانا دونوں کیلئے ممنوع ہے اسی طرح نماز، روزہ، دخول مسجد، طواف کعبہ اور قربان زوج دونوں کیلئے ممنوع ہیں۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ "شرح تراجم" میں فرماتے ہیں کہ مقصد بخاری کا حاصل یہ ہے کہ حیض کا اطلاق نفاس پر اور نفاس کا اطلاق حیض پر عرب میں شائع ذائع ہے اسی لئے جو احکام حیض کیلئے ثابت ہوں گے وہ احکام نفاس کیلئے بھی ثابت ہوں گے۔ اسی لئے شارعؑ نے نفاس کے احکام کی تفصیل نہیں کی ہے، یہی غرض امام بخاریؒ کی حدیث الباب کے قصہ سے ہے

اشکال اشکال یہ ہوتا ہے کہ ترجمۃ الباب سے ہے کہ نفاس کو حیض کہا جا سکتا ہے مگر حدیث الباب میں تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے حیض کو نفاس فرمایا ہے۔

جواب ۱ ترجمۃ الباب میں سمیٰ بمعنی اطلق ہے اور حیض منصوب بنزع الخافض ہے اصل عبارت یوں ہے من اطلق النفاس علی الحیض پس اس صورت میں مطابقت ہو گئی۔

تشریح خمیصۃ بفتح الخاء المعجمۃ و بالصاد کساء اسود لہ اعلام یکون من صوف وغیرہ (فتح) یعنی الیسی کالی چادر جس پر بوٹا کڑھا ہو خواہ ادنی ہو یا اور کچھ خمیلۃ وہ چادر جسمیں پھندنا لگا ہو۔

باب ۲۰۷

مُباشَرَةِ الحَائِضِ

حیض والی عورت سے مُباشرت کرنا

تشریح مباشرت بشرة سے ماخوذ ہے بمعنی جسم کی کھال۔ مباشرت کے معنی ہیں ایک دوسرے کو چھونا جسم کو جسم سے ملانا یہاں مراد ہے جسمانی ملابست یعنی ساتھ لیٹنا، یہاں جماع ہرگز مراد نہیں ہے جیساکہ حدیث الباب میں اتزار کی قید سے واضح ہے۔

۲۹۴ حدثنا قبيصة قال حدثنا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كنت اغتسل انا والنبي صلى الله عليه وسلم من اناء واحد كلانا جنب وكان يامرني فاتزر فيباشرني وانا حائض وكان يخرج راسه الي وهو معتكف فاغسله وانا حائض

ترجمہ حضرت عائشہ رضہ نے فرمایا کہ میں اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کرتے تھے اور ہم دونوں جنبی ہوتے اور آپ مجھے حکم فرماتے تو میں ازار باندھ لیتی پھر آپ میرے ساتھ استراحت کرتے (یعنی مافوق الازار مباشرت فرماتے) درانحالیکہ میں حالت حیض میں ہوتی۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة، فيباشرني وانا حائض۔

تعدد موضعہ والحديث ههنا صـ۴۴ ومسلم اول صـ۱۴۱ والنسائي باب مباشرة الحائض صـ۴۳ وابو داود اول باب في الرجل يصيب منها مادون الجماع صـ۳۵ والترمذي باب ماجاء في مباشرة الحائض صـ۱۹ وابن ماجه اول باب ماللرجل من امرأته اذا كانت حائضا صـ۴۶۔

۲۹۵ (حدثنا اسمعيل بن خليل قال اخبرنا علي بن مسهر اخبرنا ابو اسحاق هو الشيباني عن عبد الرحمن بن الاسود عن ابيه عن عائشة قالت كانت احدانا اذا كانت حائضا فاراد رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يباشرها امرها ان تتزر في فور حيضتها ثم يباشرها قالت وايكم يملك اربه كما كان النبي صلى الله عليه وسلم يملك اربه تابعه خالد وجرير عن الشيباني)

ترجمہ حضرت عائشہ رضہ نے فرمایا ہم ازواج مطہرات میں سے کوئی جب حائضہ ہوتی اور رسول اللہ صلے

اللہ علیہ وسلم اس سے مباشرت فرمانا چاہتے تو حیض کے جوش کی حالت میں (یعنی حیض کے ابتدائی ایام میں) آپؐ اس کو ازار باندھنے کا حکم دیتے پھر اس سے مباشرت فرماتے حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا تم میں کون ایسا ہے جو اپنی شہوت پر ایسا اختیار رکھتا ہو جیسے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم رکھتے تھے. علی بن مسہر کے ساتھ اس حدیث کو خالد بن عبد اللہ اور جریر بن عبد الحمید نے بھی شیبانی سے روایت کیا.

مطابقتہ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "ثم یباشرھا".

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا ص۴۴ و ص۲۱۱ ایضا ص۴۴ و یاتی ص۲۷۲

۲۹۶ حدثنا ابو النعمان قال حدثنا عبد الواحد قال حدثنا الشیبانی قال حدثنا عبد اللہ بن شداد قال سمعت میمونۃ قالت کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یباشر امرأۃ من نسائہ امرھا فاتزرت وھی حائض ورواہ سفیان عن الشیبانی.

ترجمہ | عبد اللہ بن شداد نے کہا میں نے (ام المؤمنین حضرت) میمونہ رضؓ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنی بیویوں میں کسی بیوی سے حیض کی حالت میں مباشر کرنا چاہتے تو اس کو حکم دیتے وہ ازار باندھ لیتی، اس روایت کو سفیان نے بھی شیبانی سے روایت کیا.

مطابقتہ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " اراد ان یباشر امرأۃ الخ

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا ص۴۴ وخرجہ مسلم ص۱۴۱ وابو داؤد فی النکاح ص۲۹۴.

مقصد | امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ آیت کریمہ میں فاعتزلوا النساء فی المحیض ولا تقربوھن، سے بظاہر عموم معلوم ہوتا ہے کہ ایام حیض میں حائضہ بیوی سے الگ رہو اور اس زمانہ میں ان کے قریب نہ جاؤ کے عموم سے بظاہر ہر قسم کے قربان سے ممانعت معلوم ہوتی ہے امام بخاریؒ ان استثنارات کو ذکر فرماتے ہیں جو احادیث میں آئے ہیں اور جن میں قربان ثابت ہے ان میں سے جہاں ساتھ کھانا، پینا. شوہر کے سر میں کنگھی کرنا مستثنا ہے اور جائز ہے. امام بخاریؒ بتلانا چاہتے ہیں کہ مباشرت حائض کی بھی بعض صورت جائز ہے.

تشریح | علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: اعلم ان مباشرۃ الحائض علی اقسام (عمدہ)
یعنی مباشرت حائض کی تین قسمیں ہیں احدھا حرام بالاجماع یعنی ایک بالاجماع حرام ہے. اور وہ ہے مباشرت فی الفرج یعنی جماع کرنا حتی کہ بعض علماء نے لکھا ہے کہ حالت حیض میں جماع کو حلال سمجھنے والا کافر ہو جائے گا وفیہ بحث.

والنوع الثانی من المباشرۃ المباشرۃ فیما فوق السرۃ وتحت الرکبۃ الخ یہ صورت بالاتفاق جائز ہے

علامہ عینیؒ تو لکھتے ہیں: ھذا حلال باجماع (عمدہ)

بہر حال ائمہ اربعہ کے نزدیک یہ صورت بالکل جائز ہے۔

والنوع الثالث المباشرة فیما بین السرة والرکبة فی غیر القبل والدبر الخ

اس صورت میں ائمہ کرام کا اختلاف ہے۔

ائمہ ثلاثہ امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام ابویوسفؒ کے نزدیک ناجائز ہے اور امام احمدؒ اور حنفیہ میں سے امام محمدؒ کے نزدیک جائز ہے بشرطیکہ جماع نہ کرے۔

امام احمدؒ وغیرہ کا استدلال حضرت انسؓ کی حدیث مرفوع سے ہے اصنعوا کل شیء الا النکاح (مسلم شریف اول ص۱۴۳ وابوداؤد وغیرہ)

امام بخاریؒ اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ کے ساتھ ہیں چنانچہ امام بخاریؒ نے اس باب میں تین حدیثیں وہ ذکر فرمائی ہیں جو سب اتزار کی ہیں۔

حضرت شیخ الحدیثؒ اس اختلاف کو اس طرح بیان فرمایا کرتے تھے کہ اس مسئلہ میں بڑے ایک طرف اور جوان ایک طرف ہیں بڈھوں کے نزدیک ناجائز اور جوانوں کے نزدیک جائز۔ امام محمدؒ چونکہ امام ابویوسف کے چھوٹے تھے، اور حضرت امام احمدؒ ائمہ اربعہ میں زمانا سب سے مؤخر ہیں غالبا اس وجہ سے ان دو کو جوان فرمایا (الدر المنضود اول ص۴۸۵)

ایکم یملک الخ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ تم میں کون ایسا شخص ہو سکتا ہے جو اپنی خواہش پر قابو رکھے جیسا کہ حضور اقدسؐ اپنی خواہشات پر قابو رکھتے تھے۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ شرح تراجم صحیح البخاری میں ارشاد فرماتے ہیں۔

ان مذہب عائشة کراهة المباشرة لغیر المتوثق بنفسه — حضرت عائشہؓ کا مسلک یہ ہے کہ جس شخص کو نفس پر قابو نہ ہو اس کیلئے مباشرت مکروہ ہے۔

باب ۲۰۸ ترك الحائض الصوم

حیض والی عورت کا روزہ چھوڑنا یعنی حائضہ ایام حیض میں روزہ نہ رکھے

۲۹۷ حدثنا سعید بن ابی مریم قال حدثنا محمد بن جعفر قال اخبرنی زید هو ابن اسلم عن عیاض بن عبد الله عن ابی سعید الخدری قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم فی اضحی او فطر الی المصلی فمر علی النساء فقال یا معشر النساء تصدقن فانی اریتکن اکثر اهل النار فقلن وبم یا رسول الله قال تکثرن اللعن وتکفرن العشیر

مارأيت من ناقصات عقل ودين أذهب للب الرجل الحازم من إحداكن قلن وما نقصان ديننا وعقلنا يا رسول الله قال أليس شهادة المرأة مثل نصف شهادة الرجل قلن بلى قال فذالك من نقصان عقلها أليس إذا حاضت لم تصل ولم تصم قلن بلى قال فذالك من نقصان دينها)

ترجمہ حضرت ابو سعید خدری رضؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عید الاضحیٰ یا عید الفطر کے دن عیدگاہ کو روانہ ہوئے پھر (نماز اور خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد) عورتوں کے پاس سے گذرے تو آپؐ نے فرمایا اے عورتوں کے گروہ تم صدقہ کرو کیوں کہ مجھ کو دکھایا گیا کہ دوزخ میں عورتیں (مردوں) سے زیادہ تھیں عورتوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ؐ کس وجہ سے؟ آپؐ نے فرمایا تم لعنت بہت کیا کرتی ہو اور خاوند کی ناشکری کرتی ہو میں ناقص عقل و دین والیوں میں عقلمند شخص کی عقل کو کھونے والیاں تم (عورتوں) سے بڑھ کر کسی کو میں نے نہیں دیکھا. عورتوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ ہمارے دین اور عقل میں کیا نقصان ہے؟ آپؐ نے فرمایا کیا عورت کی شہادت مرد کی شہادت کے آدھے برابر نہیں ہے؟ عورتوں نے کہا بے شک آپؐ نے فرمایا یہی ان کی عقل کا نقصان ہے پھر ارشاد فرمایا کیا ایسا نہیں ہے کہ جب عورت کو حیض آتا ہے تو وہ نماز نہیں پڑھتی اور روزہ نہیں رکھتی ان عورتوں نے کہا جی ہاں یہ تو ہے آپؐ نے فرمایا بس یہی اس کے دین کا نقصان ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة "ولم تصم"

تعدد موضعہ والحديث هٰهنا ص۴۴ ويأتي في باب الزكوٰة على الاقارب ص۱۹۷. وفي الصوم ص۲۶۱ ومسلم شریف اول ص۶۱۔

مقصد امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ حیض کیحالت میں روزہ کی اجازت نہیں ہے حیض کیحالت میں روزہ کی طرح نماز کی بھی اجازت نہیں ہے جیسا کہ حدیث الباب کے الفاظ لم تصل ولم تصم سے ظاہر ہے. لیکن امام بخاری رحؒ نے ترک صلوٰۃ اور ترک صوم کی نوعیت الگ الگ ہونے کی وجہ سے ایک باب میں جمع نہیں کیا ترک صوم میں قضا واجب ہے اور ترک صلوٰۃ میں قضا نہیں.

اس کی وجہ بھی ظاہر ہے کہ روزے کیلئے طہارت شرط نہیں ہے اگر کوئی شخص (مرد ہو یا عورت) بحالت جنابت روزہ رکھے تب بھی روزہ ہوجائے گا بلکہ دن بھر جنبی ہی رہے جب بھی روزہ ہوجائے گا اگرچہ بوقت نماز غسل نہ کرنے کی وجہ سے سخت گنہگار ہوگا مگر روزہ صحیح ہوجائے گا پھر حائضہ کو روزہ رکھنے کی اجازت نہیں تو نماز پڑھنے کی اجازت بطریق اولیٰ نہ ہوگی اس لئے کہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے۔

اور چونکہ صوم کے اندر قضا واجب ہے اسلئے امام بخاریؒ نے صوم کا باب مقدم رکھا اور تیرہ ۱۳ ابواب کے بعد نماز کے متعلق باب قائم کیا، باب لاتقضی الحائض الصلوٰۃ۔

تشریح اگر حائضہ کیلئے نماز چھوڑنے کے متعلق کوئی صریح حکم نہ بھی ہوتا تو بھی حائضہ کیلئے نماز کی اجازت نہ ہوتی کیوں کہ نماز کیلئے طہارت شرط ہے واذا فات الشرط فات المشروط

مسائل مستنبطہ (۱) دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔
(۲) عیدین کی نماز شہر سے نکل کر عیدگاہ میں پڑھنا مستحب ہے۔
(۳) لعن طعن کرنا حرام ہے البتہ جس کا کفر و شرک پر مرنا منصوص ہو اس پر لعنت جائز ہے جیسے ابوجہل امیہ بن خلف، اور فرعون وغیرہ۔
اس کے بغیر کسی مسلمان پر بلکہ غیر مسلم پر بھی لعن جائز نہیں اس سے یہ بھی ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ بعض لوگ محرم کے وعظ میں یزید پر لعنت کرتے ہیں یہ قطعاً جائز نہیں بلکہ اس کیلئے تو دعاء مغفرت کرنا چاہیئے۔ واللہ اعلم
(۴) حائضہ نہ نماز پڑھ سکتی ہے نہ روزہ رکھ سکتی ہے البتہ بعد میں روزے کی قضا کریگی نماز کی نہیں۔

فائدہ شروع میں عورتوں کیلئے عیدگاہ جانا جائز تھا لیکن اب فتنہ و فساد کے خطرات کی وجہ سے ممنوع ہے حضرت عائشہ رضؓ کا ارشاد ہے:۔

لولا ادرك رسول الله صلى الله عليه وسلم ما احدث النساء لمعهن المسجد كما منعت نساء بنى اسرائيل۔
(بخاری اول ص۱۲۰ و مسلم، ترمذی وغیرہ)

اگر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ان عورتوں کے نئے کرتوتوں کو (یعنی خوشبو لگا کر بناؤ سنگار کرکے نکلنا) دیکھ لیتے تو ضرور ان کو مسجد جانے سے منع کر دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتیں منع کی گئی تھیں

بَابٌ ۲۹ تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ لَا بَأْسَ أَنْ تَقْرَأَ الْآيَةَ وَلَمْ يَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِالْقِرَاءَةِ لِلْجُنُبِ بَأْسًا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللهَ عَلَى كُلِّ أَحْيَانِهِ وَقَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ يَخْرُجَ الْحُيَّضُ فَيُكَبِّرْنَ بِتَكْبِيرِهِمْ وَيَدْعُونَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَخْبَرَنِي أَبُو سُفْيَانَ أَنَّ هِرَقْلَ دَعَا بِكِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا إِلَى قَوْلِهِ مُسْلِمُونَ وَقَالَ عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ حَاضَتْ عَائِشَةُ فَنَسَكَتِ

المناسك كلها غير الطواف بالبيت ولا تصلى وقال الحكم انى لاذبح وانا جنب وقال الله عزوجل ولا تاكلوا مما لم يذكر اسم الله عليه)

ترجمہ حیض والی عورت حج کے سب کام کرتی رہے صرف خانہ کعبہ کا طواف نہ کرے اور ابراہیم نخعیؒ نے کہا حیض والی عورت اگر ایک آیت پڑھے تو قباحت نہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے جنبی کیلئے قرآن مجید پڑھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھا اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ہر وقت ذکر اللہ کیا کرتے تھے اور ام عطیہؓ نے فرمایا ہم کو (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں) حائضہ عورتوں کو عیدگاہ میں لیجانے کا حکم دیا جاتا ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ تکبیر اور دعا میں شریک ہوں اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مجھ سے ابوسفیان نے بیان کیا کہ ہرقل (روم کے بادشاہ) نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے خط کو منگوایا اور اس کو پڑھا اس میں یہ لکھا تھا کہ شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان ہے رحم والا اور یہ آیت لکھی تھی (اے کتاب والو ایسی بات پر آجاؤ جو ہم میں تم میں برابر مانی جاتی ہے کہ اللہ کے سوا ہم کسی کو نہ پوجیں اور اس کے ساتھ کسی کو نہ شریک کریں اخیر آیت تک. اور عطاء نے جابرؓ سے روایت کی کہ حضرت عائشہؓ کو حیض آیا تو انہوں نے حج کے سب کام کئے، فقط خانہ کعبہ کا طواف نہیں کیا اور نماز نہیں پڑھتی تھیں اور حکم (ابن عتیبہ) نے کہا میں جنابت کی حالت میں جانور ذبح کرتا ہوں حالانکہ اللہ ع.وجل نے فرمایا اس جانور میں سے مت کھاؤ جس پر (ذبح کرتے وقت) اللہ تعالےٰ کا ذکر نہ کیا گیا ہو۔

ربط ماقبل علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ باب سابق سے ربط یہ ہے کہ باب سابق میں حائضہ کے لئے ترک صوم کا ذکر تھا جو فرض ہے اور اس باب میں ترک طواف کا بیان ہے جو حج کا ایک رکن و فرض ہے۔

مقصد ترجمہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں حائضہ عورت احرام کے بعد حج کے تمام ارکان ادا کرسکتی ہے مگر بیت اللہ کا طواف نہیں کرسکتی ہے (عمدہ)

تقریباً یہی حافظ ابن رجب حنبلی فرماتے ہیں" مقصود البخاری بهذا الباب ان الحيض لا يمنع شيئاً من مناسك الحج غير الطواف بالبيت والصلوة عقيبه وان ما عدا ذالك من المواقف والذكر والدعاء لا يمنع الحيض شيئاً منه فتفعله الحائض كله (فتح البخاری للحافظ ابن رجبؒ)

لیکن اس صورت میں تو یہ مسئلہ کتاب الحج کا ہو جائے گا۔

حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ" والاحسن ما قاله ابن رشيد تبعا لابن بطال وغيره ان مراده الاستدلال على جواز قراءة الحائض والجنب بحديث عائشةؓ الخ

یعنی امام بخاریؒ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ حائضہ کیلئے ذکر و اذکار اور تسبیح و تحمید وغیرہ سے یہ مرجوح ہے بلکہ

امام بخاری کا مقصد حائضہ اور جنبی کیلئے تلاوت قرآن مجید کا جواز ثابت کرنا ہے اور یہی قول حافظ ابن بطال وابن رشید کا ہے۔

(حدثنا ابو نعیم قال حدثنا عبد العزیز بن ابی سلمة عن عبد الرحمن بن القاسم عن القاسم بن محمد عن عائشة قالت خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا ابكي فقال ما يبكيك قلت لوددت والله اني لم احج العام قال لعلك نفست قلت نعم قال فان ذلك شيء كتبه الله على بنات ادم فافعلي ما يفعل الحاج غير ان لا تطوفي بالبيت حتى تطهري)

ترجمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (مدینہ سے) نکلے ہم حج کے علاوہ کسی چیز کا ذکر نہ کرتے تھے (یعنی حج ہی کے ارادہ سے نکلے، ہماری زبان پر حج کے علاوہ کوئی ذکر نہیں تھا) پس جب ہم مقام سرف میں پہونچے تو مجھے حیض آگیا (اس حادثہ پر) میں رو رہی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ نے فرمایا تمہیں کیا چیز رلا رہی ہے؟ میں نے عرض کیا مجھے یہ آرزو ہے کہ کاش میں اس سال حج کیلئے نہ آئی ہوتی آپ نے فرمایا شاید تجھ کو نفاس (یعنی حیض) آگیا میں نے کہا جی ہاں آپ نے فرمایا پھر تو یہ ایسی چیز ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آدم کی بیٹیوں کیلئے لکھ دیا ہے اب تو حاجیوں کے سب کام کرتی رہ فقط خانہ کعبہ کا طواف نہ کر جبتک پاک نہ ہوجائے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة فافعلي ما يفعل الحاج غير ان لا تطوفي بالبيت حتى تطهري"

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۴۴ ومر الحديث ص۴۳ ويأتي ص۲۱۱ تا ص۲۱۲ مطولا وص۲۲۳ وص۲۳۲ وص۲۴۰ وص۲۴۱ وص۸۳۲ وص۲۸۴

تشریح امام بخاری کا اصل مقصد اس باب سے یہ ہے کہ حائضہ اور جنبی کے لئے قرآن مجید کی تلاوت کرنی جائز ہے جیسا کہ محدث (بے وضو) کے لئے جمہور کے نزدیک تلاوت جائز ہے۔

مذاہب ائمہ کی تفصیل اس سلسلے میں تین مذاہب ہیں:۔

(۱) امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل وغیرہ یعنی جمہور صحابہ وتابعین کے نزدیک قرآن مجید کی تلاوت جائز نہیں نہ جنبی کیلئے نہ حائضہ کیلئے البتہ مادون الآیۃ کی عند الاحناف گنجائش ہے نیز اگر تلاوت قرآن کی نیت نہ ہو بلکہ دعا اور ذکر کی نیت ہو تو پوری آیت کی بھی اجازت ہے۔

(۲) امام بخاری، امام داؤد ظاہری اور ابن المنذر کے نزدیک جنب اور حائضہ دونوں کیلئے تلاوت قرآن مطلقا جائز ہے۔

(۳) امام مالک سے دو قول منقول ہے ایک قول مطلقا جواز کا ہے یعنی جنبی اور حائضہ کیلئے تلاوت جائز ہے اور امام مالک کے دوسرا قول یہ ہے کہ جنبی کیلئے تلاوت ناجائز مگر حائضہ کیلئے جائز ہے اور اسکی وجہ

یہ ہے کہ حیض ایک غیر اختیاری چیز ہے اور حیض کی مدت بھی بہ نسبت جنابت زیادہ ہوتی ہے جنبی جب چاہے غسل کر کے پاک ہو سکتا ہے بخلاف حائضہ کے۔ اس لئے حائضہ کیلئے قرآن مجید پڑھنا جائز ہے کیوں کہ اگر نہ پڑھیگی تو قرآن بھول جائے گی۔

امام بخاری رح کے استدلالات

امام بخاری رح نے سب سے پہلے ابراہیم نخعی رح کا قول پیش کیا ہے کہ حیض والی عورت اگر آیت پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔

اولاً تو جمہور صحابہ و تابعین، ائمہ کبار و محدثین رحمہم اللہ کے متفقہ فیصلہ کے خلاف مسلک بنانے کے لئے مضبوط و مستحکم دلیل کتاب و سنت سے پیش کرنے کی ضرورت تھی لیکن امام بخاری نے ایک تابعی کا قول پیش کیا ہے، تابعی کے سلسلے میں امام اعظم رح فرماتے ہیں هم رجال ونحن رجال۔

پھر ابراہیم نخعی رح کا قول بھی واضح نہیں ہے کیوں کہ احتمال ہے کہ ابراہیم نخعی نے بطور دعا ذکر ایک آیت کی اجازت دی ہو اور ہمارا مسلک بھی یہی ہے کہ ذکر و دعا کی نیت سے قرآن مجید کی آیت پڑھی جائے تو کوئی حرج نہیں صرف تلاوت کی نیت سے ممنوع ہے۔

دوسرا استدلال

امام بخاری رح کا دوسرا استدلال حضرت ابن عباس رض کے اثر سے ہے کہ جنبی کے لئے تلاوت قرآن مجید میں کوئی حرج نہیں ہے

امام بخاری رح نے یہاں حائضہ کو جنبی پر قیاس کیا ہے حالانکہ یہ قیاس درست نہیں کیوں کہ جنابت کی نجاست اور حیض کی نجاست میں فرق ہے جنابت کی نجاست حکمی ہے اور حیض کی نجاست حقیقی۔

حافظ عسقلانی وغیرہ نے ابن المنذر سے حضرت ابن عباس رض کے اس اثر کو موصولا ان الفاظ میں ذکر کیا ہے "کان یقرء وردہ وھو جنب" یعنی ابن عباس رض جنابت کی حالت میں بھی اپنا ورد (وظیفہ) پورا کر لیتے تھے۔

حالاں کہ اسمیں احتمال ہے کہ قرآنی آیات کے علاوہ وظیفہ ہو یا آیت قرآنی کے دعائیہ کلمات ہوں یا تلاوت کی نیت نہ ہو واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

تیسرا استدلال

امام بخاری رح وغیرہ کا تیسرا استدلال اور اہم ترین استدلال حضرت عائشہ رض کی معروف حدیث ہے جو صحیح مسلم جلد اول صفحہ ۱۶۲ میں سند متصل سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی یاد اپنے جملہ اوقات میں کیا کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ جملہ اوقات میں طہارت کا وقت اور جنابت کا وقت شامل ہے اور قرآن و حدیث میں قرآن مجید پر ذکر کا اطلاق موجود ہے مثلاً نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون، نیز انزلنا الیک الذکر" اور حدیث میں ہے خیر الاذکار القرآن"

جمہور کیطرف سے جواب یہ ہے کہ اولاً تو اس سے ذکر قلبی مراد ہے جس کا کسی کو انکار نہیں۔ ثانیاً اگر لسان ہی مراد لیجائے تو یہ احیان واحوال متواردہ پر محمول ہے یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مختلف احوال

میں مناسب حال اللہ کا ذکر فرماتے تھے مثلاً سواری پر چڑھنے اور اُترنے کی حالت میں سونے اور بیدار ہونے کیحالت، مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی حالت ان مختلف احیان واوقات میں جو جو ادعیۂ اور اذکار آپؐ نے اختیار فرمائے ان کی تفصیل کتب حدیث میں موجود ہے اب اگر کسی دعا و ذکر میں قرآن مجید کی آیت کا ٹکڑا شامل ہے تو وہ ذکر کے طور پر ہے تلاوت کے طور پر نہیں معلوم ہوا کہ یہ استدلال صحیح نہیں۔

چوتھا استدلال چوتھا استدلال حضرت ام عطیہ رضؓ کی روایت سے ہے امام بخاری رحؒ نے یہاں تعلیقاً ذکر کیا ہے لیکن ابواب العیدین ص۱۳۲ پر موصولاً ذکر فرمایا ہے، امام بخاری رحؒ اس سے استدلال کرتے ہیں کہ حضرت امّ عطیہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ہمیں حکم دیا جاتا تھا کہ عید کے دن عورتوں کو بھی ساتھ لے چلیں تاکہ وہ لوگوں کے ساتھ نہ تکبیر اور دعا میں شریک ہوں امام بخاری رحؒ یدعون سے استدلال کرتے ہیں، کشمیہنی نے یدعین روایت کیا ہے۔

مقصد یہ ہے کہ جب وہ دعا کرینگی تو قرآنی دُعائیں مثلاً ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار بھی پڑھیں گی، معلوم ہوا کہ حالت حیض میں قرآن مجید پڑھنا جائز ہے۔

یہ استدلال اسلئے مثبت مدعا نہیں کہ دعا میں قرآنی آیت کا آجانا تلاوت قرآن کی نیت سے نہیں اور گفتگو تلاوت کی نیت سے قرآن مجید پڑھنے میں ہے جو اس دلیل سے ثابت نہیں۔

حضور اقدس صلعم کے مکتوب گرامی سے استدلال پانچواں استدلال حدیث ہرقل سے ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کافر (ہرقل بادشاہ روم) کے پاس مکتوب گرامی بھیجا جس میں سورہ آل عمران کی پوری آیت ہے آپؐ نے اس لئے ہی بھیجا کہ وہ پڑھے اور یہ معلوم ہے کہ کافر کی نیت معتبر نہیں تو اس کا غسل بھی صحیح نہیں اور نہ وضو معتبر، پس کافر ہر حال میں بحکم جنابت ناپاک ہے اور اس نے گرامی نامہ کو ہاتھ سے چھوا بھی اور پڑھا بھی جواب صاف ہے کہ یہ استدلال اسلئے درست نہیں کہ وضو اور غسل میں نیت کی شرط اتفاقی مسئلہ نہیں، ثانیاً یہ تو اسلام کی دعوت وتبلیغ کے طور پر مراسلہ لکھا گیا بہ نیت تلاوت نہیں بھیجا گیا، ثالثاً اس گرامی نامہ کے وقت تک یہ آیت نازل ہی نہیں ہوئی تھی یہ آیت تو نجرانی نصاریٰ کے وفد کے بارے میں ۹ھ سنۃ الوفود میں نازل ہوئی، تو معلوم ہوا کہ یہ کلمات مبارکہ نص قرآنی نہ تھے یہ تو قلب مبارک میں وحی غیر متلو کے طور پر القا ہوا تھا پس استدلال درست نہیں۔

قول عطاء سے استدلال چھٹا استدلال عطاء رحؒ کی معلق روایت سے ہے جس کو انہوں نے حضرت جابر رضؓ سے نقل کیا کہ حضرت عائشہ رضؓ کو جب حیض کا عذر پیش آگیا تو انہوں نے طواف کے علاوہ حج کے تمام ارکان ادا کئے ان ارکان میں جو اذکار اور دعائیں ہیں ان میں قرآن مجید

کی آیات بھی ہیں، معلوم ہوا کہ حائضہ تلاوت قرآن کر سکتی ہے اور چوں کہ جنابت کی نجاست حیض سے کم ہے تو جنابت میں بطریق اولیٰ اجازت ہونی چاہیئے۔

جواب یہاں بھی صاف ہے کہ دعاء و ذکر اور بہ نیت تلاوت میں فرق ہے اسلئے اس سے حائضہ اور جنبی کیلئے قرأت قرآن پر استدلال درست نہیں۔

حکم بن عتیبہ کے عمل سے استدلال ساتواں استدلال حکم بن عتیبہؒ کے قول سے ہے کہ میں جنابت کیحالت میں بھی ذبح کر لیتا ہوں۔

اس سے بھی جواز تلاوت پر استدلال درست نہیں کیوں کہ ذبح کے وقت صرف ذکر اللہ ضروری ہے یعنی بسم اللہ اللہ اکبر، اور ظاہر ہے کہ اس کو تلاوت قرآن نہیں کہا جا سکتا، ذکر اللہ کی اجازت جنبی اور حائضہ کیلئے ہمارے یہاں بھی ہے۔

حدیث باب سے استدلال یہ روایت کتاب الحیض کے شروع میں حدیث ۲۸۹ گذر چکی ہے امام بخاریؒ کا استدلال حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فافعلی ما یفعل الحاج غیر ان لا تطوفی بالبیت حتی تطہری" سے ہے۔

مقصد یہ ہے کہ جب حائضہ طواف بیت اللہ کے علاوہ جملہ امور کر سکتی ہے تو قرأت قرآن سے ممانعت کی کوئی وجہ نہیں اسلئے کہ مناسک حج میں ایسی دعائیں ہیں جن میں قرآنی آیات بھی آتی ہیں امام بخاریؒ دراصل تلاوت قرآن اور دعا وغیرہ میں فرق نہیں کرتے۔

جمہور کے دلائل حضرت علیؓ سے طویل روایت ہے جس کا آخری ٹکڑا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاوت قرآن سے جنابت کے علاوہ کوئی چیز نہیں روکتی تھی (ابوداؤد جلد اول ص۳۰، نسائی باب حجب الجنب من قراءۃ القرآن ص۳۰ ابن ماجہ باب ما جاء فی قراءۃ القرآن علی غیر طہارۃ ص۴۴ وطحاوی وغیرہ۔

۲ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم لا تقرأ الحائض ولا الجنب شیئاً من القرآن (ترمذی اول باب ما جاء فی الجنب والحائض انہما لا یقرآن القرآن ص۱۹۔

آخر میں امام ترمذیؒ کہتے ہیں" وھو قول اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین ومن بعد ھم مثل سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاقؒ قالوا لا تقرء الحائض و لا الجنب من القرآن شیئاً الا طرف الآیۃ والحرف ونحو ذالک ورخصوا للجنب والحائض فی التسبیح والتھلیل۔

اس مضمون کی اور بھی روایات ہیں مگر چونکہ امام بخاریؒ کے شرط و معیار پر نہیں تھیں اس لئے امام بخاری نے اس کو نہیں لیا لیکن تعدد روایات کیوجہ سے یہ روایات حسن کے درجہ کی ہیں جو بالاتفاق

مقبول اور حجت ہیں۔ واللہ اعلم

بَابٌ ۲۱
الْاِسْتِحَاضَةِ
استحاضہ کا بیان

۲۹۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّيْ لَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلٰوةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَلَيْسَ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَاتْرُكِيْ الصَّلٰوةَ فَاِذَا ذَهَبَ قَدْرُهَا فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّيْ

ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ فاطمہ بنت ابی حبیش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں پاک نہیں ہوتی (خون نہیں رکتا) کیا میں نماز چھوڑ دوں؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ایک رگ کا خون ہے حیض نہیں ہے تو جب حیض کا خون آئے تو نماز چھوڑ دے۔ پھر جب اندازہ کے مطابق ایام گذر جائیں تو اپنے بدن سے خون دھو ڈال اور نماز پڑھ۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ انما ذلك عرق ولیس بالحیضۃ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۴ ومر ص۳۶ ویاتی ص۴۶ و ص۴۷ ومسلم اول ص۱۵۱ وابوداؤد اول باب اذا اقبلت الحیضۃ تدع الصلوٰۃ ص۳۸۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ حیض اور استحاضہ کے احکام مختلف ہیں استحاضہ ایک عذر ہے جس میں مستحاضہ نماز پڑھے گی اور روزہ بھی رکھیگی نیز مباشرت بھی جائز و درست ہے۔

ربط ماقبل قال العینیؒ والمناسبۃ بین البابین ظاھرۃ لان الحیض والاستحاضہ من احکام المرأۃ (عمدہ)

استحاضہ کی تعریف ھی دم یخرج من المرأۃ فی غیر اوقاتہ المعتادۃ یسیل من العاذل وھو عرق فی ادنی الرحم دون قعرہ (المنھل ص۹۱/۳)

یعنی استحاضہ وہ خون ہے جو عورت (کے فرج) سے اوقات معتادہ کے علاوہ (غیر وقت میں) رگ عاذل

سے جاری ہوتا ہے جو رحم کے قریب ہے دفیہ بحث کیوں کہ بعض مرتبہ کسی بیماری کے سبب قعر رحم سے ہی خون کا اخراج معمول سے زیادہ ہو جاتا ہے اور وہ استحاضہ ہی ہے اس سے معلوم ہوا کہ استحاضہ کے اسباب مختلف ہوتے ہیں۔

والاستحاضہ لغۃ سیلان الدم فی غیر اوقاتہ المعتادۃ وفسر والحیض شرعا بانہ دم ینفضہ رحم امرأۃ بالغۃ من غیر داء۔

استحاضہ حیض ہی سے باب استفعال ہے اور استفعال کی ایک خاصیت انقلاب وتغیر ماہیت ہے۔ یہاں بھی حیض میں تغیر واقع ہو کر استحاضہ ہو گیا ثم ان العاذل لیس اسما لذالک العرق کما یفھم بل سمی بہ ذالک العرق وصفالہ بالعاذل فانہ اصبح سبب للعذل واللوم

(معارف السنن)

مطلب یہ ہے کہ عاذل اس رگ کا نام نہیں ہے بلکہ چونکہ اس سے خروج دم سبب عذل وملامت ہے اس لئے اسے عاذل کہتے ہیں۔

واضح رہے کہ حیض ہمیشہ بصیغہ معروف استعمال ہوتا ہے کما یقال حاضت المرأۃ اور استحاضہ بصیغہ مجہول استحیضت المرأۃ۔

اس میں نکتہ یہ ہے کہ اشارہ ہے اس بات کیطرف کہ دم استحاضہ خلاف عادت اور غیر معروف چیز ہے فکانہ امر جہل سببہ۔ بخلاف حیض کے کہ وہ معروف اور جانی پہچانی چیز ہے سب ہی عورتوں کو آتا ہے۔

بیان مذاہب حیض کا خون بند ہونے کے بعد اگر استحاضہ کی شکل ہو تو مستحاضہ پر صرف ایک غسل واجب ہے یہی مذاہب ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء کا ہے۔

اب غسل کے بعد احناف کے نزدیک ہر نماز کے پورے وقت کیلئے وضو کرنا ضروری ہوگا اور دوسری نماز کا وقت آنے سے پہلے اندرون وقت وقتی فرض کے علاوہ اور فرائض ونوافل بھی ادا کئے جاسکتے ہیں اور جب دوسری نماز کیلئے دوسرا وقت آئے گا تو اس کیلئے الگ وضو کرنا ہوگا۔ یعنی خروج وقت ناقض وضو ہوگا۔

حضرات شوافع رح کے نزدیک ہر نماز کیلئے وضو ضروری ہے یعنی ایک وضو سے ایک ہی فریضہ ادا کیا جاسکتا ہے البتہ تبعاً نوافل بھی درست ہے لیکن دوسرے فرض کیلئے دوسرا وضو لازم ہوگا۔

حنفیہ کی دلیل حدیث الباب ہے اذا اقبلت الحیضۃ فاترکی الصلوۃ یعنی جب حیض کا خون آئے تو نماز چھوڑ دے فاذا ذھب قدرھا الخ اور جب اندازہ کے مطابق وہ ایام گذر جائیں الخ اس سے صاف معلوم ہوا کہ اقبال حیض سے مراد ایام عادت ہے جیسا کہ حنفیہ کہتے ہیں نہ کہ الوان دم جیسا کہ شوافع کہتے ہیں۔

کیونکہ لون مقدار کے قبیل سے نہیں بلکہ کیف کے قبیل سے ہے۔
حضرات شوافع رح کی دلیل دلیل فان دم الحیض دم اسود یعرف لیکن اولاً تو اس لفظ کے مرفوع ہونے میں کلام ہے یہ مدرج ہے۔
ثانیاً یہ حوالہ کرنا ہے اغلب احوال پر اس پر نفس حکم کا مدار نہیں تفصیل کیلئے یہی روایت عنقریب آرہی ہے باب اذا احاضت فی شہر ثلث حیض بخاری ص۴۷ کے پہلے باب میں انشاء اللہ الرحمان۔

باب۲۱ غسل دم الحیض

خون حیض دھونے کا بیان

۳۰۰ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا مالک عن ھشام بن عروۃ عن فاطمۃ بنت المنذر عن اسماء بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنھما انھا قالت سالت امرأۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ ارایت احدانا اذا اصاب ثوبھا الدم من الحیضۃ کیف تصنع فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اصاب ثوب احدکن الدم من الحیضۃ فلتقرصہ ثم لتنضحہ بماء ثم لتصل فیہ)

ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رض سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ ایک عورت (اسماء رض) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ تبلایئے اگر ہم میں سے کسی کے کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو وہ کیا کرے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کے کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو اس کو کھرچ ڈالے پھر پانی سے دھو ڈالے پھر اس میں نماز پڑھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ۔

تعدد موضع والحدیث ھھنا ص۴۴ تا ۴۵ ومر ص۳۶۔

۳۰۱ (حدثنا اصبغ قال اخبرنی ابن وھب قال اخبرنی عمرو بن الحارث عن عبد الرحمن بن القاسم حدثہ عن ابیہ عن عائشۃ قالت کانت احدانا تحیض ثم تقترص الدم من ثوبھا عند طھرھا فتغسلہ وتنضح علی سائرہ ثم تصلی فیہ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم میں سے کسی کو حیض آتا پھر وہ طہر کے وقت (یعنی جب وہ پاک ہوتی) خون اپنے کپڑے پر سے کھرچ ڈالتی پھر اس کو دھوتی اور سارے کپڑے پر پانی چھڑک دیتی پھر اس کپڑے میں نماز پڑھتی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاہرۃ۔

مقصد حیض کا خون جس میں ناپاکی کے ساتھ گھناؤناپن بھی ہے اس لئے اس کے دھونے میں مبالغہ کی ضرورت ہے امام بخاریؒ اس ترجمہ میں اسی مبالغہ غسل کی کیفیت بیان کرنا چاہتے ہیں کہ دھونے سے پہلے قرص کرے یعنی پہلے تو تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر انگلیوں اور ناخونوں سے ملے۔ اس ملنے اور کھرچنے کی ضرورت اس وجہ سے ہے کہ کپڑے کے تاروں تک جو خون پہونچ جاتا ہے وہ بھی دھونے میں نکل جائے پھر اس جگہ کو پانی سے دھوکر بقیہ حصوں پر پانی کا چھڑکاؤ کر دیتی تھیں تاکہ وسوسہ ختم ہوجائے۔

باب ٢١٢

(اعتکاف المستحاضۃ)

مستحاضہ اعتکاف کر سکتی ہے

٣٠٢ (حدثنا اسحاق بن شاھین ابو بشر الواسطی قال اخبرنا خالد بن عبد اللہ عن خالد عن عکرمۃ عن عائشۃ رضی اللہ عنھا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اعتکف معہ بعض نسائہ وھی مستحاضۃ تری الدم فربما وضعت الطست تحتھا من الدم وزعم ان عائشۃ رات ماء العصفر فقالت کان ھذا شیٔ کانت فلانۃ تجدہ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپؐ کی ایک بیوی نے اعتکاف کیا جبکہ وہ استحاضہ میں مبتلا تھی وہ اکثر خون دیکھتی رہتیں کبھی خون کی وجہ سے اپنے تلے طشت رکھ لیتیں، عکرمہ نے کہا (ایک بار) حضرت عائشہ رضؓ نے کسم کا پانی دیکھا تو کہنے لگیں یہ تو گویا وہی ہے جو فلانی (استحاضہ کی حالت میں) دیکھتی تھی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ اعتکف معہ بعض نسائہ وھی مستحاضۃ۔

۳۰۳ (حدثنا قتیبة قال ثنا یزید بن زریع عن خالد عن عکرمة عن عائشة قالت اعتکفت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم امرأة من ازواجه فکانت تری الدم والصفرة والطست تحتها وهی تصلی)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپؐ کی بیویوں میں سے ایک نے اعتکاف کیا تو وہ (سرخ) خون اور زردی دیکھا کرتیں اور طشت ان کے نیچے ہوتا اور وہ نماز پڑھتی رہتیں۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحدیث للترجمة ظاهرة۔

تعدد موضعہ والحدیث هٰهنا ص۴۵ ومرّ فی هٰذا الباب ص۴۵ ویاتی فیه ص۴۵ وفی الصوم ص۲۷۳ وابوداؤد فی الصیام ص۳۳۵ ابن ماجه فی الصوم ص۱۲۸۔

۳۰۴ (حدثنا مسدد ثنا معتمر عن خالد عن عکرمة عن عائشة ان بعض امهات المؤمنین اعتکفت وهی مستحاضة)۔

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ بعض امہات المومنین نے استحاضہ کی حالت میں اعتکاف کیا۔

مقصد امام بخاریؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے۔
شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں ای انه جائز ثابت اصلا" البتہ عورت مسجد بیت میں اعتکاف کرے تو بہتر ہے۔ مسجد بیت سے مراد یہ ہے کہ گھر میں جو جگہ نماز کیلئے متعین کرلی گئی ہو۔ مستحاضہ کے لئے مسجد کا اعتکاف خلاف مصلحت ہے۔

حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا ہے کہ امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے یہ بتلانا ہے کہ حیض کی وجہ سے جو امور ممنوع تھے استحاضہ کیوجہ سے ان کی ممانعت نہیں ہے البتہ اتنی احتیاط کی ضرورت تھی کہ مسجد کی تلویث نہ ہو۔

علامہ ابن الجوزی کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے کوئی بھی مستحاضہ نہ تھی، علامہ عینیؒ اسکی تردید میں فرماتے ہیں" کان ابن الجوزی قد ذهل عن الروایتین فی هٰذا الباب الخ (عمدة ص۲۹ ج۳ ایضا فتح الباری ص۳۲۶ ج۱)

مطلب یہ ہے کہ علامہ ابن جوزی کو بخاری شریف کی ان دو حدیثوں سے غفلت ہوئی اسلئے کہ یہاں حدیث نمبر ۳۰۳ میں تصریح ہے امرأة من ازواجه الخ

اور حدیث نمبر ۳۰۴ کے الفاظ ہیں: ان بعض امهات المؤمنین اعتکفت وهی مستحاضة۔
بس یہ دو روایتیں ابن جوزیؒ کی تردید کیلئے کافی ہیں۔

باب ۲۱۳

(هَلْ تُصَلِّی الْمَرْأَةُ فِی ثَوْبٍ حَاضَتْ فِیْهِ)

جس کپڑے میں عورت کو حیض آئے کیا وہ اسمیں نماز پڑھ سکتی ہے؟

۳۰۵ (حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا کَانَ لِاِحْدَانَا اِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ تَحِیْضُ فِیْهِ فَاِذَا اَصَابَهٗ شَیْءٌ مِنْ دَمٍ قَالَتْ بِرِیْقِهَا فَمَصَعَتْهُ بِظُفْرِهَا)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ (آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں) ہم میں سے کسی کے پاس صرف ایک کپڑا ہوتا وہ حیض میں بھی اسی کو پہنتی جب اس میں کوئی خون لگ جاتا تو تھوک لگا کر اپنے ناخن سے اس کو چھیل ڈالتی (اس کے بعد اس جگہ کو دھو دیتی)

شاہ ولی اللہ صاحب رح فرماتے ہیں " ولم یذکر هذا اختصارا او اعتمادا علی الظاهر) (شرح تراجم)

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحدیث للترجمة " ما کان لاحدانا الا ثوب واحد تحیض فیه "

اور ظاہر ہے کہ اسی کپڑے کو پاک کر کے اسی میں نماز پڑھتی، جس سے مطابقت ظاہر ہے۔

مقصد شاہ ولی اللہ صاحب رح شرح تراجم میں فرماتے ہیں: یہاں امام بخاری رح عورت کے لئے ان ہی کپڑوں میں نماز کا جواز ثابت کر رہے ہیں جن میں اس نے ایام حیض گذارے ہیں۔

اسکی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ اسلام سے قبل عورتیں حیض کے کپڑوں کو تبدیل کر دیتی تھیں وکن یرین ذالک واجبا اور اس کو انتہائی ضروری سمجھتی تھیں۔

امام بخاری بتانا چاہتے ہیں کہ ایام حیض کا مستعمل کپڑا اگر آلودہ ہو گیا ہے تو اتنے حصہ کو دھو دیا جائے اور اگر آلودگی سے محفوظ ہے تو وہ پاک ہے اور اس میں نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

تنگی اور فراخی کے دور میں فرق ترجمہ اور حدیث الباب کا مقصد صرف ایام حیض کے کپڑوں میں نماز کا جواز ثابت کرنا ہے۔

ممکن ہے کہ حضرت عائشہ رضؓ کا یہ ارشاد اس ابتدائی دور سے متعلق ہو جو قلت وسائل اور تنگی کا دور تھا جس میں حیض اور طہر کا لباس الگ نہ ہوتا ہو اور فتوحات و فراخی کے بعد یہ شکل نہ رہی ہو جیسا کہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضؓ کا ارشاد باب ۲۰۶ کے تحت حدیث ۲۹۳ میں گذر چکا ہے فاخذت ثیاب

حیضتی۔ اور میں ایام حیض کے کپڑے پہنکر آئی۔
اگرچہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے مراد خون حیض سے احتیاط کیلئے خاص لنگوٹ ہے۔ جو حیض کے لئے متعین کیا جاتا تھا پورا کپڑا مراد نہیں۔
مگر یہ تو صرف احتمال کی بات ہے حضرت ام سلمہ رضہ کے الفاظ تعدد لباس پر دلالت کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے یہاں ایام حیض اور ایام طہر کا لباس الگ تھا اور حضرت عائشہ رضہ کے ارشاد کا تعلق بدء اسلام سے تھا جو درحقیقت قلت اور شدت کا دور تھا۔
اگر اللہ تعالےٰ وسعت وکشائش عطا فرمائے تو بلا شبہ تعدد لباس میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ امابنعمۃ ربک فحدث کا مظاہرہ ہونا چاہیئے۔ واللہ اعلم

باب ۲۱۴

(الطِّيبُ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيضِ)

حیض کا غسل کرتے وقت عورت کا خوشبو لگانا

۳۰۶ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ كُنَّا نُنْهٰى أَنْ نُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلٰثٍ إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَّعَشْرًا وَلَا نَكْتَحِلَ وَلَا نَتَطَيَّبَ وَلَا نَلْبَسَ ثَوْبًا مَصْبُوغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَقَدْ رُخِّصَ لَنَا عِنْدَ الطُّهْرِ إِذَا اغْتَسَلَتْ إِحْدَانَا مِنْ مَحِيضِهَا فِي نُبْذَةٍ مِنْ كُسْتِ أَظْفَارٍ وَكُنَّا نُنْهٰى عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ رَوَاهُ هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

ترجمہ حضرت ام عطیہ رضہ نے فرمایا کہ ہمیں اس بات سے منع کیا جاتا تھا کہ ہم کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائیں مگر شوہر (کی موت) پر چار مہینے دس دن تک کے سوگ کا حکم تھا اور حکم یہ تھا کہ سوگ کے دنوں میں نہ سرمہ لگائیں اور نہ خوشبو اور نہ کوئی رنگین کپڑا پہنیں مگر جس کپڑے کا سوت بناوٹ سے پہلے رنگا گیا ہو، اور ہم کو حیض سے پاک ہوتے وقت یہ اجازت تھی کہ جب حیض کا غسل کرے تو تھوڑا کست الاظفار لگالے اور ہم عورتوں کو جنازے کے ساتھ جانا بھی منع ہوا تھا۔ اس حدیث کو ہشام بن حسان نے بھی حضرت حفصہ (بنت سیرین) سے روایت کیا انہوں نے عطیہ رضہ سے

انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ وقد رخص لنا عند الطہر الیٰ اٰخرہ۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھھنا ص۴۵ ویاتی فی الجنائز ص۱۷۰ وفی الباب احداد المرأۃ ص۱۷۰ وفی الطلاق ص۸۰۴ وایضاً فی الباب المتصل ص۸۰۵ وایضاً فی الباب الاٰتی ص۸۰۵ ومسلم فی الطلاق ص۴۸۷ وابوداؤد فی الطلاق ص۳۱۵ والنسائی جلد ثانی فی الطلاق ماتجتنب الحادۃ من الثیاب المصبغۃ ص۱۰۱ وابن ماجہ فی الطلاق ص۱۵۲

مقصد | باب سابق کی روایت میں دم حیض سے کپڑے کو پاک وصاف کرنے کا حکم تھا جسے تنظیف کہتے ہیں اب اس باب میں یہ بیان فرمایا ہے کہ حیض سے غسل کرنے کے وقت مقام مخصوص پر بدبو رفع کرنے کیلئے عورت خوشبو کا استعمال کرے یعنی تنظیف کے بعد تطییب بتلائی، حتی کہ اگر ایام سوگ میں غسل حیض کی نوبت آئے تو اس سوگ کرنے والی کو بھی خون حیض کی بدبو دور کرنے کے لئے خوشبو کا استعمال درست ہے علامہ قسطلانی رح کہتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ وہ عورت احرام نہ باندھے ہو، شاہ ولی اللہ صاحب رح شرح تراجم میں فرماتے ہیں: یعنی انہ سنۃ۔

تشریح | شروح بخاری مثلاً فتح الباری، عمدۃ القاری کی سند میں قال حدثنا حماد بن زید عن ایوب عن حفصۃ کے بعد قال ابو عبد اللہ او ھشام بن حسان عن حفصۃ عن ام عطیۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الخ ہے۔

قال ابو عبد اللہ سے مذکورہ عبارت صرف بعض نسخوں (المستملی اور کریمہ) میں ہے اور ابو عبد اللہ سے مراد خود مصنف یعنی امام بخاری رح ہیں۔

مطلب یہ ہے امام بخاری رح کہتے ہیں کہ حماد کو یہ شک ہوا کہ ان دونوں شیوخ ایوب اور ہشام میں سے کسی نے یہ روایت حفصہ سے نقل کی ہے۔

امام بخاری رح نے اس حدیث کو اسی سند سے کتاب الطلاق ص۸۰۴ میں لایا ہے مگر یہ اظہار شک کی عبارت نہیں ہے کنا ننھی والصحابی اذا قال اُمرنا اور نھینا فانہ یکون فی حکم المرفوع عند الاکثرین۔ حفصۃ سے مراد حفصہ بنت سیرین انصاریہ ہیں ان کی کنیت ام الہذیل ہے اسی طرح عمدۃ القاری وغیرہ میں ہے مولانا وحید الزماں صاحب رح سے تیسیر الباری جلد اول کے اندر ترجمہ میں سبقت قلم واقع ہو کر غلطی سے ام المومنین حفصہ لکھ گیا ہے۔

نحد بضم النون وکسر المھملہ احداد باب افعال سے زینت کو چھوڑ دینا، سوگ کرنا الاثوب عصب، بفتح العین وسکون الصاد المھملتین یعنی چادر جس کے سوت میں پہلے چند گرہیں باندھ لیجاتی

تھیں پھر اسی حالت میں رنگنے کے بعد کپڑا بُنا جاتا تھا (عمدۃ القاری) جہاں جہاں گرہیں ہونگی وہاں رنگ نہیں چڑھیگا بلکہ سادہ رہ جائے گا۔ غالباً اسی وجہ سے بعض حضرات نے کہا ہے کہ عصب دھاری دار چادر کو کہتے ہیں۔

حدیث شریف کا مقصد یہ ہے کہ سوگ (اور عدت) کیحالت میں ان تمام کپڑوں کی ممانعت ہے جو کپڑے بغرض زینت رنگے جاتے تھے۔

امام نووی؁ فرماتے ہیں قال ابن المنذر اجمع العلماء علی انہ لایجوز للحادۃ لبس الثیاب المعصفرۃ والمصبغۃ الا ماصبغ بسواد فرخص بالمصبوغ بالسواد (شرح مسلم ۴۸۶) معلوم ہوا کہ کالے رنگ کا کپڑا جائز ہے تو ممکن ہے کہ ثوب عصب ہلکے کالے رنگ کا ہو کیونکہ دھاری دار چادر تو یمن کے اعلیٰ لباسوں میں شمار ہوتی تھیں جسے رؤسا و سلاطین استعمال کرتے تھے چنانچہ علامہ ابن الہمام؁ کہتے ہیں: ولا تلبس العصب عندنا (بذل المجہود ۳۲۷)

یہاں صرف یہ ذہن نشین رہے کہ ثوب عصب (یمن دھاری دار کپڑا) بھی اگر عمدہ باعث زینت ہے تو جائز نہیں کیوں کہ نسائی جلد ثانی باب ما تجتنب الحادۃ من الثیاب المصبغۃ صلنا میں بجائے الا حرف استثناء کے لا مروی ہے یعنی روایت اس طرح ہے لاتلبس ثوبا مصبوغا ولا ثوب عصب الخ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ثوب عصب بھی دوسرے رنگین کپڑوں کیطرح ممنوع ہے۔ بس ہر وہ کپڑا جس سے زینت مقصود ہو ممنوع ہوگا۔

نبذۃ بضم النون وبفتحہا وسکون الباء الموحدۃ وبالذال المعجمۃ وھو الشیٔ الیسیر والمراد بہ القطعۃ جمع انباذ (عمدہ) یعنی تھوڑی سی چیز اور مراد اس سے ٹکڑا ہے۔

کست اظفار بخاری کتاب الطلاق ص۸۰۳ میں ایک نسخہ ہے کست ظفار بغیر الف مسلم شریف جلد اول ص۴۸۸ کی ایک روایت میں ہے نبذۃ من قسط او اظفار اور متصلاً دوسری روایت میں ہے نبذۃ من قسط واظفار۔ نیز ابوداؤد اول ص۳۱۵ میں اور نسائی جلد ثانی ص۱۰۱ میں بھی اسی طرح واؤ حرف عطف کے ساتھ ہے من قسط واظفار، اور ابن ماجہ جلد ثانی ص۱۵۲ کتاب الطلاق میں اَو کے ساتھ من قسط او اظفار ہے۔ خلاصہ یہ ہے اس سلسلے کی روایات تین طرح سے منقول ہیں:-

(۱) کستِ اظفار اضافت کے ساتھ بغیر عطف کے جیساکہ یہاں بخاری اول ص۴۵ اور بخاری ص۸۰۳ میں ہے۔

(۲) حرف عطف کے ساتھ قسط واظفار جیساکہ مسلم ص۴۸۸ کی ایک روایت میں ہے نیز نسائی اور ابوداؤد میں بھی حرف عطف کے ساتھ ہی ہے۔

(۳) اَو للتخییر کے ساتھ من قسط او اظفار جیساکہ مسلم ص۴۸۸ ہی میں ایک روایت اور ابن ماجہ کتاب الطلاق ص۲۵۲

میں ہے۔
کستِ اظفار کست کو بڑی قاف کے ساتھ قسط بھی کہتے ہیں جیساکہ امام بخاری رح نے کتاب الطلاق میں لکھا ہے: یقال الکست والقسط، الکافور والقافور۔ کست اظفار حضرت گنگوہی رح نے فرمایا اوجلہ التقادیر فیہ انہ عطف بحذف حرف العطف الخ (لامع اول ص۱۲۱) یعنی بہترین توجیہ حذف حرف عطف کی ہے جو محاورات عرب میں عام ہے ان دونوں (قسط واظفار) میں سے جو ہو یا ان کے علاوہ ان جیسی دوسری خوشبو کی چیزوں سے بخور (دھونی) لے سکتی ہے۔
کست قسط ھندی یعنی عود جس کو لوبان کہتے ہیں اور اظفار الف کے ساتھ ایک خوشبودار لکڑی ہے جو غلاف دار ناخن کے مشابہ ہوتی ہے یا اس لکڑی کو ناخن کی طرح کاٹ کر خوشبو (عطر) بنائی جاتی ہے اس کو اظفار الطیب بھی کہتے ہیں اور اسی نام سے عطاروں کے یہاں ملتی ہے۔
علامہ عینی رح لکھتے ہیں وقال ابن التین صوابہ قسط ظفار بغیر الہمزہ منسوب الی ظفار الخ (عمدہ) یہ ظفار قطام کے وزن پر مبنی علی الکسر ہے، ظفار یمن کا ایک شہر ہے جس کی طرف نسبت ہے اور اسی سے علامہ ابن التین کی تائید ہوتی ہے کہ بخاری ص۸۰۴ میں قسط ظفار ہی ہے، قسط ظفار یمن کے شہر ظفار کی عود ہندی۔
اور اگر واؤ کے ساتھ قسط وظفار ہو جیساکہ مسلم شریف اور ابوداؤد اور نسائی کی روایت میں ہے تو حضرت گنگوہی رح کی تائید ہوتی ہے۔
خلاصہ یہ ہے کہ غسل کے وقت ان خوشبوؤں میں سے کسی خوشبو کا استعمال کرے تاکہ بدبو کا ازالہ ہو سکے اور آئندہ نماز کے وقت اس کا تصور تکدر طبع کا موجب نہ ہو۔
واللہ اعلم وعلمہ اتم ع، غ قاسمی البہاری غفر اللہ الباری۔

بَابُ ۲۱۵ دَلْكِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا اِذَا تَطَهَّرَتْ مِنَ الْمَحِيْضِ وَكَيْفَ تَغْتَسِلُ وَتَأْخُذُ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً فَتَتَّبِعُ بِهَا اَثَرَ الدَّمِ

عورت جب حیض کا غسل کرے تو اپنا بدن ملے اور غسل کیونکر کرے اسکا بیان اور مشک لگا ہوا روئی کا ایک پھایہ لے کر خون کے مقام پر پھیرے

ربط | والمناسبۃ بین البابین ظاہرۃ لان فی کل منہما استعمال الطیب (عمدہ)

۳۰۷ حدثنا یحییٰ قال ثنا ابن عُیَینۃ عن منصور بن صفیۃ عن اُمّہ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا ان امرأۃ سالت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن غسلہا من المحیض فامرہا کیف تغتسل قال خذی فرصۃ من مسک فتطہری بہا قالت کیف اتطہر بہا قال تطہری بہا قالت کیف قال سبحان اللہ تطہری فاجتذبتہا الی فقلت تتبعی بہا اثر الدم

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے غسل حیض کے بارے میں دریافت کیا کہ حیض کا غسل کیونکر کروں؟ آپؐ نے اس کو غسل کی کیفیت کے بارے میں حکم دیا۔ فرمایا مشک لگا ہوا روئی کا ایک پھایہ لیکر اس سے پاکی کرو وہ کہنے لگی کیسے پاکی کروں؟ آپؐ نے (تعجب سے) فرمایا سبحان اللہ پاکی کر، حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا پھر میں نے اس کو اپنی طرف کھینچ لیا اور اسکو سمجھا دیا کہ خون کے مقام پر (یعنی شرمگاہ پر) اس کو لگا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ: ترجمۃ الباب میں امام بخاری رحؒ نے تین چیزیں ذکر کی ہیں ۱ دلک المرأۃ نفسھا اذا تطہرت ای عند غسل الحیض۔ ۲ طریق غسل یعنی غسل حیض کا خاص طریقہ۔ ۳ اخذھا الفرصۃ الممسکۃ۔ حدیث کی مطابقت تیسرے جزء سے صراحۃ ہے البتہ پہلے دو چیز یعنی دلک المرأۃ اور کیفیت غسل سے صریح مطابقت نہیں ہے لیکن التزاما مطابقت ہے اسلئے کہ حدیث کے الفاظ فامرھا کیف تغتسل یعنی حضور اقدس ﷺ نے پہلے غسل الحیض کی مخصوص صفت بتائی کہ غسل کے آخر میں مواضع خون میں مشک کا پھایہ استعمال کرنا البتہ دلک نفس کی تصریح نہیں ہے مگر امام بخاری رحؒ کی عادت ہے کہ اگر کوئی حدیث مقبول قابل استدلال ہو مگر ان کی شرط پر نہ ہو تو ترجمۃ الباب میں ذکر کر کے اشارہ کر دیتے ہیں چنانچہ وہ روایت مسلم شریف میں مفصل موجود ہے جس میں دلک کی تصریح ہے ملاحظہ ہو مسلم شریف اول ص۱۵۰۔

عن عائشۃ ان اسماء سالت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن غسل المحیض فقال تاخذ احدٰکن ماءھا وسدرتھا فتطھر فتحسن الطھور ثم تصب علی راسہا ثم تصب علیہا الماء ثم تاخذ فرصۃ ممسکۃ فتطھر بہا الخ

حضرت عائشہ رضؓ کی روایت ہے کہ اسماء نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے غسل حیض کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا کہ تم میں سے ہر عورت اپنے غسل کا پانی اور بیری کے پتے لے اور اچھی طرح پاکی حاصل کرے (یعنی بیری کے پتے سے جوش دیا ہوا پانی لے کر غسل کرے) پھر اپنے سر پر پانی ڈالے اور اس کو خوب اچھی طرح ملے یہاں تک کہ پانی بالوں کی جڑوں تک پہونچ جائے پھر اپنے اوپر پانی بہائے پھر مشک لگا ہوا روئی کا پھایہ لے کر اس سے پاکی حاصل کرے۔

اس روایت میں دلک موجود ہے اسلئے امام بخاری رح نے حسب عادت اس کو ملحوظ رکھ کر ترجمۃ الباب میں دلک رکھ کر اس مفصل حدیث کی طرف اشارہ کر دیا مگر چوں کہ اس حدیث کی سند میں ابراہیم بن مہاجر ہیں جو صحیح بخاری کے راوی نہیں ہیں اس لئے امام نے اس کی طرف صرف اشارہ پر اکتفا کیا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۵۔ مسلم اول ص۱۵۰ ابوداؤد باب الاغتسال فی المحیض ص۴۴ نسائی باب ذکر العمل فی الغسل من الحیض ص۲۹ و ابن ماجہ باب فی الحائض کیف تغتسل ص۴۷۔

مقصد امام بخاری رح کے ترجمۃ الباب میں دلک المرأۃ نفسہا کے الفاظ ہیں، اگر یہاں نفس سے مراد خون حیض ہو تو مقصد یہ ہوگا کہ عورت غسل حیض میں خون کے دھبوں کو رگڑے اور مل کر نہائے اور اگر نفس سے مراد بدن ہو تو ترجمہ کا مقصد ہوگا کہ عورت غسل حیض میں اپنے بدن اور جسم کو ملے اور رگڑ کر غسل کرے یعنی عام غسل سے غسل حیض میں اہتمام زیادہ کرے۔

بَابٌ ۲۱۶ غُسُلِ الْمَحِيضِ

حیض کے غسل کا بیان

۳۰۸ (حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَغْتَسِلُ مِنَ الْمَحِيضِ قَالَ خُذِي فِرْصَةً مُمَسَّكَةً وَتَوَضَّئِي ثَلَاثًا ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَحْيَى فَأَعْرَضَ بِوَجْهِهِ أَوْ قَالَ تَوَضَّئِي بِهَا فَأَخَذْتُهَا فَجَذَبْتُهَا فَأَخْبَرْتُهَا بِمَا يُرِيدُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

ترجمہ حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ قبیلہ انصار کی ایک عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میں حیض کا غسل کس طرح کروں؟ آپ نے فرمایا اس طرح کر پھر فرمایا مشک لگا ہوا ایک پھایہ لے اور پاکی حاصل کرو آپ نے تین بار فرمایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حیا دامنگیر ہوئی اور آپ ص نے چہرہ مبارک اس طرف سے پھیر لیا یا آپ نے فرمایا توضئی بہا (یعنی اس سے پاکی کر) حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں کہ پھر میں اسی کو پکڑ کر کھینچ لیا اور اس کو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی مراد سے باخبر کر دیا۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة كيف اغتسل من المحيض قال خذى فرصة ممسكة وتوضئ۔

تعدد موضعه والحديث هٰهنا ص۴۵ وبعض ص۴۵ وباقى ص۱۰۹۳ ومسلم اول ص۱۵۰ ابوداؤد ص۴۴ ونسائى ص۲۹ وابن ماجه ص۴۷۔

مقصد شاہ ولی اللہؒ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ ترجمہ کا مقصد کیفیت غسل کا بیان کرنا ہے چنانچہ انصاریہ کا قول کیف اغتسل اس حقیقت پر دلالت کر رہا ہے کہ یہاں سوال کا تعلق نفس غسل سے نہیں کیوں کہ وہ تو ایک مسلم الثبوت چیز ہے بلکہ سوال کا تعلق کیفیت غسل سے ہے چنانچہ اس باب میں ایسے غسل کا ذکر ہے جو ہر طرح کے غسل سے ممتاز ہے۔

تشریح توضئ امر حاضر کا صیغہ ہے یہاں اصطلاحی وضو مراد نہیں ہے بلکہ لغوی معنی میں ہے اور وضارۃ سے ماخوذ ہے یعنی بمعنی تطہّری ہے او توضئ بھا حضرت عائشہ رضؓ کو شک ہے کہ آپؐ نے توضئ فرمایا یعنی بہا فرمایا تھا یا نہیں؟

مسائل ۱۔ تعجب کے وقت سبحان اللہ کہنا سنت ہے ۲۔ عورتوں سے شرم کی بات کنایہ اور اشارہ سے کرنا وغیرہ۔

باب ۲۱۷

اِمْتِشَاطِ الْمَرْأَةِ عِنْدَ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيْضِ

عورت کا غسل حیض کیوقت بالوںمیں کنگھی کرنا

۳۰۹ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ ثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ اَهْلَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَكُنْتُ مِمَّنْ تَمَتَّعَ وَلَمْ يَسُقِ الْهَدْىَ فَزَعَمَتْ اَنَّهَا حَاضَتْ وَلَمْ تَطْهُرْ حَتّٰى دَخَلَتْ لَيْلَةُ عَرَفَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ لَيْلَةُ عَرَفَةَ وَاِنَّمَا كُنْتُ تَمَتَّعْتُ بِعُمْرَةٍ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْقُضِىْ رَاْسَكِ وَامْتَشِطِىْ وَاَمْسِكِىْ عَنْ عُمْرَتِكِ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْتُ الْحَجَّ اَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ فَاَعْمَرَنِىْ مِنَ التَّنْعِيْمِ مَكَانَ عُمْرَتِى الَّتِىْ نَسَكْتُ۔

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ میں نے حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھا

تو میں ان لوگوں میں تھی جنہوں نے تمتع کی نیت کی اور قربانی کا جانور اپنے ساتھ نہیں لیا پھر حضرت عائشہ رضی نے بتایا کہ انہیں حیض شروع ہوگیا اور حیض سے پاک نہ ہوسکیں یہانتک کہ عرفہ کی رات (یعنی نویں ذی الحجہ کی رات) آگئی تو حضرت عائشہ رضی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ تو عرفہ کی رات ہے (یعنی صبح کو عرفہ ہے) اور میں نے عمرہ کا احرام باندھکر تمتع کا ارادہ کیا تھا (اب کیا کروں ؟) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا تم اپنا سر کھول ڈالو اور کنگھی کرلو اور اپنے عمرہ کو موقوف رکھو چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا پھر جب میں نے حج پورا کرلیا تو حضور اقدس ﷺ نے محصب کی رات میں عبدالرحمٰن (میرے بھائی) کو حکم دیا انہوں نے اس عمرے کے بدل جس کا میں نے پہلے احرام باندھا تھا مجھ کو دوسرا عمرہ تنعیم سے کرادیا۔

مطابقۃ للترجمۃ حدیث شریف کے الفاظ انقضی راسك وامتشطی سے کنایۃ و اشارۃ غسل مراد ہے امام بخاری رح نے عند غسلها من المحیض سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ عورتوں کی عام عادت یہی ہے کہ غسل حیض کے وقت اپنے سر کی چوٹی کھول لیتی ہے اور کنگھی کرتی ہے امام بخاری رح کا مقصد تو غسل حیض کی کیفیت بتانا ہے چنانچہ سابق باب میں بدن کو مل کر دھونے کا ذکر ہے اس باب میں کنگھی کرنا اور آنے والے باب میں سر کے بال کو کھولنے کا ذکر ہوگا۔ مجموعی طور پر یہ بتانا ہے کہ جب غسل احرام کیلئے کنگھی کرنا مشروع ہوا تو غسل حیض کیلئے بطریق اولیٰ ہوگا اس لئے کہ غسل حیض میں خصوصی اہتمام ہوگا۔

تعدد موضع والحدیث ههنا ص۴۵ ویاتی مفصلا ص۴۵ وص۴۶ وفی الحج ص۲۱۱ ایضا ص۲۱۲ ص۲۲ وفی ابواب العمرۃ ص۲۳۹ وص۲۴۰ وفی المغازی ص۶۳ وص۶۳۲ ومسلم شریف اول ص۳۸ ص۳۸۵ وص۳۸۸ تا ص۳۸۹۔ ابوداؤد کتاب المناسک ص۲۴۷ فی باب افراد الحج ونسائی طهارت فی باب ذکر الامر بذالك للحائض عند الاغتسال للاحرام ص۴۵ ونسائی ثانی فی المناسك باب فی المهلة بالعمرة تحیض وتخاف فوت الحج ص۱۴ تا ص۱۵ وابن ماجه ابواب المناسک ص۲۲۱۔

تشریح اس حدیث میں تصریح ہے واضح طور سے معلوم ہوگیا کہ ام المومنین عائشہ رض نے تمتع کی نیت کی تھی یعنی میقات سے صرف عمرے کا احرام باندھا تھا۔

اصل تفصیل اپنے مقام پر یعنی کتاب الحج میں آئے گی کچھ تفصیل کیلئے نصر الباری آٹھویں جلد کتاب المغازی میں آچکی ہے ملاحظہ فرمالیجئے۔

باب ۲۱۸ نقض المرأة شعرها عند غسل المحيض

۳۱۰ حدثنا عبيد بن اسمعيل قال ثنا ابو اسامة عن هشام عن ابيه عن عائشة قالت خرجنا موافين لهلال ذي الحجة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احب ان يهل بعمرة فليهلل فاني لولا اني اهديت لاهللت بعمرة فاهل بعضهم بعمرة و اهل بعضهم بحج وكنت انا ممن اهل بعمرة فادركني يوم عرفة وانا حائض فشكوت الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال دعي عمرتك وانقضي راسك وامتشطي واهلي بحج ففعلت حتى اذا كان ليلة الحصبة ارسل معي اخي عبد الرحمن بن ابي بكر فخرجت الى التنعيم فاهللت بعمرة مكان عمرتي قال هشام ولم يكن في شئ من ذلك هدى ولا صوم ولا صدقة۔

ترجمہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ہم ذی الحجہ کے چاند کے قریب (مدینہ سے) نکلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کا جی چاہے (میقات سے) عمرہ کا احرام باندھے تو وہ عمرہ ہی کا احرام باندھ لے کیوں کہ اگر میں ھدی (قربانی کا جانور) ساتھ نہ لایا ہوتا تو میں بھی عمرہ ہی کا احرام باندھتا چنانچہ بعض لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا اور بعض لوگوں نے حج کا۔ اور میں ان لوگوں میں سے تھی جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا (اتفاق سے) عرفہ کا دن آن پہنچا اور میں حیض سے تھی میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے شکوہ کیا (یعنی اپنا حال عرض کیا) آپؐ نے فرمایا عمرہ چھوڑ دے اور سر کھول ڈال اور کنگھی کر لے اور حج کا احرام باندھ لے میں نے ایسا ہی کیا اور حج سے فارغ ہوئی اور جب محصب کی رات ہوئی تو آپؐ نے میرے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کو میرے ساتھ بھیجا میں تنعیم تک گئی اور وہاں سے فوت شدہ عمرہ کی جگہ دوسرے عمرے کا احرام باندھا۔ ہشام نے کہا ان سب باتوں میں نہ قربانی لازم ہوئی اور نہ روزہ اور نہ صدقہ۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة في قوله وانقضي راسك وامتشطي۔

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۴۵ تا ص۴۶ وص۴۵ و باقی ص۲۱۱ ص۲۱۲ ص۲۳۹ ط۶۳۱ ایضا مسلم، ابوداؤد، نسائی وابن ماجه وغیرها۔

مقصد اس حدیث کا مضمون مثل ابواب سابقہ ہے صرف آخری ٹکڑا قال هشام ولم يكن في شئ من

ذالك هدى ولا صوم ولا صدقة۔

عنقریب اس پر بحث آرہی ہے۔

امام بخاری کا مقصد یہ بتانا ہے کہ حیض سے غسل کرتے وقت عورت اپنے سر کی چوٹی کھولے غسل میں بال نہ کھولنے کی تخفیف صرف غسل جنابت میں ہے غسل حیض میں نہیں ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ اسکی حکمت بیان فرماتے ہیں کہ

انما سقط عن المرأة فی غسل الجنابة لکثرة الابتلاء ولزوم الحرج۔	عورت سے غسل جنابت میں سر کے بال کھولنے کا حکم اس لئے ساقط ہوا ہے کہ جنابت کثرت سے پیش آتی ہے اور بار بار کھولنے میں دشواری ہے۔

(شرح تراجم)

یعنی حیض کا غسل مہینہ میں ایک بار پیش آتا ہے اور غسل جنابت کی ضرورت کثرت سے پیش آتی ہے اس لئے اس میں تخفیف کردی گئی البتہ غسل جنابت میں بھی بالوں کی جڑوں تک پانی پہونچانا ضروری ہے۔

تشریح حدیث حضرت عائشہ رضؓ بیان کرتی ہیں کہ ہم حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ذی الحجہ کے چاند کے قریب مدینہ سے نکلے۔ یہ حجۃ الوداع کا ذکر ہے کہ آپؐ پچیس ۲۵ ذیقعدہ بروز شنبہ مدینہ منورہ سے ایک عظیم جماعت کے ساتھ روانہ ہوئے تھے ذوالحلیفہ پہونچکر حضور اقدس ؐ نے ارشاد فرمایا جس کا جی چاہے عمرہ کا احرام باندھے اور جس کا جی چاہے حج کا احرام باندھے۔

یہ آپؐ نے اس لئے فرمایا کہ مدینہ سے نکلتے وقت عام خیال یہی تھا کہ محض حج کرینگے کیونکہ جاہلیت میں یہ ایام (اشہر حج) حج کیلئے مخصوص سمجھے جاتے تھے اور ان دنوں میں عمرہ کرنے کو بدترین گناہ سمجھا جاتا تھا۔

اگرچہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اس خیال کو تین بار ذیقعدہ میں جو اشہر حج میں شامل ہے عمرہ کرکے باطل بھی فرمادیا تھا مگر آپؐ کے ان عمروں میں حج ساتھ نہ تھا اب یہ رواہگی کیلئے رکھی آپؐ نے ارشاد فرمادیا جس کا جی چاہے عمرہ کا احرام باندھ لے اور جس کا جی چاہے حج کا باندھ لے اور اس کے ساتھ آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا لولا انی اهديت لاهللت بعمرة اگر میں ھدی (قربانی کا جانور) ساتھ نہ لایا ہوتا تو میں بھی عمرے ہی کا احرام باندھتا۔

آپ کا مقصد یہ تھا کہ میری حالت پر نہ جاؤ میں نے عمرے کا احرام اس لئے نہیں باندھا کہ میرے ساتھ ھدی ہے اور ھدی ساتھ لانے والا عمرے کا احرام باندھے تب بھی درمیان میں احرام نہیں کھول سکتا اس لئے میں نے قران کو اختیار کیا ہے جو حج کے تینوں اقسام میں افضل ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسی ارشاد پر بعض نے عمرے کا احرام باندھا اور بعض نے حج کا۔

قال هشام الخ ترجمہ گذر چکا ہے۔

بظاہر ہشام کا یہ قول تمام مذاہب کے خلاف ہے کیونکہ ہمارے مسلک پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو عمرہ چھوڑا تھا اس رفض عمرہ کی وجہ سے دم جنایت ہوگا اور شافعیہ کے نزدیک دم قران ہوگا اسلئے شوافع قول ہشام کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ کوئی دم جنایت نہ تھا اور ہم یہ تاویل کرتے ہیں کہ دم قران نہ تھا۔

مگر انصاف کی بات یہ ہے کہ اس میں شوافع کی بات قوی ہے ورنہ لاصوم ولاصدقۃ کہنا کس طرح چسپاں ہوگا اگر دم جنایت کی نفی مراد نہ ہوتی تو ان دونوں کی نفی سے کیا غرض تھی؟ لیکن یہ ہشام کا قول ہے نہ کوئی مرفوع چیز ہے اور نہ ہی کسی صحابی کا قول ہے کہ جواب دینا ضروری ہو۔ (فضل الباری)

باب ۲۱۹

(قولِ اللہِ عزّ وجلّ مُخلّقۃٍ وغیرِ مُخلّقۃٍ)

باب: اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد (سورہ حج میں) مخلقۃ وغیر مخلقۃ (کامل الخلقت اور ناقص الخلقت)

۳۱۱ (حدثنا مُسَدَّدٌ قال حدثنا حمّادٌ عن عُبَیدِ اللہِ بن اَبی بکرٍ عن انسِ بن مالکٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تبارک وتعالیٰ وکّل بالرّحِم ملَکًا یقولُ یاربِّ نُطفۃٌ یاربِّ علَقۃٌ یاربِّ مُضغۃٌ فاذا اراد اللہُ ان یقضِیَ خلقَہٗ قال اذکرٌ ام اُنثیٰ اشقیٌّ ام سعیدٌ فما الرِّزقُ وما الاجلُ قال فیُکتبُ فی بطنِ اُمِّہٖ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے (عورت کے رحم پر) ایک فرشتہ متعین کر دیا ہے وہ فرشتہ عرض کرتا ہے پروردگار نطفہ ہے (یعنی منی کا سفید قطرہ) اے پروردگار اب علقہ یعنی بستہ خون ہو گیا، پروردگار اب مضغہ یعنی گوشت کا لوتھڑا ہو گیا پھر جب اللہ تعالیٰ اپنی تخلیق کو پورا کرنا چاہتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے۔ مذکر ہے یا مؤنث؟ بدبخت ہے یا نیک بخت؟ اسکی روزی کیا ہے؟ اس کی عمر کیا ہے؟ پس ماں کے پیٹ ہی میں یہ (سب) لکھ دیا جاتا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یارب نطفۃ یارب علقۃ یارب مضغۃ"۔

یہ حدیث دراصل تفسیر ہے مخلقۃ اور غیر مخلقۃ کی جیساکہ حدیث پاک کے الفاظ ہیں اذا اراد اللہ ان یقضی خلقہ، تو یہی مخلقۃ ہے، اور اسی سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اذا لم یرد خلقہ یکون غیر مخلقۃ اور اس سے زیادہ وضاحت روایت طبری سے ہوتی ہے کہ جب نطفہ رحم سے مادر میں گرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو مامور فرماتے ہیں وہ عرض کرتا ہے پروردگار عالم یہ مخلقہ ہے یا غیر مخلقہ؟ اگر ارشاد ہوا کہ غیر مخلقہ ہے تو رحم اس کو خون کی صورت میں پھینکدیتا ہے، اگر مخلقہ فرمایا تو سوال کرتا ہے کہ یہ نطفہ کیسا ہوگا؟ الخ

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۴۶ ویاتی ص۴۵۶ وص۴۶۹ وص۹۷۶ ایضا ومسلم وغیرہ

مقصد

امام بخاریؒ کا یہ ترجمہ سورہ حج کی اس آیت سے ماخوذ ہے:-

یاایھا الناس ان کنتم فی ریب من البعث فانا خلقنکم من تراب ثم من نطفۃ ثم من علقۃ ثم من مضغۃ مخلقۃ وغیر مخلقۃ لنبین لکم (الحج آیت ۵)

لوگو! اگر تم کو (مرنے کے بعد دوبارہ جی اٹھنے میں کچھ شک ہو تو ہم نے تم کو (پہلی بار بھی تو) پیدا کیا تھا (یعنی ابتداء میں) مٹی سے پھر اس سے نطفہ بناکر پھر اس سے خون کا لوتھڑا بناکر پھر اس سے بوٹی بناکر جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی تاکہ تم پر (اپنی خالقیت) ظاہر کردیں۔

یعنی بعض کی پیدائش مکمل کردی جاتی ہے اور بعض ناقص صورت میں گرجاتا ہے اس ترجمہ سے امام بخاریؒ کا کیا مقصد ہے؟ اقوال مختلف ہیں، حافظ عسقلانی لکھتے ہیں کہ علامہ ابن بطال شارح بخاری نے کہا ہے کہ امام بخاریؒ کا مقصد اس حدیث کو ابواب حیض میں لانے سے ان حضرات کے مذہب کی تقویت ہے جو کہتے ہیں کہ حاملہ کو حیض نہیں آتا ہے (فتح)

کیوں کہ رحم میں بچہ کا محفوظ ہونا خروج دم حیض سے مانع ہے اور یہ بھی تحقیق ہوئی ہے کہ دم حیض جنین کی غذا بنتا ہے یہی مذہب حنفیہ اور حنابلہ کا ہے امام شافعیؒ کا بھی قول قدیم یہی ہے البتہ امام شافعیؒ کا قول جدید یہ ہے کہ حالت حمل میں بھی حیض آسکتا ہے (فتح)

بہر حال امام بخاریؒ اس مسئلے میں حنفیہ و حنابلہ کی موافقت کررہے ہیں کہ حاملہ کو حیض نہیں آتا حنفیہؒ کی بڑی دلیل مسئلہ استبراء ہے اسکی تفصیل یہ ہے کہ رحم کی صفائی معلوم کرنے کیلئے حیض کی آمد ایک علامت ہے اگر حالت حمل میں حیض کا آنا تسلیم کرلیا جائے تو براۃ الرحم من الحمل کا فیصلہ کرنے کیلئے کونسی علامت رہیگی؟

اب اگر کسی حاملہ کو خون آنا شروع ہوا تو حنفیہ کے نزدیک وہ کیا ہوگا؟ جواب یہ ہے کہ وہ خون حیض نہیں استحاضہ ہے۔

تشریح حدیث حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ (جب نطفہ رحم میں پڑتا ہے) اللہ تعالیٰ عورت کے رحم پر (یعنی اس نطفہ پر) ایک فرشتہ مقرر کر دیتے ہیں وہ فرشتہ پوچھتا ہے اے رب! اس نطفہ کو رہنا ہے؟ اگر اس کو آگے بڑھانا ہوتا ہے تو فرشتہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے رحم (بچہ دانی) کا منہ بند کر دیتا ہے پھر اجازت ملنے پر اس کی تربیت کرتا ہے پھر ہر ہر موقعہ پر خدا سے پوچھتا ہے کہ کیا کروں؟ اجازت ملنے پر سفید نطفہ کو علقہ (بستہ خون) بنا دیتا ہے بخاری ص۴۵۶ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت میں تصریح ہے کہ فی بطن امہ اربعین یوما نطفۃ ثم یکون علقۃ مثل ذالک الخ الغرض چالیس دن پر تغیر ہوتا رہتا ہے کہ فرشتہ چالیس دن کے بعد علقہ سے مضغہ یعنی لوتھڑے کی شکل دیدیتا ہے پھر جب اللہ تعالیٰ اس کی تخلیق کو پورا فرمانا چاہتا ہے تو فرشتہ پوچھتا ہے مذکر ہے یا مؤنث؟ بدبخت ہے یا نیک بخت؟ پھر اسکا رزق اور اس کی عمر کیا ہے؟ جب حکم ہوتا ہے ویسا ہی لکھدیا جاتا ہے۔

باب ۲۲۰

(کیف تہل الحائض بالحج والعمرۃ)

حیض والی عورت حج اور عمرے کا احرام کس طرح باندھے؟

۳۱۲ (حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب عن عروۃ عن عائشۃ قالت خرجنا مع النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع فمنا من اھل بعمرۃ ومنا من اھل بحج فقدمنا مکۃ فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من احرم بعمرۃ ولم یھد فلیحلل ومن احرم بعمرۃ واھدی فلا یحل حتی یحل بنحر ھدیہ ومن اھل بحج فلیتم حجہ قالت فحضت فلم ازل حائضا حتی کان یوم عرفۃ ولم اھلل الا بعمرۃ فامرنی النبی صلے اللہ علیہ وسلم ان انقض راسی وامتشط

وَاُهِلَّ بِحَجٍّ وَاَترُكَ العُمرَةَ ففعلتُ ذالكَ حتّی قضیتُ حجّی فبعثَ معیَ عبدَ الرحمٰنِ بنَ ابی بکرٍ وامرنی ان اعتمرَ مکانَ عُمرتی مِنَ التَّنعِیمِ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ ہم نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں (مدینہ سے) نکلے ہم میں سے بعض لوگوں نے عمرے کا احرام باندھا اور بعض حضرات نے حج کا (احرام باندھا) پھر ہم مکہ پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے عمرے کا احرام باندھا ہے اور ھدی (قربانی) ساتھ نہیں لی ہے تو وہ حلال ہوجائے (یعنی عمرے کا احرام کھول ڈالے) اور جس نے عمرے کا احرام باندھا ہو اور قربانی ساتھ لایا ہو وہ جب تک قربانی ذبح نہ کرلے احرام نہ کھولے اور جس نے حج کا احرام باندھا ہو وہ اپنا حج پورا کرے، حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ (مکہ داخل ہونے سے پہلے مقام سرف میں) مجھے حیض شروع ہوگیا اور میں حائضہ رہی یہانتک کہ عرفہ کا دن آگیا اور میں نے عمرہ ہی کا احرام باندھا تھا چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو یہ حکم دیا کہ میں اپنا سر کھول ڈالوں اور کنگھی کرلوں اور حج کا احرام باندھ لوں اور عمرہ چھوڑ دوں۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا یہانتک کہ اپنا حج پورا کرلیا اس کے بعد آپؐ نے عبدالرحمان بن ابی بکر کو میرے ساتھ بھیجا اور مجھے حکم دیا کہ میں ترک کردہ عمرے کی جگہ تنعیم سے عمرہ کروں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہا اُہِلَّ بِحَجٍّ، فان فیہ اہلال الحائض بالحج (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۶ ومر ص۴۵ ویاتی ص۲۱۱ وص۲۱۳ وص۲۲۱ وص۲۳۹ وص۲۴۰ وص۶۳۱ وص۶۳۲ ومسلم شریف ص۳۸۵ وغیرہ۔

مقصد ترجمہ مقصد یہ ہے کہ حیض ونفاس والی عورتیں احرام باندھ سکتی ہیں، امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں لفظ کیف لاکر یہ بتانا چاہا ہے کہ حائضہ کس کیفیت وحالت کے ساتھ احرام باندھے؟ یعنی غسل کرکے احرام باندھے یا بغیر غسل کے ہی احرام باندھ لے، حدیث الباب میں ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضؓ کو حیض کی حالت میں حکم دیا کہ سر کے بال کھول ڈالو اور کنگھی کرلو۔ یہ الفاظ غسل سے کنایہ ہیں۔

امام بخاریؒ نے اس حدیث کو ذکر کرکے تبلادیا کہ اگرچہ حائضہ عورت غسل کرنے سے پاک نہیں ہوسکتی۔ لیکن نظافت کیلئے اس کو بھی غسل کرلینا چاہیئے اور یہ غسل جمہور کے نزدیک وجوبی نہیں ہے البتہ اصحاب ظواہر کے نزدیک احرام سے پہلے غسل واجب ہے۔

پھر یہ دونوں (حیض ونفاس والی عورتیں) طواف وسعی کے علاوہ تمام افعال حج ادا کرسکتی ہیں

کیوں کہ طواف کیلئے طہارت شرط ہے اور سعی کیلئے یہ شرط ہے کہ وہ طواف کے بعد ہو پس اگر طواف کے بعد حیض آجائے تو سعی کر سکتی ہے۔

اس حدیث پر مفصل بحث کیلئے نصر الباری آٹھویں جلد باب حجۃ الوداع صہ ۴۷۲ ملاحظہ فرمالیں۔

باب ۲۲۱ اقبالِ المحیضِ وادبارہٖ وکُنّ نساءٌ یبعثن الی عائشۃ بالدُّرجۃ فیھا الکرسفُ فیہ الصُّفرۃُ فتقولُ لا تعجلن حتی ترین القصّۃ البیضاءَ تریدُ بذٰلک الطُّھرَ من الحیضۃ وبلغ بنت زید بن ثابتٍ انّ نساءً یدعون بالمصابیحِ من جوف اللّیل ینظرن الی الطّھرِ فقالت ماکان النساءُ یصنعن ھذا وعابت علیھنّ)

حیض کے آنے اور اس کے جانے (یعنی ختم ہونے) کا بیان۔ اور عورتیں حضرت عائشہ رضؓ کے پاس ڈبیہ میں کرسف رکھکر بھیجتیں جسمیں (حیض کی) زردی ہوتی، تو حضرت عائشہ رضؓ فرماتیں جلدی نہ کرو جب تک چونہ کی طرح سفید نہ دیکھو۔ اس سے ان کی مراد حیض سے پاکی ہوتی تھی اور حضرت زید بن ثابت رضؓ کی بیٹی کو یہ خبر پہنچی کہ عورتیں آدھی آدھی رات کو چراغ منگاکر دیکھتی ہیں کہ وہ پاک ہوئیں یا نہیں تو انہوں نے کہا (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تو) عورتیں ایسا نہیں کرتی تھیں اور انہوں نے ان پر عیب رکھا یعنی معیوب جانا۔ (مقصد یہ ہے کہ اس غیر ضروری اہتمام پر تنقید کی)

۳۱۳ (حدثنا عبدُ اللہِ بن محمدٍ قال ثنا سفیٰن عن ھشامٍ عن ابیہ عن عائشۃ انّ فاطمۃ بنت ابی حبیش کانت تستحاض فسالت النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ذٰلک عرقٌ ولیست بالحیضۃ فاذا اقبلت الحیضۃُ فدعی الصّلٰوۃ واذا ادبرت فاغتسلی وصلّی)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ ہوا کرتا تھا تو انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے (اس کا مسئلہ) پوچھا آپؐ نے فرمایا یہ ایک رگ (کا خون) ہے اور حیض نہیں ہے پھر جب حیض (کا خون) آئے تو نماز چھوڑ دے اور جب حیض گذر جائے تو غسل کر اور نماز پڑھ۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی " فاذا اقبلت الحیضۃ فدعی الصلوٰۃ واذا ادبرت الخ

تعدد موضعہ

والحدیث ھھنا صہ ۴۶ ومر صہ ۳۶ وصہ ۴۴ ویاتی صہ ۴۷۔

ربط ما قبل والمناسبة بین البابین من حیث وجود الحیض فی کل منہما۔

مقصد ترجمہ چوں کہ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ حیض کا اقبال (یعنی حیض کا آنا) اور حیض کا ادبار (یعنی حیض کا انقطاع) کیسے معلوم ہوگا؟ حیض کے آنے اور جانے کا مدار الوانِ دم (یعنی خون کے رنگ) پر ہوگا یا ایام وعادت پر؟

حنفیہ کے نزدیک الوان دم کا اعتبار نہیں ہے ایام عادت کا اعتبار ہے کہ ایام حیض میں جس رنگ کا بھی خون آئے خواہ کالا ہو یا پیلا ہو سُرخ ہو یا سبز؟ یا مٹیالا ہو سب حیض ہے۔ اور حضرات شوافع دونوں کا اعتبار کرتے ہیں یعنی معتادہ محضہ کے اندر شوافع اور حنابلہ کے نزدیک عادت کا اعتبار ہے لیکن ممیزہ محضہ کے اندر تمیز کا اعتبار ہے۔ اور امام بخاری رحمہ حنفیہ کی تائید وموافقت کررہے ہیں اور امام بخاری رحمہ کا یہ رجحان ان کے پیش کردہ آثار سے معلوم ہوتا ہے اور یہ دونوں آثار معمولی تفاوت سے موطا امام مالک رحمہ باب طہر الحائض، میں صلا پر منقول ہیں۔

پہلا اثر پہلا اثر یہ ہے کہ عورتیں حضرت عائشہ رضہ کے پاس ڈبیہ میں کرسف رکھکر بھیجتیں کہ اس رنگ کا خون آتا ہے اسکا شمار حیض میں ہے یا نہیں؟ حیض ختم ہوگیا یا نہیں؟

موطا امام مالک کے الفاظ ہیں:-

کان النساء یبعثن الی عائشۃ بالدرجۃ فیھا الکرسف فیہ الصفرۃ من دم الحیض یسئلنھا من الصلوٰۃ فتقول لھن لا تعجلن حتی ترین القصۃ البیضا ترید بذالك الطھر من الحیضۃ۔

عورتیں ڈبیہ میں کرسف رکھکر حضرت عائشہ رضہ کے پاس تحقیق کے لئے بھیجتی تھیں جس میں حیض کے خون کی زردی ہوتی تھی عورتیں نماز کے متعلق پوچھتی تھیں (کہ نماز پڑھیں یا نہ پڑھیں؟) تو حضرت عائشہ رضہ فرماتیں کہ جلدی نہ کرو جبتک چونہ کیطرح سفید نہ دیکھو، حضرت عائشہ رضہ اس سے حیض سے پاک ہونا مراد لیتی تھیں۔

اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ جلدی نہ کریں حتی کہ اس کرسف پر سفید رطوبت دیکھ لیں جو حیض کے آخر میں نکلتی ہے یہ رطوبت اختتام حیض کی علامت ہوتی ہے اور اس کے اندر کوئی خفیف سا رنگ بھی شامل نہیں ہوتا، حضرت عائشہ رضہ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ کوئی رنگ معتبر نہیں اس کا ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جب تک کرسف بالکل سفید یعنی سوکھا نہ دیکھ لیں، تو یہ علامت ہوگی کہ اب کوئی رطوبت باقی نہیں ہے۔

دوسرا اثر امام بخاری رحمہ کا پیش کردہ دوسرا اثر یہ ہے کہ زید بن ثابت رضہ کی بیٹی (ام کلثوم) کو یہ خبر پہنچی

کہ بعض عورتیں آدھی آدھی رات کو چراغ منگاکر کرسف دیکھتی ہیں کہ وہ پاک ہوئیں یا نہیں؟ یہ غایت درجہ کا اہتمام اس مقصد سے تھا کہ اگر حیض ختم ہوگیا تو غسل کرکے عشاء کی نماز پڑھ لیں۔

انہوں نے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تو عورتیں ایسا نہیں کرتی تھیں اور اس کو معیوب سمجھا۔ اس فعل کو ناپسند قرار دینے کی ایک وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ شریعت اسلامیہ میں آسانی ہے، راتوں کو چراغ منگوانا اور بار بار دیکھنا، اس میں سخت تکلیف ہے جو مزاج شریعت کے خلاف ہے دین میں تعمق پسندیدہ نہیں کہ انسان کو خواہ مخواہ کی پابندیوں کا مکلف بنادے جیساکہ گذرچکا ہے لن یشاد الدین احد الا غلبه۔

بعض کے نزدیک اس عمل کو معیوب قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ رات کو چراغ کی روشنی میں خالص سفیدی کا اچھی طرح معلوم ہونا مشکل ہے ممکن ہے کہ دھوکہ ہوجائے اور یہ سمجھ کر کہ میں پاک ہوگئی غسل کرکے عشاء کی نماز پڑھ لے حالانکہ وہ ابھی تک پاک نہیں ہوئی تو یہ نماز حالت حیض میں ہوئی جو جائز نہیں۔

حضرت عائشہ رضؓ اور بنت زید بن ثابت رضؓ کے آثار سے حیض کی آمد و انقطاع کے سلسلہ میں موقف احناف کی تائید ہوتی ہے کیوں کہ ان دونوں آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ حیض کے اقبال و ادبار (آمد و اختتام) میں سیاہ اور سرخ رنگ کو مدار علیہ نہیں کہہ سکتے اپنے وقت پر رنگین رطوبت کا آنا یہ حیض کی آمد ہے اور اس رطوبت کا اختتام و انقطاع حیض کی علامت ہے الوان کا اعتبار نہیں کہ سیاہ اور سرخ رنگ ہی کا اعتبار کریں جیساکہ حضرات شوافع و حنابلہ کا مسلک ہے ان کا استدلال ابوداؤد کی روایت ہے فانه دم اسود یعرف (ابوداؤد اوّل ص۴۳) یعنی حیض کا خون سیاہ ہوتا ہے جو پہچان لیا جاتا ہے الخ

جواب ظاہر ہے کہ یہ ایک متکلم فیہ سند ہے، ۲ یہ خود شوافع رح کے بھی خلاف ہے کیوں کہ شوافع سرخ رنگ کو بھی حیض شمار کرتے ہیں۔

۳ پھر یہ ایک جزئیہ ہے جو کلیات کے مقابلہ میں مرجوح ہے نیز خون کی رنگت کا اختلاف ملک و موسم کے لحاظ سے پھر غذا اور عمر کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے جو مشاہد ہے۔

نیز حدیث الباب بھی صاف ہے فاذا اقبلت الحیضة الخ جب حیض کے ایام شروع ہوجائیں تو نماز چھوڑ دے۔ اور جب وہ ایام ختم ہوجائیں، تو غسل کرکے نماز شروع کردے۔

باب ۲۲۲

لا تقضي الحائض الصلوٰة وقال جابر بن عبد الله وابو سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم تدع الصلوٰة

حیض والی عورت نماز کی قضا نہ پڑھے، اور حضرت جابر بن عبد اللہؓ اور ابو سعید خدریؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کر کے کہا کہ حیض کے دنوں میں نماز چھوڑ دے

۳۱۴ حدثنا موسى بن اسمعيل قال حدثنا همام قال حدثنا قتادة قال حدثتني معاذة ان امرأة قالت لعائشة اتجزي احدانا صلاتها اذا طهرت فقالت احرورية انت كنا نحيض مع النبي صلى الله عليه وسلم فلا يأمرنا به او قالت فلا نفعله۔

ترجمہ معاذہ نے حدیث بیان کی کہ ایک عورت نے حضرت عائشہؓ سے عرض کیا کیا جب ہم میں سے کوئی عورت حیض سے پاک ہو تو نماز کی قضاء پڑھے؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کیا تو حروری (خارجی) ہے؟ ہم کو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں حیض آتا پھر ہم کو نماز کی قضاء پڑھنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔ یا معاذہ نے یوں کہا ہم قضا نہیں پڑھتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة في قولها. فلا يأمرنا به . اى بقضاء الصلوٰة.

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۴۷ ومسلم جلد اول ص۱۵۳) ذقوله وقال جابر وابو سعيد الخ اما حديث جابر فاشار به الى ما سياتي في كتاب التمني ص۱۰۷۴ واما حديث ابى سعيد فاشار به الى حديثها في ص۴۴ في باب ترك الحائض الصوم۔

ربط ما قبل والمناسبة بين البابين من حيث ان في الباب الاول ترك الصلوٰة عند اقبال الحيض وهذا الباب فيه كذالك۔

مقصد امام بخاریؒ اس ترجمہ میں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ حائضہ ایام حیض میں نماز نہیں پڑھے گی اور نہ حیض

سے پاک ہونے کے بعد ان نمازوں کی قضاء پڑھے گی۔
گویا ترجمہ کے دو جز ہیں ایام حیض میں ترک صلوٰۃ کے اثبات پر حضرت جابر رض اور حضرت ابوسعید خدری رض کا اثر پیش فرمایا ہے اور طہارت کے بعد ان نمازوں کی عدم قضاء ثابت کرنے کے لئے حضرت عائشہ رض کی روایت پیش فرمائی ہے۔
خلاصہ یہ کہ حائضہ نماز، روزہ دونوں ہی ترک کرے گی لیکن نماز کی قضا بھی نہیں پڑھے گی لیکن حیض سے پاک ہونے کے بعد روزہ کی قضاء کرے گی۔

حل الفاظ اتجزی معنی میں اتقضی کے ہے جزا یجزی جزاءً کے معنی بدلہ دینے کے بھی ہیں اور قضیٰ کے معنی میں بھی آتا ہے جیسا کہ مسلم شریف جلد اول ص۱۵۳ میں بجائے اتجزی کے اتقضی احدانا الصلوٰۃ آیا ہے۔
لفظ احدانا اس کا فاعل اور صلاتہا اس کا مفعول ہے حروریۃ بفتح الحاء المهملة وضم الراء الاولی وہی نسبة الی حروراء وہی قریة بقرب الکوفة (شرح مسلم ص۱۵۳)۔

تشریح خوارج کا سب سے پہلا اجتماع یہیں یعنی حروراء نامی مقام میں ہوا تھا۔ جو کوفہ سے تقریباً دو میل کے فاصلہ پر ہے خوارج کا فتنہ یہیں سے پھوٹا خوارج کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ ایام حیض کی نمازوں کی قضا واجب ہے۔
حضرت عائشہ رض نے فرمایا، کیا تم حروریہ ہو؟ یعنی کیا تم خارجی ہو؟ کیوں کہ خارجی ہی ایام حیض کے نمازوں کی قضا کو واجب کہتے ہیں، عدم قضا مجمع علیہ مسئلہ ہے۔

باب ۲۲۳
(النوم مع الحائض وهي في ثيابها)

حائضہ کیساتھ سونا جب کہ وہ اپنے حیض کے کپڑے پہنے ہوئے ہو

۳۱۵ حدثنا سعيد بن حفص قال ثنا شيبان عن يحيى عن ابي سلمة عن زينب بنت ابي سلمة حدثته ان ام سلمة قالت حضت وانا مع النبي صلى الله عليه في الخميلة فانسللت فخرجت منها فاخذت ثياب حيضتي فلبستها فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم انفست

قلتُ نعم فدعانی فادخلنی معه فی الخمیلۃ قالت وحدثتنی ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان یُقبِّلھا وھو صائم وکنتُ اغتسل انا والنبی صلی اللہ علیه وسلم من اناءٍ واحدٍ من الجنابۃ)

ترجمہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضؓ نے فرمایا کہ میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چادر میں لیٹی ہوئی تھی کہ مجھے حیض آگیا اس لئے میں چپکے سے سرکی اور چادر سے نکل آئی اور میں نے حیض کا کپڑا لے کر پہن لیا تو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کیا تجھ کو نفاس (یعنی حیض) آگیا؟ میں نے عرض کیا جی ہاں"، پھر آپؐ نے مجھکو بلالیا اور اپنے ساتھ چادر میں کرلیا۔ زینب نے کہا اور حضرت ام سلمہ رضؓ نے مجھ سے یہ بھی بیان کیا کہ آپؐ روزہ کیحالت میں تقبیل فرماتے تھے (یعنی ام سلمہؓ کا بوسہ لیتے تھے) اور میں اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم (دونوں ملکر) ایک ہی برتن سے غسل جنابت کرتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہا فادخلنی معه فی الخمیلۃ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ملا ۴۶ ومر صا ۴۴ ویاتی متصلا صا ۴۶ وص ۲۵۸۔

ربط ما قبل والمناسبۃ بین البابین من حیث اشتمال کل منھما علی حکم مختص بالحائض (عمدہ)

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد ایک اشکال کو دفع کرنا ہے یہ اشکال ابوداؤد شریف کی ایک روایت سے ہوتا ہے جو ابوداؤد میں باب فی الرجل یصیب منھا مادون الجماع کے تحت حضرت عائشہ رضؓ سے ایک روایت ہے: عن عائشۃ رضؓ انھا قالت کنت اذا حضت نزلت عن المثال علی الحصیر فلم نقرب رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ولم ندنُ منه حتی نطھر (ابوداؤد جلد اول ملا ۳۶)

یعنی حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ جب مجھے حیض آتا تو میں بستر سے اتر کر چٹائی پر اتر پڑتی پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہ جاتیں اور نہ ان کے قریب ہوتیں جب تک ہم پاک نہ ہوجاتیں۔

امام بخاریؒ نے اپنی دقت نظر و باریک بینی سے اس اشکال کو اس طرح سے دفع کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضؓ حیض کیحالت میں حضور اقدس ﷺ کے پاس خود نہیں جاتیں تھیں چونکہ حیض کی حالت میں عورت طبعًا شوہر کے ساتھ لیٹنا پسند نہیں کرتیں لیکن اگر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم اس حالت میں بلاکر لٹانا چاہتے تو یہ ازواج مطہرات انکار نہیں کرتی تھیں جیساکہ اس باب کی حدیث میں حضرت ام سلمہ رضؓ کا واقعہ پیش آیا جو حدیث الباب کے ترجمہ سے ظاہر ہے۔

۲۔ نیز امام بخاریؒ کا مقصد اس ترجمہ سے یہ بھی ہے کہ حیض کیحالت میں شوہر کے ساتھ سونا، لیٹنا جائز ہے جبکہ

ناف سے گھٹنے تک کپڑے میں مستور ہونے کی وجہ سے مباشرت یعنی جماع کا خطرہ نہ ہو۔

تشریح یہ حدیث گذر چکی ہے حدیث ۲۹۳ دیکھئے۔
یہاں الخمیلۃ دومرتبہ آیا ہے اور دونوں جگہ معرفہ ہے علامہ عینی رح فرماتے ھیں الخمیلۃ الثانیۃ ھی الخمیلۃ الاولیٰ لان المعرفۃ اذا اعیدت معرفۃ یکون الثانی عین الاولیٰ (عمدہ)

قالت وحدثتنی الخ قالت کا فاعل زینب اور حدثتنی کا فاعل حضرت ام سلمہ رض ہیں جیساکہ ترجمہ سے ظاہر ہے اور یہ تعلیق نہیں ہے بلکہ سند مذکور سے متصل ہے۔

بَابٌ ۲۲۴

(مَنِ اتَّخَذَ ثِيَابَ الْحَيْضِ سِوٰى ثِيَابِ الطُّهْرِ)

جس نے طہر کے کپڑوں کے علاوہ حالتِ حیض میں استعمال کے کپڑے بنائے (مطلب یہ ہے کہ حیض کے کپڑے الگ رکھنا اور پاکی کے الگ)

۳۱۶ (حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ بَيْنَا اَنَا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعَةٌ فِىْ خَمِيْلَةٍ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حِيْضَتِىْ فَقَالَ اَنُفِسْتِ قُلْتُ نَعَمْ فَدَعَانِىْ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهٗ فِى الْخَمِيْلَةِ)

ترجمہ حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ ایک دفعہ میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چادر میں لیٹی تھی کہ مجھے حیض آ گیا میں چپکے سے نکلی اور اپنا حیض کا کپڑا لیا (یعنی اس کو پہن لیا) آپ نے پوچھا کیا تجھکو حیض آ گیا؟ میں نے کہا جی ہاں پھر آپ نے مجھکو بلایا تو میں آپ کے ساتھ چادر میں لیٹ گئی۔

مطابقۃ للترجمہ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولها فاخذت ثیاب حیضتی۔

تعدد موضعہ یہ وہی اوپر والی یعنی حدیث ۳۱۵ ہے۔

مقصد امام بخاری رح کا مقصد یہ بتانا ہے کہ اگر کوئی عورت حیض کیلئے مستقل کپڑے الگ رکھے اور پاکی

کیلئے الگ تو یہ جائز ہے اسراف میں داخل نہیں ہے۔

تشریح یہ حدیث حضرت عائشہ رضؓ کے اس قول ما کان لاحدانا الا ثوب واحد تحیض فیہ۔ کے خلاف ومعارض نہیں ہے اس لئے کہ حضرت عائشہ رضؓ کے اس ارشاد کا تعلق ابتداءِ اسلام سے ہے جو شدت وقلت کا دور تھا لیکن جب فتوحات کا دور آیا اور اموالِ غنیمت کے بہتات ہوئی تو مسلمانوں میں وسعت وخوشحالی آگئی اور عورتوں نے بھی لباسوں میں تنوع اختیار کرلیا یعنی زمانہ طہر کا لباس الگ اور زمانہ حیض کا الگ۔ اور حضرت امّ سلمہ رضؓ کی حدیث کا تعلق اسی خوشحالی ووسعت کے زمانہ سے ہے فلا تعارض (عمدہ)

باب ۲۲۵

شُهُودِ الحَائِضِ العِيدَيْنِ وَدَعْوَةَ المُسْلِمِينَ وَيَعْتَزِلْنَ المُصَلَّى

حیض والی عورت کا دونوں عیدوں میں آنا اور مسلمانوں کی دُعا جیسے استسقاء وغیرہ میں شریک رہنا اور عیدگاہ سے رہنا

۳۱۷ ا حدثنا محمد بن سلامٍ قال اخبرنا عبدُ الوهّابِ عن ايوبَ عن حفصةَ قالت كنّا نمنعُ عواتِقَنا ان يَخرجنَ في العِيدَينِ فقدمتِ امرأةٌ فنزلتْ قصرَ بني خلفٍ فحدّثتْ عن اُختِها وكانَ زوجُ اُختِها غزا معَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ثنتي عشرةَ غزوةً وكانتْ اُختي معه في ستٍّ قالتْ كُنّا نُداوِي الكَلمى ونقومُ على المرضى فسألتْ اُختي النبيَّ صلى الله عليه وسلم أعلى إحدانا بأسٌ إذا لم يكن لها جلبابٌ ان لا تخرجَ قال لِتُلبِسْها صاحبتُها من جلبابِها ولتشهدِ الخيرَ ودعوةَ المسلمين فلمّا قدمتْ أمُّ عطيّةَ سألتُها أسمعتِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قالتْ بأبي نعمْ وكانتْ لا تذكرُهُ إلّا قالتْ بأبي سمعتُهُ يقولُ تخرجُ العواتقُ وذواتُ الخدورِ والحُيَّضُ وليشهدنَ الخيرَ ودعوةَ المؤمنين ويعتزلُ الحُيَّضُ المُصلّى قالتْ حفصةُ فقلتُ الحُيَّضُ فقالتْ أليسَ تشهدُ عرفةَ وكذا وكذا)

ترجمہ حفصہ بنت سیرین سے روایت ہے کہ ہم کنواری جوان عورتوں کو عید کے دنوں میں نکلنے سے منع کیا کرتے تھے ایک بار ایسا ہوا کہ ایک عورت (بصرہ) آئی اور بنی خلف کے محل میں اتری اس نے اپنی بہن سے نقل کرکے حدیث بیان کی اس کے بہنوئی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بارہ جہاد کئے تھے اور چھ جہادوں میں میری بہن بھی آپ کے ساتھ تھی تو ہم (فوج میں) زخمیوں کی مرہم پٹی اور بیماروں کی خبرگیری کیا کرتی تھیں (ایک بار) میری بہن نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اگر ہم میں کسی عورت کے پاس چادر نہ ہو اور وہ عید کے دن نہ نکلے تو کچھ برائی تو نہیں؟ آپ نے فرمایا اس کے ساتھ والی اپنی چادر سے اس کو اڑھادے اور اس کو چاہئے کہ ثواب کے کاموں میں اور مسلمانوں کی دعا میں شریک ہو۔ حفصہ نے کہا جب ام عطیہ آئیں تو میں نے ان سے پوچھا کیا آپ نے یہ حدیث نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے؟ انہوں نے کہا ہاں میرا باپ آپ پر قربان، اور ام عطیہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتیں تو یوں کہتیں میرا باپ آپ پر قربان میں نے آپ سے سُنا آپ فرماتے تھے کنواری جوان عورتیں اور پردہ والیاں اور حیض والیاں (یہ سب نکلیں اور ثواب کے کام اور مسلمانوں کی دعا میں شریک ہوں اور حیض والیاں نماز کی جگہ سے الگ رہیں۔ حفصہ نے کہا کیا حیض والیاں بھی نکلیں؟ ام عطیہ نے کہا حیض والیاں کیا عرفات میں نہیں آتیں اور فلاں فلاں مقاموں میں (مثلاً منیٰ، مزدلفہ)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی ولیشھدن الخیر ودعوۃ المؤمنین ویعتزل الحیض المصلی۔

معلوم ہوا کہ عیدین وغیرہ کے اجتماع میں جہاں عواتق یعنی جوان لڑکیوں اور پردہ نشین عورتوں کا ذکر ہے وہاں الحیض بھی ہے کہ حائضہ کیلئے عیدین میں شرکت کی اجازت کے ساتھ یہ بھی فرمایا گیا کہ وہ عیدگاہ سے الگ رہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۶ تا ص۴۷ ویاتی فی الصلوٰۃ ص۵ و ص۱۳۲ و ص۱۳۳ و ص۱۳۴ و ص۱۳۴ و ص۲۴۳ ومسلم اول ص۲۶۰ ابوداؤد ص۱۶۱ ترمذی اول ص۷۰ ونسائی ص۱۷۴

خروج العواتق وذوات الخدور فی العیدین، ایضاً فی الباب المتصل ص۱۷۷۔

تحقیق الفاظ عواتق عاتق کی جمع ہے وہ کنواری لڑکی جو ابھی بالغ ہوئی ہے یا بلوغ کے قریب پہنچ گئی ہے (فتح)

قصر بنی خلف یہ بصرہ میں ایک محل ہے جو طلحہ بن عبداللہ بن خلف کے دادا کی طرف منسوب ہے۔

الکلمی بفتح الکاف وسکون اللام وفتح المیم کالجرحیٰ جمع جریح لفظاً ومعناً (قس) کلمی کلیم کی جمع بمعنی زخمی جیسے مریض کی جمع مرضیٰ جریح کی جمع جرحیٰ۔

جلباب بکسر الجیم وسکون اللام وبموحدتین بینہما الف ای خمار واسع کالملحفہ (قس) یعنی جلباب کے معنی بڑی چادر جس سے سر اور سینہ وپیٹھ ڈھانک سکے۔

الحُیَّض اس میں پہلا ہمزہ استفہام ہے اور دوسرا ہمزہ حرف تعریف ال کا ہے جو بدل کر الف ممدودہ ہو گیا ہے جیسے آللہ اذن لکم اور حُیَّض میں حاء مہملہ مضموم ہے اور یاء مشدّدہ مفتوح حائض کی جمع ہے جیسے رُکَّع راکع کی جمع ہے۔

مقصد مقصد یہ ہے کہ حائضہ عورتیں عیدین کے اجتماع اور وعظ وارشاد کی مجلسوں میں شریک ہو سکتی ہیں صرف حائضہ عورتیں نماز کی جگہ یعنی عیدگاہ سے الگ رہیں۔ اس لئے نہیں کہ عیدگاہ کا حکم مسجد کا ہے بلکہ اس لئے کہ جب وہ نماز نہیں پڑھ سکتیں تو عیدگاہ کے اندر جانے کی کیا ضرورت ہے؟

استنباط احکام حائضہ حیض کیحالت میں بھی ذکر اللہ ترک نہ کرے۔
(۲) حائضہ مجالس خیر ومجالس علم اور مسلمانوں کی دعا میں جا سکتی ہیں۔
(۳) امام طحاوی رح فرماتے ہیں کہ عورتوں کو نماز کیلئے نکلنے کا حکم ابتداءِ اسلام میں دشمنان کی نظروں میں مسلمانوں کی کثرت ظاہر کرنے کیلئے دیا گیا تھا اور یہ علت اب باقی نہیں رہی۔
علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ اس علت کیوجہ سے بھی اجازت ان حالات میں تھی جب کہ امن کا دور دورہ تھا۔ اب جب کہ دونوں علتیں ختم ہو چکی ہیں لہٰذا اجازت نہ ہونی چاہیئے۔ حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں لو ادرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احدث النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل۔
مطلب یہ ہے کہ عہد رسالت میں ایک تو فتنہ کا احتمال کم تھا دوسرے عورتیں بغیر تزیّن کے باہر نکلا کرتی تھیں اس لئے ان کو نمازوں کی جماعات میں حاضر ہونے کی اجازت تھی لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد انہوں نے تزیّن کا طریقہ اختیار کیا نیز فتنہ کے مواقع بڑھ گئے اس لئے اب انہیں جماعات میں حاضر نہ ہونا چاہیئے اور اگر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم حیات ہوتے تو آپ بھی اس زمانے میں عورتوں کو خروج للصلوٰۃ کی اجازت نہ دیتے چنانچہ علماء متاخرین کا فتویٰ اسی پر ہے اس زمانے میں ان کا مساجد کیطرف نکلنا درست نہیں۔ واللہ اعلم (درس ترمذی)

باب ۲۲۶ اِذَا حَاضَتْ فِی شَهْرٍ ثَلٰثَ حِیَضٍ وَمَا یُصَدَّقُ النِّسَاءُ فِی الْحَیْضِ وَالْحَمْلِ فِیْمَا یُمْکِنُ مِنَ الْحَیْضِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَا یَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ یَّکْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِیْ اَرْحَامِهِنَّ وَیُذْکَرُ عَنْ عَلِیٍّ وَّ شُرَیْحٍ اِنْ جَاءَتْ بِبَیِّنَةٍ مِّنْ بِطَانَةِ اَهْلِهَا مِمَّنْ یُّرْضٰی دِیْنُهٗ اَنَّهَا حَاضَتْ ثَلٰثًا فِیْ شَهْرٍ صُدِّقَتْ وَقَالَ

عطاءٌ اقْرَاءُهَا مَا كَانَتْ وَبِهٖ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَقَالَ عَطَاءٌ الْحَيْضُ يَوْمٌ اِلٰى خَمْسَةَ عَشَرَ وَقَالَ مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ اِبْنَ سِيْرِيْنَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرَى الدَّمَ بَعْدَ قُرْئِهَا بِخَمْسَةِ اَيَّامٍ قَالَ النِّسَاءُ اَعْلَمُ بِذٰلِكَ)

اگر ایک ہی مہینہ میں عورت کو تین بار حیض آجائے اس کا بیان۔ اور اس بات کا بیان کہ عورتوں کی تصدیق حیض اور حمل کے بارے میں ان چیزوں میں کیجائے گی جو حیض کے سلسلہ میں ممکن ہوں کیوں کہ اللہ تعالےٰ نے (سورہ بقرہ میں) فرمایا عورتوں کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اس چیز کو چھپائیں جو اللہ تعالےٰ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا ہے اور حضرت علی اور قاضی شریح سے منقول ہے کہ اگر عورت اپنے گھر کے مخصوص افراد میں سے کوئی ایسا گواہ لے آئے جس کے دین کو پسند کیا جاتا ہو (یعنی وہ دیندار ہو) کہ یہ عورت ایک مہینے میں تین بار حائضہ ہوئی ہے تو اس کی تصدیق کیجائے گی اور عطاء ابن ابی رباح نے کہا (عدت کے ایام میں) اس کے حیض کے دن وہی رہینگے جو (عدت سے) پہلے تھے اور ابراہیم نخعی رح کا بھی یہی قول ہے۔

اور عطاء نے کہا حیض ایک دن سے پندرہ دن تک ہے، اور معتمر اپنے والد (سلیمان) سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے (یعنی سلیمان نے) بیان کیا کہ میں نے محمد بن سیرین سے اس عورت کے متعلق پوچھا جو اپنی عادت کے مطابق حیض آجانے کے بعد پانچ دن تک خون دیکھتی ہے تو انہوں نے فرمایا کہ عورتیں اس معاملہ میں زیادہ جاننے والی ہیں۔

۳۱۸ (حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ رَجَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ سَاَلَتِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ اِنِّيْ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلٰوةَ فَقَالَ لَا اِنَّ ذٰلِكِ عِرْقٌ وَلٰكِنْ دَعِيْ الصَّلٰوةَ قَدْرَ الْاَيَّامِ الَّتِيْ كُنْتِ تَحِيْضِيْنَ فِيْهَا ثُمَّ اغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت ابی حُبیش نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا عرض کیا (یارسول اللہ) مجھکو استحاضہ رہتا ہے میں پاک ہی نہیں ہوتی کیا میں نماز چھوڑ دوں؟ آپؐ نے فرمایا نہیں یہ ایک رگ (کا خون) ہے لیکن (اس بیماری سے پہلے) جتنے دنوں تجھکو حیض آیا کرتا تھا اتنے دنوں نماز چھوڑ دے پھر غسل کرو اور نماز پڑھو۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ولکن دعی الصلوٰۃ قدر الایام التی کنت تحیضین فیہا ثم اغتسلی وصلی۔

مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ رضہ کو تعیین کے ساتھ ایام حیض نہیں بتایا بلکہ ان کو

جتنے دن پہلے سے حیض آتا تھا اتنے ہی ایام اس بیماری میں بھی حائضہ سمجھے کو فرمایا فاطمہ کی تصدیق ان ایام میں کی جن میں ان کو حیض آیا کرتا تھا تو ثابت ہوا کہ عورت کی تصدیق ایام حیض کے متعلق معتبر ہوئی پس ترجمہ کے دوسرے جز ومایصدق النساء فی الحیض والحمل سے حدیث کی مطابقت ظاہر ہو گئی

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۷ و مر ص۳۶ و ص۴۴ و ص۴۶۔

مقصد شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح شرح تراجم ابواب بخاری میں فرماتے ھیں:

ای ھو ممکن واذا ادعت المرأۃ ذالک تصدقت فیہ والآیۃ دالۃ علی ان قولہا مقبول فیہ وجمیع تعالیق الباب دالۃ علی انہ لیس فی الحیض تحدید وانما ھو مفوض الی قول المرأۃ لکن فیما یمکن۔

اگر عورت یہ دعویٰ کرے کہ ایک ماہ کے اندر تین حیض آچکے ہیں تو چونکہ ایسا ممکن ہے اسلئے اس کی تصدیق کیجائے گی۔ آیت قرآنی سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ عورت کا قول اس میں مقبول ہے اور باب کے جملہ تعالیق سے بھی یہی معلوم ہوا کہ حیض کی مدت محدود و مقرر نہیں عورت ہی کے قول پر مدار ہے بشرطیکہ ممکن صورت ہو۔

تشریح: امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ایک ماہ میں تین حیض کا آجانا ممکن ہے اب اگر ایک مطلقہ یہ دعویٰ کرے کہ مجھے ایک ہی ماہ میں تین حیض آئے ہیں تو دریافت طلب یہ ہے کہ مطلقہ عورت کا یہ دعویٰ قابل قبول ہے یا نہیں؟

بخاری رح فرماتے ہیں کہ فیما یمکن من الحیض عورت کا قول معتبر ہوگا۔ معلوم ہوا کہ عورت کا قول اس صورت میں قابل قبول ہوگا جب مدت اس کی متحمل ہو تو بینہ سے مطلقہ کا دعویٰ قابل تسلیم ہوگا لیکن اگر مدت اتنی قلیل ہے کہ اس میں انقضاء عدت ممکن نہیں تو بینہ خلاف ظاہر ہونے کی وجہ سے قابل قبول نہ ہوگا۔

تحمل مدت کی شرط سے عورت کا قول معتبر ہونے پر ارشاد الٰہی لایحل لھن ان یکتمن الخ سے استدلال فرمایا کہ اندرونی حالت حیض ہو یا حمل چھپانا حرام ہے تو ظاہر کرنا واجب و ضروری ہوا، اگر اس کا قول قبول نہ کیا جائے تو ظاہر کرنے سے (جو آیت مذکورہ میں مامور بہ ہے) کیا فائدہ؟ تو معلوم ہوا کہ اس کا قول بھی معتبر ہوگا۔

آگے حضرت علی رض کی خلافت کا ایک قصہ نقل فرمایا ہے کہ ایک دن حضرت علی رض اور قاضی شریح رح تشریف

فرماتے ایک عورت آئی اور بولی کہ میرا شوہر مجھے طلاق دے چکا ہے اور اب رجوع کرنا چاہتا ہے حالانکہ میری عدت ایک ماہ میں ختم ہو چکی ہے۔

دونوں حضرات یہ سنکر حیران ہو گئے، حضرت علی رضؓ نے حضرت شریح سے فرمایا اقض بینھما ان دونوں کے درمیان فیصلہ کردو۔ قاضی شریح نے کہا، اے امیرالمومنین وانت ھھنا کیا آپ کی موجودگی میں؟ حضرت علی رضؓ نے پھر فرمایا ان دونوں کے درمیان فیصلہ کردو چنانچہ شریح نے یہ فیصلہ فرمایا کہ تمہارا دعویٰ بینہ پیش کرنے پر قابل قبول ہوگا یعنی اپنے گھر کے رازدار اقربا میں سے ایسے گواہ لاؤ جو دیندار ہو اور وہ یہ کہدیں کہ ہم نے اسے ایام حیض میں ترک صوم و صلوٰۃ کے بعد صوم و صلوٰۃ ادا کرتے دیکھا۔ اس طور پر اسے تین حیض آنے کا ہمیں علم ہے جس کی شہادت ہم دیتے ہیں تو عدالت اس کے دعوے کی تصدیق کردے یعنی اس مطلقہ کا دعویٰ قابل قبول ہوگا۔

حضرت علی رضؓ نے قالون کہکر قاضی شریح کے فیصلہ کی تحسین فرمائی۔

لفظ قالون روم کی زبان میں حسن کے معنی میں ہے یعنی آپؓ نے احسنت فرمایا۔

امام بخاری رحؒ کے ترجمۃ الباب کے دو۲ حصے ہیں ایک حصہ ہے ثلاث حیض تک اور دوسرا حصہ ہے ومایصدق النساء سے من الحیض تک۔

باب کا دوسرا حصہ اتفاقی ہے، امام نے جو آیت ذکر کی ہے اس سے صرف دوسرا حصہ ثابت ہوتا ہے اول کیلئے امام کو نہ آیت ملی اور نہ کوئی مرفوع حدیث، اس لئے آثار کا سہارا لینا پڑا۔

امام بخاری رحؒ نے اگرچہ صاف طور سے یہ نہیں کہا کہ ایک ماہ کے اندر تین گذر جانے کا دعویٰ کرنیوالی عورت کی تصدیق جائز ہے اور وہ عورت عدت سے خارج ہو جائے گی لیکن ان کے پیش کردہ آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جواز و تصدیق کے قائل ہیں۔

امام بخاری رحؒ نے سب سے پہلے قاضی شریح تابعی رحؒ کا فتویٰ اپنی تائید میں پیش کیا ہے لیکن ائمہ مجتہدین کا اس میں اختلاف ہے کہ وہ اقل مدت کونسی ہے جس کے اندر اگر عورت انقضائے مدت کا دعویٰ کرے تو اس کا قول معتبر ہوگا۔

صاحبین رحؒ کے نزدیک صحت دعویٰ کیلئے کم ازکم انتالیس ۳۹ دن کی ضرورت ہے۔ صاحبین کے نزدیک کم سے کم عرصہ میں عدت گذر جانے کی شکل یہ ہو سکتی ہے کہ مثلاً ایک عورت طہر کے آخر میں مطلقہ ہوئی جب کہ حیض کے آنے میں صرف ایک ساعت رہ گئی تھی اب حیض کی آمد ہوئی جس کی اقل مدت حنفیہ کے نزدیک تین دن ہے حیض کے بعد طہر آیا جس کی اقل مدت پندرہ دن ہے اس کے بعد پھر تین دن حیض کے پھر پندرہ دن طہر کے پھر تین دن حیض کے، صاحبین کے نزدیک اس طرح انتالیس دن اور ایک ساعت کے عرصہ میں عدت ختم ہو سکتی ہے۔

شوافع رح کے نزدیک حیض کی اقل مدت ایک دن اور طہر کی اقل مدت پندرہ دن ہے ان کے یہاں عدت کے معاملہ میں حیض کا نہیں بلکہ طہر کا اعتبار ہے شوافع کے نزدیک صورت دعویٰ کیلئے کم از کم بتیس ۳۲ دن اور دو ساعات کی ضرورت ہے۔

مسلک شوافع کے لحاظ سے کم سے کم مدت میں عدت گذر جانے کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ مثلاً ایک عورت آخر طہر میں مطلقہ ہوئی جب کہ حیض کے آنے میں صرف ایک لحظہ رہ گیا تھا یہ ایک لحظہ ایک طہر ہوا اب حیض کی آمد ہوئی جس کی اقل مدت شوافع کے نزدیک دن ہے احیض کے بعد طہر آیا جس کی اقل مدت پندرہ دن ہے اس کے بعد پھر ایک دن حیض کا پھر پندرہ دن طہر کے، پھر تیسرا حیض ایک لحظہ تو یہ کل بتیس ۳۲ دن دو لحظہ ہوئے۔

اور امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک ساٹھ دن ایک لحظہ میں عدت پوری ہوگی۔

امام صاحب رح فرماتے ہیں کہ یہ اصول اور قاعدہ کے خلاف ہے کہ حیض کا بھی اقل لیا جائے اور طہر کا بھی اقل ہی لیا جائے کیوں کہ عادتاً ایسا نہیں ہوتا بلکہ تجربہ یہ ہے کہ جب حیض کم ہوتا ہے تو طہر زیادہ ہوتا ہے اور جب طہر کم ہوتا ہے تو حیض زیادہ ہوتا ہے لہذا طہر کا تو اقل لیا جائے گا کیوں اکثر طہر کی کوئی حد نہیں ہے اور حیض کا اکثر لیا جائے گا پس جس طہر میں طلاق واقع ہوئی وہ ایک لحظہ ہوا اس کے بعد پہلا حیض دس ۱۰ دن اور طہر پندرہ ۱۵ دن پھر دوسرا حیض دس ۱۰ دن اور طہر پندرہ دن پھر تیسرا حیض دس ۱۰ دن یہ کل ساٹھ دن ہوئے لحظہ ہوا اس کو نقشہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

ائمہ کرام رح	عورت کی پوری عدت	الطہر الذی طلق فیہ	الحیض الاول	الطہر الثانی	الحیض الثانی	الطہر الثالث	الحیض الثالث
عند مالک رح	۳۰ دن ۴ لحظہ	لحظہ	لحظہ	۱۵ دن	لحظہ	۱۵ دن	لحظہ
عند احمد رح قول راجح	۲۹ دن ۱ "	"	۱ دن	۱۳ دن	۱ دن	۱۳ دن	۱ دن
" قول مرجوح	۲۸ دن ۲ "	"	۱ دن	۱۳ دن	۱ دن	۱۳ دن	لحظہ
عند صاحبین رح	۳۹ دن " "	"	۳ دن	۱۵ "	۳ "	۱۵ "	۳ دن
عند ابی حنیفہ رح	۶۰ " ۱ "	"	۱۰ "	۱۵ "	۱۰ "	۱۵ "	۱۰ دن
عند الشافعی رح	۳۲ دن ۲ "	"	۱ دن	۱۵ دن	۱ دن	۱۵ "	لحظہ

اس نقشہ سے واضح ہو گیا کہ امام بخاری رح کا یہ مسلک کہ ایک ماہ میں تین حیض کی تصدیق کیجائیگی یہ نہ تو حنفیہ کے مسلک پر چل سکتا ہے اور نہ شافعیہ کے مسلک پر۔

چنانچہ شیخ الحدیث لکھتے ہیں وعلم من ھذا کلہ ان ترجمۃ الامام البخاری توافق الامامین مالک واحمد رح ولا توافق الحنفیۃ والشافعیۃ (حاشیہ لامع جلد اول ص۱۲۶)

تاویل کی ضرورت قاضی شریح کے فیصلہ کا جواب حنفیہ کی طرف سے علامہ سرخسی رح نے یہ دیا ہے کہ شریح نے تعلیق بالمحال کی ہے انہیں یقین تھا کہ اس تدین وتقویٰ کے زمانہ میں کوئی شخص بھی اس خلاف حقیقت دعویٰ پر شہادت کے لیے تیار نہ ہوگا لہٰذا اس سے شہر واحد میں تین حیض کا امکان ثابت نہیں ہوتا اور نہ اس دعویٰ کی تصدیق ہو سکتی ہے۔

بعض حضرات نے یہ تاویل کی ہے کہ انہا حاضت ثلاثا فی شہر، میں لفظ شہر شہرین کے مقابلہ میں ہے اس صورت میں شہر تیس دن کے مفہوم میں نہیں رہے گا۔

مطلب یہ ہے کہ عورت نے عدت ختم ہونے کا یہ دعویٰ دو ماہ سے کم مدت میں کیا۔ اور یہ کوئی بعید از قیاس نہیں ہے ملاحظہ ہو بخاری جلد ثانی ص۵۷۳ عن سعید بن المسیب وقعت الفتنۃ الاولیٰ یعنی مقتل عثمان فلم تبق من اصحاب بدر احدا الخ

کیا حضرت عثمان رض کی شہادت کے بعد اصحاب بدر میں سے حضرت علی رض حضرت زبیر رض اور حضرت طلحہ رض وغیرہ باقی نہیں رہے؟ ضرور رہے اصل مطلب یہ ہے کہ دوسرے فتنہ حرہ تک اصحاب بدر میں سے کوئی باقی نہ رہا اسی طرح یہاں شہر سے شہرین تک مراد ہے۔

قاضی شریح حضرت شریح بن حارث نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا لیکن ملاقات کا شرف حاصل نہیں ہوا کبار تابعین میں سے ہیں بلکہ ائمہ تابعین میں سے ہیں حضرت عمر رض نے آپ کو قاضی بنایا تھا بالآخر ایک سو بیس ۱۲۰ برس کی عمر پا کر وصال پایا۔ صرف عرب کے نہیں بلکہ دنیا کے عظیم قاضیوں میں ان کا شمار ہے۔

اللہ تعالےٰ نے ایسا ملکہ دیا تھا کہ چہرہ دیکھ کر پہچان لیتے کہ حق کس کے ساتھ ہے۔ *

ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ ایک عورت روتی ہوئی آئی اور رو رو کر سسکتے ہوئے اپنا دعویٰ پیش کیا کہ دیکھنے والوں نے کہا یہ عورت مظلوم معلوم ہوتی ہے قاضی صاحب نے کہا یہ ضروری نہیں بلکہ حضرت یوسف ع کے بھائیوں کے بارے میں قرآن حکیم میں ہے وجاؤا اباھم عشاءً یبکون اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے آئے۔

آخر کار فیصلہ اس عورت کے خلاف ہوا۔

قال عطاء الخ ترجمہ گذر چکا ہے یعنی اگر مطلقہ کا دعویٰ اقراء عادت کے مطابق ہوگا تو قبول ہوگا اس میں بھی اقراء کی تعداد میں عورت کی دیانت کا اعتبار کیا گیا ہے جو مقصد من الترجمہ ہے۔

قال عطاء الحیض یوم الخ اس میں اگرچہ اقل حیض کی تعیین ہے مگر اقل طہر کی تحدید نہیں ہے پس

انقضاء عدت کے لئے کسی زمانہ کی تحدید نہ ہوگی عورت کی دیانت پر ہے۔

قولہ سالت ابن سیرین الخ معتمر کے والد حضرت سلیمان نے ابن سیرین سے پوچھا کہ حائضہ عورت اپنے ایام عادت کے بعد مزید پانچ دن خون دیکھے تو کیا حکم ہے؟ ابن سیرین نے فرمایا النساء اعلم بذلک یعنی عورتیں اس معاملے میں زیادہ جاننے والی ہیں۔

اس صورت میں احناف کا مسلک یہ ہے کہ اکثر مدت حیض تک تو یہ خون حیض شمار ہوگا۔

پھر اگر اس سے بھی تجاوز کر گیا تو ایام عادت کا خون حیض اور باقی استحاضہ قرار دیا جائے گا اسکے بعد علامہ عینی رح فرماتے ہیں:

ولیس المراد من قولہ بعد قرئہا ای طہرہا کما قال الکرمانی، بل المراد بعد حیضہا المعتاد کما ذکرنا (عمدہ)	یعنی تری الدم بعد قرئہا بخمسۃ ایام میں قرء سے مراد طہر نہیں ہے جیسا کہ علامہ کرمانی شافعی نے کہا بلکہ مراد معتاد حیض ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

اس کے بعد علامہ عینی رح لکھتے ہیں کہ "وقال السفاقسی وھو قول ابن سیرین وعطاء واحد عشر صحابیا والخلفاء الاربعۃ وابن عباس وابن مسعود ومعاذ وقتادۃ وابوالدرداء وانس رضی اللہ عنہم وھو قول ابن المسیب وابن جبیر وطاؤس والضحاک والنخعی والشعبی والثوری والاوزاعی واسحاق وابی عبید رح (عمدہ ثالث ص ۳۰۵)

تنبیہ چوں کہ بحث طویل ہو گئی اس لئے ختم کرتا ہوں حدیث الباب کیلئے اسی دوسری جلد کے باب الاستحاضہ حدیث ۲۹۹ ملاحظہ فرمائیے۔

باب [۲۲۷]

(الصُّفْرَۃِ وَالْکُدْرَۃِ فِی غَیْرِ اَیَّامِ الْحَیْضِ)

ایام حیض کے علاوہ اور دنوں میں خاکی اور زرد رنگ کا کیا حکم ہے؟

۳۱۹ (حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِیَّۃَ قَالَتْ کُنَّا لَا نَعُدُّ الْکُدْرَۃَ وَالصُّفْرَۃَ شَیْئًا)

ترجمہ حضرت ام عطیہ رض نے کہا کہ ہم لوگ خاکی اور زرد رنگ کو کچھ نہیں شمار کرتے تھے (کچھ اہمیت نہیں دیتے)

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ لانعد الکدرۃ والصفرۃ شیئا۔

مقصد ترجمہ | امام بخاری رح کا مقصد دو حدیثوں کے ظاہری تعارض کو دفع کرنا ہے۔ بالفاظ دیگر دو متعارض حدیثوں میں تطبیق بیان کرنا چاہتے ہیں اس سے قبل چھ باب پہلے باب نمبر ۲۲۱ میں حضرت عائشہ رضہ کی روایت گذری ہے۔

لاتعجلن حتی ترین القصۃ البیضاء۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ ہر رنگ حیض ہے خواہ سیاہ و سرخ ہو یا خاکی اور زرد ہو سب حیض ہے۔

اور حضرت ام عطیہ رضہ کی اس روایت کنا لانعد الصفرۃ والکدرۃ شیئا۔ سے معلوم ہوتا ہے کہ خاکی اور زرد رنگ حیض نہیں ہے لہذا دونوں روایتوں میں تعارض ہے۔ امام بخاری رح نے ترجمۃ الباب میں فی غیر ایام الحیض۔ بڑھا کر دونوں روایتوں میں تطبیق دیدی جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر صفرۃ وکدرۃ ایام حیض میں آئے تو حیض ہے یعنی حضرت عائشہ رضہ کی روایت پر عمل ہوگا یہی حنفیہ کا مسلک ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ امام بخاری رح اس مسئلہ میں حنفیہ کی موافقت کررہے ہیں۔

اور اگر ایام حیض کے علاوہ دوسرے دنوں میں خاکی اور زرد رنگ نکلے تو اس کا شمار حیض میں نہیں ہوگا۔

امام بخاری نے یہ ترجمہ قائم کرکے دونوں روایتوں میں تطبیق دے دی اور بتادیا کہ تعارض نہیں ہے بس صفرۃ اور کدرۃ کا اعتبار کرنا غیر ایام حیض کے اندر اور حتی ترین القصۃ البیضاء ایام حیض کے اندر ہے۔

باب ۲۲۸ عرق الاستحاضۃ

استحاضہ کی رگ کا بیان

۳۲۰ (حدثنا ابراھیم بن المنذر الحزامی قال ثنا معن بن عیسٰی عن ابن ابی ذئب عن ابن شھاب عن عروۃ وعن عمرۃ عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان ام حبیبۃ استحیضت سبع سنین فسالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ عن ذالک فامرھا ان

تغتسل فقال ھٰذا عرق فکانت تغتسل لکلّ صلوٰۃٍ)

ترجمہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ ام حبیبہ رضؓ بنت جحش (آنحضرت ﷺ کی سالی) سات سال تک مستحاضہ رہیں تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ (جب حیض کے دن پورے ہوجائیں تو) غسل کرلیں چنانچہ وہ (ام حبیبہ) ہر نماز کے لئے غسل کیا کرتی تھیں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "ھٰذا عرق"

مقصد ترجمہ حیض اور استحاضہ ظاہری طور پر ایک ہی راہ سے جاری ہونے کی وجہ سے حیض و استحاضہ کا کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا حالانکہ دونوں میں فرق ہے حیض کا خون قعر رحم سے آتا ہے اور استحاضہ کا خون ایک رگ سے آتا ہے جو فم رحم پر ہوتی ہے جس کو عاذل کہتے ہیں، حیض قاعدہ کے مطابق اور صحت وتندرستی کیحالت میں رحم سے آتا ہے اور جو خون بے قاعدہ اور بے وقت آتا ہے وہ بیماری کی علامت ہے یہی وجہ ہے کہ دونوں کے احکام بھی الگ الگ ہیں، استحاضہ کیحالت میں عورت نماز پڑھے گی اور روزے بھی رکھے گی اور حائضہ کیلئے روزے کی قضا ہے اور نماز معاف ہے۔

حدیث باب حدیث باب میں ہے کہ ام حبیبہ رضؓ ہر نماز کیلئے غسل کیا کرتی تھیں ام حبیبہ رضؓ اپنی خوشی سے یہ غسل کرتی تھیں، حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم نہیں فرمایا تھا کہ ہر نماز کیلئے غسل کیا کرو۔

۲ بعض حضرات نے اس غسل کو علاج پر محمول کیا ہے اور بعض حضرات نے اس کو نظافت واستحباب پر محمول کیا ہے۔

(باب ۲۲۹ المرأۃ تحیض بعد الافاضۃ)

طواف افاضہ (طواف زیارت) کے بعد حیض آنے کا بیان

۳۲۱ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا مالکٌ عن عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن عمرۃ بنت عبد الرحمٰن عن عائشۃ زوج النبی صلے اللہ علیہ وسلم انھا قالت لرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا رسول اللہ ان صفیۃ بنت حیی

قد حاضت قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لعلھا تحبسنا الم تکن طافت معکن فقالوا بلی قال فاخرجی)

ترجمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسول صفیہ بنت حیی (ازوج النبی م) حائضہ ہو گئیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید وہ ہمیں (مدینہ واپس جانے سے) روک دیں گی. کیا انہوں نے تمہارے ساتھ طواف (افاضہ) نہیں کیا؟ انہوں نے کہا طواف (افاضہ) تو کر چکی آپ م نے فرمایا پھر تو نکل چلو.

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " الم تکن طافت معکن " کیونکہ اس طواف سے طواف افاضہ ہی مراد ہے جو حج کا ایک رکن ہے.

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۷ ویاتی فی المناسک ص۲۳۳ تا ص۲۳۴ ایضا ص۲۳۷. وفی المغازی ص۶۳۱.

ربط ما قبل قال العینی رح وجہ المناسبۃ بین البابین من حیث ان فی الباب السابق حکم المستحاضہ وفی ھذا الباب حکم الحائض فالحیض والاستحاضۃ من وادی واحد (عمدہ)

۳۲۲ (حدثنا معلی بن اسد قال ثنا وھیب عن عبد اللہ بن طاوس عن ابیہ عن عبد اللہ بن عباس قال رخص للحائض ان تنفر اذا حاضت وکان ابن عمر یقول فی اول امرہ انھا لا تنفر ثم سمعتہ یقول تنفر ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رخص لھن)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضؓ نے فرمایا کہ عورت کو جب حیض آجائے تو اس کو اپنے شہر لوٹ جانے کی (بغیر طواف وداع کئے) اجازت ہے، اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضؓ شروع میں کہتے تھے کہ وہ نہ لوٹے، طاؤس نے کہا پھر میں نے ان سے یہ کہتے سنا لوٹ جائے (یعنی بغیر طواف وداع کئے) کیوں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حیض والی عورتوں کو اسکی اجازت دی ہے.

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ رخص للحائض ان تنفر اذا حاضت " ای بعد الافاضۃ ".

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۷ ویاتی فی المناسک فی باب طواف الوداع ص۲۳۶ ایضا ص۲۳۷.

مقصد امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ طواف افاضہ کو لینے کے بعد جو حج کا ایک رکن ہے اگر حیض شروع

ہوجائے تو طواف وداع کیلئے ٹھہرنا ضروری نہیں اپنے گھر کو لوٹ سکتی ہے کیوں کہ شریعت نے حائضہ کیلئے طواف وداع معاف کردیا ہے۔

تشریح حج کے موقعہ پر تین طواف ہوتے ہیں ۱ طواف قدوم یہ مسنون ہے۔ ۲ طواف افاضہ جس کو طواف زیارت، طواف فرض اور طواف رکن بھی کہا جاتا ہے یہ طواف فرض ہے جو یوم النحر (دسویں ذی الحجہ) میں حلق کے بعد کیا جاتا ہے ۳ طواف وداع جس کو طواف صدر بھی کہتے ہیں یہ طواف واجب ہے۔

حائضہ کیلئے طواف قدوم اور طواف وداع کا ساقط ہونا اتفاقی مسئلہ ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔

اور طواف زیارت چونکہ فرض اور رکن ہے یہ کسی حال میں ساقط نہیں ہوتا اگر حیض آجائے تو اس کیلئے ٹھہرنا پڑے گا اگر طواف افاضہ ادا کئے بغیر وطن کو واپس ہوگی تو جب تک طواف افاضہ نہ کرلے گی ہمیشہ احرام میں رہے گی یعنی اس کا شوہر اس سے صحبت نہ کرسکے گا باقی احکام میں احرام سے نکل جائے گی۔ حضرت ابن عمر رضہ کو جب تک حدیث الباب نہیں پہونچی تھی تو وہ حائضہ کو طواف وداع کیلئے ٹھہرنے کا حکم دیتے تھے وہ کہتے تھے کہ طواف وداع معاف نہیں ہے پھر جب رخصت مذکور کا علم ہوا تو اپنے سابق قول سے رجوع کرلیا اور جمہور کے موافق بغیر طواف وداع کے واپسی کی اجازت دینے لگے۔

بَابُ ۲۲۴ إِذَا رَأَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ الطُّهْرَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّي وَلَوْ سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَّيَأْتِيهَا زَوْجُهَا إِذَا صَلَّتِ الصَّلٰوةُ أَعْظَمُ

(جب مستحاضہ طہر دیکھے (یعنی حیض سے پاک ہوجائے)

حضرت ابن عباس رضہ نے کہا وہ غسل کرکے نماز پڑھے اگرچہ ایک ہی گھڑی ہو اور اس کا خاوند اس سے صحبت کرسکتا ہے جب وہ نماز پڑھتی ہے نماز تو بڑی چیز ہے۔

۳۲۳ (حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ ثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلٰوةَ وَإِذَا أَدْبَرَتْ فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي)

ترجمہ حضرت عائشہ رضہ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب حیض (کا خون) آنے لگے تو نماز چھوڑ دو اور جب حیض رخصت ہو تو اپنے (بدن) سے خون دھو ڈالو اور نماز پڑھو۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہٗ واذا ادبرت فاغتسلی، مطلب یہ ہے کہ جب حیض رخصت ہو گیا اب اس کا علم خواہ اکثر مدت حیض کے گذر جانے سے ہو یا یہ کہ خون ہی بند ہو جائے، بہرحال جب طہر دیکھے تو غسل کر کے نماز شروع کردے۔

مقصد امام بخاری رحؒ نے ترجمہ میں لفظ طہر ذکر کر دیا ہے آگے کوئی تفصیل نہیں۔
حافظ عسقلانی رحؒ فرماتے ہیں اے تمیز لھا دم العرق من دم الحیض فسمی زمن الاستحاضۃ طہرا لانہ کذالک بالنسبۃ الی زمن الحیض ویحتمل ان یرید بہ انقطاع الدم والاول اوفق للسیاق (فتح الباری)
مقصد یہ ہے کہ عورت جس وقت دیکھے کہ طہر شروع ہو گیا ہے گو استحاضہ کا خون آ رہا ہے تو فوراً غسل کرے اور نماز پڑھے۔
علامہ ابو الحسن سندھی رحؒ اسی کو مقصد ترجمہ قرار دے رہے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں۔

انقطاع الحیض لا انقطاع الدم اذ الکلام فی المستحاضۃ حال قیام الاستحاضۃ وھی التی لا ینقطع دمھا۔

یہاں خون حیض کا انقطاع مراد ہے مطلق خون کا بند ہونا مراد نہیں کیوں کہ کلام تو اس عورت سے متعلق ہے جو خون استحاضہ کی حالت سے دوچار ہے اور اس کا خون بند نہیں ہو رہا۔ (حاشیہ سندھی جلد اول ۵۵)

یہی حضرت گنگوہی رحؒ بھی فرماتے ہیں:- اوجہ الوجوہ فیہ ان المراد بذالک ان المستحاضۃ اذا طہرت بمعنی انہا انقضت مدۃ حیضھن ما کانت فانہا لا تنتظر بعد ذالک شیئا الخ (لامع) بعض حضرات خون حیض کی تعیین نہیں کرتے بلکہ لفظ "طہر" کو مطلق خون بند ہونے کے معنی میں لیتے ان کے نزدیک مقصد بخاری یہ ہے کہ عورت خون بند ہونے کے بعد بغیر کسی توقف و انتظار کے فوراً غسل کرے اور نماز پڑھے۔

ابن عباس رضؓ کا اثر امام بخاری رحؒ اثبات ترجمہ کیلئے ابن عباس رضؓ کا اثر پیش کر رہے ہیں کہ استحاضہ والی عورت جب دیکھے کہ طہر شروع ہو گیا ہے تو اسے فوراً غسل کر کے نماز ادا کرنی چاہیئے۔ بہت ممکن ہے کہ امام بخاری رحؒ مالکیہ پر رد فرما رہے ہیں کیوں کہ مالکیہ کے یہاں مسئلہ استظہار میں چند دن زائد لگاتے ہیں تو امام بخاری رحؒ فرماتے ہیں کہ یہ کچھ نہیں بلکہ جب طہر دیکھ لیا بس وہی طہر ہے
احناف رحؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر حیض عادت کے اعتبار سے کم مدت میں منقطع ہو گیا تو انتظار ضروری ہے ایک وقت کی نماز گذرنے کے بعد غسل کرے اور نماز پڑھے۔
اور جب مستحاضہ کو غسل کر کے نماز پڑھنا درست ہے تو خاوند کو اس سے صحبت کرنا بطریق اولیٰ جائز ہوگا الصلوٰۃ اعظم ای اعظم من الجماع۔

باب ۲۳۱

(الصلوٰۃ علی النفساء وسنتہا)

نفاس والی عورت پر جنازہ کی نماز پڑھنا اور اس کا طریقہ

۳۲۴ حدثنا احمد بن ابی سریج قال ثنا شبابۃ قال ثنا شعبۃ عن حسین المعلم عن عبد اللہ بن بریدۃ عن سمرۃ بن جندب ان امرأۃ ماتت فی بطن فصلی علیہا النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقام وسطہا)

ترجمہ حضرت سمرہ بن جندب رضہ سے روایت ہے کہ ایک عورت (ام کعب) زچگی سے مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (کے جنازے) پر نماز پڑھی آپ اس کے بیچ کے مقابل کھڑے ہوئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ ان امرأۃ ماتت فی بطن فصلی علیہا

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۷ ویاتی فی الجنائز فی باب الصلوٰۃ علی النفساء ص۱۷۷. وفی الباب المتصل ص۱۷۷. مسلم اول ص۳۱۱ ابوداؤد جلد ثانی جنائز ص۴۵۶ ترمذی اول ص۱۲۳ نسائی اول کتاب الجنائز ص۲۱۷ ابن ماجہ فی الجنائز فی باب ماجاء این یقوم الامام اذا صلی علی الجنازۃ ص۱۰۸۔

تشریح ماتت فی بطن پیٹ کے بچہ کی ولادت کے سلسلے میں موت واقع ہوگئی۔ اس سے معلوم ہوگیا کہ بعض لوگوں نے جو یہ سمجھا کہ اس عورت کا انتقال پیٹ کی بیماری یعنی ہیضہ میں ہوا تھا یہ غلط ہے بلکہ مراد نفاس میں مرنا ہے جس کی دلیل یہ ہے کہ یہی روایت بخاری شریف کتاب الجنائز ص۱۷۷ میں ہے ماتت فی نفاسہا۔ فی تعلیلیہ ہے جیسے اس حدیث میں ہے ان امرأۃ دخلت النار فی ھرۃ حبستہا (عمدہ)

مقصد ترجمہ اس ترجمہ کے دو جزء ہیں یعنی امام بخاری دو باتیں بتلانا چاہتے ہیں ایک یہ کہ نفاس کے اندر اگر کوئی انتقال کرجائے تو اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی جیسا کہ حدیث باب میں ہے صلی علیہا النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ام کعب کی نماز جنازہ پڑھی۔

اور دوسرا جزء طریقہ نماز کا ہے اس لیئے حدیث باب میں ہے "فقام وسطہا" وسط بفتح السین جس کے معنی بیچ کے ہیں۔

حنفیہؒ کا مسلک یہ ہے کہ نماز جنازہ میں خواہ مرد کا جنازہ ہو یا عورت کا امام سینے کے مقابل کھڑا ہوگا یہ روایت حنفیہ کے خلاف نہیں ہے کیوں کہ سینہ کے ایک طرف سر اور ہاتھ ہے اور سینہ کے دوسرے طرف پیٹ اور پاؤں ہے پس سینہ بیچ میں ہے۔

باب ۲۳۲

۳۲۵ (حدثنا الحسن بن مدرك قال حدثنا يحيى بن حماد قال اخبرنا ابو عوانة من كتابه قال اخبرنا سليمن بن الشيباني عن عبد الله بن شداد قال سمعت خالتي ميمونة زوج النبي صلى الله عليه وسلم انها كانت تكون حائضا لا تصلي وهي مفترشة بحذاء مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يصلي على خمرته اذا سجد اصابني بعض ثوبه)

باب :- اي هذا باب ان قرئ بالتنوين، والا فبالسكون لان الاعراب لا يكون الا بعد العقد والتركيب (عمدہ)

یہ باب بغیر ترجمۃ الباب کے ہے اصیلی وغیرہ کے نسخوں میں لفظ باب بھی نہیں ہے، اگر باب نہ ہو تب تو ظاہر ہے کہ یہ حدیث باب سابق میں داخل ہے اور امام بخاریؒ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ جس طرح نفاس والی عورت پر نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے اسی طرح سے حائضہ عورت کے انتقال پر بھی نماز جنازہ پڑھی جائے گی کیوں کہ حیض ونفاس دونوں کا ایک ہی حکم ہے اور قطعی طور پر خون بند ہو جانے کے بعد دونوں قسم کی عورتیں طاہر ہو جاتی ہیں۔

لہٰذا جس طرح سے نفاس والی عورت کا خون مرنے سے بند ہو جاتا ہے اور غسل دینے کے بعد پاک ہو جاتی ہے اسی طرح سے حیض والی عورت کا بھی خون مرنے سے بند ہو جاتا ہے اور غسل دینے کے بعد پاک ہو جاتی ہے لہٰذا حائضہ پر بھی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اس لئے کہ المومن لا ینجس اور اگر اس مقام پر باب ہو تو یہ باب بمنزلہ فصل ہو جائے گا ای کالفصل من الباب السابق یا یہ کہا جائے کہ امام بخاریؒ نے تشحیذاً للاذہان باب کا ترجمہ ذکر نہیں کیا، یہاں کے مناسب یہ ترجمہ قائم کیا جا سکتا ہے "باب

الصلوٰۃ بقرب الحائض، یا باب اذا مس ثوب المصلی بدن الحائض فلا ضیر فیہ۔

ابو عوانۃ من کتابہ ابو عوانہ کا نام وضاح بن خالد ہے چنانچہ بعض نسخہ میں امام بخاری" کا یہ اضافہ موجود ہے کہ اسمہ الوضاح۔ من کتابہ ای لا من حفظہ وکان اذا حدث من کتابہ اتقن مما اذا حدث من حفظہ (فتح)

ترجمہ حدیث عبداللہ بن شداد" (تابعی) سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی سے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ تھیں سنا کہ وہ جب حالت حیض میں ہوتیں اور نماز نہیں پڑھتیں تو بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے (گھر میں) جائے نماز کے سامنے لیٹی رہتیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھتے رہتے جب آپ سجدہ کرتے تو آپ کے کپڑے کا کچھ حصہ میرے جسم سے لگ جاتا تھا۔

براعۃ اختتام لا تصلی وھی مفترشۃ حائضہ نماز نہیں پڑھتیں لیکن نمازی کے سامنے (جنازہ کیطرح لیٹی رہتیں جیسے مردہ یعنی جنازہ خود نماز نہیں پڑھتا) بس ختم کتاب الحیض کی طرف اشارہ ہے اور خود قاری کو خاتمہ یاد دلانے کیلئے کافی ہے کہ غفلت نہ ہو۔

ع غ چلمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ التَّيَمُّم

کتاب احکام تیمم کے بیان میں

وقول الله عز وجل فلم تجدوا ماءً فتيمموا صعيدًا طيبًا فامسحوا بوجوهكم وأيديكم منه)

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد (سورہ مائدہ میں) پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی پر تیمم کر لو اور اپنے چہروں اور ہاتھوں پر اس مٹی سے مسح کر لو۔

۳۲۶ (حدثنا عبد الله بن يوسف قال انا مالك عن عبد الرحمٰن بن القاسم عن ابيه عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم قالت خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض اسفاره حتى اذا كنا بالبيداء او بذات الجيش انقطع عقد لي فاقام رسول الله صلى الله عليه وسلم على التماسه واقام الناس معه وليسوا على ماء فاتى الناس الى ابي بكر الصديق فقالوا الا ترى ما صنعت عائشة اقامت برسول الله صلى الله عليه وسلم والناس وليسوا على ماء وليس معهم ماء فجاء ابو بكر و رسول الله صلى الله عليه وسلم واضع راسه على فخذي قد نام فقال حبست رسول الله صلى الله عليه وسلم والناس وليسوا على ماء وليس معهم ماء فقالت عائشة فعاتبني ابو بكر وقال ما شاء الله ان يقول وجعل يطعنني بيده في خاصرتي فلا يمنعني من التحرك الا مكان رسول الله صلى الله عليه وسلم على فخذي فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم حين اصبح على غير ماء فانزل الله آية التيمم فتيمموا فقال اسيد بن الحضير

مَاهِيَ بِاَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ اَبِي بَكْرٍ قَالَتْ فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِي كُنْتُ عَلَيْهِ فَاَصَبْنَا الْعِقْدَ تَحْتَهُ)

ترجمہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے یہاں تک کہ جب ہم مقام بیداء یا مقام ذات الجیش میں پہونچے (شک راوی) تو میرا ایک ہار ٹوٹ کر گر پڑا (جو اسماء سے مانگ کر لیا تھا) تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اسکی تلاش کیلئے ٹھہر گئے اور لوگ بھی آپ کے ساتھ ٹھہر گئے اور وہ لوگ پانی پر نہ تھے (یعنی وہاں پانی نہ تھا) آخر لوگ حضرت ابو بکر صدیق رضؓ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ آپ دیکھتے نہیں کہ عائشہ رضؓ نے کیا کیا! رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اور لوگوں کو (ایک جنگل میں) اٹکا کر رکھا اور یہاں پانی بھی نہیں ملتا اور نہ ان لوگوں کے ساتھ کچھ پانی ہے یہ سنکر ابو بکر رضؓ آئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری ران پر سر رکھکر سو گئے تھے ابو بکر رضؓ نے کہا (کیوں) تو نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اور (سب) لوگوں کو اٹکا دیا اور یہاں پانی بھی نہیں ہے۔ اور نہ ان کے ساتھ کچھ پانی ہے حضرت عائشہ رضؓ نے بیان کیا کہ ابو بکر رضؓ نے مجھ پر غصہ کیا اور جو اللہ تعالےٰ کو منظور تھا (برا بھلا) کہا اور اپنے ہاتھ سے میری کوکھ میں کونچا مارنے لگے (میں فرور تڑپتی) مگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا مبارک سر میری ران پر تھا صرف اس وجہ سے میں ہل نہ سکی جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اٹھے لیکن پانی نہ تھا تب اللہ تعالےٰ نے تیمم کی آیت اتاری لوگوں نے تیمم کر لیا اسوقت (ایک انصاری صحابی) اُسید بن حضیرؓ کہنے لگے ابو بکر کے گھر والو یہ کچھ تمہاری پہلی برکت نہیں ہے۔

حضرت عائشہ رضؓ نے بیان کیا پھر ہم نے اس اونٹ کو اٹھایا جس پر میں (سوار) تھی تو اس کے نیچے ہم کو ہار (بھی) مل گیا۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی "فانزل اللہ آیۃ التیمم فتیمموا"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۴۸ ایضا ص۴۸ وص۵۱۸ وص۵۳۲ وفی التفسیر ص۶۵۹ ایضا ص۶۶۳ وفی النکاح ص۷۶۷ وص۷۹۹ مختصرا وفی اللباس ص۸۷۴ وفی المحاربین ص۱۰۱۳ مسلم اول فی باب التیمم ص۱۶۰۔

ماقبل سے ربط مصنف علام امام بخاری رحؒ جب طہارت مائیہ صغریٰ وکبریٰ یعنی وضو اور غسل اور ان دونوں کے متعلقات کے بیان سے فارغ ہو گئے تو اب یہاں سے طہارت ترابیہ یعنی تیمم کا بیان شروع کر رہے ہیں۔

اور چونکہ طہارت ترابیہ (تیمم) طہارت مائیہ (وضو اور غسل) کا نائب اور خلیفہ ہے اور نائب مؤخر ہوا

کرتا ہے اصل سے اسلئے پہلے اصل کو بیان کیا پھر نائب اور بدل یعنی تیمم کو بیان کیا۔

تشریح تیمم اَمّ مادہ سے باب تفعل کا مصدر ہے اس کے لغوی معنی نیت اور قصد کرنے کے ہیں شرعی اصطلاح میں طہارت کی نیت سے چہرے اور ہاتھ پر مسح کرنے کیلئے پاک مٹی کا قصد کرنا تیمم کہلاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز پڑھنے یا اس طرح کی اور عبادت جو بلا طہارت جائز نہیں جیسے نماز جنازہ، سجدہ تلاوت اور قرآن کریم چھونے کی نیت سے پاک مٹی پر دونوں ہاتھ مار کر سارے منہ پر پھیر لے پھر دوبارہ دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر دونوں ہاتھوں پر کہنیوں تک مسح کر لے۔

تیمم کے بارے میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ تیمم میں نیت ضروری ہے بغیر نیت تیمم درست نہیں

بیداء بفتح الموحدہ وبالمد۔ ذات الجیش بفتح الجیم وسکون التحتانیہ موضعان بین المدینۃ ومکۃ و کلمۃ او للشک من عائشہ رض (عمدہ)

عِقد بکسر العین وسکون القاف وھو القلادہ یعنی ہار۔ یطعننی بضم العین یعنی از باب نصر ینصر کونچا مارنا نیز نیزہ مارنا اور چبھونا وغیرہ یعنی محسوس طعن، اور بفتح العین یعنی از باب فتح یفتح عیب لگانا ملامت کرنا یعنی معنوی طعن۔ حتی اذا کنا بالبیداء وبذات الجیش یہاں ص۴۸ میں تو یہ ہے اور بخاری ص۶۲۳ میں صرف بیداء ہے اور ابوداؤد اول ص۴۵ میں اولات الجیش ہے۔

اشکال اشکال یہ ہے کہ بیداء ہو یا ذات الجیش یہ تو آبادیوں کے نام ہیں جہاں پانی کا ہونا ضروری ہے پھر لیسوا علی ماء کا کیا مطلب؟

جواب یہ ہے کہ اترنے کی جگہ یہ آبادیاں نہیں تھیں بلکہ کہیں راستے میں وقتی طور پر نزول ہو گیا تھا جہاں پانی نہیں تھا اور یہ مواضع اس کے قریب اطراف میں تھے کسی نے ایک جگہ کو ذکر کر دیا اور کسی نے دوسری جگہ ذکر کر دی

آیت تیمم کا تعلق کس غزوہ سے ہے؟ حدیث الباب سے صرف اتنا معلوم ہوا کہ ایک سفر میں ام المؤمنین حضرت عائشہ رض کا ہار گم ہونے کے بعد آیت تیمم نازل ہوئی مگر کسی روایت میں اسکی تصریح نہیں ہے کہ آیت تیمم کا تعلق کس غزوہ سے ہے؟

اسی وجہ سے اس بارے میں اختلاف ہے کہ آیت تیمم کا تعلق کس غزوہ سے ہے؟

علامہ عینی رح نے لکھا ہے کہ ابن سعد، ابن حبان اور علامہ ابن عبد البر کہتے ہیں کہ آیت تیمم کا تعلق بھی غزوہ بنی المصطلق سے ہے جس کو غزوہ مریسیع بھی کہتے ہیں جس میں افک کا قصہ پیش آیا تھا اور یہ غزوہ شوال ۵ھ میں ہوا۔

پوری تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو نصر الباری کتاب المغازی ص۱۸۹ تا ص۱۹۸۔ علامہ ابن القیم، علامہ ابن جوزی اور دیگر علماء محققین کا قول یہ ہے کہ آیت تیمم کا نزول غزوہ بنی المصطلق میں نہیں بلکہ غزوہ ذات الرقاع میں

ہوا جب کہ حضرت عائشہ رض کا ہار دوسری مرتبہ گم ہوا۔
پہلی مرتبہ غزوہ بنی المصطلق سے واپسی میں ہار اس وقت گرا تھا جب حضرت عائشہ رض قضاء حاجت کیلئے گئی تھیں جب قضاء حاجت سے واپس آکر دیکھا کہ ہار نہیں ہے تو ہار کی تلاش کیلئے اسی راستہ سے واپس گئیں جہاں قضاء حاجت کیلئے گئی تھیں، ہار تو مل گیا لیکن دیکھتی ہیں کہ لشکر روانہ ہو گیا۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ اس مرتبہ ہار کے گم ہونے کی اطلاع نہ تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو دی گئی اور نہ صحابہ کرام کو۔ اگر حضور اقدس صلعم اور صحابہ کرام رض کو اس کی خبر ہوتی تو نہ قافلہ روانہ ہوتا اور نہ ہی افک کا قصہ پیش آتا۔
مگر دوسری مرتبہ جب ہار گم ہوا تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی گئی اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اسی جنگل میں رُک گئے اور کچھ لوگوں کو ہار تلاش کرنے کیلئے بھیجا۔ جس کے امیر اسید بن حضیر رض تھے اسی دوسری مرتبہ آیت تیمم کا نزول ہوا جیسا کہ طبرانی کی یہ روایت ہے:۔

قالت لما كان من امر عقدی ما كان وقال اهل الافك ما قالوا خرجت مع رسول الله صلى الله وسلم فى غزوة اخرى فسقط ايضا عقدى حتى حبس الناس على التماسه وطلع الفجر فلقيت من ابى بكر ماشاء الله وقال يا بنية فى كل سفر تكونين عناء وبلاء ليس مع الناس ماء فانزل الله الرخصة فى التيمم فقال ابو بكر انك ما علمت لمباركة۔

حضرت عائشہ رض فرماتی ہیں کہ جب میرے ہار کا جو قصہ ہونا تھا وہ ہوا اور اہل افک کو جو کہنا تھا کہہ چکے اس کے بعد میں ایک دوسرے غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلی تو پھر میرا ہار گر گیا اور لوگوں کو اسکی تلاش کیلئے رکنا پڑا اور فجر نمودار ہوئی تو مجھے ابو بکر رض سے تکلیف پہونچی جو اللہ نے چاہا اور ابو بکر رض نے کہا اے بیٹی تو ہر سفر میں مصیبت اور مشقت (کا سبب) ہو جاتی ہے لوگوں کے ساتھ پانی نہیں ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے تیمم کی اجازت نازل فرمائی تو ابو بکر رض نے فرمایا بلاشبہ تو (اے بیٹی) بڑی بابرکت ہے۔

اس روایت سے ایک بات تو یہ صاف ہو گئی کہ آیت تیمم کا تعلق دوسرے غزوہ سے ہے جیسا کہ تصریح ہے فی غزوۃ اخری۔ نیز یہ بھی صاف ہو گیا کہ یہ واقعہ قصہ افک کے بعد کا ہے دونوں واقعے میں بہت فرق ہے کیونکہ اس تیمم کے واقعہ میں ہار اونٹ کے نیچے ملا اور صبح کو پورا قافلہ روانہ ہوا۔ اس سے اغلب یہی ہے کہ آیت تیمم کا تعلق غزوہ ذات الرقاع سے ہے اور امام بخاری رح نے دلائل قویہ سے ثابت کیا ہے کہ یہ غزوہ ۷ھ غزوہ خیبر کے بعد ہوا، تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو نصر الباری کتاب المغازی صـ ۱۷۸۔

۳۲۷ حدثنا محمد بن سنان هو العوقی قال حدثنا هشیم ح قال وحدثنی سعید بن النضر اخبرنا قال هشیم قال اخبرنا سیار قال حدثنا یزید الفقیر قال اخبرنا جابر بن عبد الله ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اعطیت خمسا لم یعطهن احد قبلی نصرت بالرعب مسیرة شهر وجعلت لی الارض مسجدا وطهورا فایما رجل من امتی ادرکته الصلوٰة فلیصل واحلت لی المغانم ولم تحل لاحد قبلی واعطیت الشفاعة وکان النبی یبعث الی قومه خاصة وبعثت الی الناس عامة ۔

ترجمہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی نے خبر دی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے پانچ ایسی چیزیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئی تھیں (ایک یہ کہ) ایک ماہ کی مسافت تک دشمنوں پر میرا رعب ڈال کر میری مدد کیجاتی ہے اور (دوسرے یہ کہ) ساری زمین میرے لئے نماز کی جگہ اور پاک کرنے والی بنائی گئی پس میری امت میں سے جس شخص پر جہاں نماز کا وقت آجائے وہیں نماز پڑھ لے (تیسرے) میرے لئے اموال غنیمت حلال کر دیئے گئے مجھ سے پہلے حلال نہیں تھے اور (چوتھے یہ کہ) مجھے شفاعت کبریٰ عطا کی گئی اور (پانچویں یہ کہ) مجھ سے پہلے نبی کو خاص اس قوم کی جانب بھیجا جاتا تھا اور میں عام تمام انسانوں کیطرف بھیجا گیا ہوں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ جعلت لی الارض مسجدا وطہورا ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۴۸ ویاتی ص۶۲ ومسلم ص۱۹۹ ببعض زیادۃ ونقصان والترمذی ص۱۸۸ والنسائی فی باب التیمم بالصعید ص۴۸ تا ص۴۹ ۔

تشریح اعطیت خمسا الخ سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مجھے پانچ ایسی چیزیں دی گئی ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی کسی کو نہیں دی گئی تھیں۔

اشکال علامہ سیوطی رح نے خصائص کبریٰ میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے خصائص سو سے زیادہ ذکر کیا ہے نیز شرح المواہب میں بھی بہت عمدہ تفصیل ہے۔ لیکن حضرت جابر رض کی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پانچ ہی چیزیں حضور اقدس ص کی خصوصیات تھیں بظاہر تعارض ہے۔

جواب ۱ مفہوم عدد معتبر نہیں یعنی یہ عدد زائد کی نفی کیلئے نہیں، چنانچہ ترمذی جلد اول ص۱۸۸ میں اور مسلم جلد اول ص۱۹۹ میں حضور اقدس ص کا ارشاد ہے فضلت علی الانبیاء بست الخ معلوم ہوا کہ پانچ میں انحصار نہیں ہے۔

یہ ہو سکتا ہے کہ جس وقت آپ نے یہ فرمایا تھا۔ اس وقت یہی پانچ خصوصیات آپ کو حاصل رہی ہوں اور بقیہ خصوصیات بعد میں دی گئی ہوں۔

آپ نے اپنی ایک خصوصیت تو یہ بیان فرمائی کہ نصرت بالرعب مسیرۃ شہر دشمنوں کے مقابلے پر ایک ماہ کی مسافت تک میرا رعب ڈال کر میری مدد کیجاتی ہے۔

اس مسافت کا ذکر صرف اس لئے کیا گیا ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے دشمن عموماً ایک ماہ کی مسافت پر تھے ورنہ دشمنوں پر آپ کا رعب تو اس سے بہت زیادہ تھا، ایک روایت میں ہے نصرت بالرعب شہرا امامی وشہرا خلفی یعنی ایک ماہ سامنے اور ایک ماہ پیچھے۔ بعض روایت میں ہے یقذف فی قلوب اعدائی، یہ رعب میرے دشمنوں کے قلوب میں ڈالا جاتا ہے۔ اور حدیث الباب میں ایک ماہ کی تعیین مسافت اس لئے کی گئی کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے مقام مدینہ اور دشمنوں کے درمیان کسی جہت میں بھی اس سے زیادہ مسافت نہیں تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایک ماہ کی قید احترازی نہیں واقعی ہے۔

غزوہ تبوک وغیرہ کا واقعہ دیکھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے کفار و مشرکین پر رعب ہی کا اثر تھا کہ لشکر روم کے لاتعداد لوگ مقابلہ سے کترا گئے اور ان کو لڑنے کی جرأت نہ ہوئی۔

دوسری خصوصیت یہ ارشاد فرمایا جعلت لی الارض مسجدا وطہورا ساری زمین میرے لئے نماز کی جگہ اور پاکی حاصل کرنے کے لائق بنا دی گئی۔ لفظ جعلت سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین میں پاک کرنے کی شان اصل کے اعتبار سے نہیں بلکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کی خصوصیت کے اعتبار سے ہے یعنی حضور اقدس ؐ اور حضور اقدس ؐ کی امت کیلئے خاص انعام ہے کہ پانی پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں تیمم سے نماز پڑھ سکتے ہیں اگر عوارض کی وجہ سے زمین کے کسی حصہ پر نماز یا تیمم کی اجازت نہ ہو تو اس کے منافی نہیں اگلی امتیں عبادت کی ادائگی میں مخصوص عبادت گاہوں (گرجا گھر، مندر) کی پابند تھیں جیسا کہ ایک روایت ہے وکان من قبلی انما کانوا یصلون فی کنائسھم۔

تیسری خصوصیت احلت لی المغانم، میرے لئے اموال غنیمت حلال کر دیئے گئے اور مجھ سے پہلے کسی کیلئے حلال نہیں تھے۔

مغانم مغنم کی جمع ہے مال غنیمت، شریعت میں مال غنیمت اس مال کو کہتے ہیں جو کافروں سے لڑ کر بطور غلبہ لیا جائے گذشتہ امتوں میں سے بعض پر تو مطلقاً جہاد ہی فرض نہ تھا پھر غنیمت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور بعض پر جہاد فرض تھا مگر مال غنیمت حلال نہ تھا بلکہ گذشتہ امتوں پر یہ پابندی تھی کہ وہ تمام اموال غنیمت کو ایک میدان میں جمع کر دیں اور انتظار کریں کہ آسمان سے آگ آکر اس کو جلا دے اور یہ مقبولیت

کی علامت تھی۔

پھر عدم مقبولیت کے اسباب میں سے جہاں مجاہدین کا عدم اخلاص تھا غلول بھی تھا کہ کوئی مال غنیمت میں سے کچھ چرالے، حق تعالیٰ نے اپنے محبوب کے طفیل سے محبوب کی امت پر خصوصی انعام فرمایا کہ مال غنیمت کو ان کیلئے حلال کر دیا اور غلول کی بھی پردہ پوشی فرمائی جس کی وجہ سے عدم قبولیت کی دنیوی رسوائی سے بچ گئے۔

علامہ عینیؒ نے لکھا "ما الحکمۃ فی اکل النار غنائمھم والتحلیل لنا الخ (عمدہ ص۴۴ ج۱۵)
یعنی گذشتہ امتوں کے اموال غنیمت کو آگ سے ختم کرا دینے اور ہمارے لئے حلال کر دینے میں کیا حکمت ہے؟ قلت جعل ھذا فی حقھم الخ جواب یہ ہے کہ ان لوگوں میں اخلاص وللہیت فی نفسہ کم تھی اس لئے خطرہ تھا کہ کہیں وہ جہاد مال غنیمت کی لالچ میں نہ کریں۔ برخلاف اس امت محمدیہ کے ان میں اخلاص کا مادّہ غالب ہے اور وہی مقبولیت کی ضمانت ہے دوسرے اسباب کی ضرورت نہیں۔

چوتھی خصوصیت واعطیت الشفاعۃ اور مجھے شفاعت عطا کی گئی، اس سے مراد شفاعت کبریٰ عامہ ہے اس کی پوری تفصیل مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان کی حدیث میں ہے کہ جب قیامت کے روز سب لوگ پریشان ہوں گے اور تمام پیغمبروں سے مایوس ہو کر سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے محبوب کے پاس آکر درخواست کرینگے جس میں دوسری امتیں بھی ہونگی اور حضورؐ شفاعت فرمائینگے یہ صرف آپؐ ہی کی خصوصیت ہے۔

پانچویں۵ خصوصیت۔ بعثت الی الناس عامۃ" میں تمام انسانوں کیلئے معبوث ہوا ہوں کما فی القران الحکیم قل یایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا" معلوم ہوا کہ موجودہ لوگوں کے علاوہ قیامت تک آنے والے انسانوں کیلئے بھی میری تصدیق کے علاوہ اور کوئی نجات کا راستہ نہیں۔

بعض روایت میں ہے "کان النبی یبعث الی خاصۃ قومہ وبعثت الی الجن والانس"
(فتح الباری لابن رجب حنبلیؒ ص۲۱۸ ج۲)

ایک روایت میں ہے بعثت الی کل احمر واسود"
(فتح الباری لابن رجبؒ ص۲۱۷ ج۲)

باب ۲۲۳

اِذَا لَمْ یَجِدْ مَاءً وَّلَا تُرَابًا

جب پانی ملے اور نہ مٹی (تو کیا کرے؟)

۳۲۸ ـ حدثنا زکریا بن یحییٰ قال ثنا عبد اللہ بن نمیر قال ثنا ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ انھا استعارت من اسماء قلادۃ فھلکت فبعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجلا فوجدھا فادرکتھم الصلوٰۃ ولیس معھم ماء فصلوا فشکوا ذٰلک الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ آیۃ التیمم فقال اسید بن حضیر لعائشۃ جزاک اللہ خیرا فواللہ ما نزل بک امر تکرھینہ الا جعل اللہ ذٰلک لک وللمسلمین فیہ خیرا

ترجمہ حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ انہوں نے (اپنی بہن) حضرت اسماء رض سے ایک ہار مستعار لیا (یعنی لے کر پہن لیا) وہ ہار گر گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو (تلاش کیلئے) بھیجا وہ ہار مل گیا۔ تو ان (تلاش کرنے والوں) کو نماز کا وقت آپہنچا اور ان کے پاس پانی نہ تھا تو (ویسے ہی) نماز پڑھ لی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا شکوہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے (سورہ مائدہ والی) تیمم کی آیت اتاری تب حضرت اُسید بن حضیر رض حضرت عائشہ رض سے کہنے لگے اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے خدا کی قسم جب تم پر کوئی ایسی بات آپڑی جس کو تم برا سمجھتی تھیں تو اللہ نے اس میں خود تمہارے لئے اور (سب) مسلمانوں کے لئے خیر پیدا فرما دیا۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ فادرکتھم الصلوٰۃ ولیس معھم ماء"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۸ و ص۴۸ ویاتی ص۵۱۸ و ص۵۳۲ و ص۶۵۹ و ص۶۶۳ و ص۷۷۶، و ص۷۸۹ تا ص۷۹۰، و ص۸۷۴ و ص۱۰۱۲ ایضا متصلا ص۱۰۱۲ ومسلم اول ص۱۶۰ ابوداؤد اول باب التیمم ص۴۵ ابن ماجہ باب التیمم ص۴۲۔

امام بخاری رح کا مقصد فاقد الطہورین کے مسئلے کی طرف اشارہ ہے کہ اگر کسی کو پاک پانی اور پاک مٹی

دونوں میں سے کسی پر قدرت نہ ہو تو وہ کیا کرے نماز پڑھے یا نہیں ؟
اس کی پوری تفصیل گذر چکی ہے کتاب الوضو کے شروع ہی میں پہلی حدیث یعنی حدیث ۱۳۵ کی تشریح ملاحظہ فرمائیے۔
شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں: ای حکمہ ان یصلی بغیر وضوء ولا تیمم ولا اعادۃ علیہ وھذا ھو مذھب المؤلف واثبتہ بظاھر الحدیث لانہ صلی اللہ علیہ وسلم لما شکا القوم الیہ ما امرھم باعادۃ الصلوۃ الخ (شرح تراجم)
حاصل یہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ اس مسئلے میں حنابلہ کی موافقت کر رہے ہیں کہ اسی حالت میں بغیر وضو کے نماز پڑھ لے بعد میں اس پر قضا بھی ضروری نہیں اسلئے کہ حدیث میں قضا کا تذکرہ نہیں، دلیل ارشاد نبوی ہے:- اذا امرتکم بشیء فافعلوا ما استطعتم بہ " فاقد الطھورین اپنے استطاعت کے مطابق یہی کر سکتا ہے کہ اسی حال میں نماز ادا کرلے۔

اشکال اسکال یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس پانی اگرچہ موجود نہ تھا لیکن زمین تو موجود تھی؟
جواب:- یہ ہے کہ اس وقت تک تیمم کا حکم نہیں آیا تھا اسلئے تیمم سے طہارت کا مسئلہ معلوم نہیں تو گویا مٹی بھی موجود نہیں اسلئے یہ شخص فاقد الطھورین ہے واللہ اعلم

بابٌ ۲۳۴

(التیمم فی الحضر اذا لم یجد الماء وخاف فوت الصلوٰۃ وبہ قال عطاءٌ وقال الحسن فی المریض عندہ الماء ولا یجد من یناولہ تیمم واقبل ابن عمر من ارضہ بالجرف فحضرت العصر بمربد النعم فصلی ثم دخل المدینۃ والشمس مرتفعۃ فلم یعد)

حضر میں (یعنی اپنے گھر میں) جب پانی نہ پائے اور نماز کے فوت ہو جانے کا خوف ہو تو تیمم کرنے کا بیان عطاء بن ابی رباح کا یہی قول ہے، اور حسن بصری رحمۃ اللہ نے اس مریض کے بارے میں جس کے پاس پانی ہو (مگر خود اتنی طاقت نہ رکھتا ہو کہ اٹھ کر پانی لے) اور وہ کسی ایسے شخص کو نہ پائے جو اس کو پانی دے تو فرمایا کہ وہ تیمم کرلے۔
اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اپنی زمین سے جو مقام جرف میں تھی واپس آرہے تھے مربد نعم (اونٹوں کے باڑے) میں عصر کا وقت آگیا انہوں نے (تیمم کرکے) نماز پڑھ لی پھر مدینہ میں پہونچے سورج بلند تھا لیکن نماز نہیں لوٹائی

۳۲۹ (حدثنا یحیی بن بکیر قال ثنا اللیث عن جعفر بن ربیعۃ عن الاعرج قال

سمعت عمیرا مولی ابن عباس قال اقبلت انا وعبد اللہ بن یسار مولی میمونۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی دخلنا علی ابی جہیم بن الحارث بن الصمۃ الانصاری فقال ابو جہیم اقبل النبی صلی اللہ علیہ وسلم من نحو بئر جمل فلقیہ رجل فسلم علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی اقبل علی الجدار فمسح بوجہہ ویدیہ ثم رد علیہ السلام)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام عمیر نے بیان کیا کہ میں اور عبد اللہ بن یسار جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام تھے (دونوں) حضرت ابوجہیم بن حارث بن صمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس پہونچے تو ابوجہیم رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیر جمل کیطرف سے تشریف لا رہے تھے (راہ میں) ایک شخص ملا (خود ابوجہیم رضی اللہ عنہ) اس نے آپ کو سلام کیا لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہیں دیا یہانتک کہ آپ ایک دیوار کے پاس آئے (اس پر ہاتھ مارا) اور اپنے منہ اور ہاتھوں کا مسح کیا پھر اس کے بعد سلام کا جواب دیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "فمسح بوجہہ ویدیہ ای تیمم ثم رد علیہ السلام۔

علامہ عینی فرماتے ہیں: وجہ مطابقۃ ھذا الحدیث للترجمۃ ھو ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لما تیمم فی الحضر لرد السلام وکان لہ ان یردہ علیہ قبل تیممہ دل ذلک انہ اذا خشی الخ (عمدہ)

یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سلام کا جواب دینے کیلئے حضر میں تیمم کیا جبکہ سلام کا جواب دینے کیلئے طہارت کی شرط بھی نہیں لیکن جب سلام فوت ہونے کا اندیشہ ہوا تو آپ نے تیمم کر لیا اس سے یہ ثابت ہوا کہ جب نماز کے فوت ہونے کا اندیشہ حضر میں ہو تو تیمم کرنا بدرجہ اولی جائز ہوگا کیونکہ نماز کیلئے طہارت شرط ہے جبکہ سلام کیلئے طہارت شرط نہیں۔

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۴۸ ومسلم اول ص۱۶۱ نسائی اول باب التیمم فی الحضر ص۳۴۔

لغات جرف بضم الجیم والراء مدینہ سے باہر تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے جب جہاد کیلئے کوئی لشکر روانہ ہوتا تو اس جگہ آکر رک جاتا تھا تاکہ سارے مجاہدین یہاں جمع ہو جائیں (عمدہ)

المربد میم کو کسرہ اور فتحہ دونوں طرح ہے اس کے بعد راء ساکن اور باء موحدہ مفتوحہ مدینہ سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے (فتح) اونٹ وغیرہ کا باڑہ نیز اس کے معنی کھلیان کے بھی آتے ہیں کھجوروں کے خشک

کرنے کی جگہ۔

مقصد آیت تیمم میں چونکہ سفر کی قید ہے اور اس آیت تیمم کا نزول بھی سفر ہی میں ہوا تھا اسلئے شبہ ہوسکتا تھا کہ تیمم کا حکم سفر کے ساتھ خاص ہو۔

اس لئے امام بخاری رح یہ باب قائم کرکے بتلادیا کہ پانی نہ ملنے کی صورت میں بحالت حضر بھی تیمم جائز ہے کیوں کہ تیمم کو سفر کے ساتھ مقید نہیں کیا گیا ہے بلکہ لم تجدوا ماء فرمایا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تیمم کا جواز صرف عدم وجدان ماء کی شکل میں ہے۔

تشریح خلاصہ یہ ہے کہ سفر میں ہو یا حضر میں پانی پر قدرت نہ ہو تو تیمم جائز ہے یہی ائمہ ثلاثہ (امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام مالک رحمہم اللہ کا مذہب ہے صرف فرق یہ ہے کہ جب پانی مل جائے تو اعادۂ نماز واجب ہے یا نہیں؟

صحیح تر قول تو یہ ہے کہ حنفیہ مالکیہ کے یہاں اعادہ واجب نہیں صرف امام شافعی رح وجوب اعادہ کے قائل ہیں۔ احناف کہتے ہیں کہ حضر میں پانی نہ ملے تو پانی کا انتظار کیا جائے۔ لیکن جب ظن غالب ہو کہ زیادہ انتظار میں نماز فوت ہوجائے گی تو تیمم کرکے نماز پڑھ لے۔

وبہ قال عطاء یعنی عطاء بن ابی رباح رح بھی یہی فرماتے ہیں کہ تیمم حضر میں بھی جائز ہے مگر ان دو شرطوں سے جو امام بخاری رح نے ترجمۃ الباب میں ذکر کیا ہے کہ پانی نہ ملے ۲ نماز کے فوت ہوجانے کا اندیشہ ہو

وقال الحسن فی المریض الخ اور حسن بصری رح کا ارشاد ہے کہ اگر ایک شخص بیمار ہے اور پانی اس کے پاس موجود ہے مگر بیماری کی وجہ سے خود اٹھ کر لے نہیں سکتا اور کوئی اٹھا کر دینے والا بھی نہیں تو اس کیلئے تیمم جائز ہے۔

واقبل ابن عمر الخ حضرت ابن عمر رض مقام جرف سے جہاں انکی زمین تھی واپسی پر جب مربد نعم میں پہونچے کہ نماز کا وقت ہوگیا حضرت ابن عمر رض نے وہیں نماز ادا کرلی۔ اس روایت کے دوسرے طریق میں صراحت ہے فلما اتی المربد فلم یجد ماء فتیمم بالصعید وصلی ولم یعد تلک الصلوٰۃ، یعنی مدینہ پہنچکر نماز کا اعادہ نہیں فرمایا۔

حدیث باب کی تشریح من نحو کے معنی ہیں من جہۃ۔ بئر جمل بئر جمل کے نام سے یہ کنواں مدینہ کے قریب ہے اس کنویں میں اونٹ گر گیا تھا جس کی وجہ سے اس کا نام بیر جمل پڑ گیا۔

فلقیہ رجل اس رجل سے مراد خود راوی حدیث حضرت ابوجہیم رض ہیں جو کبار صحابہ میں سے تھے اور صحابی ابن صحابی ہیں ابوجہیم بضم الجیم وفتح الہاء وسکون الیاء آخر الحروف ھو عبد اللہ بن الحارث بن الصِّمۃ بکسر الصاد المہملۃ وتشدید المیم الصحابی الخزرجی (عمدہ)

معلوم ہوا کہ صحیح یہی ہے کہ حضرت ابوجہیم تصغیر کے ساتھ کا نام عبداللہ بن الحارث ہے جو خزرجی صحابی ہیں اور ایک دوسرے صحابی ابوالجہم (بفتح الجیم یعنی مکبرًا) ہیں ان کا نام عبداللہ بن جہیم ہے یہ قریشی ہیں ان کی روایت کتاب اللباس ص۸۶۱ اور کتاب الصلوٰۃ ص۵۴ میں آوے گی یہی وہ صحابی ہیں جن کے انبجانیہ کو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے منگوایا تھا، لیکن یہاں کتاب التیمم ص۴۸ میں اور کتاب الصلوٰۃ ص۷۳ میں ابوجہیم مصغرا ہی ہے جن کا نام عبد اللہ بن حارث ہے۔

یہاں یہ روایت حضرت ابوجہیم عبداللہ بن حارث رضہ سے ہے، ترجمہ گذر چکا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جس وقت ابوجہیم رضہ نے سلام کیا آپ باوضو نہیں تھے اور اس وقت آپ بلا طہارت لفظ سلام جو اللہ تعالےٰ کے اسماء میں سے ہے زبان پر لانا نہیں چاہتے تھے اس لئے فورًا جواب نہیں دیا لیکن ابوجہیم رضہ کسی گلی میں مڑنے لگے اور حضور اقدس ص نے سمجھ لیا کہ اس کے سلام کا جواب رہ جائے گا تو آپ نے دیوار پر تیمم کرکے سلام کا جواب دیدیا۔ یہیں سے حنفیہ نے ایک مسئلہ مستنبط کیا کہ جو عبادت فوت لا الی خلف ہو (یعنی جن کا کوئی بدل نہ ہو) تو اس کیلئے تیمم جائز ہے جیسے نماز جنازہ وعیدین۔ واللہ اعلم

(باب ۲۳۵ هَلْ يَنْفُخُ فِي يَدَيْهِ بَعْدَ مَا يَضْرِبُ بِهِمَا الصَّعِيدَ لِلتَّيَمُّمِ)

کیا تیمم کیلئے دونوں ہاتھ مٹی پر مارنے کے بعد (گرد کم کرنے کے لئے) دونوں ہاتھوں پر پھونک مار سکتا ہے...؟

---

۳۳۰ (حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ ثَنَا الْحَكَمُ عَنْ ذَرٍّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنِّي أَجْنَبْتُ فَلَمْ أُصِبِ الْمَاءَ فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَمَا تَذْكُرُ أَنَّا كُنَّا فِي سَفَرٍ أَنَا وَأَنْتَ فَأَجْنَبْنَا فَأَمَّا أَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَأَمَّا أَنَا فَتَمَعَّكْتُ فَصَلَّيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ هٰكَذَا فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّيْهِ الْأَرْضَ وَنَفَخَ فِيهِمَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ)

ترجمہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضہ نے فرمایا کہ ایک شخص حضرت عمر بن الخطاب رضہ کے پاس آکر کہنے لگا مجھے جنابت لاحق ہوگئی (یعنی غسل کی ضرورت ہوگئی) اور پانی مل نہ سکا (تو کیا کروں؟)

تو عمار بن یاسر رضؓ نے حضرت عمر بن خطاب رضؓ سے کہا کہ کیا آپ کو یاد نہیں ہم اور آپ دونوں ایک سفر میں تھے (پھر ہم دونوں کو جنابت لاحق ہو گئی تھی) تو آپ نے نماز نہیں پڑھی اور میں مٹی میں لوٹا اور نماز پڑھ لی پھر میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بیان کیا تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں صرف یہ کافی تھا پھر آپ ؐ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں زمین پر ماریں اور ان کو پھونک دیا پھر آپ ؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے چہرہ اور دونوں ہاتھوں کا مسح فرمایا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فضرب النبی صلی اللہ علیہ وسلم بکفیہ الارض ونفخ فیہما۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۴۸ ایضا ص۴۸ ص۴۹ ،، ،، ومسلم ص۱۶۱ ابوداؤد ص۴۶ و ص۴۷ ترمذی باب ماجاء فی التیمم ص۲۱ نسائی اول باب التیمم فی الحضر ص۳۵ ایضا ص۳۶ ابن ماجہ ص۴۳۔

مقصد تیمم چوں کہ وضو کا نائب اور بدل ہے اسلئے یہ خیال ہو سکتا ہے کہ جس طرح وضو میں پانی کا اثر سارے عضو پر رہتا ہے اسی طرح تیمم میں بھی سارے عضو پر مٹی کا پہونچنا ضروری ہونا چاہئے امام بخاری ؒ اس باب سے بتانا چاہتے ہیں کہ مٹی کے اثرات کا چہرہ اور ہاتھوں پر رہنا ضروری نہیں کیوں کہ یہ نظافت اور صفائی کے خلاف ہے بلکہ مٹی سے آلودہ ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا مثلہ کرنے کے مرادف ہے جس کی ممانعت ہے اسلئے تیمم کے لئے مٹی پر ہاتھ مارنے کے بعد پھونک مار کر زائد مٹی اڑا دے پھر چہرے اور ہاتھوں کا مسح کرے۔

شیخ المشائخ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں ای یستحب ذلک اذ اتعلق بالاعضاء تراب کثیر تحرزا عن المثلۃ (شرح تراجم)

مطلب یہ ہے کہ پھونکنا کوئی ضروری و واجب نہیں بس مٹی اگر ہاتھوں میں کثیر ہے تو پھونک مار کر کم کر دے تاکہ چہرہ بھوت کی طرح نہ معلوم ہو۔

اس روایت میں حضرت عمر فاروق رضؓ کا جواب منقول نہیں ہے لیکن نسائی اور ابن ماجہ میں حضرت عمر رضؓ کا جواب موجود ہے "لا تصل" دیکھو نسائی ص۳۵ ابن ماجہ ص۴۳۔

بَابُ ۲۳۶ التَّيَمُّمُ لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ

تیمم صرف چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں کیلئے ہے

۳۳۱ (حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَكَمُ عَنْ ذَرٍّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ أَبِيهِ قَالَ عَمَّارٌ بِهٰذَا وَضَرَبَ شُعْبَةُ بِيَدَيْهِ الْأَرْضَ ثُمَّ أَدْنَاهُمَا مِنْ فِيهِ ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ وَقَالَ النَّضْرُ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ سَمِعْتُ ذَرًّا عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى قَالَ الْحَكَمُ وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ عَمَّارٌ الصَّعِيدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ يَكْفِيهِ مِنَ الْمَاءِ)

ترجمہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضؓ نے کہا کہ حضرت عمار رضؓ نے یہ (سب واقعہ) بیان کیا (یعنی ما قبل کی روایت آدم عن شعبہ کیطرف اشارہ ہے) اور شعبہ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر مارا پھر ان دونوں کو اپنے منہ سے قریب کیا پھر اپنے منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر مسح کیا، اور نضر بن شمیل نے کہا ہم کو شعبہ نے خبر دی الحکم سے نقل کر کے انہوں نے کہا میں نے ذرّ سے سنا وہ کہتے تھے عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے بیٹے سعید سے نقل کر کے۔ حکم نے کہا اور میں نے خود اس حدیث کو عبدالرحمٰن کے بیٹے سے سنا انہوں نے اپنے باپ سے نقل کر کے کہا کہ عمار رضؓ نے کہا پاک مٹی مسلمان کا وضو ہے پانی کی جگہ وہ مسلم کو کافی ہوتی ہے۔

۳۳۲ (حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ شَهِدَ عُمَرَ وَقَالَ لَهُ عَمَّارٌ كُنَّا فِي سَرِيَّةٍ فَأَجْنَبْنَا وَقَالَ تَفَلَ فِيهِمَا)

ترجمہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضؓ کے بیٹے نے اپنے باپ سے نقل کیا کہ وہ حضرت عمر رضؓ کے پاس موجود تھے عمار رضؓ نے ان سے کہا ہم ایک سریّہ (چھوٹے لشکر) میں تھے اور ہم (دونوں) کو جنابت لاحق ہوگئی اور (نفخ فیہما کی جگہ) تفل فیہما (یعنی دونوں ہاتھوں میں تھوکا کہا۔

مطلب یہ ہے کہ سلیمان بن حرب کی روایت میں جو تفل ہے مراد پھونکنا ہی ہے البتہ یہ ممکن ہے کہ

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے زور سے پھونکا کہ کچھ لعاب مبارک نکل پڑے ہوں۔

۳۳۳ (حدثنا محمد بن کثیر قال اخبرنا شعبۃ عن الحکم عن ذر عن ابن عبد الرحمٰن بن ابزیٰ عن ابیہ عبد الرحمٰن قال قال عمار لعمر تمعکت فاتیت النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال یکفیک الوجہ والکفین)

ترجمہ حضرت عبد الرحمٰن بن ابزی رضہ نے کہا کہ حضرت عمار رضہ نے حضرت عمر رضہ سے کہا کہ میں مٹی میں لوٹا پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ؐ نے فرمایا تجھ کو منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر مسح کرنا کافی تھا۔

تشریح الوجہ والکفین اس صورت میں الوجہ فاعلیت کی بنا پر مرفوع ہے اور کفین مفعول معہ ہونے کی بنا پر حالت نصب میں ہے اور واؤ بمعنی مع ہے جیسے جاء البرد والجبات میں ہے دونوں چیزوں کے ایک ساتھ ہونے کو بتلانا ہے۔ یہ ابو ذر کا نسخہ ہے۔
لیکن اصیلی وغیرہ کے نسخے میں یکفیک الوجہ والکفان ہے حافظ عسقلانی کہتے ہیں بالرفع فیھما علی الفاعلیۃ وھو واضح (فتح)

۳۳۴ (حدثنا مسلم بن ابراھیم قال حدثنا شعبۃ عن الحکم عن ذر عن ابن عبد الرحمٰن بن ابزی عن عبد الرحمٰن قال شھدت عمر قال لہ عمار وساق الحدیث)

ترجمہ حضرت عبد الرحمان بن ابزی رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں حضرت عمر رضہ کے پاس موجود تھا ان سے حضرت عمار رضہ نے کہا اور عبد الرحمان نے یہی حدیث بیان کی۔

۳۳۵ (حدثنا محمد بن بشار قال حدثنا غندر قال ثنا شعبۃ عن الحکم عن ذر عن ابن عبد الرحمٰن بن ابزی عن ابیہ قال قال عمار فضرب النبی صلے اللہ علیہ وسلم بیدہ الارض فمسح وجھہ وکفیہ)

ترجمہ حضرت عبد الرحمٰن بن ابزی رضہ نے کہا کہ عمار رضہ نے کہا پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ زمین پر مارا اور اپنے منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر مسح کیا۔

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ یہ روایت امام بخاری رح نے مختلف طریقوں سے بیان کی ہے اور ہر روایت میں مسح وجھہ وکفیہ موجود ہے جس سے مطابقت ظاہر ہے۔

مقصد شاہ ولی اللہ صاحب رح فرماتے ہیں: مذھب المؤلف فی ھذہ المسئلۃ مثل ما

یقولہ اصحاب الظواھر وبعض المجتھدین من ان التیمم للوجہ والکفین فقط ولا یلزم المسح الی المرفقین خلافا للجمھور الخ (شرح تراجم) مقصد اصحاب ظواہر اور حنابلہ کی موافقت ہے۔

اصحاب ظواہر کے نزدیک اور امام احمد بن حنبل رحؒ کے نزدیک تیمم میں منہ کا مسح اور دونوں ہتھیلیوں کا مسح کافی ہے مرفقین (یعنی کہنیوں تک کا) مسح ضروری نہیں۔ لیکن چوں کہ جمہور احناف شوافع اور مالکیہ رحمہم اللہ مرفقین تک مسح ضروری سمجھتے ہیں یہی جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے بجز حضرت عمار رضؓ کے۔

مگر چوں کہ امام بخاری رحؒ کا رجحان اہل ظواہر کی طرف ہے اسلیے حضرت عمار رضؓ کی روایت کو چھ طرق یعنی اپنے چھ مشائخ سے ذکر کر رہے ہیں متعدد طرق سے ذکر کرکے امام احمد رحؒ کی حمایت وموافقت کر رہے ہیں اور مقصد روایات عمار رضؓ کا اضطراب دفع کرنا ہے۔

تشریح امام بخاری رحؒ نے امام احمد رحؒ اور اہل ظواہر کی موافقت وتائید میں حضرت عمار رضؓ کی جس حدیث سے استدلال کیا ہے اولا تو اس میں شدید اضطراب ہے، ابوداؤد باب التیمم میں حضرت عمار رضؓ سے مناکب وآباط (مونڈھوں اور بغلوں) تک مسح کرنے کی روایت ہے، نیز ابوداؤد صفحہ ۴۸ باب التیمم فی الحضر سے پہلی سطر میں عن عمار بن یاسر رضؓ ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال الی المرفقین ہے۔

امام بخاری رحؒ نے طرق مختلفہ سے جو اضطراب دفع کرنا چاہا ہے ماہرین پر واضح ہے کہ اس سے نہ اضطراب دفع ہوسکتا ہے اور نہ مضطرب حدیث قابل استدلال ہوسکتی ہے اسکے مقابلہ میں جمہور کے مستدلات یہ ہیں:

(۱) پوری سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کی مرفوع روایت ہے عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال التیمم ضربتان ضربۃ للوجہ وضربۃ للیدین الی المرفقین۔

(درس ترمذی اول صفحہ ۳۸۷ بحوالہ دارقطنی ج ۱ ص ۱۸۱ ومستدرک حاکم)

(۲) روایات تو بہرحال دونوں طرح کی ہیں لیکن قیاس کی موافقت جمہور کے ساتھ ہے کہ تیمم کی اصل وضو ہے اور یقینی طور پر وضو میں ہاتھ کا دھونا مرفقین تک ہے لہٰذا تیمم میں بھی مسح یدین الی المرفقین ہونا چاہیے۔

امام احمد رحؒ اور امام بخاری رحؒ وغیرہ نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے اس کا جواب یہ ہے حضرت عمار بن یاسر رضؓ نے ناواقفیت کی بناء پر حالت جنابت میں زمین پر تمعک کیا تھا یعنی زمین پر لوٹ لگائی تھی، جب اس کی اطلاع حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو دی گئی تو آپؐ نے فرمایا انما کان یکفیک ان تضرب بیدیک الارض ثم تنفخ ثم تمسح بھما وجھک وکفیک الخ (مسلم شریف جلد اول

صفحہ ۱۶۱ ایضاً بخاری اول صفحہ ۴۹ مختصراً)

اس حدیث کا سیاق صاف بتلا رہا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اصل مقصد تیمم کے طریقہ کی تعلیم دینا نہیں بلکہ تیمم کے صحیح طریقہ کی طرف اشارہ کرنا مقصود تھا کہ زمین پر لوٹنے کی ضرورت نہیں بلکہ جنابت کیحالت میں بھی تیمم کا وہی طریقہ کافی ہے جو حدث اصغر میں ہے۔

علامہ سندھی رح فرماتے ہیں کہ مقصد صرف اس قیاس کی تردید کرنا ہے جو عمار رض نے جنابت کے تیمم کو غسل پر قیاس کر کے مٹی سے پورے بدن کا مسح سمجھ لیا تھا تو حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے بتادیا کہ زمین پر لوٹنے کی ضرورت نہیں بس چہرہ اور ہاتھ کا مسح کافی ہے۔ واللہ اعلم

باب ۲۳۷

(الصَّعِيدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ المُسْلِمِ يَكْفِيهِ مِنَ المَاءِ وَقَالَ الحَسَنُ يُجْزِئُهُ التَّيَمُّمُ مَالَمْ يُحْدِثْ وَاَمَّ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُتَيَمِّمٌ وَقَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ لَا بَاسَ بِالصَّلٰوةِ عَلَى السَّبَخَةِ وَالتَّيَمُّمِ بِهَا)

باب:- پاک مٹی مسلمان کا وضو ہے پانی کے بدل وہ اسکو کافی ہے، اور حسن بصری رح نے کہا جبتک اسکو حدث نہ ہو تیمم کافی ہے، اور حضرت عبداللہ بن عباس رض نے تیمم کیحالت میں امامت کی اور یحییٰ بن سعید انصاری نے کہا کھاری نمکین زمین پر نماز پڑھنا اور اس سے تیمم کرنا درست ہے۔

۳۳۶ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ قَالَ كُنَّا فِي سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّا اَسْرَيْنَا حَتَّى كُنَّا فِي اٰخِرِ اللَّيْلِ وَقَعْنَا وَقْعَةً وَلَا وَقْعَةَ اَحْلٰى عِنْدَ الْمُسَافِرِ مِنْهَا فَمَا اَيْقَظَنَا اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ فَكَانَ اَوَّلَ مَنِ اسْتَيْقَظَ فُلَانٌ ثُمَّ فُلَانٌ ثُمَّ فُلَانٌ يُسَمِّيهِمْ اَبُو رَجَاءٍ فَنَسِيَ عَوْفٌ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الرَّابِعُ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَامَ لَمْ نُوقِظْهُ حَتَّى يَكُونَ هُوَ يَسْتَيْقِظُ لِاَنَّا لَا نَدْرِي مَا يَحْدُثُ لَهُ فِي نَوْمِهِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ عُمَرُ وَرَاٰى مَا اَصَابَ النَّاسَ وَكَانَ رَجُلًا جَلِيدًا فَكَبَّرَ وَرَفَعَ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ فَمَا زَالَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ

بالتكبير حتى استيقظ لصوته النبي صلى الله عليه وسلم فلما استيقظ شكوا اليه الذى اصابهم فقال لاضير او لا يضير ارتحلوا فارتحل فسار غير بعيد ثم نزل فدعا بالوضوء فتوضأ ونودي بالصلوة فصلى بالناس فلما انفتل من صلوته اذا هو برجل معتزل لم يصل مع القوم قال ما منعك يا فلان ان تصلي مع القوم قال اصابتني جنابة ولا ماء قال عليك بالصعيد فانه يكفيك ثم سار النبي صلى الله عليه وسلم فاشتكى اليه الناس من العطش فنزل فدعا فلانا كان يسميه ابو رجاء نسيه عوف ودعا عليا فقال اذهبا فابتغيا الماء فانطلقا فتلقيا امرأة بين مزادتين او .....

سطيحتين من ماء على بعير لها فقالا لها اين الماء قالت عهدي بالماء امس هذه الساعة ونفرنا خلوفا قالا لها انطلقي اذا قالت الى اين قالا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت الذى يقال له الصابئ قالا هو الذى تعنين فانطلقي فجاءا بها الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وحدثاه الحديث قال فاستنزلوها عن بعيرها ودعا النبي صلى الله عليه وسلم باناء ففرغ فيه من افواه المزادتين او السطيحتين واوكأ افواههما واطلق العزالي ونودي في الناس اسقوا واستقوا فسقى من شاء واستقى من شاء وكان اخر ذاك ان اعطى الذى اصابته الجنابة اناء من ماء قال اذهب فافرغه عليك وهي قائمة تنظر الى ما يفعل بمائها وايم الله لقد اقلع عنها وانه ليخيل الينا انها اشد ملاءة منها حين ابتدأ فيها فقال النبي صلى الله عليه وسلم اجمعوا لها فجمعوا لها من بين عجوة ودقيقة وسويقة حتى جمعوا لها طعاما فجعلوه في ثوب وحملوها على بعيرها ووضعوا الثوب بين يديها فقال لها تعلمين ما رزئنا من مائك شيئا ولكن الله هو الذى اسقانا فاتت اهلها وقد احتبست عنهم قالوا ما حبسك يا فلانة قالت العجب لقيني رجلان فذهبا بي الى هذا الرجل الذى يقال له الصابئ ففعل كذا وكذا فوالله انه لاسحر الناس من بين هذه

وَهٰذِهٖ وَقَالَتْ بِاِصْبَعَيْهَا الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ فَرَفَعَتْهُمَا اِلَى السَّمَاءِ تَعْنِى السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ اَوْ اِنَّهٗ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدُ يُغِيْرُوْنَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَا يُصِيْبُوْنَ الصِّرْمَ الَّذِىْ هِىَ مِنْهُ فَقَالَتْ يَوْمًا لِقَوْمِهَا مَا اُرٰى اَنَّ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ قَدْ يَدْعُوْنَكُمْ عَمْدًا فَهَلْ لَكُمْ فِى الْاِسْلَامِ فَاَطَاعُوْهَا فَدَخَلُوْا فِى الْاِسْلَامِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ صَبَا خَرَجَ مِنْ دِيْنٍ اِلٰى غَيْرِهٖ وَقَالَ اَبُو الْعَالِيَةِ الصَّابِئِيْنَ فِرْقَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ يَقْرَءُوْنَ الزَّبُوْرَ اَصْبُ اَمِلْ)

ترجمہ حضرت عمران بن حصین رضہ سے روایت ہے انھوں نے کہا ہم نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے ہم لوگ رات کو چلتے رہے یہاں تک کہ رات کا آخر ہو گیا تو ہم پڑ گئے (یعنی سو گئے) ایسی نیند کہ مسافر کے نزدیک اس سے زیادہ میٹھی اور کوئی نیند نہیں ہوتی چنانچہ ہمیں سورج کی گرمی نے بیدار کیا اور سب سے پہلے جو شخص بیدار ہوا وہ فلاں تھا پھر فلاں پھر فلاں حضرت ابو رجاء ان کو نام بنام بیان کرتے تھے لیکن عوف بھول گئے پھر چوتھے حضرت عمر بن خطاب بیدار ہوئے (اور ہمارا قاعدہ یہ تھا کہ) جب نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تو ہم آپ کو بیدار نہیں کرتے یہاں تک کہ آپ خود بیدار ہوں کیوں کہ ہم نہیں جانتے تھے کہ خواب میں آپ پر کیا تازہ وحی آتی ہے، جب حضرت عمر رضہ بیدار ہوئے اور انہوں نے لوگوں پر جو آفت آئی وہ دیکھی اور حضرت عمر رضہ بہادر نڈر آدمی تھے انہوں نے بلند آواز سے تکبیر کہنا شروع کی برابر اللہ اکبر اللہ اکبر بلند آواز سے کہتے رہے یہاں تک کہ انکی آواز سے نبی اکرم صلی اللہ وسلم بیدار ہو گئے جب آپ بیدار ہوئے تو صحابہ کرام رضہ نے شکایت کی جو مصیبت لوگوں پر گذری تھی آپ نے فرمایا کچھ نقصان نہیں یا کچھ نقصان نہیں ہوگا (شک راوی) چلو اب کوچ کرو چنانچہ چل پڑے پھر تھوڑی دور چل کر آپ اترے اور وضو کا پانی منگوایا اور وضو کیا اور اذان دی گئی اور آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو ایک شخص کو دیکھا وہ کنارے بیٹھا تھا اس نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھی آپ نے فرمایا اے فلاں تجھے لوگوں کے ساتھ نماز پڑھنے میں کیا چیز مانع ہوئی؟ اس نے عرض کیا مجھے جنابت لاحق ہو گئی (یعنی غسل کی ضرورت ہے) اور پانی نہیں ہے آپ نے فرمایا مٹی سے تیمم کر لے وہ تیرے لئے کافی ہے پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم چلے تو لوگوں نے آپ سے پیاس کی شکایت کی آپ اترے اور ایک شخص (حضرت عمران بن حصین راوی حدیث) کو بلایا ابو رجاء اس کا نام بیان کرتے تھے لیکن عوف بھول گئے اور حضرت علی رضہ کو دونوں سے فرمایا۔ جاؤ اور پانی تلاش کرو چنانچہ یہ دونوں چلے (راہ میں) ان حضرات کو ایک عورت ملی جو پانی کے دو تھیلے یا دو مشکیزے کے درمیان بیٹھی تھی

(یعنی دونوں تھیلے کو دونوں طرف لٹکا کر درمیان میں بیٹھی جارہی تھی) ان دونوں حضرات نے اس سے پوچھا پانی کہاں ہے؟ اس عورت نے کہا میں گذشتہ کل اسی وقت پانی کے پاس تھی اور ہمارے مرد پیچھے ہیں ان دونوں حضرات نے اس سے کہا خیر اب تو چل اس نے کہا کہاں؟ دونوں حضرات نے کہا اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اس نے کہا وہی شخص جنہیں صابی کہا جاتا ہے ان دونوں نے جواب دیا ہاں وہی جو تیری مراد ہے وہیں چل چنانچہ یہ دونوں حضرات اس عورت کو رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے اور آپ سے سارا واقعہ بیان کیا۔ عمران رضی کہتے ہیں پھر لوگوں نے اسے اسکے اونٹ سے اتارا اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن منگوایا اور دونوں تھیلیوں اور مشکیزوں کا منہ کھول کر اس میں پانی ڈالا پھر اوپر کا منہ بند کردیا اور نیچے کا منہ کھول دیا اور لوگوں میں اعلان کردیا گیا کہ پانی پلاؤ اور خود پیو، جس نے چاہا (جانوروں کو) پلایا اور جس نے چاہا پیا (سب سیر ہو گئے) اخیر میں آپ نے یہ کیا کہ جس شخص کو جنابت لاحق ہو گئی تھی ایک برتن پانی دیا اور فرمایا جاؤ اپنے اوپر ڈال لو (یعنی غسل کر لو) اور وہ عورت کھڑی دیکھتی رہی جو اس کے پانی کے ساتھ کیا جارہا تھا اور خدا کی قسم جب ان مشکیزوں سے پانی لینا بند کیا گیا تو ہمیں ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ اب وہ زیادہ بھرے ہوئے ہیں اس وقت سے جب ان سے پانی لینا شروع کیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس عورت کیلئے کچھ جمع کرو تو لوگوں نے اس کیلئے کھجور، آٹا اور ستو جمع کیا یہانتک کہ (بہت سارا) کھانے کا سامان اکٹھا کردیا اور اس کو ایک کپڑے میں باندھ دیا اور اس عورت کو اس کے اونٹ پر سوار کر کے وہ کپڑا (کھانا بھرا ہوا) اس کے سامنے رکھ دیا تب آپ نے فرمایا "تو جانتی ہے کہ ہم نے تیرے پانی میں سے کچھ کم نہیں کیا لیکن اللہ ہی نے ہمیں پلایا پھر وہ عورت اپنے گھر پہنچی اور چوں کہ اس کو واپس ہونے میں تاخیر ہو گئی تھی لوگوں نے پوچھا ارے فلانی تجھے کس نے روک لیا؟ وہ کہنے لگی عجیب بات ہوئی دو آدمی (راہ میں) مجھے ملے وہ مجھے اس شخص کے پاس لے گئے جس کو لوگ صابی کہتے ہیں اس نے ایسا ایسا کیا قسم خدا کی یقیناً وہ شخص اس کے اور اس کے درمیان میں سب سے بڑا جادوگر ہے اور اس نے اپنی دونوں انگلیوں انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی سے اشارہ کیا چنانچہ ان کو آسمان کی طرف اٹھایا مراد اس کی آسمان اور زمین تھی ہے، یا پھر بلاشبہ وہ شخص اللہ تعالے کا سچا رسول ہے، اس کے بعد مسلمان اس عورت (کے مکان) کے آس پاس کے مشرکوں پر غارت ڈالتے تھے اور اس جماعت کو کچھ نقصان نہ پہنچاتے تھے جس میں سے وہ عورت تھی (یعنی عورت کے پورے محلہ کو چھوڑ دیتے تھے) تو اس عورت نے ایک دن اپنی قوم سے کہا کہ میں سمجھتی ہوں کہ مسلمان جو تم کو چھوڑ دیتے ہیں تو جان بوجھکر چھوڑ دیتے ہیں تو کیا اب تمہیں اسلام قبول کرنے کی رغبت ہے؟ ان لوگوں نے اسکی بات مان لی۔ اور سب اسلام میں داخل ہو گئے۔

ابو عبد اللہ (امام بخاری رحمۃ اللہ) نے کہا کہ صَبَا کے معنی ہیں ایک دین سے نکل کر دوسرے دین میں داخل ہو گیا، اور ابو العالیہ نے کہا صابئین اہل کتاب کا ایک فرقہ ہے جو زبور پڑھا کرتے ہیں اَصبُ اَمِل یعنی سورہ یوسف میں جو اصبُ کا لفظ ہے اس کے معنی ہیں کہ میں مائل ہو جاؤں گا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "علیک بالصعید فانہ یکفیک"

تعدد موضعہ | والحدیث ھٰھنا ص۴۹ ویاتی فی باب بعد باب التیمم ضربۃ منہ مختصرا غایۃ الاختصار رفی العلامات ص۵۰۴ ومسلم ص۲۴۰ ونسائی فی باب التیمم بالصعید ص۳۶ والوداؤد فی الصلوٰۃ مختصرا نماغایۃ الاختصار ص۶۴۔

وقال الحسن یجزئہ التیمم مالم یحدث، امام بخاری رحمۃ اللہ نے حسن بصری رحمۃ اللہ کا قول نقل فرمایا ہے جس سے حنفیہ کی مکمل تائید ہوتی ہے کہ جبتک حدث لاحق نہ ہو ایک ہی تیمم سے تمام نمازیں وضو کی طرح ادا کیجا سکتی ہیں۔

وامّ ابن عباس رضی اللہ عنہ وھو متیمم، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے تیمم کی حالت میں ان لوگوں کی امامت کی جو باوضو تھے، یہاں پر حافظ عسقلانی فرماتے ہیں" واشار المصنف بذالک الی ان التیمم یقوم مقام الوضوء ولو کانت الطہارۃ بہ ضعیفۃ لما امّ ابن عباس وھو متیمم من کان متوضئا وھٰذہ المسئلۃ وافق فیہا البخاری الکوفیین والجمھور الخ

معلوم ہوا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک تیمم بالکل وضو کے قائم مقام ہے اگر تیمم کی طہارت کو ضعیف سمجھتے تو وضو والوں کی امامت نہ کرتے۔

مقصد | علامہ عینی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں والقصد ان التیمم حکمہ حکم الوضوء فی جواز اداء الفرائض المتعددۃ والنوافل مالم یحدث باحد الحدثین وھو قول اصحابنا الخ (عمدۃ القاری پاکستانی ص۲۴/۴)

یعنی امام بخاری رحمۃ اللہ کا مقصد یہ ہے کہ تیمم کا حکم وضو جیسا ہے جس طرح ایک وضو سے متعدد فرائض و نوافل ادا کر سکتے ہیں اسی طرح ایک تیمم سے بھی متعدد فرائض ادا کئے جا سکتے ہیں جبتک حدث لاحق نہ ہو یہی احناف کا مذہب ہے وبہ قال ابراہیم وعطاء وابن المسیب والزہری وغیرہ۔ یہی تقریبا شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔

غرضہ من عقد الباب اثبات ان التراب لہ حکم الماء عند عدم وجدانہ فاذا تیمم یصلی بہ ماشاء من الفرائض والنوافل مالم یحدث کما ھو حکم الماء وھذا مذھب ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالٰی خلافا للشافعی رحمۃ اللہ وغیرہ من الائمۃ ومحل الاستشہاد فی حدیث

الباب قوله صلی اللہ علیہ وسلم علیک بالصعید فانه یکفیک لان الظاهر المتبادر من الکفایة ان یکون له حکم الماء والا لکانت الکفایة ناقصة مع ان المطلق ینصرف الی الکامل فتامل (شرح تراجم)

یعنی پانی کی عدم موجودگی میں مٹی پانی ہی کے حکم میں ہے جس طرح پانی سے طہارت مطلقہ حاصل ہوتی ہے اسی طرح مٹی سے (یعنی تیمم سے) بھی طہارت مطلقہ حاصل ہوتی ہے۔ ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک تیمم طہارت ضروریہ ہے یعنی تیمم کے ذریعہ طہارت حاصل کرنا ضرورتاً اور مجبوری کے درجہ کی چیز ہے اس سے رفع حدث نہیں ہوتا، جس ضرورت و فرض کیلئے تیمم کیا ہے اس ضرورت کے بعد طہارت ختم ہو جائے گی خواہ حدث ہو یا نہ ہو اسکی افادیت صرف وقتی فریضہ تک محدود رہے گی کسی دوسرے فرض کی قضا بھی اس تیمم سے نہیں کر سکتے اس کیلئے دوسرا تیمم ضروری ہوگا۔

وقال الحسن یجزئه التیمم مالم یحدث امام بخاریؒ نے حسن بصریؒ کا قول نقل فرمایا ہے جس سے حنفیہ کی مکمل تائید ہوتی ہے کہ جب تک حدث لاحق نہ ہو ایک ہی تیمم سے تمام نمازیں وضو کی طرح ادا کی جا سکتی ہیں۔

وام ابن عباس رضؓ وهو متیمم حضرت ابن عباس رضؓ نے تیمم کی حالت میں ان لوگوں کی جو باوضو تھے یہاں اگر حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں" واشار المصنف بذلک الی ان التیمم یقوم مقام الوضوء ولو کانت الطهارة به ضعیفة لما ام ابن عباس وهو متیمم من کان متوضأ وهذه المسألة وافق فیها البخاری الکوفیین والجمهور الخ معلوم ہوا کہ حضرت ابن عباس رضؓ کے نزدیک تیمم بالکل وضو کے قائم مقام ہے اگر تیمم کی طہارت کو ضعیف سمجھتے تو وضو والوں کی امامت نہ کرتے۔

تشریح کنا فی سفر الخ حضرت عمران بن حصین (بالضم الحاء) رضؓ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے مگر روایت میں اسکی تصریح نہیں ہے کہ یہ کس سفر کا واقعہ ہے؟ شراح بخاری نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ اور یہ واقعہ جس شب میں پیش آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز فجر سو جانے کی وجہ سے قضا ہوئی اس کو لیلۃ التعریس کہتے ہیں۔

تعریس کے معنی ہیں سفر میں اخیر رات کو آرام کرنے کیلئے اترنا، پڑاؤ ڈالنا۔

اس لیلۃ التعریس کے سلسلے میں ایک اختلاف تو یہ ہے جو حافظ عسقلانی فرماتے ہیں: وقد اختلف العلماء هل کان ذلک مرة او اکثر اعنی نومهم عن صلوٰة الصبح الخ (فتح) یعنی اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ سو جانے کا واقعہ ایک دفعہ ہوا ہے یا متعدد بار؟ امام نوویؒ کہتے ہیں: ظاهر الاحادیث مرتان (شرح نووی صـ۲۳۸)۔

اُصیلیؒ نے جزم کے ساتھ کہا ہے کہ یہ واقعہ ایک ہی مرتبہ ہوا ہے لیکن قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ واقعات

کی نوعیت اور جگہوں کے اختلاف سے تعدد واقعہ کا ثبوت ملتا ہے کیوں کہ حضرت ابو قتادہ رضؓ کی روایت جو مسلم شریف ص۲۳۸ سے ص۲۴۰ تک مفصل ہے، اور یہ روایت حضرت عمران بن حصین رضؓ کی جو بخاری ص۴۹ میں اور مسلم ص۲۴۰ میں متفق علیہ روایت ہے بہت فرق و مغایرت ہے۔

نیز حافظ عسقلانی، علامہ سیوطی اور ابن عربی رحؒ سب تعدد واقعہ کے قائل ہیں واللہ اعلم

نمبر۲ تعدد واقعہ کی صورت میں اس سفر کی تعیین میں اختلاف ہے ففی صحیح مسلم من حدیث ابی ہریرۃ رضؓ انہ وقع عند رجوعہم من خیبر (مسلم ص۲۳۸) وفی حدیث ابن مسعود رضؓ رواہ ابوداؤد ص۶۴ اقبلنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زمن الحدیبیۃ، وفی حدیث عطاء بن یسار مرسلا رواہ عبدالرزاق ان ذالک بطریق تبوک وکذا فی حدیث عقبۃ بن عامر رواہ البیہقی فی الدلائل۔

علامہ انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں: اقول واقطع علی انہا واقعۃ واحدۃ لا انہا واقعات عدیدۃ الخ یعنی میرے نزدیک ایسا واقعہ صرف ایک بار پیش آیا ہے والارجح عندی انہ واقعۃ خیبر الخ

(فیض الباری جلد اول ص۴۱۰)

اور یہی فرماتے ہیں محشی بخاری حضرت محدث سہارنپوری رحؒ ملاحظہ ہو بخاری ص۵۰۴ کے دسویں سطر فی میر کا بین السطور۔

لیکن اشکال یہ ہے کہ اس حدیث میں تصریح ہے علیک بالصعید فانہ یکفیک، یعنی ایک جنبی کو آپ نے تیمم کا حکم فرمایا ہے اور احقر نے اسی جلد کے حدیث نمبر۳۲۶ میں علماء محققین مثلاً علامہ ابن قیم اور علامہ ابن جوزی کا قول نقل کیا ہے کہ تیمم کا حکم غزوہ ذات الرقاع سے واپسی میں نازل ہوا جو غزوہ خیبر کے بعد واقع ہوا ہے امام بخاری رحؒ نے اس کو مدلل ثابت کیا ہے کہ غزوہ ذات الرقاع ساتواں غزوہ ہے اور یہ غزوہ غزوۂ خیبر کے بعد ہوا تفصیل کیلئے نصر الباری کتاب المغازی ص۱۱۰ دیکھئے۔

اور اگر اس سفر سے سفر تبوک مراد لیا جائے تو یہ اشکال ختم ہو سکتا ہے واللہ اعلم بالصواب کان اول من استیقظ الخ ان جاگنے والوں میں سے سب سے پہلے جاگنے والے کا نام یہاں ص۴۹ کی حدیث میں نہیں ہے لیکن یہی حدیث بخاری ص۵۰۴ میں ہے جس میں تصریح ہے اول من استیقظ من منامہ ابوبکر رضؓ البتہ دوسرے اور تیسرے کا نام ص۵۰۴ میں بھی نہیں ہے لیکن علامہ قسطلانی رحؒ فرماتے ہیں:

یحتمل ان یکون عمران الراوی الخ

اور یہ ظاہر ہے۔ ورنہ وہ واقعہ کس طرح بیان کرتے۔ ان کے بعد ذو مخبر رضؓ (بکسر المیم وسکون الخاء المعجمۃ د فتح الباء) چوتھے نمبر پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صراحت خود اس حدیث میں ہے۔

اذا نام لم نوقظہ حب حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تو ہم آپ کو بیدار نہیں کرتے الخ

اشکال | اشکال یہ ہے کہ خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:-

ان عینی تنامان ولا ینام قلبی میری آنکھیں سوتی ہیں اور قلب بیدار رہتا ہے۔ جب قلب بیدار رہتا تھا تو ایسی شکل کیوں پیش آئی؟

جواب :- ۱ یہ ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے اہم مقاصد میں سے ایک مقصد تعلیم فعلی بھی ہے اسی حکمت کے پیش نظر کبھی کبھار حالت بیداری میں آپ کو نماز میں سہو ہو گیا تاکہ سہو کے مسائل واحکام کا بیان اور اسکی تشریع فعل رسول سے ہو جائے، محدث کبیر علامہ ابن منیر ارشاد فرماتے ہیں :-

قد یحصل له السهو فی الیقظه لمصلحة التشریع ففی النوم بطریق الاولیٰ۔	آپ کو کبھی بیداری کی حالت میں تشریع (احکام قضا) کی مصلحت کی وجہ سے سہو ہو جاتا تھا تو نیند کی حالت میں بطریق اولیٰ سہو پیش آسکتا ہے۔

مقصد صاف ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کرنے کی تعلیم عملاً دی ہے اب مصلحت تشریع کا تقاضا تھا کہ نماز کے سلسلے میں احکام قضا کی تعلیم آپ کی عمر میں ایسا واقعہ پیش آئے اور نماز قضاء ہو جانے کی صورت قضاء صلوٰۃ کیلئے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا اسوہ و عمل امت کے سامنے ہو۔

خود حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "انی لا انسی ولکن انسی لاسن"

جواب ۲ حدیث پاک کے الفاظ قابل غور ہیں "آنکھیں سوتی ہیں اور قلب بیدار رہتا ہے" اور ظاہر ہے کہ طلوع فجر یعنی صبح صادق کا دیکھنا محسوسات بصر میں سے ہے نہ کہ قلب سے، قلب کے بیدار رہنے کا مطلب ہے لا ینام قلبه من اجل الوحی وانه یوحیٰ الیه فی النوم۔

۳ بعض حضرات نے کہا ہے کہ استغراق کی حالت میں آپ کی کیفیت اور ہوتی ہے اور عدم استغراق کی حالت میں آپ نے فرمایا "ان عینی تنامان ولا ینام قلبی"

۴ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جان بوجھ کر بیدار نہیں ہوئے تاکہ امر تشریعی ظاہر ہو سکے فتامل، واللہ اعلم

اذا ھو برجل قال صاحب التوضیح ھو خلاد بن رافع (عمدہ) مگر اس پر خود علامہ عینی رح نے اعتراض وجواب نقل کیا ہے۔ ارتحلوا بصیغہ امر حاضر علامہ قسطلانی فرماتے ہیں: وکان السبب فی الارتحال من ذالک الموضع حضور الشیطان فیه کما فی مسلم (قس)

باب ۲۳۸ اِذَا خَافَ الْجُنُبُ عَلٰی نَفْسِهِ الْمَرَضَ اَوِ الْمَوْتَ اَوْ خَافَ الْعَطَشَ تَيَمَّمَ وَيُذْكَرُ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ اَجْنَبَ فِىْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ

فتیمم وتلا "ولا تقتلوا انفسکم ان اللہ کان بکم رحیما" فذکر ذالک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یعنف)

جب جنب کو بیماری کا ڈر ہو یا موت کا یا پیاس کا (مثلاً تھوڑا پانی ہو) تو وہ تیمم کرلے۔ اور کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن العاص رضؓ کو جاڑے کی رات میں غسل کی حاجت ہوئی انہوں نے تیمم کرلیا اور (سورہ نساء کی) یہ آیت پڑھی "اپنے آپ کو قتل مت کرو بلاشبہ اللہ تم پر مہربان ہے" پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ واقعہ بیان کیا گیا تو آپؐ نے ملامت نہیں کی۔

۳۳۷ (حدثنا بشر بن خالد قال اخبرنا محمد هو غندر عن شعبة عن سلیمان عن ابی وائل قال ابو موسیٰ لعبد اللہ بن مسعود اذا لم یجد الماء لا یصلی قال عبد اللہ نعم ان لم اجد الماء شهرا لم اصل لو رخصت لهم فی هذا کان اذا وجد احدهم البرد قال هکذا یعنی تیمم وصلی قال قلت فاین قول عمار لعمر قال انی لم ار عمر قنع بقول عمار)

ترجمہ ابو وائل (شقیق بن سلمہ) سے روایت ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضؓ نے حضرت عبد اللہؓ بن مسعود رضؓ سے کہا کسی کو جب پانی نہ ملے (اور جنب ہو) تو نماز نہ پڑھے؟ حضرت عبد اللہؓ نے کہا "ہاں" اگر مجھکو ایک مہینے تک پانی نہ ملے تو میں نماز نہ پڑھوں گا اگر میں انہیں اس بارے میں اجازت دیدوں گا تو جب ان میں سے کوئی سردی محسوس کرے گا تو وہ یہی کرلے گا یعنی تیمم کرکے نماز پڑھ لے گا حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا پھر عمار رضؓ کا حضرت عمرؓ سے کہنا کہاں گیا؟ عبد اللہؓ نے کہا میں نہیں سمجھتا کہ حضرت عمرؓ نے حضرت عمارؓ کے قول پر قناعت کی ہو (مطلب یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کو اطمینان کہاں ہوا؟

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یعنی تیمم وصلی"

تعدد موضعہ والحدیث ههنا منہ وایضا متصلا منہ وایضا فی الباب الاتی التیمم ضربۃ منہ

۳۳۸ (حدثنا عمر بن حفص قال ثنا ابی قال ثنا الاعمش قال سمعت شقیق بن سلمة قال کنت عند عبد اللہ وابی موسیٰ فقال له ابو موسیٰ ارأیت یا ابا عبد الرحمن اذا اجنب فلم یجد ماء کیف یصنع فقال عبد اللہ لا یصلی حتی یجد الماء فقال ابو موسیٰ فکیف تصنع بقول عمار حین قال له النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یکفیک قال الم تر عمر لم یقنع بذالک منه فقال ابو موسیٰ فدعنا

مِنْ قَوْلِ عَمَّارٍ كَيْفَ تَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ فَمَا دَرٰى عَبْدُ اللّٰهِ مَا يَقُوْلُ
فَقَالَ اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذَا الْاَوْشَكَ اِذَا بَرَدَ عَلٰى اَحَدِهِمُ الْمَاءُ
اَنْ يَّدَعَهٗ وَيَتَيَمَّمَ فَقُلْتُ لِشَقِيْقٍ فَاِنَّمَا كَرِهَ عَبْدُ اللّٰهِ لِهٰذَا فَقَالَ نَعَمْ

ترجمہ شقیق بن سلمہ (یعنی ابو وائل شقیق تابعی) نے بیان کیا کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کے پاس تھا تو ابو موسیٰ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے کہا، ابو عبدالرحمٰن (کنیت عبداللہ بن عمرؓ) بتلایئے تو جب کوئی جنب ہو (یعنی جب کسی کو غسل کی ضرورت ہو جائے) اور پانی نہ پائے تو وہ کیا کرے؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا جب تک پانی نہ پائے نماز نہ پڑھے پھر ابو موسیٰؓ نے کہا پھر آپ عمارؓ کی روایت کو کیا کریں گے جبکہ ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، "تجھ کو یہ کافی تھا (یعنی منہ اور ہاتھ کا مسح کرنا) حضرت ابن مسعودؓ نے کہا کیا تم نے نہیں دیکھا کہ حضرت عمرؓ نے ان کی بات پر قناعت نہیں کی۔ ابو موسیٰؓ نے کہا اچھا تو عمارؓ کا قول جانے دو تم اس آیت کا کیا جواب دو گے (جو سورۂ مائدہ میں فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا ہے) تو حضرت عبداللہؓ کو کچھ جواب نہ بن کر کیا کہیں تو کہنے لگے کہ اگر ہم نے لوگوں کو اس بارے میں اجازت دیدی تو بس جب ان میں کسی کو پانی ٹھنڈا معلوم ہوگا تو وہ پانی چھوڑ کر تیمم کرلیگا، اعمش کہتے ہیں کہ میں نے شقیق سے کہا تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے جنب کو تیمم کرنا اس مصلحت سے برا جانا انہوں نے کہا ہاں۔

مطابقة للترجمة هذا طريق آخر في الحديث المذكور وموضع الترجمة "ان يدعه ويتيمم"

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۵۰ ومر ص۵۰ وايضا في الباب الآتي التيمم ضربة ص۵۰۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد دو مسئلے کو بیان کرنا ہے ایک تو یہ کہ جنب کیلئے بھی تیمم جائز ہے۔ یعنی جس طرح پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہونے پر وضو کی جگہ تیمم جائز و درست ہے اسی طرح جنبی (جس کو غسل کی ضرورت ہے) اگر پانی کے استعمال پر قدرت نہیں ہے تو غسل کی جگہ تیمم کرکے نماز پڑھ سکتا ہے جیسا کہ گذشتہ باب ص۵۰ کی طویل روایت میں معلوم ہو چکا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنبی صحابی سے فرمایا، "عليك بالصعيد فانه يكفيك"

یہی جمہور صحابہ کرام اور ائمہ عظام کا مسلک ہے صرف امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروقؓ اور فقیہ الامت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جنبی کو تیمم کی اجازت نہیں دیتے تھے، حضرت عمر فاروقؓ کے آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کا مذہب تھا پھر دونوں حضرات نے رجوع کر لیا جیسا کہ امام نوویؒ نے لکھا ہے "وقيل ان عمر وعبد الله رجعا عنه وقد جاءت بجوازه للجنب الاحاديث الصحيحة المشهورة"

(شرح مسلم اول ص۱۶۰)

دوسرا مقصد یہ ہے کہ مرض، موت اور پیاس تینوں اندیشوں کیلئے تیمم جائز ہے۔

یعنی پانی موجود ہے لیکن اپنے تجربہ کی بنا پر یا کسی مسلم طبیب حاذق کے بتلانے پر پانی کے استعمال سے مرض کے پیدا ہونے یا مرض کے زیادہ ہونے یا بہت دیر میں صحتیاب ہونے کا غالب گمان ہو تو تیمم کر سکتا ہے۔

اس میں تو فقہاء کا اختلاف ہے کہ حدوث مرض کا اندیشہ ہو اور غلبۂ ظن ہو تو تیمم جائز ہے یا نہیں! امام اعظمؒ، امام احمد حنبلؒ، امام شافعیؒ اور فی روایۃ امام مالکؒ جائز ہے وعن مالکؒ روایۃ بالمنع، وقال عطاء والحسن لایستباح التیمم بالمرض اصلا۔

لیکن اذا خاف الجنب علی نفسہ الموت یجوز لہ التیمم بلاخلاف (عمدہ)

خلاصہ یہ ہے کہ پیاس اور موت کے خوف سے تیمم کرنا بالاتفاق جائز ہے لا اختلاف فیہ۔

تیمم جنابت کیلئے عمرو بن العاصؓ کا اجتہاد

امام بخاریؒ اثبات ترجمہ کیلئے حضرت عمرو بن العاصؓ کے اجتہاد کا واقعہ پیش کر رہے ہیں اس واقعہ کی کچھ تفصیل ابوداؤد ص۴۸ ج۱ میں ہے۔

عمرو بن العاصؓ فرماتے ہیں کہ مجھے غزوۂ ذات السلاسل میں ایک سردی کی رات میں جنابت لاحق ہو گئی (یعنی احتلام ہو گیا) مجھے اندیشہ ہوا کہ اگر میں نے ٹھنڈے پانی سے غسل کیا تو ہلاک ہو جاؤں گا۔ چنانچہ میں نے تیمم کر کے صبح کی نماز پڑھا دی پھر سفر سے واپسی پر حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا گیا تو آپؐ نے یہ سنکر ملامت نہیں کی بلکہ سکوت فرمایا۔

امام بخاریؒ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ چونکہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا اس لئے حضورؐ کی تقریر سے یہ ثابت ہو گیا کہ اگر ہلاکت وموت کا اندیشہ ہو تو تیمم کر سکتا ہے۔

فائدہ:- غزوہ ذات السلاسل کیلئے دیکھئے نصر الباری کتاب المغازی ص۲۲۴۔

حدیث الباب

امام بخاریؒ نے ترجمہ کے ذیل میں دو حدیثیں نقل کی ہیں جن میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کے مناظرہ کا ذکر ہے۔ پیش کردہ دونوں احادیث میں دو فرق ہیں ایک فرق تو یہ ہے کہ پہلی روایت مختصر ہے اور دوسری روایت میں تفصیل ہے دوسرا فرق یہ ہے کہ پہلی روایت میں تقدیم وتاخیر ہے اور دوسری روایت میں واقعہ کی اصل اور صحیح ترتیب ہے۔ نیز اگلے باب میں ابو معاویہ کی روایت آرہی ہے اس میں بھی تقدیم وتاخیر ہے۔

بہرحال امام بخاریؒ نے دوسری روایت پیش کر کے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی مناظرانہ گفتگو کی مکمل و مرتب شکل ذکر کر دی۔

ابوموسیٰؓ کا استدلال

حضرت ابوموسیٰؓ نے حضرت ابن مسعودؓ سے کہا کہ اگر ایک جنبی کو پانی پر قدرت نہ ہو تو آپکی کیا رائے ہے؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا جبتک پانی نہ پائے

نماز نہ پڑھے۔

ابوموسیٰؓ نے کہا آپ قول عمار کی کیا تاویل کرینگے؟

ابوموسیٰؓ کے اس استدلال کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عمارؓ ایک سفر میں شریک تھے اتفاق سے دونوں کو غسل کی ضرورت پیش آگئی۔ عمارؓ نے تو زمین پر لوٹ لگا کر نماز پڑھ لی اور حضرت عمرؓ نے نماز مؤخر کردی، جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ واقعہ پیش کیا گیا تو حضور علیہ السلام نے عمار کے عمل کی اصلاح فرمادی کہ لوٹ لگانے کی ضرورت نہیں اور تیمم کا صحیح طریقہ بتادیا مگر حضور اکرم علیہ السلام نے یہ نہیں فرمایا کہ حالت جنابت میں تیمم کی ممانعت ہے۔

حضرت عبداللہؓ نے اس استدلال پر نقض وارد کردیا کہ جب شریک واقعہ حضرت عمرؓ ہی اس روایت سے مطمئن نہیں ہوئے تو پھر ہمارے اوپر یہ روایت کیسے حجت ہوسکتی ہے؟

تو اس کے بعد حضرت ابوموسیٰؓ اشعری نے سورۂ مائدہ کی آیت تیمم اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاءَ فلم تجدوا ماءً فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم منہ (آیت ۶) پیش کی۔ پھر عبداللہ بن مسعودؓ نے صاف طور پر فرمادیا کہ ہمارا تیمم للجنب کا انکار حقیقت کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ سدّ اللباب ہے یعنی کاہل اور سست لوگوں کیلئے راستہ بند کرنے کیلئے ہے۔

بہرحال رجوع ثابت ہے جیسا کہ علامہ نووی رحمہ شرح مسلم صفحہ ۱۶۱ کے حوالہ سے ذکر کیا جاچکا ہے۔

(بَابُ التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ)[۲۲۹]

تیمم (میں) صرف ایک ضربہ ہے

۳۳۹ (حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللهِ وَأَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ فَقَالَ لَهُ أَبُو مُوسَى لَوْ أَنَّ رَجُلًا أَجْنَبَ فَلَمْ يَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا أَمَا كَانَ يَتَيَمَّمُ وَيُصَلِّي قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ لَا يَتَيَمَّمُ وَإِنْ كَانَ لَمْ يَجِدْ شَهْرًا فَقَالَ لَهُ أَبُو مُوسَى فَكَيْفَ تَصْنَعُونَ بِهٰذِهِ الْآيَةِ فِي سُورَةِ الْمَائِدَةِ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَقَالَ عَبْدُ اللهِ لَوْ رُخِّصَ فِي هٰذَا لَهُمْ لَأَوْشَكُوا إِذَا بَرَدَ عَلَيْهِمُ الْمَاءُ أَنْ يَتَيَمَّمُوا

الصعيد قلت وانما كرهتم هذا لذا قال نعم فقال ابو موسى الم تسمع قول عمار لعمر بن الخطاب بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم في حاجة فاجنبت فلم اجد الماء فتمرغت في الصعيد كما تمرغ الدابة فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال انما كان يكفيك ان تصنع هكذا وضرب بكفه ضربة على الارض ثم نفضها ثم مسح بها ظهر كفه بشماله او ظهر شماله بكفه ثم مسح بهما وجهه فقال عبد الله افلم تر عمر لم يقنع بقول عمار وزاد يعلى عن الاعمش عن شقيق قال كنت مع عبد الله وابي موسى فقال ابو موسى الم تسمع قول عمار لعمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعثني انا وانت فاجنبت فتمعكت بالصعيد فاتينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخبرناه فقال انما كان يكفيك هكذا ومسح وجهه وكفيه واحدة ؎

ترجمہ شقیق نے کہا میں عبداللہ بن مسعود رضؓ اور ابو موسیٰ اشعری رضؓ کے پاس بیٹھا تھا تو ابو موسیٰ نے عبداللہ رضؓ سے کہا کہ اگر کوئی شخص جنبی ہو جائے اور ایک مہینہ تک پانی نہ پائے تو کیا وہ تیمم نہ کرے اور نماز نہ پڑھے؟ شقیق کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضؓ نے کہا کہ وہ شخص تیمم نہیں کرے گا اگرچہ ایک مہینہ تک پانی نہ پائے تو ان سے ابو موسیٰ رضؓ نے کہا تو آپ سورہ مائدہ کی اس آیت کے بارے میں کیا کرینگے فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا اگر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی پر تیمم کر لو۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے کہا اگر اس بارے میں لوگوں کو رخصت دیدی جائے تو قریب میں ایسا ہوگا جب ان کو پانی ٹھنڈا معلوم ہوگا وہ مٹی سے تیمم کر لیں گے اعمش کہتے ہیں کہ میں نے شقیق سے کہا تو تم نے جنب کیلئے تیمم اس لئے برا جانا۔ انہوں نے کہا ہاں پھر حضرت ابو موسیٰ رضؓ نے حضرت ابن مسعود رضؓ سے کہا کیا تم نے وہ نہیں سنا جو عمار رضؓ نے حضرت عمر رضؓ سے کہا تھا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کام کیلئے بھیجا تھا پھر مجھے جنابت لاحق ہوگئی اور پانی نہ ملا تو میں جانور کی طرح مٹی میں لوٹا اور نماز پڑھ لی پھر میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا تجھکو ایسا کرنا کافی تھا پھر آپؐ نے ایک بار اپنا ہاتھ زمین پر مارا پھر اس کو جھاڑ دیا پھر بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ کی پشت پر مسح فرمایا یا داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ کی پشت کو مسح فرمایا پھر آپؐ نے ان دونوں ہاتھوں سے اپنے چہرہ پر مسح فرمایا۔ حضرت عبداللہ رضؓ نے کہا تم نہیں دیکھتے حضرت عمر رضؓ نے حضرت عمار رضؓ کے قول پر قناعت نہیں کی اور یعلی بن عبید نے اس روایت میں اعمش سے انہوں نے شقیق سے

نقل کرکے اتنا زیادہ کیا میں عبداللہ بن مسعودؓ اور ابوموسیٰ اشعریؓ کے پاس تھا، ابوموسیٰؓ نے کہا کیا آپ نے عمارؓ کا حضرت عمرؓ سے یہ کہنا نہیں سنا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو کہیں بھیجا تھا مجھے جنابت لاحق ہوگئی تو میں (بغرض تیمم) زمین پر لوٹ گیا پھر ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپؐ سے بیان کیا آپؐ نے فرمایا تجھکو یہ کافی تھا اور آپؐ نے اپنے منہ اور ہتھیلیوں پر ایک بار مسح کیا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی اٰخر الحدیث " فقال انما کان یکفیک ھٰکذا ، مسح وجھہ وکفیہ واحدۃ "۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھھنا منہ ۵۰ ومر منہ ۵۰ ومنہ ۵۰ وابوداؤد ص۴۵ تا ص۴۶ قلت ای قال الاعمش لشقیق (قس) کما تمرغ الدابۃ . برفع الغین وحذف احدی التائین تخفیفا کتلظی۔

مقصد | شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں: غرضہ اثبات ما یقولہ بعض العلماء خلافا للجمہور اھ (شرح تراجم)

یعنی امام بخاری کا مقصد بعض علماء یعنی امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ کی تائید وموافقت ہے کہ تیمم میں ایک ہی بار زمین پر ہاتھ مار کر چہرے اور ہاتھوں کا مسح ثابت کریں اور یہ بیان گذر چکا ہے کہ جمہور کے نزدیک دو ضربہ ہے۔

تشریح | امام بخاریؒ نے تیمم میں ضربہ واحدہ ثابت کرنے کیلئے یہاں مستقل باب قائم کیا ہے۔ تیمم کی کیفیت میں ائمہ عظام کے اقوال مختلف ہیں اور یہاں دو اختلاف ہیں۔

۱۔ مسح یدین کے مقدار میں کہ مسح یدین کفین تک ہے یا مرفقین تک؟
اسکی تفصیل کیلئے دیکھیے باب ۲۳۶ بالخصوص حدیث ۳۳۵ کے تحت تفصیل گذر چکی ہے

۲۔ عدد ضربہ۔ اور یہی اس باب کا اصل مقصد ہے اس میں ائمہ کے قول مختلف ہیں۔

(۱) امام احمد بن حنبلؒ، اسحاق بن راہویہؒ اور امام بخاریؒ کا مذہب یہ ہے کہ تیمم کیلئے ضربۂ واحدہ کافی ہے۔

(۲) امام اعظمؒ، امام شافعی سفیان ثوری رحمہم اللہ وغیرہ کے نزدیک ضربتین ہے۔

(۳) امام مالکؒ کے نزدیک بھی ضربتین ہے مگر ایک ضربہ واجب اور دوسرا سنت ہے۔

(۴) ابن سیرینؒ سے دو قول منقول ہیں ۱۔ ضربۃ للوجہ، دوسرا ضربہ للکفین تیسرا للذراعین۔
ابن سیرینؒ سے دوسرا قول یہ بھی منقول ہے کہ تیسرے ضربہ سے منہ اور ہاتھ دونوں کا مسح کیا جاوے گا

احناف وشوافع کی دلیل | حضرت جابرؓ اور حضرت ابن عمرؓ کے روایات ہیں:۔

حضرت جابرؓ سے مرفوعاً منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا التیمم ضربتان ضربة للوجه وضربة لليدين الى المرفقين رواه الدارقطني والبيهقي والحاكم۔ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں ولا يلتفت الى من منع صحته (عمدہ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے بھی یہی الفاظ مرفوعاً منقول ہیں:

جنابلہ اور امام بخاریؒ کا استدلال حضرت عمار بن یاسرؓ کی روایت سے ہے اس کا ایک جواب تو گذر چکا ہے کہ کافی اضطراب ہے اور مضطرب روایت قابل احتجاج نہیں۔

۲۔ علامہ کرمانیؒ نے خاص طور سے حدیث مذکور واحدۃ سے استدلال کو کمزور بتلایا کیونکہ جس طرح واحدۃ کیلئے موصوف ضربة ہو سکتا ہے جو امام بخاریؒ سمجھے ہیں مسحة بھی ہو سکتا ہے کہ مسح عضوین کا ایک ہی بار کیا گیا اور لفظ سے یہی ظاہر بھی ہے کیوں کہ مسح کے بعد آیا ہے لہٰذا تیمم ضربتین ہی سے کیا گیا ہوگا، حافظؒ نے بھی واحدۃ کی شرح مسحة واحدۃ سے کی ہے واللہ اعلم

باب ۲۴

ای هذا باب بالتنوين من غير ترجمة۔ ولفظ باب ساقط عند الاصيلي فيكون داخلا في الترجمة السابقة۔

۳۴۰ (حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا عَوْفٌ عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ الْخُزَاعِيُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَاٰى رَجُلاً مُعْتَزِلاً لَمْ يُصَلِّ فِي الْقَوْمِ فَقَالَ يَا فُلَانُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ فِي الْقَوْمِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ وَلَا مَاءَ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَاِنَّهٗ يَكْفِيْكَ)

ترجمہ حضرت عمران بن حصین خزاعیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو الگ تھلگ دیکھا جس نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی تو آپؐ نے فرمایا اے فلاں تجھ کو لوگوں کیساتھ نماز پڑھنے سے کیا مانع ہوا؟ اس نے کہا یا رسول اللہ مجھے جنابت لاحق ہو گئی اور پانی نہیں ہے آپؐ نے فرمایا مٹی سے تیمم کر لے وہ تجھ کو کفایت کریگی۔

تشریح یہ باب اکثر نسخوں میں بلا ترجمہ ہے اس صورت میں کالفصل من الباب السابق ہے یا امام بخاریؒ نے باب قائم کر کے ترجمہ چھوڑ دیا مقصد تشحیذ اذہان ہے کہ روایت موجود ہے اس کے مناسب ترجمہ قائم کر لو یہاں یہ ترجمہ لگایا جا سکتا ہے:۔

"باب الجنب اذا لم يجد ماء تيمم وصلى"

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اکثر صحیح نسخوں میں لفظ باب نہیں ہے اور وہی صحیح ہے اس صورت میں اس حدیث کا تعلق باب سابق سے ہوگا.

براعت اختتام حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ ہر کتاب کے خاتمہ پر ایسی روایت لاتے ہیں جس سے ختم کتاب کی طرف اشارہ ہو چنانچہ یہاں فانہ یکفیک ہے یعنی تیمم میں تمہارے لئے اتنا کافی ہے آگے دوسری کتاب یعنی کتاب الصلوٰۃ شروع ہو رہی ہے.

حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ ختم کتاب پر انسان کے خاتمہ کیطرف اشارہ فرماتے ہیں جس سے موت یاد آئے علیک بالصعید مٹی کو لازم کر لو قبر کی طرف اشارہ ہے وفی القرآن الحکیم منہا خلقناکم وفیہا نعیدکم الخ

ع مٹی میں مل گئی انجام دنیا دیکھ لے.

ع غ بیگوسرائے.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(کتاب الصلوٰۃ)

ای ھٰذا کتاب الصلوٰۃ، وارتفاع کتاب علی انہ خبر مبتدأ محذوف کما قدرناہ، ویجوز ان یکون مبتدأ محذوف الخبر ای کتاب الصلوٰۃ ھٰذا ویجوز ان ینصب علی تقدیر خذ کتاب الصلوٰۃ۔

ربط ما قبل: امام بخاریؒ شرائط صلوٰۃ یعنی طہارت صغریٰ، طہارت کبریٰ نیز طہارت مائیہ اور طہارت ترابیہ سے فراغت کے بعد مشروط جو کہ مقصود ہے یعنی نماز کا بیان شروع فرمارہے ہیں طہارت نماز کیلئے شرط ہے اور وسیلہ بھی اور چونکہ شرط مقدم ہوتا ہے مشروط پر اور وسیلہ مقدم ہوتا ہے مقصود پر اس لئے شرط اور وسیلہ کے بعد مشروط اور مقصود کو بیان فرمارہے ہیں۔

صلوٰۃ الصلوٰۃ فی اللغۃ الغالبۃ الدعاء (عمدہ) یعنی صلوٰۃ کے معنی میں اکثر دعا کے ہیں قال تعالیٰ وصل علیھم ای ادع لھم (عمدہ) حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اذا دعی احدکم الی طعام فلیجب وان کان صائما فلیصل، جب تم میں سے کسی کو کھانے پر بلایا جائے تو قبول کرلینا چاہئے اور اگر روزہ دار ہو تو داعی کے حق میں خیر و برکت کی دعا کرو۔

نیز صلوٰۃ کے معنی رحمت و استغفار کے بھی آتے ہیں۔

اور شریعت میں عبادت مخصوصہ کا نام ہے جس کا آغاز تکبیر سے اور اختتام تسلیم سے ہوتا ہے اور چونکہ یہ عبادت دعاؤں پر مشتمل ہوتی ہے اس لئے اس کو صلوٰۃ کہتے ہیں۔

ماخذ اشتقاق: اس میں چند اقوال ہیں ما قیل ھی مشتقۃ من صلیت العود علی النار اذا قومتہ، ٹیڑھی لکڑی کو آگ کی حرارت سے سیدھا کرنا، تو نماز کو صلوٰۃ اسلئے کہا گیا کہ انسان کی باطنی کجی جو نفس امارہ سے پیدا ہوئی وہ بھی نماز سے درست ہوجاتی ہے۔

امام نوویؒ نے کہا یہ صحیح نہیں ہے اس لئے کہ صلوٰۃ کا لام کلمہ واؤ ہے اور صلیت میں یا ہے اور جب حروف اصلیہ میں اختلاف ہے تو اشتقاق کیسے درست ہوگا۔؟

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ امام نوویؒ کا باطل کہنا درست نہیں ہے اس لئے کہ حروف اصلیہ کا اتفاق واشتراک صرف اشتقاق صغیر میں ضروری ہے اشتقاق کبیر میں شرط نہیں۔
اشتقاق کی چند قسمیں ہیں اشتقاق صغیر، اشتقاق کبیر اور اشتقاق اکبر، واضح رہے کہ اخیرین میں اشتراک شرط نہیں
دوسرا۲ قول یہ ہے کہ صلوٰۃ مشتق ہے صلوین سے جو صلا کا تثنیہ ہے بمعنی سرین کی ہڈی تو چونکہ رکوع اور سجدہ میں تحرک صلوین ہوتا ہے اسلئے صلوٰۃ کہا گیا۔
تیسرا۳ قول یہ ہے کہ یہ ماخوذ ہے مصلی سے، میدان گھوڑ دوڑ میں جو گھوڑا دوسرے درجہ میں ہوتا ہے اس کو مصلی کہتے ہیں اور جو سب سے آگے ہوتا ہے اس کو مجلی کہتے ہیں مصلے کا سر مجلی کے پیچھے رہتا ہے یعنی دوسرے نمبر پر ہوتا ہے اور چونکہ شہادتین کے بعد دوسرا درجہ نماز کا ہی ہے اسلئے اس کو صلوٰۃ کہا گیا وغیرہ ذالک۔

بابﷺ كيف فرضت الصلوٰة في الإسراء وقال ابن عباس حدثني ابو سفيان بن حرب في حديث هرقل فقال يأمرنا يعني النبي صلى الله عليه وسلم بالصلوٰة والصدق والعفاف)

معراج (کی رات) میں نماز کس طرح فرض ہوئی۔ اور حضرت ابن عباس رضی نے فرمایا مجھ سے ابو سفیان بن حرب نے ہرقل کے قصے میں بیان کیا کہ آپ یعنی نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ہم کو نماز پڑھنے اور سچ بولنے اور پاکدامنی (یعنی حرام سے بچے رہنے) کا حکم دیتے ہیں۔

۳۴۱ (حدثنا يحيى بن بكير قال ثنا الليث عن يونس عن ابن شهاب عن انس بن مالك قال كان ابو ذر يحدث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فرج عن سقف بيتي وانا بمكة فنزل جبرئيل عليه السلام ففرج صدري ثم غسله بماء زمزم ثم جاء بطست من ذهب ممتلئ حكمة وايمانا فافرغه في صدري ثم اطبقه ثم اخذ بيدي فعرج الى السماء الدنيا فلما جئت الى السماء الدنيا قال جبرئيل عليه السلام لخازن السماء افتح قال من هذا قال هذا جبرئيل قال هل معك احد قال نعم معي محمد صلى الله عليه وسلم فقال ارسل اليه قال نعم فلما فتح علونا السماء الدنيا فاذا رجل قاعد على يمينه اسودة وعلى يساره اسودة اذا نظر قبل يمينه ضحك واذا نظر قبل شماله بكى فقال مرحبا بالنبي الصالح والابن الصالح قلت لجبرئيل من هذا قال هذا آدم وهذه الاسودة ....

عن یمینہ وشمالہ نسم بنیہ فاھل الیمین منھم اھل الجنۃ والاسودۃ التی عن شمالہ اھل النار فاذا نظر عن یمینہ ضحک واذا نظر قبل شمالہ بکی حتی عرج بی الی السماء الثانیۃ فقال لخازنھا افتح فقال لہ خازنھا مثل ما قال الاول ففتح قال انس فذکر انہ وجد فی السموات آدم وادریس وموسیٰ وعیسیٰ وابراھیم ولم یثبت کیف منازلھم غیر انہ ذکر انہ وجد آدم فی السماء الدنیا وابراھیم فی السماء السادسۃ قال انس فلما مر جبریل علیہ السلام بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم بادریس قال مرحبا بالنبی الصالح والاخ الصالح فقلت من ھذا قال ھذا ادریس ثم مررت بموسیٰ فقال مرحبا بالنبی الصالح والاخ الصالح قلت من ھذا قال ھذا موسیٰ ثم مررت بعیسیٰ فقال مرحبا بالنبی الصالح والاخ الصالح قلت من ھذا قال ھذا عیسیٰ ثم مررت بابراھیم فقال مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح قلت من ھذا قال ھذا ابراھیم قال ابن شھاب فاخبرنی ابن حزم ان ابن عباس وابا حبۃ الانصاری کانا یقولان قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم عرج بی حتی ظھرت لمستوی اسمع فیہ صریف الاقلام قال ابن حزم وانس بن مالک قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ففرض اللہ عزوجل علی امتی خمسین صلوٰۃ فرجعت بذالک حتی مررت علی موسیٰ فقال ما فرض اللہ لک علی امتک قلت فرض خمسین صلوٰۃ قال فارجع الی ربک فان امتک لا تطیق ذالک فراجعت فوضع شطرھا فرجعت الی موسیٰ فقال راجع ربک فقلت وضع شطرھا فقال راجع ربک فان امتک لا تطیق ذالک فراجعت فوضع شطرھا فرجعت الیہ فقال ارجع الی ربک فان امتک لا تطیق ذالک فراجعتہ فقال ھی خمس وھی خمسون لا یبدل القول لدی فرجعت الی موسیٰ فقال راجع ربک فقلت استحییت من ربی ثم انطلق بی حتی انتھی بی الی السدرۃ المنتھی وغشیھا الوان لا ادری ماھی ثم ادخلت الجنۃ فاذا فیھا حبائل اللؤلؤ واذا ترابھا المسک۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاریؓ حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر کی چھت کھولی گئی اور میں مکہ میں تھا پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام

اترے اور انہوں نے میرے سینہ کو شق کیا پھر اس کو حضرت جبرئیلؑ نے آبِ زمزم سے دھویا پھر وہ سونے کا ایک طشت لائے جو ایمان اور حکمت سے لبریز تھا وہ انہوں نے میرے سینہ میں انڈیل دیا اس کے بعد سینہ کو بند کر دیا (یعنی درست کر دیا) پھر انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور میرے ساتھ آسمان دنیا کیطرف چڑھے جب میں آسمان دنیا (یعنی پہلے آسمان) پر پہنچا (وہ بند تھا) جبرئیلؑ نے آسمان کے داروغہ سے کہا ''کھولو'' اس نے پوچھا کون ہے؟ جواب ملا جبرئیلؑ اس نے پوچھا تمہارے ساتھ اور کوئی ہے؟ جبرئیلؑ نے کہا ہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ہیں اس نے پوچھا کیا وہ بلائے گئے ہیں؟ جبرئیلؑ نے کہا ہاں جب اس نے دروازہ کھول دیا تو ہم آسمان دنیا پر چڑھے دیکھا ایک شخص بیٹھے ہوئے ہیں جیسکے داہنے جانب بہت سے اشخاص ہیں اور بہت سے اشخاص اسکے بائیں جانب ہیں جب وہ اپنی داہنی جانب دیکھتے ہیں تو ہنستے ہیں اور جب بائیں جانب دیکھتے ہیں تو روتے ہیں، انہوں نے (مجھکو دیکھکر) فرمایا صالح نبی صالح فرزند خوش آمدید، میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ آدم علیہ السلام ہیں اور یہ جو ان کے دائیں بائیں لوگ ہیں یہ ان کی اولاد کی روحیں ہیں ان میں سے داہنی جانب والے جنتی ہیں اور ان کے بائیں جانب والے لوگ دوزخی ہیں۔

چنانچہ جب حضرت آدم علیہ السلام اپنے داہنی طرف نظر کرتے ہیں (تو خوشی سے) ہنس دیتے ہیں اور جب بائیں طرف نظر کرتے ہیں (تو رنج سے) رو دیتے ہیں۔

یہاں تک کہ جبرئیلؑ مجھکو لیکر دوسرے آسمان کیطرف چڑھے اور اس کے داروغہ سے کہا کھولو تو اسکے داروغہ نے اسی قسم کی گفتگو کی جسطرح پہلے نے کی تھی پھر دروازہ کھول دیا حضرت انسؓ نے کہا کہ ابوذرؓ نے بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آسمانوں میں حضرت آدم اور حضرت ادریس اور حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا لیکن حضرت ابوذرؓ نے یہ نہیں تبلایا کہ ان کے منازل کس طرح ہیں؟ بس اتنا بیان کیا کہ آپؐ نے پہلے آسمان پر حضرت آدمؑ کو پایا اور چھٹے آسمان پر حضرت ابراہیمؑ کو۔ انسؓ نے بیان کیا کہ جب جبرئیلؑ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو لے کر حضرت ادریسؑ کے پاس سے گذرے تو انہوں نے کہا نیک پیغمبر نیک بھائی خوش آمدید۔ میں نے (جبرئیلؑ سے) پوچھا یہ کون ہیں انہوں نے کہا یہ ادریسؑ ہیں، پھر موسیٰؑ پر میرا گذر ہوا تو موسیٰؑ نے کہا خوش آمدید نیک پیغمبر نیک بھائی، میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ جبرئیلؑ نے کہا یہ موسیٰؑ ہیں پھر میرا گذر عیسیٰؑ کے پاس ہوا انہوں نے کہا خوش آمدید نیک بھائی اور نیک پیغمبر، میں نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ عیسیٰؑ ہیں پھر میرا گذر حضرت ابراہیمؑ کے پاس ہوا تو انہوں نے کہا خوش آمدید نیک پیغمبر اور نیک بیٹے، میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ ابراہیمؑ ہیں۔

ابن شہاب نے کہا مجھکو ابوبکر بن حزم نے خبر دی کہ عبداللہ بن عباسؓ اور ابوحبہ انصاریؓ دونوں یوں

کہتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر مجھے (اور اوپر) چڑھایا گیا یہاں تک کہ میں ایک بلند ہموار مقام پر پہنچا جہاں میں قلموں کے چلنے کی آواز سنتا تھا۔ ابن حزم اور انس بن مالکؓ نے کہا نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اللہ تعالےٰ نے میری امت پر پچاس ۵۰ نمازیں فرض کیں (ہر رات دن میں) میں یہ حکم لے کر لوٹا یہاں تک کہ موسیٰؑ پر میرا گذر ہوا تو انہوں نے پوچھا اللہ تعالےٰ نے آپ کیلئے آپ کی امت پر کیا فرض کیا میں نے کہا پچاس ۵۰ نمازیں فرض کیں، موسیٰؑ نے کہا آپ دوبارہ پروردگار کے پاس جائیں اسلئے کہ آپ کی امت اسکی طاقت نہیں رکھتی (کہ ہر روز و شب میں پچاس نمازیں پڑھیں) چنانچہ میں لوٹ گیا (اور عرض کیا) تو اللہ تعالےٰ نے اس کا ایک حصہ معاف کردیا پھر میں موسیٰؑ کے پاس آیا اور کہا اللہ نے اس کا ایک حصہ معاف کردیا۔ حضرت موسیٰ نے کہا پروردگار کے پاس لوٹ کر جائیے اسلئے کہ آپکی امت اتنی طاقت نہیں رکھتی، پھر میں نے رجوع کیا پھر اللہ تعالےٰ نے اس کا ایک حصہ معاف کردیا پھر میں موسیٰؑ کے پاس لوٹ کر آیا تو موسیٰؑ نے کہا اپنے پروردگار کے پاس لوٹ کر جائیے اسلئے کہ آپ کی امت اسکی بھی طاقت نہیں رکھتی پھر میں لوٹا (ایسا ہی کئی بار ہوا) آخر اللہ نے فرمایا (عمل میں عدد کے اعتبار سے) پانچ ۵ نمازیں ہیں اور درحقیقت (یعنی ثواب کے اعتبار سے) پچاس ۵۰ ہیں میرے نزدیک بات بدلی نہیں جاتی پھر میں موسیٰؑ کے پاس آیا انہوں نے کہا اپنے پروردگار کے پاس جائیے تو میں نے کہا اب مجھے پروردگار سے (عرض کرنے میں) شرم آتی ہے پھر جبرئیلؑ مجھکو لے کر چلے یہاں تک کہ سدرۃ المنتہیٰ تک پہونچایا اور کئی طرح کے رنگوں نے اس کو ڈھانک لیا تھا میں نہیں جانتا وہ کیا تھے پھر مجھے جنت میں داخل کیا گیا دیکھا کہ اس میں موتیوں کے ہار ہیں اور اسکی مٹی مشک ہے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ: فقال ھی خمس وھی خمسون۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۰ تا ص۵۱ ویاتی فی المناسک ص۲۲۱ وفی باب ذکر الملائکۃ ص۴۵۵ وص۴۷۰ تا ص۴۷۱ مطولا ایضا ص۴۸۱ وص۴۸۷ تا ص۴۸۸ وص۵۰۴ وفی باب المراج ص۵۴۸ تا ص۵۵۰ وفی التوحید ص۱۱۲۰ تا ص۱۱۲۱ مطولا۔

لغات الحدیث ومعانیہ فُرِجَ بضم الفاء وکسر الراء وبالجیم بمعنی فتح یعنی کھولا گیا۔
فَفَرَجَ صدری بفتح الفاء والراء ماضی معروف ای شقہ یعنی میرے سینہ کو شق کیا۔

شق صدر حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے لکھا کہ شق صدر کا وقوع چار مرتبہ ہوا ہے (۱) بچپن میں حضرت حلیمہؓ کے پاس شق صدر ہوا علقہ نکالنے کیلئے (یعنی دم غلیظ جو انسان کے اندر ام المفاسد اور

اصل المعاصی ہوتا ہے اس کو نکالا گیا) اور آپؐ سے فرمایا گیا ھٰذا حظ الشیطان یہ شیطان کا حصہ تھا چنانچہ آپؐ اثرات شیطانیہ سے محفوظ رہے (۲) دوسرا شق دس برس کی عمر میں ہوا (۳) تیسرا شق بعثت کے وقت چالیس سال کی عمر میں جبکہ حضرت جبرئیلؑ غار حرا میں وحی لائے تھے (۴) چوتھا شق یہ شب معراج کا تھا تاکہ آپؐ کے اندر اس رات میں پیش آنے والے امور کے مشاہدہ اور مناجات خداوندی کیلئے استعداد پیدا ہوسکے (فتح الباری ۳۶۵) تقریباً علامہ عینیؒ نے بھی یہی لکھا ہے۔ (عمدہ پاکستانی ۴۲)

اسودۃ بمعنی اشخاص (فتح) جمع سواد کالازمنۃ جمع زمان والسواد الشخص (عمدہ)

صالح وہ شخص جو حقوق اللہ اور حقوق العباد حتی الامکان ادا کرتا ہو نسم بنیہ النسم بفتح النون والسین جمع ہے بمعنی ارواح اس کا واحد نسمۃ روح اور ہر جاندار انسان ہو یا حیوان

صریف الاقلام قلم چلنے کی آواز (جو فرشتے لوح محفوظ سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی نقل کر رہے تھے۔

فوضع شطرھا صحیح اور محقق یہ ہے کہ یہاں شطر بمعنی نصف نہیں ہے بلکہ بمعنی جزء ہے اگرچہ ابتدائی تخفیف کے متعلق نصف کا قول بھی منقول ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ایک حصہ کم کر دیا۔

نسائی شریف کی اور بخاری شریف باب المعراج کی روایت میں دس دس کی تخفیف کا ذکر ہے لیکن ثابت کی روایت میں شروع سے آخر تک پانچ پانچ کی تخفیف مروی ہے یعنی ہر مرتبہ پانچ نمازیں معاف ہوتی تھیں واللہ اعلم۔

حبائل جمع حبالۃ وحبالۃ جمع حبل علی غیر قیاس (فتح) یعنی خلاف قیاس حبالۃ کی جمع ہے ذیل وضاء ان فیھا عقودًا وقلائد من اللؤلؤ (قس) لیکن صحیح عند الاکثر جنابذ بفتح الجیم جمع جنبذ بضم الجیم وسکون النون بمعنی قبہ، گنبد یعنی موتیوں کے قبے اور گنبد۔

مختصر واقعہ معراج

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اجمالی طور پر معراج کا واقعہ نہایت اختصار کے ساتھ ہدیہ ناظرین کر دیا جائے تاکہ اجمالی طور پر از اول تا آخر واقعہ معراج کی ترتیب وقوعی معلوم ہوجائے وباللہ التوفیق۔

ہجرت سے تقریباً تین سال پہلے سید الانبیاء والمرسلین محبوب رب العالمین حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک اکیاون برس نو مہینے کی ہوئی تو یہ واقعہ اس طرح پیش آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء کے بعد ام ہانی بنت ابی طالب کے مکان میں سو رہے تھے جس کو حضورؐ نے سقف بیتی کہا چونکہ ام ہانی رشتہ دار یعنی چچا زاد بہن تھی اسلئے گھر کی نسبت اپنی طرف کرلی۔ حضرت جبرئیلؑ فرشتوں کی ایک جماعت کے ساتھ آپؐ کے پاس آئے اور معمول کے مطابق دروازے سے نہیں آئے بلکہ خلاف معمول مکان کی چھت کھول کر نزول فرمایا اس سے یہ تبلانا تھا کہ آج عجیب وغریب واقعات ہونگے۔

پھر ام ہانی کے مکان سے مسجد حرام میں لے گئے وہاں سینۂ مبارک چاک کیا اور قلب مبارک کو آب زمزم سے دھو کر اپنے مقام پر رکھدیا اور آپ کو براق پر سوار کر کے بیت المقدس لیگئے۔ جب آپ بیت المقدس پہونچ گئے، آپ براق سے اترے حضرت جبرئیل نے براق کو ایک حلقہ میں باندھ دیا، مسجد اقصیٰ میں انبیاء کرام علیہم السلام آپ کے انتظار میں جمع تھے اور آسمان سے کچھ فرشتے بھی نازل ہوئے تھے اور سب صف بستہ تھے جبرئیل امین حضور پر نور کو امامت کیلئے آگے بڑھایا آپ نے ان سب کی امامت فرمائی (زرقانی ص۳۰۶)

پھر آپ کیلئے ایک معراج (سیڑھی) لائی گئی، ابن سعد کی روایت میں ہے کہ یہ معراج (سیڑھی) جنت الفردوس سے لائی گئی (زرقانی) پھر اس معراج (سیڑھی) کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور جبرئیل امین دونوں آسمان پر پہنچے اور آسمان کا دروازہ کھلوایا۔

آسمان پر عروج اسی معراج (سیڑھی) کے ذریعہ ہوا اور براق کو بیت المقدس میں چھوڑ گئے۔ پہلے آسمان میں حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اور دوسرے آسمان پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اور جہاں ان کے خالہ زاد بھائی یحییٰ علیہ السلام بھی تھے پھر تیسرے آسمان میں حضرت یوسفؑ سے اور چوتھے آسمان میں حضرت ادریس علیہ السلام سے اور پانچویں آسمان میں حضرت ہارون علیہ السلام سے پھر چھٹے آسمان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اور ساتویں آسمان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، بعد ازاں آپ بیت معمور میں داخل ہوئے جو قبلہ ملائکہ ہے اور ستر ہزار فرشتے روزانہ اس کا طواف کرتے ہیں پھر قیامت تک عود نہیں کرتے، اور یہ بیت معمور جس میں آپ نے نماز پڑھی ساتویں آسمان میں ایک مسجد ہے جو عرش کے نیچے ہے اور خانہ کعبہ کی محاذات میں ہے۔

بالفرض اگر بیت معمور اپنی جگہ سے گرے تو خانہ کعبہ پر آکر گرے، اس کا حکم وہی ہے جو خانہ کعبہ کا ہے پھر جبرئیل امین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لیکر سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے۔

سدرۃ المنتہیٰ ایک درخت ہے جس کو انوار خداوندی ڈھانپے ہوئے ہے اور ہر طرف سے فرشتے اس کو گھیرے ہوئے ہیں یہ مقام اوپر سے اترنے والوں اور نیچے سے چڑھنے والوں کا انتہیٰ ہے کراماً کاتبین کا بھی منتہیٰ ہے، کراماً کاتبین اس سے اوپر نہیں جاتے اور یہی مقام حضرت جبرئیلؑ کا مستقر اور ٹھکانا ہے۔

اسی جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل امین کو انکی اصلی صورت میں دیکھا چھ سو پر تھے اور سدرۃ المنتہیٰ ہی کے قریب آپ نے جنت کا مشاہدہ فرمایا اور آپ جنت میں داخل ہوئے اور وہاں کی سیر کی وہاں دیکھا کہ گنبد موتی کے ہیں اور مٹی مشک کی ہے، حق تعالیٰ شانہٗ کے اس ارشاد: ولقد راٰہ نزلۃ اخریٰ عند سدرۃ المنتہیٰ عندھا جنۃ الماویٰ اذ یغشی السدرۃ ما یغشیٰ سے

معلوم ہوتا ہے کہ جنت سدرۃ المنتہیٰ کے قریب ہے اور اسی مقام میں آپ نے نہر کوثر کو دیکھا جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ سے وعدہ کیا ہے (زرقانی) اور وہ چار نہریں جن کا ذکر قرآن کریم کی اس آیت میں ہے: فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى (سورہ محمد) یہ چاروں نہریں سدرۃ المنتہیٰ کی جڑ سے نکلتی ہیں۔ آپ نے اس مقام پر ان کا معائنہ فرمایا (زرقانی)

بعد ازاں آپ کو جہنم دکھلائی گئی جس میں آپ نے اللہ کے قہر اور غضب کا مشاہدہ کیا پھر بند کردی گئی بعد ازاں آپ کیلئے ایک سبز رفرف (جھولا یا تخت) لایا گیا آپ اس پر بیٹھے اور جبرئیل امین نے آپ کو اس فرشتے کے سپرد کیا جو رفرف کے ساتھ آیا تھا آپ .... نے جبرئیل امین سے ساتھ چلنے کی درخواست کی جبرئیل امین نے کہا مجھے آگے جانے کی قدرت نہیں اگر ایک قدم بھی آگے بڑھوں تو جل جاؤں ہم میں سے ہر ایک کیلئے ایک مقام معلوم ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی آیات دکھلانے کیلئے بلایا ہے (زرقانی) پس آپ نے جبرئیل امین کو الوداع کہا اور رفرف میں بیٹھکر اس کے فرشتے کے ہمراہ روانہ ہوئے یہاں تک کہ آپ ایک مستوی (بلند جگہ) پر جہاں آپ صریف الاقلام سنتے تھے یعنی ان قلموں کی کتابت کی آواز جو احکام الٰہیہ اور تقادیر ربانیہ کی کتابت کر رہے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی رفرف پر جا رہے تھے، حضور پر نور فرماتے ہیں کہ اسی اثناء میں یکایک ایک نورانی ابر نمودار ہوا جس نے مجھے اپنے اندر لے لیا اور میں تنہا رہ گیا اور وہ فرشتہ جو رفرف کے ساتھ تھا وہ پیچھے رہ گیا اور اس اثناء میں فرشتوں کی جو آوازیں سنائی دیتی تھیں وہ سب منقطع ہو گئیں اسی طرح میں بارگاہِ قدس اور مقام قرب میں عرش کے قریب پہنچا کما قال تعالیٰ ثم دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى، اور مقام دنو اور تدلی میں یعنی مقام قرب میں حق تعالیٰ نے مجھ سے کلام فرمایا اور پچاس نمازیں فرض کیں بعد ازاں میں بارگاہ خداوندی سے واپس ہوا، واپسی میں موسیٰ علیہ السلام کے مشورہ سے پھر بارگاہِ خداوندی میں واپس گیا اور تخفیف کی درخواست کی جو منظور ہوئی اس طرح یہ دس معراجیں ہوئیں سات معراجیں تو سات آسمانوں تک ہوئیں اور آٹھویں معراج سدرۃ المنتہیٰ تک ہوئی جہاں آپ لقاء خداوندی اور کلام خداوندی سے مشرف ہوئے بعد ازاں آسمانوں سے بیت المقدس واپسی ہوئی اور حسب سابق آپ براق پر سوار ہو کر صبح سے پہلے مکہ معظمہ پہونچ گئے اور صبح کی نماز مکہ معظمہ میں پڑھی اور صبح کی نماز کے بعد قریش کو اپنے سفر بیت المقدس اور عروج آسمانی کی خبر دی کسی نے مانا اور کسی نے نہ مانا (یعنی ایمان والوں نے مانا اور مشرکوں نے جھوٹ جانا)

(معارف حضرت کاندھلوی رح)

فوائد ۱۔ بیت المقدس کو مسجدِ اقصیٰ اس لئے کہتے ہیں کہ اقصیٰ کے معنی دور تر کے ہیں اور مسجد بیت المقدس خانہ کعبہ سے بہت دور ہے اور زمانہ نزولِ وحی میں مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کے سوا روئے زمین پر اور کوئی مسجد نہ تھی اور روئے زمین پر اس وقت مسجد اقصیٰ سے زیادہ کوئی مسجد دور نہ تھی (معارف کاندھلوی رح ص۴۵۰)

۲۔ علماء کی اصطلاح میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کی سیر کو اسراء کہتے ہیں اور مسجد اقصیٰ سے لیکر ساتوں آسمانوں اور سدرۃ المنتہیٰ کی سیر کو معراج کہتے ہیں، اور بسا اوقات دونوں سفروں کے مجموعہ پر لفظ اسراء یا لفظ معراج کا بھی اطلاق کر دیا جاتا ہے۔ اسراء اور معراج سے حق تعالیٰ کا مقصود یہ تھا کہ اپنے برگزیدہ اور محبوب ترین بندہ کو اپنے عجائبِ قدرت دکھلائے صحابہ اور تابعین اور علماء ربانیین کے اتفاق سے یہ بات ثابت ہے کہ حضور پر نور ؐ کو یہ معراج بحالت بیداری روح اور جسم دونوں کے ساتھ ہوئی اور یہ واقعہ اس قدر احادیث کثیرہ وصحیحہ وصریحہ سے ثابت ہے کہ جن کا نہ انکار ممکن ہے اور نہ ان میں کسی قسم کی تاویل ممکن ہے۔

قرآن حکیم نے واقعہ اسراء (یعنی معراج) کو سبحان الذی، سے اس لئے ذکر فرمایا کہ کوئی کوتاہ نظر بدعقل اور تاریک خیال اس کو ناممکن اور محال نہ سمجھے اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ضعف اور عجز سے منزہ اور پاک ہے ہماری محدود اور ناقص عقلیں اگرچہ کسی شئے کو کتنا ہی مستبعد سمجھیں مگر رب العالمین کی لامحدود قدرت اور مشیت کے سامنے کوئی مشکل نہیں۔

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن ؎ کہ جاہا سپر باید انداختن

پھر مخالفین اور مشرکین کا اس شدت سے انکار و استہزاء اس بات کی واضح دلیل ہے کہ واقعہ معراج کی نوعیت خواب یا سیر روحانی کی نہ تھی مشرکین نے بھی واقعہ معراج کو جسمانی معراج سمجھ کر بیت المقدس اور اپنے قافلہ کے حالات دریافت کرنے لگے۔

تو ان فلاسفہ اور معتزلہ کی سفاہت اور بدعقلی ان مشرکین سے بھی گئی گذری اور اس سفاہت نے یہاں سے راہ لی کہ یہ محدود عقل کے بندوں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مقدسہ اور جسم عنصری پر ساری محنت وعقل خرچ کر دی حالانکہ قرآن حکیم کے الفاظ میں غور و فکر کرتے تو ایک ذرہ برابر بھی اشکال نہ ہوتا کہ قرآن یہ نہیں کہتا کہ حضور اقدس ؐ آسمانوں پر تشریف لے گئے بلکہ قرآن یہ کہتا ہے کہ اسریٰ بعبدہٖ یعنی وہ ذات پاک قادر مطلق اپنے بندہ کو لے گیا تو نظر و فکر کا محور اللہ تعالیٰ کی ذات کو بنانا چاہیئے کہ اس کی قدرت وطاقت کیا ہے؟ اس کے بعد قطعاً کوئی اشکال نہ کرۂ زمہریر کا ہوگا اور نہ کرۂ نار کا کہ ان سب کا خالق ہی جب چاہتا ہے تو پھر کیا اشکال ہے؟

قرآن حکیم میں اسرٰی بعبدہٖ کے یہ معنی لینا کہ خدا اپنے بندہ کو خواب میں یا محض روحانی طور پر مکہ سے بیت المقدس لے گیا ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی شخص فاسرِ بعبادی، کے معنی لینے لگے کہ اے موسیٰ میرے بندوں (بنی اسرائیل) کو خواب میں محض روحانی طور پر لے کر مصر سے نکل جاؤ۔

باقی لفظ رؤیا جو قرآن حکیم آیت "وماجعلنا الرؤیا التی اریناك الخ" میں آیا ہے اس کے متعلق حضرت ابن عباسؓ کا ارشاد ہے: رؤیا عین اریها رسول الله صلی الله علیه وسلم یعنی یہ عجیب و غریب عینی نظارہ کے معنی میں ہے نہ کہ بمعنی خواب، اور خواب و نظارہ میں قدر مشترک یہ ہے کہ خارق عادت چیز کو بھی خاص رائی کے سوا اور کوئی نہیں دیکھتا جس طرح کہ رؤیا کو بھی صرف صاحب خواب دیکھتا ہے اس لئے عجیب و غریب عینی نظارہ کو اگرچہ وہ حالت بیداری ہی ہو رؤیا سے تعبیر کر دیتے ہیں اور اس پر قرینہ لفظ فتنۃ ہے کہ یہ واقعہ عجیبہ ذریعہ آزمائش تھا کہ جب رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں بیت المقدس اور وہاں سے آسمانوں پر جانے اور پھر صبح سے پہلے واپس آنے کا ذکر کیا تو بہت سے نومسلم جن میں ابھی ایمان راسخ نہ ہوا تھا اس واقعہ کی تکذیب کر کے مرتد ہو گئے۔

معلوم ہوا کہ یہ واقعہ آنحضورؐ نے بحالت بیداری کا بیان فرمایا ورنہ لوگوں کے مرتد ہو جانے کی کوئی وجہ نہ تھی کیوں کہ روحانی سیر و انکشافات کے رنگ میں آپؐ کے دعاوی ابتداء بعثت سے ہی تھے معراج روحانی یا منامی کا دعوی لوگوں کے لئے کوئی حیرت و تعجب خیز نہ تھا جو خصوصی طور پر ارتداد کا باعث بنتا۔

ہاں شریک کی روایت میں بعض الفاظ مثلاً استیقظت ضرور آئے ہیں جن سے اسراء کا بحالت نوم واقع ہونا معلوم ہوتا ہے مگر محدثین کے نزدیک شریک سئ الحفظ (خراب حافظہ والا) راوی ہے وقال النسائی لیس بالقوی، وذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال ربما اخطاء وقال ابن الجارود لیس بالقوی وکان یحیی بن سعید لایحدث عنہ قال الساجی کان یری القدر

(تہذیب التہذیب ص۳۳۸/۴)

اسلئے بڑے بڑے حفاظ حدیث کے مقابلہ میں ان کی روایت منکر (غیر قابل استناد) ہے چنانچہ خود امام مسلمؒ نے شریک کی روایت پر تنقید کی اور فرمایا "وقدم فیہ واخر وزاد ونقص۔

(مسلم اول ص۹۲)

نیز قاضی عیاض، حافظ عسقلانی وغیرہ نے بھی اس حدیث پر کلام کیا ہے، یا پھر یہ روایت تعدد واقعہ پر محمول ہے کیوں کہ معراج روحانی و منامی آپؐ کو کئی بار ہوئی ہے۔

رہا حضرت معاویہؓ کا یہ قول انہا رؤیا الخ سو حضرت معاویہؓ اس وقت مشرف باسلام نہ تھے لہذا

کسی سے سنکر اس قول کو اختیار کیا یا اجتہاداً اس کے قائل ہوئے یا یہ کسی دوسرے واقعہ منامیہ کے متعلق کہا ہے فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

باقی حضرت عائشہ رض سے منقول ہے ما فقدت جسد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ولکن اسری بروحہ"

تو حضرت عائشہ رض اس وقت تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں نہ آئی تھیں للہٰذا ان کے مقابلہ میں دوسرے صحابہ کرام رض کی روایات و تحقیقات راجح ہیں۔ یا یہاں فقدان بمعنی طلب (تلاش کرنا) ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے ماذا تفقدون" ای تطلبون قالوا نفقد ای نطلب (کذا فی تنویر المقیاس) مطلب یہ ہے کہ معراج سے واپسی اس قدر جلدی ہوئی کہ کسی کو آپ ؐ کے جسد مبارک کے غائب ہونے کی اطلاع ہی نہ ہوئی کہ پھر متفکر ہو کر آپ ؐ کے تلاش کرنے کی نوبت آتی۔

نیز اسکی سند میں بعض آل ابی بکر مجہول راوی ہے، اور مجموعی جواب تو گذر ہی چکا ہے کہ یہ دوسرے واقعات منامیہ پر محمول ہے۔

غرضکہ راجح اور صحیح یہی ہے کہ معراج و اسراء کا واقعہ حالت بیداری میں بجسدہ الشریف ہوا ہے ہاں اگر اس جسمانی معراج سے پہلے یا بعد میں خواب میں بھی اس قسم کے واقعات پیش آئے ہوں تو مستبعد نہیں۔

قال ابن شہاب فاخبرنی ابن حزم الخ ابن حزم ہو ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری۔

یہاں سے امام زہری رح آگے کا واقعہ جو دوسری سند سے سنا ہے اس کو ذکر کرتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں کہ مجھ سے ابن حزم نے بیان کیا۔ ابوحبۃ بفتح الحاء المہملۃ وتشدید الباء الموحدۃ وھو المشہور۔ وقال البعض حنۃ بالنون اور بعض نے کہا حیۃ بالیاء التحتیۃ لیکن صحیح نہیں ہے۔

۳۴۲ ـ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ فَرَضَ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ حِيْنَ فَرَضَهَا رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَأُقِرَّتْ صَلٰوةُ السَّفَرِ وَزِيْدَ فِي صَلٰوةِ الْحَضَرِ)

ترجمہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رض نے فرمایا حبیب اللہ تعالےٰ نے (شب معراج میں) نماز فرض کی تو (ہر نماز کی) دو دو رکعتیں فرض کیں حضر اور سفر دونوں میں، پھر سفر کی نماز تو اپنے حال پر برقرار رکھی گئی اور حضر کی نماز میں زیادتی کر دی گئی۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ۔ فرض اللہ الصلوٰۃ حین فرضہا رکعتین رکعتین۔ یعنی ترجمۃ الباب ہے کیف فرضت الصلوٰۃ اور اس حدیث سے کیفیت عددی بتا دی گئی کہ دو دو رکعتیں فرض کی گئیں۔

البتہ مغرب کی نماز میں راجح قول یہی ہے کہ ابتدا ہی سے تین رکعت ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۱ ویاتی ص۱۴۸ و فی الهجرة ص۵۶۱ و مسلم اول ص۲۴۱ ابوداؤد فی باب صلوٰۃ المسافر ص۱۶۹ ونسائی اول باب کیف فرضت الصلوٰۃ ص۵۳۔

صلوٰۃ قصر کا حکم سفر میں قصر یعنی چار رکعت والی نماز دو رکعت پڑھنی عزیمت ہے یا رخصت؟ مطلب یہ ہے کہ مسافر کیلئے قصر ضروری اور واجب ہے یا اتمام بھی کر سکتا ہے؟

اگر کوئی مسافر اتمام کرے یعنی چار رکعت پڑھ لے تو چاروں فرض ہوں گی یا دو رکعت فرض اور دو رکعت نفل؟

حنفیہ کے نزدیک مسافر پر قصر واجب ہے اور اتمام ناجائز ہے، یہ زیر بحث حدیث عائشہؓ حنفیہ کا متدل ہے کہ حالت سفر کی اصلی نماز دو ہی رکعت ہے۔

مزید تفصیل کیلئے نصر الباری کتاب المغازی ص۳۵۶ تا ص۳۶۱ ملاحظہ فرمائے۔

باب ۲۴۲ وُجُوبِ الصَّلوٰةِ فِي الثِّيَابِ وَقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ "خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ، وَمَنْ صَلّٰى مُلْتَحِفًا فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَيُذْكَرُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَزُرُّهٗ وَلَوْ بِشَوْكَةٍ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ نَظَرٌ، وَمَنْ صَلّٰى فِي الثَّوْبِ الَّذِيْ يُجَامِعُ فِيْهِ مَا لَمْ يَرَ فِيْهِ اَذًى وَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ)

کپڑوں میں نماز کے واجب ہونے کا بیان، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد (سورۂ اعراف میں) ہر نماز کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو اور جس نے ایک کپڑا لپیٹ کر نماز پڑھی (اس نے فرض ادا کر لیا) اور حضرت سلمہ بن اکوعؓ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ایک کپڑا میں نماز پڑھے تو) اس کو ٹانک لے (یعنی گریبان کو بند کرلے) اگرچہ ایک ہی کانٹا سے ہو (تاکہ رکوع کے وقت شرم گاہ پر نظر نہ پڑے) اور اس کی سند میں کلام ہے۔ اور جس نے اس کپڑے میں نماز پڑھی جس کو پہنکر وہ جماع کرتا ہے (تو بھی درست ہے) جب تک اس میں کوئی گندگی (نجاست) نہ دیکھے اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ کوئی ننگا بیت اللہ کا طواف نہ کرے۔

۳۴۳ ـ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ اُمِرْنَا اَنْ نُّخْرِجَ الْحُيَّضَ يَوْمَ الْعِيْدَيْنِ وَذَوَاتِ الْخُدُوْرِ فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَدَعْوَتَهُمْ وَيَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ عَنْ مُّصَلَّاهُنَّ قَالَتِ امْرَاَةٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِحْدَانَا لَيْسَ لَهَا جِلْبَابٌ قَالَ

لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ قَالَ حَدَّثَتْنَا أُمُّ عَطِيَّةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا۔

ترجمہ حضرت ام عطیہ رضہ سے روایت ہے کہ ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ حائضہ اور پردہ نشین عورتوں کو عیدین کے دن باہر لائیں تاکہ وہ مسلمانوں کی جماعت اور ان کی دعاؤں میں شریک ہوں اور حیض والی عورتیں نماز کی جگہ سے الگ رہیں ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم میں سے بعض عورت کو چادر نہیں ہوتی (وہ کیسے نکلے؟) آپ نے فرمایا اس کے ساتھ جانے والی اپنی چادر اوڑھا دے۔ عبداللہ بن رجاء نے کہا ہم سے عمران نے بیان کیا کہا ہم سے محمد بن سیرین نے بیان کیا کہ ہم سے ام عطیہ رضہ نے یہ حدیث بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی ہے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی لِتُلْبِسْهَا صاحبتها من جلبابها"

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۵۱ ولمر الحدیث ص۴۶ وباقی ص۳۲ ص۱۳۳ و ص۱۳۴ ایضا ص۱۳۴ و ص۲۲۴۔

مقصد امام بخاری رح کا مقصد اس باب سے یہ ہے کہ نماز میں ستر عورت فرض ہے اور یہی جمہور ائمہ امام اعظم رح امام شافعی رح اور امام احمد بن حنبل رح کا مذہب ہے صرف حضرات مالکیہ کے نزدیک نماز میں ستر عورت سنت ہے۔

امام بخاری رح جمہور کی موافقت کر رہے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں باب وجوب الصلوٰۃ فی الثیاب" تو ہو سکتا ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد اس باب سے مالکیہ پر رد کرنا ہے۔

تشریح امام بخاری رح فرضیت صلوٰۃ سے فارغ ہونے کے بعد شرائط صلوٰۃ بیان کر رہے ہیں اور چونکہ ستر عورت کا معاملہ نماز اور غیر نماز ہر حال میں ضروری اور لازم ہے اس لئے شرائط میں سے اس کو پہلے بیان فرمایا اور سب سے پہلے آیت قرآنی سے اس کو ثابت کیا خذوا زینتکم عند کل مسجد ای عند کل صلوٰۃ۔

امام بخاری رح کا ہم لوگوں پر عظیم ترین اور ناقابل فراموش احسان ہے کہ وہ تراجم ابواب میں حتی الامکان قرآن حکیم کی آیات بھی پیش کرتے ہیں جس سے امام بخاری رح کی قرآن حکیم کی مہارت اور بالغ نظری کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

ستر عورت بلا اختلاف فرض ہے، اختلاف صرف نماز کی حالت میں ستر عورت فرض ہے یا نہیں؟ اس اختلاف کا ثمرہ اس صورت میں ظاہر ہوگا کہ اگر کوئی شخص بند کمرہ میں تنہا بلا ستر عورت کے نماز پڑھے

توجمہور ائمہ اور امام بخاریؒ کے نزدیک نماز نہیں ہوگی۔ لیکن حضرات مالکیہ کے نزدیک نماز ہو جائے گی اگرچہ کراہت کے ساتھ۔

لیکن متاخرین مالکیہ نے جمہور کی موافقت کی ہے اور ستر عورت کو نماز میں بھی لازم قرار دیا ہے۔

باب ۲۴۳ عقد الازار على القفا في الصلوٰة وقال ابو حازم عن سهل بن سعد صلوا مع النبي صلى الله عليه وسلم عاقدي أزرهم على عواتقهم

نماز میں تہبند کو گردن پر باندھ لینا (تاکہ وہ کھلے نہیں) اور ابوحازم نے سہل بن سعد سے روایت کیا ہے کہ صحابہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنے تہمدوں (چادروں) کو اپنے شانوں پر باندھ کر نماز پڑھی)

۳۴۴ حدثنا احمد بن يونس قال ثنا عاصم بن محمد قال حدثني واقد بن محمد عن محمد بن المنكدر قال صلى جابر في ازار قد عقده من قبل قفاه وثيابه موضوعة على المشجب فقال له قائل تصلي في ازار واحد فقال انما صنعت ذلك ليراني احمق مثلك وايّنا كان له ثوبان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم

ترجمہ محمد بن منکدر روایت کرتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضرت جابرؓ نے ایسے تہبند میں نماز پڑھی جس کو انہوں نے اپنی گردن پر باندھ لیا تھا حالاں کہ ان کے کپڑے تپائی پر رکھے ہوئے تھے ایک کہنے والے (عباد بن ولید) نے ان سے کہا آپ صرف ایک تہبند میں نماز پڑھتے ہیں؟ (کپڑے ہوتے ہوئے) تو جابرؓ نے فرمایا میں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ تمہارے جیسا بیوقوف مجھ کو دیکھ لے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم لوگوں میں سے کس کے پاس دو کپڑے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة "صلى جابر في ازار قد عقده من قبل قفله"

تعدد موضعہ والحديث ههنا ماله وايضا متصلا صلى

۳۴۵ حدثنا مطرف ابو مصعب قال حدثنا عبد الرحمن بن ابي الموالي عن محمد بن المنكدر قال رايت جابرا يصلي في ثوب واحد وقال رايت النبي صلى الله عليه وسلم يصلي في ثوب)

ترجمہ محمد بن منکدر روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت جابرؓ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا اور جابرؓ نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یصلی فی ثوب واحد"
در اصل یہ پہلی روایت کی شرح ہے کہ پہلی روایت میں حضرت جابرؓ کا عمل ہے اور اس روایت میں پہلی روایت کی شرح ہے کہ حضرت جابرؓ کا ایک کپڑے میں نماز پڑھنا اسلئے تھا کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا۔

مقصد امام بخاریؒ کا مقصد اس ترجمۃ الباب سے یہ ہے کہ اگر کسی کے پاس ایک سے زائد کپڑے موجود ہوں اس کے باوجود صرف ایک کپڑا لپیٹ کر نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی اگرچہ افضل و بہتر یہی ہے کہ پورا لباس پہنکر ہی نماز ادا کرے لیکن صحت نماز کا مدار کپڑوں کی گنتی پر نہیں ہے صرف ستر عورت پر ہے، باقی مزید تفصیل آرہی ہے۔

باب ۲۴۴ الصلوٰۃ فی الثوب الواحد ملتحفا بہ وقال الزہری فی حدیثہ الملتحف المتوشح وھو المخالف بین طرفیہ علی عاتقیہ وھو الاشتمال علی منکبیہ وقالت ام ہانیؓ التحف النبی صلے اللہ علیہ وسلم بثوب لہ وخالف بین طرفیہ علی عاتقیہ)

صرف ایک کپڑے کو لپیٹ کر نماز پڑھنے کا بیان۔ اور امام زہریؒ نے اپنی حدیث میں بیان کیا ہے کہ ملتحف کے معنی متوشح کے ہیں اور متوشح وہ شخص ہے جو کپڑے کے دونوں کناروں کو الٹ کر اپنے مونڈھوں پر ڈال لے (یعنی چادر کے داہنے کنارہ کو بائیں بغل کے نیچے سے نکال کر اور بائیں کنارہ کو داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر سینے پر باندھ لے)

اور یہی اشتمال علی المنکبین ہے (یعنی دونوں مونڈھوں پر لپیٹ لینا)

اور حضرت ام ہانیؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑا لپیٹا اور اس کے دونوں کناروں کو دونوں مونڈھوں پر الٹ لیا تھا (یعنی التحاف کیا)

۳۴۶ (حدثنا عبید اللہ بن موسیٰ قال انا ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عمر بن ابی سلمۃ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم صلی فی ثوب واحد قد خالف بین طرفیہ)

ترجمہ حضرت عمر بن ابی سلمہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑے میں نماز پڑھی اور اس کے دونوں کناروں کو الٹ کر ڈال لیا تھا (یعنی اس کا داہنا گوشہ بائیں شانہ پر اور

بایاں گوشہ داہنے شانہ پر ڈال لیا)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاهرة فی ثوب واحد قد خالف بین طرفیہ" لان قولہ قد خالف بین طرفیہ" هو الالتحاف الذی هو التوشح والاشتمال علی المنکبین (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ههنا صفحہ ۵۲ ایضا متصلا صفحہ ۵۲ صفحہ ۵۲ ومسلم صفحہ ۱۹۸ والترمذی اول صفحہ ۴۵ ابن ماجہ صفحہ ۷۴)

۳۴۷) حدثنا محمد بن المثنی قال حدثنا یحیی قال ثنا هشام قال حدثنی ابی عن عمر بن ابی سلمۃ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی ثوب واحد فی بیت ام سلمۃ قد القی طرفیہ علی عاتقیہ)

ترجمہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا اس کے دونوں کناروں کو آپ نے اپنے دونوں مونڈھوں پر ڈال لیا تھا۔

۳۴۸) حدثنا عبید بن اسمعیل قال ثنا ابو اسامۃ عن هشام عن ابیہ ان عمر بن ابی سلمۃ اخبرہ قال رایت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یصلی فی ثوب واحد مشتملا بہ فی بیت ام سلمۃ واضعا طرفیہ علی عاتقیہ)

ترجمہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ نے عروہ سے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ ایک کپڑے میں اس کو لپیٹے ہوئے ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں نماز پڑھ رہے تھے اس کے دونوں کنارے اپنے مونڈھوں پر ڈال لئے تھے۔

۳۴۹) حدثنا اسمٰعیل بن ابی اویس قال حدثنی مالک بن انس عن ابی النضر مولی عمر بن عبید اللہ ان ابا مرۃ مولی ام هانی بنت ابی طالب اخبرہ انہ سمع ام هانی بنت ابی طالب تقول ذهبت الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عام الفتح فوجدتہ یغتسل وفاطمۃ ابنتہ تسترہ قالت فسلمت علیہ فقال من هذہ فقلت انا ام هانی بنت ابی طالب فقال مرحبا بام هانی فلما فرغ من غسلہ قام فصلی ثمانی رکعات ملتحفا فی ثوب واحد فلما انصرف قلت یارسول اللہ زعم ابن امی انہ قاتل رجلا

قد اجرته فلان بن هبيرة فقال رسول الله صلے الله عليه وسلم قد اجرنا من اجرت يا ام هانئ قالت ام هانئ وذاك ضحى)

ترجمہ حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رض روایت کرتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس فتح مکہ کے سال گئی میں نے آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا اور حضرت فاطمہ رض آپ کی صاحبزادی آپ پر پردہ کیے ہوئے تھیں ام ہانی کہتی ہیں میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے فرمایا کون ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں ام ہانی بنت ابی طالب ہوں چنانچہ آپ نے فرمایا "ام ہانی کو خوش آمدید ہو" پھر جب آپ غسل سے فارغ ہوئے تو کھڑے ہو گئے اور ایک کپڑا لپیٹ کر آٹھ رکعت نماز ادا کی جب آپ نماز سے فارغ ہو گئے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری ماں کے بیٹے (یعنی حضرت علی رض) کہتے ہیں کہ وہ ہبیرہ (میرے خاوند) کے فلاں بیٹے کو مار ڈالیں گے جس کو میں نے پناہ دی ہے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ام ہانی جس کو تم نے پناہ دی ہے اس کو ہم نے بھی پناہ دیدی حضرت ام ہانی نے فرمایا یہ چاشت کا وقت تھا۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في فصلي ثماني ركعات ملتحفا،

تعدد موضع والحديث ههنا ص۵۲ و ص۴۳ و باقی ص۱۴۹ و ص۱۵۷ و ص۴۴۹ و ص۶۱۴ تا ص۶۱۵ و ص۹۰۹ تا ص۹۱۰۔

٣٥٠. حدثنا عبد الله بن يوسف قال اخبرنا مالك عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة ان سائلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الصلوٰة في ثوب واحد فقال رسول الله صلے الله عليه وسلم أو لكلكم ثوبان)

ترجمہ حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ ایک سائل (حضرت ثوبان رض) نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کا حکم پوچھا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے ہر ایک کے پاس دو کپڑے ہیں؟

مطلب یہ ہے کہ بلا شبہ جائز ہے البتہ اگر کسی کے پاس ایک سے زائد کپڑے موجود ہوں تو افضل و بہتر یہی ہے کہ نماز کے وقت پورا لباس اختیار کرے اللہ تعالیٰ نے جب وسعت دی ہے تو تحدیث نعمت ضرور کرے لیکن نفس جواز میں قطعاً شبہ نہیں ہے نفس جواز میں ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة ظاهرة لان السؤال فيه عن الصلوٰة في الثوب الواحد والجواب في الحقيقة ان الصلوٰة في الثوب الواحد جائزة

علی ما تقرر عن قریب (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص ۵۲ ویاتی الحدیث فی باب الصلوٰۃ فی القمیص والسراویل ص ۵۲

مقصد امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ جب صرف ایک کپڑے میں نماز پڑھنی ہو تو اس کو بدن پر لپیٹ لیا جائے۔

تشریح ملتحف التحاف سے اسم فاعل کا صیغہ ہے التحاف کے لغوی معنی ہیں تغطی یعنی کپڑا سے پورے بدن کو چھپانا، ڈھانکنا ملتحف کے معنی ہوئے پورے بدن پر کپڑا لپیٹنے والا امام زہری رح کہتے ہیں الملتحف المتوشح یعنی چادر کا داہنا کنارہ بائیں مونڈھے پر اور بایاں کنارہ کو داہنے مونڈھے پر ڈال لیا جائے اور یہی اشتمال کہلاتا ہے۔

ابن بطال رح فرماتے ہیں کہ اس طرح چادر اوڑھنے یعنی سینہ پر باندھ لینے کا فائدہ یہ ہے کہ حالت نماز میں رکوع کے وقت بدن کے واجب الستر یعنی شرمگاہ پر نظر نہیں پڑے گی علامہ عینی رح فرماتے ہیں کہ دوسرا فائدہ یہ بھی ہے کہ چادر رکوع اور سجدہ کی حالت میں بدن پر سے نہیں گرے گی۔

خلاصہ یہ ہے کہ کپڑا یعنی چادر کی تین قسمیں ہیں ضیق۔ وسیع۔ اوسع۔ (۱) ضیق جیساکہ ایک باب کے بعد آرہا ہے یعنی اگر کپڑا تنگ اور چھوٹا ہے تو لنگی کیطرح کمر میں باندھ لے۔ (۲) وسیع اگر چادر وسیع ہے تو التحاف کرے یعنی دونوں کناروں کو مونڈھے پر لاکر سینہ پر باندھ لے تاکہ شرمگاہ پر نظر بھی نہ پڑے اور نقل وحرکت میں کپڑا بدن سے گرنے بھی نہ پائے۔ (۳) اگر کپڑا اوسع ہے یعنی وسیع تر ہے تو صرف لپیٹ لینا کافی ہے اس مسئلے پر مزید مزید ابواب آرہے ہیں۔

تشریح حدیث ۳۴۹ زعم ابن امی الخ حضرت علی رض حضرت ام ہانی رض کے سگے بھائی تھے یعنی ایک ماں اور باپ سے۔

حضرت ام ہانی رض نے حضرت علی رض کو ماں کا بیٹا اسلئے کہا کہ مادری بھائی بہن میں ایک کو دوسرے سے گہرا تعلق اور غیر معمولی محبت ہوتی ہے ایک دوسرے پر مہربان ہوتے ہیں گویا ام ہانی رض نے یہ ظاہر کرنا چاہا کہ حضرت علی رض میرے سگے بھائی ہونے کے باوجود مجھ پر مہربان نہیں ہیں۔

بہرحال مسئلہ یہی ہے علامہ عینی رح نے استنباط احکام کے تحت لکھا ہے "منہا جواز امان رجل حر او امرأۃ حرۃ لکافر الخ (عمدۃ)

یعنی اگر کسی کافر کو آزاد مسلمان نے امن دیدیا تو شرعا مامون ہوجاتا ہے خواہ امن دینے والا مرد ہو یا عورت، اب اس کو قتل کرنے کا حق نہیں رہتا۔

لیکن اگر کسی مفسدہ کی وجہ سے قتل کرنا ہو تو پہلے نقض امان کا اعلان کرنا پڑے گا تاکہ وہ اپنا مستقبل سوچ سکے۔ ہوسکتا ہے کہ مسلمان ہوجائے۔

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے یہ شبہ نہ ہو کہ آپ نے امان دیا پہلے سے امان نہ تھا بلکہ امان تو پہلے ہی بل چکا تھا آپ نے ام ہانی کی تسکین خاطر و دفع تشویش کے لئے دستور و محاورہ کے مطابق ایسا فرمایا ہے کہ ہم تمہارے امان کو نقض نہیں کرتے۔

باب ۲۴۵

(اِذَا صَلّٰی فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَلْیَجْعَلْ عَلٰی عَاتِقَیْهِ)

جب ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو اس کا کچھ حصہ اپنے کاندھوں پر ڈال لے

۳۵۱ (حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُصَلِّیْ اَحَدُکُمْ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَیْسَ عَلٰی عَاتِقَیْهِ شَیْءٌ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص ایسے ایک کپڑے میں نماز نہ پڑھے جس میں سے اس کے کاندھوں پر اس کپڑے کا کوئی حصہ نہ ہو۔

مطابقۃ للترجمہ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ" لایصلی احدکم فی الثوب الواحد لیس علی عاتقیہ شئ"

۳۵۲ (حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عِکْرِمَةَ قَالَ سَمِعْتُهُ اَوْ کُنْتُ سَاَلْتُهُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ فَلْیُخَالِفْ بَیْنَ طَرَفَیْهِ)

ترجمہ ہم سے ابونعیم فضل بن دکین نے بیان کیا کہا ہم سے شیبان بن عبدالرحمٰن نے انہوں نے یحییٰ بن ابی کثیر سے انہوں نے عکرمہ سے، یحییٰ نے کہا میں نے عکرمہ سے سنا تھا یا عکرمہ سے پوچھا تو انہوں نے کہا میں نے حضرت ابوہریرہ رضہ سے سنا وہ کہتے تھے میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ جو شخص ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو اس کے دونوں

کناروں میں مخالفت کرے۔
(یعنی داہنے کنارہ کو بائیں طرف اور بائیں کنارہ کو داہنی طرف ڈال لے)

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "فلیخالف بین طرفیہ"۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب رح فرماتے ہیں "ای ھو مستحب" یعنی فلیجعل علی عاتقیہ میں امر استحبابی ہے۔

اس صورت میں امام بخاری رح کا مسلک جمہور ائمہ ثلاثہ کے موافق ہوگا۔

لیکن اگر امر کو وجوبی لیا جائے جیسا کہ امام احمد بن حنبل رح سے منقول ہے کہ مونڈھے کو ڈھانکنا واجب ہے مگر جمہور یہی کہتے ہیں کہ اگر کپڑا وسیع ہو تو مونڈھے پر ڈال کر نماز پڑھی جائے لیکن اگر کپڑا چھوٹا ہو تو لنگی کی طرح کمر میں باندھ لے نماز درست ہو جائے گی اس لئے کہ شرط صلوٰۃ فقط ستر عورت ہے کما مر۔

قال سمعتہ او کنت سالتہ یہ یحیی بن ابی کثیر کا شک ہے کہ عکرمہ نے یہ حدیث بغیر پوچھے بیان کی تھی اور میں نے سنی یا میرے پوچھنے پر مجھ کو سنایا جیسا کہ ترجمہ سے ظاہر ہے۔

(بَابٌ ۲۴۶ اِذَا کَانَ الثَّوْبُ ضَیِّقًا)

جب کپڑا ضیق یعنی تنگ ہو (تو مصلی کیا کرے؟)

۳۵۲ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَیْحُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ سَاَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ الصَّلٰوۃِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَقَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی بَعْضِ اَسْفَارِہٖ فَجِئْتُ لَیْلَۃً لِبَعْضِ اَمْرِیْ فَوَجَدْتُہٗ یُصَلِّیْ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ وَّاحِدٌ فَاشْتَمَلْتُ بِہٖ وَصَلَّیْتُ اِلٰی جَانِبِہٖ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ مَا السُّرٰی یَا جَابِرُ؟ فَاَخْبَرْتُہٗ بِحَاجَتِیْ فَلَمَّا فَرَغْتُ قَالَ مَا ھٰذَا الْاِشْتِمَالُ الَّذِیْ رَاَیْتُ قُلْتُ کَانَ ثَوْبٌ قَالَ فَاِنْ کَانَ وَاسِعًا فَالْتَحِفْ بِہٖ وَاِنْ کَانَ ضَیِّقًا فَاتَّزِرْ بِہٖ۔

ترجمہ سعید بن حارث کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رض سے ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کے

بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ میں ایک سفر میں (غزوہ بواط میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا پھر ایک رات میں اپنی کسی ضرورت سے (آپؐ کے پاس) آیا تو میں نے دیکھا کہ آپؐ نماز پڑھ رہے ہیں اور اس وقت میرے بدن پر ایک ہی کپڑا تھا چنانچہ میں نے اس کپڑے کو لپیٹ لیا اور آپؐ کے پہلو میں (کھڑے ہوکر) نماز پڑھی جب آپؐ نماز سے فارغ ہو گئے تو آپؐ نے فرمایا "اے جابر رات کو آنا کیسے ہوا؟" میں نے آپؐ کو اپنی ضرورت بتائی جب میں فارغ ہوا (یعنی جب اپنی ضرورت عرض کرچکا تو آپؐ نے فرمایا یہ اشتمال کیسا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں (یعنی تو نے یہ کیا کیا؟ میں نے عرض کیا کہ ایک ہی کپڑا تھا (کیا کروں؟) آپؐ نے اگر کپڑا وسیع ہے تو اس سے التحاف کرلیا کرو اور اگر ضیق (تنگ ہو) تو اس کو تہبند (لنگی) بنا لیا کرو۔

مُطابقتہ للترجمۃ

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "وان کان ضیقا فاتزر بہ"

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۵۲ ومر ص۵۱ ومسلم جلد ثانی ص۴۱۵ تا ص۴۱۸ فی حدیث جابر الطویل وابوداؤد ص۹۳۔

۳۵۴ (حدثنا مُسَدَّدٌ قال حدثنا یحییٰ عن سُفْیَانَ قال حدثنی اَبُوحَازِمٍ عن سَھْلٍ کان رِجَالٌ یُصَلُّوْنَ مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَاقِدِیْ اُزُرِھِمْ عَلٰی اَعْنَاقِھِمْ کَھَیْئَۃِ الصِّبْیَانِ وَیُقَالُ لِلنِّسَاءِ لا تَرْفَعْنَ رُؤُسَکُنَّ حتی یَسْتَوِیَ الرِّجَالُ جُلُوْسًا)

ترجمہ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضؓ نے فرمایا کہ کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس طرح نماز پڑھتے تھے کہ وہ بچوں کی طرح اپنی تہبندوں کو اپنی گردنوں پر باندھ لیتے اور (آپؐ کے زمانے میں) عورتوں سے کہدیا جاتا تھا تم (نماز میں) اپنا سر سجدے سے اس وقت تک نہ اٹھاؤ جبتک مرد سیدھے ہوکر نہ بیٹھ جائیں۔

مُطابقتہ للترجمۃ

حدیث کی مطابقت اشارۃً ہے عاقدی ازرھم الخ سے۔

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۵۲ ویاتی ص۱۱۳ ومسلم اول ص۱۸۲ وابوداؤد اول ص۹۲ و نسائی اول فی "الصلوٰۃ فی الازار ص۸۵"۔

مقصد ترجمہ

امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ اگر کپڑا ضیق ہو یعنی تنگ وچھوٹا ہو کہ جس کو لپیٹ نہ سکیں تو اس کو نماز میں کس طرح استعمال کریں۔ امام بخاریؒ نے حدیث پیش کرکے بتلادیا ان کان ضیقا فاتزر بہ"

چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب "شرح تراجم" میں فرماتے ہیں " ای ینبغی حینئذ ان یتزر به ولا یلتحف الخ۔

تشریح باب ۲۴۴ میں گذر چکا ہے کہ کپڑے کے تین درجے واقسام ہیں۔ ضیق۔ وسیع اور اوسع تینوں کی صورتوں گذر چکی ہیں۔

قال ماھذا الاشتمال الخ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت جابرؓ پر اس وجہ سے انکار کیا کہ انہوں نے کپڑے کو سارے بدن پر اس طرح لپیٹ لیا ہوگا کہ ہاتھ وغیرہ سب اندر بند ہو گئے ہوں گے اس کو اشتمال صما کہتے ہیں یہ ممنوع ہے جیسے دوسری حدیث میں وارد ہے، مسلم شریف کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کپڑا تنگ تھا اور حضرت جابرؓ نے ان دونوں کناروں میں مخالفت کی تھی اور زیادہ وسیع نہ ہونے کی وجہ سے ٹھوڑی سے دبا لیا تھا جس کی وجہ سے نماز میں ایک طرف کو جھکے ہوئے تھے تاکہ ستر نہ کھلے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بتلایا کہ یہ صورت جب ہے کہ کپڑا وسیع ہو لیکن اگر کپڑا تنگ ہو تو صرف تہبند کر لینا چاہیئے (یعنی لنگی کی طرح کمر میں باندھ لینی چاہیئے۔

باب ۲۴۷ الصَّلٰوۃِ فی الْجُبَّةِ الشَّامِيَّةِ وَقَالَ الْحَسَنُ فِي الثِّيَابِ يَنْسِجُهَا الْمَجُوسِيُّ لَمْ يَرَ بِهَا بَأْسًا وَقَالَ مَعْمَرٌ رَأَيْتُ الزُّهْرِيَّ يَلْبَسُ مِنْ ثِيَابِ الْيَمَنِ مَا صُبِغَ بِالْبَوْلِ وَصَلّٰى عَلِيٌّ فِي ثَوْبٍ غَيْرِ مَقْصُورٍ)

شام کے بنے جبے میں نماز پڑھنے کا بیان۔

حسن بصریؒ نے فرمایا جن کپڑوں کو مجوس (آتش پرست) بنتے ہیں ان میں نماز پڑھنے میں کچھ حرج نہیں ہے۔ اور معمر بن راشد نے کہا کہ میں نے ابن شہاب زہری کو دیکھا کہ وہ یمن کے کپڑے پہنتے جو پیشاب میں رنگا گیا تھا، اور حضرت علی رضؓ نے ایک کورے کپڑے میں (بغیر دھوئے) نماز پڑھی۔

۳۵۵ (حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَقَالَ يَا مُغِيْرَةُ خُذِ الْاِدَاوَةَ فَاَخَذْتُهَا فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَارٰى عَنِّيْ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ فَذَهَبَ لِيُخْرِجَ يَدَهٗ مِنْ كُمِّهَا فَضَاقَتْ فَاَخْرَجَ يَدَهٗ مِنْ اَسْفَلِهَا فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ فَتَوَضَّأَ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ ثُمَّ صَلّٰى)

ترجمہ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں (غزوہ تبوک میں) تھا آپؐ نے فرمایا، اے مغیرہ لوٹا لے لو چنانچہ میں نے لوٹا لے لیا اور رسول اللہ صلی

صلی اللہ علیہ وسلم چلے (یعنی جنگل کیطرف تشریف لے گئے) یہاں تک کہ آپؐ نے اپنی حاجت پوری کی اور آپؐ اس وقت شامی جبہ پہنے ہوئے تھے پھر آپؐ نے اس کی آستین میں سے اپنا ہاتھ نکالنا چاہا لیکن وہ تنگ ہوئی تو آپؐ نے اپنے ہاتھ کو اس کے نیچے سے نکالا پھر میں نے آپؐ (کے اعضائے شریفہ) پر پانی ڈالا اور آپؐ نے نماز کے وضو کیطرح وضو فرمایا اور آپؐ نے موزوں پر مسح کیا پھر نماز پڑھی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "وعلیہ جُبّۃ شامیۃ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا صـ۵۲ ومرصـ۳۰ ومـ۳۳ ویاتی صـ۵۶ ایضا صـ۴۰۹ ومـ۶۳۷ ومـ۸۶۳ وایضا صـ۸۶۳۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ کافروں کے بنے ہوئے (تیار کردہ) کپڑوں کا استعمال کرنا جائز ہے اور کافروں کے تیار کئے ہوئے کپڑوں میں نماز پڑھنا بھی جائز و درست ہے اسی طرح دارالکفر کے تیار کئے ہوئے کپڑوں کا استعمال جائز ہے خواہ بُت پرستوں کے ہاتھ کا بُنا ہوا ہو یا یہود و نصاریٰ کا بنا ہوا ہو، بس کپڑا اگر پاک ہے تو ہر حال میں استعمال کرنا جائز ہے کیوں کہ کپڑے میں مدار استعمال طہارت و عدم طہارت ہے بُننے والے کے اوصاف و احوال اور بُننے والے کے ملک وجگہ پر مدار نہیں ہے۔

چنانچہ علامہ عینی لکھتے ہیں "اذ الشام کانت بلاد کفر فلم تفتح بعد وانما اولنا بھذا لان الباب معقود لجواز الصلوٰۃ فی الثیاب التی تنسجھا، الکفار مالم تتحقق نجاستھا" (عمدہ)

خلاصہ یہ ہے کہ ملک شام اس وقت تک فتح نہیں ہوا تھا دارالکفر تھا تو چونکہ کفار و مشرکین پاکی ناپاکی کی کچھ پرواہ نہیں کرتے بلکہ بعض نجاستوں کو پاک اور مزید برآں محترم سمجھتے ہیں اسلئے ان کے تیار کئے ہوئے کپڑوں کا استعمال ممنوع ہونا چاہیئے امام بخاری رحؒ آثار و روایات سے اس کا جواز ثابت کر رہے ہیں، بخاری رحؒ کا مقصد بس یہی ہے۔

علامہ ابن رجب حنبلی رحؒ لکھتے ہیں "المقصود بھذا الباب جواز الصلوٰۃ فی الثیاب التی ینسجھا الکفار وسواء نسجوھا فی بلادھم وجُلبت منھا او نسجت فی بلاد المسلمین

(فتح الباری ابن رجب حنبلی رحؒ جلد ثانی صـ۳۴۲)

بعض بزرگوں نے یہ نقل کیا ہے کہ علامہ کشمیری رحؒ کی رائے یہ ہے کہ امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ کفار کی وضع قطع کے کپڑے نماز کے وقت استعمال کئے جا سکتے ہیں یہ نسبت بچند وجوہ درست نہیں ہے ۱ امام بخاریؒ نے اس ترجمہ جو آثار نقل کئے ہیں اس سے کوئی موافقت و تائید نہیں ہے۔ ۲ بخاری شریف کے مستند شروح

کے خلاف ہے۔ ۳ احادیث مرویہ کے بھی یہ مقصد خلاف ہے من تشبّہ بقوم فھو منھم، نیز ایاکم وزی الاعاجم"

تشریح وقال الحسن الخ حضرت حسن بصری رح کا یہ قول سند متصل کے ساتھ ان الفاظ میں نقل کیا ہے لاباس بالصلوٰۃ فی الثوب الذی ینسجه المجوس قبل ان یغسل (عمدہ)

مجوس آتش پرست یعنی بت پرست و مشرک ہے، معلوم ہوا کہ مشرک کے بُنے ہوئے کپڑے بغیر دھوئے پہنکر نماز پڑھنا درست ہے۔

رایت الزھری الخ امام بخاری رح کے بارے میں معمر کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا الخ مگر اس میں ایک نماز کا تذکرہ نہیں ہے، دوسرے یہ کہ ہو سکتا ہے امام زہری رح نے دھونے کے بعد استعمال کیا ہو اور یہی اغلب ہے۔

۳ یہ بھی احتمال ہے کہ پیشاب سے مراد ماکول اللحم (حلال جانوروں) کا پیشاب ہو چونکہ حلال جانوروں کا پیشاب امام زہری رح وغیرہ کے نزدیک پاک ہے چنانچہ حافظ عسقلانی رح فرماتے ہیں " وقوله بالبول ان كان للجنس فمحمول على انه كان يغسله قبل لبسه وان كان للعهد والمراد بول مايوكل لحمه لانه كان يقول بطهارته (فتح الباری جلد اول ص۳۷۷)

وصلی علی الخ اور حضرت علی رض نے ایک کورے کپڑے میں (بغیر دھوئے) نماز پڑھی معلوم ہوا کہ دکانوں سے خریدے ہوئے کپڑوں میں تحقیق ضروری نہیں ہے کہ کہاں کا ہے؟ دارالاسلام کا تیار کردہ ہے یا دارالکفر کا؟ بس یہ کافی ہے کہ بظاہر اس میں کوئی نجاست نہیں ہے اور اصل طہارت ہے اس لئے استعمال جائز ہے البتہ کافروں کے مستعمل کپڑوں کو دھوکر ہی پہننا چاہیے کیوں کہ کراہت سے خالی نہیں۔ روایت گذر چکی ہے۔

باب ۲۴۸

(کراھیة التعری فی الصلوٰۃ وغیرھا)

نماز میں اور غیر نماز میں ننگے ہونے کی کراہت کا بیان

۳۵۶ حدثنا مطر بن الفضل قال ثنا روح قال ثنا زکریا بن اسحاق قال ثنا عمرو بن دینار قال سمعت جابر بن عبد الله یحدث ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان ینقل معھم الحجارۃ

لِلْكَعْبَةِ وَعَلَيْهِ إِزَارُهُ فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ عَمُّهُ يَا ابْنَ أَخِي لَوْ حَلَلْتَ إِزَارَكَ فَجَعَلْتَ عَلَى مَنْكِبَيْكَ دُونَ الْحِجَارَةِ قَالَ فَحَلَّهُ فَجَعَلَهُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ فَسَقَطَ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ فَمَا رُئِيَ بَعْدَ ذَلِكَ عُرْيَانًا)

ترجمہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نبوت سے پہلے) کعبہ (کی تعمیر) کیلئے قریش کے ساتھ پتھر ڈھوتے اور آپ تہبند باندھے ہوئے تھے اس وقت آپ کے چچا عباس رضی اللہ عنہ نے آپ سے کہا اے میرے بھتیجے کاش تم اپنے ازار (تہبند) کو کھول کر اپنے شانوں پر پتھر کے نیچے رکھ لیتے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آپ نے تہبند کو اتار کر اپنے کاندھوں پر ڈال لیا لیکن آپ فوراً بیہوش ہو کر گر پڑے۔ پھر اس کے بعد آپ کبھی برہنہ نہیں دیکھے گئے

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة في قوله " فما رئي بعد ذلك عريانا " لان ذلك يتناول ما بعد النبوة كما يتناول ما قبلها ثم بعمومه يتناول حالة الصلوٰة وغيرها (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ ما رئی میں عموم ہے واقعہ اگرچہ نبوت سے قبل کا ہے لیکن نبوت کے بعد کو عام اور شامل ہے نیز حالت نماز اور غیر حالت نماز سب کو عام اور شامل ہے۔

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۵۲ ويأتي في المناسك ص۲۱۵ و ص۵۴۰ ومسلم اول ص۱۵۴

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ تعری علی الاطلاق نماز اور غیر نماز ہر حال میں ممنوع ہے امام بخاری رح کا استدلال یہ ہے کہ جب تعری غیر نماز میں مکروہ و ممنوع ہے تو نماز میں بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا اور یہ استدلال بالاولویت ہے۔

ممکن ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد مالکیہ پر رد کرنا ہو جو کہتے ہیں کہ نماز میں ستر عورت سنت ہے امام بخاری رح نے فی الصلوٰۃ وغیرھا، سے بتا دیا کہ ستر عورت نماز میں ضروری اور فرض ہے رہا یہ اشکال کہ امام بخاری رح نے یہاں "کراہت" کا لفظ لایا ہے؟

جواب یہ ہے کہ کراہت سے مراد اصطلاحی کراہت نہیں ہے بلکہ لغوی معنی ہے یعنی ممنوع اور ناپسندیدہ جس میں ہر طرح کے ممنوعات داخل ہیں خواہ مکروہ ہو یا حرام واللہ اعلم

تشریح امام بخاری رح نے واقعہ نقل کر دیا کہ قریش مکہ نے جب بیت اللہ کی تعمیر شروع کی تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم بھی پتھر اٹھا کر لا رہے تھے تو چونکہ پتھر کی رگڑ سے کندھے چھل جانے کا خطرہ تھا اور اس وقت تک آپ کی بعثت بھی نہیں ہوئی تھی یعنی یہ واقعہ آپ کی نبوت سے پہلے کا ہے

جب کہ قریش مکہ میں ستر عورت کی پرواہ بھی نہ ہوتی تھی حتی کہ خانہ کعبہ کا برہنہ طواف بھی کرتے تھے اسلئے ازراہِ شفقت آپؐ کے چچا حضرت عباس رضؓ نے کہا ” بھتیجے اپنی تہبند (لنگی) کھول کر کندھے پر رکھ لو اور اس پر پتھر رکھ لو تو سہولت ہو گی، آپؐ نے چچا کی بات مان لی اور تہبند کھول کر کندھے پر رکھنا چاہا کہ آپؐ پر غشی طاری ہو گئی اور آپؐ بیہوش ہو کر گر پڑے۔

اس میں محدثین کرام کے اقوال مختلف ہیں کہ اس وقت آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟ علامہ عینی نے مختلف اقوال نقل کئے ہیں ۱ قال الزهری لما بنت قریش الکعبة لم یبلغ النبی علیه الصلوٰۃ والسلام الحلم۔

۲ وقال ابن بطال وابن التین کان عمرہ خمس عشر سنة۔

۳ وقال هشام بین بناء الکعبة والمبعث خمس سنین وقیل الخ (عمدہ)

خلاصہ یہ ہے کہ ایک قول کے مطابق آپؐ کی عمر مبارک پندرہ سال کے قریب تھی اور اسی کے قریب امام زہری کا قول ہے کہ بلوغ سے قبل۔

اور ہشام کا قول ہے کہ پینتیس سال کی عمر کا واقعہ ہے۔

راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد آپؐ کو کبھی برہنہ نہیں دیکھا گیا نہ نبوت سے پہلے نہ نبوت کے بعد مگر تمام محدثین عظام اور علماء اسلام کا اتفاق ہے کہ یہ برہنگی کا واقعہ نبوت سے قبل کا ہے اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر غشی طاری کر دی گئی کہ آئندہ اس کا اعادہ نہ ہو، ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ایک فرشتہ آسمان سے اترا اور آپؐ کو تہبند باندھ دی۔

نیز ایک احتمال یہ بھی ہے کہ حضرت عباس رضؓ نے ازار یعنی تہبند کھول کر کندھے پر رکھنے کا مشورہ دیا تھا مگر اس میں قمیص یعنی کرتہ کا ذکر نہیں ہے اسلئے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کامل برہنگی نہ ہوئی ہو، واللہ اعلم

باب ۲۴۹ الصَّلٰوۃِ فِی الْقَمِیْصِ وَالسَّرَاوِیْلِ وَالتُّبَّانِ وَالْقَبَاءِ

قمیص اور پائجامہ اور جانگیہ اور قبا میں نماز پڑھنے کا بیان

یعنی نماز درست ہونے کے لئے کسی خاص قسم کا لباس ضروری نہیں اگر ستر ڈھنکا ہوا ہو تو ہر لباس میں نماز صحیح ہو جائیگی۔

۳۵۷ حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَامَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ عَنِ الصَّلٰوۃِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَقَالَ اَوَ کُلُّکُمْ یَجِدُ ثَوْبَیْنِ ثُمَّ سَاَلَ رَجُلٌ عُمَرَ فَقَالَ اِذَا وَسَّعَ اللّٰہُ فَاَوْسِعُوْا جَمَعَ

رَجُلٌ عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، صَلّٰى رَجُلٌ فِي إِزَارٍ وَرِدَاءٍ فِي إِزَارٍ وَقَمِيصٍ فِي إِزَارٍ وَقَبَاءٍ فِي سَرَاوِيلَ وَرِدَاءٍ فِي سَرَاوِيلَ وَقَمِيصٍ فِي سَرَاوِيلَ وَقَبَاءٍ فِي تُبَّانٍ وَقَبَاءٍ فِي تُبَّانٍ وَقَمِيصٍ قَالَ وَأَحْسِبُهُ قَالَ فِي تُبَّانٍ وَرِدَاءٍ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کھڑا ہوا اور آپ سے سوال کیا کہ ایک کپڑے میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کیا تم سے ہر شخص کو دو کپڑے مل جاتے ہیں؟ پھر ایک شخص نے (یہی مسئلہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا جب اللہ وسعت دے تو تم بھی (وسعت کا اظہار) کرو آدمی کو چاہیے کہ اپنے کپڑے اپنے جسم پر جمع کرنے کوئی تہبند اور چادر میں نماز پڑھے کوئی تہبند اور قمیص میں کوئی تہبند اور قبا میں کوئی پائجامہ اور چادر میں کوئی پائجامہ اور قمیص میں کوئی پائجامہ اور قبا میں کوئی جانگیہ اور قبا میں کوئی جانگیہ اور قمیص میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے یہ بھی کہا کوئی جانگیہ اور چادر میں (نماز پڑھے، یعنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو شک تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ اخیر کا لفظ بھی کہا یا نہیں)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ لانہا فی ذکر الصلوٰۃ فی الاشیاء الاربعۃ المذکورۃ (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۲ تا ۵۳ ومر ایضا ص۵۲ یعنی حدیث نمبر ۳۵۰ باب ۲۴۴ کی آخری حدیث۔

۳۵۸ (حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ فَقَالَ لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ وَلَا السَّرَاوِيلَ وَلَا الْبُرْنُسَ وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلَا وَرْسٌ فَمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتّٰى يَكُونَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ)

ترجمہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ محرم کیا پہنے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ محرم قمیص نہ پہنے اور نہ پائجامہ اور نہ برنس اور نہ ایسا کپڑا جسمیں زعفران لگ گیا ہو اور نہ ایسا کپڑا جس میں ورس لگا ہو، اور وہ شخص جس کے پاس جوتے نہ ہوں تو موزے پہن لے اور ان دونوں کو اتنا کاٹ دے کہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں اور

ابن ابی ذئب نے اس حدیث کو نافع سے بھی روایت کیا انہوں نے حضرت عمرؓ سے انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل (یعنی حدیث سالم کے مثل روایت کی ہے جیسا کہ کتاب العلم میں اس سند سے روایت گذر چکی ہے دیکھو بخاری اول ص۲۵۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ من حیث جواز الصلوٰۃ بدون القمیص والسراویل وغیرہ (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ احرام کی حالت میں قمیص اور پائجامہ وغیرہ کا استعمال نہ کرے بلکہ بغیر سلے ہوئے کپڑے استعمال کرے، اور ظاہر ہے کہ محرم بغیر سلے ہوئے کپڑوں میں نماز پڑھتے ہیں تو معلوم ہوا کہ نماز کے لئے کپڑے کا سلا ہوا ہونا ضروری نہیں ہے۔

۲ ان مذکورہ فی الحدیث (قمیص و پائجامہ وغیرہ) کی ممانعت احرام کی حالت میں ہے اور خارج احرام ممانعت نہیں ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ غیر محرم ان کپڑوں (قمیص و پائجامہ وغیرہ) میں نماز پڑھ سکتا ہے۔

البتہ امام بخاریؒ کا مقصد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایک کپڑے کے بجائے دو کپڑے میں پڑھنا اولیٰ اور افضل ہے جس کی نو صورتیں مذکور ہوئیں۔

تعدد موضعہٗ والحدیث ھہنا ص۵۳ ومرّ فی کتاب العلم۔
تفصیل کیلئے نصر الباری جلد اول کی آخری حدیث یعنی حدیث ۱۳۴ ملاحظہ فرمائے۔

تشریح الفاظ کی تحقیق جلد اول حدیث ۱۳۴ میں گذر چکی ہے۔
اس حدیث سے یہ ضرور معلوم ہوا کہ اگر مجبوری اور تنگی نہ ہو تو نماز میں کم از کم دو کپڑے ضرور استعمال کریں جیسا کہ ابوداؤد کی روایت ہے: اذا کان لاحدکم ثوبان فلیصل فیھما فان لم یکن الا ثوب فلیتزر بہ ولا یشتمل اشتمال الیھود (ابوداؤد اول باب من قال یتزر بہ اذا کان ضیقا ص۹۳)

اسی باب کے تحت دوسری حدیث ہے:

نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یصلی فی لحاف لایتوشح بہ والاٰخر ان یصلی فی سراویل ولیس علیہ رداء۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ ایک چادر میں لپٹے ہوئے نماز پڑھے اور دوسرا حکم یہ کہ صرف پائجامہ میں بغیر چادر کے نماز پڑھے۔

پائجامہ حضرت ابراہیمؑ کی سنت ہے علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: قال شیخنا زین الدین رحمہ اللہ تعالیٰ روینا من حدیث ابی ھریرۃ رضؓ مرفوعا ان اول من لبس السراویل ابراھیم علیہ السلام رواہ ابونعیم الاصبھانی وقیل ھٰذا ھو السبب فی اوّل من یکسی یوم القیامۃ کما ثبت فی الصحیحین الخ (عمدہ کتاب اللباس جلد ۲۱ ص۳۰۶)

البتہ سید الاولین والآخرین حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پائجامہ پہننا مختلف فیہ ہے لیکن خریدنا اور پسند فرمانا ثابت ہے۔

نیز اس میں بھی دو رائے نہیں ہے کہ پائجامہ تمام لباسوں میں سب سے زیادہ استر وستر چھپانے والا ہے واللہ اعلم۔

قبا بفتح القاف والباء الموحدۃ المخففۃ، اچکن، شیروانی۔

علامہ عینی رحمہ لکھتے ہیں "اول من لبس القباء سلیمان بن داؤد علیہما الصلوٰۃ والسلام (عمدہ جلد ۴ صہ۷۳)

باب ۲۵۰

(ما یستر من العورۃ)

ستر عورت کا بیان

۳۵۹ حدثنا قتیبۃ بن سعید قال حدثنا لیث عن شہاب عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ عن ابی سعید الخدری انہ قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اشتمال الصماء وان یحتبی الرجل فی ثوب واحد لیس علی فرجہ شیء۔

ترجمہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشتمال صماء سے منع فرمایا اور آپ نے منع فرمایا کہ آدمی ایک کپڑے میں احتباء کرے اس طرح کہ شرمگاہ پر کچھ نہ ہو (یعنی گوٹ مار کر بیٹھے کہ شرمگاہ کھلی رہے)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "لیس علی فرجہ منہ شیء" چوں کہ حدیث سے شرمگاہ کا مکشوف ہونا معلوم ہوا تو ثابت ہو گیا کہ شرمگاہ واجب الستر ہے اور ترجمۃ الباب ستر عورت کے بارے میں ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا صہ۵۳ ویاتی مختصرا فی الصوم صہ۲۶۷ وفی البیوع فی باب بیع الملامسۃ صہ۲۸۷ مقطعا من حدیث آخر و صہ۲۸۸ پہلی حدیث۔ وفی اللباس فی باب اشتمال الصماء صہ۸۱۵ وصہ۸۶۶ وصہ۹۳۰۔

۳۶۰ (حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ عَنِ اللِّمَاسِ وَالنِّبَاذِ وَأَنْ يَشْتَمِلَ الصَّمَّاءَ وَأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ)

ترجمہ حضرت ابوہریرۃ رضؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو قسم کی بیع ملامسہ اور بیع منابذہ سے منع فرمایا ہے اور (منع فرمایا ہے) اشتمال صمار اور ایک کپڑے میں احتبار کرنے سے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "ان یحتبی الرجل فی ثوب واحد" کیوں کہ احتبار کی صورت میں شرمگاہ پر کپڑے کا کچھ حصہ نہیں ہوتا ہے جو واجب الستر ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۵۳ ویاتی فی مواقیت الصلوٰۃ ص۸۲ وفی الصوم ص۲۶۷ وفی البیوع ص۲۸۰ وص۲۸۵ ومجاری جلد ثانی ص۸۶۵ ایضا ص۸۶۶ ابوداؤد ثانی ص۵۶۴ والترمذی فی اللباس ص۳۰۵

۳۶۱ (حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِي أَبُو بَكْرٍ فِي تِلْكَ الْحَجَّةِ فِي مُؤَذِّنِينَ يَوْمَ النَّحْرِ نُؤَذِّنُ بِمِنًى أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثُمَّ أَرْدَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا فَأَمَرَهُ أَنْ يُؤَذِّنَ بِبَرَاءَةَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَأَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ فِي أَهْلِ مِنًى يَوْمَ النَّحْرِ لَا يَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضؓ روایت کرتے ہیں کہ مجھکو حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے اس حج میں (جو حجۃ الوداع سے ایک سال پہلے کیا تھا) یوم نحر (ذی الحجہ کی دسویں تاریخ) میں اعلان کرنے والوں کے ساتھ بھیجا تاکہ ہم منیٰ میں یہ اعلان کردیں کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی ننگا بیت اللہ کا طواف کرے، حمید بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت ابوبکر رضؓ کو بھیجنے کے بعد) ان کے پیچھے حضرت علی رضؓ کو بھیجا اور ان کو حکم دیا کہ سورۂ براءۃ (کے

ابتدائی آیات) کا اعلان کر دیں، حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضؓ نے قربانی کے دن ہمارے ساتھ منیٰ والوں میں یہ اعلان کیا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی بیت اللہ کا ننگا طواف کرے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " ولایطوف بالبیت عریان " لان منع الطواف عاریا یدل علی وجوب ستر العورۃ (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۳ ویاتی فی الحج ص۲۲۰ وص۲۵۱ فی باب کیف ینبذ الی اھل العھد وفی المغازی ص۶۲۶ وفی التفسیر ص۶۷۱ ، ص۶۷۱ ، ص۶۷۱ مسلم اول ص۴۳۵ ابوداؤد اول ص۲۶۵ نسائی جلد ثانی فی المناسک ص۳۱ فی باب قولہ " خذوا زینتکم عند کل مسجد۔

مقصد ترجمۃ امام بخاری رحؒ کا مقصد ستر عورت کو بتلانا ہے یعنی جسم کا وہ حصہ کیا ہے جس کا چھپانا واجب اور ضروری ہے وہ عورت ہے پھر عورت کی تعیین و مصداق میں فقہائے عظام کے اقوال مختلف ہیں حافظ عسقلانی رحؒ کہتے ہیں کہ امام بخاری کا مقصد اس باب سے خارج صلوٰۃ کا مسئلہ بیان کرنا ہے چونکہ نماز میں کتنا ستر ضروری ہے اس کا بیان گذر چکا، اس لئے کہ باب کی پہلی حدیث میں احتباء کا ذکر ہے اور احتباء کی صورت خارج صلوٰۃ ہی ہوتی ہے داخل نماز میں احتباء متصور نہیں۔

لیکن علامہ عینی رحؒ فرماتے ہیں " ھٰذا اعم من ان یکون فی الصلوٰۃ او خارج الصلوٰۃ الخ (عمدہ)

تشریح یہاں ترجمۃ الباب ہے مایستر من العورۃ ، ما مصدریہ ہے اور موصولہ بھی ہو سکتا ہے یستر معروف اور مجہول دونوں منقول ہے اور صحیح ہے۔ من العورۃ کا مِن علامہ عینیؒ اور حافظ عسقلانی رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ من بیانیہ ہے مِن بیانیہ میں مدخول کے تمام افراد پر حکم ہوتا ہے بخلاف مِن تبعیضیہ کے کہ اس میں صرف بعض پر ہوتا ہے اس لئے ظاہر یہی ہے کہ یہاں مِن بیانیہ ہی ہے کیوں کہ بالاتفاق ائمہ پوری عورت کا چھپانا واجب ہے۔

البتہ حد العورۃ یعنی عورت کی حد اور تعیین میں کچھ اختلاف ہے۔

تعیین عورت میں مذاہب ائمہ (۱) حنفیہ کے نزدیک من السرۃ الی الرکبۃ یعنی ناف سے لیکر گھٹنے تک بایں طور کہ گھٹنہ داخل ہے اور سرہ خارج۔

حرہ عورت کیلئے تمام بدن باستثناء وجہ، کفین اور قدمین واجب الستر ہیں نماز میں بھی اور خارج نماز میں بھی، البتہ خارج نماز محارم یعنی باپ دادا اور بھائی بیٹا وغیرہ اعضاء مثلاً سر اور بازو وغیرہ پر

نظر جائز ہے۔
(۲) حضرات شافعیہ کے نزدیک مرد کیلئے واجب الستر حصہ ناف سے لیکر گھٹنہ تک ہے مگر ایک قول میں ناف اور گھٹنہ خارج ہے حنابلہ سے بھی ایک روایت یہی ہے۔
(۳) ظاہریہ کے نزدیک یعنی امام داؤد ظاہری رح وغیرہ کے نزدیک صرف سبیلین یعنی قبل و دبر واجب الستر عورت ہیں باقی بدن واجب الستر نہیں اور یہ ایک روایت امام مالک رح اور امام احمد بن حنبل رح سے بھی ہے بلکہ حضرت شیخ الحدیث رح نے امام مالک رح کا مذہب قرار دیا ہے (تقریر بخاری) امام بخاری رح کا رجحان بھی بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے اور استدلال لیس علی فرجہ منہ شئی، سے ہے۔

بیع ملامسہ و بیع منابذہ اس کیلئے احقر کی "نصر المنعم" دیکھئے ص۲۱۲ سوال ۹۶ مفصل بحث کتاب البیوع میں آئے گی انشاء اللہ الرحمٰن۔

اشتمال الصماء علامہ عینی رح فرماتے ہیں قلت تحقیق هذہ الکلمۃ ان الاشتمال مضاف الی الصماء والصماء فی الاصل صفۃ یقال صخرۃ صماء اذا لم یکن خرق ولا منفذ (عمدہ)
خلاصہ یہ ہے کہ اشتمال الصماء میں اضافۃ الموصوف الی الصفت ہے اشتمال کے معنی گذر چکے ہیں دیکھئے باب ۲۴۲ کی آخری حدیث۔
مطلب یہ ہے کہ ایسے طور پر چادر لپیٹنے کو آپ ﷺ نے منع فرمایا جو صماء ہو یعنی چادر اس طرح لپیٹ لی جائے کہ کوئی منفذ نہ رہے اور دونوں ہاتھ اندر بند ہو جائیں ہاتھوں کو باہر نکالنا مشکل ہو تو جوں کہ اس صورت میں گرنے کا اندیشہ رہتا ہے اور اگر کسی موذی چیز کو دفع کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا ہے اس لئے حضور اقدس ﷺ نے شفقۃً، منع فرمایا۔

ان یحتبی الرجل الخ ان مصدریہ ہے آپ ﷺ نے احتباء کرنے سے منع فرمایا۔ احتباء یہ ہے کہ سرین پر بیٹھکر دونوں گھٹنوں کو کھڑا کرلے اور ہاتھ سے دونوں پنڈلیوں کو باندھ لے یا کسی کپڑے سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو باندھ لے۔
اس احتباء کی ممانعت اس صورت میں ہے جبکہ نیچے کوئی پائجامہ یا تہبند وغیرہ نہ ہو تو ظاہر ہے کہ شرمگاہ کے کھلے رہنے کی وجہ سے حرام ہے لیکن اگر نیچے پائجامہ وغیرہ سے شرمگاہ ڈھکی ہے تو یہ بیٹھک ممنوع نہیں۔
باقی حدیث ۳۶۱ کی تشریح کیلئے نصر الباری کتاب التفسیر ملاحظہ فرمائے از ص۲۵۱ تا ص۲۵۳

باب(۲۵۱) الصَّلوٰۃِ بِغَیْرِ رِدَاءٍ

بغیر چادر کے نماز پڑھنے کا بیان

۳۶۲ (حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِیْ ابْنُ اَبِی الْمَوَالِی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ وَھُوَ یُصَلِّیْ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُلْتَحِفًا بِہٖ وَرِدَاؤُہٗ مَوْضُوْعٌ فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْنَا یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ تُصَلِّیْ وَرِدَاؤُکَ مَوْضُوْعٌ قَالَ نَعَمْ اَحْبَبْتُ اَنْ یَرَانِیَ الْجُھَّالُ مِثْلُکُمْ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ ھٰکَذَا)

ترجمہ محمد بن منکدر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور وہ ایک کپڑا لپیٹے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے اور ان کی چادر رکھی ہوئی تھی جب وہ فارغ ہوئے تو ہم نے کہا اے ابو عبداللہ (یہ جابر رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے) آپ (ایک کپڑے میں) نماز پڑھ لیتے ہیں اور آپ کی چادر رکھی رہتی ہے؟ انہوں نے کہا ہاں میں نے یہ چاہا کہ تم جیسے جاہل لوگ مجھے دیکھ لیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح (ایک کپڑے میں) نماز پڑھتے دیکھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "ورداؤہ موضوع"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۳ و مر ص۵۱ بلفظ آخر۔

مقصد ترجمہ حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ما قبل میں (یعنی باب ۲۴۹ میں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک مقولہ اذا وسع اللہ فاوسعوا، مذکور ہوا تھا جس سے وہم ہوتا ہے کہ وسعت کی صورت میں ایک کپڑے میں نماز جائز نہ ہو۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس وہم کو دفع کرنے کیلئے یہ باب منعقد فرمایا ہے اور ثابت کیا ہے کہ اگر کسی کے پاس دو کپڑے ہوں لیکن وہ پھر بھی ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھے تو جائز ہے دلیل یہ ہے کہ اس کے اندر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی گئی ہے کہ ان کے کپڑے مشجب پر رکھے تھے پھر بھی وہ ایک کپڑے میں نماز پڑھ رہے تھے تو معلوم ہوا کہ وسعت کے باوجود ایسا کرنا جائز ہے۔

تشریح یہاں ایک شبہ ہوتا ہے کہ کپڑے رہتے ہوئے ایک کپڑے پر اکتفا کرنا کراہت سے خالی نہیں!
اس کا جواب حضرت اقدس مولانا گنگوہی رحمہ اللہ دیتے ہیں: ویرتفع الکراھۃ اذا کان الاقتصار علی ثوب واحد للتعلیم فان العامۃ تعامل بالسنن والاداب معاملۃ الواجب الخ (لامع جلد اول ص۱۴۵)
یعنی حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے چادر کے رہتے ہوئے بغیر چادر کے ایک کپڑے میں اسلئے نماز پڑھی کہ تعلیم مقصود تھی کیوں کہ عام لوگ سنن وآداب اور مستحبات کے ساتھ بھی واجب و فرض جیسا معاملہ کرتے ہیں (حالانکہ ہر ایک کو اپنے اپنے مرتبہ میں رکھنا چاہیئے) لہٰذا تعلیم ضروری تھی اور بہ نسبت قول کے عملی تعلیم سے زیادہ فائدہ ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بیان جواز کیلئے ایسا کیا ہے۔

بَابُ ۲۵۲ مَا یُذْکَرُ فِی الْفَخِذِ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰہِ وَیُرْوٰی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَرْھَدٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ جَحْشٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَلْفَخِذُ عَوْرَۃٌ وَقَالَ اَنَسٌ حَسَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ فَخِذِہٖ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ وَحَدِیْثُ اَنَسٍ اَسْنَدُ وَحَدِیْثُ جَرْھَدٍ اَحْوَطُ حَتّٰی نَخْرُجَ مِنِ اخْتِلَافِھِمْ وَقَالَ اَبُوْمُوْسٰی غَطَّی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم رُکْبَتَیْہِ حِیْنَ دَخَلَ عُثْمَانُ وَقَالَ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم وَفَخِذُہٗ عَلٰی فَخِذِیْ فَثَقُلَتْ عَلَیَّ حَتّٰی خِفْتُ اَنْ تَرُضَّ فَخِذِیْ ۔

(ران کے بارے میں جو کچھ روایات مذکور ہیں ان کا بیان یعنی ران کا چھپانا ضروری ہے یا نہیں؟)
ابوعبداللہ امام بخاری رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اور جرھد اور محمد بن جحش رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ ران عورت ہے، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (غزوۂ خیبر میں اپنی ران کھول دی تھی۔ ابوعبداللہ یعنی امام بخاری رحمہ اللہ نے کہا انس رضی اللہ عنہ کی حدیث قوی السند ہے اور جرھد کی حدیث پر عمل کرنا احوط فی امر الدین (اور اقرب الی التقوی) ہے کہ علماء کے اختلاف سے نکل جاتے ہیں۔ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں گھٹنوں کو چھپالیا جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے۔ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ایک مرتبہ) اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل کی اور آپ کی ران میری ران کے اوپر تھی پس وہ مجھ پر اتنی بھاری ہوگئی کہ مجھے یہ خوف ہوگیا کہ میری ران ٹوٹ جائے گی۔
آثار مذکورہ سے ترجمۃ الباب کی مطابقت واضح ہے۔

۳۶۳ (حدثنا یعقوب بن ابراھیم قال حدثنا اسمٰعیل بن علیة قال اخبرنا عبد العزیز بن صهیب عن انس بن مالك ان رسول الله صلی الله علیه وسلم غزا خیبر فصلینا عندها صلوٰة الغداة بغلس فرکب النبی صلی الله علیه وسلم ورکب ابو طلحة وانا ردیف ابی طلحة فاجری نبی الله صلی الله علیه وسلم فی زقاق خیبر وان رکبتی لتمس فخذ نبی الله صلی الله علیه وسلم ثم حسر الازار عن فخذه حتی انی انظر الی بیاض فخذ نبی الله صلی الله علیه وسلم فلما دخل القریة قال الله اکبر خربت خیبر انا اذا نزلنا بساحة قوم فساء صباح المنذرین قالها ثلاثا قال وخرج القوم الی اعمالهم فقالوا محمد قال عبد العزیز وقال بعض اصحابنا والخمیس یعنی الجیش قال فاصبناها عنوة فجمع السبی فجاء دحیة فقال یا نبی الله اعطنی جاریة من السبی فقال اذهب فخذ جاریة فاخذ صفیة بنت حیی فجاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا نبی الله اعطیت دحیة صفیة بنت حیی سیدة قریظة والنضیر لا تصلح الا لك قال ادعوه بها فجاء بها فلما نظر الیها النبی صلی الله علیه وسلم قال خذ جاریة من السبی غیرها قال فاعتقها النبی صلی الله علیه وسلم وتزوجها فقال له ثابت یا ابا حمزة ما اصدقها قال نفسها اعتقها وتزوجها حتی اذا کان بالطریق جهزتها له ام سلیم فاهدتها له من اللیل فاصبح النبی صلی الله علیه وسلم عروسا فقال من کان عنده شیء فلیجیء به وبسط نطعا فجعل الرجل یجیء بالتمر وجعل الرجل یجیء بالسمن قال واحسبه قد ذکر السویق قال فحاسوا حیسا فکانت ولیمة رسول الله صلی الله علیه وسلم)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سنہ ۷ھ میں) خیبر پر جہاد کیا تو ہم لوگوں نے صبح کی نماز خیبر کے قریب غلس (اندھیرے) میں پڑھی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور ابو طلحہ رضؓ بھی (اپنی سواری پر) سوار ہوئے اور میں حضرت ابو طلحہ رضؓ کا ردیف تھا (یعنی ابو طلحہ رضؓ کے پیچھے ایک ہی سواری پر بیٹھا تھا) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی گلیوں میں اپنا جانور (یعنی اپنا گھوڑا) دوڑایا اور

(دوڑنے میں) میرا گھٹنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے مس کر جاتا (چھو جاتا) پھر آپؐ نے اپنی ران سے تہبند ہٹادی (ران کھولدی) یہاں تک میں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ران کی سفیدی دیکھنے لگا پھر جب آپؐ (خیبر کی) بستی میں داخل ہو گئے تو آپؐ نے فرمایا! اللہ اکبر خیبر برباد ہوا بے شک جب ہم کسی قوم کی سرزمین پر اترتے ہیں تو جو لوگ ڈرائے گئے ان کی صبح بری ہو جاتی ہے، آپؐ نے یہ کلمات تین مرتبہ فرمائے۔ حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ جب خیبر والے اپنے اپنے کاموں کے لئے باہر نکلے تو (آپؐ کو دیکھتے ہی) کہنے لگے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آگئے، عبدالعزیز راوی کہتے ہیں "اور ہمارے بعض ساتھیوں نے کہا اور خمیس یعنی لشکر (بھی آ گیا) حضرت انس رضؓ نے بیان کیا کہ ہم نے خیبر کو زور سے فتح کیا پھر قیدی جمع کئے گئے تو دحیہ آئے اور انہوں نے عرض کیا یا نبی اللہ! قیدیوں میں سے ایک باندی مجھ کو دیجئے آپؐ نے فرمایا جاؤ ایک باندی لے لو چنانچہ حضرت دحیہ رضؓ نے حضرت صفیہ رضؓ بنت حیی کو لے لیا پھر ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور انہوں نے عرض کیا یا نبی اللہ آپ نے صفیہ بنت حیی جو بنی قریظہ و نضیر کی سردار تھی دحیہ کو دیدی؟ وہ آپؐ کے سوا کسی کے لائق نہیں ہیں آپؐ نے فرمایا دحیہ کو مع صفیہ کے بلالاؤ چنانچہ حضرت دحیہ صفیہ کو لے کر آئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیہ کو دیکھا تو دحیہ سے فرمایا کہ تم قیدیوں میں سے صفیہ کے علاوہ کوئی اور باندی لے لو۔

حضرت انس رضؓ نے بیان کیا کہ پھر نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے صفیہ کو آزاد کیا اور ان سے شادی کر لی۔ اس پر ثابت نے حضرت انس رضؓ سے پوچھا اے ابو حمزہ (کنیت حضرت انس رضؓ) حضرت صفیہ رضؓ کو آپؐ نے مہر کیا دیا تھا انس رضؓ نے کہا خود ان کی ذات کو کہ آپؐ نے ان کو آزاد کیا اور ان سے نکاح کر لیا یہاں تک کہ آپؐ (خیبر سے واپسی میں) راستہ ہی میں تھے کہ ام سلیم رضؓ نے حضرت صفیہ رضؓ کو دلہن بنایا (یعنی بناؤ سنگار کیا) اور رات میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجدیا چنانچہ صبح کو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم دولہا (نوشاہ) تھے آپؐ نے فرمایا جس کے پاس کوئی چیز (کھانے کی) ہو وہ اس کو لے آئے اور آپؐ نے چمڑے کا دستر خوان بچھا دیا، چنانچہ کوئی کھجور لا رہا ہے اور کوئی گھی لے کر آ رہا ہے۔

عبدالعزیز کہتے ہیں کہ میں خیال کرتا ہوں کہ حضرت انس رضؓ نے ستو کا بھی ذکر کیا۔

حضرت انس رضؓ نے بیان کیا کہ پھر (سب کو ملا کر) لوگوں نے مالیدہ بنایا پس یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ولیمہ تھا۔

مطابقتہ للترجمۃ

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "ثم حسر الازار عن فخذہ الخ

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۵۳ تا ص۵۴ وباقی ص۸۶ وص۱۲۹ وص۲۹۷ وص۲۹۸ وص۴۰۴ ص۴۰۵ وص۴۱۳ ص۴۱۴ ص۴۲۰ ص۴۳۴ وص۵۱۵ فی المغازی ص۶۰۳ وص۶۰۴ ،،

ص۶۰۶ ” ” فی النکاح ص۷۶۱ ” ص۷۷۵ و ص۷۷۷ و ص۸۱۱ و ص۸۱۶ ص۸۸۳ و ص۹۱۳ و ص۹۴۱
مسلم اول ص۴۵۸ تا ص۴۵۹ و مسلم ثانی ص۱۱۱ و ابوداؤد جلد ثانی فی کتاب الخراج ص۴۲۱
ایضاً ص۴۲۱ ونسائی جلد ثانی ص۷۱ و ص۷۲ ۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمۃ الباب مجمل قائم کیا ہے اور یہ امام بخاری رحمہ اللہ کی اکثر عادت ہے کہ امور اختلافیہ میں جہاں کوئی قطعی دلیل نہ ہو تو ترجمۃ الباب میں کوئی فیصلہ نہیں کرتے ہیں چنانچہ یہاں بھی باب الفخذ عورۃ یا باب الفخذ لیس بعورۃ ، نہیں کہا بلکہ باب ما یذکر فی الفخذ کہا ہے۔

تشریح فخذ یعنی ران عورت ہے یا نہیں؟ عنقریب باب ۲۵۰ میں گذر چکا۔
علامہ عسقلانی لکھتے ہیں فقال الجمهور من التابعين وابوحنيفة ومالك في اصح اقواله والشافعي واحمد في اصح روايتيه وابو يوسف ومحمد الفخذ عورة ، وذهب ابن ابي ذئب (یعنی محمد بن عبدالرحمان بن ابی ذئب) وداود واحمد في احدى روايتيه والاصطخري من الشافعية وابن حزم الى انه ليس بعورة (قس ص۳۳۲)

بعض حضرات نے ابن جریر کو داؤد ظاہری رحمہ اللہ کے ساتھ ذکر کیا ہے حافظ عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں قلت في ثبوت ذالك عن ابن جرير نظر فقد ذكر المسئلة في تهذيبه ورد على من زعم ان الفخذ ليست بعورة (فتح جلد اول ص۳۲۲)

شیخ المشائخ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے لکھا ہے المذاهب فيه مختلفة الخ (شرح تراجم الابواب)

یعنی امام شافعی، امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک فخذ (ران) عورت ہے رکبہ وسرہ میں دونوں کا اختلاف ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک فخذ عورت نہیں ہے اس بارے میں احادیث متعارض ہیں اور قوت من حیث الروایۃ مذہب مالک کو حاصل ہے۔

محقق علامہ ابن رشد مالکی رحمہ اللہ نے لکھا ہے: امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ مرد کیلئے حد عورت ما بین السرۃ الی الرکبہ قرار دیتے ہیں۔ کچھ لوگ صرف دونوں شرمگاہ کو عورت کہتے ہیں (بدایۃ المجتہد ص۹۵)

اوپر کی تفصیل سے جہاں محدث ابن جریر طبری کے بارے میں مغالطہ رفع ہوا ہے اسی طرح امام مالک کے بارے میں بھی رفع ہو جانا چاہیئے کیوں کہ علامہ ابن رشد مالکی رحمہ اللہ نے تینوں ائمہ کا ایک ہی مذہب نقل کیا

اور دوسرے اقوال بغیر تصریح نام کے کچھ لوگوں کے بتلائے، دوسرے حضرات نے بھی امام مالکؒ کا اصح الاقوال موافق امام اعظمؒ اور امام شافعیؒ کے قرار دیا ہے:

لہٰذا شاہ ولی اللہؒ کا امام مالکؒ کے بارے میں مطلقاً فخذ کے عورت نہ ہونے کا مذہب نقل کرنا اور پھر اس کو حیث الروایۃ قوی کہنا خلاف تحقیق ہے واللہ اعلم۔

چنانچہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے دو ٹوک فیصلہ فخذ عورت ہونے یا نہ ہونے کا نہیں کیا ہے بلکہ اگر دقیق نظر اور گہری نظر سے ان روایات پر غور کیا جائے جن کو امام بخاریؒ نے تین صحابہ سے تعلیقاً روایت کی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الفخذ عورۃ، اور یہ روایت حدیث کی مختلف کتابوں میں موصولاً مذکور ہے مثلاً حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کے لئے دیکھئے ترمذی جلد ثانی ص۱۰۳ جس میں صاف ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الفخذ عورۃ۔

دوسری تعلیق حضرت جرہدؓ کی ہے (وکان جرهد من اصحاب الصفة) جو ترمذی جلد ثانی میں اسی ص۱۰۳ پر مختلف سندوں سے منقول ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جرہدؓ سے فرمایا غطِ فخذک فانها من العورۃ،

تیسری روایت حضرت محمد بن جحشؓ کی ہے جو طبرانی میں موصولاً موجود ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معمر سے فرمایا کہ اپنی رانوں کو ڈھانک لو کیوں کہ وہ دونوں عورت ہیں اس روایت کی تخریج امام احمدؒ نے اپنی مسند میں اور حاکم نے اپنی مستدرک میں بھی کی ہے (عمدہ)

امام بخاریؒ دونوں طرف کی روایات نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی روایۃ سند کے اعتبار سے قوی ہے اور حضرت جرہدؓ کی روایت احوط ہے یعنی عمل کے اعتبار سے اس میں احتیاط زیادہ ہے تاکہ اختلاف علماء سے نکل جائیں، بچ جائیں اس لئے کہ اختلاف علماء کی صورت میں اس صورت پر عمل کرنا انسب وبہتر ہے جو متفق علیہ ہو۔

لہٰذا احوط وبہتر یہی ہے کہ فخذ (ران) کو عورت کہا جائے اس لئے کہ اگر ران کو چھپائے رکھیں تو فریقین میں سے کسی کے نزدیک گناہ نہیں اور نماز بالاتفاق درست ہوگی لیکن اگر ران کھلی رکھیں تو جمہور کے نزدیک گناہ بھی ہے اور ران کھول کر نماز پڑھنے سے نماز بھی فاسد ہوگی۔

بہرحال احوط یہی ہے کہ ران کو عورت مان کر چھپائے رکھیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ کا رجحان جمہور کے ساتھ ہے۔ اور اگر احوط کا مقصد ورع و تقویٰ ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ فخذ اگرچہ عورت نہیں ہے مگر احتیاط اسی میں ہے کہ کشف نہ کرے۔

فریق مخالف کے مستدلات کا جواب

(۱) حضرت انسؓ کی روایت ہے وان رکبتی لتمس فخذ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم حسر الازار عن فخذہ الخ

اس سے فریق مخالف کا استدلال دو طرح سے ہے ۱ حضرت انس رضؓ کے رکبہ (گھٹنہ) کا مس حضور اقدس ﷺ کے فخذ سے ہو رہا ہے۔

اور دوسرا استدلال حسر الازار سے ہے یعنی آپ ﷺ نے تہبند ہٹا دی۔

استدلال ۱ اسلئے درست نہیں کہ ایک روایت میں ہے وقدمی تمس قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ مسلم اول ص۳۹۶)

معلوم ہوا کہ روایت بالمعنی کی وجہ سے قدم یعنی پاؤں مراد ہے فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال ۲ یہ مس کپڑا کے اوپر سے یعنی حائل کے ساتھ تھا جس سے کشف پر استدلال صحیح نہیں۔ دوسرا استدلال حسر الازار سے کیا گیا ہے جمہور کہتے ہیں کہ یہ حُسِرَ بضم الحاء بصیغہ مجہول ہے یعنی بغیر ارادہ کے لنگی سرک گئی۔ ہٹ گئی۔ اور اس کی تائید مسلم شریف جلد اول ص۴۵۸ کی روایت سے ہوتی ہے جس کے الفاظ ہیں وانحسر الازار عن فخذ النبی صلے اللہ علیہ وسلم یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ران سے لنگی سرک گئی آپ ﷺ نے ہٹایا نہیں۔

اگر ہم بخاری ہی کے الفاظ حسر الازار کو لیں اور فاعل حضور اقدس ﷺ کو قرار دیں تب بھی کوئی اشکال نہیں کیوں کہ صاحب قاموس کہتے ہیں کہ حسر (از باب نصر وضرب) لازم اور متعدی دونوں آتا ہے نیز مصباح اللغات نے بھی دونوں معنی لکھا ہے کھلنا اور کھولنا اب غرض ہے کہ بصورت لازم تمام روایتوں میں مطابقت ہو جاتی ہے چوں کہ ایک روایت میں ہے فاجری نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی زقاق خیبر اذ خر الازار الخ (عمدہ جلد رابع ص۸۴ وفتح اول ص۳۸۲) یہ لفظ خرّ خرور بروزن دخول سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں اوپر سے نیچے گرنا۔

مطلب یہ ہے کہ خیبر کی گلیوں میں آپ ﷺ نے سواری دوڑائی تو سواری کے تیز دوڑنے کی وجہ سے لنگی گر گئی، ران سے سرک گئی۔

اب ایک اشکال یہ باقی رہ جاتا ہے کہ اگر بلا ارادہ سواری کی تیزی اور ہوا کی وجہ سے لنگی سرک گئی تھی تو بھی اگر فخذ (ران) واجب الستر عورت ہوتی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فوراً ڈھانک لیتے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً نہیں ڈھانکا حتی انی انظر الی بیاض فخذہ ؑ، اور نہ ہی بعد میں کوئی تنبیہ فرمائی؟

جواب یہ ہے کہ کسی مسئلہ میں اشکال کے وقت معاملہ کی نزاکت اور موقع کی اہمیت کا لحاظ کرنا ضروری ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم دشمنوں کی آبادی میں جہاد کے ارادہ سے گلیوں کے اندر چل رہے ہیں۔ دل و دماغ پورے طور پر فکر جہاد میں مشغول ہے اگر اس اہم ترین مہم میں انہماک کی وجہ سے اس طرف توجہ میں تاخیر ہوئی تو کیا استبعاد ہے؟

۲ جمہور کا جواب یہ ہے کہ منکرین عورت کے پیش کردہ روایات فعلی ہیں بخلاف اس کے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت جرہدؓ کی حدیث قولی ہے جو فعلی پر مقدم ہوتی ہے۔

نیز حضرت انسؓ کی روایت میں حسر ازار ایک جزئی واقعہ اور ہنگامی حالت کا فعل ہے بخلاف اس کے حضرت جرہدؓ وغیرہ کی حدیث میں حکم کلی ہے۔

نیز جزئی واقعہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت کا بھی احتمال ہے۔ غالباً ان ہی وجوہات کے پیش نظر امام بخاری رحؒ نے صاف کہدیا کہ عمل کے لحاظ سے حضرت جرہدؓ کی حدیث احوط ہے واللہ اعلم

باقی غزوہ خیبر کی تشریحات کیلئے احقر کی نصر الباری جلد ہشتم یعنی کتاب المغازی صـ۲۶۲ سے مطالعہ فرمائیے۔

باب ۲۵۳

فِی کَمْ تُصَلِّی الْمَرْاَۃُ مِنَ الثِّیَابِ وَقَالَ عِکْرِمَۃُ لَوْ وَارَتْ جَسَدَھَا فِیْ ثَوْبٍ جَازَ

عورت کتنے کپڑوں میں نماز پڑھے؟ عکرمہ نے کہا کہ اگر عورت اپنا (سارا) بدن ایک ہی کپڑے سے چھپالے تو جائز ہے (یعنی نماز درست ہے

۳۶۴ (حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ قَالَ اَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَۃُ اَنَّ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَقَدْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّی الْفَجْرَ فَیَشْھَدُ مَعَہٗ نِسَاءٌ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ مُتَلَفِّعَاتٍ فِیْ مُرُوْطِھِنَّ ثُمَّ یَرْجِعْنَ اِلٰی بُیُوْتِھِنَّ مَایَعْرِفُھُنَّ اَحَدٌ)

ترجمہ حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھتے تو آپؐ کے ساتھ کچھ مسلمان عورتیں حاضر ہوتیں اس حالت میں کہ وہ اپنی چادروں میں لپٹی ہوتی تھیں پھر نماز کے بعد اپنے گھروں کو واپس ہوتیں تو کوئی ان کو پہچان نہ سکتا تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "متلفعات فی مروطھن"

تعدد موضع والحدیث ھہنا ص۵۴ ویاتی فی المواقیت فی باب وقت الفجر ص۸۲ وص۱۲۰ ایضا ص۱۲۰ مسلم اول ص۲۳۰ ابوداؤد اول " باب وقت الصبح ص۶۱ ترمذی اول ص۲۲ نسائی اول " التغلیس فی الحضر ص۶۴ ایضا نسائی اول باب الوقت الذی ینصرف فیہ النساء ص۱۵۳ ابن ماجہ ص۴۹۔

مقصد ترجمہ اس ترجمۃ الباب سے امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ اگر عورت ایک ہی چادر سے اپنا سارا بدن چھپالے تو نماز درست ہے اور حضرت عکرمہؒ کے اثر کو نقل کرکے ثابت کردیا کہ اگر ایک ہی کپڑا ساتر ہے تو صحت نماز کیلئے کافی ہے۔

نیز حدیث الباب سے بھی یہی ظاہر ہے کہ عورتیں اپنے اپنے چادروں میں لپٹی ہوئی آتیں اور نماز پڑھتیں اس سے صاف معلوم ہوا کہ صحت صلوٰۃ کا مدار کپڑوں کی نوعیت اور عدد پر نہیں ہے صرف ستر عورت شرط ہے۔

تشریح عورت کا عورت کتنا ہے؟ عورت کا سارا بدن عورت ہے الا الوجہ والکفین، یعنی چہرہ اور دونوں ہتھیلی کے علاوہ سارا بدن عورت ہے، امام اعظمؒ اور ثوریؒ کے نزدیک قدمین بھی داخل ستر نہیں ہے لہذا اگر کھلے قدم نماز پڑھ لے گی تو نماز ہوجائے گی اگرچہ امام صاحبؒ سے دوسری روایت بھی ہے۔

پس معلوم ہوا کہ صحت نماز کیلئے کپڑوں کے معاملے میں صرف ستر عورت شرط ہے خواہ مرد ہو یا عورت البتہ مرد کیلئے عورت من السرۃ الی الرکبۃ ہے کما مر۔

لغات متلفعات نصب علی الحال من النساء من التلفع بالفاء والعین المہملۃ ای ملتحفات (عمدہ)

یعنی سر سے پیر تک بڑے چادریں لپیٹنے والی۔

مروطہن مُروط مرط بکسر المیم کی جمع ہے بمعنی چادر۔

باقی فجر کی نماز غلس میں افضل ہے یا اسفار میں؟ کتاب المواقیت میں تفصیل آئے گی انشاء اللہ

باب ۲۵۴ اِذَا صَلّٰی فِیْ ثَوْبٍ لَّهٗ اَعْلَامٌ وَّنَظَرَ اِلٰی عَلَمِهَا

جب ایسے کپڑے میں نماز پڑھے جسمیں نقش ونگار ہو (یعنی پھولدار ہو) اور اس نقش ونگار کی طرف دیکھے (تو کیا حکم ہے؟)

۳۶۵ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِیْ خَمِیْصَةٍ لَهَا اَعْلَامٌ فَنَظَرَ اِلٰى اَعْلَامِهَا نَظْرَةً فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اذْهَبُوْا بِخَمِیْصَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰى اَبِیْ جَهْمٍ وَاْتُوْنِیْ بِاَنْبِجَانِیَّةِ اَبِیْ جَهْمٍ فَاِنَّهَا اَلْهَتْنِیْ آنِفًا عَنْ صَلٰوتِیْ وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ اَنْظُرُ اِلٰى عَلَمِهَا وَاَنَا فِی الصَّلٰوةِ فَاَخَافُ اَنْ تَفْتِنَنِیْ

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسی چادر میں نماز پڑھی جس میں نقش تھے آپؐ کی ایک نظر اس کے نقوش پر پڑی تو جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا میری یہ چادر ابوجہم (عامر بن حذیفہ صحابی رضؓ) کے پاس لے جاؤ اور مجھے ابوجہم سے انبجانیہ چادر لادو اس لئے کہ اس منقش چادر نے ابھی مجھے اپنی نماز سے غافل کر دیا تھا۔ اور ہشام بن عروہ نے اپنے باپ عروہ سے روایت کی، عروہ نے حضرت عائشہ رضؓ سے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نماز کی حالت میں اس کے نقش کیطرف دیکھنے لگا تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں مجھکو فتنہ میں نہ ڈالدے (یعنی نماز میں خلل نہ ڈالدے)

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "صلّی فی خمیصۃ لہا اعلام فنظر الی اعلامہا نظرۃ"

تعدد موضعہ والحدیث ہٰہنا ص۵۲ ویاتی فی کتاب الاذان ص۱۰۴ وفی کتاب اللباس ص۸۶۵ وسلم اول ص۲۰۸ ابوداؤد اول ص۱۳۲ ابوداؤد جلد ثانی "باب من کرھہ ص۵۶۱ نسائی فی کتاب القبلۃ الرخصۃ فی الصلوٰۃ فی خمیصۃ لہا اعلام ص۸۸ تا ص۸۹ ابن ماجہ ص۲۶۲۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب رحؒ فرماتے ہیں " ای لا تفسد صلوٰتہ لکن ترکہ اولٰی " شرح تراجم (یعنی امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ نماز میں اگر ادھر ادھر کا خیال آجائے تو یہ معمولی وتھوڑی بے توجہی سے نماز فاسد نہیں ہوگی نماز ہوجائے گی اگر کسی نے پھولدار منقش کپڑے پہن کر نماز پڑھی اور نماز کے اندر اس نقش پر نظر بھی پڑ گئی تو نماز ہوجائے گی اگر کپڑا سادہ اور کالا ہو ہے۔

مگر چوں کہ نماز میں خشوع خضوع مطلوب ہے اسلئے حتی الامکان اجتناب وپرہیز بہتر ہے اسیوجہ سے فقہائے کرام نے لکھا ہے کہ نماز کیحالت میں اِدھر اُدھر نظر کرنے کے بجائے سجدہ کی جگہ میں نظر رکھے۔

تشریح خمیصۃ بفتح المعجمۃ وکسر المیم، اونی کالی چادر جو پھولدار ہو،
یہ چادر ابو جہم عامر بن حذیفہ رضؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کے طور پر دیا تھا آپؐ نے اس کو اوڑھ کر نماز پڑھی نماز سے فارغ ہوتے ہی اس کو اتار دیا اور فرمایا کہ اس پھول دار چادر کو ابو جہم کو دے آؤ اور ابو جہم سے انبجانیہ یعنی سادی چادر لے آؤ، اور یہ دوسری چادر آپؐ نے محض اس لئے منگائی کہ ابو جہم رضؓ کی دل شکنی نہ ہو کہ میرا ھدیہ دربار رسالت سے رد ہو گیا۔
انبجان ایک موضع کا نام ہے جس کی طرف اسکی نسبت ہے۔

اشکال اشکال یہ ہوتا ہے کہ جو چیز آپؐ کو ناپسند تھی وہ آپؐ نے ابو جہم کے پاس کیوں بھیجدی؟
جواب:- بھیجنے کا مقصد صرف یہ نہیں ہے کہ ابو جہم اس کو پہنکر نماز پڑھیں بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ فروخت کر کے نفع حاصل کر لیں، یا کام کاج کے وقت، سوتے وقت استعمال کریں ۲ بعض نے کہا ہے کہ حضرت ابو جہم رضؓ کی بینائی جاتی رہی تھی اس لئے انہیں اندیشہ مذکور نہ تھا واللہ اعلم۔

اشکال ۲ دوسرا اشکال یہ ہے کہ فانہا الہتنی انفا میں اور ارشاد گرامی اخاف ان تفتننی میں بظاہر تعارض ہے؟
جواب۔ جواب یہ ہے کہ الہتنی کے اندر قرب فعل پر فعل کا اطلاق ہے یعنی کادت ان یلہتنی یعنی قریب تھا کہ مجھے غافل کر دیتی اب ہشام کی تعلیق اخاف ان تفتننی سے کوئی اشکال نہ ہوگا بہر حال بالاتفاق علماء نماز میں معمولی وجہ کا فکری اشتغال یا دھیان کا انتشار مفسد صلوٰۃ نہیں واللہ اعلم۔

باب ۲۵۵ اِنْ صَلّٰی فِی ثَوْبٍ مُصَلَّبٍ اَوْ تَصَاوِیْرَ ھَلْ تَفْسُدُ صَلٰوتُہٗ وَمَا یُنْھٰی مِنْ ذٰلِكَ

اگر ایسے کپڑے میں نماز پڑھے جس پر صلیب کی شکل یا دیگر تصاویر بنی ہوں تو کیا اسکی نماز فاسد ہو جائیگی؟ اور اس بارے میں ممانعت کا بیان

۳۶۶ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ صُهَیْبٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قِرَامٌ لِعَائِشَةَ سَتَرَتْ

بِهٖ جَانِبَ بَيْتِهَا فقال النبیُّ صلى الله عليه وسلم اَمِيطِي عَنَّا قِرَامَكِ هٰذَا فَاِنَّهٗ لَاتَزَالُ تَصَاوِيْرُهٗ تَعْرِضُ فِي صَلٰوتِي ا

ترجمہ حضرت انس رضؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ کے پاس ایک اونی رنگین پردہ تھا جس کو انہوں نے اپنے حجرے کے ایک طرف لٹکایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (وہ پردہ دیکھ کر) فرمایا تم اپنا یہ پردہ ہمارے سامنے سے ہٹادو اسلئے کہ اس کی تصویریں برابر میری نماز میں سامنے آتی رہتی رہیں۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة لاتزال تصاويره تعرض في صلوتي۔

تعدد موضعہ

والحديث ههنا صـ۵۴ ويأتي في اللباس صـ۸۸۱۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب رحؒ فرماتے ہیں یعنی لاتفسد صلوته لكنه مكروه" (شرح تراجم ابواب)

یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ نماز توڑا اور نہ نماز کا اعادہ کیا معلوم ہوا کہ نماز درست ہے لیکن آپ ؐ نے ناپسند کیا اور اس پردہ کو اتار کر پھاڑ دیا اس سے معلوم ہوا کہ مکروہ ہے۔

تشریح ثوب مصلب جس کپڑے پر صلیب کی شکل بنی ہوئی ہو، صلیب کی شکل اس طرح + ہے نصاریٰ کے گھروں یا بخصوص گرجا گھروں میں عام طور پر بناتے اور بابرکت جانتے ہیں۔

قرام بكسر القاف وتخفيف الراء وهو ستر رقيق من صوف ذو الوان (عمدہ)

اشکال یہاں اشکال یہ ہے کہ ترجمة الباب میں دو جز ہے ۱ ثوب مصلب ۲ ثوب مصور، جواب یہ ہے کہ امام بخاری رحؒ کی ایک عادت یہ بھی ہے کہ کسی روایت کیطرف اشارہ مقصود ہوتا ہے چنانچہ یہاں بھی امام بخاری رحؒ نے حضرت عائشہ رضؓ کی اس روایت سے استدلال کیا جو کتاب اللباس صـ۸۸۱ میں ہے حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں:- ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يكن يترك في بيته شيئا فيه تصاليب الانقضه، بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ صلیب کی شکل بھی تصویر ہی ہے اور تصویر ہی کے حکم میں ہے جو ممنوع ہے۔

اور جب آپ ؐ نے لٹکانے سے منع فرمایا ہے تو پہننا یعنی مصور کپڑے کا نمازی کے بدن پر ہونا بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

تفصیل مذاہب مصور کپڑا پہنکر اگر کوئی نماز پڑھ لے تو جمہور حنفیہ، شافعیہ کے نزدیک نماز ہوجائے گی مگر یہ فعل مکروہ ہوگا جیسا کہ مقصد ترجمہ میں مذکور ہوا، امام بخاری رح بھی جمہور کی تائید و موافقت کر رہے ہیں البتہ حنابلہ کا مشہور قول یہ ہے کہ نماز فاسد ہوگی، تو ہو سکتا ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد رد کرنا ہو۔ واللہ اعلم

بَابٌ ۲۵۶

(مَنْ صَلّٰى فِيْ فَرُّوْجِ حَرِيْرٍ ثُمَّ نَزَعَهٗ)

جس نے ریشمی قبا میں نماز پڑھی پھر اس کو اتار دیا

۳۶۷ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اُهْدِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُّوْجُ حَرِيْرٍ فَلَبِسَهٗ فَصَلّٰى فِيْهِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَزَعَهٗ نَزْعًا شَدِيْدًا كَالْكَارِهِ لَهٗ وَقَالَ لَا يَنْبَغِيْ هٰذَا لِلْمُتَّقِيْنَ)

ترجمہ حضرت عقبہ بن عامر رض نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ریشم کی ایک قبا ہدیہ کی گئی آپ نے اسے پہن لیا اور اس میں نماز پڑھی پھر جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے اس کو زور سے کھینچکر اتار ڈالا کہ گویا آپ اس سے نفرت فرما رہے ہیں اور فرمایا یہ متقیوں کے لائق نہیں ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی فلبسہ فصلّی فیہ ثم انصرف فنزعہ نزعًا الخ

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ۵۲ ریاتی فی اللباس ۸۶۳ ومسلم جلد ثانی ۱۹۲ نسائی اوّل فی کتاب القبلہ ۹۸ فی الصلوٰۃ فی الحریر۔

مقصد شاہ ولی اللہ رح فرماتے ہیں ای لاتفسد صلوٰتہ لکنہ مکروہ لانہ صلی اللہ علیہ وسلم یعد الصلوٰۃ ولکن نزعہ کالکارہ لہ صریح فی الکراھیۃ (شرح تراجم) یعنی امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ قبائے حریر میں نماز تو جائز ہے لیکن مکروہ ہے۔

تشریح شاہ صاحب رح نے شرح تراجم ہی میں لکھا ہے، قیل اوّل من لبسہ فرعون، فروج

بفتح الفاء وضم الراء المشددۃ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں ھذا ھو الصحیح المشھور فی ضبطه ولم یذکر الجمھور غیرہ وھو قباء شق من خلفه (شرح مسلم ص۱۹۲)
یعنی ایسی قبا جس کا چاک پیچھے سے ہو یہ لباس حرب وجنگ اور سفر کیلئے مناسب تھا۔ بالخصوص گھوڑے پر سواری کے لئے۔

اھدی علی صیغة المجھول من الماضی، علامہ عینیؒ نے لکھا ہے کہ یہ قبا دُومۃ الجندل کے بادشاہ اُکیدر بن عبدالملک نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کیا تھا۔ للمتقین ای للمؤمنین وعبر بجمع المذکر لیخرج النساء لانه حلال لھن (قس) غزوہ تبوک کے سفر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے حضرت خالد بن ولیدؓ نے اکیدر کو دومۃ الجندل سے گرفتار کرکے خدمت اقدس میں پیش کیا تھا یہ بادشاہ نصرانی تھا صحیح یہی ہے کہ مسلمان نہیں ہوا تھا لیکن صلح کر لی تھی تفصیل کیلئے نصر الباری، کتاب المغازی ص۴۹۲ مطالعہ فرمائیے۔

تفصیل مذاہب امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک قبا حریر میں نماز درست نہیں ہوگی ۲ امام مالکؒ کے نزدیک یعید فی الوقت ان وجد ثوبا غیرہ (کرمانی) ۳ احناف وشوافع رحمہم اللہ کے نزدیک کراہت کے ساتھ نماز ہوجائے گی مگر گنہگار ہوگا۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بعد فوراً اتار دیا اور فرمایا نھانی جبرئیل الخ اسکی ممانعت نماز ہی کے بعد ہوئی لیکن حضور اقدسؐ نے نماز کا اعادہ نہیں فرمایا۔

بہر حال ریشمی کپڑا پہننا مردوں کیلئے حرام ہے البتہ عورتوں کیلئے جائز ہے۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ میں ریشم لیا اور بائیں ہاتھ میں سونا پھر ارشاد فرمایا:

ان ھذین حرام علی ذکور امتی — یہ دونوں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔
(ابو داؤد جلد ثانی فی اللباس ص۵۶۱)

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔

حرم لباس الحریر والذھب علی ذکور امتی واحل لانا ثھم (ترمذی ص۲۰۵/۱) — ریشم اور سونے کا پہننا میری امت کے مردوں پر حرام کر دیا گیا ہے اور عورتوں کیلئے حلال یعنی جائز ہے۔

٭ ٭

باب ۲۵۷ الصلوٰۃ فی الثوب الاحمر

سرخ کپڑے میں نماز پڑھنے کا بیان

۳۶۸ حدثنا محمد بن عرعرۃ قال حدثنی عمر بن ابی زائدۃ عن عون بن ابی جحیفۃ عن ابیہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قبۃ حمراء من ادم ورأیت بلالا اخذ وضوء رسول اللہ علیہ وسلم ورأیت الناس یبتدرون ذاک الوضوء فمن اصاب منہ شیئا تمسح بہ ومن لم یصب منہ شیئا اخذ من بلل ید صاحبہ ثم رأیت بلالا اخذ عنزۃ فرکزھا وخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حلۃ حمراء مشمرا صلی الی العنزۃ بالناس رکعتین ورأیت الناس والدواب یمرون من بین یدی العنزۃ

ترجمہ حضرت ابو جحیفہ (وہب بن عبد اللہؓ) روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چمڑے کے ایک سرخ خیمہ میں دیکھا اور میں نے حضرت بلالؓ کو دیکھا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی لیا اور میں نے لوگوں کو دیکھا کہ اس وضو کے پانی کو ہاتھوں ہاتھ لے رہے ہیں چنانچہ جس کو اس میں سے کچھ مل جاتا تو وہ اس کو (اپنے چہرہ میں) مل لیتا اور جس کو اس پانی میں سے کچھ نہ ملتا تو وہ اپنے ساتھی کے ہاتھ سے تری لے لیتا پھر میں نے بلالؓ کو دیکھا کہ ایک نیزہ لیا اور اس کو گاڑ دیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سرخ جوڑے میں تہبند اٹھائے ہوئے برآمد ہوئے آپ نے اس نیزے کیطرف رُخ کر کے (یعنی نیزہ کو سترہ بنا کر) لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائی اور میں نے لوگوں کو اور جانوروں کو دیکھا کہ نیزہ کے سامنے سے گذر رہے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حلۃ حمراء الخ

تعدد موضع والحدیث ھنا صفحہ ۵۴ و مر ص ۳۱ ویاتی ص ۷۱ ایضا ص ۷۱ و ص ۷۲ و ص ۸۹ و ص ۵۰۲ و ص ۵۰۳ و ص ۸۶۱ و ص ۸۷۱ ومسلم جلد اول ص ۱۹۵ و ص ۱۹۶ ابوداؤد جلد اول فی "باب مایستر المصلی ص ۱۰۱ وترمذی جلد اول باب ماجاء فی ادخال الاصبع الاذن عند الاذان

صنے ۲۷ نسائی اوّل الصلوٰۃ فی الحریر صہ۸۵ و نسائی جلد ثانی کتاب الزینۃ فی باب اتخاذ القباب الحمر صے ۲۵۷ تا صہ ۲۵۸ ابن ماجہ فی الاذان باب السنۃ فی الاذان صہ ۵۲۔

مقصد ترجمہ شاہ ولی صاحبؒ فرماتے ہیں ای ھی جائزۃ بلا کراھیۃ ان کان الاحمر غیر معصفر (شرح تراجم)

یعنی اگر کسم کا رنگ نہ ہو تو جائز ہے۔

تشریح ویبتدرون ذاک الوضوء لوگ اس پانی کے حصول کیلئے مسابقت کر رہے ہیں۔ اس پانی سے مراد وہ مستعمل پانی اور غسالہ ہے جو وضو فرماتے وقت اعضاء شریفہ سے گرتا تھا۔

یہ حدیث حنفیہ کے خلاف ہرگز نہیں ہے کیوں کہ حنفیہ کے نزدیک اگر سرخ رنگ عصفر (کسم) کا ہو تو مکروہ تحریمی ہے پہننے والے کو گناہ ہوگا۔

عہ۲ اگر اس کے علاوہ رنگ ہے تو اگر گہرے سرخ رنگ اور شوخ ہو تو مکروہ تنزیہی ہے۔

عہ۳ اور اگر ہلکا و پھیکا رنگ ہو تو بلا کراہت جائز ہے۔

عہ۴ اور اگر سفید کپڑے پر سرخ دھاریاں ہوں تو بعض بزرگوں نے مستحب بھی کہا ہے کیوں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا حلہ اسی قسم کا دھاری دار تھا۔ حلہ ایک قسم کے کپڑے کا جوڑا جس کو آج کل سوٹ کہتے ہیں۔

پس اگر ہلکے رنگ کا جوڑا اتباع رسول ﷺ کی نیت سے کوئی استعمال کرے تو بلا شبہ سنّت اور باعث ثواب ہے۔

حافظ عسقلانی رحؒ نے فتح الباری میں مسلک حنفیہ کے سلسلے میں انصاف سے کام نہیں لیا ہے یا مذہب حنفیہ سے پوری واقفیت اس مسئلے میں نہیں حاصل کی واللہ اعلم

استنباط الاحکام علامہ عینیؒ لکھتے ہیں کہ اس سے ثوب احمر کا پہننا اور اس کو پہنکر نماز پڑھنے کا جواز معلوم ہوا اور یہی مقصد ترجمہ ہے۔ عہ۲ وفیہ التبرک باٰثار الصالحین

عہ۳ جنگل اور میدان میں نماز پڑھنے کیلئے سترہ گاڑنا وغیرہ۔

(بَابُ ۲۵۸ الصَّلٰوۃِ فِی السُّطُوْحِ وَالْمِنْبَرِ وَالْخَشَبِ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰہِ وَلَمْ یَرَ الْحَسَنُ بَأْسًا اَنْ یُّصَلّٰی عَلَی الْجَمَدِ وَالْقَنَاطِرِ وَاِنْ جَرٰی تَحْتَهَا بَوْلٌ اَوْ فَوْقَهَا اَوْ اَمَامَهَا اِذَا كَانَ بَیْنَهُمَا سُتْرَةٌ وَصَلّٰی اَبُوْهُرَیْرَةَ عَلٰی ظَهْرِ الْمَسْجِدِ بِصَلٰوةِ الْاِمَامِ وَصَلّٰی ابْنُ عُمَرَ عَلَی الثَّلْجِ)

چھتوں پر اور منبر پر اور لکڑیوں (یعنی تختوں) پر نماز پڑھنے کا بیان۔

امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ حضرت حسن بصریؒ نے جمے ہوئے پانی (برف) اور پلوں پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھا اگرچہ پلوں کے نیچے یا اس کے اوپر یا اس کے سامنے پیشاب بہہ رہا ہو جبکہ ان دونوں (یعنی نمازی اور پیشاب) کے درمیان کوئی حائل موجود ہو۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ نے مسجد کی چھت پر امام کے ساتھ شریک ہو کر (یعنی امام کے پیچھے) نماز پڑھی (یعنی امام نیچے تھا اور حضرت ابن عمر رضؓ نے برف پر نماز پڑھی۔

۳۶۹ (حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ نَا سُفْیٰنُ قَالَ نَا اَبُوْحَازِمٍ قَالَ سَاَلُوْا سَھْلَ بْنَ سَعْدٍ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ الْمِنْبَرُ فَقَالَ مَا بَقِیَ فِی النَّاسِ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ ھُوَ مِنْ اَثْلِ الْغَابَۃِ عَمِلَہٗ فُلَانٌ مَوْلٰی فُلَانَۃَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَامَ عَلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ عُمِلَ وَوُضِعَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ کَبَّرَ وَقَامَ النَّاسُ خَلْفَہٗ فَقَرَاَ وَرَکَعَ وَرَکَعَ النَّاسُ خَلْفَہٗ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَہٗ ثُمَّ رَجَعَ الْقَھْقَرٰی فَسَجَدَ عَلَی الْاَرْضِ ثُمَّ عَادَ عَلَی الْمِنْبَرِ ثُمَّ قَرَاَ ثُمَّ رَکَعَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَہٗ ثُمَّ رَجَعَ الْقَھْقَرٰی حَتّٰی سَجَدَ بِالْاَرْضِ فَھٰذَا شَاْنُہٗ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰہِ قَالَ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ سَاَلَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ قَالَ وَاِنَّمَا اَرَدْتُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اَعْلٰی مِنَ النَّاسِ فَلَا بَاْسَ اَنْ یَّکُوْنَ الْاِمَامُ اَعْلٰی مِنَ النَّاسِ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ قَالَ فَقُلْتُ فَاِنَّ سُفْیٰنَ بْنَ عُیَیْنَۃَ کَانَ یُسْاَلُ عَنْ ھٰذَا کَثِیْرًا فَلَمْ تَسْمَعْہُ مِنْہُ قَالَ لَا)

ترجمہ ابوحازم سلمہ بن دینار نے بیان کیا کہ لوگوں نے حضرت سہل بن سعد رضؓ سے دریافت کیا کہ منبر (رسول) کس چیز کا تھا؟ تو سہل رضؓ نے کہا کہ اب لوگوں میں اس بات کا مجھ سے زیادہ جاننے والا کوئی باقی نہیں رہا وہ مقام غابہ کے جھاؤ کا تھا اس کو فلاں شخص (میمون یا باقوم) نے جو فلانی عورت (عائشہ انصاریہ یا مینا) کا غلام تھا اس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے بنایا تھا جب وہ بن چکا اور (مسجد میں) رکھا گیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس پر کھڑے ہوئے اور قبلہ رو ہو کر تکبیر (تحریمہ) کہی اور لوگ آپؐ کے پیچھے کھڑے ہوئے پھر آپؐ نے قرأت کی اور رکوع کیا اور لوگوں نے آپؐ کے پیچھے رکوع کیا پھر آپؐ نے (رکوع سے) اپنا سر اٹھایا پھر الٹے پاؤں پیچھے ہٹے اور زمین پر سجدہ کیا پھر آپؐ منبر پر تشریف لے گئے پھر قرأت کی اور رکوع کیا پھر (رکوع

سے) اپنا سر اٹھایا اور پھر الٹے پاؤں پیچھے ہٹے اور زمین پر سجدہ کیا یہ منبر کا حال ہے (جس کے بارے میں سوال کیا گیا)

امام بخاری رح کہتے ہیں کہ علی بن عبداللہ مدینی نے کہا کہ مجھ سے امام احمد بن حنبل رح نے یہ حدیث پوچھی اور کہا کہ میرا مقصد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (نماز میں) لوگوں سے بلند جگہ پر تھے اس لئے اس حدیث کی رو سے اس میں کوئی حرج نہیں کہ امام لوگوں (مقتدیوں) سے اوپر ہو۔ علی بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے (امام احمد بن حنبل رح سے) کہا (آپ کے استاذ) سفیان بن عیینہ سے تو یہ حدیث اکثر پوچھی جاتی تھی تو کیا آپ نے یہ حدیث ان سے نہیں سنی؟ انہوں نے کہا نہیں۔

اشکال یہاں ایک اشکال ہے کہ جب امام احمد رح نے سفیان سے نہیں سنی تو مسند احمد میں یہ روایت کیسے بیان کردی؟

علامہ عینی رح نے اس اشکال کا جواب دیا ہے کہ ثم ان المنفی ھو جمیع الحدیث لانہ صریح فی ذالک ولا یلزم من ذالک عدم سماع البعض الخ (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ پوری حدیث نہیں سنی، اس سے بعض کی نفی نہیں ہوتی یعنی مختصر سنی ہے، ھو من اثل الغابۃ، حضرت سہل رض نے جواب دیا کہ وہ منبر غابہ کے جھاؤ کی لکڑی کا تھا، باقی تفصیل سفیان سے نہیں سنی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "قام علیہ" ای علی المنبر۔ ترجمہ میں تین چیزوں کا ذکر تھا چھت، منبر، لکڑی۔ اس حدیث میں تینوں کا ذکر آگیا اسلئے کہ آپ نے منبر پر نماز پڑھی جو لکڑی کا تھا اور سطح زمین سے بلند تھی۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۵ و یاتی ص۶۴ و ص۱۲۵ و فی البیوع ص۲۸۱ و فی کتاب الھبۃ ص۳۴۹ و مسلم اول کتاب المساجد ص۲۰۶ ابوداؤد جلد اول ص۱۵۴ تا ص۱۵۵ نسائی جلد اول مساجد الصلوٰۃ علی المنبر ص۸۵ تا ص۸۶ ابن ماجہ اول باب ماجاء فی بدء شان المنبر ص۱۰۳

۳۷۰ (حدثنا محمد بن عبد الرحیم قال حدثنا یزید بن ھارون قال اخبرنا حمید الطویل عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سقط عن فرسہ فجحشت ساقہ او کتفہ وآلی من نسائہ شھرا فجلس فی مشربۃ لہ درجتھا من جذوع فاتاہ اصحابہ یعودونہ فصلی بھم جالسا وھم قیام فلما سلم قال انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا رکع فارکعوا واذا سجد فاسجدوا وان صلی قائما فصلوا قیاما ونزل لتسع وعشرین فقالوا

یا رسول اللہ انک آلیت شہرا فقال ان الشہر تسع وعشرون)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ایک مرتبہ) اپنے گھوڑے سے گر گئے تو آپ کی پنڈلی یا شانہ چھل گیا اور آپ نے ایک مہینہ تک اپنی بیویوں کے پاس نہ جانے کی قسم کھالی چنانچہ آپ اپنے ایک بالاخانہ میں بیٹھ رہے جس کی سیڑھی کھجور کے تنوں کی تھی تو آپ کے اصحاب آپ کی عیادت کیلئے آپ کے پاس آئے آپ نے انہیں بیٹھ کر نماز پڑھائی اور وہ کھڑے تھے پھر جب آپ نے سلام پھیر دیا تو فرمایا کہ امام صرف اسلئے بنایا گیا ہے کہ اس کی اقتدار کیجائے لہذا جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ رکوع کرے تو تم لوگ بھی رکوع کرو اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور اگر وہ (امام) کھڑے ہوکر نماز پڑھے تو تم بھی کھڑے ہوکر نماز پڑھو اور آپ انتیس دن کے بعد بالاخانہ سے اتر آئے (یعنی ازواج مطہرات کے پاس گئے) لوگوں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے تو ایک مہینہ کی قسم کھائی تھی فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی صلوٰتہ علیہ الصلوٰۃ والسلام باصحابہ علی الواح المشربۃ وخشبہا (عمدہ)

مطلب صاف ہے کہ اس روایت سے چھت پر نماز پڑھنا نیز لکڑی کے تختہ پر نماز پڑھنا ثابت ہے

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۵ وباقی ص۹۶ وص۱۰۰ ایضا متصلا ص۱۰۱ وص۱۱۱ تا ص۱۱۱ وص۱۵۰ وص۲۵۱ وص۳۳۵ وفی النکاح ص۷۸۳ وص۷۹۷ وص۹۹۱ مسلم اول ص۱۷۶ تا ۱۷۷

ابوداؤد اول باب الامام یصلی من قعود ص۸۸ تا ص۸۹ ترمذی اول باب ماجاء اذا صلی الامام قاعدا فصلوا قعودا ص۴۲ نسائی اول ،، الایتمام بالامام ص۱۹ ابن ماجاونی انما جعل الامام لیوتم بہ ص۸۸۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد اس ترجمہ سے یہ ہے کہ حدیث میں جو آیا ہے وجعلت لی الارض مسجدا وطہورا، اس کا یہ مفہوم نہیں ہے کہ نماز صرف زمین ہی پر لازم ہے غیر جنس ارض پر نماز جائز نہیں بلکہ جنس ارض کے علاوہ مثلا چھت منبر اور لکڑی وغیرہ پر بھی نماز درست ہے اذا کان طاہرا (شرح تراجم)

اس حدیث کا مطلب تو یہ ہے کہ جمیع ارض پہ نماز پڑھنے کی اجازت ہے جواز نماز کیلئے مسجد شرط نہیں

۲ امام بخاری رح کا مقصد ان حضرات پر رد کرنا ہے جو جنس ارض ہی پر جواز نماز کا قائل ہیں مثلا حسن بصری

اور ابن سیرین رحمہ اللہ سے صلوٰۃ علی الخشب کی کراہت منقول ہے۔
بعض تابعین رحمہم اللہ سے صلوٰۃ علی السطح کی کراہت منقول ہے۔
امام رحمہ اللہ نے اثبات ترجمہ کیلئے تین آثار نقل فرمائے ہیں جس سے ترجمۃ الباب کے تینوں اجزاء بخوبی ثابت ہوتے ہیں۔

تشریح جمد بفتح الجیم وسکون المیم وفی اخرہ دال جما ہوا پانی، برف۔
اگر برف کی تہ جمی ہوئی اور سخت ہے کہ اس پر سر ٹک سکے تو عند الاحناف بھی نماز درست ہے بشرطیکہ استقرار راس ہو لیکن اگر برف کی ٹھنڈک کے سخت نہ ہونے کی بناء پر صرف ہاتھ پر زور دیکر سر سے زمین کو مس کر دیا، چھوڑ دیا تو نماز جائز نہ ہوگی۔

اثل الغابۃ غابہ مدینہ منورہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے یہیں وہ چراگاہ ہے جہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ چرتے تھے اور عکل وعرینہ کے اونٹوں کو لے بھاگنے کا حادثہ پیش آیا تھا۔
اثل بفتح الہمزہ وسکون المثلثہ (فتح) جھاؤ کا بڑا درخت چھوٹے جھاؤ کو طرفا کہتے ہیں۔ مولیٰ
فلانۃ کنایہ ہے علم مؤنث سے اسلئے علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
المنبر قال اہل اللغۃ مشتق من النبر وھو الارتفاع یعنی بلند جگہ جمع منابر۔
امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وکان المنبر ثلاث درجات الخ (شرح مسلم ص۲۰۶)
یعنی اس منبر کی تین سیڑھیاں تھیں اور ایک نشست گاہ یعنی بیٹھنے کی جگہ، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اونچے والی سیڑھی پر قیام فرماتے اور بین الخطبتین مستراح پر بیٹھتے۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ دوسری سیڑھی پر قیام فرماتے اور بعدہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تیسری سیڑھی یعنی سب سے نیچے والی سیڑھی پر۔ اب عثمان غنی رضی اللہ عنہ کیلئے کوئی سیڑھی باقی نہ رہی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سب سے اوپر والی سیڑھی پر کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا۔ لوگوں کے سوال کرنے پر فرمایا اگر میں دوسری سیڑھی پر کھڑا ہوتا تو لوگ خیال کرتے کہ میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ہمسر ہوں اور اگر تیسری سیڑھی پر کھڑا ہوتا تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے ساتھ برابری کا وہم ہوتا اس لئے وہاں کھڑا ہوا جہاں برابری کا کوئی شائبہ وہم بھی نہیں ہوسکتا۔ اتخاذ منبر میں اقوال مختلف ہیں۔ حافظ عسقلانی رحمہ اللہ نے دو قول نقل کئے ہیں ۱ ابن سعد سے ۷ھ ساتھ ہی ساتھ لکھتے ہیں۔ فیہ نظر ۲ دوسرا قول ۸ھ کا نقل کرکے فرماتے ہیں فیہ نظر حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کا رجحان ۹ھ معلوم ہوتا ہے (فتح ص۳۱۳ ج۲) باب الخطبۃ علی المنبر) مگر اسکی صحت مشکل ہے اسلئے کہ واقعہ افک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر پر بیٹھنا حدیث بخاری سے ثابت ہے اور یہ واقعہ افک غزوہ مریسیع کا جو صحیح تر قول میں ۵ھ کا غزوہ ہے البتہ اگر اتخاذ منبر ۵ھ سے پہلے مانا جائے تو اشکال نہ ہوگا۔ واللہ اعلم۔ وصلی ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ اس سے امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ تبلایا کہ اگر امام نیچے ہو اور مقتدی اوپر

کسی دو منزلہ پر یا چھت وغیرہ پر تب بھی نماز درست ہوگی یہی مذہب حنفیہ کا بھی ہے اگر امام کے انتقالات وحرکات کا علم مقتدی کو ہوسکے کسی دریچی یا کھڑکی وغیرہ کے ذریعہ تو اقتدار درست ہے چنانچہ آجکل بہت سی مسجدوں میں اسی پر عمل بھی ہے۔

تشریح حدیث ۳۷۶ سقط من فرسہ الخ وکان ذٰلک فی ذی الحجۃ سنۃ خمس من الھجرۃ (عمدۃ) حافظ عسقلانیؒ بھی ابن حبان سے یہی نقل کرتے ہیں۔ (فتح ص ۱۴۱/۲)

یعنی آپ ۵ ذی الحجہ ۵ھ میں ایک برق رفتار گھوڑے پر غابہ تشریف لیجارہے تھے گھوڑا کے بدکنے کی وجہ سے آپ ایک کھجور کے درخت کی جڑ میں گر پڑے۔ یہاں تو شک کے ساتھ ہے کہ پنڈلی یا شانہ چھل گیا لیکن بخاری ص ۹۶ میں اور ابوداؤد کی روایت میں ہے فجحش شقہ الایمن یعنی دائیں جانب خراش آگئی ابوداؤد ہی میں ایک روایت کے الفاظ ہیں انفکت قدمہ آپ کے قدم مبارک میں موچ آگئی حافظؒ فرماتے ہیں فلا ینافی ذالک کون قدمہ انفکت لاحتمال وقوع الامرین (فتح ص ۱۴۱/۲) یعنی ساق اور شانہ میں خراش بھی آئی اور قدم مبارک میں موچ آگئی تھی اس لئے اس عذر کی بنا پر آپ بالاخانہ پر رہتے تھے اور وہیں بیٹھکر نماز پڑھتے تھے صحابہ کرامؓ عیادت کیلئے تشریف لاتے اور موقعہ پاکر آپ کے پیچھے نماز میں شریک ہوجاتے۔

اس روایت میں دوسرا واقعہ ایلاء کا ہے جو ۹ھ میں پیش آیا۔

یہ ایلاء آلیۃ بروزن عطیہ بمعنی قسم سے ماخوذ ہے۔ ایلاء کے لغوی معنی ہیں حلف اٹھانا قسم کھانا۔ شریعت کی اصطلاح میں یہ ہے کہ کوئی شخص اس طرح قسم کھائے کہ چار مہینے یا اس سے زائد اپنی بیوی کے پاس نہیں جاؤں گا، اسکی تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔ انشاء اللہ

یہ ایلاء لغوی تھا یعنی آپ نے صرف ایک مہینے تک اپنی ازواج سے الگ رہنے کی قسم کھائی اور بغرض تخلیہ بالاخانہ پر قیام فرمایا۔

اس حدیث سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ سقوط اور ایلاء ایک ہی سال کا ہے چنانچہ بڑے بڑے حضرات مثلاً علامہ قسطلانی شارح بخاری، علامہ زرقانی شارح مؤطا امام مالک نیز اردو سیرت نگاروں میں علامہ شبلی دھوکہ کھا گئے ملاحظہ فرمائیے سیرۃ النبی جلد اول ص ۵۵۱ حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں علیحدہ علیحدہ دو واقعے ہیں مگر چونکہ دو باتوں میں اشتراک ہے اسلئے دھوکا ہوا ہے۔

۱ یہ کہ دونوں واقعے میں بالاخانہ میں قیام رہا ۲ قیام کی مدت ۲۹ دن۔

حالانکہ دونوں واقعے کے درمیان چار سال کا فاصلہ ہے اور نوعیت قیام میں بہت فرق ہے مثلاً واقعہ سقوط میں انفکاک قدم کی وجہ سے مسجد تشریف نہیں لیجاتے بالاخانہ ہی میں نماز ادا فرماتے۔ بخلاف اسکے

ایلاء کے واقعہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں نمازیں پڑھتے۔

نیز واقعہ ایلاء میں ازواج مطہرات ومتعلقین میں جو بے چینی تھی وہ واقعہ سقوط میں نہیں دونوں قصوں کی یہی مغایرت کافی ہے۔

وان صلی قائماً فصلوا قیاماً اس پر تفصیلی بحث بخاری ص۹۶ کی حدیث میں آئیگی انشاء اللہ الرحمٰن۔

باب ۲۵۹

(اذا اصاب ثوب المصلی امرأتہ اذا سجد)

جب سجدہ کرتے وقت نمازی کا کپڑا اس کی بیوی کو لگ جائے؟ (تو کیا حکم ہے؟)

۳۷۱ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَأَنَا حِذَاءَهُ وَأَنَا حَائِضٌ وَرُبَّمَا أَصَابَنِيْ ثَوْبُهُ إِذَا سَجَدَ قَالَتْ وَكَانَ يُصَلِّيْ عَلَى الْخُمْرَةِ

ترجمہ حضرت میمونہ رضہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے اور میں حیض کی حالت میں آپ کے سامنے لیٹی ہوتی اور ربسا اوقات آپ کا کپڑا مجھ سے لگ جاتا جب آپ سجدہ کرتے، اور حضرت میمونہ رضہ نے یہ بھی بیان کیا کہ آپ چھوٹے بورئیے پر نماز پڑھتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ربما اصابنی ثوبہ اذا سجد،

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۵ ومر الحدیث ص۴۷ ویاتی ص۲۰، مسلم اول ص۲۳۴ ابوداؤد اول ص۹۶ وابن ماجہ ص۶۹ فی باب من صلی وبینہ وبین القبلۃ شیٔ۔

مقصد ترجمہ امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ اگر نمازی کے قریب اسکی بیوی لیٹی ہوئی ہو خواہ سامنے ہو یا دائیں بائیں نمازی کے کپڑے کا کوئی گوشہ سجدہ وغیرہ میں جاتے وقت بیوی کے بدن پر پڑ جائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی اور یہ مسئلہ متفق علیہ ہے۔

اور یہ زرین اصول ہمیشہ ذہن نشین رہنا چاہیے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کسی کا ف

وقول حجت نہیں۔

۲ بعض حضرات کے نزدیک امام بخاریؒ کا مقصد حنفیہ پر رد ہے کیوں کہ حنفیہ محاذاۃ مرأۃ کو مفسد صلوٰۃ قرار دیتے ہیں اور یہاں روایت میں تصریح ہے کہ حضرت میمونہ رضؓ سامنے ہوتی تھیں بلکہ روایت میں لفظ حذاء کی صراحت ہے۔

جواب :- اولاً تو امام بخاریؒ کا یہ مقصد بتانا صحیح نہیں کہ نہ اشارہ ہے نہ کنایہ ثانیاً حنفیہ کے نزدیک مطلقاً محاذاۃ مفسد صلوٰۃ نہیں بلکہ ایک اہم شرط یہ ہے کہ عورت نماز میں شریک ہو وغیرہ تفصیل اپنی جگہ آئے گی انشاء اللہ۔

بَابُ ۲۶۰ الصَّلوٰةِ عَلَى الْحَصِيْرِ وَصَلّٰى جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ فِى السَّفِيْنَةِ قَائِمًا وَقَالَ الْحَسَنُ تُصَلِّىْ قَائِمًا مَالَمْ تَشُقَّ عَلٰى اَصْحَابِكَ تَدُوْرُ مَعَهَا وَاِلَّا فَقَاعِدًا۔

چٹائی پر نماز پڑھنے کا بیان۔ اور جابر بن عبد اللہ رضؓ اور ابو سعید خدری رضؓ نے کشتی میں کھڑے ہو کر نماز پڑھی (حسن بصریؒ سے جب لوگوں نے پوچھا کہ کشتی میں نماز کس طرح پڑھیں) حسن بصریؒ نے فرمایا کہ کشتی میں کھڑے ہو کر نماز پڑھے جب تک کہ اس سے تیرے ساتھیوں پر شاق نہ ہو، کشتی کے ساتھ (سمت قبلہ کی طرف) گھومتے جاؤ ورنہ بیٹھ کر پڑھو۔

۳۷۲ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَدَّتَهٗ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ لَهٗ فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ قُوْمُوْا فَلِاُصَلِّىَ لَكُمْ قَالَ اَنَسٌ فَقُمْتُ اِلٰى حَصِيْرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ فَنَضَحْتُهٗ بِمَاءٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْتُ اَنَا وَالْيَتِيْمُ وَرَاءَهٗ وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَّرَائِنَا فَصَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ ان کی نانی ملیکہ رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کیلئے بلایا جو خاص آپ ہی کیلئے انہوں نے تیار کیا تھا چنانچہ آپؐ نے وہ کھانا تناول فرمایا پھر فرمایا تم لوگ کھڑے ہو جاؤ تاکہ میں تمہارے لئے (یعنی تمہارے گھر میں برکت کیلئے) نماز پڑھا دوں انس کہتے ہیں کہ میں اپنی ایک چٹائی کی طرف متوجہ ہوا جو کثرت استعمال کی وجہ سے سیاہ ہو گئی تھی تو میں نے اس کو پانی سے دھویا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس پر کھڑے ہو گئے اور میں نے اور یتیم

نے آپؐ کے پیچھے صف باندھ لی اور بوڑھی (نانی) ہمارے پیچھے کھڑی ہوگئیں چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائی پھر آپؐ واپس تشریف لے گئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فقمت الی حصیر لنا الخ

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۵ ویاتی ص۱۰۱ وص۱۱۹ وص۱۲۰ وص۱۵۶ مسلم اول ص۲۳۴ ابوداؤد اول باب اذا کانوا ثلثۃ کیف یقومون ص۹۰ ترمذی اول باب ما جاء فی الرجل یصلی ومعہ رجال ونساء ص۳۲ نسائی اول امامۃ اذا کانوا ثلثۃ وامرأۃ ص۹۲

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ نماز کی صحت وجواز کیلئے زمین ہی ضروری وواجب نہیں ہے نماز زمین کے علاوہ حصیر، خمرہ اور فرش وغیرہ سب پر درست ہے اس کیلئے امام بخاریؒ نے ان تمام افعال پر ترجمہ قائم کیا ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوئے ہیں اس لئے یہاں باب الصلوٰۃ علی الحصیر قائم کیا اس کے بعد باب الصلوٰۃ علی الخمرہ اور باب الصلوٰۃ علی الفرش لائیں گے۔

اور ترجمۃ الباب میں امام بخاریؒ نے حضرت جابرؓ اور حضرت ابوسعیدؓ کا اثر پیش کیا ہے مقصد یہ ہے کہ نماز چٹائی پر ہو یا کشتی کے تخت پر دونوں زمین کے علاوہ پر نماز ہے۔

۲ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس باب سے امام بخاریؒ کا مقصد ازالۂ شبہات ہے مثلاً حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سے منقول ہے کہ جب چٹائی پر نماز پڑھتے تو سجدہ زمین ہی پر کرتے اور اگر چٹائی بڑی ہوتی تو سجدہ کی جگہ پر مٹی ڈال لیتے، نیز عروہ سے بھی یہ عمل منقول ہے۔

نیز ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے حضرت رباح سے فرمایا ترِّب ترّب یعنی اپنی پیشانی کو خاک آلود کرو، بخاریؒ نے ان ابواب سے بتایا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے چٹائی و فرش وغیرہ پر نماز پڑھنا ثابت ہے زمین کا ہونا شرط نہیں۔

امام بخاریؒ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ چٹائی پر نماز پڑھنا درست ہے ان حضرات کا عمل تواضع پر محمول ہے یعنی امام بخاریؒ جمہور کے ساتھ ہیں۔

تشریح حدیث جدتہ ملیکۃ ضمیر کے مرجع میں علامہ عینیؒ نے دو قول نقل کیا ہے۔

۱ ابن عبدالبر وغیرہ کہتے ہیں یعود علی اسحاق وصححہ النووی اور ابن سعد وابن مندہ وغیرہ نے کہا ہے کہ یعود الضمیر فی جدتہ علی انسؓ ولا تنافی بین کون ملیکۃ جدۃ انس وبین کونہا جدۃ اسحاق (عمدہ)

ملیکہ حضرت انس بن مالکؓ کی والدہ ام سلیمؓ کی والدہ ہیں یعنی حضرت انسؓ کی نانی ہیں ام سلیمؓ

کے پہلے شوہر مالک بن نضر سے حضرت انس رضؓ ہیں، پھر ام سلیم رضؓ نے ابوطلحہ سے شادی کی جس سے عبداللہ وغیرہ پیدا ہوئے اور عبداللہ ہی کے بیٹے اسحاق ہیں جو حدیث کے راوی ہیں فافہم

دعوت رسول اللہؐ اس دعوت میں حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے کھانا تناول فرمایا بعد میں نماز پڑھی۔ اور حضرت عتبان بن مالک رضؓ کے یہاں پہلے نماز پڑھی بعد میں کھانا تناول فرمایا حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں: فبدأ فی کل منھما باصل ما دعی لاجلہ، یعنی دونوں دعوت کے مقصد میں فرق تھا۔ عتبان رضؓ کے یہاں اصل مقصد نماز ہی تھی لیکن حضرت ملیکہ کے یہاں اصل مقصد دعوت تھی۔

کشتی میں نماز بیچ دریا میں چلتی ہوئی کشتی کے اندر نماز پڑھنے کی نوبت آئے اور دوران سر کا غالب گمان ہو تو بیٹھ کر نماز درست ہے لیکن اگر کشتی کنارے میں کھڑی ہے تو اتر کر زمین پر پڑھنا چاہیئے، اور اگر کشتی بندھی ہوئی مستقر ہے تو کھڑے ہو کر کشتی میں پڑھ لینا درست ہے لیکن باہر نکل کر زمین پر پڑھنا بہتر ہے کیوں کہ کوئی عذر نہیں ہے امام اعظم رحؒ سے منقول ہے کہ چلتی کشتی میں بیٹھ کر بھی نماز درست ہے کیوں کہ کشتی میں مسافر اکثر مشقت میں ہوتا ہے، دوران سر کی پریشانی ہوتی ہے لہٰذا سبب کو مسبب کے قائم مقام قرار دیا گیا جس طرح سفر کو قائم مقام مشقت کے قرار دیا گیا کہ ہر سفر میں قصر کا حکم ہو گیا۔

امام صاحب رحؒ کا استدلال حضرت انس رضؓ کی حدیث سے ہے۔ دوسرے حسن بن زیاد نے اپنی کتاب میں سوید بن غفلہ کی سند سے روایت کیا کہ میں نے حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ سے کشتی میں نماز کے بارے میں سوال کیا تو دونوں نے فرمایا کہ کشتی چلتی ہو تو نماز بیٹھکر پڑھے۔

(انوار الباری ص ۱۰۱)

(باب۲۶۱ الصلوٰۃ علی الخمرۃ)

خمرہ یعنی چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھنے کا بیان

۳۷۳ (حدثنا ابو الولید قال حدثنا شعبۃ قال حدثنا سلیمان الشیبانی عن عبد اللہ بن شداد عن میمونۃ قالت کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یصلی علی الخمرۃ)

ترجمہ ام المومنین حضرت میمونہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھوٹی چٹائی پر نماز پڑھتے تھے

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یصلی علی الخمرۃ"

تعدد موضعہ | والحدیث ھٰھنا ص۵۵ ومر ص۴۷ وص۵۵ یعنی حدیث ۳۷۱ وباقی ص۷۴۔

مقصد ترجمہ | باب سابق میں حصیر پر نماز پڑھنے کا ثبوت بتایا تھا اب اس باب میں خمرہ پر نماز کا ثبوت پیش کر رہے ہیں۔

حصیر۔ بڑی چٹائی جو قدم سے لیکر سجدہ گاہ تک ہو یعنی پورا مصلّی۔
اور خمرہ چھوٹی چٹائی یعنی نصف مصلّی کے ہاتھ اور پیشانی چٹائی پر ہو تو قدم زمین پر یا اس کا برعکس۔
بخاری رح اس باب سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ دونوں طرح کی چٹائی پر نماز درست ہے۔ رہا یہ اشکال کہ ایک باب قبل یعنی باب ۲۵۹ میں یہ حدیث آچکی تھی پھر یہاں مستقل عنوان قائم کرکے اسی قطعہ حدیث کو لانے کی کیا ضرورت تھی؟
جواب صاف ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد صرف جمع احادیث نہیں ہے بلکہ جمع احادیث کے علاوہ اختلاف سند، استنباط مسائل و احکام وغیرہ بھی ہے پھر کہیں تفصیل و کہیں اختصار۔ اس لئے تکرار کا شبہ و اعتراض صحیح نہیں جیساکہ دونوں کے مقصد ترجمہ سے واضح ہے۔ واللہ اعلم

باب ۲۶۲ الصلوٰۃ علی الفراش وصلّی انس بن مالک علیٰ فراشہ وقال انس کنا نصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیسجد احدنا علیٰ ثوبہٖ)

فرش (بچھونے) پر نماز پڑھنے کا بیان۔ اور حضرت انس بن مالک رضؓ نے اپنے بچھونے پر نماز پڑھی اور حضرت انس رضؓ نے فرمایا کہ ہم لوگ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو ہم میں سے کوئی اپنے کپڑے پر بھی سجدہ کر لیتا۔

۳۷۴ حدثنا اسمٰعیل قال حدثنی مالک عن ابی النضر مولیٰ عمر بن عبید اللہ عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمٰن عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انھا قالت کنت انام بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجلای فی قبلتہ فاذا سجد غمزنی فقبضت رجلیّ واذا قام بسطتھما قالت والبیوت یومئذ لیس فیھا مصابیح

ترجمہ | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

کے سامنے سوتی تھی اور میرے دونوں پیر آپؐ کے قبلہ کی جانب ہی ہوتے تھے تو جب آپؐ سجدہ کرتے تو مجھے دبا دیتے اور میں اپنے دونوں پاؤں سمیٹ لیتی اور جب آپؐ کھڑے ہو جاتے تو میں انہیں پھیلا دیتی اور حضرت عائشہ رضؓ نے یہ بھی فرمایا کہ ان دنوں گھروں میں چراغ نہ تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہا "کنت انام" "لان نومہا کان علی الفراش وقد صرحت فی حدیثہا الآخر بقولہا علی الفراش۔ (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص۵۵ تا ص۵۶ " وص۷۲ وص۷۳ " " ص۷۴ وفی الوتر ص۱۳۶ وفی النوافل، فی باب ما یجوز من العمل فی الصلوٰۃ ص۱۶۱ وفی الاستیذان فی باب السریر ص۹۲۸ ومسلم ص۱۹۸۔ ابوداؤد اول المرأۃ لا تقطع الصلوٰۃ ص۱۰۳ ونسائی اول فی ترک الوضوء من مس الرجل المرأۃ من غیر شہوۃ ص۲۱۔

۳۷۵ (حدثنا یحیی بن بکیر قال نا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب قال اخبرنی عروۃ ان عائشۃ اخبرتہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی وھی بینہ وبین القبلۃ علی فراش اھلہ اعتراض الجنازۃ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے ہوتے تھے اور وہ (یعنی میں عائشہ) آپؐ کے اور قبلہ کے درمیان آپؐ کے گھر کے فرش پر جنازہ کے مثل لیٹی ہوتی تھیں

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "علی فراش اھلہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص۵۶ باقی کیلئے حدیث ۳۷۴ کے صفحات دیکھیے۔

۳۷۶ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال نا اللیث عن یزید عن عراک عن عروۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی وعائشۃ معترضۃ بینہ وبین القبلۃ علی الفراش الذی ینامان علیہ)

ترجمہ حضرت عروہ رحؒ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے اور حضرت عائشہ رضؓ آپؐ کے اور آپؐ کے قبلہ کے درمیان اس فرش پر لیٹی رہتیں جس پر دونوں سوتے تھے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "علی الفراش الذی ینامان علیہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص۵۶ وباقی ص۷۲ ص۷۳ " " وص۱۳۶ ص۱۶۱ وص۹۲۸

مقصد ترجمہ | امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ نماز کیلئے حصیر و خمرہ کی تخصیص نہیں ہے ہر طرح کے فرش پر نماز پڑھنا درست ہے، اور جو بعض صحابہ وغیرہ سے منقول ہے کہ ٹاٹ چٹائی اور فرش وغیرہ پر نماز نہیں پڑھتے تھے اس کا ایک جواب گذر چکا ہے کہ تواضع پر محمول ہے۔

نیز منقول ہے کہ کانوا یکرھون الطنافس الخ یعنی وہ فرش قالین وغیرہ پر مکروہ سمجھتے تھے اس کا جواب یہ ہے کہ مراد مکروہ تنزیہی ہے اور مکروہ تنزیہی جواز کو مانع نہیں۔

تشریح | باب کی پہلی حدیث یعنی حدیث ۲۷۴ میں ہے والبیوت یومئذ لیس فیہا مصابیح اس سے حضرت عائشہ رض دفع دخل مقدر فرماتی ہیں کہ مجھ پر اعتراض نہ کرنا کہ میں پیر کیوں نہیں موڑ لیا کرتی تھی اسلیے کہ چراغ نہیں تھا اس وجہ سے پتہ نہیں چلتا تھا کہ آپ ﷺ کب رکوع اور سجدہ میں جائینگے آپ ﷺ کا قیام بہت طویل ہوتا تھا چار چار پارے آپ ﷺ پڑھا کرتے تھے اس لئے میں دوبارہ پیر پھیلا لیا کرتی تھی۔ واللہ اعلم

عن عراک عن عروۃ اس باب کی تیسری روایت یعنی آخری حدیث سے مصنف رح پر یہ اعتراض کہ امام بخاری رح نے روایت مرسلہ کیسے نقل فرمائی؟

جواب:- جواب یہ ہے کہ یہ حدیث سابق حدیث کی تائید کیلئے ہے کہ سابق مطلق فرش ہے اس مرسل حدیث کو ذکر فرما کر بتلا دیا کہ فرش نرم تھا۔

بَابُ ۲۶۳ السُّجُودِ عَلَى الثَّوْبِ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ وَقَالَ الْحَسَنُ كَانَ الْقَوْمُ يَسْجُدُونَ عَلَى الْعِمَامَةِ وَالْقَلَنْسُوَةِ وَيَدَاهُ فِي كُمِّهِ)

گرمی کی شدت میں کپڑے پر سجدہ کرنے کا بیان۔ اور حسن بصری رح نے فرمایا ہے کہ لوگ (یعنی صحابہ کرام) عمامہ اور ٹوپی پر سجدہ کر لیا کرتے تھے اور ان میں سے ہر ایک کے دونوں ہاتھ آستین میں ہوتے۔

۳۷۷ (حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنِي غَالِبُ الْقَطَّانُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ أَحَدُنَا طَرَفَ الثَّوْبِ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ فِي مَكَانِ السُّجُودِ)

ترجمہ | حضرت انس بن مالک رض نے فرمایا ہے کہ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو ہم میں بعض لوگ گرمی کی شدت کی وجہ سے اپنے کپڑے کا کنارہ سجدے کی جگہ رکھ لیتا۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی۔ فیضع احدنا طرف الثوب من

شدۃ الحر،

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۵۶ ویأتي في المواقیت ص۷۷ وفي الظهور ص۱۶۱ مسلم اول ص۲۲۵ کی چوتھی حدیث۔ ابوداؤد اول باب الرجل یسجد علی ثوبہ ص۹۹ ترمذی اول ص۶۷ کی پہلی حدیث۔ نسائی اول باب السجود علی الثیاب ص۱۲۵ ابن ماجہ اول باب السجود علی الثیاب في الحر والبرد ص۷۳۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ زمین کے سخت گرم ہونے کی وجہ سے یا سخت سرد ہونے کی وجہ سے سجدہ کرنا دشوار ہو تو کپڑے پر سجدہ کر سکتے ہیں اب اگر منفصل موجود ہے تو جیسے تولیہ یا رومال تو اس کو رکھ کر سجدہ کرے۔ ولا خلاف فیہ۔

لیکن اگر کپڑا منفصل یعنی الگ نہیں ہے تو متصل پر بھی سجدہ کرنا جائز ہے یعنی پہنے ہوئے کپڑے مثلاً عمامہ کے ایک پیچ کو پیشانی پر بڑھالے۔ یا ٹوپی پیشانی تک بڑھ سکتی ہے تو بڑھا کر سجدہ کرلے۔ نیز ہاتھ کی جگہ اگر زمین پر دشواری ہو تو آستین بڑھا کر ہاتھ رکھ لے یہی جمہور حنفیہ و مالکیہ کا مذہب ہے خلافاً للشافعی رح امام شافعی رح کے نزدیک منفصل پر جائز ہے چنانچہ علامہ نووی شافعی رح فرماتے ہیں "فیہ دلیل لمن اجاز السجود علی طرف ثوبہ المتصل بہ وبہ قال ابو حنیفۃ والجمہور ولم یجوزہ الشافعی وتاول ھذا الحدیث وشبہہ علی السجود علی ثوب منفصل بہ (شرح نووی ص۲۲۵)

اس سے امام بخاری رح کا مقصد جمہور کی تائید اور امام شافعی رح کی تردید ہے واللہ اعلم

امام بخاری رح نے باب کے تحت سب سے پہلے حضرت حسن بصری رح کا اثر نقل کیا ہے مگر ایک ٹکڑا، علامہ عینی رح نے پورا اثر نقل کیا ہے:-

ان اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانوا یسجدون وایدیہم في ثیابہم ویسجد الرجل منہم علی قلنسوتہ وعمامتہ

صحابہ کرام رض اس حال میں سجدہ کرتے کہ ان کے ہاتھ کپڑوں میں ہوتے اور ان میں سے کچھ لوگ اپنی ٹوپی اور عمامہ پر سجدہ کرتے۔

(عمدۃ القاری، فتح الباری)

حنفیہ و مالکیہ کے نزدیک کور عمامہ پر مع الکراہت درست ہے۔

امام شافعی اور داؤد ظاہری وفي روایۃ امام احمد رح کے نزدیک سجدہ جائز نہیں علامہ عینی رح لکھتے ہیں کہ حضرت علی رض اور حضرت عبادہ بن صامت رض ابن عمر رض، ابراہیم نخعی وابن سیرین وغیرہ یکرھون السجود علی العمامۃ (عمدہ)

حضرت انس بن مالک رضؓ کی روایت سے صاف معلوم ہوا کہ طرف الثوب پر سجدہ کرتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وسامنے۔

نیز طرف الثوب سے ظاہر ہے کہ ثوب ملبوس مراد ہے۔

حضرات شوافع رحؒ اس کو ثوب منفصل کی تاویل کرتے ہیں یا فرماتے ہیں کہ بہت بڑا اور لمبا کپڑا ہوگا کہ سجدہ میں ڈالا ہو اگوشہ مصلی کی حرکت سے متحرک نہ ہو، اگر متحرک ہوتا ہے تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔

(بَابُ ۲۶۴ الصَّلوٰۃِ فِی النِّعَالِ)

چپلوں کے ساتھ نماز پڑھنے کا بیان

والمناسبة بين البابين من حيث ان فى الباب السابق تغطية الوجه بالثوب الذى يسجد عليه وفى هذا الباب تغطية بعض القدمين (عمدہ)

۳۷۸ (حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَنَا اَبُوْمَسْلَمَةَ سَعِیْدُ بْنُ یَزِیْدَ الْاَزْدِیُّ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَكَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِیْ نَعْلَیْهِ قَالَ نَعَمْ)

ترجمہ ابومسلمہ سعید بن یزید ازدی رحؒ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضؓ سے پوچھا کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چپلوں کے ساتھ نماز پڑھتے تھے؟ تو حضرت انس رضؓ نے فرمایا "ہاں"

مطابقتہ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة فى "يصلى فى نعليه قال نعم"

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۵۶ ويأتى فى اللباس ص۸۶۸ مسلم اول ص۲۰۸ کی پہلی حدیث ترمذی باب ماجاء فی الصلوٰۃ فی النعال ص۵۳ نسائی اول الصلوٰۃ فی النعلین ص۹۴

مقصد ترجمہ چوں کہ قرآن حکیم میں ارشاد الٰہی ہے: اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى" (سورہ طٰہٰ)

اس سے شبہ ہوسکتا ہے کہ جب میدان طویٰ میں حضوری رب کیلئے جوتے اتارنے کا حکم ہے تو مسجد میں بطریق اولیٰ جوتا اتارنا چاہیئے اور جوتا پہن کر نماز جائز نہ ہونا چاہیئے۔

امام بخاری رحؒ نے اس باب کے ذریعہ اس شبہ کا ازالہ کردیا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے جوتے

پہنکر نماز پڑھنا ثابت ہے البتہ شرائط نماز کا لحاظ ضروری ہے کہ جوتا پاک ہونا پاک ہونے کیصورت میں نماز باطل۔
۲ سجدہ صحیح ہو یعنی ایسا چپل ہو کہ جس سے پیر کی انگلیاں زمین سے لگ سکتی ہوں لیکن ہمارے یہاں کے جوتے میں سجدہ صحیح نہیں ہوگا اور نہ نماز صحیح ہو گی۔ البتہ ایسا چپل ہو کہ جس سے وضع القدم علی الارض ہو اور پاک ہو تو نماز درست ہوگی۔
بلکہ اس ارشاد نبوی پر عمل کرنے کی نیت سے کم از کم گھر پر یا کسی بھی مسجد سے باہر ایک دو مرتبہ پڑھنا باعث ثواب ہوگا۔ انشاء اللہ

باب ۲۶۵ الصلوٰۃ فی الخفاف

موزوں میں (موزے پہنکر) نماز پڑھنے کا بیان

۳۷۹ (حدثنا ادم قال حدثنا شعبة عن الاعمش قال سمعت ابراهيم يحدث عن همام بن الحارث قال رأيت جرير بن عبد الله بال ثم توضأ ومسح على خفيه ثم قام فصلى فسئل فقال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم صنع مثل هذا قال ابراهيم فكان يعجبهم لان جريرا كان من اخر من اسلم)

ترجمہ ہمام بن حارث سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے جریر بن عبداللہ رضؓ کو دیکھا انہوں نے پیشاب کیا پھر وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا پھر وہ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی (یعنی موزوں سمیت) تو حضرت جریر رضؓ سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح کرتے دیکھا ہے ابراہیم نخعی کہتے ہیں کہ حضرت جریر رضؓ کی یہ حدیث لوگوں کو بہت پسند تھی کیوں کہ حضرت جریر رضؓ ان لوگوں میں سے تھے جو آخر میں اسلام لائے تھے (یعنی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے سال صرف چند مہینے قبل)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة فی "ومسح على خفيه ثم قام فصلى"

تعدد موضعہ والحديث ههنا ملك ۵۶ وخرجه مسلم اول ملا ۱۳۲ تا ۱۳۳ ترمذی اول ص۱۴ ونسائی

اول باب المسح علی الخفین ص۱۱۔

۳۸۰ (حدثنا اسحاق بن نصر قال حدثنا ابو اسامۃ عن الاعمش عن مسلم عن مسروق عن المغیرۃ بن شعبۃ قال وضأت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فمسح علی خفیہ وصلی)

ترجمہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرایا آپ نے خفین پر مسح فرمایا اور نماز پڑھی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فمسح علی خفیہ وصلی"

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰہنا ص۵۶ وص۳۰ وص۴۹ وص۶۳ و ص۸۲۳۔

مقصد ترجمہ باب کی دونوں حدیثوں سے خفین پر مسح کا جواز ثابت ہوا اور امام بخاری رح نے نعال کے بعد خفاف کو بیان کر کے شیعہ وغیرہ کی تردید کردی جو ں کہ شیعہ کہتے ہیں کہ آیت وضو سے مسح علی الخفین منسوخ ہے امام بخاری نے حضرت جریر رض کی حدیث لاکر یہ بتلادیا کہ منسوخ نہیں ہے اسلیے کہ حضرت جریر رض آیت مائدہ کے بعد سنہ ۱۰ھ رمضان المبارک میں مشرف باسلام ہوئے جب صحابہ نے حضرت جریر کی حدیث سنی تو بہت خوش ہوئے کہ مسح علی الخفین کا جواز بدستور باقی ہے اور شیعہ کی پوری پوری تردید ہوگئی۔

باب ۲۶۶ اِذَا لَمْ یُتِمَّ السُّجُوْدَ

جب مصلی سجدہ پورا نہ کرے؟ (تو کیا حکم ہے؟)

۳۸۱ (حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ نَا مَهْدِيٌّ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهٗ رَاٰى رَجُلًا لَا يُتِمُّ رُكُوْعَهٗ وَلَا سُجُوْدَهٗ فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ قَالَ لَهٗ حُذَيْفَةُ مَا صَلَّيْتَ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَوْ مُتَّ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ سُنَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

ترجمہ حضرت حذیفہ رض سے روایت ہے کہ انھوں نے ایک شخص کو دیکھا جو (نماز میں) اپنے رکوع

اور سجدہ کو پورا نہیں کرتا تھا، جب وہ اپنی نماز پوری کر چکا تو حضرت حذیفہؓ نے اس سے کہا تو نے نماز نہیں پڑھی (یعنی تیری نماز واجب الاعادہ ہے) ابو وائل کہتے ہیں کہ میں خیال کرتا ہوں کہ حضرت حذیفہؓ نے اس سے یہ بھی کہا تھا کہ اگر تو (اس حالت میں) مرا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر نہ مرے گا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "لایتم رکوعہ ولا سجودہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۶ و باقی ص۱۰۹ و ص۱۱۲

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ جس طرح نماز کیلئے ستر عورت شرط ہے جس کے فوت ہونے سے نماز فوت ہو جائے گی باقی اعضاء کا ستر بھی مطلوب ہے اگرچہ درجہ شرط میں نہیں۔

ٹھیک اسی طرح نماز میں رکوع وسجدہ نماز کا رکن وجزء ہے جس کے فوت ہونے سے نماز فوت ہو جائے گی اسلئے سجدہ کی تمامیت ضروری ہے نیز سجدہ کی صحت کیلئے دو شرطیں بنیادی ہیں ۱ وضع الجبہۃ علی الارض یعنی پیشانی کا زمین پر رکھنا۔

۲ سجدہ کے وقت قدم کا زمین پر رہنا اگر پورے سجدہ میں قدمین زمین سے اٹھائے رکھا تو سجدہ نہیں ہوگا اس لئے امام بخاری نے اتمام سجدہ کی بحث کو یہاں ذکر کیا ہے اور اسی سجدہ کی مناسبت سے بعد والا باب ذکر کیا ہے۔

تشریح یہ باب اذا لم یتم السجود اور اس سے ملحق باب " باب یبدی ضبعیہ الخ دونوں باب مع حدیث ص۱۱۲ پر آرہا ہے اسی لئے شراح بخاری یعنی علامہ عینیؒ اور حافظ عسقلانیؒ فرماتے ہیں یہ ابواب مستملی کے نسخہ میں نہیں ہیں۔ مزید حافظ عسقلانی کہتے ہیں "وھو الصواب" کیونکہ ان ابواب کا تعلق صفۃ الصلوٰۃ سے ہے اسلئے اس کا محل بھی وہیں ہے ان ابواب کا اس جگہ ہونا ناسخین کی غلطی ہے چنانچہ فتح الباری شرح بخاری لابن رجب حنبلی میں یہ ابواب اس جگہ نہیں ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی بھی یہی رائے ہے شاہ صاحبؒ شرح تراجم میں فرماتے ہیں کہ فربری سے منقول ہے کہ کتاب یعنی صحیح بخاری کے بعض اوراق کتاب سے علیحدہ تھے بخاری کے بعض ناسخین سے غلطی ہوئی کہ ان اوراق کو مصنفؒ کے مقصد کے خلاف جگہ میں ملحق کر دیا اور حقیقت بھی یہی ہے اگر صفحہ ۱۱۲ کو بغور دیکھا جائے واللہ اعلم

باب ۲۶۷

یُبدِی ضَبعَیہِ وَیُجافِی جنبیہِ فِی السُّجُودِ

سجدے میں (نمازی) اپنے بازوؤں کو ظاہر کرے اور بازوؤں کو پہلوؤں سے الگ رکھے

۳۸۲ (حدثنا یحییٰ بن بکیر قال حدثنی بکر بن مضر عن جعفر عن ابن ھرمز عن عبداللہ بن مالک ابن بحینۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا صلّی فرّج بین یدیہ حتی یبدو بیاض ابطیہ وقال اللیث حدثنی جعفر بن ربیعۃ نحوہ)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مالک ابن بحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تو (سجدے میں) اپنے دونوں ہاتھوں کے درمیان اتنی کشادگی رکھتے کہ آپ کے دونوں بغلوں کی سفیدی ظاہر ہو جاتی۔ اور لیث نے کہا کہ مجھ سے جعفر بن ربیعہ نے اسی طرح روایت بیان کی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "کان اذا صلّی فرّج" لان المراد صلّی، سجد من قبیل اطلاق الکل وارادۃ الجزء، یعنی کل بول کر جزء مراد لیا گیا۔ جیسا کہ یہی روایت عبداللہ بن مالک ابن بحینہ رضی اللہ عنہ کی ص۵۰۳ میں ہے جس میں بجائے اذا صلّی کے اذا سجد ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۵۶ وباقی ص۱۱۲ وص۵۰۳ ومسلم ص۱۹۴ نسائی اول باب صفۃ السجود ص۱۲۴۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ اس باب میں باب سابق یعنی اتمام سجدہ والی روایت کی مزید تشریح کر رہے ہیں کہ سجدہ میں ہاتھوں کو کشادہ اور پہلوؤں سے الگ رکھنا چاہیئے جیسا کہ حدیث الباب سے ظاہر ہے۔

تشریح عبداللہ بن مالک ابن بحینۃ علامہ نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں الصواب فیہ ان ینون مالک ویکتب ابن بالالف الخ (شرح مسلم ص۱۹۴)

یعنی مالک پر تنوین پڑھنا چاہیئے اور ابن بحینۃ میں ابن کے الف کو لکھنا چاہیئے اس لئے کہ یہاں ابن مالک کی صفت نہیں ہے چونکہ بحینہ عبداللہ رضی اللہ عنہ کی والدہ اور مالک والد ہیں عام دستور سے ہٹ کر

حضرت عبداللہ بن مالک رضی اللہ عنہ کا انتساب ماں باپ دونوں کی طرف کیا جاتا ہے فوسح بین یدیہ یہ حکم صرف مردوں کیلئے ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ ہاتھوں کو کہنیوں کی طرف سے اونچے اور ہتھیلیوں کی طرف نیچے چنانچہ مردوں کیلئے افتراش ذراعین کی ممانعت ہے البتہ عورتوں کیلئے چونکہ تستر غایت درجہ مطلوب ہے اسلئے سہولت رکھی گئی تفصیل صفت الصلوٰۃ میں آئے گی۔ انشاء اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۶۸ (بَابُ فَضْلِ اِسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ يَسْتَقْبِلُ بِاَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ قَالَهُ اَبُوْ حُمَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم)

استقبال قبلہ کی فضیلت کا بیان، نمازی نماز میں اپنے پیروں کی انگلیوں کا رُخ بھی قبلہ کیطرف رکھے، اسکو ابو حمید رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے

وسیاتی فی الاذان موصولا ص۱۱۴

۳۸۳ (حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ سِيَاهٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم مَنْ صَلّٰى صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِيْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِيْ ذِمَّتِهٖ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہماری طرح نماز پڑھے اور ہمارے قبلے کیطرف (نماز میں) منہ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے تو یہ وہ مسلمان ہے جس کیلئے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ہے تو اللہ کی ذمہ داری میں خیانت نہ کرو۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی واستقبل قبلتنا،،

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۵۶ وص۵۷ والنسائی ثانی ۔ صفۃ المسلم ص۲۳۰۔

۳۸۴ (حَدَّثَنَا نُعَيْمٌ قَالَ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسٍ

بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أمرت أن أقاتل الناس حتى يقولوا لا إله إلا الله فإذا قالوها وصلوا صلوتنا واستقبلوا قبلتنا وأكلوا ذبيحتنا فقد حرمت علينا دماؤهم وأموالهم إلا بحقها وحسابهم على الله وقال علي بن عبد الله حدثنا خالد بن الحارث قال نا حميد قال سأل ميمون بن سياه أنس بن مالك فقال يا أبا حمزة ما يحرم دم العبد وماله فقال من شهد أن لا إله إلا الله واستقبل قبلتنا وصلى صلوتنا وأكل ذبيحتنا فهو المسلم له ما للمسلم وعليه ما على المسلم وقال ابن أبي مريم انا يحيى بن أيوب قال نا أنس عن النبي صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس وقت تک لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہدیں تو جب وہ یہ (کلمہ) کہدیں اور ہماری طرح نماز پڑھنے لگیں اور ہمارے قبلہ کا استقبال کریں اور ہمارے ذبیحہ کو کھائیں تو بلاشبہ ہم پر ان کے خون اور مال حرام ہو گئے مگر اس (جان و مال) کے حق کی بنا پر اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔ اور علی بن عبد اللہ نے کہا کہ ہم سے خالد بن حارث نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ ہم سے حمید طویل نے بیان کیا کہ میمون بن سیاہ نے حضرت انس بن مالک رضؓ سے پوچھا کہ اے ابو حمزہ (کنیت انس بن مالک رضؓ) کونسی چیز انسان کی جان اور اس کے مال کو حرام قرار دیتی ہے؟ تو حضرت انس رضؓ نے فرمایا کہ جو شخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہمارے قبلہ کا استقبال کرے اور ہمارے نماز کی طرح نماز پڑھے اور ہمارا ذبیحہ کھائے تو وہ مسلمان ہے جو ایک مسلمان حق کا ہے وہ اس کا حق ہے اور جو مسلمان پر لازم ہے وہ اس پر لازم ہے اور ابن ابی مریم نے کہا کہ یحییٰ بن ایوب نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ ہم سے حمید نے بیان کیا کہ ہم سے حضرت انس بن مالک رضؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث روایت کی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "استقبل قبلتنا"۔

تعدد موضعہ والحدیث ههنا ص۵۶ تا ص۵۷۔

مقصد ترجمہ علامہ عینی رحؒ فرماتے ہیں کہ مصنف رحؒ ستر عورت کے احکام با نواعہا کے بیان سے فراغت کے بعد نماز کی دوسری شرط استقبال قبلہ کا بیان شروع کر رہے ہیں اور یہ ترتیب بھی

امام بخاریؒ کی دقت نظر وبالغ نظری پر دال ہے اسلئے کہ انسان جب نماز شروع کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو سب سے پہلے ستر عورت کی ضرورت ہوگی پھر قبلہ رو ہو کر نماز شروع کرے گا، اسی ضمن میں مساجد کے احکام بھی بیان کرینگے۔

امام بخاریؒ کا مقصد قبلہ کی عظمت ورفعت شان ظاہر کرنا ہے جیساکہ حدیث باب سے معلوم ہوگا کہ استقبال قبلہ ان خصائل وشعائر میں سے ہے جو اسلام وکفر کے درمیان فارق وخط امتیاز ہے فال ابوحمید یہ صفحہ ۱۱۴ پر آرہا ہے۔

تشریح ہمارے ہندوستانی نسخوں میں اس باب کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" صحیح بخاری شریف میں بسم اللہ کی مختلف صورتیں ہیں جس کی کچھ تفصیل نصر الباری جلد اوّل ہے صد ۱۷۲ میں دیکھی جاسکتی ہے۔

مختصر یہ ہے کہ کتاب الصلوٰۃ نہ ابتدا ہے نہ انتہاء؟ یہ درمیان کتاب میں بسملہ کی کیا وجہ ہے؟

مختصر جواب یہ ہے کہ لکھتے لکھتے کسی ضرورت یا کسی عذر کی بنا پر لکھنا موقوف ہوتا پھر جب امام بخاری لکھنا شروع فرماتے تو بسم اللہ سے شروع کرتے۔ مطلب یہ ہوا کہ بعد الفترۃ لکھنے کی ابتداء ہے

امام بخاریؒ نے اس باب کے تحت دو روایت ذکر فرمایا ہے جس سے صاف معلوم ہوا کہ جو آدمی ظاہری طور پر اسلامی کلمہ کا اقرار کرے اسلامی شعار ظاہر کرے مثلاً فقط اپنے منہ سے کہدے اسلمت میں مسلمان ہوگیا میں مسلمان ہوں یا کلمۂ ایمانی پڑھ لے تو اس سے تعرض جائز نہیں وحسابہم علی اللہ یعنی دل کی حالت اللہ کے حوالے ہے۔

الا بحقہا ای الا بحق الدماء والاموال (عمدہ) یعنی اگر ایسے شخص پر جان یا مال کا قصاص یا تاوان واجب ہو تو وہ اس سے ضرور وصول کیا جائے گا جیسے کوئی ایسا کام کرے جن پر اسلام میں حفظ دم نہیں ہے تو پھر حفظ دم نہیں ہوگا مثلاً کسی کو قتل کردے تو قصاص میں قتل کیا جائے گا یا محصن زنا کرے تو رجم کیا جائے گا۔ وقال ابن ابی مریم اخبرنا یحیی قال حدثنا حمید قال حدثنا انس امام بخاریؒ نے اس تعلیق کو اسلئے ذکر فرمایا کہ حمید طویل کے متعلق تدلیس کا قول منقول ہے اور انہوں نے حضرت انسؓ سے عن کے ساتھ روایت نقل کی ہے اور مدلس کے معنعنہ میں انقطاع کا احتمال ہے اسلئے تحدیث ثابت کرنے کیلئے حدثنا انس ذکر فرمایا۔

بَابُ ۲۶۹ قِبْلَةِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَأَهْلِ الشَّامِ وَالْمَشْرِقِ لَيْسَ فِي الْمَشْرِقِ وَلَا فِي الْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ وَلٰكِنْ شَرِّقُوا أَوْ غَرِّبُوا

مدینہ والوں اور شام والوں کے قبلے کا بیان۔ اور مشرق (اور مغرب) کا بیان (یعنی مدینہ منورہ سے مشرق کی جانب

رہنے والوں اور مغرب کیجانب رہنے والوں کا بیان) مشرق اور مغرب میں (مدینہ اور شام والوں کا) قبلہ نہیں ہے اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے (مدینہ والوں سے) پیشاب یا پاخانہ کے وقت قبلہ کیطرف منہ نہ کرو بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف رخ کر لو۔

۳۸۵ (حدثنا علی بن عبد اللہ قال نا سفیان قال نا الزھری عن عطاء بن یزید اللیثی عن ابی ایوب الانصاری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلۃ ولا تستدبروھا ولکن شرقوا او غربوا قال ابو ایوب فقدمنا الشام فوجدنا مراحیض بنیت قبل القبلۃ فننحرف ونستغفر اللہ عز وجل وعن الزھری عن عطاء قال سمعت ابا ایوب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ حضرت ابو ایوب انصاری سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم قضائے حاجت کیلئے جاؤ تو نہ قبلہ کی طرف رخ کرو اور نہ قبلہ کی طرف پیٹھ کرو بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف رخ کر لو۔

حضرت ابو ایوب انصاری رض کا بیان ہے کہ پھر ہم شام گئے تو ہم نے وہاں قبلہ رخ بنے ہوئے بیت الخلاء دیکھے چنانچہ ہم مڑ جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے۔

اور زہری رح نے عطاء سے روایت کی عطاء نے کہا کہ میں نے حضرت ابو ایوب رض سے سنا انہوں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "شرقوا وغربوا" لانہ قال فیہا لیس فی المشرق ولا فی المغرب قبلۃ فاذا لم تکن فیہما قبلۃ یتوجہ المستنجی الیہا اما یشرق واما یغرب (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۵ و مضی ص۲۶ مسلم اول باب الاستطابۃ ص۱۳۰ نسائی اول النہی عن استدبار القبلۃ عند الحاجۃ ص۵ ترمذی اول باب فی النہی عن استقبال القبلۃ بغائط او بول ص۳ ابوداؤد اول باب کراھیۃ استقبال القبلۃ ص۳ ابن ماجہ باب النہی عن استقبال القبلۃ بالغائط والبول ص۲۷

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ اہل مدینہ اور اہل شام کا قبلہ نہ مشرق میں ہے نہ مغرب میں بلکہ ان لوگوں کا قبلہ جنوب کیجانب ہے۔

والمشرق یہاں مشرق کا قاف مجرور ہے اور مراد عام اہل مشرق نہیں ہے بلکہ خاص ہے کہ جو مدینہ سے ٹھیک

مشرق میں یا مغرب میں ہیں ان کا حکم ہے لیس فی المشرق ولا فی المغرب قبلۃ، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کا وطن بخارا اور مرو وغیرہ۔
ورنہ مطلق اہل مشرق کا قبلہ بلاشبہ مغرب کی جانب ہے جیسے ہم ہند و پاک اور بنگلہ دیش وغیرہ کے رہنے والے اہل مشرق ہیں ہمارا قبلہ مغرب ہی کی جانب واقع ہے۔ یہاں لفظ والمشرق اکتفا کے قبیل سے ہے مراد مشرق و مغرب دونوں ہیں یعنی احد المتقابلین کے ذکر پر اکتفا کرلیا۔ کما فی القرآن الحکیم وجعل لکم سرابیل تقیکم الحر پ۱۴ ع ۱۷ ای والبرد۔
ع۲ وقال البعض امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد ابوعوانہ وغیرہ کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ استقبال و استدبار عندالحاجت کی ممانعت صرف اہل مدینہ کیلئے ہے۔
باقی اقوال فقہاء و دیگر تفصیلات کیلئے ملاحظہ فرمائیے باب ۱۹۶ کی حدیث ۱۴۴۔

بابٌ ۲۷

(قول اللّٰہ عزّ وجلّ واتّخذوا من مقام ابراھیم مصلّی)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد" اور مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ

۳۸۶ (حدّثنا الحُمیدیُّ قال نا سُفیانُ قال نا عمرُو بنُ دینارٍ قال سألنا ابنَ عمرَ عن رجلٍ طافَ بالبیتِ للعمرۃِ ولم یطُف بین الصّفا والمروۃِ أیأتی امرأتہ؟ فقال قدِمَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم فطافَ بالبیتِ سبعًا وصلّی خلفَ المقامِ رکعتینِ وطافَ بین الصّفا والمروۃِ وقد کانَ لکم فی رسولِ اللّٰہ اُسوۃٌ حسنۃٌ وسألنا جابرَ بنَ عبدِ اللّٰہ فقال لا یقربنّھا حتّی یطوفَ بین الصّفا والمروۃِ)

ترجمہ عمرو بن دینار نے بیان کیا کہ ہم نے حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا کہ ایک شخص نے عمرہ کے لئے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کی تو کیا وہ اپنی بیوی کے پاس جا سکتا ہے (یعنی کیا صحبت کر سکتا ہے؟) تو حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ میں) تشریف لائے تو بیت اللہ کا طواف کا سات مرتبہ طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی اور بیشک تمہارے لئے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں عمدہ نمونہ

موجود ہے اور عمرو بن دینار نے کہا اور ہم نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ سے بھی اس مسئلہ کو پوچھا تو انہوں نے کہا وہ شخص عورت سے اس وقت تک صحبت نہ کرے جب تک صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کرلے۔

مُطابقۃ للترجمۃ | مُطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "وصلی خلف المقام رکعتین"

تعدد موضعہ | والحدیث ھٰھنا ص۵۷ ویاتی فی المناسک ص۲۲۰ وایضاً فی باب من صلی رکعتی الطواف خلف المقام ص۲۲۰ و ص۲۲۳ و ص۲۴۱ مسلم اول ص۴۰۵ نسائی ثانی فی "این یصلی رکعتی الطواف ص۳۱ وطواف من اھل بعمرۃ ص۲۹ وذکر خروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی الصفا الخ ص۳۲ وابن ماجہ فی المناسک باب الرکعتین بعد الطواف ص۲۱۸۔

۳۸۷ (حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سَيْفٍ يَعْنِي ابْنَ اَبِي سُلَيْمٰنَ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا قَالَ اُتِيَ ابْنُ عُمَرَ فَقِيْلَ لَهٗ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاَقْبَلْتُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ وَاَجِدُ بِلَالًا قَائِمًا بَيْنَ الْبَابَيْنِ فَسَاَلْتُ بِلَالًا فَقُلْتُ اَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ قَالَ نَعَمْ رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ اللَّتَيْنِ عَلٰى يَسَارِهٖ اِذَا دَخَلْتَ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰى فِي وَجْهِ الْكَعْبَةِ رَكْعَتَيْنِ)

ترجمہ | سیف ابن ابی سلیمان سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں نے مجاہدؒ سے سنا کہ حضرت ابن عمرضؓ کے پاس کوئی شخص آیا اور بتایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو کعبہ کے اندر تشریف لے گئے ہیں حضرت ابن عمرؓ کا بیان ہے کہ یہ سنکر میں (خانہ کعبہ کے پاس) پہنچا تو آپؐ باہر آچکے تھے اور میں دیکھتا ہوں کہ حضرت بلالؓ دونوں دروازوں کے درمیان کھڑے ہیں میں نے بلال رضؓ سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ ہاں دو رکعت ان دو ستونوں کے درمیان جو تمہارے اندر جاتے وقت بائیں ہاتھ کی طرف پڑتے ہیں پھر حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم باہر نکلے اور کعبہ کے سامنے دو رکعتیں پڑھیں۔

مُطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فصلی فی وجہ الکعبۃ"

تعدد موضعہ | والحدیث ھٰھنا ص۵۷ ویاتی ص۶۷ و ص۲۲ " و ص۱۵۶ فی المناسک ص۲۱۷ و ص۲۱۹

وفی المغازی ص۶۱۴ وص۶۳۱ مسلم اول فی الحج ص۴۲۸ ، ابوداؤد اول فی المناسک فی باب الصلوٰۃ فی الکعبۃ ص۲۷۷ نسائی کتاب المساجد فی الصلوٰۃ فی الکعبۃ ص۸۰۔

۳۸۸ (حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْبَیْتَ دَعَا فِیْ نَوَاحِیْہِ کُلِّہَا وَلَمْ یُصَلِّ حَتّٰی خَرَجَ مِنْہُ فَلَمَّا خَرَجَ رَکَعَ رَکْعَتَیْنِ فِیْ قُبُلِ الْکَعْبَۃِ وَقَالَ ہٰذِہٖ ہِیَ الْقِبْلَۃُ)

ترجمہ عطا ابن ابی رباح رح سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں حضرت ابن عباس رض سے سُنا انھوں نے کہا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ میں داخل ہوئے تو آپؐ نے خانہ کعبہ کے تمام گوشوں میں دعا کی اور نماز نہیں پڑھی حتی کہ آپؐ باہر تشریف لائے پھر جب آپؐ باہر آگئے تو آپؐ نے کعبہ کے سامنے دو رکعتیں پڑھیں اور فرمایا کہ قبلہ یہی ہے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "رکع رکعتین فی قبل الکعبۃ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا ص۵۷ وفی المناسک ص۲۱۵ وفی کتاب الانبیاء ص۴۷۳ و فی المغازی ص۶۱۴۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ نمازوں میں کعبہ معظمہ کا استقبال ضروری و لازم ہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ امام بخاری رح کے نزدیک آیۃ کریمہ مذکورہ میں واتخذوا بصیغہ امر ہے جو مشہور قرأت ہے اور امر ایجابی ہے۔

نیز اس صورت میں مقام ابراہیم سے مراد کعبہ مکرمہ ہے۔

بعض علماء کرام کا خیال یہ ہے کہ امام بخاری رح کا مقصد یہ بتانا ہے کہ اتخذوا میں امر استحبابی ہے چونکہ حضرت بلال رض کی روایت میں تصریح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ مکرمہ کے اندر نماز پڑھی ہے تو ظاہر ہے کہ مقام ابراہیم کا استقبال نہ تھا معلوم ہوا کہ امر استحبابی ہے۔

امر کو استحبابی ماننے کی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ نماز سے مراد خاص رکعتی الطواف ہے یعنی طواف کعبہ کے بعد دو رکعت مقام ابراہیم کے پاس پڑھنا افضل و زیادہ بہتر ہے۔

مقامِ ابراہیم مقام ابراہیم سے کیا مراد ہے؟ مفسرین کے اقوال مختلف ہیں علامہ عینی رح لکھتے ہیں "اختلف المفسرون فی المراد بالمقام ماھو؟

پھر تفصیل اقوال نقل کرتے ہیں:- (۱) مقام ابراہیم الحرم کلہ یعنی پورا حرم شریف۔ یہی منقول ہے، مجاھد، اور عطاء وغیرہ سے۔
(۲) عرفہ، مزدلفہ اور منیٰ یعنی مواقف حج (۳) وہ مقام جہاں وہ پتھر رکھا ہوا ہے۔ جسپر کھڑے ہوکر حضرت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کی اور اس پر حضرت ابراہیمؑ کے نشانات قدم ہیں۔
(۴) بیت اللہ شریف، آیت کریمہ میں یہی مراد ہے جیسا کہ باب کی تیسری یعنی آخری حدیث میں تصریح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے سامنے دو رکعت پڑھ کر فرمایا ھی القبلۃ یہی قبلہ ہے۔

نیز اس صورت میں باب کی ذکر کردہ تمام روایات ترجمہ سے منطبق ہوجاتی ہیں۔ اور اگر مقام ابراہیم سے مراد وہی مقام پتھر لیا جائے تو امر استحبابی ہوا اور مراد رکعتی الطواف ہوگی۔ اسلئے علماء اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ بیت اللہ شریف کا کسی حصہ کا استقبال فرض ہے حتی کہ اگر کوئی اس طرح کھڑا ہوکر نماز پڑھے کہ بیت اللہ شریف کے کسی حصہ کا استقبال نہ ہو تو نماز نہیں ہوگی۔

اور اگر دوسرا قول یعنی عرفہ وغیرہ مراد لی جائے تو معنی ہوں گے کہ ان مقامات کو مقام دعا بناؤ کہ ان مواضع میں دعا مقبول ہوتی ہے۔

سالنا ابن عمر حضرت ابن عمرؓ کے جواب سے معلوم ہوا کہ صرف طواف کے بعد عمرہ سے حلال نہ ہوگا سعی بین الصفا والمروہ ضروری ہے چونکہ حضرت ابن عمرؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل پیش کرکے آیت کریمہ لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ تلاوت فرمادی۔

ولم یصل الخ تیسری روایت حضرت ابن عباسؓ کی ہے جس سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے نماز نہیں پڑھی لیکن اس سے اوپر حضرت ابن عمرؓ کی روایت میں ہے کہ حضرت بلالؓ نے تبلایا کہ آپؐ نے دو رکعت پڑھی۔

جواب ۱ نفی واثبات میں تعارض ہوجائے تو اثبات کو ترجیح ہوگی۔
۲ صلوٰۃ نافلہ پڑھی نہ کہ فرض **۳** حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا دخول کعبہ دو مرتبہ ہوا ہے ایک فتح مکہ کے موقعہ پر، دوسرے حجۃ الوداع میں، تو پڑھنا محمول ہے ایک موقعہ پر اور نہ پڑھنا محمول ہے دوسرے مرتبہ پر۔

باب کی دوسری حدیث ابن عمرؓ سے معلوم ہوا کہ بیت اللہ کے اندر نماز پڑھنا درست ہے نیز جمہور حنفیہ وشافعیہ کے نزدیک بیت اللہ کے چھت پر بھی نماز درست ہے لیکن ترک تعظیم کی وجہ سے مکروہ ہے لیکن حنابلہؒ کے نزدیک فرض نماز نہ بیت اللہ کے اندر درست اور نہ چھت پر، تفصیل کے لئے کتب فقہ کی طرف رجوع کیجئے۔

باب التوجہ نحو القبلۃ حیث کان وقال ابوہریرۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم استقبل القبلۃ وکبر)

جہاں بھی ہو (نماز میں) قبلہ کی طرف توجہ کرنا۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبلہ کا استقبال کرو اور تکبیر کہو (یعنی نمازی روبہ قبلہ ہو کر تکبیر تحریمہ کہے) اس ترجمہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے فرض نماز کیلئے جہت قبلہ کیطرف توجہ کرنے کی فرضیت بتلائی خواہ نمازی سفر میں ہو یا حضر میں جہت کعبہ کافی ہے کیونکہ عین کعبہ کی طرف منہ کرنا دوسرے ملک والوں کیلئے مشکل ہے بلکہ تکلیف مالایطاق ہے لیکن جن لوگوں کو کعبہ نظر آئے تو ان کیلئے عین کعبہ کیطرف رخ کرنا ضروری ہے جہت کعبہ کافی نہیں قال ابوھریرۃ یہ روایت کتاب الاستیذان میں موصولا آرہی ہے صفحہ ۹۲۴ پر۔

۳۸۹ (حدثنا عبد اللہ بن رجاء قال نا اسرائیل عن ابی اسحاق عن البراء قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی نحو بیت المقدس ستۃ عشر شھرا او سبعۃ عشر شھرا وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب ان یوجہ الی الکعبۃ فانزل اللہ عزوجل قد نری تقلب وجھک فی السماء فتوجہ نحو القبلۃ وقال السفھاء من الناس وھم الیھود ما ولٰھم عن قبلتھم التی کانوا علیھا قل للہ المشرق والمغرب یھدی من یشاء الی صراط مستقیم فصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجل ثم خرج بعد ما صلی فمر علی قوم من الانصار فی صلوٰۃ العصر یصلون نحو بیت المقدس فقال ھو یشھد انہ صلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانہ توجہ نحو الکعبۃ فتحرف القوم حتی توجھوا نحو الکعبۃ)

ترجمہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سولہ مہینے یا سترہ مہینے تک بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (دل سے) یہ چاہتے تھے کہ (نماز میں) کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم آجائے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی قد نری تقلب الخ (سورہ بقرہ) یعنی ہم آپ کے چہرہ کا بار بار آسمان کیطرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں الخ پھر آپ نے قبلہ (کعبہ) کی طرف رخ کرلیا اس پر بیوقوف لوگوں نے جو یہود تھے کہا کہ ان لوگوں کو کس نے اس قبلہ سے پھیر دیا جس کی طرف پہلے متوجہ تھے (اے پیغمبر) آپ فرما دیجئے کہ مشرق و مغرب سب اللہ کے ہیں وہ جس کو چاہتے ہیں سیدھی راہ دکھا دیتے ہیں، پھر ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی (یعنی تحویل

قبلہ کے بعد خانہ کعبہ کی طرف نماز پڑھی) پھر وہ نماز پڑھنے کے بعد نکلا اور کچھ انصار کے پاس سے گذرا جو عصر کی نماز بیت المقدس کی طرف پڑھ رہے تھے اس نے کہا کہ وہ یعنی میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی اور آپؐ نے کعبہ کی طرف رُخ کیا چنانچہ یہ سنتے ہی سب نمازی گھوم گئے اور سب نے کعبہ کی طرف اپنا رخ کرلیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "توجہ نحو الکعبۃ فتحرف القوم الیٰ اخرہ۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ۵۷ ومر منا ۱۱ وباقی فی التفسیر ۶۴۴ و ۶۴۵ وصفحہ ۱۰۷۷۔

۳۹۰) حدثنا مسلم بن ابراھیم قال حدثنا ھشام بن عبد اللہ قال حدثنا یحیی بن ابی کثیر عن محمد بن عبد الرحمٰن عن جابر بن عبد اللہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی راحلتہ حیث توجھت بہ فاذا اراد الفریضۃ نزل فاستقبل القبلۃ)

ترجمہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر (نفل) نماز پڑھ لیا کرتے تھے وہ سواری جس طرف آپؐ کو لیجاتی لیکن جب آپؐ فرض نماز پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو سواری سے اتر جاتے اور قبلہ (کعبہ) کیطرف رُخ کرکے نماز پڑھتے۔

مطابقۃ للترجمۃ

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "فاستقبل القبلۃ"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ۵۷ تا ۵۸ (فی باب صلوٰۃ التطوع علی الدواب حیثما توجھت بہ ۱۴۸ (فی باب ینزل للمکتوبۃ ۱۴۸ (مغازی ۵۹۳۔

۳۹۱) حدثنا عثمان قال حدثنا جریر عن منصور عن ابراھیم عن علقمۃ قال قال عبد اللہ صلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابراھیم لا ادری زاد او نقص فلما سلم قیل لہ یارسول اللہ احدث فی الصلوٰۃ شیئ قال وما ذاک قالوا صلیت کذا وکذا فثنی رجلیہ واستقبل القبلۃ وسجد سجدتین ثم سلم فلما اقبل علینا بوجھہ قال انہ لو حدث فی الصلوٰۃ شیئ لنبأتکم بہ ولکن انما انا بشر مثلکم انسی کما تنسون فاذا نسیت فذکرونی

وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُسَلِّمْ ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ۔

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی (یعنی پڑھائی) ابراہیم نخعیؒ کہتے ہیں کہ مجھکو معلوم نہیں کہ آپؐ نے (نماز میں) زیادہ کردیا تھا یا کم کردیا تھا۔ پس جب آپؐ نے سلام پھیر دیا تو آپؐ سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا نماز میں کوئی نیا حکم آگیا؟ آپؐ نے فرمایا وہ کیا؟ صحابہ نے عرض کیا آپؐ نے اس اس طرح نماز پڑھی (یعنی اتنی اتنی رکعتیں پڑھیں) یہ سنکر آپؐ نے اپنے دونوں پیروں کو موڑا اور قبلہ کا استقبال کیا اور (سہو کے) دو سجدے کئے پھر سلام پھیرا پھر چہرۂ مبارک سے ہماری طرف متوجہ ہوئے ارشاد فرمایا کہ اگر نماز میں کوئی نیا حکم آیا ہوتا تو تمہیں ضرور اس کی اطلاع دیتا لیکن میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں جس طرح تم بھولتے ہو میں بھی بھول جاتا ہوں لہٰذا جب میں بھول جاؤں تو تم مجھے یاد دلا دیا کرو اور جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک ہوجائے تو ٹھیک بات معلوم کرنے کی کوشش کرے (یعنی غور کرکے غلبۂ ظن پر عمل کرے) پھر اس ٹھیک پر اپنی نماز پوری کرے پھر سلام پھیرے اور (سہو کے) دو سجدے کرے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فثنیٰ رجلیہ واستقبل القبلۃ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰہنا صـ۵۸ ویاتی ایضا صـ۵۸ وصـ۱۶۳ وایضا صـ۹۸۷ وصـ۱۰۷۷ ومسلم اول صـ۲۱۱ تا صـ۲۱۲ ابوداؤد اول صـ۱۴۶۔

مقصد ترجمہ باب کے تحت امام بخاریؒ کا مقصد بیان کردیا گیا ہے کہ نمازی جہاں کہیں بھی ہو سفر میں ہو یا حضر میں، کعبہ مکرمہ کے قریب ہو یا دور ہر ایک کے لئے ہر صورت میں فرض نماز کیلئے استقبال قبلہ فرض ہے البتہ حالات عذر مستثنیٰ ہیں مثلاً سواری سے اترنے پر جان کا خطرہ ہے تو یہ عذر ہے اور عذر میں سواری پر فرض نماز بھی درست ہے۔ رہ گیا یہ مسئلہ کہ عین کعبہ کا استقبال ضروری ہے یا جہت کعبہ کافی ہے؟

اصح ترین قول عند الجمہور یہ ہے کہ اگر کعبہ مکرمہ مشاہد ہے تو عین کعبہ کا استقبال ضروری ہے اور غیر مشاھد کیلئے جہت کعبہ کافی ہے جیساکہ امام بخاریؒ نے ترجمہ قائم کیا ہے "التوجہ نحو القبلۃ" اور ظاہر ہے کہ نحو القبلہ کے معنی ہیں جہت کعبہ، کما فی القرآن الحکیم "حیث ما کنتم فولوا وجوھکم شطرہٗ" اور شطر کے معنی اکثر و بیشتر نے جہت و جانب کے لیا ہے

تشریح حدیث باب کی پہلی حدیث یعنی حدیث ۳۸۹ کی تشریح کیلئے نصر الباری جلد اول صـ۲۰۱ سے ۲۰۷

ملاحظہ فرمائیے۔

اس سے معلوم ہوا کہ احکام کا نسخ درست ہے اور یہی جمہور علماء کا مذہب ہے۔

دوسری حدیث یعنی حدیث نمبر ۳۹۰ سے معلوم ہوا کہ نفل نماز سواری پر درست ہے، بحالت سفر تو بالاتفاق درست ہے جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہے لیکن فرض نماز کیلئے آپؐ سواری سے اتر جاتے تھے یہی مسئلہ فرض نمازوں کے علاوہ وتر کا بھی ہے کہ سواری پر درست نہیں۔

نمبر۲ امام اعظمؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک حضر میں نفل نماز بھی سواری پر درست نہیں۔ صرف امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نفل نماز حضر میں بھی سواری پر درست ہے۔

تفصیل کیلئے کتب فقہ کا مطالعہ کیجئے۔

تشریح حدیث نمبر ۳۹۱ قال ابراھیم لا ادری زاد او نقص منصور کہتے ہیں کہ امام ابراہیم کو شک ہو گیا کہ ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ مجھکو معلوم نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں زیادہ کر دیا تھا یا کم؟ جس کی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہوا تھا۔ آئندہ باب کی تیسری روایت میں ہے کہ حضور اقدس صؐ نے ظہر کی نماز پانچ رکعتیں پڑھیں حدیث نمبر ۳۹۴۔ سوال یہ ہے کہ یہ روایت بھی ابراہیم نخعیؒ کی ہی ہے اس میں بلا شک زیادتی منقول ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جب ابراہیمؒ نے منصور سے بیان کیا تو خیال نہیں آیا اور تردد ہو گیا اور جب حکم سے بیان کیا تو شک دور ہو گیا اور زیادتی کا یقین ہو گیا۔ فلا اعتراض۔ فثنیٰ رجلیہ واستقبل الخ اس سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے استقبال قبلہ کا اس قدر اہتمام کیا کہ سجدہ سہو بھی آپ صؐ نے قبلہ رو ہو کر فرمایا اس سے یہ ثابت ہوا کہ استقبال قبلہ شرط صلوٰۃ ہے خواہ اول صلوٰۃ ہو یا آخر صلوٰۃ استقبال قبلہ ضروری ہے۔

سجد سجدتین ثم سلم اس سلام سے مراد وہ سلام ہے جو سجدہ سہو کے بعد تشہد پڑھ کر آخر میں کیا جاتا ہے۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ سجدۂ سہو قبل السلام ہے یا بعد السلام؟

حنفیہ کے نزدیک سجدہ سہو مطلقاً بعد السلام ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک مطلقاً قبل السلام۔

امام مالکؒ کے نزدیک تفصیل ہے کہ اگر سجدہ سہو نماز میں کسی نقصان کی وجہ سے واجب ہوا ہے تو سجدہ سہو قبل السلام ہوگا۔ کسی زیادتی کی وجہ سے واجب ہوا ہے تو بعد السلام ہوگا، امام مالکؒ کے مسلک کو یاد رکھنے کیلئے آسان طریقہ یہ ہے القاف بالقاف والدال بالدال یعنی القبل بالنقصان والبعد بالزیادۃ۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سہو کی جن صورتوں میں سجدۃ قبل السلام کیا ہے ہم بھی اس سہو میں سجدہ قبل السلام کرینگے اور جن صورتوں میں آپ صؐ نے بعد السلام سجدہ سہو کیا ہے ہم بھی سجدہ

بعد السلام کریں گے۔
یہ بات ذہن نشین رہے کہ یہ اختلاف محض افضلیت میں ہے چوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل السلام اور بعد السلام دونوں طریقے ثابت ہیں۔
انسیٰ کما تنسون الخ یہاں صرف نسیان میں تشبیہ ہے چوں کہ انبیاء کرام علیہم السلام بشر ہیں اور بشر کے لئے صفات بشریہ لازم ہیں جن سے مقام نبوت داغدار نہ ہوتا ہو علامہ نووی فرماتے ہیں فیہ دلیل علی جواز النسیان علیہ صلی اللہ علیہ وسلم فی احکام الشرع وھو مذھب جمھور العلماء الخ (شرح نووی ص۲۱۲)
یعنی انبیاء کرام علیہم السلام پر احکام شرعیہ میں نسیان ہوتا ہے یہی جمہور علماء کا مذہب ہے مگر فوراً اطلاع ضروری ہے البتہ اقوال بلاغیہ میں نسیان بالاتفاق محال ہے۔
بہر حال انبیاء کرام علیہم السلام سے افعال واعمال میں نسیان ممکن وجائز ہے اور یہ بھی دینی مصلحت کے پیش نظر ہے کہ اس میں مسائل سجدہ سہو کی تشریع وتعلیم ہے۔
اذا شک احدکم الخ جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک ہو جائے تو صواب وصحت کو معلوم کرنے کیلئے تحری کر کے ظن غالب کے مطابق اپنی نماز پوری کرے۔
اس مسئلہ میں اختلاف روایات کی وجہ سے ائمہ کرام کے اقوال مختلف ہیں:۔
حنفیہ کے یہاں شک کی الگ الگ صورتوں میں تین حکم ہیں ۱ اگر نمازی کو پہلی مرتبہ شک ہوا ہے کہ تو نماز کا اعادہ کرے یعنی از سر نو نماز کو لوٹانا واجب ہے۔
اور اگر بار بار شک پیش آتا رہتا ہے تو اعادہ واجب نہیں بلکہ تحری کرے۔ یعنی غور وفکر کر کے غلبہ ظن پر عمل کرے۔ اور اگر کسی جانب گمان غالب نہ ہو تو بناء علی الاقل کرے اور آخر میں سجدہ سہو کرے۔
امام شافعی اور فی روایۃ امام احمد کے نزدیک ہر حال میں بناء علی الاقل کرے گا۔ مثلاً کسی کو شک ہو گیا کہ تین رکعت ہوئی یا چار؟ تو شوافع فرماتے ہیں کہ تین چوں کہ یقینی ہے اس لئے اسی کا اعتبار کر کے نماز پوری کرے۔

باب ۲۷۲ مَا جَاءَ فِی الْقِبْلَةِ وَمَنْ لَا یَرَی الْإِعَادَةَ عَلیٰ مَنْ سَهَا فَصَلّٰی إِلیٰ غَیْرِ الْقِبْلَةِ وَقَدْ سَلَّمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی رَکْعَتَیِ الظُّهْرِ وَأَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ بِوَجْهِهٖ ثُمَّ أَتَمَّ مَا بَقِیَ)

ان چیزوں کا بیان جو قبلہ کے سلسلے میں وارد ہوئی ہیں (حکم مذکور کے علاوہ) اور جو لوگ بھول کر غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھنے والے کیلئے اعادہ ضروری نہیں سمجھتے اور بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی

دو رکعت پر سلام پھیر دیا اور لوگوں کی طرف اپنا چہرہ کر لیا پھر (یاد دلانے پر) باقی نماز کو پورا کیا۔

۳۹۲ (حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلَاثٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوِ اتَّخَذْنَا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى فَنَزَلَتْ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَآيَةُ الْحِجَابِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَمَرْتَ نِسَاءَكَ أَنْ يَحْتَجِبْنَ فَإِنَّهُ يُكَلِّمُهُنَّ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ وَاجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُنَّ عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا بِهٰذَا)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے اپنے پروردگار سے تین باتوں میں موافقت کی (ایک یہ کہ) میں نے کہا کہ یارسول اللہ اگر ہم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بنالیں تو بہتر ہو اس پر یہ آیت نازل ہوئی واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی اور (دوسری بات یہ کہ) حجاب کی آیت نازل ہوئی (میری خواہش کے مطابق) میں نے عرض کیا یارسول اللہ کاش آپ اپنی عورتوں کو پردہ کرنے کا حکم دیدیں اسلئے کہ ان سے ہر نیک و بد گفتگو کرتا ہے چنانچہ حجاب کی آیت نازل ہوئی۔ اور (تیسری بات یہ ہے کہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں آپ پر نسوانی جذبہ رشک کے تحت جمع ہوئیں تو میں نے ان سے کہا اگر حضور علیہ السلام تم سب کو طلاق دے دیں تو کچھ بعید نہیں کہ آپ کا پروردگار آپ کو تم سے بہتر بیویاں عطا فرمادے جو فرمانبردار ہوں گی چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔

ابوعبداللہ یعنی امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ سعید بن ابی مریم نے اس حدیث کو اس سند سے بیان کیا کہ ہم کو یحییٰ بن ایوب نے خبر دی انھوں نے کہا ہم سے حمید نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ میں نے انس رضؓ سے یہ حدیث سنی۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحديث للترجمة في الجزء الاول وهو قوله "لو اتخذنا من مقام ابراهيم مصلّى" والمراد من مقام ابراهيم الكعبة ١٢

تعدد موضعه والحديث ههنا ص۵۸ ويأتي في تفسير سورة البقرة ص۶۴۲ وايضا في التفسير

ص۶۰۶ وایضا ص۷۳۱ و ترمذی جلد ثانی تفسیر سورۃ بقرہ ص۱۲۰ ابن ماجہ ص۷۲۔

۳۹۳ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ بَیْنَ النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِیْ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ اِذْ جَاءَھُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَیْہِ اللَّیْلَۃَ قُرْاٰنٌ وَقَدْ اُمِرَ اَنْ یَّسْتَقْبِلَ الْکَعْبَۃَ فَاسْتَقْبِلُوْھَا وَکَانَتْ وُجُوْھُھُمْ اِلَی الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَی الْکَعْبَۃِ)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ (ایک مرتبہ) لوگ مسجد قبا میں صبح کی نماز پڑھ رہے تھے کہ یکایک ایک آنے والا (عبادہ بن بشرؓ) ان کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پرات قرآن نازل ہوا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ نماز میں کعبہ کا استقبال کیا کریں۔ اسلئے آپ لوگ بھی کعبہ کا رخ کرلو اس وقت ان لوگوں کا رخ شام (بیت المقدس) کی طرف تھا چنانچہ سب نے اپنا رخ کعبہ کیطرف پھیر لیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "وقد امران یستقبل الکعبۃ" نیز آخری جملہ سے بھی مطابقت ہے فاستداروا الی الکعبۃ"

تعدد موضع والحدیث ھٰھنا ص۵۸ ویاتی فی التفسیر ص۶۴۵ حدیث ۱۵ وحدیث ۱۷ و ص۶۴۸ حدیث ۲۰ و ۲۱ وفی اخبار الاحاد ص۱۰۷۷ مسلم اول ص۲۰۰ ونسائی اول باب استبانۃ الخطاء بعد الاجتہاد ص۵۷۔

۳۹۴ (حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی عَنْ شُعْبَۃَ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عَلْقَمَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الظُّھْرَ خَمْسًا فَقَالُوْا اَزِیْدَ فِی الصَّلٰوۃِ قَالَ وَمَا ذَاکَ قَالُوْا صَلَّیْتَ خَمْسًا فَثَنٰی رِجْلَیْہِ وَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک مرتبہ بھول سے) ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھ لیں صحابہؓ نے عرض کیا کیا نماز میں زیادتی ہوگئی ہے؟ آپؐ نے فرمایا کیا بات ہے؟ صحابہ نے کہا آپ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں چنانچہ (یہ سنکر) آپؐ نے اپنے پیروں کو موڑا اور (سہو کے) دو سجدے کئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ التی ھی قولہ " ومن لایری الاعادۃ علی من سھا فصلی، ظاھرۃ لانہ صلی اللہ علیہ وسلم سہا فصلی ولم یعد تلک الصلوٰۃ (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ ترجمہ کے دوسرے جز سے اس تیسری حدیث کی مطابقت ظاہر ہے۔

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰہنا ۵۸ ومضی عن قریب یعنی حدیث ۳۹۱۔

مقصد ترجمہ ترجمۃ الباب کے دو جز ہیں (۱) ماجاء فی القبلۃ (۲) من لایری الاعادۃ الخ حافظ عسقلانی رح فرماتے ہیں کہ پہلا جز ماجاء فی القبلۃ کا مطلب یہ ہے کہ غیر ماتقدم یعنی قبلہ کے متعلق مصنف کچھ اور باتیں متعلقات قبلہ بیان کرنا چاہتے ہیں۔

اور حضرت شیخ الحدیث رح فرماتے ہیں کہ ماجاء فی القبلۃ بطور مسائل شتی (متفرقات) کے ہے۔ اور دوسرا جز بمنزلہ جزئیات کے ہے۔

دونوں قول میں کوئی منافات نہیں ہے کہ متعلقات قبلہ میں سب سے اہم مسئلہ اور جزئیہ قبلہ میں غلطی اور سہو کا ہے جو ترجمہ کا دوسرا جز ہے من لایری الاعادۃ علی من سہا الخ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر کسی نے بھول کر غیر قبلہ سمجھکر نماز پڑھ لی تو اس کا کیا حکم ہے؟

اقوال ائمہ اگر تحری کرکے نماز پڑھا تو اگر حقیقۃً وہی قبلہ تھا تو نہ کوئی اختلاف ہے اور نہ کوئی اشکال۔

لیکن اگر اس تحری میں غلطی معلوم ہوجائے کہ غیر قبلہ کی طرف نماز ہوئی تو امام شافعی رح کے نزدیک قول جدید میں مطلقاً اعادہ واجب ہے خواہ غلطی کا علم وقت کے اندر ہو یا وقت گذرنے کے بعد بہر صورت نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔

۲ امام مالک رح وامام زہری رح کے نزدیک اگر یہ غلطی وقت کے اندر ہی معلوم ہوجائے تو نماز کا اعادہ ہے اور اگر وقت گذرنے کے بعد معلوم ہو تو اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۳ امام اعظم ابوحنیفہ رح اور امام شافعی رح فی قول قدیم اور امام احمد رح فی روایۃ وسعید بن مسیب، اور عطار بن ابی رباح وغیرہ جمہور کے نزدیک اعادہ واجب نہیں ہے یہی امام بخاری رح کا مذہب ہے۔

اس ترجمہ سے امام بخاری رح کا مقصد امام ابوحنیفہ رح کی تائید وموافقت ہے۔

چنانچہ شیخ المشائخ حضرت شاہ ولی اللہ رح فرماتے ہیں، ظاھر ھذہ الترجمۃ الاشارۃ الی ماذھب الیہ ابوحنیفۃ رضی اللہ عنہ من ان المصلی لو اخطأ فی تحری القبلۃ فی لیلۃ ظلماء وصلی الی غیر القبلۃ فصلاتہ جائزۃ ولیس علیہ ان یعید الخ (شرح تراجم)

آگے شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ امام بخاری رحؒ کا استدلال حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ہے کہ آپؐ نے نماز کے بعد قبلہ سے چہرۂ مبارک پھیر کر مقتدیوں کی طرف کرلیا تھا اور قبلہ رو نہ رہے لیکن آپؐ نے نماز کا اعادہ نہیں فرمایا بلکہ اسی پر بنا کر کے بقیہ نماز پوری فرمائی۔

تشریح امام بخاری رحؒ نے اس باب میں تین روایات نقل فرمائی ہیں۔ پہلی روایت یعنی حدیث ۳۹۲ کی تشریح کیلئے نصر الباری کتاب التفسیر کی حدیث ۱ ملاحظہ فرمایئے۔ دوسری حدیث یعنی ۲۹۳ کیلئے نصر الباری کتاب التفسیر کی حدیث ۱۵ تا ۲۰ دیکھیے۔

باب کی تیسری حدیث حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کی روایت ہے کہ ایکمرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز میں بجائے چار رکعات کے سہواً پانچ رکعتیں پڑھ لیں اور سلام کے بعد مقتدیوں کی طرف متوجہ ہو گئے پھر صحابہ کے یاد دلانے کے بعد قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر ما بقی پوری کی معلوم ہوا کہ قبلہ سے پشت کرنے کی حالت میں بھی آپؐ حکماً نماز میں ہی تھے لہٰذا معلوم ہوا کہ صلوٰۃ الی غیر القبلہ سہواً سے نماز درست ہے اعادہ واجب نہیں مگر یہ اس وقت ہے جب کہ تحری کے بعد نماز پڑھے اور اگر بغیر تحری کے سہو معلوم ہو تو نماز کا اعادہ لازم ہے۔ واللہ اعلم

باب ۲۷۳

(حك البزاق باليد من المسجد)

مسجد میں تھوک پڑا ہو تو ہاتھ کے ذریعہ کھرچ ڈالنے کا بیان

۳۹۵ (حدثنا قتيبة قال نا اسمٰعيل بن جعفر عن حميد عن انس بن مالك ان النبي صلے الله عليه وسلم رأى نخامة في القبلة فشق ذالك عليه حتى رئي في وجهه فقام فحكه بيده فقال ان احدكم اذا قام في صلاته فانه يناجي ربه او ان ربه بينه وبين القبلة فلا يبزقن احدكم قبل قبلته ولكن عن يساره او تحت قدمه ثم اخذ طرف ردائه فبصق فيه ثم رد بعضه على بعض فقال او يفعل هكذا)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیوار قبلہ پر بلغم لگا ہوا

دیکھا تو یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نہایت شاق گذرا یہاں تک کہ اس کا اثر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک پر محسوس کیا گیا چنانچہ آپ کھڑے ہوئے اور اپنے ہاتھ سے اس کو کھرچ ڈالا پھر فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو وہ بیشک اپنے رب سے مناجات (سرگوشی) کرتا ہے یا یہ فرمایا کہ اس کا رب اس کے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے اسلئے تم میں سے کوئی اپنے قبلہ کی جانب ہرگز نہ تھوکے لیکن اپنی بائیں جانب یا اپنے قدم کے نیچے تھوک سکتا ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کا ایک گوشہ لیا اور اس میں تھوکا پھر اس کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ سے رگڑ دیا اور فرمایا کہ یا اس طرح کرے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فحکہ بیدہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۸ ومرص۳۸ ویاتی ص۵۹ ،، ،، وص۷۰ وص۱۶۲ ومسلم اول ص۲۰۷۔

۳۹۶ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال انا مالک عن نافع عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رای بصاقا فی جدار القبلۃ فحکہ ثم اقبل علی الناس فقال اذا کان احدکم یصلی فلا یبصق قبل وجہہ فان اللہ سبحانہ قبل وجہہ اذا صلی)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیوار قبلہ پر تھوک دیکھا تو اس کو کھرچ ڈالا پھر لوگوں کی طرف مخاطب ہوئے اور فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھے تو اپنے سامنے کی جانب نہ تھوکے اسلئے کہ جب وہ نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ سبحانہ اس کے چہرہ کے سامنے ہوتے ہیں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "رای بصاقا فی جدار القبلۃ" "فحکہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۸ ویاتی ص۱۰۴ ، ص۱۶۲ وص۹۰۲ ومسلم اول ص۲۰۷ نسائی اول النھی عن ان یتنخم الرجل فی قبلۃ المسجد ص۸۴۔

۳۹۷ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا مالک عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ام المؤمنین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رای فی جدار القبلۃ مخاطا او بصاقا او نخامۃ فحکہ)

ترجمہ ام المومنین حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی دیوار پر رینٹ (ناک کی رطوبت) یا تھوک یا بلغم دیکھا تو آپؐ نے اس کو کھرچ دیا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ ظاھرۃ فی "رآی فی جدار القبلۃ مخاطا او بصاقا او نخامۃ فحکہ"

تعدد موضعہ
والحدیث ھھنا ص۵۸ و مسلم اول ص۲۰۷۔

مقصد ترجمہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں "لما فرغ من بیان احکام القبلۃ شرع فی بیان احکام المساجد والمناسبۃ ظاھرۃ (عمدہ)

یعنی قبلہ اور مسجد کے درمیان مناسبت ظاہر ہے کہ اگر کسی کو قبلہ کی جہت میں شبہ ہو تو مسجد کے ذریعہ جہت قبلہ آسانی سے معلوم کر لیتا ہے چونکہ مساجد کے اندر قبلہ کا خاص لحاظ ہوتا ہے اور انتہائی اہتمام کیا جاتا ہے قبلہ ہی کی طرف مسجدیں بنائی جاتی ہیں۔
امام بخاریؒ کا مقصد مسجد کی تعظیم و احترام ہے چونکہ مساجد کے بارے میں تشدیدات و وعیدات کثرت سے وارد ہوئی ہیں۔

تشریح امام بخاریؒ یہاں سے یعنی باب حک البزاق سے لیکر باب سترۃ الامام تک چھپن ابواب ہیں جن میں مسجدوں کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔ امام بخاریؒ ترجمۃ الباب میں بالید کی قید لگائی ہے۔
اس باب کے تحت امام بخاریؒ نے تین روایات نقل فرمائی ہیں لیکن ید کا ذکر صرف ایک روایت یعنی پہلی روایت میں ہے۔
علامہ عینیؒ فرماتے ہیں؛ سواء کان بآلۃ اولا "یعنی ید کی قید احترازی نہیں ہے بلکہ ترجمہ کے اندر تعمیم ہے خواہ ہاتھ سے ہو یا کسی آلہ سے، مقصد اس گندگی کو خانۂ خدا سے دور کرنا ہے۔
بعض حضرات کہتے ہیں کہ بالید کی قید سے اشارہ مقصود ہے کہ خود کرنا چاہیئے کسی کا انتظار نہ کرے۔

بزاق اس میں مشہور لغت دو ہے بالزای بزاق۔ وبالصاد بصاق ولغۃ قلیلۃ بساق بالسین۔ بصاق اور بزاق کے معنی ہیں تھوک۔ نخامۃ۔ بضم النون بلغم کھنکار جو سینہ سے یا حلق سے نکلے۔ فی القبلۃ ای فی حائط القبلہ۔ یناجی ربہ مناجات کے معنی ہیں سرگوشی کرنا۔ اللہ کی طرف اس اعتبار سے نسبت ہے کہ مناجات کے وقت اللہ تعالیٰ کی توجہ و رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

او ان ربہ بینہ وبین القبلۃ الخ اس سے مراد خصوصی تجلی ہے یعنی جب بندہ نماز میں مشغول ہوتا

ہے تو پروردگار عالم کی توجہ اس کے اور قبلہ کے درمیان ہے۔
معتزلہ کی سمجھ میں یہ حدیث نہیں آئی اسلئے کہ محدود عقل کو غیر محدود سمجھنا جہالت وسفاہت ہے
تیسری روایت یعنی باب کی آخری روایت میں ایک لفظ ہے مخاط جس کے معنی ہیں ناک رطوبت، رینٹ۔
امام نے تین روایات کو ذکر فرما کر یہ بتایا ہے کہ یہ تینوں چیزیں گھناؤنی قابل نفرت ہیں اور مسجد کے معاملہ میں تینوں کا حکم یکساں ہے جو کوئی مسجد کی دیوار پر دیکھے بلا تاخیر و بلا انتظار خادم فوراً صاف کردے خواہ ہاتھ سے ہو یا لکڑی و کنکری وغیرہ سے۔

باب ۲۷۴ حَكِّ الْمُخَاطِ بِالْحَصٰى مِنَ الْمَسْجِدِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنْ وَطِئْتَ عَلٰى قَذَرٍ رَطْبٍ فَاغْسِلْهُ وَاِنْ كَانَ يَابِسًا فَلَا)

رینٹ کا بذریعہ کنکریوں کے کھرچ دینے (صاف کردینے) کا بیان، اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اگر تو تر نجاست (گیلی نجاست) پر چلے تو اسے دھو ڈالو اور اگر خشک (سوکھے) گندگی پر چلے تو دھونا ضروری نہیں

۳۹۸ (حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ اَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ وَاَبَا سَعِيْدٍ حَدَّثَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى نُخَامَةً فِيْ جِدَارِ الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَ حَصَاةً فَحَتَّهَا فَقَالَ اِذَا تَنَخَّمَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَخَّمَنَّ قِبَلَ وَجْهِهٖ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوسعیدؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی دیوار پر بلغم دیکھا تو آپؐ نے ایک کنکری لی اور اس کو کھرچ ڈالا اور فرمایا جب تم میں سے کوئی بلغم تھوکے تو اپنے منہ کے سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنی داہنی جانب بلکہ اپنی بائیں جانب یا اپنے بائیں قدم کے نیچے تھوکے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی فتناول حصاۃ فحتہا" ایک نسخہ جو حاشیہ پر مذکور ہے فحکہا ہے۔

تعدد موضعہ | والحدیث ھہنا ص۵۹ تا ۵۹ دیاتی ایضاً ص۵۹ " " مسلم اول ص۲۰۷۔

مقصد ترجمہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہو جس کیطرف بعض علماء گئے ہیں کہ مخاط وغیرہ گندگی کے ساتھ ناپاک بھی ہے اسلئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو صاف کرنے کیلئے کنکری استعمال فرمایا ہے، اس صورت میں حضور اکرمؐ کا حکم تطہیر کے لئے ہوگا نہ کہ تنظیف کیلئے۔

۲ نیز یہ بھی احتمال ہے کہ امام بخاریؒ کا مقصد قائلین نجاست کا ابطال و تردید ہو، اس کے بعد آخر میں فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک عمدہ ترین توجیہ یہ ہے کہ امام بخاریؒ کا مقصد تکثیر طرق ہے۔ بخاری نے ترجمہ میں مخاط کے ساتھ کنکری کی قید لگائی ہے بخلاف بصاق کے، اس کی وجہ ظاہر ہے کہ مخاط میں لزوجت ہوتی ہے جو بصاق میں نہیں ہے۔

قال ابن عباس رضہ بخاریؒ کا مقصد اس اثر کے نقل سے یہ بتانا ہے کہ حک مخاط کا حکم احترام قبلہ ہے ورنہ نفس مسجد کے معاملے میں تر و خشک کا کوئی فرق نہیں کیا جائے گا بلکہ ہر گندی قابل نفرت چیز کو مسجد سے کھرچ کر ہٹا دیا جائے گا۔

باب ۲۷۵

لا یبصق عن یمینہ فی الصلوٰۃ

نماز میں اپنی داہنی طرف نہ تھوکے

۳۹۹ حدثنا یحیی بن بکیر قال نا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب عن حمید بن عبد الرحمن ان ابا ھریرۃ و ابا سعید اخبراہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رای نخامۃ فی حائط المسجد فتناول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حصاۃ فحتھا ثم قال اذا تنخم احدکم فلا یتنخم قبل وجہہ ولا عن یمینہ ولیبصق عن یسارہ او تحت قدمہ الیسری)

ترجمہ حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوسعیدؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی دیوار پر بلغم کو دیکھا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کنکری لی اور اس کو کھرچ دیا پھر فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی شخص بلغم تھوکے تو نہ اپنے منہ کے سامنے تھوکے اور نہ اپنے داہنی طرف بلکہ اپنی بائیں

جانب یا اپنے بائیں قدم کے نیچے تھوکے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی قولہ "فلا یتنخم قبل وجھہ ولا عن یمینہ" ترجمہ میں اگرچہ بصاق کا لفظ ہے مگر دونوں کا حکم ایک ہے جیسا کہ حضرت انسؓ کی حدیث گذری ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نخامہ دیکھ کر لا یبزقن فی قبلتہ فرمایا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۹ ومر سابقا ص۵۸ تا ۵۹ ویاتی مراراً مسلم اول ص۲۰۷۔

۴۰۰ حدثنا حفص بن عمر قال حدثنا شعبۃ قال اخبرنی قتادۃ قال سمعت انسا قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یتفلن احدکم بین یدیہ ولا عن یمینہ ولکن عن یسارہ او تحت رجلہ الیسری

ترجمہ حضرت انسؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنی داہنی طرف لیکن اپنی بائیں جانب یا بائیں پیر کے نیچے تھوکنا چاہیئے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی لا یتفلن احدکم الخ لان معنی لا یتفلن لا یبزقن"

تعدد موضعہ والحدیث ھھنا ص۵۹ ومر ص۵۸ ومر مختصراً ص۳۸ ویاتی ص۷۶ وص۱۶۲ مسلم اول ص۲۰۷۔

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد واضح ہے کہ اگر نماز کی حالت میں تھوکنے کی ضرورت ہو تو اپنے سامنے اور داہنی جانب تھوکنے کی اجازت نہیں ہے سامنے کی وجہ گذر چکی ہے۔ داہنی جانب تھوکنے سے نیکیوں کے لکھنے والے فرشتہ کی توہین ہے۔ جو امیر بھی ہے البتہ بائیں طرف اور قدم کے نیچے تھوکنے کی اجازت ہے امام بخاریؒ نے ترجمہ میں فی الصلوٰۃ کی قید لگا کر اشارہ کیا ہے کہ خارج صلوٰۃ میں داہنی طرف تھوکنے میں کوئی قباحت نہیں۔

باب ۲۷۶ لیبصق عن یسارہ او تحت قدمہ الیسری

۴۰۱ حدثنا آدم قال ثنا شعبۃ قال نا قتادۃ قال سمعت انس بن مالک قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان المؤمن اذا کان فی الصلوٰۃ فانما یناجی

رَبَّهٗ فلا يبزقن بين يديه ولا عن يمينه ولكن عن يساره او تحت قدمه)

باب:- اپنی بائیں جانب یا اپنے بائیں قدم کے نیچے تھوکنا چاہیئے۔

ترجمہ حدیث

حضرت انس بن مالک رضؓ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن جب نماز میں ہوتا ہے تو وہ اپنے پروردگار سے مناجات کرتا ہے اسلئے اپنے سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنی داہنی جانب تھوکے لیکن اپنی جانب یا اپنے قدم کے نیچے تھوکے۔

مطابقۃ للترجمۃ | مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "ولکن عن یسارہ"

تعدد موضعہ | والحدیث ھٰھنا ص۵۹ و مرّ ص۳۸ و ص۵۸ و یاتی ص۷۶ و ص۱۶۳۔

۴۰۲ (حدثنا علیٌّ قال نا سفیانُ قال نا الزهریُّ عن حُمید بن عبد الرحمن عن ابی سعیدٍ انّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم ابصر نخامةً فی قبلة المسجد فحکّها بحصاةٍ ثم نهٰی ان یبزق الرجل بین یدیه او عن یمینه ولکن عن یساره او تحت قدمه الیسری وعن الزهری سمع حمیدًا عن ابی سعید الخدری نحوه)

ترجمہ

حضرت ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے قبلہ کی جانب بلغم کو دیکھا تو آپؐ نے اس کو ایک کنکری سے کھرچ دیا پھر آپؐ نے منع کر دیا کہ کوئی شخص اپنے سامنے یا اپنی داہنی جانب تھوکے لیکن اپنی بائیں جانب یا بائیں پیر کے نیچے تھوکنے کی اجازت دی۔

دوسری روایت زہری رحؒ سے منقول ہے کہ انہوں نے حمید سے سنا انہوں نے حضرت ابوسعید خدری رضؓ سے اسی طرح۔

مقصد اس سند کے بیان کرنے سے یہ ہے کہ امام زہری" کا سماع حمید سے معلوم ہو جائے۔

مطابقۃ للترجمۃ

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "ولکن عن یسارہ"

تعدد موضعہ

والحدیث ھٰھنا ص۵۹ و مرّ ص۵۸۔

مقصد ترجمہ | مقصد بالکل واضح ہے کہ نمازی کو مواجہت کا احترام کرنا چاہیئے کیوں کہ بحالت نماز نمازی کی حق تعالیٰ

سے مناجات و سرگوشی ہے نیز امام بخاری رحمہ اللہ نے ترجمہ کو مطلق رکھ کر اشارہ کیا ہے کہ بائیں جانب تھوکنا اور تحت القدم تھوکنا صلوٰۃ و غیر صلوٰۃ ہر حال میں درست ہے لیکن یہ ذہن نشین رہے کہ سب سے بہتر صورت یہی ہے کہ حتی الامکان نماز کی حالت میں تھوک نگل جائے لیکن اگر ممکن نہ ہو تو کپڑے میں تھوک لے بالخصوص آجکل تحت القدم فرش مسجد ہے اسلئے درست نہیں واللہ اعلم۔

(بَابُ كَفَّارَةِ الْبُزَاقِ فِي الْمَسْجِدِ) [۲۷۷]

مسجد میں تھوکنے کے کفارہ کا بیان

۴۰۳ (حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ نَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس گناہ کا کفارہ اس کو دفن کر دینا ہے۔

مطابقتہ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ البزاق فی المسجد خطیئۃ وکفارتہا دفنہا۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس باب سے واضح کر دیا کہ بزاق (بصاق) فی المسجد گناہ ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ اسکو دفن کر دے، اب اس کی مختلف صورتیں ہیں اگر فرش پختہ ہے تو کپڑے سے بالکل صاف کر دے اور اگر خام مٹی ہے تو اسی میں اس کو دفن کر دے اور دفن کا طریقہ یہ ہونا چاہیے کہ زمین کو کھود کر اتنا نیچے دفن کیا جائے کہ اس پر بیٹھنے اور چلنے پر گندگی کا اثر نہ ہو۔
اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ حالت مجبوری میں بصاق فی المسجد جائز ہے لیکن دفن نہ کرنا گناہ ہے امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث بیان کر کے ان کی تردید کر دی۔

(بَابُ دَفْنِ النُّخَامَةِ فِي الْمَسْجِدِ) [۲۷۸]

مسجد میں بلغم کے دفن کر دینے کا بیان

۴۰۴ حدثنا اسحٰق بن نصر قال انا عبد الرزاق عن معمر عن همام سمع ابا هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا قام احدكم الى الصلوٰة فلا يبصق امامه فانما يناجي الله ما دام في مصلاه ولا عن يمينه فان عن يمينه ملكا وليبصق عن يساره او تحت قدمه فيدفنها

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی نماز کیلئے کھڑا ہو تو وہ اپنے سامنے نہ تھوکے کیوں کہ وہ جب تک اپنی نماز کی جگہ میں ہے وہ اللہ تعالیٰ سے مناجات کر رہا ہے اور نہ اپنی داہنی جانب تھوکے اسلئے کہ اسکی داہنی جانب ایک فرشتہ ہے اور اس کو اپنی بائیں جانب یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوکنا چاہیئے پھر اسکو دفن کردے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "فیدفنہا"۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۹ ومرّ الحدیث ص۵۹ مقرونا مع ابی سعید رضی اللہ عنہ

مقصد ترجمہ مقصد واضح ہے کہ مسجد کو ان گندگیوں سے پاک صاف رکھا جائے اگر کسی نے تھوک یا نخامہ مجبوری میں ڈالدیا تو گناہ کیا جس کا کفارہ دفن کرنا ہے جس کا طریقہ سابق میں گذر چکا

اشکال اشکال یہ ہے کہ فرشتہ جس طرح داہنی جانب ہے اسی طرح بائیں جانب بھی ہے پھر فرق کی کیا وجہ ہے؟

جواب:۔ داہنی جانب کا فرشتہ کاتب حسنات ہے جو امیر کی حیثیت رکھتا ہے اس کے احترام میں داہنی جانب نہیں تھوکنا چاہیئے اور چوں کہ نمازی افضل العبادات میں ہے اس لئے اس وقت کاتب سیئات کی ضرورت نہیں رہتی ہے۔

علامہ عینیؒ نے طبرانی سے ایک روایت نقل کی ہے۔ فانہ یقوم بین یدی اللہ وملکہ عن یمینہ وقرینہ عن یسارہ

اس لئے کہ نمازی اللہ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اور اس کا فرشتہ اس کے دائیں جانب ہے اس کا قرین (شیطان) بائیں جانب ہے۔

(عمدۃ القاری پاکستانی ص۱۵۴ ج۱)

علامہ عینیؒ لکھتے ہیں کہ فلعل المصلی اذا تفل عن یسارہ یقع علی قرینہ وھو الشیطان ولا یصیب الملک منہ شیئ۔

باب ۲۷۹

اِذا بدرہ البزاق فلیاخذ بطرف ثوبہ

جب تھوک کا غلبہ ہوا کہ منہ سے نکالنے پر مجبور کردے، تو اپنے کپڑے کے گوشہ میں لے لینا چاہیئے

۴۰۵ (حدثنا مالک بن اسمٰعیل قال نا زھیر قال نا حمید عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای نخامۃ فی القبلۃ فحکھا بیدہ ورُئی منہ کراھیۃ او رُئی کراھیتہ لذالک وشدتہ علیہ وقال ان احدکم اذا قام فی صلاتہ فانما یناجی ربہ او ربہ بینہ وبین القبلۃ فلا یبزقن فی قبلتہ ولکن عن یسارہ او تحت قدمہ ثم اخذ طرف ردائہ فبزق فیہ ورد بعضہ علی بعض قال او یفعل ھکذا)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی جانب (مسجد میں) بلغم دیکھا تو اس کو آپ نے اپنے ہاتھ سے کھرچ ڈالا اور اس سے آپ کی ناخوشی دیکھی گئی یا (شک راوی) اس بلغم کی وجہ سے آپ کی ناگواری اور شدید ناگواری معلوم ہوئی اور آپ نے فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی نماز کیلئے کھڑا ہوتا ہے تو اپنے پروردگار سے مناجات کرتا یا (یہ فرمایا کہ) اس کا پروردگار اس کے اور اس کے قبلہ کے درمیان ہوتا ہے اسلئے وہ اپنے قبلہ کیجانب ہرگز نہ تھوکے البتہ اپنی بائیں جانب یا اپنے قدم کے نیچے تھوک لے پھر آپ نے اپنی چادر کا کنارہ لیا اور اس میں تھوکا اور اس کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ سے مل دیا۔ اور فرمایا یا اس طرح کرلے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی ثم اخذ طرف ردائہ فبزق فیہ، علامہ عینیؒ فرماتے ہیں الترجمۃ مشتملۃ علی شیئین اولھما مبادرۃ البزاق والاخر ھواخذ المصلی بزاقہ بطرف ثوبہ وفی الحدیث ما یطابق الثانی (عمدہ)

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۵۹ وص۳۸ ، وص۵۸ وص۵۹ ویاتی ص۷۶ ،، وص۱۶۲ ومسلم جلد اول ص۲۰۷۔

مقصد ترجمہ مقصد یہ بتانا ہے کہ نماز کی حالت میں اگر تھوکنے کی ضرورت پیش آجائے تو دو صورتیں متعدد

روایات میں گذر چکی ہیں لیکن بسا اوقات بائیں جانب اور قدم کے نیچے مشکل ہے بالخصوص آجکل کی صورت حال میں، تو امام بخاری رح ایک تیسری صورت بتلا رہے ہیں کہ کپڑے میں تھوک لے اور دوسرے حصہ سے رگڑ کر مل دے، آجکل مکہ مکرمہ میں احقر نے بعض حضرات کو دیکھا کہ چپل کے تلے پر تھوک کر دوسرے چپل سے مل دیتے ہیں تاکہ مسجد ملوث نہ ہو۔

بہر حال یہ صورت آسان بھی ہے اور بہتر بھی۔ واللہ اعلم۔

باب ۲۸

(عظة الامام الناس فی اتمام الصلوٰة وذکر القبلة)

ارکان نماز کو پورے طور پر ادا کرنے کے سلسلے میں امام کا لوگوں کو نصیحت کرنے اور قبلہ کا بیان

۴۰۶ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال انا مالک عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ھل ترون قبلتی ھھنا فواللہ ما یخفی علی خشوعکم ولا رکوعکم انی لاراکم من وراء ظھری)

ترجمہ حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم سمجھتے ہو کہ میرا قبلہ یہاں ہے؟ (یعنی میرا رخ قبلہ کیطرف سامنے ہے؟ میں تمہیں نہیں دیکھتا ہوں) خدا کی قسم مجھ پر نہ تمہارا خشوع چھپتا ہے نہ تمہارا رکوع، رکوع میں تمہیں اپنی پیٹھ کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔

مطابقة للترجمة مطابقة الحدیث للترجمة" من حیث ان فی ھذا الحدیث وعظا لھم وتذکیرا وتنبیھا بانه لا یخفی علیه رکوعھم وسجودھم یظنون انه لا یراھم لکونه مستدبرا لھم ولیس الامر کذالک لانه یری من خلفه مثل ما یری من بین یدیه (عمدہ)

تعدد موضعه والحدیث ھھنا ص۵۹ ویاتی فی " باب الخشوع فی الصلوٰة ص۱۰۲ وخرج مسلم اول ص۱۸۰

۴۰۷ (حدثنا یحیی بن صالح قال نا فلیح بن سلیمان عن ھلال بن علی عن انس بن مالک قال صلی لنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰة ثم

رَقِيَ المِنْبَرَ فَقَالَ فِي الصَّلوٰةِ وَفِي الرُّكُوْعِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ وَرَائِي كَمَا أَرَاكُمْ)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگوں کو ایک نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف لے گئے اور نماز کے بارے میں اور رکوع کے بارے میں فرمایا میں تم لوگوں کو اپنے پیچھے سے اسی اسی طرح دیکھتا ہوں جیسے (سامنے سے) تمہیں دیکھتا ہوں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة مثل مطابقة الحديث الذى قبله (عمدہ)

مطلب یہ ہے کہ باب کی دونوں حدیثوں میں وعظ و تذکیر ہے بالخصوص ارکان نماز کی ادائے گی کے سلسلے میں تنبیہ ہے کہ میں قبلہ کی طرف پورے طور پر متوجہ ہونے کے باوجود مقتدیوں کے رکوع، سجود کو بھی دیکھتا ہوں اسلئے ارکان کی ادائے گی اچھی طرح کرو۔

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۵۹ ويأتى فى باب الخشوع فى الصلوٰة ص۱۰۲ وفى كتاب الرقاق ص۹۵۷ ومسلم ص۱۸۰

مقصد ترجمہ امام بخاری رحؒ کا مقصد یہ ہے کہ امام کو چاہیئے کہ مقتدیوں کی نگہداشت رکھے اگر ارکان نماز کی ادائے گی میں کوئی کوتاہی دیکھے تو تنبیہ کرے نصیحت کرے اور بتلادے۔

معلوم ہوا کہ اس باب سے مقصود بالذات تو موعظۃ الامام تھا مگر چونکہ حدیث میں هل ترون قبلتى ههنا آیا تھا اس لئے قبلہ کا ذکر ضمناً آگیا اور آپؐ نے بتادیا کہ تم یہ سمجھتے ہو، تمہارا یہ گمان ہے کہ میں صرف سامنے دیکھتا ہوں اور پیچھے کی کوئی خبر نہیں یہ خیال صحیح نہیں بلکہ میں تو پیچھے کے احوال بھی دیکھتا رہتا ہوں۔

ما يخفى على خشوعكم ولا ركوعكم بعض حضرات خشوع کو دیکھکر رکوع سے مراد خضوع لیتے ہیں مگر بہتر وانسب یہ ہے کہ خشوع تو عام ہے کہ نماز کے سارے ارکان وافعال مراد ہیں مگر چوں کہ عام طور پر لوگ رکوع میں غلطی کرتے ہیں ذرا سی کمر جھکادی یا رکوع سے ذرا سر اٹھا کر سجدہ میں چلے گئے غرضیکہ رکوع میں عام طور پر لوگ تساہل سے کام لیتے ہیں اور ایسی جلد بازی سے کام لیتے ہیں کہ نماز واجب الاعادہ ہے بخلاف سجدہ کے کہ صرف زمین پر سر کو رکھ دینا ہے اسلئے حضور اقدس صلعم نے خاصکر رکوع کا ذکر فرمادیا۔

انى لاراكم من وراء ظهرى علامہ عینی رحؒ فرماتے ہیں اختلفوا ههنا فى موضعين الاول فى معنى هذه الرؤية الخ (عمدہ)

یعنی علمار امت کا محل غور و فکر دو ہے کہ اس رویت سے کیا مراد ہے؟ بعض حضرات نے کہا علم مراد ہے اب وہ علم بذریعہ وحی ہو یا بطور الہام ہو، علامہ عینیؒ فرماتے ہیں ھذا لیس بشئ اور یہ ظاہر ہے کیوں کہ علم مراد لینے کی صورت میں بیٹھ پیچھے دیکھنے کی قید بے فائدہ معلوم ہوتی ہے۔

(۲) دوسرا قول یہ ہے کہ رویت سے مراد رویت بصری ہے جیساکہ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں: قال القاضی قال احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ وجمہور العلماء ھذہ الرویۃ رویۃ بالعین حقیقۃ (شرح مسلم ص ۱۸۱)

(۳) آپ گوشۂ چشم سے دائیں بائیں دیکھ لیا کرتے تھے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ پھر اس صورت میں حضور اقدس ﷺ کی کیا خصوصیت ہے گوشۂ چشم سے تو سب ہی دیکھ سکتا ہے اس سے نماز میں کوئی فساد نہیں لازم آتا ہے۔

(۴) چوتھا قول یہ ہے کہ دیوار قبلہ میں آئینہ کی طرح مقتدیوں کی صورتیں منقش ہو جاتی ہیں شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں کہ عامہ مشائخ نے اسی کو اختیار فرمایا ہے۔

(۵) اور جمہور کی رائے جو صواب و صحیح بھی ہے یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا سامنے کی طرح پیچھے بھی دیکھنا بطور معجزہ حضورؐ کے خصائص میں سے تھا اور وہی علم و ادراک حقیقی کا سبب تھا جو بطور خرق عادت آپ کو حاصل تھا۔ واللہ اعلم

(باب ۲۸۱ ھل یقال مسجد بنی فلان)

کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ مسجد فلاں قبیلہ کی ہے (فلاں جماعت کی ہے)

۴۰۸ (حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا مالک عن نافع عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سابق بین الخیل التی اضمرت من الحفیاء وامدھا ثنیۃ الوداع وسابق بین الخیل التی لم تضمر من الثنیۃ الی مسجد بنی زریق وان عبد اللہ بن عمر کان فیمن سابق بھا)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان گھوڑوں کے درمیان جو (جہاد کیلئے) تیار کئے گئے تھے حفیاء سے دوڑ کرائی اس دوڑ کی حد ثنیۃ الوداع تک تھی (یعنی حفیاء سے

ثنیۃ الوداع تک دوڑ کرائی، اور جو گھوڑے تیار نہیں کئے گئے تھے ان کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے بنی زریق کی مسجد تک کرائی اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اس گھوڑ دوڑ میں شرکت کی (یعنی حصہ لیا)

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمہ فی قولہ "الی مسجد بنی زریق"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۵۹ تا ص۶۰ وفی کتاب الجہاد فی سباب السبق بین الخیل ص۴۰۲ وباب اضمار الخیل ص۴۰۲ وباب غایۃ للسبق للخیل ص۴۰۲ وفی کتاب الاعتصام فی باب ماذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص۱۰۹۱ ومسلم جلد ثانی ص۱۳۲ ابوداؤد فی الجہاد ص۳۴۵ والترمذی اول فی الجہاد ص۲۰۳ ونسائی ثانی کتاب الخیل والسبق فی باب غایۃ السبق التی لم تضمر ص۱۰۶ وفی باب اضمار الخیل للسبق ص۱۰۵ تا ص۱۰۶۔

مقصد ترجمہ امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے یہ ہے کہ مسجد کی نسبت بنانے والے یا اس کے انتظام کرنے والے متولی وغیرہ کیطرف نسبت کرنا جائز ہے اور استدلال میں امام بخاریؒ نے روایت پیش کردی الی مسجد بنی زریق" کہ اس روایت میں مسجد کی اضافت بنی زریق کی طرف ہے اور یہی جمہور کا مذہب ہے گویا امام بخاریؒ جمہور کی تائید و موافقت کر رہے ہیں۔

صرف ابراہیم نخعیؒ سے منقول ہے کہ وہ اس اضافت و نسبت کو مکروہ سمجھتے تھے لقولہ تعالیٰ وان المساجد للہ (سورۃ جن)

جمہور اس کا جواب دیتے ہیں کہ اضافت کسی متولی یا بانی وغیرہ کی طرف بطور مجاز تمیز و تعریف کیلئے ہے ملکیت کیلئے نہیں، اور اللہ کیطرف نسبت حقیقی ہے اور تملیک کیلئے ہے۔ فلا تعارض۔

سوال وجواب اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب روایت میں صاف الی مسجد بنی زریق اضافت کی تصریح ہے تو پھر امام بخاریؒ نے ھل یقال الخ ترجمہ میں لفظ ھل سے تردد کیوں بیان کیا؟

جواب یہ ہے کہ امام بخاریؒ بہت باریک بین ہیں اسلئے لفظ ھل سے یہ اشارہ کردیا ہے کہ روایت میں جو مسجد بنی زریق کا لفظ آیا ہے اسمیں یہ نسبت حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں رہی ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے بعد تعریف کیلئے مسجد بنی زریق کہدیا۔ اور ظاہر ہے کہ اس دوسری صورت میں استدلال تام نہ ہوگا۔

اسی احتمال کیوجہ سے امام بخاری نے تردد کے ساتھ ترجمہ قائم فرمایا۔ واللہ اعلم

تشریح سابق از مسابقت باب مفاعلۃ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا، اضمرت بضم الھمزۃ

علی صیغۃ المجہول من الاضمار (ضمّر از تضمیر کے معنی ہیں لاغر و دبلا کرنا، چھریرا بنانا، اضمر الفرس گھوڑے کو سواری کیلئے، جہاد کی تیاری کے لئے تیار کرنا۔
اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ گھوڑوں کو پہلے خوب کھلا پلا کر موٹا کرتے ہیں پھر دانا و چارہ کم کر دیتے ہیں اور گھر میں باندھ کر اوپر سے جھول ڈال دیتے ہیں جس سے خوب پسینہ آتا ہے اور ہر روز دوڑاتے ہیں یہ عمل چالیس دن کرنے سے گھوڑا تیز رو ہو جاتا ہے اور اس کا دم بڑھ جاتا ہے۔
حفیاء بفتح الحاء وسکون الفاء ایک جگہ کا نام ہے أمد بفتح الھمزۃ وفتح المیم الغایۃ
ثنیۃ الوداع وہ جگہ ہے جہاں انصار مدینہ نے ہجرت کے موقع پر سید الاولین والآخرین خاتم الانبیاء والمرسلین حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا شاندار استقبال کیا تھا نیز یہی وہ جگہ ہے جہاں اہل مدینہ اپنے اعزہ و اقارب کو رخصت کرنے کیلئے عام طور پر جاتے ہیں۔ علامہ عینی رحؒ نے لکھا ہے کہ حفیاء اور ثنیۃ الوداع کے درمیان کا فاصلہ پانچ یا چھ یا سات میل کا ہے بنی زریق بضم الزای وفتح الراء بنی زریق انصار مدینہ کے مشہور قبیلے خزرج کی ایک شاخ ہے ثنیۃ الوداع اور مسجد بنی زریق کے درمیان صرف ایک میل کا فاصلہ ہے۔

بَابٌ (۲۸۵) الْقِسْمَةِ وَتَعْلِيقِ الْقِنْوِ فِي الْمَسْجِدِ قال ابو عبد الله القِنْوُ العِذْقُ وَالاثْنَانِ قِنْوَانِ وَالْجَمَاعَةُ اَيْضًا قِنْوَانٌ مِثْلُ صِنْوٍ وصِنْوَانٍ وقال ابراهيم يعني ابن طهمان عن عبد العزيز بن صهيب عن انس قال أُتِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بمالٍ من البحرين فقال انثروه في المسجد وكان اكثر مالٍ أُتِيَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم الى الصلوٰة ولم يلتفت اليه فلما قضى الصلوٰة جاء فجلس اليه فما كان يرى احدًا الا اعطاه اذ جاءه العباس فقال يا رسول الله اعطني فاني فاديت نفسي وفاديت عقيلًا فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم خذ فحثا في ثوبه ثم ذهب يقله فلم يستطع فقال يا رسول الله اؤمر بعضهم يرفعه الي قال لا قال فارفعه انت علي قال لا فنثر منه ثم ذهب يقله فقال يا رسول الله مر بعضهم يرفعه الي قال لا قال فارفعه انت علي قال لا فنثر منه ثم احتمله فالقاه على كاهله ثم انطلق فما زال رسول الله صلى الله عليه وسلم يتبعه بصره حتى خفي علينا عجبًا من حرصه فما قام رسول الله

صلے اللہ علیہ وسلم وثمّہ منہا درھمٌ)

مسجد میں (مال) تقسیم کرنے اور کھجور کے خوشے (گچھے) لٹکانے کا بیان۔

ابو عبداللہ (امام بخاری رح) نے کہا کہ قنو کے معنی عذق یعنی خوشۂ کھجور کے ہیں اس کا تثنیہ قنوان آتا ہے اور جمع بھی قنوان ہے جیسے صنو اور صنوان (یعنی صنو مفرد ہے اور اس کا تثنیہ اور جمع صنوان ہے) اور ابراہیم بن طہمان عبدالعزیز بن صہیب سے روایت کی انہوں نے حضرت انس بن مالک رض سے حضرت انس رض نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بحرین سے مال لایا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اسکو مسجد میں پھیلادو اور یہ مال تمام ان مالوں سے زیادہ تھا جو اب تک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز کیلئے تشریف لائے اور مال کیطرف کوئی توجہ نہیں کی جب آپ نماز پوری کرچکے تو اس مال کے پاس آکر بیٹھ گئے اور آپ جسے بھی دیکھتے اسے عطا فرماتے اتنے میں حضرت عباس رض آپ کے پاس آئے اور کہنے لگے یارسول اللہ مجھے بھی دیجیے اس لئے کہ (غزوہ بدر کے موقعہ پر) میں نے اپنی ذات کا بھی فدیہ دیا تھا اور عقیل بن ابی طالب کا بھی فدیہ ادا کیا تھا اسی پر آپ نے حضرت عباس رض سے فرمایا آپ خود لے لیجئے چنانچہ حضرت عباس رض نے اپنے کپڑے میں مال بھر لیا پھر اس کو اٹھانے لگے تو (وزن کی زیادتی کیوجہ سے) اٹھا نہ سکے تو انہوں نے کہا یا رسول اللہ کسی کو حکم دیجئے کہ مجھکو یہ بوجھ اٹھادے آپ نے فرمایا نہیں (یہ نہیں ہوسکتا) حضرت عباس رض نے کہا کہ پھر آپ ہی اٹھادیجئے آپ نے فرمایا نہیں پھر حضرت عباس نے اس میں سے کچھ گرادیا پھر اس کو اٹھانے لگے اور کہا یارسول اللہ کسی کو حکم دیجئے کہ اٹھادے آپ نے فرمایا نہیں پھر انہوں نے کہا کہ آپ ہی اٹھا دیجئے آپ نے فرمایا نہیں تو پھر اس میں سے کچھ گرادیا پھر اس کو اٹھایا اور اپنے کاندھے پر ڈال لیا اور چل دیئے۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کی حرص پر تعجب کرتے ہوئے ان کو دیکھتے رہے۔ یہاں تک کہ ہماری نگاہوں سے اوجھل ہوگئے۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہاں سے اس وقت تک نہ اٹھے جب تک ایک درہم بھی باقی رہا۔

تعدد موضعہ | والحدیث ذکرہ البخاری ھہنا تعلیقا ص۶۱ وایضا یاتی الحدیث معلقا فی الجہاد ص۴۲۸ وص۴۴۸۔

مقصد ترجمہ | امام بخاری رح کا مقصد یہ ہے کہ مسجد میں نماز، تلاوت قرآن اور اذکار کے علاوہ بوقت ضرورت حالات کے تقاضے کے مطابق دیگر امور بھی انجام دیئے جاسکتے ہیں بشرطیکہ احترام مسجد کے خلاف نہ ہو۔

جیسے ضرورتمندوں اور محتاجوں کو مال دینا، محتاجوں کیلئے کھجور وغیرہ کے خوشے لٹکادینا جائز ہے کہ باغ والے خوشے لٹکادیں اور وہ نادار و محتاج جن کے پاس نہیں ہے وہ کھاسکیں، جیسے ضرورت کیوقت

مسجد میں سامان رکھا جاتا ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے حتیٰ کہ نمازی حضرات اپنی جوتیاں بھی رکھتے ہیں۔

چوں کہ بعض روایت سے عدم جواز کا شبہ ہو سکتا تھا جیسے ایک حدیث میں آیا ہے فان المساجد لم تبن لهذا (ابو داؤد اول ص۶۵)

اور مسلم شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص مسجد میں سنے کہ ایک شخص اپنی گم شدہ چیز کا اعلان کر رہا ہے تو اس اعلان کرنے والے کو کہنا چاہیے۔

لا ردها الله عليك فانما المساجد لم تبن لهذا (مسلم اول ص۲۱۰)	خدا تیری چیز تجھے نہ لوٹائے اسلئے کہ مسجدیں اس کام کے لئے نہیں بنائی گئیں۔

امام بخاری رحؒ نے اس باب سے مواضع حاجات کو مستثنیٰ کر دیا ہے اور مسلسل چند ابواب قائم کر کے بتا دیا ہے کہ عند الضرورت یہ افعال جائز ہیں البتہ بلا ضرورت اور مستقل طور پر عادت بنا نا درست نہیں۔

اشکال و ترجمۃ الباب کے دو جز ہیں ۱ مسجد میں مال کی تقسیم ۲ کھجور کے خوشے لٹکانا لیکن امام بخاری رحؒ نے حضرت انس رضؓ کی جو روایت ذکر فرمائی ہے اس سے صرف پہلا جز تقسیم مال ثابت ہوتا ہے اس میں دوسرے جز خوشہ لٹکانے کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ فقال ابن بطال اغفله، و قال ابن التين انسيه وليس كما قالا الخ (فتح الباری) یعنی امام بخاری رحؒ کو غفلت ہو گئی یا بھول گئے۔

حافظ عسقلانی فرماتے ہیں کہ یہ نہیں ہے جو مذکورہ دو بزرگوں نے کہا ہے، بلکہ صحیح یہ ہے کہ امام بخاری رحؒ نے دوسرا جز تعلیق القنو کا ترجمہ میں اضافہ کر کے اس روایت کی طرف اشارہ کیا ہے جس کو نسائی نے عوف بن مالک اشجعی سے نقل کیا ہے قال۔

خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم وبيده عصا وقد علق رجل قنا حشف فجعل يطعن فى ذلك القنو ويقول لو شاء رب هذه الصدقة تصدق باطيب من هذا (فتح الباری)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور آپ کے دست مبارک میں لاٹھی تھی اور ایک شخص نے حشف یعنی ردی کھجوروں کا ایک خوشہ لٹکا دیا ہے آپ نے اس خوشہ میں مارتے ہوئے فرمایا اگر اس خوشے والا چاہتا تو اس سے بہتر کا صدقہ کر سکتا تھا۔

وليس هو على شرطه۔ یہ توجیہ بھی بلا شبہ صحیح ہے۔ نیز ابو داؤد اول ص۲۲۶ میں یہ ہے بعض الفاظ کے تغیر کے ساتھ۔ لیکن اس سے بہتر اور عمدہ قول وہ ہے کہ جو علامہ عینی رحؒ لکھتے ہیں کہ ابو محمد بن قتیبہ نے

غریب الحدیث میں اسی روایت کے ساتھ یہ اضافہ بایں الفاظ ذکر کیا ہے:۔

انه لما خرج رای اقناء معلقة فی المسجد وکان امر بین کل حائط بقنو یعلق فی المسجد لیا کل منه من لا شیٔ له الخ

جب آپ مسجد میں تشریف لائے تو آپ نے مسجد میں کھجور کے خوشے لٹکے ہوئے دیکھے اور آپ نے یہ حکم دے رکھا تھا کہ مسجد کے ہر دیوار کے درمیان خوشہ لٹکا دیا جائے تاکہ جن کے پاس کچھ نہ ہو وہ کھا سکیں۔

اور یہ امام بخاریؒ کا قاعدہ ہے کہ ترجمۃ الباب سے روایات منقولہ کیطرف اشارہ کرتے ہیں مختصر جواب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مسجد میں جو دراہم پھیلائے گئے تھے وہ لوگوں کے درمیان تقسیم کیلئے، اسی طرح خوشہ کھجور کا لٹکانا بھی لوگوں میں تقسیم ہی کے لئے تھا تو شرکت فی التقسیم سے ترجمہ کے دونوں جز کا اثبات ہو گیا۔

بعض روایتوں میں ہے یہ مال جو بحرین سے آیا تھا وہ ایک لاکھ دراہم تھے۔

اموال بحرین کے متعلق نصر الباری کتاب المغازی ص۱۶ میں حدیث ۱۲ ملاحظہ فرمائیے۔

باب ۲۸۳

(مَنْ دُعِیَ لِطَعَامٍ فِی الْمَسْجِدِ وَمَنْ اَجَابَ مِنْهُ)

جسکو مسجد میں کھانیکی دعوت دیجائے اور وہ مدعو مسجد ہی میں دعوت قبول کرے (تو یہ جائز ہے)

۴۰۹ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسًا قَالَ وَجَدْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَمَعَهٗ نَاسٌ فَقُمْتُ فَقَالَ لِیْ اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ لِطَعَامٍ قُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗ قُوْمُوْا فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ)

ترجمہ حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں پایا اور آپؐ کے ساتھ کچھ اور لوگ بھی تھے میں کھڑا ہو گیا تو آپؐ نے مجھ سے پوچھا کیا تجھ کو ابو طلحہ نے بھیجا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں آپؐ نے فرمایا کھانے کیلئے بلایا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ تو آپؐ نے ان سب لوگوں سے فرمایا جو آپؐ کے پاس موجود تھے" اٹھو یعنی چلو، پھر آپؐ چلے اور میں ان سب کے آگے چلا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "قال لطعام قلت نعم" مطلب یہ ہے کہ ترجمۃ الباب کا ایک جزء دعوت دینا ہے اور اس کا ثبوت لطعام قلت نعم سے ہے، اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حاضرین سے فرمانا، قوموا الخ یہ اجابت دعوت ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ۶۰ و یاتی مطولاً ص۵۰۵ وصفحہ ۸۱۰ وص ۸۱۹ ح ص ح ص وفی کتاب الایمان والنذور ص۹۸۹ ومسلم ثانی ص۱۷۸ تا ص۱۷۹۔

مقصد ترجمہ چوں کہ حدیث میں دنیاوی گفتگو سے ممانعت آئی ہے اور مساجد کے سلسلے میں ارشاد نبوی ہے انما بنیت المساجد لذکر اللہ والصلوٰۃ وغیرہ اسلئے امام بخاری رح اس ترجمہ سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بوقت ضرورت مباح کلام مسجد میں بھی جائز ہے چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب رح فرماتے ہیں :-

غرضہ من عقد ھٰذا الباب جواز لکلام المباح فی المسجد (شرح تراجم)

چنانچہ حدیث الباب سے ثابت ہے کہ مسجد میں کھانے کی دعوت دینا اور پھر مدعو کا دعوت کو قبول کرنا حضور اقدس ﷺ سے ثابت ہے والتفصیل فی المناقب۔ انشاء اللہ الرحمٰن۔

باب ۲۸۴

(القَضَاءِ وَاللِّعَانِ فِی المَسْجِدِ بَیْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ)

مسجد میں مردوں اور عورتوں کے درمیان فیصلہ کرنے اور لعان کرنے کا بیان

۴۱۰ (حَدَّثَنَا یَحْیٰی نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ اَنَا ابْنُ شِہَابٍ عَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِہٖ رَجُلًا اَیَقْتُلُہٗ فَتَلَاعَنَا فِی الْمَسْجِدِ وَاَنَا شَاہِدٌ)

ترجمہ حضرت سہل بن سعد رضی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ فرمایئے اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کے (بد فعلی کرتے ہوئے) پائے تو کیا وہ اس کو قتل کر دے؟ پھر ان دونوں (شوہر اور بیوی) نے مسجد میں لعان کیا اور میں وہیں موجود تھا۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ فی "فتلاعنا فی المسجد" اس لئے کہ مسجد کے اندر لعان کرانا قضاء فی المسجد ہوا اور لعان چونکہ بین الرجال

والنساء ہی ہوتا ہے لہذا قضاء بین الرجال والنساء ثابت ہو گیا۔

تعدد موضعہ والحدیث ھٰھنا ص۶۰ ویاتی فی تفسیر النور مفصلا ومطولا ص۶۹۴ ایضا ص۶۹۵ وفی الطلاق ص۷۹۱ وص۷۹۹ تا ص۸۰۰ وفی باب التلاعن فی المسجد ص۸۰۰ وص۱۰۱۳ ومختصرا ص۱۰۶۲ " وص۱۰۸۵۔ مسلم اول فی کتاب اللعان ص۴۸۸ وص۴۸۹ وابوداؤد اول فی کتاب الطلاق ص۳۰۵ نسائی جلد ثانی فی کتاب الطلاق فی باب بدء اللعان ص۹۱ وابن ماجہ فی ابواب الطلاق فی باب اللعان ص۱۵۰۔

مقصد ترجمہ چوں کہ قضاء فی المسجد کے سلسلے میں ائمہ عظام کے اقوال مختلف ہیں۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ وامام احمدؒ وجمہور علماء کے نزدیک مسجد بلکہ جامع مسجد میں قاضی کا بیٹھ کر معاملات ومقدمات بین الناس کا فیصلہ کرنا جائز ہے بلکہ مستحسن ہے۔

امام شافعیؒ سے منقول ہے کہ معمول بنانا مکروہ ہے البتہ اگر کبھی اتفاقاً مسجد میں فیصلہ کرنے کی نوبت آگئی تو بلا کراہت جائز ہے۔

امام بخاریؒ کا مقصد اس باب سے ائمہ ثلاثہ وجمہور کی موافقت وتائید ہے اور شوافع کی تردید۔

تشریح ترجمۃ الباب میں لعان کا عطف قضاء پر من عطف الخاص علی العام یعنی تخصیص بعد التعمیم ہے (عمدہ) اسلئے کہ قضاء عام ہے لعان میں ہو یا غیر لعان میں۔

بعض نسخہ میں بین الرجال والنساء کی زیادتی نہیں ہے چنانچہ علامہ عینیؒ اور علامہ عسقلانی واکثر شراح کہتے ہیں یہ حشو (یعنی زائد) و لغو ہے ولم یثبت الا فی روایۃ المستملی (عمدہ)

لیکن حضرت شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں " میری ذاتی رائے یہ ہے کہ شراح کو جو اشکال پیش آیا اسکی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے بین الرجال والنساء کو اللعان سے جوڑ دیا اور اس کے متعلق کر دیا، میری رائے یہ ہے کہ یہ لعان سے متعلق نہیں بلکہ اس کا تعلق قضاء سے ہے اور مطلب یہ ہوا :- باب القضاء فی المسجد بین الرجال والنساء، اور مقصود بالذات بھی (یہاں) یہی ہے، لعان کا لفظ تو روایت کی وجہ سے بڑھا دیا۔ کیوں کہ اس میں لعان کا ذکر موجود ہے ورنہ اصل مسئلہ تو قضاء کا بیان کیا جا رہا ہے الخ (تقریر بخاری جلد دوم ص۱۵۳) البتہ فی زماننا مسجد میں مقدمات کے فیصلے سے احتراز ہی انسب ہے۔

باقی لعان کی تعریف اور طریقہ کی تفصیل کیلئے نصر الباری کتاب التفسیر ص۴۴۰ سے ص۴۴۶ کا مطالعہ فرمائیے، اور کچھ تفصیل اپنی جگہ آئے گی انشاء اللہ الرحمٰن۔

باب ۲۸۵

(اِذَا دَخَلَ بَيْتًا يُصَلِّي حَيْثُ شَاءَ اَوْ حَيْثُ اُمِرَ وَلَا يَتَجَسَّسُ)

باب: جب کسی کے گھر میں جائے تو جہاں چاہے یا جہاں گھر والا کہے نماز پڑھ لے اور تجسس نہ کرے (یعنی زیادہ پوچھ پاچھ نہ کرے کہ یہ جگہ پاک ہے یا ناپاک؟ نماز کیلئے ہر جگہ ہے جبتک کہ نجاست کا یقین نہ ہو)

۴۱۱ (حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقَالَ اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ لَكَ مِنْ بَيْتِكَ قَالَ فَاَشَرْتُ لَهٗ اِلٰى مَكَانٍ فَكَبَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ)

ترجمہ حضرت عتبان بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر تشریف لائے اور فرمایا کہ تم کس جگہ کو پسند کرتے ہو کہ تمہارے لئے تمہارے گھر میں نماز پڑھوں؟ عتبان رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کر دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی (یعنی اللہ اکبر کہکر نیت باندھی) اور ہم نے آپؐ کے پیچھے صف باندھی اور آپؐ نے دو رکعت نماز پڑھائی۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمہ فی "این تحب ان اصلی لک"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۶۰ و یاتی مطولا ص۶۰ و ص۹۲ و ص۹۵ و ص۱۱۶ مختصرا ایضا ص۱۱۶ و مفصلا ص۱۵۸ و فی المغازی ص۵۷۲ و مطولا ص۸۱۳ و ص۹۵۰ و ص۱۰۲۵ و مسلم اول ص۲۳۳ و نسائی اول فی الصلوٰۃ فی باب امامۃ الاعمیٰ ص۹۱۔

مقصد ترجمہ ترجمۃ الباب کے دو جز ہیں ایک یصلی حیث شاء، یعنی جا بیٹھا لا جب اجازت حاصل کر کے گھر میں داخل ہوا ہے تو اختیار ہے کہ جہاں مناسب سمجھے نماز پڑھ لے۔ دوسرا جز حیث امر" یعنی جس جگہ کیلئے کہا جائے ـــ امام بخاریؒ نے دونوں کے درمیان کلمہ اَوْ ذکر کیا ہے جس سے دونوں امروں میں تردد معلوم ہوتا ہے بخاری نے روایت سے بتا دیا کہ جہاں اجازت دیجائے وہاں پڑھے اور تجسس نہ کرے اسلئے کہ حضور اکرم

نے پوچھا کہ بتاؤ کہاں پڑھوں؟

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ لا یتجسس کا تعلق شق ثانی سے ہے کہ جہاں کہا جائے وہیں پڑھے اور تجسس نہ کرے۔ اور اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔

شیخ المشائخ شاہ ولی اللہؒ کی رائے یہ ہے کہ لا یتجسس دونوں کے متعلق ہو سکتا ہے یعنی شاہ صاحبؒ کا خیال ہے کہ دونوں ہی صورتوں کی اجازت ہے اور تجسس ممنوع ہے (شرح تراجم) البتہ اگر گھر والا از خود کہے کہ فلاں جگہ پڑھئے تو پھر حیث شاء نہیں پڑھ سکتا ہے واللہ اعلم۔

باب ۲۸۶

المساجد فی البیوت وصلی البراء بن عازب فی مسجد دارہ جماعۃ

باب، گھروں میں مسجد بنانے کا بیان۔ اور حضرت براء بن عازبؓ نے اپنے گھر کی مسجد میں جماعت سے نماز پڑھی

۴۱۲ حدثنا سعید بن عفیر قال نا اللیث قال حدثنی عقیل عن ابن شہاب قال اخبرنی محمود بن الربیع الانصاری ان عتبان بن مالک وھو من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ممن شہد بدرا من الانصار انہ اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ قد انکرت بصری وانا اصلی لقومی فاذا کانت الامطار سال الوادی الذی بینی وبینہم لم استطع ان اتی مسجدھم فاصلی بہم ووددت یا رسول اللہ انک تاتینی فتصلی فی بیتی فاتخذہ مصلی قال فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سافعل ان شاء اللہ تعالی قال عتبان فغدا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابو بکر حین ارتفع النہار فاستاذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذنت لہ فلم یجلس حین دخل البیت ثم قال این تحب ان اصلی من بیتک قال فاشرت لہ الی ناحیۃ من البیت فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکبر فقمنا فصففنا فصلی رکعتین ثم سلم قال وحبسناہ علی خزیرۃ صنعناھا لہ قال فثاب فی البیت رجال من

مِنْ اَهْلِ الدَّارِ ذَوُو عَدَدٍ فَاجْتَمَعُوْا فَقَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ اَیْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخَیْشِنِ اَوِ ابْنُ الدُّخْشُنِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ ذٰلِكَ مُنَافِقٌ لَا یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَا تَقُلْ ذٰلِكَ اَلَا تَرَاهُ قَدْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یُرِیْدُ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّا نَرٰی وَجْهَهٗ وَنَصِیْحَتَهٗ اِلَی الْمُنَافِقِیْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ عَلَی النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ ثُمَّ سَاَلْتُ الْحُصَیْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیَّ وَهُوَ اَحَدُ بَنِیْ سَالِمٍ وَهُوَ مِنْ سَرَاتِهِمْ عَنْ حَدِیْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ فَصَدَّقَهٗ بِذٰلِكَ)

ترجمہ حضرت محمود بن ربیع انصاری رضؓ نے بیان کیا کہ حضرت عتبان بن مالک رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے اور قبیلہ انصار کے ان لوگوں میں سے تھے جو غزوۂ بدر میں حاضر تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ میں اپنی بینائی کو کمزور محسوس کرتا ہوں اور میں اپنی قوم کو نماز پڑھاتا ہوں لیکن جب بکثرت بارش ہوتی ہے تو وہ نالہ جو میرے اور ان لوگوں کے درمیان ہے بہنے لگتا ہے اور میں ان کی مسجد تک نہیں جا سکتا کہ انھیں نماز پڑھاؤں اور میری تمنا ہے یا رسول اللہ کہ آپ میرے گھر تشریف لائیں اور میرے گھر میں نماز پڑھ دیں تاکہ میں اس جگہ کو نماز پڑھنے کیلئے مقرر کرلوں، عتبان رضؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبان سے یہ فرمایا کہ میں ایسا کرونگا انشاء اللہ تعالیٰ. حضرت عتبان رضؓ فرماتے ہیں چنانچہ دوسرے دن صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضؓ دن چڑھنے کے بعد تشریف لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر آنے کی اجازت چاہی اور میں نے اجازت دی، پھر جب آپ گھر کے اندر تشریف لائے تو ابھی بیٹھے بھی نہ تھے کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنے گھر میں کس جگہ کو پسند کرتے ہو کہ میں نماز پڑھوں، عتبان رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے گھر کے ایک گوشہ کیطرف اشارہ کردیا. چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی (یعنی اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع فرمادی) اور ہم لوگ بھی (آپ کے پیچھے) کھڑے ہوگئے اور صف بستہ ہوگئے. آپ نے دو رکعت نماز پڑھی پھر سلام پھیر دیا حضرت عتبان رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو اس خزیرہ (حلیم) کھانے کے لئے روک لیا جو ہم نے آپ ہی کیلئے تیار کیا تھا عتبان کہتے ہیں کہ پھر محلہ والوں میں سے متعدد لوگ گھر میں جمع ہوگئے اور ان میں سے ایک نے کہا کہ مالک ابن دخیش یا (یہ کہا) ابن دخیش کہاں ہے؟ ان ہی میں سے کسی نے کہا وہ تو منافق ہے اللہ اور اس کے رسول

سے محبت نہیں رکھتا یہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مت کہو کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اس نے لا الہ الا اللہ کہا ہے اور اس سے اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اس پر اس شخص نے کہا کہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جاننے والے ہیں ہم تو بظاہر اس کی توجہ اور اس کی خیر خواہی منافقوں کے ساتھ دیکھتے ہیں (اسلئے زبان سے یہ بات نکل گئی) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عز وجل نے دوزخ کو اس شخص پر حرام کر دیا ہے جو لا الہ الا اللہ کا اقرار کرتے اور اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہو ابن شہاب کہتے ہیں کہ پھر میں نے حصین بن محمد انصاری سے پوچھا اور وہ قبیلہ بنی سالم کے ایک فرد اور ان کے سرداروں میں تھے محمود بن الربیع کی حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اس کی تصدیق کی۔

مطابقۃ الحدیث للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "فصلی رکعتین" اس لئے کہ یہ دو رکعت نماز حضرت عتبانؓ کے گھر میں پڑھی گئی اور یہاں مسجد سے مراد سجدہ گاہ یعنی لغوی مسجد ہے۔

۲ نیز فاتخذہ مصلی سے بھی مطابقت ہو سکتی ہے اسلئے کہ اس سے اتخاذ المسجد فی البیت ثابت ہوتا ہے۔

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۶۰ تا ص۶۱ ویاتی ص۹۲ و ص۹۵ ومختصرا ص۱۱۶ و مفصلا ص۱۵۸، ص۸۱۳ و ص۹۵۰ و ص۱۰۲۵ ابن ماجہ باب المساجد فی الدور ص۵۵

مقصد ترجمہ اس ترجمۃ الباب سے امام بخاریؒ کا مقصد کیا ہے؟ ایک قول یہ ہے کہ امام بخاریؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ گھروں میں مسجد یعنی نماز و عبادت کے لئے جگہ مقرر کرنا مستحب و مستحسن ہے تاکہ عبادت کرنے میں یکسوئی اور سہولت ہو۔

دوسرا قول یہ ہے کہ امام بخاریؒ نے حدیث عائشہؓ کیطرف اشارہ کیا ہے جو ابوداؤد جلد اول ص۶۶ میں ہے قالت امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببناء المساجد فی الدور وان تنظف وتطیب،

اس سے امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ گھروں میں نماز پڑھنے کی جگہ متعین کرلیں، اب اگر بوقت ضرورت گھر کی مسجد میں جماعت سے نماز پڑھی جائے تو بلاشبہ جماعت کا ثواب حاصل ہو جائے گا، مگر جماعت مسجد کا ثواب نہیں ملے گا۔

امام بخاریؒ نے تائید میں حضرت براء بن عازبؓ کا عمل پیش کر دیا کہ انھوں نے اپنے گھر کی مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھی اور یہ جلیل القدر صحابی ہیں۔

اس کے بعد حضرت عتبان بن مالکؓ کی تفصیلی روایت ذکر کی کہ حضرت عتبانؓ نے فاتخذہ مصلی فرمایا ہے جس سے اتخاذ المسجد فی البیوت ثابت ہو گیا۔ البتہ یہ مسجد شرعی مسجد نہیں ہوگی کیوں کہ شرعی

مسجد کسی کی ملک نہیں ہوتی نہ اس میں وراثت جاری ہوتی، حالت جنابت میں داخل ہونا جائز نہیں۔
برخلاف مسجد فی البیوت کے کہ گھر کی مسجد گھر والوں کی ملکیت ہوتی ہے اس میں وراثت بھی جاری ہوگی، اور حالتِ جنابت میں داخل ہونا بھی جائز وغیرہ۔

تشریح | انہ اتی | اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عتبان خود خدمت اقدس میں حاضر ہوئے مگر مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان ص۴۶ کی روایت میں ہے فبعث الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عتبان رضؓ نے دربار رسالت میں قاصد کو بھیجا تھا۔ جواب یہ ہے کہ پہلے قاصد بھیجا پھر خود حاضر خدمت ہوئے۔

انکرت بصری اکثر روایتوں سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ بینائی کمزور ہو گئی تھی چنانچہ ص۱۱۶ اور ص۱۵۸ وغیرہ کے الفاظ یہی ہیں لیکن بخاری ص۹۲ میں ہے کان یؤم قومہ وھو اعمی، بظاہر تعارض ہے جواب۱ انکار بصارت کا اطلاق کبھی ضعف بصارت پر ہوتا ہے اور کبھی اس پر بھی ہوتا ہے کہ بینائی بالکلیہ جاتی رہی۔
جواب۲ وھو اعمی کا مطلب یہ ہے کہ بینائی کا اکثر حصہ ختم ہو گیا یعنی قریب العمی پر اعمی کا اطلاق کر دیا گیا۔

ثم قال این تحب ان اصلی الخ یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہونچتے ہی فرمایا کہ تم نماز کیلئے کس جگہ کو پسند کرتے ہو اور حضرت ام سلیم رضؓ کے واقعہ میں ہے آپؐ نے پہلے کھانا تناول فرمایا پھر بعد میں نماز پڑھی۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عتبان رضؓ کے یہاں اصل اور بالذات مقصد نماز پڑھنا تھا اس لئے اس کو مقدم کر دیا اور ام سلیم رضؓ کے واقعہ میں اصل دعوت تھی اور نماز پڑھنا برکت کیلئے تبعًا تھا اسلئے مؤخر فرما دیا۔

این مالک بن الدخیشن الخ یہاں پر شک کے ساتھ ہے اور مسلم شریف ص۴۶ میں دخشم مکبرا ہے اور ص۴۷ میں دخیشم مصغرا ہے۔
حضرت شیخ الحدیث رحؒ سے منقول ہے کہ صحیح مالک بن الدخشم بالمیم ہے (تقریر بخاری) بلاشبہ یہ بدری صحابی ہیں نیز مسجد ضرار کے گرانے اور جلانے میں بھی شریک تھے، اس سے معلوم ہوا کہ صاحب فضیلت صحابی ہیں پھر سوال یہ ہے کہ صحابہ نے ان کو منافق کیوں کہا؟
جواب:۔ جن صحابہ کرام رضؓ نے ان کو دیکھا کہ منافقین سے تعلقات رکھتے ہیں اس لئے ظاہری حالات کی بنا پر منافق کہدیا۔
پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ صحابی ہو کر منافقوں سے تعلق کیوں رکھتے تھے؟

جواب یہ ہے کہ بعض مجبوریاں ہوتی ہیں جو دوسروں کو معلوم نہیں ہوتیں ہیں۔ مثلاً قرابت و رشتہ داری اور اصلاح احوال کی امید ہو وغیرہ جیسا کہ حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ ان کا ایمان معلوم ہوگیا ہوگا اس لئے آپؐ نے فرمایا ایسامت کہو کیوں کہ یہ کلمہ ایمانی کا معتقد و مقر ہے۔

قال ابن شہاب الخ یہاں سوال یہ ہے کہ جب محمود بن ربیع صحابی نے ابن شہاب امام زہری سے حدیث نقل کردی تو پھر دوسرے سے پوچھنے کی کیا ضرورت پڑی؟

چوں کہ روایت سے بظاہر اہمال اعمال مفہوم ہوتا ہے کہ صرف ایمان کافی ہے اعمال کے بغیر بھی نار جہنم حرام ہے حالانکہ نصوص قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔

اسی اشکال کی وجہ سے ابن شہاب نے دوسرے سے تصدیق کے لئے پوچھا تاکہ اطمینان قلبی ہوجائے لیکن اس کی ضرورت اسلئے نہیں تھی کہ اس سے مراد تحریم خلود ہے۔

ابن شہاب کے پوچھنے کا سبب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ محمود بن الربیع کم سن صحابی تھے شک ہوا ہوگا کہ واقعہ یاد بھی ہے یا نہیں؟ واللہ اعلم محمد عثمان غنی البہاری غفر اللہ الباری

باب ۲۸۷

التیمن فی دخول المسجد وغیرہ وکان ابن عمر یبدأ برجلہ الیمنی فاذا خرج بدأ برجلہ الیسری

مسجد میں داخل ہوتے وقت اور اسکے علاوہ دوسرے کاموں میں داہنی طرف سے شروع کرنیکا بیان اور حضرت ابن عمرؓ مسجد میں داخل ہونے کیلئے داہنے پاؤں سے ابتدا کرتے تھے اور جب مسجد سے باہر نکلتے تو پہلے بایاں پاؤں نکالتے

۴۱۳ — حدثنا سلیمٰن بن حرب قال نا شعبۃ عن الاشعث بن سلیم عن ابیہ عن مسروق عن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحب التیمن ما استطاع فی شانہ کلہ فی طھورہ و ترجلہ و تنعلہ)

ترجمہ | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاں تک ممکن ہوتا اپنے تمام کاموں میں

داہنی طرف سے شروع کرنے کو پسند فرماتے تھے طہارت میں اور کنگھا کرنے اور جوتا پہننے میں۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ "یحب التیمن ما استطاع فی شانہ کلہ"

تعدد موضعہ والحدیث ھہنا ص۶۱ ومر الحدیث ص۲۹ ویاتی ص۸۱۰ وص۸۱۰ وص۸۷۸۔

مقصد ترجمہ امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ ہے کہ مسجد میں داخل ہونے کیلئے داہنا پیر پہلے داخل کرنا مستحب اور باعث ثواب ہے۔

وغیرہ ضمیر کا مرجع مسجد کی طرف راجع ہے اور مطلب یہ ہے کہ مسجد کے علاوہ بھی جن چیزوں میں شرافت وخیریت پائی جائے تو داہنی جانب سے شروع کرنا مسنون ہے مثلاً کرتا پہننا پائجامہ پہننا جوتا پہننا داہنی جانب سے شروع کرنا چاہئے اور کرتا اتارنا، پائجامہ اور جوتا کھولنا بائیں جانب سے وغیرہ

بَابٌ ۲۸۸ هَلْ تُنْبَشُ قُبُوْرُ مُشْرِكِي الْجَاهِلِيَّةِ وَيُتَّخَذُ مَكَانُهَا مَسَاجِدَ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلٰوةِ فِي الْقُبُوْرِ وَرَأَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُصَلِّي عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ الْقَبْرَ الْقَبْرَ وَلَمْ يَأْمُرْهُ بِالْإِعَادَةِ)

باب: ایام جاہلیت کے مشرکوں کی قبریں کھود کر ان کی جگہ مسجدیں تعمیر کیجا سکتی ہیں؟ (یعنی مسجد بنانا درست ہے) اس لئے کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اللہ یہودیوں پر لعنت کرے کہ انہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو مسجدیں بنا لیں، اور قبروں پر نماز کے مکروہ ہونے کا بیان۔

۴۱۴ (حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أُمَّ حَبِيْبَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ ذَكَرَتَا كَنِيْسَةً رَأَيْنَهَا بِالْحَبَشَةِ فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَذَكَرَتَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُولٰئِكَ إِذَا كَانَ فِيْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا وَصَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ أُولٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)

ترجمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ام حبیبہ رض اور حضرت ام سلمہ رض نے ایک گرجا گھر کا تذکرہ کیا جس کو انہوں نے حبشہ میں دیکھا تھا اس میں تصویریں تھیں ان دونوں نے اس کا تذکرہ جب

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ تھے کہ جب ان میں کوئی نیک آدمی مرجاتا تو یہ لوگ اس قبر پر مسجد بنا لیتے اور اس میں یہ تصویریں بنا دیتے اور یہ لوگ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک ساری مخلوق سے بدتر ہوں گے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقۃ الحدیث للترجمۃ " فمات بنوا علی قبرہ مسجدا " انبیاء علیہم السلام اور صلحاء کرام کی قبروں کو سجدہ گاہ و مسجد بنانے میں تعظیم و تکریم کا پہلو نکلتا ہے جو بت پرستی کے مشابہ ہے اور باعث لعنت ہے۔

لیکن مشرکین کی قبروں کو اکھاڑ کر مسجد کی تعمیر میں اس لئے حرج نہیں ہے کہ ان کی تعظیم و تکریم کا وہم بھی پیدا نہیں ہو سکتا، اس کے علاوہ قبور مشرکین کی اہانت جائز ہے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں " وجہ مطابقۃ ھٰذا الحدیث للترجمۃ فی قولہ لعن اللہ الیہود " من حیث انہ یوافقہ وذالک انہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن الیہود لکونہم اتخذوا قبور انبیائہم مساجد وفی ھٰذا الحدیث ذم النصاری بشئ اعظم من اللعن فی کونہم کانوا اذا مات الرجل الصالح فیہم بنوا علی قبرہ مسجدا وصوروا فیہ تصاویر (عمدہ)

تعدد موضع والحدیث ھھنا ص۶۱ ویاتی فی باب الصلوٰۃ فی البیعۃ ص۶۲ وفی الجنائز ص۱۷۹ وفی ھجرۃ الحبشہ ص۵۴۷ ومسلم اول ص۲۰۱ ونسائی اول فی باب النہی عن اتخاذ القبور مساجد ا ص۸۲۔

۴۱۵ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ اَبِی التَّیَّاحِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم الْمَدِیْنَۃَ فَنَزَلَ اَعْلَی الْمَدِیْنَۃِ فِیْ حَیٍّ یُقَالُ لَھُمْ بَنُوْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَاَقَامَ النَّبِیُّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فِیْہِمْ اَرْبَعًا وَّعِشْرِیْنَ لَیْلَۃً ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰی بَنِی النَّجَّارِ فَجَاءُوْا مُتَقَلِّدِیْنَ السُّیُوْفَ فَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عَلٰی رَاحِلَتِہٖ وَاَبُوْ بَکْرٍ رِدْفُہٗ وَمَلَاُ بَنِی النَّجَّارِ حَوْلَہٗ حَتّٰی اَلْقٰی بِفِنَاءِ اَبِیْ اَیُّوْبَ وَکَانَ یُحِبُّ اَنْ یُّصَلِّیَ حَیْثُ اَدْرَکَتْہُ الصَّلٰوۃُ وَیُصَلِّیْ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَاَنَّہٗ اَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ فَاَرْسَلَ اِلٰی مَلَاِ بَنِی النَّجَّارِ فَقَالَ یَا بَنِی النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ بِحَائِطِکُمْ ھٰذَا قَالُوْا لَا وَاللّٰہِ لَا نَطْلُبُ ثَمَنَہٗ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ قَالَ اَنَسٌ فَکَانَ فِیْہِ مَا اَقُوْلُ لَکُمْ قُبُوْرُ الْمُشْرِکِیْنَ وَفِیْہِ خَرِبٌ وَفِیْہِ نَخْلٌ فَاَمَرَ النَّبِیُّ صلی اللّٰہ علیہ

وسلم بقبور المشركين فنبشت ثم بالخرب فسويت وبالنخل فقطع فصفوا النخل قبلة المسجد وجعلوا عضادتيه وجعلوا ينقلون الصخر وهم يرتجزون والنبي صلى الله عليه وسلم معهم وهو يقول اللهم لا خير إلا خير الآخره، فاغفر للأنصار والمهاجره۔

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضنے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو مدینہ کے بالائی علاقہ میں ایک قبیلہ میں نزول فرمایا جنہیں بنی عمرو بن عوف کہا جاتا تھا چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں چوبیس دن قیام فرمایا پھر آپ نے بنی نجار کے پاس (بلوانے کیلئے) پیغام بھیجا تو وہ لوگ تلواریں لٹکائے ہوئے حاضر خدمت ہوئے (آپ ان کے ساتھ روانہ ہوئے) حضرت انس رض کا بیان ہے گویا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ اپنی سواری (قصواء) پر سوار ہیں اور ابوبکر رض آپ کے پیچھے سوار ہیں اور قبیلہ بنی نجار کے لوگ آپ کے چاروں طرف ہیں یہانتک کہ آپ نے ابوایوب کے صحن میں اپنا سامان اتار دیا، اور آپ پسند کرتے تھے کہ جہاں بھی نماز کا وقت آجائے وہیں نماز پڑھ لیں اور آپ بکریوں کے باڑے میں بھی نماز پڑھ لیتے تھے اور آپ نے مسجد بنانے کا حکم دیا چنانچہ بنی نجار کے لوگوں کو بلوایا اور فرمایا اے بنی نجار تم اپنے اس باغ کی قیمت مجھ سے لے لو ان لوگوں نے کہا "جی نہیں بخدا ہم اس کی قیمت صرف اللہ عز وجل سے طلب کرینگے۔ حضرت انس رضنے بیان کیا کہ اس باغ میں یہ سب تھا جو میں تمہیں بتلا رہا ہوں کہ اس میں مشرکوں کی قبریں تھیں اور کچھ کھنڈرات تھے اور کچھ کھجور کے درخت تھے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی قبروں کے بارے میں حکم دیا تو وہ قبریں اکھاڑ دی گئیں (اور ان کی ہڈیاں پھینکدی گئیں) پھر کھنڈر کے بارے میں حکم ہوا تو سب برابر کردے گئے اور کھجور کے دونوں طرف (مضبوطی کے لئے) پتھر لگا دیئے اور صحابہ رض پتھر ڈھوتے تھے اور رجز پڑھتے تھے اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان صحابہ کے ساتھ تھے اور آپ فرماتے تھے: اے اللہ آخرت کی بھلائی کے علاوہ کوئی اور بھلائی (قابل توجہ) نہیں اس لئے انصار اور مہاجرین سب کی مغفرت فرمادے۔

مطابقۃ للترجمۃ مطابقة الحديث للترجمة في "بقبور المشركين فنبشت"

تعدد موضعہ والحديث ههنا ص۶۱ وص ص۳۷ مختصراً۔ وباقی ص۲۵۱ وص۲۸۳ وص۳۸۹ و مفصلا ص۵۵۹ تا ص۵۶۰ ابوداؤد فی "باب بناء المسجد ص۶۵ مسلم ص۲۰۱ نسائی

اول بنبش القبور و اتخاذ ارضہا مسجد امل۸۱ تا ص۸۲ وابن ماجہ فی ابواب المساجد فی باب این یجوز بناء المساجد ص۵۴۔

مقصد ترجمہ شیخ المشائخ شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں "ای ھو جائز" یعنی مشرکین کی قبروں پر مسجد بنانا جائز ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ قبروں کو کھود کر ہڈیاں نکالدی جائیں پھر اس پر مسجد تعمیر کرلیں، کہ اب یہ خالی زمین کے مانند ہو گئی۔

اور شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ قبرستان میں نماز پڑھنا مکروہ ہے مگر اعادہ واجب نہیں۔

تشریح ھل تنبش الخ سوال یہ ہے کہ حدیث سے صاف معلوم ہو گیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے قبور مشرکین کو صاف کرواکر مسجد تعمیر فرمائی تو ھل سے ترجمہ کیوں قائم کیا گیا؟

جواب، ھل استفہام تقریری یعنی تحقیق کیلئے بمعنی قد ہے کمافی القرآن الکریم ھل اتی علی الانسان حین من الدھر"

لقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الیہود الخ ترجمہ گذر چکا ہے۔

اس میں لام تعلیلیہ ہے ترجمہ کے واسطے بمنزلہ دلیل ہے اب سوال یہ ہے کہ دعوی اور دلیل میں مناسبت کیا ہے؟

جواب:- یہ ہے کہ ترجمہ کا مقصد یہ تھا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے مقابر کو مساجد بنانا جائز نہیں ہے اس لئے کہ مسجد بنانے کی ایک صورت یہ ہے کہ قبریں اکھاڑی نہ جائیں بلکہ قبروں کو باقی رکھ کر مسجد بنالیں، تو اس صورت میں بت پرستی کی مشابہت لازم آئے گی۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ بنبش قبور کریں یعنی قبروں کو کھود کر صاف کر کے مسجد بنائیں، اسی صورت میں قبور انبیاء کی اہانت لازم آئے گی۔ اور دونوں صورتیں ممنوع ہیں۔

برخلاف اس کے مشرکین و کفار کی قبریں صاف کرنا اس لئے جائز ہے کہ اسکی اہانت ممنوع نہیں تو بخاریؒ نے حدیث سے ثابت کر دیا کہ قبور مشرکین کو صاف کر کے مسجد بنانا جائز ہے۔

نیز اس تقریر سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہ ترجمہ کا جز نہیں ہے بلکہ یہ بمنزلہ دلیل ہے۔

وما یکرہ من الصلوۃ فی القبور حضرت شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں کہ یہ ترجمہ کا جز نہیں ہے بلکہ لام کے تحت میں داخل ہے اور قول پر عطف ہے اور یہ بھی ایک علت ہے (تقریر بخاری) اس صورت میں یہ اشکال بھی نہ رہا کہ ترجمہ کے دو جز تھے مگر دوسرے جز وما یکرہ الخ کے لئے امام بخاریؒ نے کوئی روایت ذکر نہیں کی اور شراح نے یہ جواب دیا ہے کہ حضرت انس بن

مالک رضی کے اثر پر اکتفا کرلیا گیا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث فرماتے ہیں کہ میرے قول کی بنا پر جب یہ ترجمہ میں داخل ہی نہ رہا تو روایت کی ضرورت ہی نہ رہی۔

نیز اگر ترجمہ کا جز قرار دیا جائے تو اشکال ہوگا کہ آئندہ صفحہ ۶۲ پر امام بخاری رح نے مستقل باب قائم کیا ہے "باب کراهية الصلوٰة في المقابر" اس سے تکرار ترجمہ کا اشکال ہوگا گرچہ شراح نے جواب دیا ہے کہ یہاں صـ۶۱ کراہیت صلوٰۃ ضمناً وتبعاً ہے اور صفحہ ۶۲ پر اہتمام کیوجہ سے صراحۃً بالاستقلال ترجمہ قائم کیا۔ لیکن شیخ الحدیث رح کی تقریر مذکور پر نہ یہ اشکال ہوگا اور نہ جواب کی ضرورت۔

حدیث ۴۱۴ اسی سند سے اگلے صفحہ ۶۲ پر آرہی ہے۔

حدیث ۴۱۵ قدم النبي صلى الله عليه وسلم یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کا واقعہ ہے کہ آپ ﷺ نے دوشنبہ کے روز بماہ ربیع الاول سنہ سے پہلے قبا میں نزول فرمایا فنزل اعلى المدينة یعنی آپ ﷺ نے دخول مدینہ کیلئے بالائی علاقہ بلندی والا راستہ اختیار فرمایا جس سے علماء نے آپ کے دین کی بلندی کی نیک فالی نکالی کہ دین کی سربلندی ہوگی چنانچہ ایسا ہی ہوا فالحمد للہ علی ذالک۔

فاقام النبي فيهم اربعا وعشرين الخ یعنی آپ ﷺ نے قبا میں قبیلہ بنو عمرو بن عوف کے یہاں چوبیس ۲۴ روز قیام فرمایا۔ لیکن بعض روایات میں اربع عشرة ليلة ہے یعنی قبا میں چودہ دن قیام رہا جیساکہ حاشیہ میں درج ہے نیز بخاری صـ۵۶ کی پہلی سطر میں بھی ہے نیز ابوداؤد اول صـ۶۵ میں بھی مسدد ہی سے نقل ہے:

فاقام فيهم اربع عشرة ليلة بظاہر تعارض ہے۔

اکثر روایات کی رو سے حضور علیہ السلام دوشنبہ کے دن قبا میں داخل ہوئے اور جمعہ کے روز آپ ﷺ مدینہ تشریف لے گئے اب اگر آنے والا ہی جمعہ مراد ہو تو کل پانچ روز بنتے ہیں اور اگر آئندہ جمعہ مراد ہو تو بارہ دن بنتے ہیں مزید دو ہفتہ بڑھانے پر چھبیس ۲۶ دن ہوں گے اس صورت میں۔ یوم الدخول اور یوم الخروج کا دن نکالدیں تو چوبیس ۲۴ ہی دن بیٹھتے ہیں۔ چنانچہ حضرت شیخ الحدیث رح فرماتے ہیں کہ میری رائے یہ ہے کہ چوبیس دن والی روایت صحیح ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ یوم الدخول اور یوم الخروج کو شمار نہیں کیا گیا تو پیر تو یوم الدخول فی قباء تھا اور جمعہ یوم الخروج منہ تھا اور دونوں کو نکال کر چوبیس ۲۴ صحیح ہو جاتے ہیں۔

(تقریر بخاری جلد دوم نیز الابواب والتراجم صـ۲/۲۱۴)

اس پوری تقریر سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام قبا میں تین جمعوں تک رہا لیکن آپ نے دیہات ہونے کی وجہ سے جمعہ نہیں پڑھا اسی وجہ سے اکثر مشائخ حنفیہ اور اکابر علماء دیوبند کہتے ہیں کہ جمعہ فی القری جائز نہیں.

واللہ اعلم ع، غ بیگوسرائے.

فہرست مضامین نصر الباری جلد دوم

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
کتاب الوضوء	۲	اقوال فقہاء فی مسئلۃ الباب	۲۸	باب لایمسک ذکرہ بیمینہ	۴۵
وضو کی مشروعیت	۴	امام بخاریؒ کا رجحان	۲۹	باب الاستنجاء بالحجارۃ	۴۶
موجب وضو کیا ہے	۵	علامہ عینی کا اعتراض	〃	ہڈی اور لید سے استنجاء کی ممانعت	۴۸
باب لاتقبل صلوۃ بغیر طہور	۷	حنفیہ کی وجوہ ترجیح	۳۰	اشکال نمبر۱	〃
اشکال	۸	باب تبرز علی لبنتین	۳۱	اشکال نمبر۲	〃
مسئلہ فاقد الطہورین	۹	روایات حجاب میں بظاہر تعارض ہے	۳۳	باب لایستنجی بروث	۴۹
باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء	۱۰	احکام حجاب کی تشریح	۳۴	حدیث الباب کے بارے میں امام بخاری وامام ترمذی کا اختلاف	۵۰
الفاظ کی تحقیق	۱۱	احکام حجاب کی ترتیب	۳۵	باب الاستنجاء کیلئے ضابطہ	〃
اطالہ غرہ مستحب ہے	۱۲	باب التبرز فی البیوت	۳۷	استنجاء میں تثلیث احجار کا حکم	۵۱
باب لایتوضا من الشک	۱۳	سوال وجواب	۳۸	باب الوضوء مرۃ مرۃ	۵۲
باب التخفیف فی الوضوء	۱۴	باب الاستنجاء بالماء	۳۹	باب الوضوء مرتین مرتین	۵۳
باب اسباغ الوضوء	۱۷	طہارت کیلئے ڈھیلے اور پانی دونوں کا استعمال افضل ہے	۴۰	حضرت عثمان بن عفانؓ	۵۵
جمع بین الصلوتین	۱۸	ازالہ شبہات	〃	اشکال	۵۶
باب غسل الوجہ بالیدین الخ	۱۹	باب من حمل معہ الماء لطہورہ	۴۱	باب الاستنثار فی الوضوء	۵۷
باب التسمیۃ علی کل حال الخ	۲۱	باب حمل العنزۃ مع الماء الخ	۴۲	استنثار واستنشاق کا مفہوم	۵۸
باب مایقول عند الخلاء	۲۲	فائدہ	۴۳	استنثار میں وجوب واستحباب کا اختلاف	〃
ابواب الوضو کی ترتیب پر اعتراض وجواب	۲۴	باب النہی عن الاستنجاء بالیمین	۴۴	باب الاستجمار وترا	۵۹
باب لاتستقبل القبلۃ بغائط او بول الا الخ	۲۶				
حضرت ابوایوب انصاریؓ	۲۷	پانی پیتے وقت برتن میں سانس نہ لینا	〃	استجمار کے معنی	۶۰

عنوان	صفحہ
باب غسل الرجلین ولا یمسح الخ	۶۱
الاختلاف بین اہل السنۃ والروافض	۶۲
اشکال	۶۴
باب المضمضۃ فی الوضوء	۶۵
باب غسل الاعقاب الخ	۶۶
باب غسل الرجلین فی النعلین	۶۷
دوسرے سوال کا جواب	۶۹
تیسرے سوال کا جواب	۷۰
چوتھے سوال کا جواب	"
باب التیمن فی الوضوء والغسل	۷۱
باب التماس الوضوء اذا حانت	۷۳
مسئلہ مستنبطہ	۷۴
باب الماء الذی یغسل بہ شعر الانسان الخ	۷۴
موئے مبارک کا تبرک	۷۷
اذا شرب الکلب فی الاناء	۷۸
مسئلہ ما	۷۹
احناف کے دلائل	۸۰
شوافع وحنابلہ	"
شکار کیلئے سدھائے ہوئے کتے کی نشانیاں	۸۳
باب من لم یر الوضوء الا من المخرجین الخ	۸۴
نواقض وضو کے مناط یعنی اصل علت میں ائمہ کا اختلاف	۸۵
مستدلات امام بخاری مع جوابات	۸۶
باب الرجل یوضئ صاحبہ	۹۲
باب قراءۃ القرآن بعد الحدث	۹۳
تفصیل مذاہب	۹۴
باب من لم یتوضأ الا من الغشی المثقل	۹۷
باب مسح الراس کلہ	۹۹
تفصیل مذاہب	۱۰۰
اقبال وادبار کے معنی	۱۰۱
امام بخاری کا استدلال وجواب	"
باب غسل الرجلین الی الکعبین	۱۰۲
غسل اعضاء کی مختلف صورتوں کا جواز	۱۰۳
باب استعمال فضل وضوء الناس	۱۰۴
مقصد امام بخاری رح	۱۰۵
ماء مستعمل اور اس کا حکم	"
امام اعظم رح نے ماء مستعمل کو نور بصیرت کی بنا پر غیر طاہر کیا	۱۰۵
باب ۱۳۷	۱۰۸
مہر نبوت	۱۰۹
باب من مضمض واستنشق من غرفۃ واحدۃ	"
باب مسح الراس مرۃ	۱۱۱
مسح راس میں اقوال ائمہ	۱۱۲
باب وضوء الرجل مع امرأتہ الخ	۱۱۳
باب صب النبی ﷺ وضوءہ علی المغمی علیہ	۱۱۴
باب الغسل والوضوء فی المخضب والقدح والخشب والحجارۃ	۱۱۵
باب الوضوء من التور	۱۱۹
باب الوضوء بالمد	۱۲۰
صاع اور مد	۱۲۱
دلائل شوافع رح	"
حنفیہ رح کے دلائل	۱۲۲
امام ابو یوسف رح کا رجوع	"
باب المسح علی الخفین	۱۲۳
باب کی پہلی حدیث	۱۲۶
اشکال وجواب	"
باب کی دوسری حدیث	۱۲۷
باب کی تیسری حدیث	"

عنوان	صفحہ
چوتھی حدیث	۱۲۷
اقوال ائمہ	۔۔
دلائل جمہور	۱۲۸
احادیث مسح علی العمامہ کے توجیہات وجوابات	۔۔
باب اذا ادخل رجلیہ وہما طاہرتان	۱۲۹
باب من لم یتوضأ من لحم الشاۃ والسویق	۱۳۰
باب من مضمض من السویق ولم یتوضأ	۱۳۲
باب ہل یمضمض من اللبن	۱۳۴
باب الوضوء من النوم ومن لم یر من النعسۃ والنعستین الخ	۔۔
حضرت گنگوہی رح کی رائے	۱۳۶
باب من الکبائر ان لا یستتر من بولہ	۱۳۸
نحوی وصرفی تحقیقات	۱۳۹
کبائر کی تحقیق وتشریح	۱۴۰
گناہوں کی دو قسمیں صغائر وکبائر	۔۔
کبائر کتنے ہیں؟	۱۴۱
اشکال وجواب	۔۔
ایک سوال مع جواب	۱۴۲
عذاب قبر کے دو سبب	۔۔
باب ما جاء فی غسل البول	۱۴۳
پیشاب ناپاک ہے ماکول اللحم کا ہو یا غیر ماکول اللحم کا	۱۴۴
باب ۱۵۴ بلا ترجمہ	۱۴۵
باب بلا ترجمہ کا مقصد	۱۴۶
باب ترک النبی ﷺ والناس الاعرابی حتی فرغ من بولہ فی المسجد	۱۴۷
اعرابی کے معنی	۱۴۸
باب صب الماء علی البول فی المسجد	۱۴۸
حضور ﷺ کی مشفقانہ نصیحت	۱۵۰
زمین پاک کرنے کے طریقے مع اقوال ائمہ	۔۔
باب بول الصبیان	۱۵۱
اقوال فقہاء رح	۱۵۲
باب البول قائما وقاعدہ	۱۵۴
مذاہب ائمہ	۱۵۵
سوال	۱۵۶
جمہور کی دلیل کراہت	۔۔
باب البول عند صاحبہ والتستر بالحائط	۔۔
باب البول عند سباطۃ قوم	۱۵۷
باب غسل الدم	۱۵۹
مذاہب ائمہ	۱۶۰
حنفیہ کی دلیل	۱۶۰
باب غسل المنی وفرکہ وغسل ما یصیب من المرأۃ	۱۶۱
تفصیل مذاہب	۱۶۲
شوافع اور حنابلہ کے استدلالات	۱۶۳
حنفیہ ومالکیہ کے دلائل	۔۔
قائلین طہارت کے جوابات	۔۔
باب اذا غسل الجنابۃ او غیرہا فلم یذہب اثرہ	۱۶۴
باب ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضہا	۱۶۵
حل الفاظ	۱۶۷
تفصیل مذاہب	۔۔
امام بخاری کا پہلا استدلال	۱۶۸
قائلین طہارت کا دوسرا استدلالات	۔۔
حنفیہ اور جمہور کے دلائل	۱۶۹
مثلہ پر اعتراض وجواب	۔۔
قائلین طہارت کا تیسرا استدلالات	۔۔
باب ما یقع من النجاسات فی السمن والماء الخ	۱۷۰
اشکال وجواب	۔۔
علامہ عینی رح کی توجیہہ	۱۷۲

عنوان	صفحہ
پانی کے مسئلہ میں ائمہ کے مذاہب	۱۷۲
ایک سوال وجواب	۱۷۳
مالکیہ کے مستدلات مع جوابات	۱۷۵
حضرات مالکیہ کا استدلال	״
حضرات شوافع وحنابلہ کا حدیث قلتین سے استدلال	۱۷۶
ائمہ احناف کے دلائل	۱۷۷
امام بخاری کے پیش کردہ آثار کی تشریح	۱۷۸
امام بخاری کا ایک تسامح	״
باب البول فی الماء الدائم	۱۷۹
باب اذا القی علی ظہر المصلی قذر او جیفۃ لم تفسد	۱۸۰
امام بخاری کا پہلا استدلال	۱۸۳
باب البزاق والمخاط ونحوہ فی الثوب الخ	۱۸۴
باب لا یجوز الوضوء بالنبیذ ولا بالمسکر الخ	۱۸۵
تحقیق نبیذ وتفصیل مذاہب	۱۸۷
اقسام نبیذ	״
حدیث الباب سے استدلال	۱۸۸
امام اعظم رح کا رجوع	״
باب السواک الخ	۱۹۰

عنوان	صفحہ
مسواک کا حکم اور ائمہ کے اقوال	۱۹۱
فوائد مسواک	۱۹۲
مسواک پکڑنے کا طریقہ	״
باب دفع السواک الی الاکبر الخ	۱۹۳
مسائل	״
باب فضل من بات علی الوضوء	۱۹۴
ادعیہ ماثورہ کے الفاظ کی اہمیت	۱۹۶
کتاب الوضو کی ابتدا وانتہا	۱۹۷
کتابُ الغسل	۱۹۸
ماقبل سے ربط	״
آیات کریمہ کے ذکر کرنیکا مقصد	״
باب الوضوء قبل الغسل	۲۰۰
باب غسل الرجل مع امرأتہ	۲۰۱
باب غسل بالصاع ونحوہ	۲۰۲
امام بخاری نے روایات ابونعیم کو کیوں صحیح فرمایا	۲۰۴
باب من افاض علی راسہ ثلثا	۲۰۵
باب الغسل مرۃ واحدۃ	۲۰۶
باب من بدأ بالحلاب او الطیب عند الغسل	۲۰۸
حلاب کے معنی	״
مقصد ترجمہ	״
باب المضمضۃ والاستنشاق فی الجنابۃ	۲۰۹

عنوان	صفحہ
دلائل احناف وحنابلہ	۲۱۰
باب مسح الید بالتراب لتکون انقیٰ	۲۱۱
باب ہل یدخل الجنب یدہ فی الاناء قبل ان یغسلہا اذا لم یکن الخ	۲۱۲
باب من افرغ بیمینہ علی شمالہ فی الغسل	۲۱۵
باب تفریق الغسل والوضوء	۲۱۷
باب اذا جامع ثم عاد ومن دار علی نسائہ فی غسل واحد	۲۱۸
بین الجماعین وضو کا حکم	۲۲۰
ایک سوال	״
پہلی روایت سے استدلال	۲۲۱
دوسری روایت سے استدلال	״
اشکال وجواب	״
سید الکونین ص کی جسمانی طاقت	۲۲۲
سید الکونین ص کا صبر وزہد اور عصمت وعفت	״
ایک اشکال مع جواب	۲۲۳
باب غسل المذی والوضوء منہ	۲۲۴
باب من تطیب ثم اغتسل وبقی اثر الطیب	۲۲۵
باب من توضأ فی الجنابۃ ثم غسل سائر جسدہ ولم یعد الخ	۲۲۸

عنوان	صفحہ
باب اذا ذکر فی المسجد انہ جنب خرج کما ہو ولا یتیمم	۲۲۹
باب نفض الیدین من غسل الجنابۃ	۲۳۱
مقصد ترجمہ	۱۳۲
مقصد ترجمہ علامہ عینی کے نزدیک	״
من بدأ بشق راسہ الایمن فی الغسل	۲۳۳
برہنہ غسل کے جواز پر استدلال	۲۳۷
باب التستر فی الغسل عند الناس	۲۳۸
باب اذا احتلمت المرأۃ	۲۳۹
باب عرق الجنب وان المسلم لا ینجس	۲۴۰
دوسرا اشکال	۲۴۲
باب الجنب یخرج ویمشی فی السوق وغیرہ	۲۴۳
باب کینونۃ الجنب فی البیت اذا توضأ قبل ان یغتسل	۲۴۴
استدلال	۲۴۶
باب الجنب یتوضأ ثم ینام	۲۴۷
باب اذا التقی الختانان	۲۴۹

عنوان	صفحہ
باب غسل ما یصیب من فرج المرأۃ	۲۵۱
کتاب الحیض	۲۵۴
ربط ما قیل	״
شان نزول	״
باب کیف کان بدء الحیض	۲۵۵
دفع تعارض	۲۵۶
باب غسل الحائض راس زوجہا وترجیلہ	۲۵۸
اشکال	۲۵۹
باب قرأۃ الرجل فی حجر امرأتہ وہی حائض	۲۶۰
باب من سمی النفاس حیضا	״
اشکال	۲۶۱
باب مباشرۃ الحائض	۲۶۲
باب ترک الحائض الصوم	۲۶۴
مسائل مستنبطہ	۲۶۶
فائدہ	״
باب تقضی الحائض المناسک کلہا الا الطواف بالبیت	״
مذاہب ائمہ کی تفصیل	۲۶۸
امام بخاری کے استدلالات	۲۶۹
دوسرا استدلال	״

عنوان	صفحہ
تیسرا استدلال	۲۶۹
چوتھا استدلال	۲۷۰
حضور اقدس ﷺ کے مکتوب گرامی سے استدلال	״
قول عطاء سے استدلال	۲۷۱
حدیث باب سے استدلال	״
جمہور کے دلائل	״
باب الاستحاضۃ	۲۷۳
استحاضہ کی تعریف	״
باب غسل دم الحیض	۲۷۴
باب اعتکاف المستحاضۃ	۲۷۵
باب ہل تصلی المرأۃ فی ثوب حاضت فیہ	۲۷۷
تنگی اور فراخی کے دور میں فرق	״
باب الطیب للمرأۃ عند غسلہا من المحیض	۲۷۸
باب دلک المرأۃ نفسہا اذا تطہرت من المحیض وکیف تغتسل الخ	۲۸۱
باب امتشاط المرأۃ عند غسلہا من المحیض	۲۸۴
باب نقض المرأۃ شعرہا عند غسل المحیض	۲۸۶
باب قول اللہ عز وجل مخلقۃ وغیر مخلقۃ	۲۸۸

عنوان	صفحہ
باب کیف تہل الحائض بالحج والعمرة	۲۹۰
باب اقبال الحیض وادبارہ الخ	۲۹۲
باب لاتقضی الحائض الصلوٰة	۲۹۵
باب النوم مع الحائض وہی فی ثیابہا	۲۹۶
باب من اتخذ ثیاب الحیض سوی ثیاب الطہر	۲۹۸
باب شہود الحائض العیدین ودعوة المسلمین ویعتزلن المصلی	۲۹۹
باب اذا حاضت فی شہر ثلث حیض ومایصدق النساء فی الحیض الخ	۳۰۱
تاویل کی ضرورت	۳۰۶
قاضی شریح	"
باب الصفرة والکدرة فی غیر ایام الحیض	۱۰۷
باب عرق الاستحاضة	۱۰۸
باب المرأة تحیض بعد الافاضة	۱۰۹
باب اذا رأت المستحاضة الطہر	۳۱۱
باب الصلوٰة علی النفساء وسنتہا	۳۱۳
باب بلا ترجمہ	۳۱۴
براعة اختتام	۳۱۵
کتاب التیمم	۳۱۶

عنوان	صفحہ
اشکال	۳۲۸
آیت تیمم کا تعلق کس غزوہ سے ہے	"
اشکال	۳۲۰
باب اذا لم یجد ماءً ولا ترابا	۳۲۳
اشکال	۳۲۴
باب التیمم فی الحضر اذا لم یجد الماء وخاف فوت الصلوٰة	"
باب ہل ینفخ فی یدیہ بعد مایضرب بہما الصعید للتیمم	۳۲۷
باب التیمم للوجہ والکفین	۳۲۹
باب الصعید الطیب وضوء المسلم یکفیہ من الماء	۳۳۲
اشکال	۳۳۸
باب ۲۳۹ اذا خاف الجنب علی نفسہ المرض او الموت او خاف العطش تیمم	۳۳۹
تیمم جنابت کیلئے حضرت عمرو بن العاص رض کا اجتہاد	۳۴۲
حضرت ابوموسیٰ کا استدلال	"
باب ۲۴۰ التیمم ضربة	۳۴۳
احناف وشوافع کی دلیل	۳۴۵
باب ۲۴۱ بلا ترجمہ	۳۴۶
براعة اختتام	۳۴۷
کتاب الصلوٰة	۳۴۸
باب ۲۴۲ کیف فرضت الصلوٰة فی الاسراء	۳۴۹

عنوان	صفحہ
شق صدر	۳۵۲
مختصر واقعہ معراج	۳۵۳
فوائد	۳۵۵
صلوٰة قصر کا حکم	۳۵۸
باب ۲۴۳ عقد الازار علی القفا فی الصلوٰة	۳۶۰
باب ۲۴۴ الصلوٰة فی الثوب الواحد ملتحفا بہ	۳۶۱
باب ۲۴۵ اذا صلی فی الثوب الواحد فلیجعل علی عاتقیہ	۳۶۵
باب ۲۴۶ اذا کان الثوب ضیقا	۳۶۶
باب ۲۴۷ الصلوٰة فی الجبة الشامیة	۳۶۸
باب ۲۴۸ کراہیة التعری فی الصلوٰة وغیرہا	۳۷۰
باب ۲۴۹ الصلوٰة فی القمیص والسراویل والتبان والقباء	۳۷۲
پائجامہ حضرت ابراہیمؑ کی سنت ہے	۳۷۴
باب ۲۵۰ مایستر من العورة	۳۷۵
تعیین عورت میں مذاہب ائمہ	۳۷۷
بیع ملامسہ ومنابذہ	۳۷۸
باب ۲۵۱ الصلوٰة بغیر رداء	۳۷۹
باب ۲۵۲ مایذکر فی الفخذ	۳۸۰

عنوان	صفحہ
فریق مخالف کے مستدلات کا جواب	۳۸۵
باب ۲۵۳ فی کم تصلی المرأة من الثیاب	۳۸۷
باب ۲۵۴ اذا صلی فی ثوب لہ اعلام ونظر الی علمہا	۳۸۸
باب ۲۵۵ ان صلی فی ثوب مصلب او تصاویر ھل تفسد صلوتہ وما ینہی الخ	۳۹۰
باب ۲۵۶ من صلی فی فروج حریر ثم نزعہ	۳۹۲
تفصیل مذاہب	۳۹۳
باب ۲۵۷ الصلوٰة فی الثوب الاحمر	۳۹۴
باب ۲۵۸ الصلوٰة فی السطوح والمنبر والخشب الخ	۳۹۵
اشکال	۳۹۷
باب ۲۵۹ اذا اصاب ثوب المصلی امرأتہ اذا سجد	۴۰۱
باب ۲۶۰ الصلوٰة علی الحصیر	۴۰۲
کشتی میں نماز	۴۰۴
باب ۲۶۱ الصلوٰة علی الخمرة	"
باب ۲۶۲ الصلوٰة علی الفراش	۴۰۵
باب ۲۶۳ السجود علی الثوب فی شدة الحر	۴۰۷
باب ۲۶۴ الصلوٰة فی النعال	۴۰۸
باب ۲۶۵ الصلوٰة فی الخفاف	۴۱۰
باب ۲۶۶ اذا لم یتم السجود	۴۱۱
باب ۲۶۷ یبدی ضبعیہ ویجافی فی جنبیہ فی السجود	۴۱۳
باب ۲۶۸ فضل استقبال القبلۃ	۴۱۵
باب ۲۶۹ قبلۃ اہل المدینة واہل الشام والمشرق لیس فی المشرق ولا فی المغرب الخ	۴۱۶
باب ۲۷۰ قول اللہ عز وجل واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی	۴۱۸
باب ۲۷۱ التوجہ نحو القبلۃ حیث کان	۴۲۲
باب ۲۷۲ ما جاء فی القبلۃ ومن لایری الاعادة علی من سہا فصلی الخ	۴۲۶
باب ۲۷۳ حک البزاق بالید من المسجد	۴۳۰
باب ۲۷۴ حک المخاط بالحصی من المسجد	۴۳۴
باب ۲۷۵ لایبصق عن یمینہ فی الصلوٰة	۴۳۵
باب ۲۷۶ لیبصق عن یسارہ او تحت قدمہ الیسری	۴۳۶
باب ۲۷۷ کفارة البزاق فی المسجد	۴۳۷
باب ۲۷۸ دفن النخامة فی المسجد	•
اشکال	۴۳۸
باب ۲۷۹ اذا بدرہ البزاق فلیاخذ بطرف ثوبہ	۴۳۹
باب ۲۸۰ عظة الامام الناس فی اتمام الصلوٰة وذکر القبلۃ	۴۴۰
باب ۲۸۱ ہل یقال مسجد بنی فلان	۴۴۲
سوال وجواب	۴۴۳
باب ۲۸۲ القسمة وتعلیق القنو فی المسجد	۴۴۴
اشکال	۴۴۵
باب ۲۸۳ من دعی لطعام فی المسجد ومن اجاب منہ	۴۴۷
باب ۲۸۴ القضاء واللعان فی المسجد بین الرجال والنساء	۴۴۸
باب ۲۸۵ اذا دخل بیتا یصلی حیث شاء او حیث امر ولا یتجسس	۴۵۰
باب ۲۸۶ المساجد فی البیوت الخ	۴۵۱
باب ۲۸۷ التیمن فی دخول المسجد وغیرہ	۴۵۵
باب ۲۸۸ ھل تنبش قبور مشرکی الجاھلیة ویتخذ مکانہا مساجد	۴۵۶

العناقيد الغالية

من

الأسانيد العالية

جمع فيه المؤلف أسانيد مشائخ ديوبند
إلى الشاه ولى الله الدهلوى ثم منه إلى
أصحاب الكتب الستة وغيرها مع فوائد
ثمينة يحتاج إليها المحدث والطالب .

تاليف

المحدث الجليل
مولانا محمد عاشق الهى البرنى المظاهرى
رحمه الله تعالى

الناشر
مكتبة الشيخ
٣/٤٤٥، بهادر آباد، كراچی نمبر ٥۔

اہل علم کی طرف

سے

طلبہ کے لیے قیمتی نصائح

تالیف

مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری

ناشر

مکتبۃ الشیخ

۳/۴۴۵، بہادر آباد، کراچی نمبر ۵۔

مؤلف دامت برکاتہم کی طرف سے تصحیح اغلاط
اور اضافات کے ساتھ پہلی بار

الدُّرُّ المنضُود
على
سُنن ابی داود

افادات درسیہ مع اضافات ونظر ثانی

مولانا محمد عاقل صاحب صدر المدرسین مظاہر علوم

تلمیذ رشید

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہٗ

ناشر
مکتبۃ الشیخ
۳/۴۴۵۔ بہادر آباد۔ کراچی ۵